تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند

چودھویں جلد

علاقائی ادبیات مغربی پاکستان

(جلد دوم)

مدیر خصوصی: گروپ کیپٹن سید فیاض محمود

پنجاب یونیورسٹی، لاہور

Marfat.com

وَمَنْ يُؤْتَى الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا

البقرة (۲۶۹)

جسے حکمت و دانائی عطا ہوئی اسے بہت بڑی بھلائی مل گئی

تاریخِ ادبیاتِ مسلمانانِ پاکستان و ہند

چودھویں جلد

علاقائی ادبیات مغربی پاکستان

(جلد دوم)

مدیرِ خصوصی گروپ کیپٹن سید فیاض محمود

85207

پنجاب یونیورسٹی ، لاہور

Marfat.com

جملہ حقوق بحق پنجاب یونیورسی محفوظ ہیں

۸۹۱ء۱۰۹
ل ۳ ت
۷۰۱۶
۱۷۷۹۹
۶/۱

طبع اول : ۱۹۷۱ء
تعداد : ایک ہزار
طابع : پنجاب یونیورسٹی
ناشر : گروپ کیپٹن سید فیاض محمود
مطبع : رہن پرنٹنگ پریس ، ۴ بل روڈ - لاہور

Marfat.com

پاکستان و ہند
کی
اِسلامی تہذیب
کے
نام

Marfat.com

اراکینِ مجلسِ منتظمہ

پروفیسر علاء الدین صدیقی	صدر مجلسِ منتظمہ
جسٹس ایس اے رحمٰن	ممبر
ڈاکٹر شیخ محمد اکرام	ممبر
کرنل مجید ملک	ممبر
سیکرٹری وزارت تعلیم حکومت پاکستان	ممبر
سیکرٹری فنانس صوبہ پنجاب	ممبر
گروپ کیپٹن سید فیاض محمود	ممبر

مجلسِ ادارت

پروفیسر علاء الدین صدیقی	مدیرِ اعلیٰ
گروپ کیپٹن سید فیاض محمود	مدیرِ عمومی

پہلی جلد	مقدمہ	مصنف سید فیاض محمود
دوسری جلد	(عربی ادب ۷۱۲ء - ۱۹۷۰ء)	مدیرِ خصوصی پروفیسر عبدالقیوم
تیسری جلد	(فارسی ادب ۱۰۰۰ء - ۱۵۲۶ء)	مدیرِ خصوصی ڈاکٹر وحید مرزا
چوتھی جلد	(فارسی ادب ۱۵۲۶ء - ۱۷۰۷ء)	مدیرِ خصوصی پروفیسر مرزا مقبول بیگ بدخشانی
پانچویں جلد	(فارسی ادب ۱۷۰۷ء - ۱۹۷۰ء)	مدیرِ خصوصی پروفیسر وزیر الحسن عابدی
چھٹی جلد	(اردو ادب ۱۷۱۲ء - ۱۷۰۷ء)	مدیرِ خصوصی ڈاکٹر وحید قریشی
ساتویں جلد	(اردو ادب ۱۷۰۷ء - ۱۸۰۳ء)	مدیرِ خصوصی پروفیسر سید وقار عظیم
آٹھویں جلد	(اردو ادب ۱۸۰۳ء - ۱۸۵۷ء)	مدیرِ خصوصی سید فیاض محمود
نویں جلد	(اردو ادب ۱۸۵۷ء - ۱۹۱۴ء)	مدیرِ خصوصی ڈاکٹر عبادت بریلوی
دسویں جلد	(اردو ادب ۱۹۱۴ء - ۱۹۷۰ء)	مدیرِ خصوصی سید فیاض محمود
گیارھویں جلد	(بنگالی ادب - اول)	مدیرِ خصوصی ڈاکٹر سید علی اشرف
بارھویں جلد	(بنگالی ادب - دوم)	مدیرِ خصوصی ڈاکٹر سید علی اشرف
تیرھویں جلد	(علاقائی ادبیات مغربی پاکستان - اول)	مدیرِ خصوصی سید فیاض محمود
چودھویں جلد	(علاقائی ادبیات مغربی پاکستان - دوم)	مدیرِ خصوصی سید فیاض محمود
پندرھویں جلد	(علاقائی ادبیات ہند)	مدیرِ خصوصی سید فیاض محمود
سولھویں جلد	(خلاصہ جملہ جلد ہائے ادبیات در انگریزی)	مؤلف سید فیاض محمود

Marfat.com

تاریخِ ادبیاتِ مسلمانانِ پاکستان و ہند
علاقائی ادبیات مغربی پاکستان (جلد دوم)

فہرست

نمبر شمار	باب	مقالہ	مقالہ نگار	صفحہ
		پیش لفظ	پروفیسر علاء الدین صدیقی	
		تعارف	مدیر عمومی	ا
۱	پہلا	بلتی ادب	نادرہ زیدی	۱
۲	دوسرا	شینا ادب	وزیر محمد خان اشرف	۲۱
۳	تیسرا	بروشسکی ادب	قدرت اللہ بیگ (وزیر تعلیم)	۵۱
۴	چوتھا	کھووار ادب	پروفیسر اسرار الدین	۸۹
۵	پانچواں	کشمیری ادب	میر عبدالعزیز	۱۳۵
۶	چھٹا	ہندکو ادب	سید فارغ بخاری	۲۱۰
۷	ساتواں	سرائیکی ادب	میر حسان الحیدری	۲۵۷
۸	آٹھواں	بلوچی ادب	پروفیسر عبدالمجید میمن	۳۴۴
۹	نواں	براہوئی ادب	پروفیسر انور رومان	۴۰۸
۱۰		علاقائی ادبیات جلد دوم کا مجموعی جائزہ	مدیر عمومی	۴۶۱

Marfat.com

Marfat.com

پیش لفظ

تاریخِ ادبیاتِ مسلمانانِ پاکستان و ہند لکھنے کا مقصد یہ تھا کہ ان فکری عوامل اور شعائرِ زندگی کی نشاندہی کی جائے جس سے اس برِّصغیر کے مسلمانوں کی ثقافتی زندگی اور معاشرتی اقدار کی تعمیر ہوئی۔ ادب سے مُراد یہاں ان خیالات و جذباتِ عالیہ کا مؤثّر اظہار ہے جن سے قلب و نظر کی جِلا ہوتی ہے اور جن سے انسانی زندگی بامعنی بنتی ہے۔ ایسے خیالات و تصوّرات جہاں ہمیں ادراک کی منتہیات کا راستہ دکھاتے ہیں وہاں رُوحانی تسکین کا باعث بھی ہوتے ہیں۔ ان سے ہمارے ایّام بھی روشن ہوتے ہیں اور ہمارے لمحات بامُراد۔ ادب میں مذہب، تصوّف، فلسفہ، اخلاقیات، تاریخ، لسانیات، شاعری، افسانے، انشائیات، مکتوبات، ہر چیز شامل ہے۔ ہم نے کوشش کی ہے کہ جس جس زبان میں برِّصغیر کے مسلمانوں نے اپنے رنج و مسرّت، اپنی فکر و نظر، اپنی اُمنگوں اور عزائم کو متجسّم کیا ہے، ان کے شاہپاروں اور ان کے مصنّفین سے اپنے ہم وطنوں اور باہر کی دُنیا کو رُوشناس کرایا جائے۔ تاکہ ہم پہچان سکیں کہ ہماری زندگی کس قسم کی تہذیب و ثقافت پر استوار ہے اور ہمیں اس بات کا مستقل احساس ہو جائے کہ مسلمانانِ پاکستان و ہند خواہ وہ مشرق میں ہوں یا مغرب میں، شمال میں ہوں یا جنوب میں، ایک ہی ثقافتی رشتہ میں منسلک ہیں اور ایک ہی تہذیبی روایت کے علمبردار ہیں۔

محمد علاء الدین صدیقی

(پروفیسر علاء الدّین صدّیقی مدیر اعلیٰ)

Marfat.com

Marfat.com

تعارف

مسلمانوں کو اس برِّ صغیر میں آئے ہوئے سوا تیرہ سو سال ہو چکے ہیں یہ اس لئے درست ہے کہ مکران سنہ ۶۴۴ء میں فتح ہو گیا تھا۔ اس طویل عرصے کو ہم چار ادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ ایک وہ دور جو سلطان محمود غزنوی کی فتوحات پر ختم ہوا۔ یہ کوئی پونے چار سو سال کی مدّت ہے۔ اس عرصے میں برِّ صغیر کے شمال مغربی علاقوں پر عربی زبان و ادب اور عربی تہذیب و تمدّن کا تسلّط رہا۔ دوسرا دور کوئی پانچ سو سال کا ہے، جو غزنوی عہد اور عہدِ سلاطین پر مشتمل ہے۔ اس دور میں برِّ صغیر "دار السلام" کہلایا اور تہذیبی طور پر ملّتِ اسلامیہ کی عالمی وحدت کا رکن رہا۔ پانچ سو سالوں کے اس دور میں، جس کا آغاز محمود غزنوی کے ورود سے ہوتا ہے، فارسی ادب کا رواج ہوا اور فارسی زبان اظہار کا ذریعہ رہی۔ ویسے مغربی پاکستان کی سرزمین میں فارسی زبان اس عہد سے بھی پہلے پہنچ چکی تھی، بلکہ ملتان کے علاقے میں عام تکلّمی زبان کی حیثیت[1] حاصل کر چکی تھی۔ پھر تیسرا دور مغلیہ عہد ہے، جو سنہ ۱۵۲۶ء سے سنہ ۱۸۵۷ء تک کی مدّت پر محیط ہے۔ اس میں ملّتِ اسلامیانِ پاکستان و ہند نئے تہذیبی اثرات سے روشناس ہوئی اور معاشرے میں فکری مدّ و جزر کارفرما رہا۔ اس دور میں افکار اور خیالات میں وسعت پیدا ہوئی، اور اگرچہ عتقادات میں ایک حد تک تزلزل کے آثار نمایاں ہونے لگے، لیکن تخریب اور انتشار کے ساتھ ساتھ تعمیر کا عمل بھی جاری رہا۔ اس پوری مدت میں فارسی

---

[1] دیکھئے، چوتھی صدی ہجری کے ابنِ حاعد اندلسی کی تالیف "طبقات الاسلام"

Marfat.com

کی ادبی اقدار ہماری تہذیبی زندگی کا محرّک اور غالب عنصر تھیں۔ اس کے بعد مغربی تہذیب، اس کے اصولِ زندگی اور اس کے معاشی، سماجی اور معاشرتی افکار کی اشاعت ہوئی۔ چونکہ یہ دور نشرواشاعت کا دور ہے، اور اس میں بعض وسائل فراہم ہونے سے تعلیم عوام تک پھیل گئی، اس لئے خیالات میں انقلاب پیدا ہونے لگا۔ اس ذہنی انقلاب نے کئی نئی صورتیں اختیار کیں اور اس کے نتائج آجکل ہماری خانگی، اجتماعی، سیاسی اور مذہبی زندگی میں نمایاں نظر آتے ہیں۔ گذشتہ تین چار سو سال کی مدّت میں اردو، بنگلہ اور دیگر زبانوں اور بولیوں کا علاقائی ادب بھی فنّی پختگی کے ساتھ ساتھ حسنِ اظہار کا وصف پیدا کر چکا ہے۔

ادب میں معاشرتی اور تعلیمی عوامل منعکس ہوتے ہیں۔ زندگی کے تقاضے، اظہار، احتجاج، طنز، شکایت، دعا یا الحاح کی صورت میں ہمارے سامنے آتے ہیں۔ اس تاریخِ ادبیات کا مقصد یہ ہے کہ ادب کو معاشرے کے ایک تقاضے کے طور پر پیش کیا جائے، تاکہ زندگی کے ہر رخ، قلبِ انسانی کی ہر کیفیت، روحِ کائنات کے ہر پرتو میں ہم آہنگی نظر آئے اور مسلمانانِ برّصغیر کی پوری زندگی اور ان کی تہذیب کا جامع عکس، ملّی وحدت کا مکمل ثبوت، ہر اس زبان اور اس کے ادب میں یقیں آفریں انداز میں پیش ہو، جو یہاں بولی جاتی رہی ہے۔ اس سے یہ اندازہ ہو جائے گا کہ ہم جس تہذیبی ورثے کے مالک ہیں، وہ کتنا پائیدار ہے اور اس میں کتنی توانائی اور استقامت موجود ہے۔

اس تاریخ کی تدوین میں دو تین باتیں خاص طور پر ملحوظِ خاطر رکھی گئی ہیں۔ اوّل یہ کہ کسی قوم کی تہذیبی اور ادبی تاریخ اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی، جب تک اس قوم کی لسانی، ادبی اور معاشرتی سرگرمیوں کا پوری طرح اور ہمدردانہ انداز سے محاسبہ نہ کیا جائے۔ اس لئے ہم نے کوشش کی ہے کہ عربی، فارسی، ترکی، اردو، بنگلہ، پشتو، پنجابی، سندھی، کشمیری، بلتی، شینا، بروشسکی، کھوار، ہندکو، سرائیکی، بلوچی اور براہوی، غرض ہر اس زبان کے معاشرتی اور فکری پس منظر کی نشاندھی کی جائے، جو پاکستان میں بولی گئی ہے یا بولی جاتی ہے، اور جو ادبی تخلیقات اس ماحول سے اُبھرتی ہیں، خواہ وہ ضرب الامثال ہوں یا لوک کہانیاں، گیت ہوں یا لوریاں، ان میں رزم، تصوّف، فکر اور عمیق جذبات کی ترجمانی ہو یا محض

Marfat.com

تفننِ طبع کا سامان ، سبھی کا تاریخی اور تنقیدی جائزہ لے کر اپنی قوم کی ادبی تاریخ مرتب کی جائے ۔ چنانچہ ہم نے زندگی کے ہر پہلو ، زبان کے ہر انداز اور فکر کی ہر جہت کی ترجمانی کرنے کی کوشش کی ہے اس طرح یہ تاریخ کامل طور پر اور صحیح معنوں میں ہماری ثقافت کی آئینہ دار ہو جاتی ہے ۔

علاقائی ادبیات میں خاص طور پر لوک ادب کا مقام بہت بلند ہے ۔ اور ہم نے اسے ادبِ عالیہ کا ایک رکن تصور کیا ہے ، اس لئے کہ ہر قوم کی ادبی تاریخ میں ، لوک ادب ایک معنی خیز کردار ادا کرتا ہے ۔ اکثر لوگوں کی زندگیاں اسی ادب کی اقدار سے متاثر ہوتی ہیں ، اور اسی کے کردار علامت بن کر اُن کے محرک بنتے ہیں اور ان کے استعمال کا جواز پیش کرتے ہیں ۔ اس لئے ادبی تاریخ میں اس کا ذکر ضروری ہے ۔

یہی حال ان مصنفین کا ہے ، جو عام طور پر دوسرے درجے کے ، یا بالفاظِ دیگر چھوٹے مصنف شمار ہوتے ہیں ۔ یہ تو بدیہی امر ہے کہ کسی قوم کی رفعتِ فکر اور اسکی جذباتی بلندی صرف انہی مصنفین کے کلام یا تصانیف میں نظر آئے گی ، جن کی نگاہ وسعت ، بلندی اور گہرائی کے لحاظ سے روزمرّہ کے تجربات کے حدود میں مقیّد نہ ہو ، اس لئے کہ چھوٹے شاعر یا افسانہ نگار یا ناول نویس یا نثر لکھنے والے اپنے اپنے تجربے اور فنّی کوشش کے دائرے میں محدود اور محصور ہوتے ہیں ۔ مگر یہاں یہ بات نظر انداز نہیں ہونی چاہیئے کہ اس دائرے سے اچھی طرح واقف ہونے کے باعث وہ ان چھوٹی چھوٹی باتوں کو جن سے عام لوگوں کی زندگی عبارت ہوتی ہے ، زیادہ توجہ سے قلم بند کرتے ہیں ۔ ان کی نظر وسیع نہیں ہوتی مگر وہ روزمرّہ کے تقاضوں اور زندگی کے عام مشاغل اور قلبی واردات کے سطحی تاثرات کو صاف طور پر بیان کر دیتے ہیں ۔ چنانچہ ان کے ہاں عام زندگی کی عکاسی عظیم شعراء یا مصنفین کی نسبت بہتر طریقے سے ہوتی ہے ۔ اس لئے کسی قوم کی تہذیبی تاریخ مرتب کرتے وقت ان چھوٹے اہلِ قلم کی تخلیقات کا جائزہ لینا بھی اسی قدر ضروری ہوتا ہے جتنا ادبی عظماء کا ۔ چنانچہ اس تاریخ میں یہ پہلو بھی نظر انداز نہیں کیا گیا ۔ اس طرح ہمارا خیال ہے کہ یہ تاریخ مسلمانانِ پاکستان و ہند کی پوری ادبی زندگی کی ترجمان بن گئی ہے ۔

Marfat.com

مذکورہ مطالب کے حصول کے لئے ہر ادب کا ذکر کرنے سے پہلے اس کے سیاسی اور معاشرتی پس منظر کو سامنے لایا گیا ہے، تاکہ قارئین کو معلوم ہو سکے کہ جن لوگوں کے تاثرات اور خیالاتِ عالیہ کی ہم عکاسی کر رہے ہیں، وہ اپنی اجتماعی زندگی کن ضوابط، کن پابندیوں اور کن اصولوں کے تحت بسر کرتے تھے۔ اس بنا پر اس تاریخ ادبیات کو در اصل ملّتِ اسلامیانِ پاکستان و ہند کی تہذیبی تاریخ تصوّر کرنا چاہیئے۔

سید فیاض محمود

گروپ کیپٹن سیّد فیّاض محمود
مدیر عمومی

Marfat.com

بلتی ادب

تمہید : بلتستان کو بلتی زبان میں بلتی یُل کہتے ہیں۔ جس کے معنی ہیں بلتیوں کا وطن[1]۔ جس خطہ کو آج بلتستان کہا جاتا ہے، سابق ریاست جموں و کشمیر کا وہ شمالی علاقہ ہے، جو ہمیشہ مؤرخین اور بیرونی دنیا کی نظروں سے اوجھل رہا۔ پرانے مؤرخوں نے اس خطہ کو تبت خورد[2] لکھا ہے۔ اس کی پہلی وجہ اس کا محلِ وقوع ہے۔ اس لیے کہ یہ علاقہ کوہ قراقرم کے سربفلک سلسلوں کے درمیان واقع ہے، جو ۳۴ درجہ اور ۳۶ درجہ عرض البلد شمال اور ۷۵ درجہ و ۷۷ درجہ طول البلد میں محیط ہے۔ شمال میں اس کی حد بندی حزتگ اور نگر کا سلسلہ کرتا ہے۔ مشرق میں لداخ کی پہاڑیاں ہیں، جنوب میں کشمیر، وارڈوان اور ذاسکر ہے۔ مغرب میں گلگت اور استور ہے۔ الغرض یہ خطہ بہت سی بلند پہاڑیوں کے سلسلوں میں گھرا ہوا ہے۔ ان کی بعض چوٹیاں ۲۵۰۰۰ فٹ اور ۲۶۰۰۰ فٹ تک بلند ہیں اور سب سے اونچی چوٹی کے۔ ٹو (K2) کی بلندی ۲۸۰۰۰ فٹ سے زیادہ ہے۔ اسے بیرونی دنیا سے ملانے والے راستے ایسے درّوں سے گذرتے ہیں جو نہ صرف دشوار گذار ہیں، بلکہ سال میں چھ مہینے سے لے کر نو مہینے تک برف سے ڈھکے رہتے ہیں۔ اس طرح جغرافیائی علیحدگی کے لحاظ سے بلتستان کوہ ہندوکش، قراقرم اور ہمالیہ کی پہاڑی ریاستوں چترال، نیپال، سکم اور بھوٹان کی صف میں گنا جا سکتا ہے۔ تعجب یہ ہے کہ یہ سر زمین جہاں راستے ناپید ہیں ہمیشہ سیاحوں کی توجہ کا مرکز بنی رہی۔

محلِ وقوع : بلتستان کا محلِ وقوع یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ اس کے شمال مغرب میں ہنزہ کی ریاست ہے۔ عین شمال میں چین کا صوبہ سنکیانگ ہے۔ دیوز کی سطح مرتفع اور کشمیر کی وادی اس کے جنوب میں واقع ہیں۔ اس کے مشرق میں لداخ کی پہاڑیاں ہیں اور مغرب میں گلگت کی وادیاں۔

بلتستان کا رقبہ ۹۹۳۶ مربع میل ہے اور یہاں کی آبادی ۱،۳۳،۷۷۷ ہے (ایک لاکھ تینتیس ہزار اور سات سو ستتر)۔

---

(۱) سید عطا حسین کلیم : 'بلتستان کی شاعری'، ص ۱۸۔
(۲) Grierson, *Linguistic Survey of India*, Vol. III, Part I, Page 32.

قدرتی تقسیم : اس علاقے کے درمیان سے دریائے سندھ بہتا ہے ۔ اس دریا کے دونوں کناروں پر کئی گاؤں آباد ہیں۔ اس کے علاوہ اور بھی معاون دریا ہیں، مثلاً شیوک (Shyok) شگار (Shigar) دراس (Dras) اور سورد (Surud) ، جو کرگل کے مقام پر جا ملتے ہیں۔ برالدو (Braldo) اور بشر (Bashar) یہ دونوں چھوٹے دریا بڑے دریا شگار میں جا ملتے ہیں۔ ہشے (Hushe) اور سلطارو (Saltaro) (جو کہ عین کھپالو کے اوپر ہیں اور بلتستان کے زرخیز ترین حصے میں بہتے ہیں) ، دریائے شیوک (Shyok) میں جا ملتے ہیں[1] ۔

اس علاقہ میں کسی قسم کے مسلسل جنگلات نہیں ہیں۔ البتہ دیودار اور صنوبر کے درخت کافی تعداد میں پہاڑوں کی چوٹیوں پر پیدا ہوتے ہیں ۔ دیہاتوں میں سڑک کے کناروں پر جہاں پانی زیادہ دستیاب ہے ، لمبے لمبے سایہ دار درخت ، بید کے درخت اور پھلوں کے درخت بہ آسانی اگائے جاسکتے ہیں۔ پہاڑوں کی ڈھلوانوں پر جو کھیتی باڑی کے کام کے لیے موزوں نہیں ، زیرہ کے پودے اور بنفشہ کے پودے بکثرت اُگتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک خاص قسم کی خوبصورت گھاس بھی اُگتی ہے جسے لوگ کاٹ کر کام میں لاتے ہیں۔ یہاں کی آب و ہوا ٹھنڈی اور خشک ہے ، بارش برائے نام ہوتی ہے ۔ دیہاتوں میں ذریعۂ آبپاشی برفباری ہے ۔ سکردو اور شگار دونوں شہروں میں دسمبر کے وسط سے مارچ کے وسط تک برفباری ہوتی ہے ۔ روندو (Rondu) کے علاقہ میں بہت برف پڑتی ہے ۔ سردی بھی شدید ہوتی ہے اور بیشتر دریاؤں کا پانی جم کر عام سڑک کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور دریا کے ناہموار کناروں کی نسبت ، جو عام طور پر شاہراہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، جما ہوا دریا ایک ہموار اور بہتر راستہ بن جاتا ہے ۔ اور یہاں پر بہت سے ایسے دیہات بھی ہیں جن میں سورج کی شعائیں روزانہ ایک گھنٹہ سے زیادہ نہیں پڑتیں ۔ بہار اور خزاں کے موسم میں موسم خوشگوار ہو جاتا ہے ۔ لیکن جولائی اور اگست میں دریائے سندھ کے کناروں پر واقع دیہاتوں میں گرمی اچھی خاصی ہوتی ہے اور بالخصوص سکردو کے ریتلے میدانوں اور روندو (Rondu) میں جو کہ چاروں طرف سے پہاڑوں سے گھری ہوئی وادی ہے ، شدید گرمی پڑتی ہے ۔

بلتستان کے مختلف نام : بلتستان کے نام کے بارے میں بھی تضاد ہے ۔ مختلف ادوار میں مختلف تاریخ دانوں نے اس جگہ کو مختلف نام دیے ہیں ۔ اگرچہ اس ملک کا پہلا اور بنیادی نام بلتی ہے ۔ تاریخ میں یہی ملک مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے ۔ یونانی تاریخ دان اس کو بلتے (Byltae) بولتے ہیں۔ جبکہ لداخ کے لوگ

(۱) *Imperial Gazetteer of India*, Vol. VI, New Edition, Pages 261—265.

Marfat.com

ماقبل اسلام اسے سوری بتان (Suri Butan) کہتے تھے - یعنی خوبانی کی سر زمین - چینی سیاح ہیون سانگ (Hiuen Tsang) جو راجہ ہرش کے زمانے (۶۰۶ء - ۶۴۷ء) میں ہندوستان آیا ، اس کا نام پولولی (Polole) بتاتا ہے - ایک صدی بعد اس کے لیے پولو اعظم کا نام بھی استعمال ہوا - کچھ تاریخ دانوں نے اس کو بولر (Boler) کے ساتھ خلط ملط کر دیا ہے - بولر کے علاقے میں کاشغر بالا ، ستیج یاسین ، سیری اور سیری کول شامل ہیں - مارکو پولو بھی اس علاقہ کو بولر کہتا ہے - اس کی مراد یہی مندرجہ بالا علاقہ تھا - لیکن یہ بھی ایک تاریخی حقیقت ہے کہ زمانۂ قدیم میں یہ بلتی کی چھوٹی سی ریاست چترال ، یاسین اور سیری کول تک پھیلی ہوئی تھی اور غالباً یہی وجہ بلتی کو بولر کہنے کی تھی - اس علاقہ کا ''بلتی'' نام ۱۵۳۳ء میں مرزا حیدر کے حملے تک نہیں پڑا تھا - مرزا حیدر نے جو کہ ایک بڑا تاریخ دان بھی تھا اپنی اہم تاریخ، ''تاریخ رشیدی'' میں بلتستان کے بادشاہ کو چوپان بلتی لکھا ہے[1] -

تاریخ : آثار و قرائن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بلتستان کا علاقہ جسے تاتاری لوگ تبت خورد کہتے تھے ، زمانۂ قدیم میں تبت کے ماتحت تھا اور غالباً کشمیر کے تمام شمال مغربی علاقہ یعنی صوبۂ لداخ کی انتظامیہ کا ایک رکن تھا - چنانچہ لوگوں کی طرز بود و ماند ، ان کا مذہب اور ان کے رسوم و عقائد تبتوں یعنی بدھ مت والوں کے سے تھے - یہ کہنا مشکل ہے کہ جب بر صغیر کے شمال مغربی صوبے ہخا منشیوں نے فتح کر لیے تو وہ کشمیر کی طرف راغب ہوئے یا نہیں ، ان کے بعد سکندر اعظم کا حملہ ہوا - مگر وہ کشمیر تک نہیں گیا - اس کے بعد شمال مغربی علاقوں بلکہ نصف افغانستان کو بھی چندر گپت موریا نے فتح کر لیا اور ان کے بعد جب ساسانیوں نے وہ علاقے فتح کر لیے جو اب مغربی پاکستان میں ہیں تو یہ معلوم کرنا مشکل ہے کہ وہ شمالی کشمیر کو اپنے دائرۂ اختیار میں لائے یا نہیں - البتہ یہ بات قطعی اور واضح ہے کہ راجہ اشوک کے زمانے میں کشمیر موریا خاندان کے قبضے میں تھا - مگر تاریخ سے اس امر کی شہادت نہیں ملتی کہ وسط ایشیا میں سکندر اعظم کے ورثا کا جسے ہند باختری کہا جاتا ہے کشمیر میں دخل تھا یا نہیں - یہ صحیح ہے کہ ان کا عمل دخل ٹیکسلا کے گرد ضرور تھا اور ان کے ایک راجے می نیندر (۱۸۰-۱۶۰ ق م) کا عمل شمالی پنجاب میں ضرور تھا ، کیونکہ اس کا دارالسلطنت سیالکوٹ تھا -

ان کے بعد کشانیوں کا دور آیا - ان کی سلطنت (۸۳۵—۸۶۲ء/۲۲۰—۲۴۸ھ) بہت وسیع و عریض تھی اور سطح مرتفع پامیر سے لے کر وسط ہندوستان تک اور باختر

(۱) Wazir Muhammad Ashraf Khan, *The Hinterland of Asia*, Page 103.

Marfat.com

سے لے کر پٹنہ تک پھیلی ہوئی تھی ، اس لیے کشمیر کا سارا علاقہ کشان بادشاہوں ، خصوصیت سے راجہ کنشک کے ماتحت تھا اور یہاں کے رہنے والے اکثر و بیشتر بدھ مت کے پیرو بن چکے تھے ۔ گپت راجاؤں کے عہود میں کشمیر آزاد رہا اور راجہ ہرش اگرچہ بہت صاحب اقتدار تھا اور شاید چاہتا تو کشمیر کو اپنے قبضہ میں لا سکتا مگر اس نے ایسا نہیں کیا ۔ اس سے پہلے یعنی (پانچویں صدی عیسوی میں) ہن قوم کی یلغار نے شمالی ہند کو تاراج کر دیا تھا ۔ ان کے سردار تورمن نے تمام شمال مغربی ہند کو بری طرح برباد کیا اور پھر گجرات میں اپنا مستقر بنایا ۔ جب اس کے مظالم کے خلاف راجا یشو دہرمن والئی مالوہ کی قیادت میں ہندو اتحادیوں نے اسے شکست دی تو اس کا بیٹا شمال کی طرف مراجعت کر گیا اور اس نے سیالکوٹ (ساکلا) کو اپنی راجدھانی بنایا ۔ اس کا نام مہر گل تھا اور یہ راجا بھی اپنے مظالم کی وجہ سے اتنا بدنام ہوا کہ پنجاب سے بھی اسے ہندوؤں نے بھگا دیا اور جو مہم اس کی سرکوبی کے لیے روانہ ہوئی اس نے اسے شکست دے کر مجبور کیا کہ وہ کشمیر کی جانب فرار اختیار کرے ، لیکن اس نے یہیں وفات پائی ۔ ان سب باتوں کے باوجود مہرگل کا نام اب بھی سرحد میں عام ہے ۔

اس کے بعد ہندو راجا خود مختارانہ طور پر یہاں حکومت کرتے رہے ، مگر وادیٔ کشمیر کے شمال مشرقی یا شمال مغربی علاقوں سے ان کا کوئی گہرا تعلق نہ تھا اور یہ علاقے جن میں لداخ ، بلتستان ، دردستان ، ہنزہ ، نگر اور گلگت شامل ہیں یا تو نیم خود مختار تھے یا برائے نام کشمیر کے مہاراجاؤں کے ماتحت تصور کیے جاتے تھے ۔ ان میں سے ایک راجا کا نام ہرش بھی تھا اور وہ اس قدر ظالم تھا کہ تاریخ اسے کشمیر کا نیرو کہتی ہے ۔ راج ترنگنی جس میں کشمیر کے ہندو عہود کا تذکرہ ملتا ہے ، کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہاں کی آبادی ہمیشہ سے امن پسند اور غیر جنگجویانہ خصائل کی حامل تھی ۔ اس لیے غالباً بہت سے راجا ظلم و تعدی کے عادی ہو گئے ۔

اسلام کا دور : خیال کیا جاتا ہے کہ ان علاقوں میں اسلام غالباً تیرھویں صدی میں پہنچا اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بلتستان کو اسلام سے روشناس کرانے والے مبلغ خراسان سے آئے تھے ۔ اس لیے بلتی تہذیب و تمدن ، موسیقی ، آداب مجلس ، نشست و برخاست اور رسم و رواج وغیرہ میں ایرانی رنگ واضح طور پر جھلکتا ہے ۔ دو صدی سے زیادہ عرصہ تک مقامی سلاطین کشمیر پر قابض رہے ۔ مولوی ذکاء اللہ کی تاریخ کے مطابق مقپون علی شیر خان انچن (۱۰۵۹ء - ۱۶۳۳ء) کی بہن کی شادی شہنشاہ جہانگیر

Marfat.com

سے ہوئی تھی، اس تعلق سے بلتستان پر مغل اثرات کا دخل تعجب کی بات نہیں۔

اکبر نے کشمیر کو ۱۵۸۶ء میں مغلیہ سلطنت میں شامل کیا۔ بیگمات اور شہزادیاں گرمیوں کا موسم گزارنے کے لیے کشمیر ہی جایا کرتی تھیں[1]۔ پھر یہ خطۂ کشمیر ۱۷۴۶ء کے قریب ابدالی سلطنت کا حصہ ہوگیا۔ اس کے بعد ۱۸۱۹ء میں رنجیت سنگھ نے اس کو فتح کر لیا۔ ۱۸۴۶ء میں انگریزوں نے پنجاب میں سکھوں پر فتح پانے کے بعد کشمیر کو مہاراجہ گلاب سنگھ ڈوگرہ کے ہاتھ، جو جموں کا گورنر تھا پچھتر یا ۸۰ لاکھ روپوں کے عوض فروخت کر دیا۔ بعد ازاں ۱۹۴۸ء میں راجہ کرن سنگھ، مہاراجہ کشمیر نے بھارت سے الحاق کر لیا۔

آخری دور کے بلتستانی تاجدار : بلتستان کا آخری تاجدار ''رگیا لفو احمد شاہ مقپون ۱۸۰۰ء میں تخت نشین ہوا۔ اس وقت بلتستان کے مختلف علاقوں، کھرمنگ میں مقپون علی شیر خان، رون یل میں مقپون علی خان، خپولو میں یبگو یحییٰ خان، شگر میں حیدر خان آماچہ، استور (جسے بلتی زبان میں حصورہ کہتے ہیں) میں مقپون جبار خان، تولتی میں مقپون احمد خان اور کریس میں یبگو خرم خان حکمران تھے۔ ۱۶ مارچ ۱۸۴۶ء کو رسوائے عالم بیع نامۂ امرتسر کے بعد ڈوگرہ گلاب سنگھ کی طرف سے وزیر زور آور سنگھ اور لکھپت رائے نے لداخ اور بلتستان کی خود مختاری ختم کرنے کے لیے مندرجہ بالا امراء پر حملے کیے[2]''، حریت پسند بلتستانیوں سے خونریز لڑائیاں بھی ہوئیں مگر بالاخر ڈوگرہ استبداد بلتستان پر مسلط ہوگیا۔

آزادی کی آخری کوشش : اس جنگ کے ایک سال بعد والئی شگر غازی حیدر خان حیدر نے ہم خیال لوگوں کو یک جا کر کے بلتستان کی آزادی کے لیے آخری قربانی پیش کی اور ایک قومی تحریک جاری کر کے ڈوگروں کے خلاف بغاوت کر دی۔ مگر ڈوگروں کی فوج تعداد میں زیادہ اور فوجی تربیت کی وجہ سے زیادہ منظم تھی اس لیے بلتستان کے اس انقلابی ہیرو کو پابند سلاسل کر کے جموں پہنچا دیا گیا اور اسے وہیں نظر بند کر دیا۔ ایام اسیری میں بھی غازی حیدر خان حیدر کی واحد آرزو بلتستان کی آزادی تھی۔[3]

سکھوں و ڈوگروں کا عہد : اس تحریک کو شکست اس وجہ سے بھی ہوئی کہ کہ مسلمان راجے نا اتفاقی کا شکار تھے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ پنجاب میں سکھوں کی حکومت تھی (۱۸۱۹ء—۱۸۴۶ء) اور ان کے وفادار گورنرِ جموں، راجہ گلاب سنگھ

---

(۱) Syed Fayyaz Mahmud, "The Story of Indo Pakistan," Page 109

(۲ اور ۳) سید عطا حسین کلیم : 'بلتستان کی شاعری'، ص ۲۲-۳۲۔

Marfat.com

کی ماتحتی میں ریاست جموں کی ڈوگرہ حکومت ملک گیری پر عمل کر رہی تھی اور ڈوگرہ جرنیل زور آور سنگھ اسکردو کی مہم پر بھیجا جا چکا تھا۔ راجہ احمد شاہ والئی اسکردو ڈوگروں کے دھوکے میں آ کر اسیر ہوئے اور ان کے گھر کو جلا کر خاکستر کر دیا گیا۔ قلعہ اسکردو کے تمام سامان حرب پر ڈوگروں کا قبضہ ہوا۔ دوسرے سال جب زورآور سنگھ راجا کی مہم میں مارا گیا تو راجا احمد شاہ کے جانباز ساتھیوں کے زیر سرکردگی راجا حیدر خان والئے شگر نے بغاوت کا علم بلند کر کے بلتستان کو ڈوگرہ پنجۂ استبداد سے ایک دفعہ پھر آزاد کروا لیا۔

فتح بلتستان : ۱۸۴۶ء کے بعد جب حیدر خان کی حکومت کا زمانہ بھی ختم ہو چکا تھا، گلاب سنگھ نے ایک فوج بلتستان کو بھیجی، جس نے بے خبری میں سکردو پر حملہ کر دیا اور قلعہ سکردو کو آگ لگا کر تباہ کر دیا گیا۔ قلعہ میں ایک مسجد بھی تھی جہاں محصورین کے خون سے ہولی کھیلی گئی۔ قلعہ میں بلتی فوجیوں کے علاوہ شہر کے معززین، عورتیں اور بچے بھی تھے۔ ڈوگرہ تلوار کے دھارے سے کوئی نہ بچ سکا۔ قلعہ کے باہر جن اشخاص پر بغاوت میں شریک ہونے کا شک گزرا ان کے سر گذرگاہوں پر لٹکا دیے گئے۔ الغرض وحشت اور بربریت کا یہ بھیانک مظاہرہ تاریخ ڈوگرہ کا ایک ایسا واقعہ ہے جو عہد چنگیز کی یاد دلاتا ہے۔ حیدر خان بچ نکلے تھے لیکن خپلو میں اسیر کر لیے گئے۔ ان کے اسیر ہونے پر بلتیوں کے حوصلے ٹوٹ گئے اور یہ علاقہ ایک سو آٹھ سال تک ڈوگرہ راج سے نجات حاصل نہ کر سکا۔

ڈوگرے چونکہ سرحدی اضلاع کو مفتوحہ علاقہ سمجھتے تھے اس لیے اپنے ایک سو آٹھ سال کے عہد حکومت میں مفتوح بلتیوں کو ظلم کا شکار بنانے اور ان کے حقوق پامال کرنے میں کوئی کسر باقی نہ رکھتے تھے۔ چند ایک مثالیں درج کی جاتی ہیں—

۱۔ بلتی جوانوں کو فوجی ملازمتوں سے قانوناً محروم کر دیا گیا۔

۲۔ ذرائع آمد و رفت کے لیے بیگار اور جبری محنت کا قانون کھڑا کر دیا جس کے تحت لوگ سرکاری ملازموں کے لیے مفت بار برداری کرنے اور پڑاؤ پر مفت راشن مہیا کرنے کے ذمہ دار تھے۔ افسروں کے بیوی بچوں کو سکردو سے لداخ اور لداخ سے سرینگر تک اٹھا کر لے جاتے تھے۔

۳۔ بلتیوں کے لیے اعلیٰ سرکاری عہدے ممنوع تھے۔

۴۔ اسلحہ کے ایسے قوانین وضع کیے گئے کہ بلتی لوگ اپنے گھروں میں کسی قسم کا اسلحہ بمثل ایک چھرا تک بھی نہیں رکھ سکتے تھے۔

بیگار دور غلامی کی یادگار تھی۔ ڈوگرہ حکومت کے ملازمین اور افسروں کا سامان

Marfat.com

اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے اور ان کو راشن مہیا کرنے اور پڑاؤ پر قیام کے دوران میں ملحقہ دیہات کے لوگ، تناسب آبادی کے لحاظ سے، سال میں دو دفعہ مقررہ ایام میں حاضر رہتے۔ ہر پڑاؤ پر پچاس قلی اور پانچ گھوڑوں کو تیار رکھنا لازمی ہوتا۔ غیر حاضری کی صورت میں اجتماعی جرمانہ کیا جاتا۔ وزیرِ وزارت جب لداخ سے اسکردو یا اسکردو سے لداخ جاتا تو اس کا بڑا ٹھاٹھ ہوتا۔ اس کے کتّے تک ڈولی میں بٹھا کر لے جائے جاتے۔ وزیرِ وزارت جس منزل (پڑاؤ) پر قیام کرتا، چولھا اس وقت تک نہ جلایا جاتا جب تک اس کے اہل کاروں کو پچاس سے سو روپے تک نذرانہ پیش نہ کیا جاتا۔ جسے عرف عام میں ''تھب ستد'' یعنی زرِ چولھا کہتے تھے۔

بلتستان کی سیاسی اہمیت : بلتستان کی سیاسی اہمیت یہ ہے کہ اپنی دور افتادگی کے باوجود، انقلابات زمانہ کا شکار ہوتا رہا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اونچے اونچے پہاڑوں سے گھرا ہوا یہ علاقہ بھی بیرونی حملوں سے محفوظ نہ رہ سکا، یا تو براہ راست اس پر حملے ہوتے تھے یا اسے ارد گرد کے علاقوں یعنی لداخ، تبت، گلگت، سنکیانگ اور کشمیر پر حملے کے لیے راستے کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ اس سلسلے میں ذوالقدر خان المعروف زول چون سلطان ابو سعید خان والئی کاشغر، مرزا حیدر دوغلات اور سلطان شہاب الدین والئی کشمیر کے علاوہ کشمیر کے ایک حکمران نے بھی بلتستان پر حملہ کیا تھا۔ ان میں سے بعض حملہ آور ایسے بھی تھے جو آندھی کی طرح آئے اور بلتستان کے حصے میں تباہی و بربادی چھوڑ کر چلے گئے۔ ان حملوں کا مختصر تذکرہ کشمیر کی تاریخوں میں بھی پایا جاتا ہے۔

دنیا کی نظروں سے بلتستان کے اوجھل رہنے کی دوسری وجہ وہ صد سالہ ڈوگرہ دور ہے جسے مؤرخ بلتستان کا تاریک دور کہتے ہیں۔ سو فیصد مسلم آبادی کا یہ علاقہ خصوصیت کے ساتھ ڈوگرہ حکمرانوں کے نزدیک اس قابل نہ تھا کہ اس میں زرعی، اقتصادی یا معاشرتی حالات درست کرنے یا بہتر بنانے کی ضرورت ہو۔ چنانچہ انیسویں صدی میں بلتی لوگ فقط حکام کی بالا دستی کا شکار ہی نہیں رہے بلکہ انہیں کسی قسم کے شہری یا سیاسی حقوق دینے کا سوال بھی پیدا نہ ہوا۔ حتیٰ کہ بیرونی دنیا کے سیاحوں یا دلچسپی لینے والے لوگوں پر پابندی عائد کر دی گئی کہ وہ ان علاقوں میں نہ گھومیں، تاکہ دنیا کو ان علاقوں کی معاشرتی پستی کا حال معلوم نہ ہو جائے۔

سیاح اور ان کے بیانات : ان سب قیود اور پابندیوں کے باوجود بلتستان کا علاقہ قدیم زمانہ سے سیاحوں اور کوہ پیماؤں کی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ دشوار گذار راستوں

Marfat.com

کے باوجود دنیا کے باہمت افراد نے اس علاقہ کے حالات معلوم کرنے کے لیے کوششیں کی ہیں۔ کوہ قراقرم کے فلک بوس برفانی پہاڑوں میں سے گزرنے والے دریاؤں کے سلسلے بلتستان کو وسط ایشیاء سے جدا کرتے ہیں۔ دنیا کی مشہور برفانی چوٹی کے۔ ٹو جس کا جدید ترین نام باشہ بردم یا ماشہ بردم رکھا گیا ہے، اسی علاقہ میں واقع ہے۔ سیاحوں میں سب سے پہلے مغربی سیاح جی۔ ٹی۔ وگنی اور گوڈون آسٹن وغیرہ نے بلتستان پر کچھ نہ کچھ لکھا ہے مگر آج ان سیاحوں کی تحریریں بھی دستیاب نہیں ہوتیں۔

آزادیٔ پاکستان کے بعد ایک امریکی سکالر مسٹر جیمز پارلے کا نام ملتا ہے۔ اس نے بلتستان کا دورہ کیا۔ وہ بلتستان کے گاؤں گاؤں اور قریہ قریہ جا کر لوگوں سے ملا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے بلتستان کی تاریخ و ثقافت پر خاص چیزیں جمع کیں۔ مسٹر جیمز پارلے کی تحقیقات کے بعض حصے ایک امریکی رسالے میں دو تین قسطوں میں شائع بھی ہو چکے ہیں مگر باوجود کوشش کے ہمیں یہ رسالے نہیں مل سکے۔

کشمیر کی تاریخ لکھنے والوں میں منشی حشمت اللہ خان لکھنوی بھی ہیں۔ انہوں نے بلتستان کی تاریخ و ثقافت پر کچھ مواد فراہم کیا ہے۔ اگرچہ منشی حشمت اللہ خان کی کاوشوں میں ڈوگروں کی ناواجب جنبہ داری اور حکومت کی خوشنودی حاصل کرنے کی خاطر حقائق کو نظر انداز کرنے کا جذبہ نمایاں نظر آتا ہے[1]۔

معاشرت : بلتی ظاہرا شکل و صورت میں لداخیوں کے مشابہ ہیں۔ ان کا ناک نقشہ منگولوں سے ملتا ہے۔ ان کے گالوں کی ہڈیاں ابھرواں ہیں۔ آنکھیں کھنچی ہوئی اور لمبی لمبی ہوتی ہیں۔ البتہ ناک لداخ کے بھوتیوں (Bhotis) کی طرح چپٹی نہیں ہے اور نہ ان کا رنگ زرد ہے۔ لداخیوں اور بلتیوں میں تفریق کا باعث کچھ نہیں ہے سوائے ایک چوٹی کے، جو بلتیوں میں نہیں رکھی جاتی۔ بلتی قدرے زیادہ صحت مند قد آور اور زیادہ جسیم ہوتے ہیں۔ یہ بڑے صبر و تحمل والے ہیں اور خوش خلقی کے لیے مشہور ہیں۔ کھیل کود میں حصہ لیتے ہیں۔ باوجود پس ماندہ اور کم ترقی یافتہ قوم ہونے کے نہایت خوش مزاج اور اچھے دل کے ہیں۔ ان کا لباس مخمل کی ٹوپی، کوٹ، اونی پاجامہ اور خام کھال کے جوتے ہیں۔ جوتوں کو آرام دہ اور نرم بنانے کے لیے اندر نرم گھاس کی تہہ جما کر سی دیا جاتا ہے۔ سر کے بال کٹوا دیے جاتے ہیں، صرف تھوڑے سے بال سر کے پچھلے حصہ پر چھوڑ دیتے ہیں جن میں پھول وغیرہ لگا کر سنگھار کیا جاتا ہے۔

تیرھویں اور چودھویں صدی عیسوی میں بلتستان میں بھی لداخی لباس رائج تھا

---

(۱) سید عطا حسین کلیم : 'بلتستان کی شاعری'، ص ۱۵—۱۶، ۱۸۔

Marfat.com

لیکن بدھ مذہب کے ساتھ ساتھ بلتستان والوں نے اس لباس کو چھوڑ کر اسلامی لباس اختیار کر لیا۔ جس میں گھیرے دار کرتا، صدری اور شلوار نمایاں ہیں، البتہ پگڑی اور کلاہ کا رواج نہیں ہوا۔ یہ لوگ پٹو کی سفید ٹوپی جس کے نچلے حصے پر گول سا چکر ہوتا ہے پہنتے ہیں، البتہ سردیوں میں سب لوگ اون کا دھسہ یا لوئی (شال) اوڑھ لیتے ہیں۔ یہ استطاعت کے مطابق نرم یا کھردری اون کی ہوتی ہے اور یہ خانہ ساز ہوتی ہے یا دیہی دستکاری کا نمونہ۔

بلتستان کے بہت سے لوگ تقسیم ہند و پاکستان سے پہلے شملہ، مسوری، نینی تال اور دوسرے سرد مقامات پر کام کرتے تھے۔ ان لوگوں کی تعداد دس پندرہ ہزار تک ہوگی۔ ان میں بعض ٹھیکیداری کا کام کرتے تھے اور سڑکیں بنانے کے ٹھیکے لیتے تھے۔ مگر زیادہ تر بلتستان کے لوگوں کا ذریعۂ معاش کھیتی باڑی ہی ہے۔ اگرچہ زمین یہاں بہت کم ہے اور اس کو بیع یا رہن کرنے کا اختیار کسی کو نہیں۔ آبپاشی دریا یا چشموں کے پانی سے ہوتی ہے۔ غلہ کا نرخ ہمیشہ فی روپیہ ۷ سے ۱۰ سیر پختہ تک رہا۔ یہاں کے لوگ عموماً غریب ہیں اور تعلیم کا شوق بہت کم رکھتے ہیں۔ اگر کھیتی باڑی ذریعہ آمدنی نہ ہو تو مالیہ ادا کرنا ان کے لیے بہت مشکل ہو جائے۔ بعض لوگوں کے پاس چھوٹی چھوٹی جاگیریں بطور معافی ملی ہوئی ہیں۔ یہ اسکردو، چنلو کرس اور شگر وغیرہ میں واقع ہیں۔ بیشتر جاگیردار مسلمان شیعہ مذہب رکھتے ہیں۔ ان کے علاوہ چنلو، کرس اور شگر کی کچھ آبادی نور بخشی مذہب رکھتی ہے اور ان کا اعتقاد شیعہ اور سنی مذہب کے بین بین ہے۔ اگر کسی سنی سے مباحثہ ہو تو اعتقادات شیعہ سے ثبوت لا کر اسکی تردید کرتے ہیں، اور اگر کسی شیعہ سے مباحثہ ہو تو سنیوں کی کتاب سے مسئلے ڈھونڈ کر جواب پیش کر دیا جاتا ہے۔ البتہ ابھی تک بلتی زبان میں دقیق علمی مسائل پر کتابیں نہیں لکھی گئیں۔

محفلیں: بلتی زبان میں فارسی طرز پر لکھے ہوئے مراثی اور نوحہ جات اور دیگر مذہبی قصص کافی تعداد میں موجود ہیں۔ چائے کا رواج یہاں عام ہے۔ جہاں کسی نے چائے بنائی کچھ آدمی جمع ہو گئے، اور مرثیہ خوانی شروع ہوئی۔ ایک آدمی شروع کرتا ہے اور باقی لوگ اس کے ساتھ مل کر خوب اچھی طرح سے بآواز بلند مرثیہ پڑھنے لگتے ہیں۔ ہر امام کے مولد، وفات اور عید کے تہوار پر ماتم ہوتا ہے۔ مگر خوشی اور غمی دونوں کا رنگ یکساں ہوتا ہے۔ یعنی ہر دو موقع پر چائے پر لوگ جمع ہوتے ہیں اور بعد ازاں مرثیہ خوانی ہوتی ہے۔ اسکردو میں ماتم سرائیں بہت ہیں اور وہاں کے لوگ سب کے سب شیعہ ہیں۔ چنلو، شگر اور کرس میں جامع مسجدیں بھی ہیں۔[1]

---

(۱) مولوی محمد شفیع: فرقۂ نوربخشی، اورینٹل کالج میگزین، ص ۶۲، مئی ۱۹۲۵ء۔

Marfat.com

بلتی موسیقی : موسیقی جس طرح دوسرے علاقوں میں تقریبات کی جان ہوتی ہے، اسی طرح بلتستان کی تقریبوں میں بھی اس کی بڑی اہمیت ہے۔ اس وقت تمام بلتستان پر ''جدیدیت'' کے اثرات چھائے ہوئے ہیں۔ لباس، خوراک، آداب و اطوار، شعر و شاعری، موسیقی، غرضیکہ ہر چیزمیں بلتستانیوں نے پرانی خصوصیات سے منہ موڑ لیا ہے اور ''جدیدیت'' کو ترقی سے مترادف کرتے ہوئے اپنی تہذیب کو بدلنے پر مصر ہیں۔ قدیم بلتی تہذیب و تمدن، قومی روایات، وضع داری وغیرہ کے لحاظ سے بلتستان میں خپولو کا علاقہ غنیمت ہے۔

بلتی راگ یعنی ''حریب'' تعداد میں تقریباً ساٹھ ہیں۔ معلوم ہوتا ہے یہ بلتی راگ یعنی ''حریب'' بھی ایرانی موسیقی سے متاثر ہیں۔ بلتی دھنوں میں ''غبیر سا غبیر چوں'' نامی دھن منفرد ہے۔ ایک طرح سے یہ دھن مشہور راگ ملہار کا الٹ ہے۔ کیونکہ عام طور پر مشہور ہے کہ اس بلتی دھن کے بجانے سے ضرور بارش تھم جاتی ہے۔ بلتی موسیقی کے مقبول ساز یہ ہیں۔ ڈھول، بلتی طبلہ (جسے ڈامن کہتے ہیں)، شہنائی، بنسری (جس کی دو قسمیں ہیں۔ ''چک خلینگ'' اور ''ژہان خلینگ'') کسنہ اور چنگ۔ بلتی طبلہ یعنی ڈامن نقارہ کی شکل میں تیار ہوتا ہے۔ مگر یہ جسامت میں نقارے سے چھوٹا ہوتا ہے۔ طبلہ انگلیوں کی تھاپ سے بجتا ہے، مگر اس بلتی طبلہ کو ایک ایک فٹ لمبی چھڑیوں سے بجایا جاتا ہے۔ اس خاص چھڑی کو بلتی زبان میں ''ڈان شی لنگ'' کہتے ہیں۔ یہ سب ساز بلتستان ہی میں تیار ہوتے ہیں۔

کھیلیں : پولو کا اہتمام علاقہ کا راجا کرتا ہے۔ علی الصبح راجا کے محل کے سامنے شہنائی اور دوسرے سازوں پر مخصوص دھنیں بجائی جاتی ہیں۔ پہلے کوئی راگ یعنی حریب بجاتے ہیں پھر اسی حریب کے مطابق کوئی لوک گیت گاتے ہیں۔ لوک گیت کے بعد اسی گیت سے مطابقت رکھنے والی کسی غزل کی دھن چھیڑتے ہیں۔ اس رسم کو ''راتب'' کہتے ہیں۔[1]

زراعت : بلتستان کی کاشتکاری اور زراعت کا دار و مدار ذرائع آب پاشی پر ہے۔ جہاں پانی کافی مل جاتا ہے وہاں اچھی فصل ہوتی ہے۔ زراعت کا تمام تر کام، سوائے ہل چلانے کے، یہاں کی عورتیں کرتی ہیں۔ صرف ہل مرد چلاتے ہیں۔ ہل لکڑی کے پرانی وضع کے ہوتے ہیں۔ زمین کا رقبہ بعض اوقات اتنا کم ہوتا ہے کہ بیلوں سے ہل چلانے کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی اور مرد خود ہی بیل کی جگہ لگ کر ہل چلاتے ہیں۔ اس کے علاوہ مردوں کا ایک کام یہ بھی ہے کہ وہ بیلوں اور دیگر

(۱) سید عطا حسین کلیم : 'بلتستان کی شاعری'، ص ۳۲ تا ۳۸۔

مویشیوں کو چراگاہوں میں لے جا کر چرائیں اور پھر کھیتوں میں پانی پہنچانے والی نالیوں کی مرمت کریں۔ مزید برآں یہ لوگ لداخ اور گلگت کے درمیان سامان لے جانے اور لانے کا کام بھی کرتے ہیں۔ موسم بہار کی فصلوں میں جو چیزیں کاشت کی جاتی ہیں ان میں گندم، جو، مٹر، لوبیا، کنگنی اور شلغم قابل ذکر ہیں۔ ان علاقوں کو چھوڑتے ہوئے جہاں برفباری زیادہ ہوتی ہے عموماً دو فصلیں پیدا کی جاتی ہیں۔ زمین کے بعض حصے ایسے بھی ہیں جن کی زمین سخت اور ناقابل کاشت ہے اور اتنی بلندی پر واقع ہے کہ پانی وہاں تک نہیں پہنچایا جا سکتا اس زمین کو ال آبای (Ulābi) کہتے ہیں، اور وہاں پر جنگلی گھاس وغیرہ اُگ آتی ہے۔ اس کے برعکس بعض جگہ کی مٹی اس قدر نرم ہے کہ ہل چلانے کی بھی ضرورت پیش نہیں آتی۔ بعض جگہ جہاں برف نہیں پگھلتی وہاں مصنوعی طریقہ پر بھی کاشت کی جاتی ہے۔ یعنی اس برف پر ہی مٹی چھڑک دی جاتی ہے اور اس پر بیج بویا جاتا ہے۔ کچھ دیہاتوں میں اچھے تمباکو کی کاشت بھی کی جاتی ہے۔

پھلوں کی فراوانی کے سبب بلتستان کی معیشت کو بہت سہارا ملتا ہے۔ خوبانی یہاں کثرت سے ہوتی ہے اور زیادہ تر کشمیر اور پنجاب کو بھیجی جاتی ہے۔ خشک میوے اور مغزیات کی بہت مانگ ہے جس کے سبب تجّار پیشگی پیسے دے کر فصلیں خرید لیتے ہیں۔ شہتوت یہاں کے لوگوں کی غذا کا ایک اہم جزو ہے۔ یہاں سے منقیٰ بھی کثیر مقدار میں بیرون ملک بھیجی جاتی ہے۔ لیچی، عمدہ قسم کے انگور، تربوز، خربوزے، ککڑی اور کھیرا بھی کثرت سے پیدا ہوتے ہیں۔[1]

تجارت و ذرائع آمد و رفت : چونکہ ذرائع آمد و رفت محدود ہیں اس لیے تجارت نسبتاً کم ہوتی ہے۔ چائے، چینی، چاول اور کپڑا درآمد کیے جاتے ہیں۔ لداخ سے نمک کی تجارت ہوتی ہے۔ خوبانی، خوبانی کا مغز اور منقیٰ کشمیر کو برآمد کیا جاتا ہے۔ ہوا بازوں کی سیاہ واسکٹیں بھی یہیں تیار کی جاتی ہیں۔ وادیٔ شگار میں زہر مورا (جو کہ ایک سبز پتھر ہے) نکلتا ہے۔ اسکی پیالیاں اور طشتریاں بھی بنتی ہیں۔ اس کے علاوہ یہ پنجاب اور کشمیر میں تریاق کے طور پر اور آنکھوں کی بیماری کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ذرائع آمد و رفت غیر تسلی بخش ہیں۔ البتہ اب سڑکوں کی تعمیر پر توجہ دی جا رہی ہے۔ بلتستان سے آ کر جو راستے ملتے ہیں، وہ کشمیر لداخ اور استر (Astor) سے آتے ہیں۔ ایک اور راستہ بھی ہے جو کہ گلگت کو جاتا ہے اگرچہ یہ راستہ دشوار گذار ہے مگر اسے بھی لوگ استعمال کرتے ہیں۔[2]

---

(۱) Imperial Gazetteer of India, Volume VI, New Edition, pages 261-265.
(۲) Imperial Gazetteer of India, Volume VI New Edition, pages 261-265.

Marfat.com

مذہب : بلتستان کی آبادی نسلی اعتبار سے منگولوں اور آریاؤں کا مرکب ہے۔ اسلام سے پہلے بلتستان والے بدھ مت کے پیرو تھے۔ اس سے پہلے دیوی دیوتاؤں کو پوجتے تھے اور اس وقت کا مذہب بون چھوس کہلاتا ہے۔ تیرھویں صدی عیسوی کے قریب یہ علاقہ اسلام سے مشرف ہوا۔ اس وقت بلتستان کی آبادی سو فیصد مسلمان ہے جو نور بخشیہ امامیہ (مقلدین حضرت سید محمد نور بخش) اور شیعہ اثنا عشریہ پر مشتمل ہے۔

چونکہ یہاں کے بیشتر لوگ شیعہ ہیں اور ان کا اثر اور اقتدار یہاں زیادہ ہے، اس لیے مجالس عزا کا رواج بھی یہاں زیادہ ہے۔ دراصل مذہب نور بخشی کی مطابقت سنی مذہب کے ساتھ ہے۔ اور شیعہ مذہب امراء کا مذہب ہے، اس لیے نور بخشیوں کو ان کی ہر ایک مجلس میں شامل ہونا پڑتا ہے۔ اور محرم کے علاوہ ہر جمعرات کو، بعض لوگوں کے ہاں گھروں پر اور بعض مسجدوں میں نماز عشاء کے بعد مرثیہ خوانی ہوتی ہے۔ اگرچہ نکاح سنت نبوی کے مطابق ہوتا ہے مگر بعض اوقات متعہ کو بھی جائز سمجھا جاتا ہے اور ہر بات میں ''یا علی مدد'' کہنے کا رواج عام ہے۔ یہ لوگ آئمہ کی بہت تعظیم کرتے ہیں۔[1]

مناسب ہے کہ یہاں اس تحریک کا ذکر کیا جائے جس نے بلتیوں کے نظامِ فکر اور اعتقادات کو متاثر کیا۔ یہ نور بخشی تحریک ہے جو پندرھویں صدی عیسوی میں شروع ہوئی۔

نور بخشی تحریک : ڈوگرہ عہد میں مذہب پر اس قسم کی بندشیں تھیں کہ اگر کوئی مسلمان بدھ مذہب اختیار کرے تو کوئی بات نہیں، لیکن اگر کوئی بدھ مذہب رکھنے والا مسلمان یا عیسائی ہو جائے تو وہ پدرانہ جائداد سے محروم کر دیا جاتا۔

نور بخش تحریک کے بانی کا خاندان جزیرہ نمائے عرب کے مشرق میں خلیج فارس کے مغربی ساحل الاحسا (ایک علاقہ ہے) اور اسکے صدر مقام جس کا نام بھی یہی ہے، کا رہنے والا تھا۔ حضرت سید محمد نوربخش کے دادا عبداللہ کا مولد بھی یہی مقام ہے۔ سید موصوف کا نسب سترہ واسطوں سے حضرت موسیٰ کاظم رض تک پہنچتا ہے۔ علامہ شوستری نے ایک قابل ذکر بات ان کے خاندان کے متعلق بتائی ہے کہ ان کے اجداد میں سے ہمیشہ کوئی نہ کوئی شخص صاحب حال رہا ہے۔ خواہ وہ مجذوب تھا یا سالک۔ حضرت سید محمد نوربخش ۱۳۹۲ء میں پیدا ہوئے، سات برس کی عمر میں قرآن حفظ کیا اور تھوڑے ہی عرصہ میں علوم میں تبحر پیدا کیا۔ سید موصوف نے خواجہ اسحٰق

(۱) مولوی محمد شفیع : فرقۂ نور بخشی، اورینٹل کالج میگزین، ص ۶۲، مئی ۱۹۱۵ء۔

Marfat.com

ختلانی مرید سید علی ہمدانی سے بیعت کی۔ پیر نے اپنے ایک خواب کے بموجب ان کو نور بخش کا لقب دیا۔ حضرت سید محمد نور بخش سلطان شاہ رخ بن امیر تیمور کے عہد میں گذرے ہیں۔ انہیں سلطان شاہ رخ کی سرپرستی حاصل تھی اور اسی کے توسط سے وہ کشمیر میں تبلیغ کے لیے نکلے۔[1]

نور بخشیہ عقائد کی اشاعت ختلان اور ایران سے کشمیر میں ہوئی۔ مرزا حیدر دوغلات صاحبِ تاریخ رشیدی پہلا مؤرخ ہے، جس نے اس واقعہ کا ذکر کیا ہے۔ ابو الفضل نے آئین اکبری میں جو حالات کشمیر کے لکھے ہیں ان سے اتنا ضرور پتہ چلتا ہے کہ کشمیر میں جمہور اس وقت بھی سنّی مذہب کے پابند تھے۔ گو کچھ لوگ امامیہ اور نور بخشیہ عقائد رکھتے تھے اور ان تینوں فرقوں میں ہمیشہ باہمی تنازعہ رہتا تھا۔

محمد اعظم کشمیری نے 'واقعاتِ کشمیر' میں (جو ۱۷۳۵ء اور ۱۷۴۷ء کے درمیان کی تصنیف ہے) اس فرقے کے حالات زیادہ تفصیل سے دیے ہیں۔ وہ حالات ہم ایک قلمی نسخہ سے لے کر درج کرتے ہیں:

''محمد اعظم کے بیان کے مطابق میر شمس عراقی ظاہر آراستہ رکھتا تھا اور فصاحت بیان سے متصف اور علو اسراری سے واقف تھا۔ وہ دو مرتبہ کشمیر آیا۔ پہلی مرتبہ سلطان حسین میرزا شاہ خراسان کے سفیر کی حیثیت سے سلطان حسن شاہ کے دربار میں آیا اور آٹھ برس تک کشمیر میں ٹھہر کر لوگوں میں نور بخشیہ عقائد کی اشاعت کرتا رہا۔ شیخ اسمٰعیل کبروی ان ایام میں ترویج اسلام کے متعلق خاص طور پر کوشاں تھے۔ عراقی نے ان سے ارادتِ خاص ظاہر کر کے ان کے مریدوں کو خفیہ خفیہ اپنے ڈھب پر لانا شروع کیا۔ سلطان حسین نے بالاخر عراقی کو واپس بلوایا اور بقول مؤرخ اس کے خلق باطنی سے مطلع ہو کر اس کو نوکری سے معزول کیا۔ اس پر عراقی نے پھر کشمیر کا رخ کیا اور ظاہر کیا کہ سید محمد نور بخش نے اس کو خلیفہ مقرر کیا ہے اور چونکہ شیخ اسمٰعیل کرس میں جا کر صحبت خلق سے کنارہ کش ہو بیٹھے تھے، اس لیے عراقی نے میدان خالی پا کر ایک خانقاہ اور آستانہ بنوایا اور دھوم دھام سے اپنا کام شروع کیا۔ فتح شاہ اس وقت کشمیر میں حکمران تھا اور امراء میں سخت نزاعات جاری تھے۔ اس لیے اس نے حالات اپنے موافق پائے اور بالآخر چک قبیلہ کے سرداروں کو جو شاہی خاندان سے قرابت رکھتے تھے اور دربار کشمیر پر چھائے ہوئے تھے اس نے مرید کر لیا اور اس کے مبلغ

(۱) مولوی محمد شفیع: فرقۂ نور بخشی، اورینٹل کالج میگزین، ص ۴، ۵ فروری ۱۹۲۵ء۔

Marfat.com

لداخ میں پہنچے اور اس طرح نور بخشی اس علاقہ میں بھی پھیل گئے ۔ عراقی فوت ہوا تو نازک شاہ کے عہد حکومت میں میرزا حیدر کشمیر پر مسلط ہوگیا ۔ یہ دس برس نور بخشیوں پر بہت سخت گزرے ۔

کشمیر کا علاقہ چونکہ ختلان سے قریب تھا اس لیے نور بخشیہ عقائد کی اشاعت اس میں خوب ہوئی لیکن بظاہر ہندوستان کے دیگر علاقوں میں بھی ان عقائد کی تبلیغ ہوتی رہی ۔ مثلاً اخبار الاخیار (دہلی ۱۸۶۳ء) ص ۲۱۱ پر شاہ جلال شیرازی کا ذکر ہے جو اسیری کا مرید تھا ۔[1]

بڈلف کے اندازے کے مطابق ۱۸۸۰ء کے قریب بلتستان میں نور بخشیوں کی تعداد بیس ہزار نفوس سے متجاوز تھی ۔ ۱۹۱۱ء کی رپورٹ مردم شماری میں نور بخشیوں کو سنّیوں میں شامل کر دیا گیا ۔ اس رپورٹ کی رو سے دونوں فرقوں کی مجموعی تعداد لداخ میں ۴۳۵۷۴ نفوس تھی ۔ لدّاخ کے ایک نامہ نگار نے نور بخشیوں کی تعداد تقریباً تیس (۳۰) پنتیس (۳۵) ہزار بتائی ہے ۔[2]

بلتی زبان : جو زبان یہاں بولی جاتی ہے اسے بلتی کہتے ہیں اور فارسی اور عربی کی مقامی زبان سے آمیزش کے بعد وجود میں آئی ہے ۔ یہ زبان لدّاخی زبان کے قریب تر ہے ۔ اس میں اور لدّاخی زبان میں بہت کم فرق ہے ۔ چنانچہ بلتی اور لدّاخی ایک دوسرے کی بات آسانی سے سمجھ سکتے ہیں ۔ ان کا اپنا رسم الخط ہے ۔ ان لوگوں کا اپنا سن بھی ہے اور اپنے اوزان تک موجود ہیں ۔ اس وقت بلتی زبان کے علاوہ بلتستان کے کچھ دیہاتوں میں شینا زبان بھی بولی جاتی ہے ، جس میں علاقہ گلتری ، ریاستہائے ہنزہ و نگر شامل ہیں ۔

بلتی زبان پر مذہب کا اثر : بلتی زبان پر مذہب کا بہت گہرا اثر پڑا ۔ بلتستان میں اسلام کو پھیلانے میں ایرانی مبلغوں کا بڑا ہاتھ ہے ۔ ۱۰۵۰ء سے ۱۰۹۰ء کے دوران سید علی طوسی رحمۃ اللہ علیہ اور سید ناصر طوسی رحمۃ اللہ علیہ چینی ترکستان سے ژہل تورد کے راستے خپولو پہنچے اور بلتستان میں تبلیغ اسلام کرتے رہے ۔ کچھ عرصہ بعد سید میر مختار علیہ الرحمۃ اور سید میر یحییٰ علیہ الرحمۃ بھی چینی ترکستان کے راستے بلتستان آئے اور انہوں نے بھی بلتستان کے علاقوں میں اسلام کی اشاعت کی ۔ علاقہ خپولو ، چھوربٹ ، کھرمنگ اور شگر کے اکثر سادات کرام سید مختار ہی کی اولاد سے ہیں ۔ انہی باہمت اور مخلص مبلّغین کی تبلیغی کوششوں کی وجہ سے بلتستان

---

(۱) مولوی محمد شفیع : فرقۂ نور بخشی ، اورینٹل کالج میگزین ، ص ۱۱ تا ۱۵ ، فروری ۱۹۲۵ء ۔
(۲) مولوی محمد شفیع : فرقۂ نور بخشی ، اورینٹل کالج میگزین ، ص ۵۹ ، مئی ۱۹۲۵ ۔

Marfat.com

میں اسلام پھیلا۔ اسلام کے ساتھ ساتھ انقلاب پسند بلتیوں نے مبلّغینِ ایران سے حاصل کردہ ہر چیز کو قبول کر لیا اور اس طرح بلتستان والے فارسی اور عربی رسم الخط کو پسند کرنے لگے اور انہوں نے اپنی طرز بود و ماند بھی مشرق وسطیٰ کے لوگوں کی سی کر لی۔

ایرانی اثر کے تحت بلتستان کے شعراء نے فارسی زبان سے بہت زیادہ دلچسپی لی۔ آج سے تقریباً ستر (۷۰) سال پہلے فارسی زبان کو بلتستان میں بہت عروج حاصل تھا۔ عربی زبان مذہبی تعلیم کے لیے مخصوص تھی۔ ابتدائی تعلیم سے لے کر اعلیٰ تہذیبی مشاغل تک کے لیے فارسی زبان استعمال ہوتی تھی۔ چنانچہ ان اثرات کے تحت بلتی شعراء نے فارسی زبان کو بھی اظہارِ خیال کا ذریعہ بنایا اور آہستہ آہستہ بلتی زبان اور شاعری میں فارسی کے الفاظ بہت استعمال ہونے لگے۔ رفتہ رفتہ فارسی اور بلتی کی آمیزش کے بعد کی زبان نے رواج پایا۔ فارسی گو شعراء میں سید عباس شگری کا مدحیہ کلام فارسی اور بلتی کی آمیزش کا بین ثبوت ہے۔ بلتستان کے فارسی گو شعراء میں راجا لطف علی خان عاشق کا نام سب سے پہلے آتا ہے۔ اس کے بعد خپولو کے یبگو حاتم کا درجہ بہت ممتاز ہے۔ چونکہ تھوڑی بہت تعلیم کے بعد لوگ فارسی ادب و شاعری کی طرف توجہ دینے لگے، اس لیے لوک گیتوں کا رواج کم ہوتا گیا، بلکہ یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ لوک گیتوں کا زوال یہیں سے شروع ہوا۔[1]

بلتی ادب اور شاعری : بلتستان کے ادب میں سب سے پہلے ہم بلتی شاعری کا ذکر کریں گے۔ کیونکہ شعر و شاعری ایک ایسی صنف ہے جو کہ ہر علاقہ، ہر معاشرہ، ہر طبقہ الغرض ہر مقام پر پیش پیش نظر آتی ہے۔ یہ کہنا کہ بلتی شاعری کی ابتداء کہاں اور کن حالات میں ہوئی، مشکل ہے۔ بلتی شاعری میں جملہ لوازم شعری ملتے ہیں۔ بلتستان کی قدیم شاعری کو ''رگیانگ خلو'' کہتے ہیں۔ یہ صنفِ سخن آج کل کی نظم معرّا کی طرح ردیف اور قافیے کی قید سے آزاد ہے اور یہی آج تک مروج و مقبول ہے۔ ''رگیانگ خلو'' یعنی لوک گیت کے پس منظر میں کوئی نہ کوئی عشقیہ قصہ سادگی سے رنگینی میں بدل گیا، حقیقت پسندی نے تصنع اور تکلف کا لبادہ اوڑھ لیا، مذہبی رجحانات نے نعت، مراثی اور قصائد کو فروغ دیا اور اس طرح بلتی زبان فارسی اور عربی سے بہت متاثر ہوئی۔ مگر اس کے باوجود بلتی لوک گیتوں کی زبان ٹھیٹھ بلتی ہی رہی۔ چنانچہ ان گیتوں کا کوئی لفظ آج تک متروک نہیں ہوا۔

بلتی شعراء میں مرثیہ گو اور قصیدہ گو شعراء نے ہر دور میں نام پیدا کیا ہے۔ قصیدہ گوئی میں شعراء بلتستان کے ممدوح صرف رسول پاکؐ اور ان کی آل مطہر ہی

---

(۱) سید عطا حسین کلیم : 'بلتستان کی شاعری'، ص ۴۰ تا ۴۳۔

Marfat.com

رہی ہیں - مذہب سے شدید وابستگی کی وجہ سے بلتستان کے شعراء نے دوسری اصنافِ سخن کی طرف توجہ نہ کی، کیونکہ وہ مرثیہ گوئی اور حضرت رسول پاکؐ اور اہلِ بیعت کرام کی مدح و منقبت کے سوا دوسری اصنافِ سخن مثلاً غزل گوئی وغیرہ کو معصیت سمجھتے رہے - اس لیے بلتی زبان میں بلند پایہ شاعروں کے ہاں غزلیں نایاب ہیں - راجا حسین علی خکن محب اور راجہ مراد علی خان مراد کے ضخیم مجموعہ کلام میں صرف دو تین غزلیں ملتی ہیں - بلتی شعراء کو ہم تین ادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں -

۱- متقدمین : متقدمین میں راجا حسین علی خان محبؔ ، راجا لطف علی خان عاشق ، راجا امیر حیدر مخلص ، راجا ملک حیدر بیدل ، غازی حیدر خان حیدر ، راجا محمد علی خان ذاکر ، کاچو مراد خان مراد اور کھرمنگ ہیں -

۲- متوسطین : متوسطین میں خپولو کے راجا حاتم خان حاتم ، جوہر علی جوہر ، اخوند سلطان علی ، بیگو اسفند یار خان ، اسفند یار شگر کے بعد سید شاہ عباس اور راجا مراد علی خان مراد ، اخوند محمد علی ، سلطان خان سلطان ، رستم علی ارستم ولی پا، منصور علی شاہ منصور ، راجا محمد علی خان غریق ، کاچو مظفر علی خان مظفر ، اخوند حسین کومرا ، اخوند خدا یار کوارود وغیرہ قابل ذکر ہیں[1] -

بلتی شاعری میں رزمیہ یا ناصحانہ منظر ضرور ہوتا ہے لیکن بلتی شاعری میں ایسی چیزیں بکثرت ملتی ہیں جن میں محبوبہ نے اپنے محبوب کو مخاطب کیا ہے - بلتی شاعری کی ابتداء شینا اور دوسری علاقائی زبانوں کی طرح لوک گیتوں سے ہوئی معلوم ہوتی ہے - یہ بھی ممکن ہے کہ ضرب الامثال اس سے پہلے دور کی پیداوار ہوں مگر جس چیز نے فروغ حاصل کیا وہ لوک گیت تھے جو علاوہ عشق و عاشقی کے ان کے دیگر معاشرتی مشاغل یعنی شکار یا لڑائی سے بھی متعلق ہوتے تھے - بلتی لوگ ، لوک گیت سے پیام رسانی کا کام بھی لیتے ہیں - بلتستان میں بسنے والے اس قسم کی پیام رسانی سے آج بھی واقف ہیں اور نہایت آسانی سے پیغام بھیجنے والے کے مافی الضمیر کو پا سکتے ہیں - اس سلسلے میں اگر شکوۂ بیوفائی مقصود ہو تو سلام کے بعد شینگ کھن کو، منہ پی ، خلو بطور تحفہ بھیجا جاتا ہے ، مثلاً ایک قصہ ایک لوک گیت سے ہی وابستہ ہے وہ یہ کہ بیوفا عاشق اپنی محبوبہ سے اس کی جوانی ڈھلتے ہی آنکھیں پھیر لیتا ہے - قاری کے ذہن میں اس اشارے ہی سے تمام قصہ سامنے آ جاتا ہے -

---

(۱) سید عطا حسین کلیم : 'بلتستان کی شاعری' ، ص ۴۵ -

Marfat.com

اسی طرح ''نیگ سپز ارزو'' بلتستان کا مقبول عام لوک گیت ہے۔ اس لوک گیت کے ساتھ آرزو نامی عاشق صادق کی جانبازی کی داستان وابستہ ہے۔ بلتی زبان کے کئی لوک گیت تاریخی حیثیت حاصل کر چکے ہیں۔ ان میں سے ایک گیت ''درد دل چقپہ'' یا ''شق ڈنگ چقپہ'' ہے۔ جو خپولو کے حکمران پنگور حاتم خان اعظم کی فتوحات کے تذکرے پر مشتمل ہے اور یہ گیت تقریباً سترھویں صدی عیسوی کے واقعات کی تاریخ ہے۔

۳۔ موجودہ دور کے شعراء : ان میں فدا حسین شمیم بلتستانی، کاچو شجاعت علی خان شجاع، خپولو اور راجا محمد علی شاہ صبا شگری قابل ذکر ہیں۔ شجاع کے مدحیہ کلام کو بلتستان میں لوگ بہت پسند کرتے ہیں۔

بلتستان کے مرثیہ گو شعراء میں راجا حسین علی خان محب کا مقام بہت بلند ہے۔ مرثیہ گوئی میں آپ کا مثل و نظیر بلتی شاعری میں آج تک پیدا نہیں ہوا۔ جو درجہ اردو مرثیہ گوئی میں میر انیس کو حاصل ہے وہی مقام بلتی میں حضرت محب کا ہے۔ آپ کے کلام میں اس صنف سخن کی بہت سی خوبیاں پائی جاتی ہیں۔ منظر کشی، انداز بیان، اثر انگیزی، زبان کی سلاست و روانی، اور حفظ مراتب کی سی خوبیاں آپ کے کلام میں جا بجا ملتی ہیں۔ محب علیہ الرحمۃ نے مرثیے کے ایک ایک شعر میں سوز و گداز، عظمت و جلالت، غیرت، خود داری، صبر و تحمل اور حسرت و آہ کی دنیا سمو کر رکھ دی ہے۔ محب کی مرثیہ گوئی میں سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ان کا ہر شعر فطرت کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہے۔ راجا حسین علی خان محب نے بلتی زبان میں مرثیہ گوئی کا حق پوری طرح ادا کر دیا ہے۔ حضرت محب اور مخلص کے مرثیوں کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ ان مرثیوں کو پڑھنے کے لیے انہوں نے ایسے ہر تازہ کلام کے ساتھ ایک مخصوص لے بھی وضع کی ہے۔

محب کی ایک غزل بہت مشہور ہے۔ یہ غزل سہ ماہی ''بلتستان'' میں مع ترجمہ چھپی تھی۔ مدیر ''بلتستان'' نے اس غزل کے متعلق نوٹ میں لکھا ہے کہ ''راجا حسین علی خان محب جنہیں مرثیہ گوئی میں بلتی زبان میں میر انیس کا درجہ حاصل ہے، بلتستان کے آخری تاجدار مقپون احمد شاہ کے چھوٹے بیٹے تھے۔ آپ اپنے والد کے ساتھ آغاز جوانی میں سقوط بلتستان کے بعد ڈوگرہ راجا کے اسیر کی حیثیت سے ۱۸۴۱ء میں کشمیر پہنچے اور مہاراجہ گلاب سنگھ نے انہیں سرینگر سے پچیس، تیس میل دور موضع ترال میں نظر بند رکھا۔ انہوں نے وہیں وفات پائی۔ ان کی اولاد اب تک موضع ترال میں موجود ہے۔ جن میں سے راجا لطف علی خان عاشق اور راجا محمد علی خان ذاکر

Marfat.com

بڑے شاعر تھے ۔ محب کی اس مشہور غزل کے کچھ اشعار معہ ترجمہ بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں ۔

خپد گوئی کہنہ ژ ہر بر ہر کہ برینگ کھورین چی رنگ رنگ
سکور میذ وعنی چھق بونگ بیا سینہ سکنگے کھورے برنگ
سپنگ گنگ لگو نہ تخ سے پہلو نگ تھدین چہ غنبہ گنگ
چھنڈ ول ۔ معفو تینگ ۔ تھوین چہ کھورین بیاسے کھدرنگ پرانگ

ان اشعار میں بہار کے آغاز کا دلکش منظر پیش کیا گیا ہے ، جب کہ بلتستان میں کوہ و وادی ، دشت و صحرا ، رنگ رنگ کے پھولوں سے بھر جاتی ہے ۔ شاعر کہتا ہے ۔

(ترجمہ) : ''آغاز بہار میں کنار جو اور مرغزاروں میں حسینوں کی ٹولیاں دامنوں کو پھولوں سے بھرتی اور گلدستے بناتی نظر آتی ہیں ۔ یا دامن کوہ میں رنگا رنگ پہاڑی پھولوں سے بالوں کو سجاتی ہیں ۔''

مرثیہ گو شعراء میں محب کے بعد راجہ امیر حیدر مخلص کے مراثی بہت مقبول ہیں ۔ مخلص کے مرثیے سادگی ، سوز و گداز اور اثر انگیزی کے لیے مشہور ہیں ۔ مخلص کے مرثیوں کا طرز بھی مخصوص ہے ۔ چھوٹی بحر میں ان کا ایک مرثیہ بلتستان بھر میں بے حد مقبول ہوا ۔

بلتستان کے موجودہ شعراء میں فدا حسین شمیم کے مراثی ، بلتستان میں مقبول ہیں ۔ انہوں نے بلتی شاعری میں نئے تجربات کیے ۔ انہوں نے کلام اقبال کے منظوم تراجم کے لیے بھی بہت شہرت حاصل کی ہے ۔ شگر کے راجا محمد علی شاہ صبا بھی نہایت اچھے اور مقبول شاعر ہیں ۔ آپ نے متعدد غزلیں اور مدحیہ قصائد لکھیں ہیں ۔ آپ پولو کے نہایت اچھے کھلاڑی ہیں اور اس حیثیت سے بھی بلتستان میں آپ کی شہرت ہے ۔ اردو ، فارسی اور بلتی تینوں زبانوں میں شعر کہتے ہیں ۔

اس جواں سال شاعر نے جو اقبال کے کلام کے متعدد منظوم تراجم کیے ہیں ان میں بحر و قوافی میں کوئی تبدیلی نہیں کی ۔ بلتستانی شعرا کی نئی پود میں شمیم کا کلام بہت مقبول ہے اور ان کی غزلیں سارے علاقہ میں بڑے ذوق و شوق سے گائی جاتی ہیں ۔ بلتستانی شاعروں میں نظم کی طرف بھی پہلے شمیم ہی نے توجہ کی ہے ۔ قصائد ، مراثی ، نظم ، مثنوی اور غزل غرض تمام اصناف سخن پر شمیم نے طبع آزمائی کی ہے ۔ حضور سرور کائنات ﷺ ، حضرت علی علیہ السلام اور حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادت پر لکھی ہوئی اس کی مثنویاں تقریباً ایک ہزار اشعار پر مشتمل ہیں ۔ ذیل میں اس کے اردو ، فارسی اور بلتی کلام کے چند نمونے پیش کیے جاتے ہیں —

Marfat.com

اردو　　کہہ رہا ہے داستاں بیدردیٔ ایام کی
　　کوہ کے دامن میں وہ غم خانۂ دہقان پر
فارسی　　الا اے خطۂ کشمیر! ایں خواب گراں تا کے
　　بگلزارت مسلط صر صر و باد خزاں تا کے
بلتی　　گیود یہ لے تس نن د رنگ کشمیر ژون لق کھٹ فقیر
　　مید نا سنا ستروق یود لی زیر بد یا ایران صغیر!

محمد علی خان ذاکر بھی اس خاندان کا مشہور شاعر گذرا ہے۔ ذاکر کے مرثیوں میں شاعرانہ نکتہ سنجیوں کا زیادہ خیال رکھا گیا ہے۔ چنانچہ سوز و گداز اور اثر انگیزی کے لحاظ سے ذاکر کے مراثی محب اور مخلص کے مرثیوں سے ہم سری نہیں کر سکتے۔

سید شاہ عباس کے مدحیہ قصائد بلتستان میں ہر جگہ بڑے شوق سے پڑھے جاتے ہیں۔ آپ کے تمام قصائد رواں بحروں میں ہیں۔ کچھ قصائد ٹھیٹھ بلتی زبان میں بھی ہیں مگر بیشتر قصائد میں فارسی اور عربی زبان کے بہت سے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

شگر کے راجا مراد علی خان مراد کے قصائد بھی بہت مقبول ہیں۔ راجا مراد علی خان مراد نے قصائد اور مراثی میں پہلا شعر با الالتزام فارسی میں لکھا ہے۔ آپ کا کلام خاص و عام میں بہت پسند کیا جاتا ہے۔

دوسری زبانوں کی شاعری کے مطالعے نے بلتی نوجوانوں کے لیے تحقیق اور تقلید کے راستے کھول دیے ہیں۔ اردو، انگریزی اور پنجابی شاعری بلتی شاعری میں شامل ہو چکی ہیں۔ پرانی بلتی شاعری صرف فارسی شاعری سے متاثر تھی یا بلتستان کے شعراء نے اردو زبان کے مرثیہ گو شاعروں کا تتبع کیا تھا، مگر اب مختلف اصناف سخن میں تجربے کیے جا رہے ہیں۔ بلتی نوجوان جموں و کشمیر کی آزاد گورنمنٹ میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ البتہ یہ کمی شدت سے محسوس کی جا رہی ہے کہ تعلیم یافتہ نوجوانوں نے اپنی زبان اور ثقافت کی ترویج اور ترقی کے لیے وہ کام ابھی نہیں کیا جو انہیں کرنا چاہیے تھا۔

Marfat.com

Marfat.com

شنا زبان و ادب

پہلا باب

شنوں کی قوم اور وطن

(الف) **قوم :** علم الاقوام کے ماہرین کی رائے ہے کہ شن(۱) قوم ۱۵۰۰ ق م سے دوسری صدی عیسوی تک مختلف ادوار میں اپنے آبائی وطن ''آریانم وائجو'' (آریہ دیسہ) سے نکل کر گروہوں کی شکل میں گلگت اور کوہستان سندھ میں وارد ہوتی رہی۔ زرتشتیوں اور ہندؤوں کی قدیم ترین متبرک کتب میں ''آریہ'' اور ''آریانم وائجو'' کے الفاظ ملتے ہیں۔ رگ وید میں لفظ ''آریہ'' قوم کے لیے استعمال ہوا ہے اور ''وندیداد''(۲) کے پہلے باب میں آہرمزد زرتشت کے سامنے زمین کی تخلیق کی روداد بیان کرتے وقت ان سولہ ملکوں کے نام لیتا ہے جنہیں اس نے تخلیق کیا تھا۔ ان میں سے پہلے ملک کا نام ''ایریانم وائجو'' ''آرینم سیمن'' بیان کیا ہے۔ جس کے معنی آرین بیج یا آرین قوم کا اصل وطن (آریہ دیسہ یا آریہ ورتہ) ہو سکتا ہے۔ یہ علاقہ اغلباً بلوطاغ اور مفطاغ سلسلہ کوہ کے ڈھلوانوں (وسط ایشیا) میں واقع تھا اور آریہ قوم کے مختلف گروہ یہیں سے نقل مکانی کر کے دوسرے علاقوں کو جاتے رہے۔ میکس مولر بھی اسی نظریے کی تائید کرتا ہے کہ ''ترک وطن کے وقت آریائی اقوام وسط ایشیا کی بلند وادیوں میں مقیم تھیں۔'' مشہور ماہرِ لسانیات گریئرسن(۳) کی رائے ہے کہ فارس کے کچھ باشندے ترک وطن کر کے جانبِ مشرق کوہ ہندوکش کے شمال میں پامیر پر قابض ہو گئے، جہاں سے وہ کوہ ہندوکش کو عبور کر کے ایک یا دو ریلوں میں اس ملک میں چلے آئے جسے آج ''دردستان'' کہا جاتا ہے۔ اس ملک میں ان لوگوں کے آباؤ اجداد پہلے آباد تھے، جو آج کل (ہنزہ اور نگر میں) بروشسکی زبان بولتے ہیں اور غالباً شمال مغربی ہندوستان کے ان باشندوں کی نسل سے ہیں جنہیں انڈو آرین حملہ آوروں کے پہلے ریلے نے یہاں دھکیل دیا تھا۔

شن قوم کے کئی قبیلے ہیں، جن میں مشہور قبائل بوٹے، مچوکے، دڑمے(۴) ملوے منکے وغیرہ ہیں۔ شنوں سے قبل ان اطراف میں یشکن قوم آباد تھی اور صدیوں تک اس

---

(۱) ماخوذ از ستھئن (Scythian)

(۲) مغربی پاکستان کی تاریخ حصہ اول صفحہ ۱۰۸۔

(۳) گریئرسن : لنگوسٹک سروے آف انڈیا، جلد ہشتم حصہ دوم ص ۲، ۳، ۱۰۔

(۴) اس قبیلے کے بارے میں دو روائیتیں ہیں۔ پہلی روایت کے مطابق یہ ایک شن قبیلہ ہے اور دوسری روایت کے پیش نظر یہ ایک پٹھان قبیلہ ہے۔

Marfat.com

ملک پر قابض رہی - لیکن بڑی خونریز جنگوں کے بعد شنوں نے یشکنوں پر فتح پا لی اور مفتوح قوم نے فاتح قوم کی تہذیب اور زبان کو قبول کر لیا - چنانچہ گریئرسن(۱) اس ضمن میں رقمطراز ہے کہ ''اس دشوار گزار ملک میں شمال سے آئے ہوئے حملہ آوروں کی زبان بلاشبہ قدیم باشندوں کی زبان سے اثر پذیر ہوتے ہوئے اپنے منفرد انداز میں ایرانی اور ہندوستانی کے مابین الگ نشو و نما پاتی رہی''-

(ب) **وطن :** اس وقت شنا بولنے والوں کا وطن گلگت، کوہستان سندھ (یاغستان) ، وادئ گریز ، علاقہ دراس اور بلتستان کے کچھ دیہات بشمول علاقہ گلتری ، ریاستہائے ہنزہ و نگر کے چند دیہات اور سرحدی اضلاع پونیال ، گوپس اور اشقومن، علاقہ جات گلگت خاص ، چلاس اور استور پر مشتمل ہے - کوہستانِ سندھ یاغستان میں داریل، تانگیر، جلکوٹ اور پالس کے علاقوں میں بھی شنا بولنے والے آباد ہیں - ان تمام علاقوں میں شن اور یشکن دونوں قومیں رہتی ہیں - لیکن ''شناکی(۲) '' خاص وہ علاقہ ہے جو پالس سے لے کر غور تک دریائے سندھ کے کنارے پر واقع ہے - پرانے زمانے میں شن قوم کے وطن کو ''شنالوک'' بھی کہا جاتا تھا -

فرانسیسی محقق ڈاکٹر لیبان نے اپنی تصنیف ''تمدنِ ہند'' میں لکھا ہے کہ ''نسل میں یہ آریہ معلوم ہوتے ہیں - ان کے قد بلند ، رنگ صاف اور چہرے بیضوی ہیں - یہاں باشندوں کے چار طبقات ہیں - ان میں پہلا درجہ ''اطاشن'' کا ہے جس کا ذکر مہابھارت اور منوشاستر میں پایا جاتا ہے - دوسرا درجہ قوم ''یشکن'' ، تیسرا درجہ ''کرمین''(مزدور) اور چوتھا درجہ ''ڈوم'' کا ہے -

(ج) **مورخین کے حوالے :** اگرچہ دور افتادگی کی وجہ سے گلگت کی تاریخ کے کچھ حصے پر ماضی کے دھندلکے پڑے ہوئے ہیں ، پھر بھی چند معزز مؤرخوں نے دنیا کے اس عجیب و غریب ملک کی نسبت اپنی کتابوں میں حوالے دیے ہیں -

قدیم یونانی مورخ ہیروڈٹس (۳) (۴۸۵ - ۴۲۵ ق م) اور بطلیموس(۴) نے گلگت کو دریائے سندھ کے مغرب کی طرف بیان کیا ہے اور ''شناکی'' کے باشندوں کو ڈیڈیکاء(۵) کہہ کر پکارا ہے -

---

(۱) علیٰ ھٰذا القیاس اس قبیلے کا بھی یہی حال ہے - ان دونوں قبیلوں کو انگائی دڑمے اور انگائی منکے کہا جاتا ہے - یعنی آسمانی قبیلہ دڑم خیل اور آسمانی قبیلہ منک خیل - دراصل یہ قبیلہ عبرانی میں ''درمی'' کہلاتا تھا جو بگڑ کر مرور ایام کے بعد شنا میں ''دڑمے'' بن گیا -

(۲) شن ، شنا کی کو غالباً یونانیوں نے Scythian and Scythia کہا ہے -

(۳) Herodotus

(۴) Ptolemy

(۵) Dedicae

۱۷۷۹۹

چینی سیاح زوار فاہیان اور ہیون ژوانگ نے اپنے سفرناموں ''فوکوکی'' اور ''سوکوکی'' میں گلگت ''یژینی'' (سنسکرت یوگنی پتھو) مہاتما گوتم بدھ کی ایک معروف مورتی کا ذکر کیا ہے جو گلگت کرگاہ(۱) نالے میں واقع ہے۔ علاقہ داریل کا ذکر ''تھولیلو'' کے لفظ سے کیا ہے۔ ان کے علاوہ انہوں نے راستوں کی دشوار گزاری کا ذکر بھی کیا ہے۔ ابوریحان البیرونی نے اپنی کتاب الہند میں استور کو اسورا اور چلاس کو شلتاس درج کیا ہے۔

محل وقوع : یہ ملک غربی ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکش پہاڑوں کے درمیان شاداب اور سرسبز وادیوں پر مشتمل ہے اور ۳۵ تا ۳۸ عرض البلد اور ۷۰ تا ۷۶ طول البلد پر واقع ہے۔ مشہور دریائے سندھ شمال سے جنوب کی طرف نانگا پربت سے گھومتا ہوا بہتا ہے۔ اس دریا کو شنا میں اباسین (دریاؤں کا باپ) کہتے ہیں اور پونجی کے مقام سے قریب دو معاون دریا (دریائے استور اور دریائے گلگت) اس میں مل جاتے ہیں۔ دریائے گلگت کو (دریائے ہنزہ کے ملنے سے پہلے) شنا میں ''ہنساوی'' کہا جاتا ہے۔

اس ملک کی سرحدیں شمال مغرب میں افغانستان کے اضلاع واخان (بدخشاں) سے ملتی ہیں اور عین شمال کی طرف چینی ترکستان کا صوبہ سنکیانگ(۲) ہے۔ چترال اور دیگر قبائلی علاقے مغرب کی طرف واقع ہیں۔ بلتستان اور لداخ (ریاست کشمیر) جانبِ مشرق ہیں۔

معاشرہ

مذہبی اعتقادات : بعض قرائن و آثار سے پتہ چلتا ہے کہ قدیم زمانے میں یہاں کے باشندوں کا (زرتشتی مذہب سے پہلے) مافوق الفطرت مخلوق پر اعتقاد تھا اور وہ ان سے نفع و نقصان کی قدرت منسوب کرتے تھے۔ وہ دنیا کو ''سرپ لوک'' اور عقبیٰ کو ''دیولوک'' کہتے تھے۔ پھر بلخ کے قرب کی وجہ سے زرتشتی مذہب کا یہاں دخل ہوا۔ ۱۰۰(۳) قبل مسیح میں بدھ مت اس ملک میں پھیل گیا۔ اشاعتِ اسلام سے پہلے یہاں مختلف علاقائی دیوتاؤں کی پرستش کی جاتی تھی۔ مثلاً غور کے باشندے اشاعتِ اسلام سے پہلے تیبان دیوتا کو پوجتے تھے، جس کے گھوڑے کے نقوشِ پا ایک چٹان پر کندہ تھے اور اسپ تیبان کے نام سے مشہور تھے۔ چلاس کے قدیم باشندے ناران دیوتا کی پوجا کرتے تھے اور سمال (گویس) کے لوگ شیستم دیوتا کو مانتے تھے۔ بارھویں صدی عیسوی(۴) کے اوائل میں اس ملک میں اسلام کا ورود ہوا۔

---

(۱) اصلی لفظ ترکی میں خرگاہ ہے جو بگڑ کر کرگاہ ہو گیا ہے۔
(۲) ترک اسے سنجانگ بولتے ہیں۔
(۳) ملاحظہ ہو ''TRIBES OF HINDU KUSH'' مصنفہ میجر بڈلف۔ مطبوعہ کلکتہ ۱۸۸۰
(۴) ڈاکٹر جی۔ ایم۔ ڈی صوفی پی۔ ایچ۔ ڈی کی تصنیف ''کشمیر'' صفحہ ۷۷۔

مسٹین(۱) کی رائے کے مطابق بارھویں صدی عیسوی میں جب درد قبائل نے بدھ مت چھوڑ کر مذہبِ اسلام قبول کیا تو معاشرتی لحاظ سے یہاں بہت ترقی ہوئی ۔ دراصل کشمیر میں رینچن شاہ(۲) کے مشرف بہ اسلام ہونے سے دو سو سال پہلے فطرت پرستی کی بجائے لوگوں نے خدا پرستی اختیار کر لی تھی ۔ سابق تہواروں کی جگہ عیدین ، میلاد اور محرم نے لے لی اور حکومت کی زبان فارسی ہوگئی ، جو ڈوگروں کے عہد تک رہی ۔ بعض لوگ ایرانی تہوار نو روز کو بھی منانے لگے ۔

روایت ہے کہ گلگت میں اسلام آذر جمشید کی فتح گلگت اور شری بدت گلگت کے آخری شاہ رئیس رع کی شکست کے بعد (غالباً ۱۱۲۰ع) میں پھیلنا شروع ہوا اور پھر چھ سید حضرات سید بریاولی(۳) ، سید سلطان علی ، سید شاہ ولی ، سید افضل ، سید اخوند اور سید ابراہیم کی تبلیغی کوششوں سے زیادہ سے زیادہ لوگ اسلام کے دائرے میں شامل ہوتے چلے گئے ۔ ان بزرگانِ دین کے مزار مختلف مقامات پر واقع ہیں اور آج بھی مرجع خلائق ہیں ۔

تراخان رع کے عہد میں تاج مغل ، بادشاہ بدخشاں (جسے اسماعیلی مذہب کی اشاعت کا شوق تھا) نے چترال کی طرف سے ۱۳۲۰ع میں گلگت پر حملہ کیا ۔ گلگت کے حکمران نے اسماعیلی مذہب اختیار کر کے تخت و تاج واپس حاصل کر لیا ۔ لوگوں نے بھی تاج مغل کا مذہب اختیار کیا ۔ چنانچہ اسی مناسبت سے گلگت ایجنسی میں اسماعیلیوں کو مغلائی یا مولائی کہا جاتا تھا ۔ گلگت خاص میں وہ اپنی فتح کی یادگار دامنِ کوہ پر چھوڑ گیا ہے ۔ اسے ''مغلی چیت''(۴) کہا جاتا ہے ۔

تاج مغل کے بعد بلتستان کے علی شیر خان انچن (۱۵۵۹ع تا ۱۶۳۳ع) ، شیر شاہ ، علی شاہ اور شاہ مراد (۱۷۴۱ع - ۱۷۶۰ع) نے گلگت پر تسلط جما لیا ۔ بلتستان کے یہ سب حکمران مذہباً شیعہ فرقہ سے تعلق رکھتے تھے ۔ مرزا خان رع (۱۵۶۵ع - ۱۶۰۰ع) نے بھی شیعہ مذہب اختیار کر لیا ۔

روایات و رسوم : اس معاشرے میں ایک پرانی روایت ہے کہ نیک ارواح مرنے کے بعد نانگا پربت یعنی دیامر کی چوٹی پر چلی جاتی ہیں اور وہاں ایک شیش محل(۵) ہے جس میں پریاں رہتی ہیں ۔ دیامر کی پریوں کی نسبت شنوں میں عجیب روایات رائج تھیں ۔ ایک روایت یہ بھی تھی کہ وہ کبھی کبھی انسان کو اٹھا کر اپنے پرستان میں لے جاتی ہیں ۔

---

(۱) ڈاکٹر جی ۔ ایم ۔ ڈی صوفی پی ۔ ایچ ۔ ڈی کی تصنیف ''کشمیر'' صفحہ ۷۷ ۔
(۲) رینچن شاہ نے ۱۳۲۰ع میں کشمیر میں اسلام قبول کیا تھا ۔
(۳) سید بریا ولی کا مزار چترال میں ہے ۔
(۴) مغلی برج ۔
(۵) شل ٹیس کوٹ ۔

Marfat.com

رسم چھلی گن : زمانہ قدیم سے ''چھلی'' (پدم) اور بھوج پتر (درختوں کے چھلکے) کی دھونی جراثیم کشی کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔ دلہا ، دلہن کو شادی کے موقع پر اور کھیتوں میں تخمریزی کے موقعہ پر کسان بیجوں وغیرہ کو دھونی دیتے ہیں اور اگر کوئی معزز مہمان گاؤں میں داخل ہو جائے تو اس کو بھی ''چھلی'' کی دھونی دی جاتی ہے ۔ لیکن اس سے بعض مغربی مؤرخین کو مغالطہ ہوا کہ یہ درخت پرستی ہے ۔"

(الف) **شئی پھیال :** بوقت تخمریزی و دیگر اہم تقریبات یہ رسم ادا کی جاتی ہے ۔ باریک چپاتیوں کے اوپر مکھن لگا کر براتیوں ، مہمانوں اور بزرگوں کو پیش کیا جاتا ہے اور اسے نیک شگون سمجھا جاتا ہے ۔

دوسری رسم ''ماری'' ہے ۔ کوئی آدمی جب اپنے قبیلے کے دور افتادہ لوگوں کے یہاں جائے یا کسی رشتہ دار عورت کے گھر مہمان ٹھہرے ، تو ملکی رسم کے مطابق میزبان عام طور پر بکرا ذبح کر کے خاطر تواضع کرتا تھا ۔

(ب) **رسم نوس** (چوب چراغ) : ہر سال دسمبر کے مہینے میں منائی جاتی ہے ۔ یہ رسم زرتشتی دور کی ایرانی رسم ''چہار شنبہ سوری'' سے ملتی جلتی ہے اور ہر سال موسم خزاں کے خاتمے پر ستمبر کے مہینے میں اس طرح منائی جاتی تھی کہ رات کے وقت ہر گاؤں کے لوگ اپنے گاؤں کی حدود پر چٹور کھن کی طرف رخ کر کے جلتے ہوئے چراغ پھینک جایا کرتے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ اس طرح وہ گلگت کے ظالم بادشاہ شری بدت کی روح کو دوبارہ گلگت آنے سے روک دیں گے ۔ شری بدت کی نسبت یہ مشہور تھا کہ اس کی روح چٹور کھن کے گلیشئر میں رہتی ہے اور وہ آگ سے ڈرتی ہے ۔ گلگت کے اس ظالم بادشاہ کے متعلق روایت ہے کہ وہ انسانی بچوں کے گوشت پر پلتا تھا اور آگ کو دیکھ کر اس کی روح پگھلتی تھی ۔ کیونکہ اس کی زندگی کا راز برف میں مضمر تھا ۔

قدیم شنوں کے یہاں بارہ مہینوں کے علیحدہ نام موجود تھے ۔ سال کو سردی اور گرمی کی رو سے دو ادوار ''بئی'' اور ''شنی'' میں تقسیم کیا گیا تھا ۔ اسی طرح سال کے چار موسم بازنو (بہار) اوالو (موسم گرما) شرو (خزاں) اور یونو (موسم سرما) ہیں ۔

رقص و سرود : شنوں کی تہذیب میں گانے بجانے کا رواج تھا اور رقص و سرود کی محفلیں قائم کی جاتیں ۔ توتک ، ڈھول اور دف وغیرہ کا استعمال عام تھا ۔ اسلامی دور میں رباب اور ستار وغیرہ کا رواج بھی ہوا ۔

موسیقی اور رقص : موسیقی میں تیز سر والے گانے کو ''دنی ہرپ'' اور سست سُر والے گانے کو ''بوٹی ہرپ'' کہا جاتا تھا ۔

Marfat.com

اقسام رقص : رقصوں میں ''تھپ نٹ'' (بورو) ''دریلی نٹ'' (تلوار ناچ) اور ''ہتن''(۱) مشہور تھے -

تہوار : قدیم شنوں کے متبرک تہوار ''شنو ناو'' اور ''شنو بزنو'' تھے - شنو ناو بارہ روز تک جاری رہتا تھا - دعوتیں عام دی جاتی تھیں ، جن میں عورتوں کا ناچ ہوتا تھا - اس موقعے پر بورو ناچ ناچا جاتا ، جس میں مرد و زن مشترکہ طور پر ناچتے تھے - عورتیں درمیان میں دائرہ بناتی تھیں اور مرد اس دائرے کے گرد ناچتے تھے - ''شنو بزنو'' نو روز کے مترادف تھا - آمد بہار پر خوشی منائی جاتی تھی - یعنی یہ شنوں کا یوم بہار تھا -

قومی کھیلیں : پولو(۲) در اصل گلگت کا صدیوں سے قومی کھیل چلا آ رہا ہے اور ہر بڑے گاؤں میں پولو میدان ہوتا ہے - جسے ''شوارن'' کہا جاتا ہے - دوسرا کھیل ''بژرا'' ہے - اس میں ایک ٹانگ اٹھا کر دوسرے کو ہاتھ سے دھکیلا جاتا ہے -

شادی بیاہ اور موت کی رسومات : شنوں کی شاعری سے پتہ چلتا ہے کہ ان میں جنسی جذبات سے بالاتر ہونے کی اہلیت بھی تھی جسے وہ پاک عاشقی (۳) کہتے تھے ، اور پاک عشق کے بعد شادی تک نوبت پہنچے تو انھیں کوئی اعتراض نہیں ہوتا تھا - شن مرد یشکن عورت (یشکنوئے) کے ساتھ شادی کر سکتا تھا لیکن یشکن مرد کے لیے شن عورت (شنوئے) کے ساتھ شادی ممنوع تھی - شنوں میں رسمِ دختر فروشی رائج تھی جسے ''راپ'' کہا جاتا تھا - یہ مذموم رسم حال ہی میں ترک کی گئی ہے -

مختلف مقامات پر مرگھٹوں کے آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ قبولِ اسلام سے پہلے شن لوگ اپنے مُردوں کو جلاتے تھے -

سیاسی پس منظر : شنوں کا قدیم ترین حکمران خاندان ، جیسا کہ تاریخ سے پتہ چلتا ہے ''شاہ رئیس'' تھا - اس خاندان نے چترال سے لے کر کشمیر تک صدہا سال تک حکومت کی - کہا جاتا ہے کہ گلگت کا ظالم بادشاہ شری بدت اس خاندان کا آخری بادشاہ تھا - آذر جمشید نے ۱۱۲۰ء میں گلگتیوں سے خفیہ ساز باز کر کے اسے شکست دی -

شنوں میں دوسرے مشہور خاندان تراخان نے بھی گلگت پر بہت مدت حکومت کی - اس خاندان کے دو افراد بڑے نامور گزرے ہیں - یعنی مرزا خان رع اور اس کی اقبال مند بیٹی

---

(۱) Kite dance

(۲) پولو در اصل تبتی زبان کا ایک لفظ ہے جس کے معنی ہیں گیند -

(۳) ملاحظہ ہو ''دی لینگویجز اینڈ ریسز آف دردستان'' مطبوعہ لاہور ، گورنمنٹ سنٹرل بک ڈپو ، ۱۸۷۷ء مصنفہ ڈاکٹر لیٹنر -

Marfat.com

مرزا جواری ، جو گلگت کی تاریخ میں دوسری عورت ہے جس نے اپنے کمسن بیٹے حبیب خاں کے نام سے گلگت پر حکومت کی ہے ۔ اس کے دورِ حکومت میں گلگت بہت خوشحال ہو گیا تھا ۔ گلگت قصبے کو سیراب کرنے والی نہر جواری ہی نے داریلیوں سے بنوائی تھی ۔ اسے لوگ احتراماً ''دادی جواری'' کے نام سے یاد کرتے ہیں ۔ اس خاندان کا آخری حکمران حبیب خان تھا جسے سلیمان شاہ خوشوقیہ نے ۱۸۲۵ء میں قتل کیا ۔ یہ وہی سلیمان شاہ چترالی مہتر ہے جس نے سید احمد بریلوی سے سکھوں کے خلاف خط و کتابت شروع کی تھی ۔

''شنا بردیسی'' (شنوں کا عہد زریں) انہی دو حکمران خاندانوں کے عہد حکومت کو کہا جاتا ہے ۔ اس دور میں شنون نے شمالی علاقوں میں چترال سے لے کر لداخ تک فتوحات پائی تھیں اور شنا زبان و ادب اور تہذیب کو بہت فروغ نصیب ہوا ۔ چنانچہ یہ عہد فارغ البالی اور خوشحالی کے لیے ضرب المثل کے طور پر ''سو ملکین رجی'' (سو ملک کا عہد حکومت) مشہور ہے ۔

۱۸۴۱ء میں خوشوقیہ خاندان کا مشہور بادشاہ غازی مہتر گوہر امان گلگت پر قابض ہو گیا ۔ اس کے چچا سلیمان شاہ نے شاہ اسماعیل شہید اور سید احمد بریلوی کے ساتھ بذریعہ خط و کتابت نہ صرف مراسم ہی پیدا کیے ، بلکہ کشمیر میں سکھوں پر حملہ کرنے کے لیے وہ بونجی تک اپنی افواج لے کر پہنچا تھا کہ اسے بالاکوٹ میں سکھوں کے ہاتھوں سید احمد کی شہادت کی خبر ملی اور اس نے مجبوراً اپنے لشکر کا رخ موڑ لیا ۔

۱۸۴۲ء میں سکھوں نے گلگت کو فتح کر لیا اور اسی عہد میں ''سرگن گلیت'' (سرسبز و شاداب وادی گلگت) کو بگاڑ کر سکھ غاصبوں نے ''گلگت'' میں تبدیل کر دیا ۔ اگرچہ شنا میں بدستور گلیت ہی مستعمل ہے ۔ لداخی اور بلتی بھی اس ملک کو آج تک گلیت ہی کہتے ہیں ۔

عہد نامہ امرتسر : ۱۸۴۶ء میں لارڈ ہارڈنگ اور مہاراجہ گلاب سنگھ کے مابین طے ہوا تھا کہ مہاراجہ گلاب سنگھ پچہتر یا اسّی لاکھ روپے نانک شاہی برطانوی حکومت کو ادا کرے گا ۔ جس کے عوض وہ تمام پہاڑی علاقہ اور کشمیر اس کے حوالہ کیا جائے گا جو دریائے سندھ کے مشرق میں اور دریائے راوی کے مغرب کی طرف واقع ہے ۔ گلگت ، ہنزہ ، نگر ، پونیال ، اشقومین اور گوپس جو دریائے سندھ کی مغرب کی طرف ہیں اس معاہدہ میں شامل نہیں تھے ۔ اس لیے دریائے سندھ کے اس پار ڈوگروں نے جتنے حملے کیے وہ جارحانہ تھے ۔ یہی وجہ تھی کہ غازی گوہر امان تا دمِ مرگ ڈوگروں کے خلاف لڑتا رہا ۔

۱۸۵۲ء تا ۱۸۶۰ء کے عرصے میں غازی گوہر امان نے ڈوگروں کو گلگت سے نکال کر دریائے سندھ کے پار کشمیر کی طرف دھکیل دیا ۔ گوہر امان نے گلگتیوں کی متحدہ قومیت

Marfat.com

کو منظم کر کے ڈوگروں کو پیہم شکستیں دیں ۔ اس کی زندگی میں ڈوگروں نے گلگت کی طرف بڑھنے کی پھر جرأت نہ کی ۔ لیکن جب ۱۸۶۰ء میں گوہر امان کا انتقال ہو گیا تو ڈوگرہ افواج نے گلگت کو فتح کر لیا اور گلگتیوں کی متحدہ قومیّت کا شیرازہ بکھر گیا ۔

۱۸۶۰ء سے ۱۸۶۶ء تک ڈوگروں نے گلگت ، یاسین اور داریل پر پیہم جارحانہ حملے کیے ۔ ۱۸۶۲ء میں مڈوری کوٹ کے مقام پر ڈوگرہ افواج نے یاسین کے معصوم بچوں اور بے گناہ عورتوں پر انسانیت سوز مظالم ڈھائے ۔ ۱۸۹۱ء میں کرنل ڈیورینڈ برٹش ایجنٹ نے افواجِ ریاست جموں و کشمیر کی مدد سے ہنزہ و نگر کو چند دنوں کی لڑائی کے بعد فتح کر لیا ۔ چنانچہ صفدر علی خاں آخری خود مختار تاجدارِ ہنزہ نے چینی ترکستان کی طرف راہِ فرار اختیار کی ۔ اس کے بعد ریاستہائے ہنزہ و نگر کے لوگ (۱۹۴۷ء تک) برطانوی حکومت کی عملداری میں رہے ۔ تاہم بظاہر ۱۶ اور ۲۱ تولہ طلاٗ بطور سالانہ نذرانہ مہاراجہ کشمیر کو ادا کرتے تھے ۔

۱۹۳۵ء میں روسی خطرہ کے پیش نظر حکومتِ برطانیہ نے مہاراجہ سے ایک معاہدے کی رو سے ماسوا استور سب ڈویژن ، پوری سرحد گلگت کو ساٹھ سال کے طویل عرصے کے لیے اپنے انصرام میں لے لیا ۔

۱۹۴۷ء کو یہ سرحدی صوبہ دوبارہ مہاراجہ کو واپس مل گیا ۔ لیکن یکم اگست کو معاہدہ خود بخود ختم ہو گیا ۔ مہاراجہ نے وہاں پر بر گیڈیئر گھنسارا سنگھ کو گورنر مقرر کر دیا ۔ گلگت کے عوام نے یکم نومبر ۹۴۷ ء کو غلامی کے خلاف کامیاب جدوجہد کر کے اس گورنر کو گرفتار کر لیا اور ڈوگرہ افواج کو شکستِ فاش دے کر ملک کو آزاد کرا لیا اور حکومتِ پاکستان سے مدد اور انتظام ملک سنبھالنے کی درخواست کر دی ، جسے منظور کر کے مرکزی حکومتِ پاکستان نے وہاں ایک پولیٹیکل ایجنٹ بھیج دیا جس نے ۱۵ دسمبر ۱۹۴۷ء کو انصرامِ ملک سنبھال لیا ۔ تب سے شمالی علاقوں کا انتظام مرکزی حکومتِ پاکستان کے ہاتھوں میں ہے ۔

Marfat.com

دوسرا باب

شنا زبان کا لسانی جائزہ

شنا زبان کشمیری کی طرح آریائی زبانوں کے داردی (۱) خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔ دراصل یہ اس قوم کی زبان تھی جسے شن کہا جاتا ہے۔ لیکن یہ زبان صدیوں کے میل جول سے شنوں (ستھینوں) اور یشکنوں (یوچیوں) کی مشترکہ زبان بن گئی، اور اب اس میں دوسری قوموں کے ساتھ معاشرتی تعلقات رکھنے کی وجہ سے ان گنت غیر ملکی الفاظ داخل ہو چکے ہیں۔ یہ زبان تقریباً تمام گلگت ایجنسی میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ اس لیے اسے وہاں کی لنگوا فرانکاء یعنی بین الاقوامی زبان (۲) سمجھنا چاہیے۔

سنسکرت، شنا، کشمیری اور دیگر داردی زبانوں سے مرکب ہے۔ جیسا کہ ذیل میں مندرج شنا اور سنسکرت کے مشترک الفاظ سے ثابت ہوتا ہے۔

شنا	سنسکرت	اردو	شنا	سنسکرت	اردو
گھوم	گھوم	گندم	شرو	شرو	خزاں
یو	یو	جو	سرپ	سرپ	سانپ
اشٹ	اشٹ	آٹھ	چئی	چئی	عورت
استھاں	استھاں	استھاں	میور	میور	مور
نرمل	نرمل	خالص	آزوقہ	آزوقہ	کلچہ کی قسم کی تلی ہوئی خمیری روٹی۔
اواجو	اواجو	ہاں، جناب			
مکھ	مکھ	منہہ			
ڈوم	ڈوم	ڈوم	جیبھ	جیبھ	زبان
اڑی	اکشی	آنکھ	ایک	ایک	ایک
شنگ	شنگ	سینگ	جار	جار	عاشق
مہیش	مہیش	بھینس	تارو	تارو	ستارہ
سوری	سوری	سورج	گرام	گرام	گاؤں

اس قسم کے سینکڑوں الفاظ جو شنا اور سنسکرت میں مشترک ہیں شنا کی روزمرہ میں شامل ہیں۔ ان کا اندراج یہاں ممکن نہیں۔

---

(۱) کشمیری شنا کی بیٹی ہے۔
(۲) اسے پساچہ بھی کہا گیا ہے۔

دراصل شنا سرحدِ چترال سے لے کر کشمیر تک ایک وسیع رقبے میں بولی جاتی ہے اور یہ ان قدیم باشندوں کی زبان ہے جو شمال سے آ کر اس ملک میں آباد ہوئے تھے ۔ برعکس اس کے سنسکرت کسی خاص ملک کے باشندوں کی زبان نہیں تھی ۔ یہ اس ویدک زبان سے نکلی ہے جس میں آریاؤں کے قدیم مذہبی خیالات کا اظہار ہوا ۔ برہمنوں نے ہندوستان میں علمی اغراض و مذہبی مقاصد کے لیے اسے استعمال کیا اور رفتہ رفتہ یہ اتنی صاف ہوگئی کہ اعلیٰ درجہ کی ادبی زبان بن گئی ۔ ہوسکتا ہے کہ یہ شنا اور دیگر داردی خاندان کی آریائی زبانوں سے مرکب ہو ۔ سنسکرت کے معنی ہی مصفا ہیں ۔

بروشسکی کے اثرات شنا پر : شنا زبان میں بروشسکی کا عنصر بھی پایا جاتا ہے ۔ مندرجہ ذیل مشترک الفاظ سے اس امر کی وضاحت ہوتی ہے :—

شنا	بروشسکی	اردو	شنا	بروشسکی	اردو
آشاتو	آشاتو	کمزور	بلہ	بلہ	پولو
سمجھ	سمجھ	فکر	شوگری	شوگری	ناشپاتی
جوئی	جوئی	خوبانی	توتک	توتک	بانسری
برنگ	برنگ	پرندہ	ٹوٹنگ	ٹوٹنگ	اندھیرا ، تاریک
در	در	حد	ہروی	ہری	زمین
موتو	موتو	مغز	ربوں	ربوں	مالک
گورو	گورو	بھورا	گلیس	گلیس	بیمار

اسی طرح بلتی زبان کے الفاظ بھی کثیر تعداد میں شنا میں داخل ہوتے رہے ہیں ۔ چند مشترک الفاظ درجِ ذیل ہیں ۔

شنا	بلتی	اردو	شنا	بلتی	اردو
غون	غون	خربوزہ	چپتی	چپتی	چپاتی
شملک	شملک	میتھی	اسچو	اسچو	راجکماری
شغزن ، شوارن	شغزن	پولو میدان	جو	جو	جناب
تھرے مرے	تھرے مرے	بہ مشکل	ترنگفا	ترنگفا	نمبردار
مولو	مولو	شلغم	زی زی	زی زی	والدہ ، ماں (احتراماً)
تھلچری	تھلچری	خاکستر			

شنا ، عربی ، فارسی

عربی اور شنا میں کوئی لسانیاتی ربط نہیں ہے ۔ شنا آریائی زبان ہے اور عربی سامی ، پھر بھی حیرت کا مقام ہے کہ چند ایک عربی الفاظ اشاعتِ اسلام سے ماقبل عہد میں شنا زبان میں

Marfat.com

شامل ہو چکے تھے ۔ مثلاً الفاظ رع اور الا ۔ قدیم مصری زبان میں بادشاہ کو ''رع'' کہا جاتا تھا اور زمین پر سورج دیوتا کا نمائندہ سمجھ کر اس کی اطاعت کی جاتی تھی ۔ شنا میں بھی راجے کو رع کہا جاتا ہے اور اس سے مخاطب ہوتے وقت پرانے زمانے میں ''سوری'' (سورج) کہہ کر لوگ ہمکلام ہوتے تھے ۔ لفظ الا بھی اپنے اصلی معنوں میں شنا میں بولا جاتا ہے ۔ مثلاً الا بال! (اے لڑکے) ۔ یہ لفظ فارسی میں بھی اسی طرح مستعمل ہے ۔ مثلاً :—

الا اے شمس تبریزی چرا مستی دریں عالم
بجز مستی و مدہوشی دگر چیزے نمی بینم

بارھویں صدی میں ورود اسلام : ساتویں صدی (۶۷۰ع) میں بدخشاں تک اسلام پہنچ چکا تھا ۔ ۱۱۲۰ع میں گلگت میں اسلام کا ورود ہوا تو اس کے اثرات زندگی کے ہر شعبے میں ظاہر ہونے لگے ۔ بودھی اور سنسکرت رسم الخط کی بجائے فارسی رسم الخط(۱) کا رواج ہوا ۔ عربی اور فارسی الفاظ شنا زبان میں داخل ہوئے ۔ مثلاً اللہ ، رسولؐ ، خدا ، حور فرشتہ ، جنت ، کافر، دوزخ ، قرآن ، مسافر، افطار ، روزہ ، وضو ، قبلہ ، زیارت ، گلاب ، شراب ، قلم ، کاغذ ، فجر ، نوروز ، عید ، تکبیر ، باغ ، نگار ، سنسار اور رباب وغیرہ ۔

اشاعتِ اسلام کے بعد اصنافِ سخن میں تبدیلی ہوئی ۔ بلکہ کہا جاتا ہے کہ باضابطہ شاعری مسلمانوں کے دور سے شروع ہوئی ۔ حمدِ الٰہی ، نعتِ رسولؐ ، رزمیہ ، غزل ، مرثیہ اور نظم ، تمام اصنافِ سخن کا آغاز اسلامی دور سے ہوا ۔

۱۸۶۶ء سے انگریزی زبان و ادب کے اثرات شنا پر پڑنے لگے ۔ بہت سے انگریزی الفاظ ، مثلاً :— بوٹ ، کوٹ ، سگار ، سوٹ وغیرہ داخلِ زبان ہوئے ۔ اسی طرح باہر کی دنیا کا شنا معاشرہ پر اثر بھی ہونے لگا ۔

انگریز محققین اور مؤرخین نے تصانیف کے ذریعے سے شنا زبان ، شن قوم اور وطن کو بیرونی دنیا سے روشناس کیا ۔ سب سے پہلی کتاب جو انیسویں صدی میں شنا زبان و ادب کے متعلق لکھی گئی وہ ڈاکٹر لائٹنر(۲) کی مشہور تصنیف ''ریسز اینڈ لینگوئجز آف دردستان'' تھی ۔ لائٹنر نے ۱۸۶۶ء میں شنا ، شن اور شناکی کے بجائے دردی ، درد اور دردستان کے عجیب و غریب الفاظ وضع کیے ۔ وہ اس تمام سرحدی علاقے کے لیے جو ایک طرف کاغان

---

(۱) دیگر زبانوں کی طرح شنا میں ایسی آوازیں ہیں جنہیں صحیح طور پر ادا کرنے کے لیے مخصوص حرف کی ضرورت ہے ۔ مثلاً خود لفظ شنا کو لیجیے ش اور ژ کے درمیانی تلفظ سے ادا ہوتا ہے اسی طرح ''مروژ'' بمعنی طلاکش ، زاکن (گدھا) اور ''ثا'' (تالیاں) باقی اصوات اردو رسم الخط کے حروف میں بخوبی ادا ہوتی ہیں ۔

(۲) ڈاکٹر لائٹنر (Dr. Leitner)
دردستان کی اقوام اور اس کی زبانیں (Races and Languages of Dardistan)

Marfat.com

سے شروع ہو کر چترال کی آخری سرحد تک پہنچتا ہے اور دوسری طرف امب سے لے کر ہنزہ کی آخری حد پر ختم ہوتا ہے ، لفظ دردستان استعمال کرتا ہے اور اس کی وجہ یہ بتاتا ہے کہ سکندر اعظم کے حملے کے بعد سے اس وقت تک اس تمام ملک کے کلچر ، تمدن اور مذہب میں یگانگت پائی جاتی ہے ۔ لیکن یہ بات خلافِ حقائق ہے اور ڈیورینڈ نے بھی اپنی تصنیف ''دی میکنگ آف اے فرانٹیئر'' میں اس کی تردید کی ہے ۔

شنا ادب قبل از اسلام دور میں : ۱۹۳۸ء میں نوپورہ گلگت کی کھدائی سے برآمدہ قلمی دستاویزات سے پتہ چلتا ہے کہ ۸۷۸ع میں گلگت کے بدھ بادشاہ نندا دیوا کے حکم سے اس کے مہادیورا کے بیٹے قنندا نے بدھوں کی ضخیم مذہبی کتاب سنگھاتسترا کو نقل کیا ۔ یہ سب سے پہلی دستیاب شدہ قلمی دستاویز تھی ، جو اس وقت بھارتی مقبوضہ کشمیر کی حکومت کے قبضے میں ہے ۔ اس کا رسم الخط بودھی سنسکرت ہے ۔ البتہ زبان کے بارے میں کوئی قطعی علم نہیں ۔

اگرچہ اس علاقے کے قدیم تاریخی ادوار کے حالات تاریکی میں ہیں ، لیکن کہیں کہیں کتبوں پر کندہ عبارتوں سے کچھ روشنی پڑتی ہے ۔ جیسا کہ حاتوں (پونیال) کی چٹان پر کندہ چینی عبارت سے یہاں کے قدیم زمانے کے حالات معلوم ہوتے ہیں ۔

قبل از اسلام دور کی شاعری کی اصناف : شنا شاعری کی ابتدا لوک گیتوں سے ہوئی ہے اور اس کے قدیم غنائیہ اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے اوزان چینی سے ملتے جلتے ہیں ، مثلاً گیتوں کے اوزان قائم کرتے وقت چینی وزن ''تللئے تللئے تللئے'' کا شروع میں پڑھنا ۔

قدیم شاعر کھمیٹو دانیال : معروف روایات کے مطابق شنا زبان کا قدیم ترین شاعر کھمیٹو دانیال ہوا ہے ۔ عام روایات کے مطابق یہ بات مشہور ہے کہ وہ ایک ''دانیال'' (کاہن) تھا جس کی طرف کئی ایک پیشین گوئیاں بھی منسوب ہیں ۔ قبل از اسلام کے اس شاعر نے موجودہ دور کے بارے میں کئی اشارے کیے ہیں ۔ مثلاً یہ کہ ایک ایسا وقت بھی آئے گا جب آسمان کی طرف پرواز کرنے کے لیے شاہراہیں کھل جائیں گی اور پہاڑوں کے اوپر سے چلنے کی بجائے لوگ دریاؤں کے کنارے پر چلیں گے ۔ نیز عوام کو اتنا آرام نصیب ہوگا کہ ہاتھوں پر بال اگنے لگیں گے ۔

کھمیٹو کے بارے میں تحقیق سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ وہ چھپروٹ (ریاست نگر) کا باشندہ تھا ۔ جہاں اس کے خاندان کے افراد آج بھی آباد ہیں ۔

اصناف سخن : قدیم شنا شاعری زیادہ تر ''برانگی گائی'' ، ''چنہ گائی'' اور ''دروژ گائی'' پر مشتمل ہوا کرتی تھی ۔ ''برانگی گائی'' وہ گیت ہوتے تھے جو اکثر شادی بیاہ کے موقع پر

Marfat.com

گائے جاتے - مثلاً :

نکھستلی کـــوارین کسونی نکھستلی کے کھـــرنلی
نکھتلی مالین گـــوٹیجـــو ، نکھتلی کے کھرنـــلی
نیروژ رین بـــرائے ، نیرو تھیں رونگ بـــوجے
نیرو زویـــن شیڈائی ، نیرو تھیں رونگ بـــوجے

ترجمہ : اے دختر شہباز! آبھی جا، اپنے باپ کے کاشانے سے آبھی جا
اے آبشار کی پری! نہ رو ، تیرا رنگ روپ پھیکا پڑھ جائے گا
اے اپنے بھائی کی لاڈلی ! نہ رو ، تیرا رنگ ماند پڑ جائے گا

''چنہ گائی'' وہ نغماتِ محبت ہیں جو خوشی کے مواقع پر گائے جاتے ہیں -
مثلاً ماں اپنے بیٹے کو مخاطب کر کے گاتی ہے :

ہیون گہہ پالو ، لچھار تارد اش نو دیز گہہ سو یوم آلو
خـــدائین بجل تٹے بـــوتا !

ترجمہ : اے میرے لختِ جگر!
اے میرے ستارۂ سحر!
آج کا دن تجھے مبارک ہو
اور خدا کی برکتیں تجھ پر نازل ہوں -

شکاری گیت(۱) **:** قدیم شنا شاعری میں ہمیں شکاریوں کے گیت کثرت سے ملتے ہیں - مندرجہ ذیل مکالمہ ایک مشہور شکاری گیت کا ترجمہ ہے - اس گیت کا عنوان ہے ''کل آئی گہہ چھال'' - اس میں اختصار اور المیہ عناصر کی دلاویز آمیزش ہے - ملاحظہ فرمائیے :

میمنا : ماں! وہ دیکھو ایک شکاری پہاڑ کے اوپر نظر آ رہا ہے -
کیل بکری : نہیں ، وہ تو ایک مینار ہے -
میمنا : یہ آواز تو بندوق کی معلوم ہوتی ہے -
کیل بکری : نہیں ، یہ تو بادل گرجنے کی آواز ہے -
میمنا : آپ کے جسم پر یہ خون کے دھبے کیسے ہیں -
کیل بکری : نہیں ، یہ خون کے دھبے نہیں ہیں - میں صبح ایک لال رنگ والی گھاس پر لیٹی تھی -
میمنا : آپ کی ٹانگیں کیوں لڑکھڑا رہی ہیں -
کیل بکری : اچھا میرے لخت جگر ، میں تجھ سے ہمیشہ کے لیے رخصت ہوتی ہوں اور تجھے

---

(۱) ایسے گیتوں کو انگریزی میں ''ہنٹنگ سانگز'' (Hunting Songs) کہتے ہیں -

Marfat.com

نیلگوں آسمان والے اور پہاڑ کی دوسری طرف رہنے والے
تیرے بڑے سینگوں والے ماموں کے سپرد کرتی ہوں۔

ایک قدیم قومی گیت :

شامی شاہ شٹنگین مٹوجو　　بلے جو سے ڈولے دیں
نے ژرے شوٹی کوئی بجے　　تـــوم تـــوم ڈر کے دیں

ترجمہ : شامی شاہ شٹنگ کے صحن میں طیور چہچہاتے ہیں
اور ادھر ادھر اڑتے ہیں۔
ان کے چہچہانے کی کون پرواہ کرتا ہے
ایسے پرندوں کی جو ایک شاخ سے دوسری پر
پھڑ پھڑاتے ہوئے اڑتے ہیں۔

دراصل کہا جاتا ہے کہ شنوں کے ایک بڑے لیڈر کی بیوی نے طنزاً ان درباری عورتوں سے یہ شعر کہے تھے جو اس کے خاوند کے دل کو لبھانا چاہتی تھیں۔

محاورات : دیگر آریائی زبانوں کی طرح شنا میں بھی بعض پر معنی محاورے پائے جاتے ہیں۔ جن میں سے چند محاورات درج ذیل ہیں :

شنا محاورے	اردو محاورے
ہنری ہنری او نثرئے گون گئی	مارے ہنسی کے پیٹ میں بل پڑ گئے
انرئے درن نش ڈیڑے او نش نش	منہ میں دانت نہیں، پیٹ میں آنت نہیں
دوت دئے گاویں پشٹ گہ مشٹی	دودھیل گائے کی لات بھی سہہ لی جاتی ہے
جولی ژ کے پا تـــھر تھیا	چادر کو دیکھ کر پاؤں پھیلاؤ
اجے پھری تھو تھگا تو توم مگھیٹ	آسمان کا تھوکا منہ پر.....
چکی جونکھے چو کیٹٹ	آسمان سے گرا، کھجور میں اٹکا
دے تھپو جوٹو	لکیر کا فقیر

بجھو نی (بجھارتیں) :

میں کا کائیں ژے پا۔ دش تھیا۔

ترجمہ : میرے بھائی کے تین پاؤں ہیں۔ پہچان لو۔ اس بجھارت کا حل یہ ہے کہ ایک آدمی کی دو ٹانگیں ہوتی ہیں اور اس کی چھڑی تیسری ٹانگ۔

میوں دادوں ڈم دیولوک دئیں سرپ لوک، بجھا۔

ترجمہ : میرے دادا کا جسم دوزخ میں ہے اور اس کی داڑھی اس دنیا میں ہے۔
اس بجھارت کا حل ہے ''مولی''۔

Marfat.com

ٹوٹنگ گوٹیجو روئی نکھائی :

ترجمہ : تاریکی سے بلا نکلتی ہے - یعنی نیام سے تلوار نکلتی ہے -

میں دادیں شیشا جاہگار لو پنو -

ترجمہ : میری دادی کے سر پر آگ جل رہی ہے - بجھارت کا حل ہے ''حقہ'' -

شنا زبان کی کہاوتیں (ضرب الامثال) :

لاوا ڈیم تھے اپ جوں لنگ بلی—— بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ لوگوں کو زیادہ چیز حاصل کرنے کی تمنا میں کم چیز سے بھی دست بردار ہونا پڑتا ہے -

اس تھیم تو آنیز یا وئے بوجے ، نے تھیم تھو پھائی موس :—

مرا دردیست اندر دل اگــر گوئم زبان سوزد
وگر دم در کشم ترسم کہ مغز استخوان سوزد

دی دے پز کھا - بیٹی دے کر بیٹے کو مارو - یعنی جب دشمن قابو میں نہ آتا تو اُسے قدیم زمانے میں شن لوگ داماد بنا کر اپنے بس میں کر لیتے تھے -

اچھے نوں دور ہو نو دور——آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل

ایک ہتھ گی ترپ نہ بین——ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی

لوئی دانوئے نہ ارژنی ، تھر چور کر——انار کھٹے ہیں

کسریں شلوک(۱) : شنا میں قصص کو ''شلوک'' یعنی حکایات اور کہانیوں کو ''چغے'' کہا جاتا ہے - قدیم قصوں میں افسانوی بادشاہ ''کسر'' کے محیرالعقول کارناموں کے افسانے اور گلگت کے ظالم بادشاہ شری بدت(۱) کا قصہ (جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے) اور کہانیوں میں شکاریوں ، دیووں اور پریوں کی کہانیاں سینہ بہ سینہ چلی آتی ہیں جو شنا اور اردو میں اب تک ضبط تحریر میں نہیں آئیں - اگرچہ جرمن ، انگریزی اور اطالوی زبانوں میں غیر ملکی ادیبوں نے ان کے تراجم کر کے اپنے افسانوی لٹریچر میں اضافہ کیا ہے -

شنا ادب مسلم دور میں

(۱۱۲۰ء - ۱۸۴۲ء)

شنا میں باضابطہ شاعری مسلمانوں کے دور حکومت میں شروع ہوئی - فارسی طرز پر شعر کہنے کا آغاز بھی شنوں اور یشکنوں نے مسلم دور میں شروع کیا - نظم ، رزمیہ ، غزل اور

---

(۱) دراصل ''گسر ساگا'' ہے - گسر خان ۶۰۰ء میں منگولیا کا ایک اولوالعزم بادشاہ گزرا ہے جس نے منگولیا سے لے کر تبت تک اپنے بارے میں مافوق الفطرت انسان ہونے کی نسبت قصے کہانیاں پھیلائی تھیں - غالباً یہی قصے لداخ ، گلگت اور بلتستان میں پھیل گئے -

Marfat.com

قطعہ کے نمونے ہمیں اسی دور میں ملتے ہیں ۔

(الف) رزمیہ : مندرجہ ذیل اشعار ایک تاریخی واقعہ کی نسبت ایک رزمیہ نظم کا جزو ہیں جو سترھویں صدی عیسوی میں مقپونوں کی فتح گلگت پر گریزی نام شاعر نے لکھے تھے :

شیر شاہ علی شاہ ، فومیگہ جونگ
کاؤں کولو شنگ پھوٹے ، سرسو نثر و تھریگا
خاں مقپون کھرچھمو گرین بوش پھوٹے
سر سو نثر و تھریگا ''

ترجمہ : شیر شاہ ، علی شاہ تم پر کیوں نہ فدا ہوں
کہ تم نے نشیبی وادیوں کو سر کیا ۔
اے مقپون خاں تم نے دریائے گلگت پر
پل باندھ کر ملک کو فتح کیا ۔

اس سے یہ امر ثابت ہوتا ہے کہ پرانے سورماؤں کے تاریخی کارناموں کو اکثر رزمیہ نظموں کی صورت میں سراہا جاتا تھا ۔

(ب) قطعہ : مرزا جواری! شکرین پھیمال
تس درو دنیا سنگ پتھریگے
ابی خان جالو
لائی تھے لچھار تارو
نکھتو ، نکھتو

ترجمہ : اے مرزا خاں رع کی بیٹی جواری !
تو ایک ساغر عشرت سے زیادہ نہیں
اگرچہ تیرے حسن سے ایک دنیا روشن ہے ۔
اے میرے کم سن بیٹے حبیب خاں ،
تجھ پر قربان ہونے کی بجائے تجھے بھینٹ
چڑھا چکی ہوں ۔
وہ دیکھ تیرا ستارۂ زوال نمودار ہو رہا ہے ۔

(ج) : ۱۱۲۰ع میں شری بدت کے قصر شاہی کو آذر جمشید کے حکم سے مسمار کیا گیا ۔ اس پر خوطو کے کہے ہوئے اشعار سے اس وقت کے ماحول اور سیاسی حالات پر روشنی پڑتی ہے ۔

کورو نتو شری گہ بدت جو کورو
دیم سنگھئی خوطو کورو
ناچیمری کیلی گی تھئی رعکے پھل تھیم
ژیکے تو توشا شوملیگا
دیم سنگھئی خوطو کورو
ناچیمری کیلی گی تھئی رعکے پھل تھیم

ترجمہ : شری بدت نے کہا کہ میری فطرت سخت ہے
میں نے کہا کہ میں خوطو تجھ سے زیادہ سخت ہوں
دیکھ اے ملعون خاندان کے آدمی!
اس لوہے کے بیلچے سے میں خوطو دیم سنگھ دہقان کا بیٹا
تیرے قصر شاہی کو خاک میں ملا دیتا ہوں۔

(د) تشبیہات : شنا نیچرل شاعری کا ذخیرہ — اردو شاعری کی طرح نادر تشبیہات سے مالا مال ہے۔ چند تشبیہات کا یہاں درج کرنا شنا شاعری کے اندازِ فکر کو سمجھنے کے لیے از بس ضروری ہے۔

شنا تشابیہ :

نپزین یوں	چودھویں کا چاند ، محبوبہ
گنریں بٹی	بیر کی شاخِ نودمیدہ ، محبوبہ
جل بے سوری(۱)	ابھرتا ہوا سورج ، با اقبال شخص
لچھار تارو(۲)	نجم السحر
خرامثین شوٹی	مورنی کی سی گردن ، معشوق کی نازک گردن
خراژین(۳)	خراد کی سی ، صراحی دار گردن
بازین اچھے	معشوق کی خوبصورت آنکھیں
آژئی ژلو	آنکھ کی پتلی ، پیاری اولاد
سروڈم	سرو قد محبوبہ

(۱-۲) جل بے سوری (ابھرتا ہوا سورج) نامور تاریخی اشخاص کو ''لچھار تارو'' (نجم السحر) سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ مثلاً——

علم شیریں لو علی شیر لچھار تارو گہہ جل بے سوری

(۳) مثلاً——ہ توم یاریں روپو گلو بند ولیم تو خراژیں تارو گہہ جل بے سوری زیزی
تو یارو روہو گلو بند ولیمتو خراژیں سوٹج بار بار بوژی دیم سیک

ترجمہ : اے کاش میں اپنی محبوبہ کے گلے کا ہار ہوتا
تو اس کی صراحی دار گردن کو
بار بار چومنے کا مجھے موقع ملتا۔

مذہبی شاعری

(۱۸۴۲ء - ۱۹۴۷ء)

اس دور کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ شنا شاعری نے زیادہ تر توجہ مذہبی شاعری یعنی دعا، مناجات، حمدِ الٰہی، مدح، نعتِ رسول ؐ، قصائد، نوحہ جات اور مرثیوں کی طرف منعطف کی ۔ جن اشعار میں سنی اور شیعہ عقائد کا اظہار کیا گیا ہے وہ ایسے معتدل انداز میں ہیں کہ ایک دوسرے کے جذبات مجروح نہیں ہوتے ۔ اس دور کے مشہور شاعر محمد رضا نگر ، اخوند مہربان ، وزیر احمد خان احمد ، صمد خان اور خلیفہ رحمت ملنگ گذرے ہیں ۔ ان میں سے خلیفہ ملنگ دورِ جدید کے شعرائے گلگت میں بھی بڑا شاعر مانا جاتا ہے ۔ اب ان شعراء کے کلام کے اقتباسات مع تراجم اور مختصر حالاتِ زندگی درج کیے جاتے ہیں ۔

محمد رضا : محمد رضا ریاست نگر کے رہنے والے تھے اور یہ اپنی شنا دعائیہ نظموں کے لیے مشہور ہیں ۔ نصف صدی سے ان کی بعض دعائیہ نظمیں اسکولوں میں پڑھائی جاتی رہی ہیں ۔ آپ کی مندرجہ ذیل دعائیہ نظم کو قبول عام کا درجہ حاصل ہے ۔

جیبھ گی خدا دار شکر تھیم　　شش گی تو واری سجدہ دیم
ہتھگی تو جو روزی بچھیم　　اللہ تو رحمٰن الرحیم
پیغمبر بر حق ہنو　　او شافع امت ہنو
بویا تالی تھیم تٹ یا اللہ　　جسی تو اللہ العلیم
چا کیک عمر شو درا یورگئی　　چا کیک جوانی مستی ایئر گئی
پیری سے ولی تئیں در گینئی　　تس شت دے اللہ الرحیم
زیزی فاطمہ خیر النساء　　مئی تو جل جو جو تافدا
نے آموش آشاتی حالی جو　　رضا غلام ہن تھیں قدیم
بٹی(۱) دئی جہ ببلہ بوجا واں　　لو کے ٹوکے بوڑا جوجہ وان
اسکونی لو گے بو جا واں　　تس رژ پناہ کھری یا کریم
اوثیس کھایورے عمر گئی　　نورنی پھنرے سو مر گئی
شدت گہ ہمت لائے نے مجے　　تس شت دے یا فتح العلیم

ترجمہ : میں زبان سے خدا کا شکریہ ادا کروں گا
اور سر سے اے خدا تیرے آگے سجدہ بجا لاؤں گا

---

(۱) آخیر زمانے کے انقلابات کی نسبت پیشین گوئی کی ہے جو درست نکلی ہے ۔ رضا کے ان دو شعروں کو شنا زبان میں ضرب المثل کا درجہ دیا جا چکا ہے اور وہ زبان زد خاص و عام ہیں ۔

Marfat.com

تجھ ہی سے روزی کے لیے دستِ طلب دراز کروں گا
اے اللہ تو مہربان اور رحم کرنیوالا ہے -
پیغمبرِ خدا برحق ہے - وہی شافع محشر ہے -
تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں- اے اللہ تو علم والا ہے
میری کچھ عمر تو بچپن میں گذری اور کچھ جوانی کی مستی میں ،
اب بوڑھاپے نے آن گھیرا ہے ، تو ہی طاقت دے -
اے رحم کرنے والے اللہ ! اے مادر فاطمہ ! تو سب عورتوں سے نیک ہے -
میری جان تجھ پر فدا ہو - مجھ اس ناتواں کے حال کو مت بھولنا ،
کیونکہ رضا آپ کا پرانا غلام ہے -
بھاری پتھر پانی کی سطح پر تیریں گے اور ہلکے برتن پانی میں ڈوب جائیں گے -
اپنے بیگانے ہوں گے - اے کریم تو مجھے اپنی پناہ میں لے لے -
پت جڑ کے موسم کے خزاں رسیدہ پتوں کی طرح عمر گذر گئی
اور خوبصورت پھول کی طرح گر کر خاک میں مل گئی -
طاقت اور ہمت کچھ بھی باقی نہیں رہے گا -
اے فتح دینے والے اور جاننے والے تو طاقت بخش !

محمد رضا نے دینی اور اخلاقی موضوعات پر شعر کہے ہیں - ذیل میں اس کی ایک طویل نظم کے کچھ اشعار ملاحظہ فرمائیے :—

گنہگار تو ہوں بو صفت رس خدائی مچار نے تھے نیر جہ دنیائی بلائی
سنئی نفس گہہ شیطان سےشا کو تو وادی خبر آ کو دوزخی او عذابی
سنک نے بو عمرئی کھورئی بٹ ٹھپنگ بئی دنیاتی ہلال سے وفا کونی پش تھئی
جوانی بزد نٹ پھنر سے بہار بھئی سمون ہوڑی دئی اشقالی شرو سے
نو کالوس ہمر کھو جا والئی ماز گہ دیزی نی سورس او تھال دوجا رانی بڑے ٹے
قانی نش بوجی ، سوری بوربئی دیشٹے نے جیل سے سفر تھئی سومئی حالولیٹ
اکو مست تھے نے سوانی راتی واری غفور الرحیم سے ژ کئے نو تو واری

ترجمہ : اے گنہگار شخص ! اٹھ خدا کی تعریف کر
دنیا کی بلاؤں میں مبتلا ہو کر خوابِ غفلت کی نیند سویا نہ کر
تیرا نفس اور شیطان تیرے لیے جال بن رہے ہیں -
تو اپنے آپ کو دوزخ کے عذاب سے مطلع کر

Marfat.com

غفلت نہ کر تیری عمر کی دیوار کا سنگ بنیاد گرنے والا ہے۔
عروس جہاں میں وفاداری کہاں ملے گی۔
جوانی ۔ موسم بہار میں پھول کھلتے ہیں
خزاں میں پتے جھڑتے ہیں
ہر سال تیری عمر کے مہینے اور دن کم ہوتے جا رہے ہیں
اور سورج غروب ہوتے وقت ڈھلتا جاتا ہے۔
بالآخر سورج مغرب میں جا کر ڈوب جاتا ہے اور جاں خاکی گھر کی طرف سفر کرتی ہے
تو مست ہو کر رات بھر نہ سویا کر۔
کیا تو دیکھتا نہیں کہ بخشنے والا اور رحم کرنے والا خدا تیری طرف رہا ہے!

وزیر احمد خان : شنا زبان کے جن شعراء نے اس دور میں حمدِ الٰہی کہی ہے، ان میں استور کے خاندانی وزیر، وزیر احمد خان احمد (۱۸۶۹ء - ۱۹۳۶ء) سرفہرست تھے۔ وہ ایک متشرع انسان ہونے کے ساتھ ساتھ فارسی و عربی کے عالم بھی تھے اور اپنے ملک میں عالی نسبی اور علم و فضل کی وجہ سے بصد نگاہِ احترام دیکھے جاتے تھے۔ فارسی کے بلند پایہ شاعر تھے اور شنا زبان میں حمدِ الٰہی کہا کرتے تھے۔

حمد الٰہی (۱)

حمد و ثنا سو خدا جا — درود ژینا مصطفٰے جا
سو ایس خیر الورا جا — تھہ نظر مہ شرمندہ جا
یار اول، یار غار ہنو — با عمر عثمان گہ یار ہنو
تھم صفت عباس حمزہ جا — تھہ نظر مہ شرمندہ جا
پنجتن خاصاں حق ہنے — بائے امامے سے برحق ہنے
. . . . . — تھہ نظر مہ شرمندہ جا
اخر محشرین نود یزرو — بٹے امت با نبیانی
پھیریں وائن تھیں لوا جا — تھہ نظر مہ شرمندہ جا
گناہ تھگاس خطا تھگاس عمر بٹی بیہودہ گئی
بخشش تھے انواحمد جا تھہ نظر مہ شرمندہ جا

ترجمہ : پہلے خدا کی حمد اور ثنا بیان کرو

---

(۱) اسی زمین میں کسی چلاسی شاعر نے بھی طبع آزمائی کی ہے۔

Marfat.com

پھر محمدؐ مصطفٰے پر درود بھیجو ، جو ہمارا خیر الوریٰ ہے -
اے خدا! اپنے اس شرمندہ بندے پر رحم کر -
یارِ اول یارِ غار (صدیق رض) ہے
عمر رض اور عثمان رض بھی پیغمبرؐ کے یاروں میں سے ہیں -
میں عباس رض اور حمزہ رض کی تعریف کرتا ہوں -
اے خدا! اس شرمندہ بندے پر نظر کرم کر
پنجتن خاصانِ حق ہیں - بارہ امام بھی برحق ہیں -
. . . . اے خدا اپنے اس شرمندہ بندے پر نظر کرم کر -
قیامت کے دن سب امتیں اپنے نبیوں کے ہمراہ
تیرے جھنڈے تلے چلی آئیں گی -
اے خدا! اپنے اس شرمندہ بندے پر نظر کرم کر -
میں نے گناہ کیا اور مجھ سے خطا سرزد ہوئی
اور میری تمام عمر رائیگاں گئی -
بالآخر اس احمد کو بخش دے -
اے خدا! اپنے اس شرمندہ بندے پر نظر کرم کر !

اخوند مہربان : آپ اس دور کے شنا زبان کے مشہور مرثیہ ، نوحہ اور قصیدہ گو شاعر گزرے ہیں - آپ خاص گلگت قصبے کے رہنے والے تھے- آپ نے عید نو روز ، مدح ، چند نوحے اور کچھ مرثیے لکھے ہیں - جنہیں ان کے بیٹے اکبر حسین نے روئے گلدستہ مہربان کی صورت میں شائع کروا دیا ہے - آپ ۱۸۸۲ء مطابق ۱۲ رجب ۱۳۰۰ھ بمقام گلگت پیدا ہوئے اور ۳۰ اکتوبر ۱۹۰۷ء کو وفات پائی -

عید نو روز پر آپ نے ایک طویل نظم لکھی ہے - اس کے چند اشعار نمونے کے طور پر درجِ ذیل ہیں :

عید نو روز

نو روز عید مشہور ہنو — حدیث گہہ قرآن بینرو
آشنائی صفت اخبار رو — او دیز گہہ نو روز ہنو
خدائی اس الستیں(۱) ریز رو — پیمان گینگو روح جو
جن و ملک انسان جو — او دیز گہ نو روز ہنو

---

(۱) الست بربکم - قالو - بلیٰ کی طرف اشارہ ہے -

Marfat.com

ترجمہ : عید نو روز مشہور ہے -
حدیث اور قرآن دونوں میں اس کا ذکر ہے -
جس دن کی اٹھارہ صفتیں لکھی گئی ہیں وہ نو روز کا دن ہے -
خدا نے ارواح ، جن و ملک و انسان سے
جس روز عہد لیا تھا وہ دن نو روز تھا -

مدح(۱)

جیل سے گوا دین توحید ج — روح سے گوا دین رسلج ص
ڈم سے گوا دین معارج — بیشک ہنو یوم الجزا
ہیو سے گوا دین عدلج — میو سے گوا دین اماسج
انی پوئین اسولی ہن یشوج — شافع اسئی شیر خدا
ماہ ربیع الاول سرد — رئے ستائی مونگو دیزرو
رسول جا لو دیز ہنو — عالم ز نورش روشنا

ترجمہ : جان اللہ کی واحدانیت پر گواہی دیتی ہے اور روح رسالت پر گواہ ہے
جسم محشر پر گواہی دیتا ہے کہ بے شک روز جزا ہے -
دل عدل پر گواہی دیتا ہے ، دماغ امامت پر گواہی دیتا ہے -
یہ پانچ اہلِ تشیعہ کے اعتقادات ہیں - ہمارا شافع شیرِ خدا ہے -
ماہ ربیع الاول کی سترہ تاریخ کو وہ رسول ص پیدا ہوئے
جس کے نور سے عالم روشن ہوا -

شنا شاعری کا دور جدید
(۱۹۴۷ء تا ۱۹۶۶ء)

یہ دور شنا زبان و ادب کے لیے ہر لحاظ سے عہد آفریں ترقی کا دور ہے - خلیفہ رحمت نے اپنے شنا کے کلام کو 'گلزار ملنگ' کی صورت میں شائع کیا - پیر نصیرالدین نے مناجاتیں چھپوا لیں - اصناف سخن میں ترانے کی صنف کا اضافہ ہوا - شنا شاعری میں نئے نئے رجحانات ابھرنے لگے - آزادیِ وطن اور سرفروشانِ وطن کے گیت گائے گئے -

مقالہ نگار کے زیر اہتمام پولیٹیکل ایجنٹ گلگت مسٹر اجلاس حسین کی صدارت میں شنا کا ایک مشاعرہ سرکاری طور پر منعقد کیا گیا - جس میں شنا زبان کے مشہور شعرا نے حصہ لیا اور انہیں انعام و اکرام سے نوازا گیا -

---

(۱) یہ ایک بڑی طویل مدح ہے ، جس کے چند اشعار بطور نمونہ یہاں درج کیے جاتے ہیں -

Marfat.com

ستمبر ۱۹۶۵ء میں جب بھارت نے پاکستان اور آزاد کشمیر پر حملہ کیا تو دیگر پنجابی ، سندھی ، پشتو اور اردو شعراء کی طرح شنا زبان کے شاعروں نے بھارت کے غاصبانہ عزائم کی پرزور مذمت کی اور ولولہ انگیز نظمیں لکھ کر قوم کے لہو کو گرمایا ۔

دور جدید کے شعراء : اس دور کے شاعروں میں سے فضل الرحمٰن عالمگیر ، عبداللہ ، ماسٹر غلام نبی وفا بگروٹی ، راجہ شجاعت علی خاں اور عبداللہ قابل ذکر ہیں ۔ عبداللہ اُس حراموش علاقے کا باشندہ ہے جو سربفلک پہاڑوں کے درمیان واقع ہے ۔ اس کی شاعری کا طغرائے امتیاز یہ ہے کہ وہ اپنے کلام میں اپنے ماحول سے ایسی نادر تشبیہات لیتا ہے جن سے بیان میں ندرت پیدا ہو جاتی ہے ۔ مثلاً ذیل کے شعروں میں عبداللہ نے محبوبہ کے رخصت ہونے کے بعد کا نقشہ یوں کھینچا ہے ؎

مئی گل اندام لائی دورے وار بوجیے
پنزے(۱) یو نی شری بورے وار بوجیے
بلے جیک تھور دے گملے وار بوجیے
کم بختیں ہیو باغمے وار بوجیے

ترجمہ : وہ حد نظر تک محبوبہ کو دیکھ لیتا ہے
پھر اس کو محبوبہ کا نظر سے غائب ہونا
ایسا معلوم ہوتا ہے جیسا کہ پندرھویں(۲) کے چاند کا غروب ہونا۔
اس کی دنیائے دل پر اسی طرح اندھیرا چھا جاتا ہے ،
جس طرح چاند چھپ جانے کے بعد دنیا پر تاریکی چھا جاتی ہے
اور محبوبہ کا جانا ایسا نظر آتا ہے
جیسا کہ رام چکور کا کسی دور گلیشر کی طرف پرواز کرنا ۔

گلگت کی طرح پہاڑی ملکوں میں پرندے سرشام ہی اپنے دور گھونسلوں کی طرف پرواز کرتے ہیں ۔ جن کے بعد شام کی تاریکی چھا جاتی ہے ۔

ماسٹر غلام نبی وفا : دور جدید کے شنا شاعروں میں ایک اور ممتاز شاعر ماسٹر غلام نبی وفا بگروٹی ہے جو ۲۹ فروری ۱۹۳۸ء کو تھیوٹ گاؤں علاقہ بگروٹ میں برگوش نامی ایک شخص کے گھر میں پیدا ہوا اور اس وقت گلگت ایجنسی کے محکمۂ تعلیم میں مدرس کے فرائض ادا کر رہا ہے ۔ جو خصوصیت کلام اُسے دوسرے شعراء سے ممتاز کرتی ہے وہ محبت کا اظہار عورت کی زبان سے ہے جس میں وہ محبوب کے ہجر میں اپنے دلی جذبات کو بیان کرتی ہے ۔ شنا شاعری میں فارسی اور عربی شاعری کے برعکس اظہار محبت مرد اور

(۱-۲) شنا شاعری میں چودھویں کے چاند کے بجائے پندرھویں کا چاند مستعمل ہے ۔

عورت دونوں کی زبان سے کرایا جاتا ہے ۔ جیسا کہ وفاؔ کے ان شعروں سے مترشح ہوتا ہے :

ما یــوں ! ژنیگیس توم جا کوری بالو، پاشجن دیزگی کالو
مئی نیلو طوطا ! پھر دن وہ نرگسئی خبر گینو کٹ کنے آلو
اچھــے تھئی پــونیٹ تــو پاشــوک مس دو بــالیس
گلســری گلاب تــوم کھــوئیر مس شــوک دو بــالیس

دنیا تی غم تو مئی ہیئر ہیں جمع ، نہ تھے دنیا تج طمع
مئی خبر تــو نا گینگا تھئی پھونر دنیا تــر یازندا نــوہنا
دنیا ترسنگ ہیں تھئی ما یوں سانگر توش ، بہاری کھن ہن
ساگــور پھونرے تــو لائی بھونپلن ،
اوڑر تھو یا یم مئی نرگس پھونر نوش

ترجمہ : اے میرے محبوب تجھے میں نے اپنے سر کے بالوں کا تحفہ دیا
تیری جدائی میں مجھے دن برس نظر آ رہا ہے ۔
اے میرے نیلے طوطے تو اڑتے اڑتے
اپنی محبوبہ کی خبر لینے کیوں نہیں آیا
میں نے تیرے لیے اپنی آنکھیں فرشِ راہ کی ہیں ،
پھر بھی میں تجھے دیکھ نہ سکی ۔
اے میرے محبوب مجھے تجھ سے یہ شکوہ ہے ، لیکن پھر بھی
میں تجھے بھول نہ سکی
اور سرخ گلاب کو میں اپنی ٹوپی میں لگا کر پہن نہ سکی ۔

ترجمہ : دنیا کا غم تو میرے دل میں جمع ہے ۔
دنیا سے تو کوئی طمع نہ رکھ
تو نے میری خبر تک نہ لی کہ آیا تیر ، محبوبہ دنیا میں ہے یا زندان میں ۔
دنیا میں ہر طرف اجالا ہے لیکن اک تیری محبوبہ غم کے اندھیرے میں ہے ۔
بہار کا موسم ہے اور باغ میں کئی قسم کے پھول کھل چکے ہیں ۔
میں تجھے ان پھولوں میں تلاش کرتی پھرتی ہوں ۔
لیکن میرا محبوب پھول مجھے نہیں ملتا ۔

Marfat.com

اس قسم کی شاعری عورت کے جذبات کی ترجمانی کرتی ہے اور اس میں ہندی و چینی شاعری کی طرح ماحول کی صحیح عکاسی ہوتی ہے۔

فضل الرحمٰن عالمگیر : پونیال کا ایک نوجوان گریجویٹ ہے جو گلہ پور کے ایک گاؤں میں ۲۷ اگست ۱۹۳۳ء کو ایک شن گھرانے میں پیدا ہوا اور محکمہ تعمیرات و شارعات میں ٹھیکہ دار ہے۔ وہ زیادہ تر ترانے لکھتا ہے اور علامہ اقبالؒ کے اشعار کو شنا زبان کے حسین سانچوں میں ڈھالتا ہے۔ ''مرد مجاہد سے خطاب'' کے عنوان سے بھارت کے ساتھ جنگ کے ایام میں اس نے ایک ترانہ لکھا جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے :-

ترانہ

رچھالو پاکستانئی او تھالی شائئی مجاہد
پشرے جوہر ایمانئی آلون رفت تھئی امتحانئی
تکبیرئی نعرہ دو جو ہر قدم موژوٹ سر و جو
دشمنئ مفے پھوٹو جو ظالمانوں نوم نیو جو
اقبالئی تو شاہین ہن تھئی ز دیئر آسمان زمین ہن
تھئی تھیر فتح مبین ہن دین اسلامئی تو امین ہن
غزامو منئی عارت ہن تھ جہاد توٹ اجازت ہن
بوٹے جو برنی عبادت ہن وہ قدمے موژو جنت ہن
ہر ایک ہیئر تھئی عزت ہن ہر زبان اثر تھی صفت ہن
جہ سدا ژی تھیں صورت ہن جہ چنالی تھی عاوت ہن
ہر مجلسیئر تھئی قصہ بئی ہر تعریفک تھئی حصہ بئی
کھس عجب تھئی دیدبہ ہئی قیامت بوسنگ زندہ بئی

ترجمہ : پاکستان کی حفاظت کرنے والے اے مجاہد!
تیری کتنی اونچی شان ہے اپنے ایمان کا جوہر دکھا دے۔
تیرے امتحان کا وقت آ گیا ہے۔
نعرہ تکبیر لگاتے ہوئے ہر ایک قدم آگے بڑھاتے چلو
دشمن کی صفوں کو چیرتے ہوئے، ظالموں کے نام و نشاں مٹاتے ہوئے۔
تو اقبالؒ کا شاہین ہے۔ تیری زد میں آسمان و زمین ہیں۔
تیرے ہاتھوں میں فتحِ مبین ہے تو دینِ اسلام کا امین ہے۔
غزا کرنا مومن کی عادت میں داخل ہے۔

Marfat.com

جہاد کی تجھے اجازت دی جاتی ہے۔ یہ سب سے افضل عبادت ہے۔
قدم آگے بڑھا کہ وہاں تیرے لیے جنت ہے۔
ہر دل میں تیری عزت ہے۔ ہر زبان میں تیری تعریف ہے۔
کیسی خوبصورت تیری صورت ہے اور کیسی پیاری تیری عادت ہے۔
ہر ایک مجلس میں تیرا قصہ بیان ہوگا۔ ہر تعریف میں تیرا حصہ ہو گا۔
بالآخر عجب تیرا دبدبہ ہوگا۔ تو تا قیامت زندہ رہے گا۔

منظوم شنا تراجم رباعیات اقبال :

دلوں کو مرکزِ مہر و وفا کر حریمِ کبریا سے آشنا کر
جسے نان جویں بخشی ہے تو نے اسے بازوئے حیدر بھی عطا کر

منظوم ترجمہ :

ہیئر کھس ژیک تھے مہر گہ وفا تھ خـدائی راز جـو بے آشناتـھ
کے سئی نصیب انر یوئی ٹک تھگانو اے سیٹ علی شا کئی شت عطاتھ

کبھی تنہائی کوہ و دمن عشق کبھی سوز و سرور و انجمن عشق
کبھی سـرمایہ محراب و منبر کبھی مولا علی خیبر شکن عشق

منظوم ترجمہ :

خدائی عشق لیل ہـر صورتربئی کرے مجلسر بئی، کرے جنگر بئی
کرے نو وعظ تھو جا منبریر بئی کرے علئی شکل ایئر خیـریز بئی

خلیفہ رحمت ملنگ جان : خلیفہ رحمت ملنگ، شنا زبان کا عظیم ترین شاعر ہے۔ وہ ۱۸۷۹ء میں علاقہ پونیال کے صدر مقام چھیر قلعہ میں اسماعیلیوں کے ایک مقامی خلیفہ خاندان میں پیدا ہوا۔ عنفوان شباب ہی میں اسے یورمس نامی پونیال کی ایک دیہاتی دوشیزہ سے انتہائی محبت ہوگئی۔ ملنگ نے اس کے ساتھ شادی کرنی چاہی لیکن وہ اس کے حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ کیونکہ ملنگ کی شادی پہلے ہی اپنی چچا زاد بہن کے ساتھ ہو چکی تھی۔ یورمس سے شادی کرنے میں ناکامی پر وہ برافروختہ ہوا اور ترک وطن کا ارادہ کر بیٹھا۔ لیکن سابق گورنر پونیال راجہ انور خان کے سمجھانے پر وہ ایسا کرنے سے باز رہا۔ ادھر یورمس کو بھی ملنگ سے عشق ہو گیا تھا اور اگرچہ اس کی شادی کسی اور شخص سے ہوئی تھی لیکن وہ اس کے عشق میں گھل کر جاں بحق ہوئی۔ اس سانحۂ عظیم کے بعد تمام عمر ملنگ یورمس کے عشق میں جذباتِ محبت میں ڈوبے ہوئے شعر کہتا رہا۔ تاہم کبھی کبھی وہ دوسرے موضوعات پر بھی

Marfat.com

لکھ لیتا تھا۔ لیکن در اصل اس کا مرکزی موضوع سخن یورمس کا عشق ہی رہا۔

اخترشیرانی اور ملنگ کا تقابلی مطالعہ : شنا زبان کے دورِ حاضرہ کے عظیم ترین شاعر خلیفہ ملنگ اور اردو کے مشہور شاعر اختر شیرانی کی شخصیت اور اسلوب میں کچھ یکسانیت پائی جاتی ہے۔ ان دونوں شاعروں کے خیالات و حالات زندگی بھی ایک دوسرے کے مماثل معلوم ہوتے ہیں۔ وہی نغمہ سنجی و بادہ نوشی ، وہی خمار و کیف و مستی اور وہی عورت کے عشق میں وارفتگی۔ اگر اختر کے نغمات شیریں کا مرکزی موضوع سلمیٰ ہے تو ملنگ کے جذبات کی دیوی اور اس کے اشعار کا محور یورمس ہے۔ ان دونوں شاعروں کے کیف آور نغمے نصف صدی سے پنجاب اور گلگت کی فضاؤں میں گونج رہے ہیں اور کہ و مہ سے دادِ تحسین لے رہے ہیں۔ سلمیٰ اور یورمس دو جیتی جاگتی محبوبائیں ہیں جن سے اختر اور ملنگ کو والہانہ محبت ہے۔ سلمیٰ کی تعریف میں اختر اپنے ایک اردو سانیٹ میں یوں رطب اللسان ہے :—

بہار حسن کا تو غنچۂ شاداب ہے سلمیٰ
تجھے فطرت نے اپنے دستِ رنگین سے سنوارا ہے
بہشت رنگ و بو کا تو سراسر اک نظارا ہے
تیری صورت سراسر پیکرِ مہتاب ہے سلمیٰ

اب اپنے محبوب کے لیے ملنگ کے جذبات ملاحظہ فرمایے :-

پاکیزہ ہن یونیجو — گلاپ شرم تھیں مکھیجو
چنالی میں جیلجو — لائے شیلی بلبلیجو

کسی اور مقام پر ملنگ نگارِ دلنشین کی رعنائیوں کو یوں بیان کرتا ہے :-

تھئی ہتھئی ہن گلاسیس — شوٹی تھیگین تھئی خاراشیس
مکھیں ادرنگ گلاپیں — ہیو تھیں عرق شرابیں

ترجمہ : تیرے ہاتھ مرمریں ہیں تو تیری گردن خراد کی سی۔
چہرے کا رنگ گلاپ (گلاب) کا سا ہے ،
تو تیرا دل عرق شراب کی طرح سرخ فام ہے۔

سامون تھے اک رنگ سانتھ — روبرو بین پھنیرے سانتھ
میں جیل نش بدن سانتھ — ہمیش بوجین یورمس سانتھ

ترجمہ : جب تو ایک رنگ کا لباس پہن کر
پھولوں کے سامنے آ نکلتی ہے تو میری جان بدن میں نہیں رہتی۔
یہ تو ویسے بھی ہمیشہ یورمس کے ساتھ رہتی ہے۔

Marfat.com

اختر شیرانی کہتے ہیں :-

میرا بس ہو تو اختر میں انہیں کا ہو جاؤں
ہمیشہ کے لیے ان چمپئی پردوں میں سو جاؤں

ملنگ بھی دیگر شعراء کی طرح فلکِ کج رفتار کا شکوہ کرتا ہے اور وقت اور ماحول کا رونا روتا ہے - چنانچہ وہ یوں شکوہ سنج ہوتا ہے ؎

قلم یاین کاغذے سانتھ — خیال یوجیں یورسے سانتھ
فلک نچد ملنگ سانتھ — ظلم تھیں ہزار رنگے سانتھ

ترجمہ : یوں تو کہنے کو میں کاغذ پر کچھ لکھ رہا ہوں ،
لیکن میرے خیال کا محور تو یورمس ہے -
فلک ناہنجار ملنگ سے حسد کر رہا ہے
اور ستم ڈھا رہا ہے -

ملنگ کے ان اشعار کو قبول عام کا اتنا درجہ حاصل ہو چکا ہے کہ گلگت میں شاید ہی کوئی خوش مزاج نوجوان ہو جس کے لبوں پر یہ اشعار نہ ہوں -

ناکامئی عشق اور ناسازگار حالات سے متاثر ہو کر ملنگ یوں کہتا ہے ؎

نے بوجن کردم مقصودر — آخر نشں بھئی لوح محظوظر
جیل ریل دنیائی دیورز — عمر بجن مئی افسوسر

ترجمہ : حصول مقصد کی کوئی صورت نظر نہیں آتی
شاید قسمت میں لکھا ہی نہیں
دنیا کی بے وفائی پر رونا آتا ہے -
میری عمر یونہی حسرت میں گزر رہی ہے -

ملنگ کے فلسفیانہ افکار : اگر ہم ملنگ کے فلسفیانہ اشعار کو ان تمام حسین نغموں سے جو اس نے یورمس کے عشق و محبت کی آگ میں جل کر کہے ہیں الگ کر کے دیکھیں تو ہمیں معلوم ہو گا کہ ملنگ دراصل ایک فلسفی شاعر ہے ، مثلاً اس حقیقت کو کہ انسان کے دکھ اور سکھ اس کے اپنے اعمال کا نتیجہ ہوتے ہیں ، یوں بیان کرتا ہے ؎

نی گڑ بڑی تو آدمے سانتھ الن — بیس دوریٹ گمان تھوتپس
نی مٹی کچھی توم جیلے سانتھ الن

ترجمہ : زندگی کے نشیب و فراز کا سلسلہ تو ازل سے چلا آتا ہے۔
ہم دور دراز کی قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔
دراصل اچھائی یا برائی آدمی کی اپنی پیدا کردہ ہوتی ہے۔
وہ خدا سے مخاطب ہو کر کہتا ہے ؎

دنیا ترکھوں تھے تھونیں　　تھے تیار تھے مری بونیس
بے نے مرے تھے رونیس　　شرمندہ بے تو کھری اونیس

ترجمہ : ہم دنیا میں محنت مشقت کرکے دولت جمع کر لیتے ہیں۔
مگر بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ
ادھر ہم نے دولت اکٹھی کر لی ادھر موت نے آن گھیرا۔
حالت نزع میں ہم گڑگڑا کر، اے خدا!
تجھ سے دعا کرتے ہیں کہ ہمیں کچھ مہلت ملے۔
لیکن موت کا وقت معین ہوتا ہے۔
اس لیے اپنے تمام گناہوں کے ساتھ شرمندہ
تیرے حضور بالآخر پیش ہونا پڑتا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ ملنگ شنا زبان کا سب سے بلند پایہ اور مقبول ترین شاعر ہے اور اس کی مقبولیت کا سکّہ تمام اطرافِ گلگت میں چلتا ہے۔ اس کے کلام میں ترنم، روانی اور جذبات کی حسین آمیزش دلوں کو موہ لیتی ہے۔

کتابیات

اس مقالے کی تحریر میں دیگر معلوماتی ذرائع کے علاوہ مندرجہ ذیل علمی، ادبی اور تاریخی کتب سے استفادہ کیا گیا ہے:

اصحاب کہف مصنفہ مولانا ابوالکلام آزاد، سنگ میل پبلیکیشنز، شاہ عالمی گیٹ، لاہور۔

Grammar of the Shina Language by T. Grahame Bailey, D. Litt., London Published by Royal Society 74, Grovenor, St. W.I., 1924.
گرامر آف دی شنا لنگویج از ٹی گراہم بیلی ڈی لٹ مطبوعہ رائل ایشیاٹک سوسائٹی لندن ۱۹۲۴ء

The Pisaca Language of North Western India by G. A. Greirson, Published by Royal Asiatic Society, London 1906.
دی پساچہ لنگوئیجز آف نارتھ ویسٹرن انڈیا مصنفہ جی۔ اے گریئرسن، مطبوعہ رائل ایشیاٹک سوسائٹی، ۱۹۰۶ء

Tribes of the Hindu Kush by Col. G. Biddulph, Calcutta, 1180.
ٹرائبز آف دی ہندو کش مصنفہ کرنل بڈلف، کلکتہ ۱۸۸۰ء

Songs and Customs by Dr. Leitner, Imperial and Asiatic Quarterly Review, 1893.

سانگز اینڈ کسٹمز مصنفہ ڈاکٹر لائٹنر ، امپرئل اینڈ ایشیاٹک سہ ماہی ریویو' ۱۸۹۳ء

Linguistic Survey of India, Volume III, Part II.

لنگوسٹک سروے آف انڈیا ، جلد سوم ، پارٹ سیکنڈ ،

Specimens of the Dardic languages by Sir Gegory Abraham Greirson, Calcutta, 1919.

سپیسیمن آف دی داردک لنگویجز ، مؤلفہ سر جارج ابراہم گریئرسن ، کلکتہ ۱۹۱۹ء

Gilgiti Phonetics by Col. Lorimer.

گلگتی فونیٹکس مصنفہ کرنل لاریمر ۱۹۲۴ء

مغربی پاکستان کی تاریخ جلد اوّل مصنفہ رشید اختر ندوی ، مرکزی اردو بورڈ ، ۳۶ ، جی گلبرگ ۔ لاہور

گلزار ملنگ مصنفہ خلیفہ رحمت ملنگ ، میر برادرز تاجران کتب بازار ، راولپنڈی

The Hinterland of Asia, Gilgit and Baltistan. by Wazir Muhammad Ashraf Khan Printed by Feroz Sons, Harding Road, Rawalpindi.

دی ہنٹر لینڈ آف ایشیا گلگت اینڈ بلتستان ، مصنفہ وزیر محمد اشرف خان ، فیروز سنز ، ہارڈنگ روڈ ، راولپنڈی ۱۹۶۳ء

تاریخی مطالعے (گلگت و بلتستان) مصنفہ وزیر محمد اشرف خان (مقالہ نویس) (غیر مطبوعہ)

مولوی سید علی بلگرامی مطبوعہ مقبول اکیڈیمی

تمدن ہند مصنفہ ڈاکٹر گستاؤلی بان مترجمہ

لاہور ۱۹۶۲ء

قصائد و نوحہ جات مصنفہ

اخوند مہربان ، ۱۹۶۳ء

Language and Races of Daridstan, by Dr. G.W. Leitner, Published in Lahore, 1877.

لنگویجز اینڈ ریسز آف دردستان ، مصنفہ ڈاکٹر لائٹنر ، ۱۸۷۷ء

The Making of a Frontier by A.G. Durand, late British Agent in Gilgit.

دی میکنگ آف اے فرانٹیئر مصنفہ ڈیورینڈ

Marfat.com

بروشسکی زبان و ادب

پہلا باب

سیاسی، معاشرتی، فکری اور تہذیبی پس منظر

(الف) سیاسی پس منظر : ریاست ہنزہ کوہستان قراقرم کے اونچے پہاڑوں کے درمیان ایک وادی ہے ۔ یہ وادی شرقاً غرباً ایک سو میل سے کچھ زیادہ لمبی اور شمالاً جنوباً نصف سے لے کر دو میل تک چوڑی ہے ۔ اس کے مشرق میں چینی ترکستان کی حدود یارقند ، سریقول اور کاشغر ہیں ۔ جنوب میں ریاستہائے نگر ، استور اور کشمیر واقع ہیں ۔ جنوب مشرق میں بلتستان اور لداخ کے علاقے ہیں ۔ شمال میں روسی حدود کے پامیر بیضائی گنبد ، تاشقند اور افغانستان کے پامیر منارہ اور وخان ہیں ۔ اور مغرب میں اشلوکن و وخان افغانستان کے علاقے واقع ہیں ۔

ہنزہ کے لوگوں کو یہ روایت بہت عزیز ہے کہ ہنزہ کے قدیم باشندے سکندر اعظم کے ان تین سپاہیوں کی اولاد ہیں جن کو سکندر نے دریائے جیحوں کے کنارے کے علاقوں کی مہم کے دوران بیمار پڑ جانے کی وجہ سے یہاں چھوڑ دیا تھا ۔ یوں شاہی خاندان کے افراد اپنی شکل و شباہت اور مزاج کے اعتبار سے یہاں کے عوام سے مختلف بھی ہیں ۔ شاید یہ صحیح ہو کہ کسی زمانے میں یہ لوگ ایران سے آ کر یہاں آباد ہو گئے تھے[1] ۔ ان کے سردار کا نام مغول تیتم تھا ۔ اس کی اولاد عرصہ دراز تک چترال سے لے کر وخان ، بدخشاں ، ہنزہ ، استور ، داریل اور تانگیر میں حکومت کرتی رہی ۔ یہ لوگ رئیسانِ گلگت کے نام سے معروف ہو گئے ۔

رئیسانِ گلگت کے بعد شری بدت نامی ایک حکمران ہوا ہے ۔ یہ شخص رئیسانِ گلگت کے آخری حکمران کو قتل کر کے تخت پر بیٹھ گیا ۔ روایت ہے کہ یہ شخص معصوم بچوں کی صورت میں مالیہ وصول کیا کرتا تھا ۔ اس کے ظلم کی وجہ سے گرد و نواح میں سرکشی کی لہر دوڑ گئی اور ہنزہ میں مغول تیتم کی اولاد خود مختار ہو گئی ۔ یہ قبیلہ سرکش تھپ کوینٹس (Thapkuyants) کے نام سے مشہور ہوا ۔ اسی عرصے میں آذر جمشید نامی شہزادہ بلتستان سے گلگت آیا ۔ یہاں کے لوگوں نے اس کی مدد سے شری بدت کو قتل کر کے اسے اپنا حکمران بنا لیا ۔ شری بدت کے متعلق مشہور تھا

1. Barbara Mons, "High Road to Hunza", p. 90.

Marfat.com

کہ وہ کسی اوزار وغیرہ سے قتل نہیں کیا جا سکتا ، لہٰذا ان لوگوں نے اس کی لڑکی نور بخت کو ساتھ ملا لیا اور اس کے ذریعے سے اس کی موت کا راز پا کر اسے زندہ جلا ڈالا ۔ آذر جمشید اور نور بخت کے ملاپ سے ایک لڑکا پیدا ہوا جو بعد میں یہاں کا حکمران بنا ۔ یہ بچہ چونکہ آذر جمشید اور نور بخت کے خفیہ ملاپ کا نتیجہ تھا ، اس لیے اس کو ایک صندوق میں بند کر کے دریا میں بہا دیا گیا ۔ اس کا نام سو ملک تھا ۔ اس کی شادی کامگار ملک حکمران گریز کے خاندان میں ہوئی ۔ کہا جاتا ہے کہ رشتہ منظور کرتے وقت کامگار ملک نے یہ بیت پڑھا ؎

کند ہم جنس با ہم جنس پرواز　　کبوتر با کبوتر باز با باز

لیکن تاریخی طور پر یہ بات ثابت نہیں ہوتی ۔

سو ملک کے تین بیٹے تھے ۔ بڑے کا نام شاہ ملک تھا جو راجگان گلگت کا مورثِ اعلیٰ بنا ۔ یہ ملک زرین شاخ اور خرسم یا خرپا کے نام سے بھی معروف ہے ۔ روایت ہے کہ اس کے سر پر سونے کے دو سینگ تھے اور دونوں پاؤں گدھے کی طرح سم دار تھے ۔ دوسرا بیٹا مہر ملک اور تیسرا زیگ ملک کے نام سے مشہور ہوا ۔ یہ دونوں بھائی شاہ ملک کے زمانے میں گلگت میں سکونت رکھتے تھے ۔ ہنزہ میں مغول تیتم حکمران تھے لیکن مالیہ جمع کر کے شاہ ملک کو گلگت بھیجا کرتے تھے ۔

میر ملک کے بعد اس کا بیٹا صاحب خان ، پھر اس کا فرزند دولت شاہ اور دولت شاہ کا بیٹا شاہ ملک ثانی حکمران ہوئے ۔ شاہ ملک ثانی نے بلتستان کی ایک خاتون مسمات حشتم بیگم سے شادی کی ، جس سے تین لڑکے پیدا ہوئے ، جو اپنے بزرگوں کی طرح کبھی گلگت اور کبھی التت میں قیام کرتے تھے ۔ ایک بار جب یہ تینوں بھائی التت میں قیام پذیر تھے تو کسر نامی ایک شخص لداخ سے ہنزہ میں وارد ہوا اور یہاں قابض ہو گیا ۔ حشتم بیگم کی اولاد فرار پر مجبور ہوئی ۔ اس خاندان کا ایک فرد لالی تہم نامی گلگت کی طرف اپنے یکجدی بھائی راجہ چلس خان کے پاس چلا گیا ۔ جس نے اپنی بہن سے اس کی شادی کر دی اور اس کی اولاد میں سے دو توام بچے گرگس اور مغلٹ اپنے ماموں طرہ خان کی قرعہ اندازی سے علی الترتیب ہنزہ اور نگر کے حاکم بنے ۔ ایک روز شکار کے بہانے مغلٹ کے رضائی باپ مغل بیگ نے گرگس کو تیر مار کر قتل کر ڈالا اور ہنزہ پر قبضہ کرنے کی کوشش کرنے لگا ، لیکن گرگس کے وزیر ٹبو نے مغل بیگ کو قتل کر کے اس کا بدلہ لے لیا ۔ چونکہ گرگس کا کوئی لڑکا نہیں تھا اس لیے یہاں کے لوگوں نے وزیر ٹبو کی مدد سے حشتم بیگم کی نسل سے جو کسر لداخی کے خوف سے مفرور ہو گئے تھے شاہ خان نامی پیر مرد کو ڈھونڈ نکالا اور گرگس کی بیٹی

نور بی بی سے اس کا نکاح کر کے اسے تخت پر بٹھا دیا ۔ یہ لوگ اس کو آسانی حاکم تصور کرتے تھے اور اپنی اصطلاح میں اسے عیاشولُم عیاشو (Ayashulum Ayasho) کہتے تھے ۔ بعد میں یہ خاندان عیاش کتس (Ayash Kuts) ہی کے نام سے مشہور ہوا ۔

شاہ خان عرف عیاشو کے لڑکے مایوری تہم جس نے کہ مغول تیتم کی اولاد کے ہاں پرورش پائی تھی ، جب اقتدار سنبھالا تو اپنے آپ کو طاقتور قبیلوں کی وجہ سے بے بس پایا ۔ چنانچہ اس نے سب سے پہلے قبیلہ مغول کی اولاد سے جو تھپکوینٹس (Thapkuyants) کے نام سے معروف تھی ، چھٹکارا پانے کی تدبیر کی ۔ چنانچہ اس نے دوسرے دونوں قبائل 'ہا جائنگ ' اور 'حسین کوتّس' کو ساتھ ملا لیا اور قبیلہ تھپکوینٹس جو اس وقت نالہ شیث پور میں متوّطن تھا ، کو تھوشنگ کی تقریب منانے کے لیے بلتت میں دعوت دی اور اس موقع پر اس کے سب افراد کو قتل کر ڈالا ۔ اس کے بعد مایوری تہم راجگانِ گلگت کی تہدید سے بے خوف ہو کر درواز کی طرف بڑھا ، جہاں کے والی نے اپنی بیٹی شاہ بیگم کی شادی اس سے کر دی ۔ شاہ بیگم کے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوا جو عیاشو ثانی کے نام سے مشہور ہوا ۔

عیاشو ثانی اپنے باپ کے بعد ہنزہ کا حکمران بنا ۔ اس نے بلتستان کے راجہ ابدال خان کی بیٹی شاہ خاتون سے شادی کی ۔ اس کے جہیز میں ایک بندوق دی گئی جس پر سن ۱۵۳۹ع /۹۴۶ھ کندہ ہے ۔ یہ بندوق راجگان ہنزہ کے توشہ خانہ میں آج بھی موجود ہے ۔ اسی اثنا میں ہنزہ میں تمام فصلوں کی بالیں سیاہ ہو گئیں اور قحط پڑ گیا تو لوگوں نے اسے تھپ کوینٹس کے خاندان کے بے گناہ افراد کے خون کا نتیجہ خیال کیا اور اس خاندان کے کسی فرد کی تلاش شروع ہوئی ۔ آخر درم چھرم نامی ایک بچہ چپروٹ میں پایا گیا جو اپنی ماں کے ساتھ یہاں رہتا تھا ۔ اتفاق سے بچہ کی ماں اپنے سسرال آئی ہوئی تھی جس کی وجہ سے یہ دونوں قتل ہونے سے محفوظ رہ گئے تھے ۔ اہلِ ہنزہ نے اس بچے کو تمام موروثی اراضیات و مراعات لوٹا دیں اور بالغ ہونے پر گنش خاندان میں اس کی شادی کر دی ، جس سے سات لڑکے پیدا ہوئے اور ان سے سات قبیلے بنے ۔ ایک قبیلہ جو تھرا کوٹس کہلاتا ہے ، کے افراد ریاست ہنزہ کے منصبِ وزارت پر فائز ہوتے آئے ہیں اور چند ایک حکومتِ پاکستان کے تحت اچھے اچھے عہدوں پر متعیّن ہیں ۔

شاہ خاتون کے ساتھ بلتستان کے دستکار بھی ہنزہ آئے جنہوں نے یہاں التت اور بلتت میں محلاّت تعمیر کیے ۔ التت قلعہ کے ایک برج کی چوکھٹ پر سن ۱۵۴۸ع /۹۵۵ھ لکھا ہوا ہے ۔ جسے اس قلعہ کا سنِ تعمیر ہی سمجھنا چاہیے ۔ شاہ خاتون کے بطن سے بھی سات لڑکے پیدا ہوئے ۔ ان میں سے پانچ باپ کے بعد ، یکے بعد دیگرے حکمران

ہوئے - پانچویں بیٹے شہزادہ سلیم کے زمانے میں ہنزہ اور چین کے درمیان اچھے تعلقات پیدا ہوگئے اور خود سلیم نے ترکستان اور یارقند کا سفر بھی کیا اور یارقند میں ایک قطعہ زمین بھی حاصل کیا - چھٹے اور ساتویں شہزادہ مہری تہم اور سلطان نے ہنزہ کی حکومت دو حصوں میں بانٹ لی لیکن کچھ عرصہ بعد انہوں نے نگر پر قبضہ کر لیا - اس طرح مہری تہم نگر اور سلطان ہنزہ کا حاکم بنا -

سلطان کے بعد اس کے دو بیٹے علی خان التت اور شاہ عباس عرف شبوس بلتت میں حکومت کرنے لگے - کچھ مدت بعد شاہ عباس نے علی خان کو قتل کر دیا اور بلتت ، التت اور گنش اس کے زیر نگیں آ گئے - اس کے بعد اس کا بیٹا شہ بیگ تخت پر بیٹھا لیکن ابھی اس نے چند سال ہی حکومت کی تھی کہ ایک شخص شاہ خان ولد حیدر خان نے اسے قتل کر ڈالا اور خود تخت پر قابض ہوگیا - شہ بیگ کا لڑکا خسرو بھاگ کر داریل میں پناہ گزین ہوا - کچھ ہی عرصے بعد شاہ خان کا انتقال ہوگیا اور اس کا نابالغ لڑکا غلام نصیر بہ سرپرستی وزیر دودار مسند نشین ہوا - جب خسرو کو پتہ چلا کہ ہنزہ میں شہ بیگ کا نابالغ لڑکا حکمران ہے تو وہ چند قبائل کی معیت میں ہنزہ آیا اور غلام نصیر کو قتل کر کے یہاں قابض ہوگیا - یہ واقع ۱۷۵۴ء کا ہے - تیس سال کے بعد جب خسرو بوڑھا ہوگیا تھا اس کے ایک لڑکے سمی مرزا نے اسے پتھر مار کر ہلاک کر ڈالا اور خود ۱۷۸۴ء میں حکمران بن بیٹھا - مرزا ایک کاہل الوجود اور نا اہل شخص تھا - اس کے عہد میں کئی بار خشک سالی بھی ہوئی - اس لیے لوگ اس سے بیزار ہوگئے اور انہوں نے اس کے جلاوطن بھائی سلیم خان (سلیم خان باپ کی موت کے بعد گلگت میں اپنے خالہ زاد بھائی غوری تہم خان کے پاس جلاوطنی کی زندگی گذار رہا تھا) کو ہنزہ آنے کی دعوت دی - سلیم خان نے ہنزہ پر چڑھائی کر کے مرزا کو قتل کر ڈالا اور ۱۷۹۰ء میں میر ہنزہ بنا - یہ شخص ایک مدبّر اور بیدار مغز حکمران تھا - اس نے اپنے دانشمند وزیر پونو کی تجویز سے حیدر آباد ، علی آباد اور احمد آباد کی بنجر اراضی کو قابل کاشت بنایا - یہ شخص روزانہ دربار بھی کیا کرتا تھا - اس نے چونتیس (۳۴) سال حکومت کی -

سلیم خان کی وفات (۱۸۲۴ع) پر اس کے دونوں بیٹوں محمد امین خان اور غضنفر علی خان کے درمیان جانشینی کے لیے جھگڑا ہوا - چونکہ غضنفر کی پارٹی مضبوط تھی اس لیے غضنفر تخت نشین ہوا اور اس نے محمد امین کو زہر دلوا دیا - اس کے زمانے میں مہاراجہ کشمیر کے ساتھ ہرومن کی مشہور لڑائی ہوئی - اس لڑائی میں فتح جنگ نامی توپ سلیم خان کے ہاتھ لگی جو اس نے مہاراجہ کشمیر کو چیروٹ کے عوض واپس دے

Marfat.com

دی۔ غضنفر خان نے ۱۸۶۳ع میں وفات پائی۔ اس کے پانچ بیٹوں میں جانشینی کے لیے جنگ ہوئی جس میں میر غزان خان کامیاب ہوا۔ اس نے اپنے دوسرے بھائیوں کو قتل یا جلاوطن کر دیا۔ غضنفر کی کئی بیویاں تھیں جن سے چھ لڑکے اور بہت سی لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ ان میں سے ایک بیٹے صفدر علی نے محمد دارا بیگ وزیر سے مل کر ۱۸۸۶ع میں اس کو قتل کر ڈالا اور علی الترتیب حکومت اور وزارت کے منصب سنبھالے۔ صفدر علی نے تخت نشین ہوتے ہی بارہ محصولات معاف کر دئیے۔ چونکہ یہ قدم اس نے اپنے وزیر دارا بیگ عرف دارو کی ایما پر کیا تھا اس لیے یہ وزیر بہت سخی مشہور ہوا۔

۱۸۸۹ع میں ایک روسی نمائندہ جس کا نام طورم گرامچی تھا ہنزہ آیا اور صفدر علی سے روسی حکومت کی تابعداری اور خیر سگالی کی گفت و شنید کی، مگر ناکام رہا۔ البتہ اسی سال کرنل ڈیورنڈ برٹش ایجنٹ گلگت بھی ہنزہ و نگر آیا اور اُس نے میر آف ہنزہ سے برطانیہ کے ساتھ تعلقات قائم کرنے کا وعدہ لے لیا اور دسمبر کے مہینے میں گلگت میں منعقد ہونے والے سالانہ جلسہ میں شرکت کی دعوت دی، جہاں میر ہنزہ اور دوسرے عہدیداروں کے سالانہ وظائف مقرر ہوئے۔ ۱۸۹۱ع میں نگر کے میر آذر خان اور میر صفدر علی نے مل کر غوری تہم خان اور ودیگ ملک پسران راجہ ظافر خان کو قتل کر ڈالا۔ تہم خان چونکہ مہاراجہ کشمیر کا خیر خواہ تھا اس لیے وہ اس کے قتل سے ناراض ہوا۔ دوسرے معاہدے کے مطابق جب برٹش ایجنٹ گلگت نے سر جارج میکانٹنی جنرل کونسل مقیم کاشغر کے نام خط براہِ ہنزہ بھیجا تو میرِ ہنزہ نے جانے نہ دیا اور اُسے واپس کر دیا جس پر مہاراجہ کشمیر کی فوجیں ہنزہ پر حملہ آور ہوئیں۔ تھول کے مقام پر ہنزہ اور نگر کی متحدہ فوجوں نے ان کا مقابلہ کیا آخر ۱۹ دن کی جنگ کے بعد پسپا ہونے پر مجبور ہو گئیں اور مہاراجہ کشمیر کی افواج ڈاکٹر رابرٹسن ومیز سمتھ کی سرپرستی میں دسمبر ۱۸۹۱ع میں ریاست نگر میں داخل ہوئیں۔ لیکن صفدر علی اور آذر خان درۂ منتکہ پار کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ کپتان اسٹوارٹ بحیثیت اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ ہنزہ بمقام شمال باغ اقامت پذیر ہوا۔ کچھ دنوں کے بعد سوائے چند سپاہیوں کے تمام افواج واپس چلی گئیں۔ ہنزہ کی نمائندگی محمد رضا بیگ اور نگر کی سکندر خان کرتے تھے۔ دو ماہ کے بعد یہ نمائندے راجہ پونیال سمیت جس نے اس لڑائی میں ہنزہ اور نگر کا ساتھ دیا تھا کلکتہ میں وائسرائے ہند سے ملے۔ حسب مراتب پہلے محمد رضا بیگ پھر سکندر خان اور اس کے بعد محمد اکبر خان کی ملاقات ہوئی۔ مہاراجہ گلاب سنگھ کی خواہش کے مطابق کہ ہنزہ و نگر کے راجگان کو واپس بلایا جائے، کرنیل ڈیورنڈ برٹش ایجنٹ گلگت نے میر صفدر علی خان اور آذر خان سے خط و کتابت کی مگر میر صغیر علی خان

Marfat.com

واپس آنے پر رضامند نہ ہوا ، بلکہ روس اور چین کی حکومتوں سے مدد حاصل کرنے میں کوشاں رہا ۔ البتہ آذر خان اپنے تمام رفقا کے ساتھ مہاراجہ کشمیر کے پاس آ گیا جہاں مہاراجہ نے ان کے گزارے کے لیے وظیفہ مقرر کر دیا ۔

اس صورت حال کے پیش نظر صفدر علی نے اپنے سوتیلے بھائی محمد نظیم خان کو حالات کا جائزہ لینے کے لیے ہنزہ بھیجا ، جسے ہمایوں بیگ نے وہیں روک لیا اور ان کے اہل و عیال کو بھی یہیں لے آیا ۔ صفدر علی کو چینی حکومت نے یارقند میں ہمیشہ کے لیے نظر بند کر دیا ۔

۱۴ اپریل ۱۸۹۲ع کو گلگت کے سالانہ جلسہ میں محمد نظیم خاں کو موروثی میرِ ہنزہ اور ہمایوں بیگ کو موروثی وزیرِ ہنزہ تسلیم کیا گیا ۔ اسی طرح راجہ ظافر خاں عرف ظافر کو میرِ نگر تسلیم کیا گیا لیکن ظافر کے مفلوج ہونے کی وجہ سے اس کے لڑکے سکندر خان کو سربراہ بنایا گیا ۔ مہاراجہ کشمیر کی طرف سے ان کو سندیں عطا کی گئیں اور وائسرائے ہند کی منظوری سے ان کو بالکل خود مختار ریاستوں کا درجہ دے دیا گیا ۔ محمد نظیم خان کا انتقال ۱۹۳۸ع میں ہوا اور اس کے بعد اس کا لڑکا محمد غزانخان جانشین ہوا ۔ ۱۹۴۵ع میں کثرت شراب نوشی کی وجہ سے محمد غزانخان پر اچانک فالج کا حملہ ہوا اور وہ انتقال کر گیا اور اس کے بڑے فرزند محمد جمال خان جانشین مقرر ہوئے ۔ برصغیر کی تقسیم پر انگریزوں نے گلگت ایجنسی کے وہ علاقے جو ساٹھ سال کے اجارہ پر حاصل کیے تھے ، مہاراجہ کشمیر کے حوالے کر دئیے ۔ چنانچہ مہاراجہ کشمیر کی طرف سے بریگیڈیر گھنسارا سنگھ بحیثیت گورنر صوبۂ گلگت بذریعہ ہوائی جہاز گلگت میں اترا اور حکومت کی باگ ڈور سنبھال لی ۔ لیکن ۲ نومبر ۱۹۴۷ع کو کمانڈانٹ گلگت سکاؤٹس ، میجر براؤن اور ماتحت افسروں نے گھنسارا سنگھ کو گرفتار کر لیا اور گلگت کا الحاق پاکستان سے ہو گیا ۔ جلد ہی حکومتِ پاکستان کا نمائندہ سردار عالم خان بحیثیت پولیٹیکل ایجنٹ گلگت پہنچ گیا اور اُس نے انتظامیہ کو سنبھال لیا ۔ والیان ہنزہ نے بھی پاکستان سے الحاق کا اعلان کر دیا ۔ چنانچہ اپریل ۱۹۴۸ع میں جناب لیاقت علی خان کی دعوت پر والیانِ ہنزہ و نگر اور گورنر پونیال گلگت سے کراچی پہنچے ، جہاں ان کے سابقہ حقوق اور مراعات کے تحفّظ کا یقین دلایا گیا ۔

میر محمد جمال والئی ریاست ہنزہ حلیم الطبع ، محنتی اور مخلص انسان ہیں ۔ وہ اپنے مذہبی پیشوا اور حکومتِ پاکستان کے تعاون سے ریاست کے عوام کے لیے روزگار کے مواقع ، تعلیمی سہولتیں اور نقل و حمل کے ذرائع کو وسعت دینے میں کوشاں ہیں ۔ حکومتِ پاکستان نے انہی خدمات کے اعتراف میں ان کو ہلالِ پاکستان کے خطاب سے نوازا ہے ۔

Marfat.com

(ب) معاشرتی اور تہذیبی پس منظر: ریاست ہنزہ کے باشندے مختلف قبیلوں کی نسلوں سے تعلق رکھتے ہیں جو مختلف اوقات میں دور و نزدیک سے آ کر یہاں آباد ہوتے رہے - ان میں تاتاری مغول ، تاتاری ہن ، بلتستانی بلتی ، وخانی وخی اور فندوزی ، بدخشانی ، کرغز ، داریل ، نانگیر کی شین نسل سے تعلق رکھتے ہیں - بروشسکی زبان بولنے کی وجہ سے سب بروشو (Burusho) کہلاتے ہیں - یہ لوگ محنتی ، جفاکش اور دیانت دار ہوتے ہیں اور اپنے نسلی امتیاز کی بجائے پیشے اور طبقاتی تقسیم کے اعتبار سے پہچانے جاتے ہیں -

طبقاتی تقسیم : حکمران طبقہ وہ ہے جو موجودہ حکمران میر محمد جمال خان کے خاندان سے تعلق رکھتا ہے - یہ خاندان تقریباً پانچ سو سال سے ہنزہ پر حکمران چلا آتا ہے - امیر کا چناؤ ہمیشہ اسی خاندان سے ہوتا ہے -

دوسرا طبقہ وزراء کا ہے جو موجودہ وزیر سعد اللہ بیگ تاتاری مغل سے تعلق رکھتا ہے- یہ لوگ ہنزہ کے بانیوں میں سے ہیں اور حکمرانِ ہنزہ سے قبل حکمرانِ گلگت کے عہد میں یہاں کی نیابت انہی کے ہاتھ میں تھی - یہ لوگ ہنزہ کے رئیس مانے جاتے تھے - موجودہ حکمران طبقے کے ابتدائے اقتدار ہی سے یہ خاندان موروثی طور پر وزارت کے منصب پر فائز چلا آتا ہے -

تیسرا طبقہ اکابرین ملک کہلاتا ہے - یہ اکابرین ریاست کی ترقی اور فلاح و بہبود کے کاموں میں مشورے دیتے ہیں اور متعدد خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں - یہی لوگ لڑائی کے موقع پر عہدے داروں کے فرائض انجام دیتے ہیں - بروشسکی میں اس طبقے کو کرپاتنگ (Kurpating) کہتے ہیں -

چوتھا طبقہ بار (Bar) کہلاتا تھا - انہیں مدت سے عسکری فرائض سونپے گئے تھے - اس کا کام قدیم زمانے میں لداخ اور ہمسایہ ملکوں کے راستوں کو لوٹ مار سے محفوظ رکھنے والے سپاہیوں کا تھا - راستے محفوظ ہو جانے کے بعد اس طبقے کی ضرورت نہیں رہی -

پانچواں طبقہ شدرشو (Sadarsho) کہلاتا ہے - اس طبقے کے لوگ سپاہ گری کی خدمت کے علاوہ حکمران طبقے کے لوگوں کی کار بیگاری ، جسے یہ لوگ رجاکی (Rajaki) کہتے ہیں ، بھی کرتے تھے ، جو اب قریباً ختم ہو گئی ہے -

چھٹا طبقہ باربرداروں پر مشتمل تھا - ان کا کام بوجھ اٹھانا ، طلا کشی کرنا اور بڑے زمینداروں کی خدمت بجا لانا تھا - حکمرانوں کے کھیتوں کی رہنمائی کرنے کے علاوہ اکابرین ملک کی بھی رہنمائی ان کے ذمے تھی - ہر ایک کبیر کے لئے ایک دو دہقان آئینی طور پر مقرر ہوتے تھے اور ان کی اجرت مقرر تھی- میر محمد غزان خان ثانی(۱۹۳۸ع—۱۹۴۵ع)

Marfat.com

کے دور اقتدار میں اس قانون کو ختم کر دیا گیا اور آہستہ آہستہ اس رسم کا رواج ختم ہونے لگا ، حتیٰ کہ موجودہ میر صاحب کے عہد میں بالکل مفقود ہو گیا ۔

ساتویں طبقہ میں ایسے مجرم مرد اور عورتیں آتی تھیں جن کو ناقابلِ معافی جرم کی پاداش میں قید کی سزا دی جاتی ۔ ان کو غلام تصور کیا جاتا تھا اور یہ لوگ تھانگم (Thangum) کہلاتے ۔ ان سے شاہی قلعہ میں آب کشی ، جاروب کشی ، ہیزم کشی اور گاؤ بانی کی خدمات لی جاتیں ۔ انگریزی تسلط کی ابتدا سے اس رواج کا انسداد ہونے لگا اور آخر میر غزان خان کے زمانے میں یہ رواج مکمل طور پر نابود ہو گیا ۔

آٹھویں طبقے میں ہنر مند لوگ آتے ہیں ۔ ان کو بروشسکی میں بریچو (Bricho) کہا جاتا ہے ۔ یہ بھی ایک نسل سے تعلق نہیں رکھتے ان میں کوئی بلتی ہے ، تو کوئی وخانی اور کوئی شین نسل سے ہے ۔ البتہ یہ لوگ ایک ہی گاؤں میں رہتے ہیں ۔ قدیم زمانے میں طبقاتی طور پر سب سے نچلے درجے میں آتے تھے اس لئے کہ یہ لوگ مروّجہ اصولوں کے مطابق حلال و حرام کے تصور کا احترام نہیں کرتے تھے اور بیویوں کو بلا مہر و طلاق رکھ لیتے اور چھوڑ دیتے تھے ۔ اب یہ لوگ اپنے روحانی پیشوا حاضر امام کی پیروی کی بدولت مومن کہلاتے ہیں اور ان کے گاؤں کو بریشل (Berishal) یعنی مومن آباد کہا جاتا ہے ۔

ہنزہ میں بھی دوسری اقوام کی طرح مختلف تہذیبی اثرات پائے جاتے ہیں ۔ ان میں ترکستانی ، چینی ، روسی ، بدخشانی اور بلتی تہذیبوں اور شین اقوام کے اثرات کا سراغ ملتا ہے ۔ ہنزہ کے قدیم باشندوں کے لباس کا پتہ نہیں چل سکا ، البتہ چار پانچ سو سال پہلے سے یہ لوگ شقہ اور پاپوش پہنتے آ رہے ہیں ۔ ابتدا میں شقہ کی آستین اتنی لمبی نہیں ہوتی تھی ۔ کُرتا نہیں پہنا جاتا تھا بلکہ شقہ کے اوپر اون یا بالوں کا کمر بند باندھ لیا جاتا ۔ مردوں کے پاجامے کھلے ہوتے ۔ عورتیں لمبے اونی کرتے پہنتیں ۔ مرد اور عورت دونوں سر پر لمبے بال رکھتے ۔ دونوں ایک ہی قسم کی بے ڈول ٹوپی پہنتے ۔ میر محمد نظیم خان (۱۸۹۲ع — ۱۹۳۸ع) کے عہد تک اس قسم کی ٹوپیاں بوڑھی عورتیں پہنا کرتی تھیں ۔ مذہبی اثرات کے زیر اثر جسم کی مکمل ستر پوشی کے لئے گلے اور آستینوں والا کُرتا پہنا جانے لگا جسے خراسانی یا درویشانہ کُرتا کہا جاتا تھا ۔ ترکستانی اور بدخشانی تہذیبوں کے اثر سے چپن اور پوستین بھی استعمال ہونے لگا ۔ حکمران اور امراء کا طبقہ پوستین جسے ابچوک کہتے استعمال کرتا ۔

کھانے کے برتن چوبیں ہوتے ۔ چھوٹے چھوٹے چمچ اور بڑے بڑے ظروف بھی بید کے درخت کی لکڑی سے بنائے جاتے ۔ پھر انگریزوں کی آمد سے رفتہ رفتہ پیتل اور لوہے کے برتن

Marfat.com

استعمال میں آ گئے البتہ چینی کے برتن بہت کم استعمال کئے جاتے۔

ہنزہ میں ایک نرم قسم کا پتھر پایا جاتا ہے۔ پرانے زمانے میں لوگ اس سے دیگ اور دیگچے بناتے، جن کو بلوش (Balosh) کہا جاتا۔ ان میں انگور کی شراب بھی رکھی جاتی تھی۔ قدیم زمانے میں یہ دیگچے ترکستان، بدخشان اور اندجان سے یہاں آتے جو 'چیدن' اور 'چاتے جوش' بھی کہلاتے۔ پھر کشمیر سے پیتل کے چھوٹے بڑے دیگچے اور سماوار بھی آنے لگے۔

انگریزوں کی آمد تک آلاتِ کشا ورزی بھی سب کے سب چوبیں تھے۔ ہل، نال، پھل اور بیلچے خوبانی کی لکڑی سے تیار کئے جاتے۔ کدال یا کلینک کے لیے مارخور کے سینگ سے کام لیا جاتا۔ چپل اور مار توڑ نے انگریزوں کی آمد کے بعد رواج پایا۔ بالٹی اور لوٹے کا کام سخت و نرم کدو سے لیا جاتا۔ بید کے درخت کی چھوٹی چھوٹی شاخوں سے ٹوکریاں بناتے جن میں بھوسہ، مٹی، پتھر اور کھاد وغیرہ رکھی جاتی۔ اس کے علاوہ ایسی ٹوکریاں بھی بنائی جاتیں جن میں سوکھی خوبانیاں رکھتے۔ ان کو غوٹول (Gutul) اور کھر (Khur) کہا جاتا تھا۔

ان لوگوں کے مجلسی آداب قدیم مشرقی اطوار پر مبنی ہیں۔ عمر اور رتبہ کے لحاظ سے بڑوں کو منکسرانہ طریقے سے آداب کہتے، ہاتھ پیر چومتے اور ایک دوسرے کو آگے بٹھاتے اور طعام و نوش کی پیش کش کرتے ہیں۔ سوار اتر کر آداب بجا لاتے ہیں۔ دوسری اقوام کی طرح قدیم زمانے میں ان کے کھانے بھی مختصر ہوتے۔ بود و باش، لباس اور کھانوں میں تکلّف انگریزوں کے اثر سے آیا۔ غریب طبقہ کی خوراک ترمبہ یعنی برو (Baru) اور میتھی یعنی شکر کتس (Sikar Kuts) اور سوکھی خوبانیوں کے پانی یعنی چھموس (Chamus) اور بیوٹھسل (Bayutshil) یعنی مٹی سے مقطر کئے ہوئے نمکین پانی اور سوکھی ترکاریوں مثلاً کدو، گاجر، کرم وغیرہ پر مشتمل ہے۔ آلو انگریزوں کی آمد کے ساتھ بوئے جانے لگے۔

ہنزہ کے باشندے قدیم الایام سے زراعت پیشہ ہیں۔ زمین کا بیشتر حصہ ڈھلوان ہے، اس لئے جہاں ممکن ہو سکتا ہے دیواریں بنا کر زمین کو ہموار کر لیتے ہیں اور گیہوں، جو اور ترمبہ کاشت کرتے ہیں۔ ناہموار زمین پر پھل دار درخت لگا دیتے ہیں۔ یہاں سیب انگور، آڑو، ناشپاتی اور توت کے پھل پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ دوسرے قطعات سے مویشیوں کے لیے چراگاہوں کا کام لیا جاتا ہے۔ ہر زمیندار مویشی ضرور رکھتا ہے۔ مویشیوں میں گائے، بیل، بھیڑ، بکری، گدھا اور سواری کے لیے گھوڑا، باربرداری کے لئے اونٹ اور خچر عہد قدیم سے پائے جاتے ہیں۔

Marfat.com

ہنرمندوں میں اُونی پٹیاں بنانے اور پلاس بننے والے جولاہے عہد قدیم سے موجود ہیں۔ البتہ تہذیبی ترقی کے ساتھ ساتھ یہاں لوہار، بڑھئی اور سنار بھی ہنر مند پیشہ وروں میں شامل ہو گئے ہیں۔

عسکری نظام : یہاں عہد قدیم میں کوئی باقاعدہ فوج نہ تھی (جیسا کہ قدیم زمانے میں ہوتا تھا) قبیلوں کے سرداروں کی قیادت میں لشکری جمع رہتے، جن کو دشمن کی مدافعت کے لیے تیار کیا جاتا۔ ان کی تربیت کے دو مقام تھے، ایک حکمرانوں کا دربار اور دوسرا تجربہ کار ''مقبروں کی مجلس شبینہ'' جہاں آزمودہ کار بہادر جمع ہوتے اور ان کو فن سپہ گری کے طریقے سکھاتے۔

دفاعی امور تین اعلیٰ طبقوں کے افراد کے ذمے ہوتے۔ ان میں دوسرے طبقے کے لوگ سامان جنگ کی نقل و حمل پر مامور تھے۔ دشمن کا پتہ لگانے اور خطرہ سے آگاہ کرنے کے لئے لشکر کے آگے ایک دو افراد روانہ کئے جاتے۔ یہ لوگ آٹھویں طبقہ سے تعلق رکھتے۔ سپہ سالار کو سردار کے لقب سے مخاطب کیا جاتا۔ سردار ہمیشہ حکمران خاندان کا کوئی فرد ہوتا جو اکثر وزیر یا اس کا بیٹا ہی ہوتا۔ لشکریوں کے لیے کوئی تنخواہ مقرر نہ تھی۔ لڑائی کے اختتام پر انہیں مالِ غنیمت سے حصہ دیا جاتا۔ جنگی قیدیوں کو غلام بنا کر ممتاز افراد میں تقسیم کر دیا جاتا۔ غلام بنانے کی یہ رسم میر نظم خاں کے عہد (۱۸۹۲ء—۱۹۳۸ء) میں ختم کر دی گئی۔ نمایاں بہادری دکھانے والوں کو ہتھیاروں مثلاً گھوڑا، تلوار یا بندوق اور زمین کی صورت میں انعامات دیئے جاتے۔ اگر کوئی ادنیٰ طبقہ کا فرد جوانمردی کا امتیازی جوہر دکھاتا تو اسے بالائی طبقے میں شامل کر لیا جاتا تھا۔

طرز حکومت اور اعیان ملک : پچھلے چھ سو سالوں سے ایک ہی خاندان ہنزہ پر حکمران چلا آ رہا ہے۔ میر کا انتخاب اسی خاندان سے ہوتا ہے۔ اگرچہ میر کو شخصی حکومت کے تمام اختیارات حاصل ہیں لیکن پھر بھی یہاں ہمیشہ سے پنچائتی نظام رائج رہا ہے۔ پنچائت کے ارکان گاؤں کے مختلف قبیلوں سے لیے جاتے ہیں جنہیں بروشسکی میں اویم (Uyum) کہتے ہیں۔ سرپنچ کے لیے کڈا کو (Kadako) کا نام رائج ہے۔ یہ ارکان اکابرینِ ملک، جن کا کام لوگوں کی فلاح و بہبود کے کاموں میں حکومت کو مشورے دینا ہے، سے لیے جاتے ہیں۔

وزیر کے بعد ایک عہدہ نصف وزیر کا ہوتا ہے، جسے 'ترنگفہ' کہتے ہیں، (ترنگفہ دراصل ترنگیہ کی بگڑی ہوئی صورت ہے جس کے معنی آدھا کے ہوتے ہیں) یہ وزیر ہنزہ کے طبقہ دوم اور سوم جو علی الترتیب موجودہ وزیر سعد اللہ بیگ کے خاندان کے افراد اور اکابرینِ ملک پر مشتمل ہیں، سے لیا جاتا ہے۔ اسے نائب وزیر ہی سمجھنا چاہئے۔

چھوٹے چھوٹے جھگڑوں کا تصفیہ برادری کی سطح پر ہی کر لیا جاتا ہے۔ لیکن فریقین میں سے اگر کوئی مطمئن نہ ہو تو معاملہ گاؤں کی پنچائت کے سامنے پیش ہوتا ہے۔ اگر فیصلہ تسلی بخش نہ ہوا ہو تو پھر 'ترنگفہ' یعنی آدھے وزیر کے پاس مقدمہ لے جایا جاتا ہے اور اگر یہ وزیر بھی فریقین کو مطمئن کرنے میں ناکام رہے تو پھر وزیر اور اس کے بعد میرِ ہنزہ کے پاس مقدمہ پیش کیا جاتا ہے۔ میر اعیان و اکابرین کی موجودگی میں بیانات سننے کے بعد ان سے مشورہ لیتے ہیں اور پھر فیصلہ صادر فرما دیتے ہیں، جو حتمی ہوتا ہے۔ فیصلہ کرنے میں التوا سے کام نہیں لیا جاتا، بلکہ ایک سطح پر ایک ہی پیشی پر فیصلہ سنا دیا جاتا ہے۔ جس کے حق میں فیصلہ ہوتا ہے اسے نذرانہ پیش کرنا پڑتا ہے۔ یہ نذرانہ طبقاتی بنیاد پر مقرر کیا جاتا ہے۔ سب سے ادنیٰ طبقہ بار برداروں کا ہے، جسے کاربو (Carbu) کہتے ہیں۔ نذرانہ ایک سیر گھی سے لے کر ایک بھیڑ تک مقرر ہے۔

ملک کے دوسرے عہدے یا مناصب: ریاست ہنزہ میں عہد قدیم سے مندرجہ بالا عہدے پائے جاتے ہیں :—

۱- **فراش معروف بہ فراج :** یہ عہدہ مشیر مالیات کا ہے۔ اس کے ذمے مالیہ اور معصولات کا حساب رکھنا ہے۔ اس کے علاوہ حکمران خاندان کے خورد و نوش کا انتظام کرنا بھی اس کے فرائض میں شامل ہے۔ پرانے زمانے میں اس عہدے کی کوئی زیادہ اہمیت نہیں سمجھی جاتی تھی لیکن میر سلیم خان ثانی (۱۷۹۰ع—۱۸۲۴ع) کے زمانے میں جب امین اور اس کے بعد اس کے بیٹے سنگی خان نے اپنی قابلیت سے اس کام کو خوش اسلوبی سے سر انجام دیا تو اس عہدے کو توقیر کی نگاہ سے دیکھا جانے لگا۔ میر محمد نظیم خان کے عہد میں اس عہدے کے فرائض میں رد و بدل کیا گیا۔

۲- **یرقہ :** اس کا کام شاہی اراضی پر کام کرنے والے افراد کی نگرانی کرنا تھا۔ اراضی کو کئی حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا اور ہر حصے پر ایک یرقہ نگران مقرر کر دیا جاتا۔ نگرانی کے علاوہ یرقہ کے ذمے ہر قسم کا اناج فراہم کرنا بھی ہوتا۔ تمام شاہی مویشیوں کی دیکھ بھال بھی یہی کرتا۔ میر محمد نظم کے عہد میں تمام اراضی کاشتکاروں کو لگان پر دے دی گئی تو یہ عہدہ ختم ہو گیا۔

۳- **دیوان بیگی :** قدیم ایام میں لداخ کے راستے یارقند اور کشمیر کے درمیان سفر کرنے والوں کو لوٹ لیا جاتا۔ لوٹ کے اس مال کی پڑتال اور دیکھ بھال کرنے والوں کو دیوان بیگی کہا جاتا تھا۔ چونکہ لوٹ مار کو جائز سمجھنے اور ناجائز طور پر دوسروں کے مال و دولت پر قبضہ کر لینے کا زمانہ گزر چکا ہے اس لیے اب یہ عہدہ باقی نہیں رہا۔

Marfat.com

۴- **وکیل :** یہ عہدے دار مہاراجہ جموں و کشمیر سے سالانہ زرِ سوغات کے عوض تحائف لایا کرتا تھا ۔ میر ہنزہ مہاراجہ جموں و کشمیر کو دوستی کی علامت کے طور پر سالانہ زر پیش کیا کرتا تھا ، جسے زرِ سوغات کہا جاتا تھا ۔ جب انگریزوں نے گلگت ایجنسی پر اجارہ حاصل کر لیا تو یہ رسم ختم ہو گئی جس کے ساتھ ہی یہ عہدہ بھی ختم کر دیا گیا ۔

۵- **ایلچی :** قدیم زمانے میں جب موجودہ حکمران کے مورثِ اعلیٰ نے خاقانِ چین سے رابطہ پیدا کیا تو یارقند اور کاشغر کے دوطے (گورنر) سے سالانہ زرِ سوغات کے عوض مقررہ تحائف لانے والے کو ایلچی کہا جاتا تھا ۔ یہ عہدہ اربابِ گوجال کے لئے مخصوص تھا ۔ ۱۹۳۷ع میں یہ عہدہ ختم کر دیا گیا ۔

۶- **ٹیلپانچی :** ایلچی کی طرح یہ لفظ بھی ترکی ہے ۔ اسے سالانہ محصول وصول کرنے والے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔ اس کا کام ہر سال سریقول جا کر ٹیلاق نشینوں سے مقررہ تحائف مثلاً نمدہ ، بختہ اور جبل و اسپ وصول کر کے ہنزہ لانا تھا ۔ انگریزوں کے آخری ایام میں یہ عہدہ ختم کیا گیا ۔

۷- **پیپا** (Pipa) **:** یہ عہدے دار اوسط طبقہ کے لوگوں میں سے لیا جاتا ۔ اس کے ذمے ریاست کے ادنیٰ لوگوں سے کوئلہ جمع کروانا ، پتھروں سے سیسہ نکلوانا ، زمین سے گندھک حاصل کرنا اور پھر اس سے بارود تیار کروانا تھا ۔ لڑائی کے وقت گولہ بارود مہیا کرنا بھی اس کے فرائض منصبی میں شامل تھا ۔ یہ عہدہ بھی اب مفقود ہو چکا ہے ۔

۸- **محرم :** میرانِ ہنزہ کے دربار میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جن کا کام میر ہنزہ کے پیغامات دوسرے عہدیداران تک پہنچانا یا پھر فریادی و طلبگار کی میر تک راہنمائی کرنا ہے ۔ یہ اصحاب محرم کہلاتے ہیں ۔

۹- **بساول :** یہ ترکی نام ہے اور ہنزہ میں دربار میں کھانا تقسیم کرنے والے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

۱۰- **غول چیں یا گل چیں :** ان کی ذمہ داری شاہی محل کے افراد کے لیے الگ الگ کھانا تیار کروانے کی ہے ۔

۱۱- **اسیری :** حکمران طبقہ کے دورانِ سفر خصوصاً دورۂ گوجال کے وقت کھانے تیار کروانا اس کا کام ہے ۔

۱۲- **میر شکار :** اس کی اب ضرورت نہیں رہی ۔ میر غضنفر خان کے زمانے میں باز پالنے کا دستور قائم کیا گیا تھا جو میر نظیم خان کے عہد تک جاری رہا ۔

Marfat.com

باز رانی کے لیے آموختہ اصحاب کو مقرر کیا جاتا تھا ۔ اس زمانے میں اب اس کی ضرورت باقی نہیں رہی ۔

۱۳۔ **شبانی :** چراگاہوں کی حفاظت کے علاوہ میر صاحب کے محل پر ذبح کیے جانے والے جانوروں کی حفاظت کے لیے دو آدمی مقرر ہوتے ہیں ، ان کو ذبح کیے ہوئے جانوروں کی اوجڑی معاوضے کے طور پر دی جاتی ہے ۔

۱۴۔ **آلات حرب :** قدیم زمانے میں تیر و کمان استعمال ہوتا تھا ۔ بعد میں ڈھال تلوار اور فتیلہ دار بندوقیں بھی پائی جانے لگیں ۔ ڈھال اور تلواریں اکثر ترکستان اور بدخشاں سے آتی تھیں ۔ پھر سکھوں کے قتل و غارت کے بعد گجراتی ساخت کی تلواریں ہنزہ میں عام ہو گئیں ۔ فتیلے والی بندوقیں ، ختن ، توقند ، تاشقند ، کاشغر اور یارقند سے آتی تھیں ۔

چھوٹی توپ جسے زنبور کہا جاتا تھا ، سریقول کے الف بیگ نے اپنے بھانجے سلیم خان عرف باپو کی ولادت پر میر غزانخان کو تحفتاً بھیجی تھی جو میر غزانخان اوّل کے زمانے میں بدخشاں سے آدمینہ نامی کاریگر کو بلوا کر ہنزہ میں تیار کروائی گئی ۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ہنزہ میں موجود سونے کے تمام ظروف اور عورتوں کے زیورات کے عوض یہ ایک توپ بنی تھی جسے مہاراجہ ، ہنزہ پر قبضہ کے بعد گلگت لے گیا ۔ یہ توپ اب بھی گلگت ایجنسی باغ میں محفوظ ہے ۔

۱۸۷۳ع میں کپتان بڈلف نے میر غزانخان کو ایک چہرہ دار بندوق تحفہ کے طور پر دی جو اس نے ہمایوں بیگ کو انعام میں دے دی ۔ صفدر علی کے زمانہ میں چند دنبالہ پُر بندوقیں روس سے ہنزہ کو ملی تھیں ۔

رسم و رواج : ہنزہ میں زمانہ قدیم سے مختلف مواقع اور تقاریب کے سلسلے میں جو رسم و رواج پائے جاتے ہیں ان سے یہاں کی تہذیب کی مکمل عکاسی ہوتی ہے ۔ یہ رسم و رواج مندرجہ ذیل ہیں :—

۱۔ **ولادت :** جب کسی کے گھر لڑکا پیدا ہوتا ہے تو اس کے پڑوس اور برادری کے مرد اس کے مکان کی چھت پر جمع ہو کر اپنی اپنی بندوقیں فضا میں چھوڑتے ہیں ۔ مبارکبادی اور خوشی کے اظہار کا یہ ایک طریقہ ہے ۔ عورتیں الگ طور پر مبارک دینے آتی ہیں ۔ زچہ کے والدین زچہ اور نومولود کے لیے مقررہ کپڑے لے کر آتے ہیں ۔ جب لڑکا ایک مہینہ یا چالیس دن کا ہو جاتا ہے تو پھر لڑکی کے والدین اپنی برادری

Marfat.com

کے ساتھ کھانے ، تحائف ، کچھ گیہوں اور گھی لے کر لڑکے والوں کے ہاں آتے ہیں۔ لڑکی کی پیدائش پر بندوقیں نہیں چلائی جاتیں ، البتہ باقی رسوم اسی طرح ادا ہوتی ہیں۔

ایک ہفتہ کے بعد بچے کو گہوارہ میں لٹایا جاتا ہے اور اسی دن اس کا نام بھی رکھا جاتا ہے۔ گہوارہ میں لٹانے کی رسم میر غزانخان کے دور میں شروع ہوئی۔ اس کا آغاز اس کے وزیر اسد اللہ بیگ نے اپنے نواسہ شکر اللہ بیگ کی ولادت سے کیا۔

۲۔ **شادی :** قدیم زمانے میں شادیوں کے لیے دن مخصوص تھے۔ سال کے اختتام پر ماہ جدی (ایرانی سال کا مہینہ) کے آخری دنوں یعنی دسمبر کی پندرہ سے بیس تک کی تاریخوں میں سارے ملک میں شادیاں کرنے کا دستور تھا۔ اس وقت اپنے قبیلے میں شادی کرنا مکروہ سمجھا جاتا تھا اس لیے ممنوع بھی تھا۔ اب تصور بدل چکا ہے۔ لوگ آپس میں شادیاں کرتے ہیں اور اس کی ممانعت بھی نہیں رہی۔

جب کوئی شخص کسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے تو کسی عزیز کے ذریعہ اس کے والدین سے رشتے کے لیے گفت و شنید ہوتی ہے۔ منظوری کے بعد ایک دن دعا خوانی کی جاتی ہے اور اس دن لڑکے کے والدین کی طرف سے لڑکی کے لیے کچھ کپڑے بھیجے جاتے ہیں۔ پھر شادیوں کے لیے مخصوص دنوں میں شادی کرنا قرار پاتا ہے۔

شادی کے روز دلہا کو نہلا کر پگڑی اور سہرا باندھتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار یا کلہاڑی جیسا اوزار جسے گانگ فری (Gangfuri) کہا جاتا ہے دیتے ہیں۔ اس کے بعد مہمانوں کی روٹی ، گوشت اور دیسی نمکین خلوا جسے شربت کہتے ہیں ، سے تواضع کی جاتی ہے۔ ولیمہ میں انگور کی شراب بھی پیش کی جاتی ہے ، پھر دولہا کو ناچ کی محفل کے لیے مجلس دربار میں پہنچاتے ہیں۔ راستے میں حاکموں ، اپنے بزرگوں اور دوسرے بہادروں کے گیت گائے جاتے ہیں۔ دربار میں دولہا سب براتیوں سے الگ ناچتا ہے۔ سورج چھپتے ہی بارات دلہن کے گھر روانہ ہو جاتی ہے۔ برات میں ۶ سے ۱۲ افراد تک شامل ہو سکتے ہیں اور دلہن کے گھر ۹ سے ۱۶ آدمی مدعو کیے جا سکتے ہیں۔ نکاح کے دوسرے روز دلہن روٹی بنانے اور دولہا پکانے کی رسم ادا کرتے ہیں۔

نکاح کے وقت حق مہر ضرور مقرر ہوتا ہے مگر اس کی مقدار بہت کم ہوتی ہے۔ لڑکے کو دو بھیڑیں بطور محصول دینی پڑتی ہیں۔ ایک میر صاحب اور دوسری وزیر ترنگفہ کو۔ لڑکی کو دو ایک سیر گھی یا اپنا شقہ دینا پڑتا ہے۔ دلہن کا یہ شقہ ریاست کے قیدیوں یا غلاموں کو دیا جاتا ہے۔ موجودہ میر صاحب نے یہ محصولات لینے سے ہمیشہ اجتناب کیا ہے۔ البتہ مہر کی رقم ان کے امام حاضر کے ارشاد کے مطابق بڑھا دی گئی ہے۔

Marfat.com

۳- **موت کی رسمیں :** عام رواج کے مطابق پڑوسی اور برادری کے لوگ مرنے والے کے گھر جمع ہوتے ہیں۔ مرد خاموش رہ کر ان کے دکھ میں شریک ہوتے ہیں، البتہ عورتیں مرثیہ خوانی کے ساتھ ماتم کرتی ہیں۔ قبر کے چاروں طرف مضبوط دیواریں بناتے ہیں۔ ان کے اوپر پتھروں کی سلیں رکھ دیتے ہیں۔ پائنتی کا رخ کھلا چھوڑ دیتے ہیں۔ میت کو اسی راستے سے قبر میں اتارتے ہیں اور پھر اس کو بھی بند کر دیتے ہیں۔ جنازے کے ساتھ مرد صلواۃ پڑھتے ہوئے جاتے ہیں۔ نماز جنازہ کے بعد میت کو دفن کر دیا جاتا ہے۔ قریبی رشتہ دار اور احباب متوّفی کے ورثا کے ساتھ واپس ان کے گھر آتے ہیں۔ جہاں قرآن خوانی کے بعد برادری کی طرف سے کھانا کھلایا جاتا ہے۔ متوّفی کے گھر تین دن تک کھانا نہیں پکتا، بلکہ عزیز و اقارب کے ہاں سے آتا ہے۔ تیسرے روز قبر کے تعویذ پر لپائی کی جاتی ہے اور تمحید و تمجید کے ساتھ صلواۃ پڑھتے ہوئے ایک چراغ جلایا جاتا ہے۔ اس سے پہلے چراغ کے نام سے ایک جانور ذبح کیا جاتا ہے۔

سات روز تک دور و نزدیک سے اپنے اور بیگانے سبھی ماتم پرسی کے لیے آتے رہتے ہیں۔ ساتویں روز غم دفعی کے لیے کچھ نیاز بانٹی جاتی ہے۔

قدیم زمانے میں میت کے تیسرے روز بہت زیادہ خرچ کیا جاتا اور ساتویں دن گائے یا بیل کو ذبح کر کے خیرات کے طور پر کھانا کھلایا جاتا۔ بعض متموّل لوگ ساتویں یا چالیسویں دن متوّفی کے نام پر مسجد، مینار یا کنواں تعمیر کرواتے اور خیرات کے نام پر ضیافت بھی کرتے۔ اب یہ رسمیں بہت حد تک مختصر ہو گئی ہیں۔

تہوار : ریاست ہنزہ کے لوگ بہت سے تہوار مناتے ہیں۔ خالص اسلامی تہواروں مثلاً عیدین، شب برات اور شب قدر کے علاوہ عید غدیر (جو صرف شیعہ فرقہ سے مخصوص ہے) کو چھوڑ کر یہاں صرف ان تہواروں کا ذکر کیا جاتا ہے جو اس ریاست کے عوام و خواص سے مخصوص ہیں، جنہیں دیسی تہوار کہا جاتا ہے اور جن سے یہاں کے رہنے والوں کی سماجی اور تہذیبی زندگی کی عکاسی ہوتی ہے۔

۱- **تھموشلنگ :** ریاست ہنزہ میں ایک نہایت ظالم حکمران گزرا ہے، جسے شری بدت کہتے تھے۔ یہ شخص مالیہ میں انسانی بچوں کو بھی ہتھیا لیا کرتا تھا۔ یہاں کے لوگوں نے اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے اسے زندہ جلا ڈالا۔ یہ تہوار اسی خوشی کو تازہ کرنے کے لیے ہر سال ماہ جدی میں منایا جاتا ہے۔ اس روز تمام چھوٹے اور بڑے صبح کاذب کے وقت سوکھی لکڑیوں کو آگ لگا کر جسے بروشسکی میں تالینو (Taleno)

Marfat.com

کہا جاتا ہے، ہاتھوں میں تھامے قلعہ کے باہر ایک جگہ جمع ہونے لگتے ہیں اور یہاں آگ برسا کر اس کا ڈھیر لگا دیتے ہیں۔ پھر اس ڈھیر کے پاس کھڑے ہو کر ایک گیت گاتے ہیں۔

اس کے بعد میر صاحب کے محل میں ایک پر تکلف دعوت دی جاتی ہے۔ اس دعوت میں قومی گیت گائے جاتے ہیں۔ یہ گیت شینا زبان میں ہوتے ہیں۔ ان گیتوں میں حکمرانوں کے سلسلہ ہائے نسب اور بہادروں کی بہادری بیان کی جاتی ہے۔

ہنزہ کے لوگ موسمِ سرما میں گوشت کھانے کے لیے ایک جانور پالتے ہیں۔ اس جانور کو بھی اسی روز ذبح کیا جاتا ہے۔ اس جانور کو بروشسکی میں یشایئس (Yushayas) اور شینا میں نسالو (Nasalo) کہا جاتا ہے۔ اس دن لوگ ایک دوسرے کو دعوت پر مدعو کرتے ہیں۔ خصوصاً نو بیاہتا جوڑوں کی دعوتیں کی جاتیں ہیں۔ پرانے زمانے میں حکمران موجودہ وزیر کے گھر مدعو ہونے کو ایک نیک شگون سمجھتے تھے۔ اسی طرح اس دن کسی نیک آدمی کے گھر پر مدعو ہونے کو بھی سال نو کے لیے فالِ نیک خیال کیا جاتا تھا۔

۲-**گروکس :** ماہ جدی کی ۲۱ اور ۲۲ تاریخوں کو منایا جاتا ہے۔ اس دن ان جانوروں کے سری پائے پکائے جاتے ہیں جو موسم سرما کے لیے ذبح کیے جاتے ہیں۔ داماد اور بیٹوں کو دعوت پر بلایا جاتا ہے اور اس دن یہ جاننے کے لیے کہ بکریاں گھابن ہوگئی ہیں یا نہیں ان کے تھنوں کا معائنہ کیا جاتا ہے۔

۳-**بوفو :** بوفو کے معنی ہیں بیج بکھیرنا۔ یہ رسم ماہ دلو کی پندرہ تاریخ یعنی فروری کی ۵ یا ۶ تاریخ کو ادا کی جاتی ہے۔ اس رسم کی ادائیگی کے سلسلے میں میر صاحب دو تین روز قبل بلتت سے التت پہنچتے ہیں، جہاں یہ رسم ادا کی جاتی ہے۔ بوفو کی شام التت میں آخری ناچ ہوتا ہے جسے یہاں کی اصطلاح میں آپی شو انات (Api Tsho Enat) کہا جاتا ہے۔ یہ ناچ بلتی ناچتے ہیں اور ان ہی سے مختص ہے اور ان کی تہذیبی علامت بھی ہے۔ اسی شام قدیم بانیانِ ہنزہ کے قبیلے کے چند افراد بلتت سے بوفو کی رسم میں شامل ہونے کے لیے التت جاتے ہیں، جہاں دوسرے شعبہ کے لوگ بھی ان کے شریکِ کار بن جاتے ہیں۔ اب میر صاحب کی طرف سے اس رسم کے اخراجات تفویض ہوتے ہیں۔

بوفو کے دن علی الصبح ہنزہ کے وزیر صاحب دوسرے عہدیداروں کی معیّت میں گھوڑے، تیر کمان اور چوگان لیے بلتت سے التت پہنچتے ہیں۔ پھر پولو گراؤنڈ میں گھوڑے دوڑائے جاتے ہیں اور اس کے بعد یہ لوگ میر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں جہاں ان کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔ کھانے کے بعد جلوس کی تیاری کی

Marfat.com

جاتی ہے۔ تمام اکابرین و معززینِ ریاست اس مکان میں جہاں بوفو کی رسم ادا کرنے والوں کی مجلس ہوتی ہے، جمع ہو جاتے ہیں۔ جب جلوس کا وقت قریب آتا ہے تو میر صاحب شاہی لباس زیب تن کیے تشریف لاتے ہیں۔ پھر کچھ رسومات ادا کی جاتی ہیں اور بکھیرنے کے لیے جو کا بیج لیے جلوس چل پڑتا ہے۔ جلوس میں شامل سب لوگوں کے ہاتھوں میں بید کی شاخیں اور ان کے سر پر ٹوپیوں میں سنبل کے پھول لگے ہوتے ہیں۔ میر صاحب گھوڑے پر سوار ہوتے ہیں۔ جلوس آہستہ آہستہ چلتا ہوا کھیت کے کنارے پر پہنچ جاتا ہے تو میر صاحب گھوڑے پر سے اترتے ہیں۔ کچھ دور پیدل چلتے ہیں اور پھر ایک جگہ زمین پر بیٹھ جاتے ہیں۔ یہاں ایک خاص ترتیب کا کھانا تقسیم ہوتا ہے۔ اس کے بعد لوہار تیروں کے پیکان لاتے ہیں، دوسرے ہنر مند تیر پیش کرتے ہیں۔ ایک ہنر مند چوگان اور گیند پیش کرتا ہے۔ سنار سونے اور چاندی کے بنے ہوئے تین نشان پیش کرتے ہیں۔ اس رسم کے بعد سب لوگ بیج بکھیرنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ بوفو کی رسم کا ضامن رئیس میر صاحب کے ہاتھوں میں بیج ڈالتا ہے اور اس کے اوپر سبز دھاگے سے بندھا ہوا چاول کے دانے کے برابر سونا رکھ دیتا ہے۔ پھر اس رسم کے شریک ضامن اپنے ہاتھوں میں کچھ بیج لے کر چند مخصوص کلمات ادا کر کے بیج بکھیرنے کا اشارہ کرتے ہیں۔ پہلے بیج قبلہ رخ پھینکا جاتا ہے۔ پھر دو بار یہی عمل دہرایا جاتا ہے۔ دوسری اور تیسری بار علی الترتیب سرخ اور کالے دھاگے میں بندھا ہوا سونا رکھ کر مختلف اطراف میں بیج پھینکا جاتا ہے۔ اس کے بعد ایک مقررہ آدمی بیلوں کو ہل میں جوت کر حاضر کر دیتا ہے اور دستور کے مطابق قدیم بانیان ہنزہ کے خاندان کے وارث جو کہ موجودہ وزیر ہیں، کے ہاتھ میں ہل دے دیتا ہے۔ وہ ہل چلانے کے بعد میر صاحب کے ہاتھ میں دے دیتے ہیں۔ میر صاحب دو ایک مرتبہ ہل چلاتے ہیں اور بیج بونے کی یہ رسم ختم ہو جاتی ہے۔ اب کھیلیں شروع ہوتی ہیں۔ لوگ پولو گراؤنڈ میں جمع ہو جاتے ہیں جہاں ایک مقررہ شخص میر صاحب کے ایماء پر گھوڑے پر سوار ہو کر، ہاتھ میں گیند اور چوگان لیے گراؤنڈ کے ایک سرے تک جاتا ہے اور پھر گھوڑا دوڑاتا گیند پھینکتا ہوا دوسرے سرے تک جاتا ہے۔ اگر گیند گول کے اندر سے گزر جائے تو اس سے یہ شگون لیا جاتا ہے کہ سال نو میں زیادہ تر لڑکے پیدا ہوں گے ورنہ لڑکیاں پیدا ہونے کا احتمال ہوتا ہے۔

اس کے بعد شاہی کھیلیں شروع ہوتی ہیں۔ سونے چاندی کے زیورات سے سجے ہوئے شاہی گھوڑے میر صاحب کی فرمائش پر باری باری دوڑائے جاتے ہیں۔ اس کے بعد تیر اندازی،

Marfat.com

نیزہ بازی ، نشانہ بازی اور آخر میں پولو کا کھیل کھیلا جاتا ہے۔ نشانہ بازی میں جیتنے والوں کو سناروں کے پیش کردہ سونے کے نشانات انعام میں دئیے جاتے ہیں۔ اگر نشانہ بازی میں کوئی بھی کامیاب نہ ہو تو پھر یہ نشانات باجہ بجانے والوں کو دے دئیے جاتے ہیں۔

پولو کا کھیل یہاں کا قدیم کھیل ہے اور پچھلے چند سالوں سے بہت مقبول ہو رہا ہے۔ بوفو کی رسم کے بعد لوگ کھیتی باڑی میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ اس رسم کی ادائیگی سے پہلے کسی کو کانٹا تک کاٹنے تک کی اجازت نہیں ہوتی۔

۴۔ **نو روز:** ہنزہ اور نگر کے لوگ چونکہ اسماعیلی شیعہ ہیں اس لیے وہ حضرت علیؓ کے یومِ امامت کی نسبت سے یکم ماہ حمل کو نو روز کا تہوار مناتے ہیں۔ اس روز میر صاحب تخت پر جلوہ افروز ہوتے ہیں۔ اکابرین کو خلعت سے نوازتے ہیں اور ایک پُر تکلف دعوت کا اہتمام فرماتے ہیں۔ عوام اس دن 'بقلہ' پکاتے ہیں جسے بچے خوب مزے سے کھاتے ہیں۔ عورتیں باغوں میں جھولے جھولتی ہیں۔ پولو گراؤنڈ میں ناچ ہوتا ہے۔ میر صاحب کے حکم سے ترنگفان اور دوسرے سب عہدیداران اپنے مرتبے کی ترتیب سے ناچتے ہیں۔ ناچ کی اس ترتیب کو سب لوگ اپنے لیے اعزاز سمجھتے ہیں۔

حسب دستور شاہی گھوڑوں کو باری باری دوڑایا جاتا ہے۔ تنبوق بازی ، تیر اندازی ، نیزہ بازی اور آخر میں پولو کے مقابلے ہوتے ہیں۔ ان مقابلوں کے اختتام پر میر صاحب انعامات تقسیم کرتے ہیں۔

کبھی کبھی نو روز کے دن کاہن کو جسے بروشسکی میں بٹن (Bitan) کہتے ہیں نچایا جاتا۔ یہ کاہن پیش گوئیاں کرتے تھے۔ قدیم زمانے میں دو مشہور کاہن گزرے ہیں جن کا نام شن کوکور (Shan Kukur) اور ہوکے مامو (Huke Mamu) ہیں۔ ان کی پیش گوئیاں اب تک مشہور ہیں۔ ان کے علاوہ میر غزانخان اور صفدر علی کے زمانے میں ، بٹن فلاتو ، میر محمد نظیم خان کے عہد میں بٹن گلو (Bitan Gulo) اور ایک ہندو عورت ، مشہور کاہن ہوئے ہیں۔

۵۔ **شکامٹنگ :** یہ تہوار نو روز کے ایک ماہ بعد جب کہ سارے کھیت سرسبز ہو جاتے ہیں اور درختوں کی شاخوں پر پتیاں پھوٹنے لگتی ہیں تو یہ تہوار منایا جاتا ہے۔ لوگ گھروں میں دیسی کلچے جنہیں 'کیچی کچالی' (Kechi Kichali) کہا جاتا ہے ، بنا کر باغوں میں چلے جاتے ہیں اور وہاں درختوں کے نیچے بیٹھ کر کھاتے ہیں۔

۶۔ **گنانی :** یہ رسم جو کے کھیت پکنے پر ماہ سرطان کی پندرہ یا بیس تاریخ کو ادا کی جاتی ہے۔ ایک ہفتہ پہلے سے میر صاحب کے درِ دولت پر باجے بجائے جاتے ہیں۔

Marfat.com

مقررہ تاریخ کو لوگ میر صاحب کے قلعہ میں یہ رسم ادا کرنے کے لیے جمع ہو جاتے ہیں۔ حاضرین کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔ اس کے بعد ولی عہد کشپور مقررہ لوگوں کے ساتھ کھیت سے جَو کے خوشے توڑ کر لاتے ہیں۔ پھر ان خوشوں کو آگ پر جلا کر ان سے دانے نکالے جاتے ہیں اور لسّی میں ڈال کر کھایا جاتا ہے۔ یہ لوگ اسے گنانی کہتے ہیں۔

گنانی کھانے کے دوسرے روز ناچ کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس میں کاہن کو بھی نچایا جاتا ہے۔ معزّزین کے گھروں سے ایک قسم کی روٹی جسے یہ لوگ بروس شپک (Brouce Shipak) کہتے ہیں، دربار میں لائی جاتی ہے جسے میر صاحب کی طرف سے دی گئی ضیافت میں شامل کیا جاتا ہے۔

گنانی کی رسم ادا کرنے کے بعد لوگوں کو اجازت ہوتی ہے کہ وہ جو کی فصل کاٹیں، کھلیان بنائیں اور فصل گھر لے جائیں۔

۷- **پیاقمر :** یہ تہوار گنانی کے ایک ہفتہ بعد منایا جاتا ہے۔ پیاقمر دراصل پیغمبر کا بگڑا ہوا لفظ ہے اور اس سے مراد عید میلاد کی تقریب ہے، جو قمری مہینوں سے لاعلمی کی وجہ سے اس دن منائی جاتی ہے جو کہ رسولؐ اللہ کا یوم ولادت نہیں۔ چونکہ اب یہ روایت مستحکم ہو چکی ہے اس لیے اسے بدلہ نہیں گیا۔

۸- **دھوم نکھالی :** یہ تہوار موسم خزاں کے اختتام پر اس وقت منایا جاتا تھا جب تمام فصلیں کٹ چکتیں اور اناج لوگوں کے گھروں میں پہنچ جاتا۔ دوسرے تہواروں کے برعکس یہ تہوار گھروں کی چھتوں پر منایا جاتا تھا۔ شام کے وقت تمام لوگ اپنی بندوقیں اور تیر کمان لے کر اپنی اپنی چھتوں پر چڑھ جاتے اور شام کے اندھیرے میں بندوقیں چلاتے اور تیروں سے آسمان کی طرف آگ کے شعلے پھینکتے۔ دراصل یہ تہوار اس خوشی کا اظہار تھا جو لوگوں کو سال بھر کے لیے اناج جمع کر لینے کے بعد اطمینان کی صورت میں ملتی تھی۔ آج کل یہ تہوار نہیں منایا جاتا۔

تعلیمی حالت : ریاست ہنزہ میں تعلیم کی باقاعدہ ابتداء انیسویں صدی کے آخر میں ہوئی جب کہ یہاں ایک پرائمری سکول قائم کیا گیا۔ اس سے پہلے ریاست میں تعلیم کا کوئی بندوبست نہیں تھا۔ البتہ باہر سے آنے والے تعلیم یافتہ لوگ حکمران کی اجازت سے دو ایک افراد کو کچھ لکھنا پڑھنا سکھا دیتے تھے۔ اس کے علاوہ حکمران خاندانوں کے وہ افراد جن کو وراثت کے جھگڑوں کے نتیجے میں ریاست بدر ہونا پڑتا تھا اور کچھ ایسے لوگ جو تجارت یا دوسرے اسباب کی بناء پر بدخشاں اور بلتستان جاتے

Marfat.com

تھے ، وہ وہاں تھوڑی بہت تعلیم حاصل کر لیتے تھے - مگر ریاست میں واپس آنے کے بعد ان لوگوں کو یہاں کسی کو پڑھانے کی اجازت نہیں ہوتی تھی -

لیکن جب بیسویں صدی میں اسماعیلی نظامِ زندگی کو منظم طور پر یہاں رائج کر دیا گیا تو اس کی اشاعت کے پیش نظر تعلیمی ضروریات کا احساس بھی پیدا ہوا اور ۱۹۴۶ع میں آغا خان سوم کی ذاتی دلچسپی اور مالی اعانت سے یہاں دو پرائمری سکول ، ''ڈائمنڈ جوبلی سکولز'' اور ایک میر صاحب کی ذاتی کوشش سے بلتت میں تین جماعتوں کا مڈل سکول ''ہز رائل ہائی نس پرنس آغا خان ڈائمنڈ جوبلی مڈل سکول'' کے ناموں سے جاری ہوئے - اسی زمانے میں ہنزہ کے علاوہ جماعتی تحریک کے تحت گلگت ایجنسی کے پولیٹیکل علاقہ جات ، پونیال ، یاسین ، کوہ غذر اور اشلو کن میں بھی سکول کھولے گئے -

۱۹۴۷ع میں سنٹرل جماعت خانہ گلگت میں گرد و نواح کے اسماعیلی طلبہ کے لیے ہز رائل ہائی نس پرنس آغا خان ڈائمنڈ جوبلی بورڈنگ ہاؤس قائم کیا گیا اور اب شاہ کریم الحسینی ہوسٹل کے نام سے ایک اور ہوسٹل زیرِ تعمیر ہے -

قیام پاکستان کے بعد حکومتِ پاکستان نے بھی یہاں متعدد تعلیمی ادارے قائم کیے - ان اداروں میں دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ اردو، فارسی اور انگریزی زبانوں کے علاوہ دوسرے مضامین بھی پڑھائے جاتے ہیں -

ان تعلیمی سہولتوں کے نتیجے میں یہاں کا ہر بچہ تعلیم حاصل کر رہا ہے - کئی ایک نوجوان تو پاکستان میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں -

(ج) فکری پس منظر : ہنزہ کے باشندوں کی قدیم تہذیب و تمدن اور روایات کا جائزہ لیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ یہ لوگ بتوں کو حاجت روا اور نجات دہندہ سمجھتے تھے اور پاکستان و ہند کی دوسری قدیم اقوام کی طرح ان کی پوجا کرتے تھے - ان کے نام پر نذرانے پیش کرتے تھے اور اپنے مُردوں کو جلاتے تھے - مُردوں کو جلانے کے مقامات کے نام جنہیں بروشسکی میں جائی میچنگ (Juymicing) کہتے ہیں اب بھی موجود ہیں -

ہنزہ میں جن بتوں کی پوجا ہوتی تھی ان کے نام یہ ہیں، سہلا بوئن (Sahala Boyin)، ہلا بوئن (Hala Boyn) اور تھول بوئن (Thol Boyn) - اس کے علاوہ یہ لوگ ایسے جانوروں کی پرستش بھی کرتے تھے جن کو بویو (Boyo) کہا جاتا - بویو ایک غیر پالتو جانور تھا جو کتے کے پلے سے بہت مشابہت رکھتا تھا - اس جانور کی پیدائش کے متعلق لوگوں میں یہ عقیدہ پایا جاتا تھا کہ جب کوئی پجاری کسی خود رو درخت

جس کو انگریزی میں جونیپر (Juniper) کہتے ہیں ' کے نیچے دودھ اور تیل کی نذر پیش کرتا تو یہ اس درخت کی جڑوں میں سے پیدا ہوتا ۔ اگر بویو پیدا ہو کر اس دودھ اور تیل کو چاٹ لیتا تو سمجھتے کہ نذر قبول ہو گئی ورنہ خیال کیا جاتا کہ 'بویو' ناراض ہے ۔

اس کے علاوہ ہنزہ میں کچھ ایسے حکمران بھی گزرے ہیں جن کے متعلق لوگوں میں یہ بات مشہور تھی کہ وہ مافوق الفطرت خصوصیات کے حامل تھے ۔ مثلاً اوّلین رئیسانِ گلگت میں سے شاہِ رئیس کو ایک شخص شری بدت نے قتل کر دیا اور حکمران بن بیٹھا ۔ اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ کسی اوزار سے قتل نہیں ہو سکتا تھا ۔ یہ شخص بہت ظالم تھا ۔ مالیہ میں انسانی بچے بھی وصول کیا کرتا تھا ، اس لیے کہ اسے انسانی دودھ سے پلے ہوئے گوشت کا ذائقہ بہت پسند تھا ، چنانچہ لوگوں نے اس کے ان انسانیت سوز مظالم سے نجات پانے کے لیے تدبیر نکالی اور اس کی بیٹی نور بخت کی مدد سے اس کی موت کا راز معلوم کر کے اسے جلا کر مار ڈالا ۔ ہنزہ کے لوگ اس سے چھٹکارا پانے کی خوشی کی یاد تازہ کرنے کے لیے آج بھی ''تھموشلنگ'' کا تہوار مناتے ہیں ۔

اسی طرح نور بخت کے پوتے شاہ ملک کے متعلق بھی مشہور ہے کہ اس کے سر پر دو سونے کے سینگ تھے اور دونوں پاؤں گدھے کی طرح سم دار تھے ۔ تاہم حکمرانوں سے ایسی خصوصیات وابستہ ہونے کے باوجود یہ کہنا مشکل ہے کہ ہنزہ کے لوگ ان کو ایک مطلق العنان حکمرانوں سے زیادہ درجہ دیتے تھے ۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اسی شاہ ملک نے اپنے بھائی میر ملک کے کہنے پر گلگت میں ایک مسجد تعمیر کی جو مسجدِ میر ملک کہلاتی ہے اور آج بھی کھنڈرات کی صورت میں موجود ہے ۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مسلمانوں کے غلبہ پا لینے کے باوجود اسلام کی تبلیغ کا کام بہت بعد میں شروع ہوا ۔ کیونکہ ۱۸۵۷ع سے پہلے تک تو اس علاقے میں قرآن کریم نہیں پہنچا تھا ۔ کہا جاتا ہے کہ جب شاہ بیگ کا بیٹا خسرو خان مذکورہ سن میں تخت نشین ہوا تو اس وقت قرآن کریم کا ایک نسخہ یہاں لایا گیا ۔ چونکہ انیسویں صدی کے آخر تک کوئی تعلیمی بندوبست نہیں تھا اس لیے لوگ اسلامی عقائد اور نظامِ فکر سے پوری طرح آگاہ نہ ہو سکے ۔ یہی وجہ ہے کہ ہندو مذہب کے اثرات ختم ہو جانے کے باوجود یہاں کئی معمّر لوگوں کے نام سکھی یا ہندوانہ ہیں ۔ مثلاً ہری سنگھ ، چھار سنگھ ، بیالسنگھ ، کھسنگ ، جو سنگھ ، مو سنگھ ، مو سنگھ ،

Marfat.com

بو سنگھ ، میل سنگھ ، گل سنگھ ، زپو اور پویار اور عورتوں کے شلی بائی ، میری بائی اور شادوں ، کپوری وغیرہ ۔

تبلیغ کے سلسلہ میں جو علماء یہاں تشریف لائے ان میں اکثریت اسماعیلی فرقہ سے تعلق رکھتی ہے ۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ آج یہاں کی قریباً تمام آبادی اسماعیلی عقاید ہی کی پیرو ہے ۔ سب سے پہلا اسماعیلی مبلغ راجگان گلگت چلیس خان اور ترا خان کے زمانے میں حملہ آور ہوا تھا ۔ اس کا نام تاج مغل ہے اور وہ ترکستان یا بدخشاں کا حکمران تھا ۔ اس نے گلگت اور اس کے گرد و نواح پر قبضہ کر کے یہاں کے حکمرانوں اور عوام کو اسماعیلی مسلک اختیار کرنے پر مجبور کر دیا ۔ اس کی یادگار کے طور پر اس نے کوہسار جوئیال گلگت میں ایک برج تعمیر کروایا جو آج تک تاج مغل یادگار برج یا مغل برج کے ناموں سے موسوم ہے ۔ چونکہ ہنزہ اور نگر بھی گلگت کے ماتحت تھے' اس لیے یہاں کے عوام اور حکمرانوں نے بھی یہی عقیدہ اپنا لیا ۔ چند پشتوں تک راجگان گلگت اسی عقیدہ کے پیرو رہے لیکن تبلیغ اور اشاعت کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے اس کا اثر کم ہوتا گیا حتیٰ کہ جب میرزا خان حکمران گلگت نے اپنی بیٹی جواہر خاتون عرف داری جوادی کی شادی بلتستان میں کی تو ساتھ ہی ان کا مذہب اثناء عشری بھی قبول کر لیا ۔ اسی طرح عیاشو ولد مہوری تہم والئی ہنزہ نے جب مسمات شاہ خاتون بنت ابدالی خان والئی سکردو یا شگر سے شادی کی تو ہنزہ کے لوگ بھی اثناء عشری ہو گئے (یہاں یہ بات بڑی دلچسپ ہے کہ دونوں لڑکیاں گلگت اور ہنزہ میں اپنا ہی عقیدہ ساتھ لائیں) اور ایک عرصے تک یہاں کے باشندے اپنی زندگی کے معمولات میں اسی عقیدہ سے راہنمائی حاصل کرتے رہے ۔

یہ حقیقت ہے کہ جہاں تبلیغ اور راہنمائی کے لیے کوئی معقول انتظام نہ ہو وہاں مخلوط قسم کے عقائد پیدا ہو جاتے ہیں ۔ یہی حال یہاں کے باشندوں کا ہوا ۔ یہاں بھی ایک مخلوط عقیدہ رائج ہو گیا جس میں بت پرستی ، اسماعیلی اور اثناء عشری عناصر شامل تھے ۔

اس صورت حال میں جب کہ میر سلیم خان ابن خسرو یہاں حکمران تھا ، بدخشاں سے شاہ اردبیل سہرابی ہنزہ وارد ہوا تو میر سلیم خان اس کے اثر سے اسماعیلی عقیدہ کی طرف مائل ہو گیا ۔ اس کے بعد سید حسین ابن شاہ اردبیل سہرابی اور سید غلام علی شاہ ابن سید حسین وغیرہ جب متعدّد بار تبلیغ کے سلسلے میں یہاں آتے رہے تو ان کی مساعی سے یہاں کے بہت سے لوگوں نے اسماعیلی عقائد کو اپنا لیا ۔

اس کے بعد میر غضنفر کے عہد (۱۸۲۴ء — ۱۸۶۳ء) میں پیر سید یاقوت شاہ عرف شاہ پرتوی شاہ زیباک اپنے امام کے دربارِ ایران سے تبلیغ کی غرض سے یہاں آئے

Marfat.com

اور ان کے اثر سے میر غضنفر خان اور تمام اہالیان ہنزہ نے اسماعیلی عقائد کو اپنا لیا۔ شاہ یاقوت کے بعد سے یہاں باقاعدہ تبلیغی سلسلہ قائم ہو گیا۔ ان کے بعد ان کے فرزندان شاہ عبدالرحیم اور شاہ عبدالحمید اور شہزادہ لیث بن عبدالرحیم اور ان کے بیٹے پیر شاہ ابو المعانی ہنزہ میں اسماعیلی فرقے کے معلّم رہے۔ جس کی وجہ سے یہاں کے باشندوں میں یہی عقیدہ راسخ ہو گیا۔

میر غضنفر کے عہد (۱۸۲۴ع — ۱۸۶۳ع) میں پیر سید یاقوت شاہ اور اس کی اولاد نے یہاں تبلیغ کا سلسلہ شروع کیا۔ یہ سلسلہ دراصل حکیم ناصر خسرو کے سلسلۂ تبلیغ کا حصہ تھا۔ حکیم ناصر خسرو، مستنصر باللہ (م — ۱۰۹۴ع) کے عہد میں فاطمیینِ مصر کی دارالمجالس کے شعبۂ دارالحکمت میں منصب دار تھے اور ماژندران و خراسان میں اسماعیلی نظامِ فکر کی تبلیغ پر مامور تھے۔ لیکن عباسیوں کی مخالفت کی وجہ سے بدخشاں میں مقیم ہو گئے تھے۔

بارش کے لیے دعائیں اور تعویذ لکھنے کا رواج بھی عام ملتا ہے اور یہ کام ان کے حکمران کیا کرتے تھے۔ ان میں میر سلیم خان اور غضنفر خان کے تعویذ اور دعائیں مستجاب ہونے کی شہرت آج بھی پائی جاتی ہے۔

انگریزوں کی آمد کے ساتھ ایک شخص منشی شیر محمد لاہوری، اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنسی کے دفتر ہنزہ میں ملازم ہو کر آیا۔ یہ سنّی عقیدہ رکھتا تھا۔ اس نے بہت سے لوگوں کو قرآن کریم پڑھنے اور قرأت سیکھنے کی تعلیم دی اور ساتھ ہی لوگوں کو سنّی عقیدہ کی طرف راغب کرنے کی کوشش بھی کی، مگر محمد رضا بیگ کی موجودگی میں اسے کامیابی نہ ہوئی۔

ہنزہ کی طبعی اور لسانی تقسیم : ہنزہ کی وادی قدرتی طور پر تین حصوں میں منقسم ہے اور تینوں حصوں کی زبان مختلف ہے —

۱- **مغربی حصہ :** اس حصے میں شین قوم آباد ہے جس کی زبان شینا ہے جسے یہاں کی اصطلاح میں شیناکی (Sinaki) کہا جاتا ہے۔

۲- **مشرقی حصہ :** یہ حصہ تین وادیوں مسگار، جیورس اور شمشال پر مشتمل ہے۔ اس علاقے کی زبان، 'وخیکوار' ہے جو بروشسکی میں گوئسکی کہلاتی ہے۔ وثوق سے نہیں کہا جا سکتا کہ یہاں کے باشندوں کی مادری زبان کیا تھی۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ جب گلگت کے مقام پر ایک وخانی باشندہ 'یر قتلوغ' ایک عرصے تک حکمران رہا تو اس کی زبان اس جگہ اس قدر اثر انداز ہوئی کہ آج یہاں کے باشندوں کی

زبان 'وخیکوار' ہی کہلاتی ہے - پھر جہاں بسنے والے لوگ سب کے سب وخانی نہیں ہیں ، بلکہ ان میں شین اور بروشو اقوام سے بھی تعلق رکھتے ہیں - یہ سب وخیکوار ہی بولتے ہیں -

۳- **درمیانی حصہ** : یہ حصہ مرتضیٰ آباد سے عطا آباد تک پھیلا ہوا ہے - اس میں حیدر آباد ، بلتت ، گنش اور التت شامل ہیں - اس حصے کی زبان بروشسکی ہے -

شینا ، وخیکوار اور بروشسکی کے علاوہ ریاست ہنزہ میں ایک اور زبان بھی بولی جاتی ہے - جسے بریسکی (Beriski) کہتے ہیں - یہ ساز بجانے والے پیشہ وروں کی زبان ہے اور یہ لوگ ریاست کے صرف ایک ہی گاؤں میں آباد ہیں اور یہ زبان صرف اسی گاؤں میں ہی بولی جاتی ہے - خیال ہے کہ ان ساز بجانے والوں کے بزرگوں نے یہ زبان وضع کی تھی اور اس پیشے کے لوگ اسے اب تک اپنائے ہوئے ہیں - اس میں شینا ، گوجری اور پنجابی زبانوں کے الفاظ پائے جاتے ہیں - جس سے قیاس ہوتا ہے کہ ممکن ہے ان کے آباؤ اجداد پنجاب سے شمال کی طرف بلائے گئے ہوں یا خود ہی تلاشِ معاش میں وہاں پہنچ گئے ہوں -

Marfat.com

دوسرا باب

بروشسکی زبان اور اس کا ادب

(الف) بروشسکی زبان کی ابتداء اور ارتقاء : بروشسکی زبان کی پیدائش کے متعلق قطعی طور پر کوئی رائے قائم نہیں کی جا سکتی اس لیے کہ ماہرینِ لسانیات اس زبان کے بارے میں ہماری کوئی مدد نہیں کرتے۔ جن محقّقین نے اس کی اصل کے بارے میں بحث کی ہے ذیل میں ان کے خیالات سے اقتباسات درج کیے جاتے ہیں :—

۱۔ ''بروشسکی زبان بولنے والے ایک وقت میں دردی خاندان کی زبانوں کے قریباً تمام علاقے یا پھر اس کے بڑے حصے پر قابض تھے۔[۱]''

۲۔ ''ہنزہ اور نگر میں دو مختلف زبانین بولی جاتی ہیں۔[۲]''

۳۔ ''ہنزہ اور نگرمیں بولی جانے والی دونوں زبانیں ایک دوسری کے مماثل ہیں[۳]''۔

۴۔ ''نگر کے لوگ اپنی زبان کو 'یشکند' کہتے ہیں[۴]۔''

۵۔ ''ایک زبان جو کبھی بہت بڑے حصے پر حاوی تھی آہستہ آہستہ چھوٹے سے چھوٹے حصے میں محدود ہوگئی اور ایسی جگہ پناہ لینے پر مجبور کر دی گئی جہاں اس پر دوسری زبانوں کا اثر نہیں ہو سکتا[۵]۔''

۶۔ ''یہ خطہ ایک عجیب زبان کا جزیرہ دکھائی دیتا ہے جو کہ ہند یوروپی، تبتّی اور ترکی زبانوں کے گروہوں کے سنگھم پر واقع ہے لیکن اس کا رشتہ ان میں سے کسی سے بھی نہیں۔ بروشسکی ساری ریاست ہنزہ میں نہیں بولی جاتی بلکہ اس کے صرف وسطی حصے میں ہی بولی جاتی ہے[۶]۔''

مندرجہ بالا اقتباسات سے اس بات کا تصفیہ نہیں ہوتا کہ یہ زبان ہنزہ کے اصل باشندوں کی زبان ہے یا کوئی فاتح قوم اسے اپنے ساتھ لائی تھی، اس لیے کہ حکمران خاندان کے افراد اپنے رنگ روپ اور مزاج کے اعتبار سے یہاں کے عوام سے بالکل مختلف ہیں[۷]۔ گمانِ غالب یہ ہے کہ اس زبان نے اسی خطے میں وجود پایا اور یہ

(۱) گریئرسن۔ (۲) گریئرسن۔
(۳) لائٹنر (۴) مسٹر کونوے
(۵) Colonel Lorimer, "Brushuski Language."
(۶) Barbara Mons, "High Road to Hunza."
(۷) *Ibid.*, p. 90.

Marfat.com

یہاں تک ہی محدود رہی - البتہ مختلف تہذیبوں کے اثرات سے اس میں مختلف زبانوں کے الفاظ شامل ہوتے رہے - مثلاً ہندی زبان کے الفاظ سنگھ (شیر) سندہ (دریا) دکھ سکھ اور چٹیل وغیرہ ، ترکی کے الفاظ مثلاً یساول (چوبدار یا ہرکارہ) قراول (فوجی رسدگاہ یا چیک پوسٹ) قشون (کمپنی یا فریق) یورت (ملک یا رعیت) ایلبان (سالانہ محصول) ٹیلچی (قاصد) توغ (جھنڈا جو درگاہوں پر لگایا جاتا ہے) عربی ، مثلاً شقہ اور مقسوم کا بگڑا ہوا مقسو جو ایک ڈویژن کے لیے مستعمل ہے - اسی طرح فارسی زبان کے بے شمار الفاظ پائے جاتے ہیں -

اس کے علاوہ کھوار (چترالی) زبان کے الفاظ مثلاً سرای (نان جوین) پجملی (وہ انعام جو کسی کو کوئی نمایاں کام کرنے پر دیا جاتا ہے) اور شینا زبان کے محاورات ضرب الامثال ، کاہنوں کی پیشین گوئیاں ، راجاؤں کے شجرہ ہائے نسب ، بہادروں کی شمشیر زنی کے واقعات کا بیان اور شادی بیاہ کے گیت اور لوریاں بھی بروشسکی بولنے والے اسی طرح گاتے ہیں جس طرح شینا میں گائی جاتی ہیں - [1]

اب اردو اور انگریزی کی تعلیم کی وجہ سے ان زبانون کے الفاظ ، محاورے اور جملے تک بھی بروشسکی زبان میں بے تکلف استعمال ہونے لگے ہیں - جس سے قدیم بروشسکی زبان کی صورت بہت حد تک بدل چکی ہے اور ایک مخلوط زبان وجود میں آ رہی ہے -

(ب) لوک ادب : کسی علاقے کا لوک ادب وہاں کے باشندوں کی اخلاق ، تہذیبی اور معاشرتی اقدار کا آئینہ دار ہوتا ہے - لہٰذا رات کو کھانا کھانے کے بعد چند افراد کا ایک جگہ بیٹھ کر کہانی کہنا اور سننا ، ان کی تفریح طبع کے لیے ہی نہیں بلکہ معلوماتِ عامہ اور اخلاق درس و تدریس کا ذریعہ بھی ہوتا ہے - چنانچہ ہنزہ میں بھی رات کو کھانے کے بعد دیے کی روشنی میں کہانی کہنے اور سننے کا رواج عام تھا - ان لوگوں میں کہانی سننے کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ ''کسی کے دیے کے پاس بیٹھنا'' محاورے کی حثیت اختیار کر گیا ہے - ہنزہ کے علاقے گلوانگ کے ایک باشندے بیگ علی نے یہ بات بڑے دکھ سے کہی کہ ''سب لوگ میرے دیے کے قریب آ جاتے اور انسانی ، اخلاق اور نیکی کی باتیں سنتے - یہ میرے بد بچے بدوں کے دیے کے پاس جا کر بیٹھتے ہیں[2]''- شاید یہی وجہ ہے کہ بروشسکی زبان کی متعدد کہانیاں فرضی کرداروں پر مبنی نہیں بلکہ ان کے کردار یہاں کی روائتی تاریخ کے کردار ہیں جن کا تعلق یہاں کے عوام اور ان کے حکمرانوں سے ہے- اس طرح یہ کردار

1. Barbara Mons, "High Road to Hunza," p. 90.
2. Lt.-Col. D. L. R. Loriner, The Burushaski Language Vol. II. P. N. VII.

Marfat.com

ایک خاص ماحول میں بسنے والے لوگوں کے اعمال کا عکس پیش کرتے ہیں ۔
ان کہانیاں کو ہم مندرجہ ذیل طور پر تقسیم کر سکتے ہیں :—
۱۔ وہ کہانیاں جو سیاسی واقعات یا حکمران طبقہ سے متعلق ہیں ۔
۲۔ جو یہاں کے باشندوں کے اجتماعی اعمال پر مبنی ہیں ۔
۳۔ جو انفرادی کرداروں کی عکاسی کرتی ہیں ۔
۴۔ جن میں مافوق الفطرت عناصر کا ذکر ہے ۔ اور
۵۔ وہ کہانیاں جو دوسرے علاقوں سے متعلق ہیں اور یہاں رائج ہیں ۔

پہلے حصے سے متعلق دو نمایاں کہانیاں مختصراً پیش کی جاتی ہیں جن سے اندازہ ہو جائے گا کہ یہاں کے حکمران ہندوستان کے دوسرے علاقوں کے بادشاہوں کی طرح مافوق الفطرت عناصر کی مدد کے مرہونِ منت نہیں تھے، بلکہ خود ان میں ایسی ہی خصوصیات پائی جاتی تھیں ۔

۱۔ شری بدت کی کہانی

پرانے وقتوں میں گلگت میں شاہ رئیس نامی ایک حکمران تھا ۔ کہتے ہیں کہ اس کے سر میں ایک سونے کا سینگ تھا جس کا علم صرف اس کے بال سنوارنے والے ملازم کو ہی تھا ۔ چونکہ حاکم ہر قیمت پر اس بات کو راز میں رکھنا چاہتا تھا، اس لیے ملازم کو اس راز کو چھپانے میں بڑی ذہنی اُلجھن کا شکار ہونا پڑا ۔ اس طرح پریشان ہو کر وہ بیمار پڑ گیا اور اسے دست آنے لگے ۔ آخر اس ذہنی پریشانی سے خلاصی پانے کے لیے اس نے جنگل کا رخ کیا ۔ زمین میں ایک گھڑا کھودا اور اس میں منہ رکھ کر چلایا کہ بادشاہ کے سر پر سونے کا ایک سینگ ہے اور گھڑا بند کر کے واپس لوٹ آیا ۔

اس وقت ایک لڑکی گلہ چرا رہی تھی ۔ اس کے پاس ایک آدمی آیا اور اسے ایک چغہ اور دھاگہ دیا ۔ مرمت کرنے سے یہ چغہ اور زیادہ پھٹ گیا اور دھاگہ سلامت رہا ۔ اُس لڑکی نے پہچان لیا کہ وہ شخص شری بدت ہے ۔ شری بدت اس کو کہہ کر غائب ہو گیا کہ وہ اس کے اچھے سلوک کا بدلہ چکا دے گا ۔ کیونکہ بقول اس کے وہ گلگت کا حاکم بننے والا تھا ۔

اس کے بعد وہ شاہ رئیس کے اصطبل میں چھپ جاتا ہے اور جب گھوڑوں کو اخروٹوں کا چارہ ڈالا جاتا ہے تو وہ کھا جاتا ہے ۔ اس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ گھوڑے کمزور ہو جاتے ہیں ۔ بادشاہ تشویش کا اظہار کرتا ہے ۔ آخر ایک روز سائیس شری بدت کو پکڑنے میں کامیاب ہو جاتا ہے ۔ شری بدت کہتا ہے کہ شاہ رئیس اگر حاکم ہے

Marfat.com

تو کیا وہ اخروٹ بھی نہیں کھا سکتا اور غائب ہو جاتا ہے ۔ سائیس یہ بات شاہ رئیس کو بتاتا ہے ۔ ان دنوں بھی غائب کی باتیں معلوم کرنے کے لیے بیٹن نچوائے جاتے تھے ، لہٰذا شاہ رئیس انہیں بلا کر نچواتا ہے ۔ یہ لوگ جوتل (ممکن ہے درخت کا نام ہو) کی بنی ہوئی بانسریوں کی آواز پر ناچتے ہیں ۔ اتفاق سے اس ناچ کے لیے جو بانسریاں آئیں وہ اس جگہ سے لائی گئی تھیں ، جہاں پر ملازم نے راز اُگلا تھا ۔ اب جب ان کو بجایا گیا تو ان سے یہ آواز نکلتی ہے کہ ''بادشاہ کے سر پر سونے کا ایک سینگ ہے'' شری بدت بھی وہاں آ جاتا ہے اور اسے گرفتار کر لیا جاتا ہے ۔ شاہ رئیس ناراض ہو کر اپنا خنجر شری بدت کی طرف پھینکتا ہے ۔ شری بدت اسی خنجر سے شاہ رئیس کا خاتمہ کر کے خود حاکم بن جاتا ہے اور بھیڑیں چرانے والی لڑکی سے شادی کر لیتا ہے جس سے نور بخت نامی لڑکی پیدا ہوتی ہے ۔

اس کہانی کا باقی حصہ اس مقالے کے پہلے حصے میں جہاں یہاں کے سیاسی حالات لکھے گئے ہیں ، بیان ہوا ہے جو مختصراً یہ ہے کہ شری بدت بہت ظالم حکمران تھا ۔ مالیے میں انسانی بچے تک وصول کیا کرتا تھا ، جن کا گوشت اسے بہت پسند تھا ۔ لوگوں نے اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے اس کی لڑکی نور بخت کی مدد سے اسے آگ میں جلا ڈالا ۔ اس لیے کہ شری بدت کی موت کا راز یہی تھا کہ وہ کسی اوزار سے نہیں مر سکتا تھا ۔ تاریخی حصہ یہاں ختم ہو جاتا ہے ، لیکن کہانی آگے بڑھتی ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ شری بدت آگ سے بھی بچ کر غائب ہو جاتا ہے اور ہنزل کے علاقے میں ظاہر ہوتا ہے ۔ یہاں ایک آدمی ہل چلا رہا ہوتا ہے جس سے وہ پانی مانگتا ہے ۔ کسان کے یہ کہنے پر کہ پانی نہیں ہے ، شری بدت اسے بد دعا دیتا ہے کہ اگر اس نے پانی دے دیا ہوتا تو اس کے لیے بہت مفید ہوتا مگر اب اس کے بعد اس جگہ پر تین مکانوں سے زیادہ کبھی بھی آبادی نہیں ہوگی ، اور غائب ہو جاتا ہے ۔ کہانی کا باقی حصہ حاضر جمشید ، جو کہ شری بدت کو نور بخت کی مدد سے مار کر یہاں کا حاکم بن جاتا ہے ، کے متعلق ہے ۔ لہٰذا نظر انداز کیا جاتا ہے ۔

۲۔ ٹاپکنٹس اور درامٹنگ

یہ دوسری کہانی درامٹنگ نسل کے لوگوں کی اصل کے متعلق ہے ، جو یوں ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ ابتداءً ٹاپکنٹس بلتت میں ، حسین کوتس التت میں اور ہا چیٹنگ گنیش میں رہا کرتے تھے ۔ اس زمانے میں بہت ہی تھوڑی تعداد میں بلتت میں درامٹنگ آباد تھے ۔ نلہ جو کہ حسن آباد کے عقب میں ہے اس وقت بہت آباد تھا ، بہت گرم تھا اور تب یہاں کوئی گلیشر بھی نہ تھا ۔ یہاں سے اندر کی طرف ششپر تک آبادی تھی

Marfat.com

اور ٹاپکنٹس وہاں رہتے تھے - وہ بہت مغرور ہوگئے تھے ' ماں باپ کو بابا اور زززی کے ناموں سے پکارتے تھے -

اس پس منظر کے بعد کہانی کا آغاز ہوتا ہے کہ آئشو مایوری تہم .س نے کہ ٹاپکنٹس کے گھر میں پرورش پائی تھی ان کی حرکات سے تنگ آ کر ہا چیٹنگ اور حسین کوتس سے مشورہ کر کے دھوکے سے ان کو دعوت میں بلاتا ہے اور جب وہ شراب کے نشے میں مدہوش ہوتے ہیں سب کو قتل کرا دیتا ہے - اور پھر ان کی سب عورتوں کو بھی تہہ تیغ کر کے لاشوں کو پانی کا رخ موڑ کر بہا دیا جاتا ہے - قضائے الٰہی کہ جب اگلے سال یہ لوگ فصل اگاتے ہیں تو پکنے پر اس کی بالیاں سیاہ پڑ جاتی ہیں اور اس طرح ہر سال فصل خراب ہو جاتی ہے - حتیٰ کہ یہ لوگ مفلس ہو جاتے ہیں - آخر بیٹن نچوائے جاتے ہیں جو بتاتے ہیں کہ ان پر یہ مصیبت ٹاپکنٹس پر ظلم کرنے کی وجہ سے آئی ہے اور اس کا علاج یہی ہے کہ یہ لوگ ٹاپکنٹس میں سے کوئی بچہ ڈھونڈھ کر لائیں اور اس کے ہاتھوں سے کھیتوں میں بیج ڈلوائیں تو فصل بیماری سے محفوظ رہ سکتی ہے -

اتفاق سے اس خاندان کی ایک حاملہ عورت بچہ جننے کے لئے اس وقت میکے آئی ہوئی تھی جب ان پر ظلم کیا گیا تھا - اس طرح ایک بچہ قتل ہونے سے بچ جاتا ہے - اس کا نام چودرم چورم ہوتا ہے - یہ لوگ اس بچے کو ڈھونڈھ نکالتے ہیں اور حفاظت سے اپنے پاس رکھتے ہیں - جوان ہونے پر اس لڑکے چورم کو آزادی ہوتی ہے کہ وہ جس گھر میں چاہے جا کر اپنے لیے بیوی کا انتخاب کر سکتا ہے - اس آزادی کے باوجود وہ ان لوگوں سے گھبراتا ہے اور ڈرتے ہوئے ایک لڑکی بلوکی نامی کو اس کی رضامندی سے ایک غار میں لے جاتا ہے اور پھر یہ دونوں یہیں رہنے لگتے ہیں - حتیٰ کہ ان کے ہاں پانچ لڑکے پیدا ہو جاتے ہیں - ایک دن چورم جب کہ فصل بونے کا موسم ہوتا ہے اپنے دو بڑے بیٹوں کو بلا کر کہتا ہے کہ التر میں ان کے رشتہ داروں کے بیل چر رہے ہیں جا کر ان کو یہاں لے آؤ ' وہ ایسا ہی کرتے ہیں - اس کے بعد چورم اپنے لڑکوں سے مشورہ کرتا ہے کہ ان کے رشتہ دار برے آدمی ہیں ' ممکن ہے وہ یہاں آئیں اور انہیں نقصان پہنچائیں ، لہٰذا لڑکوں کو چاہیے کہ وہ ہل چلاتے وقت یہ کہتے رہیں کہ ''میں اپنی ماں کے بھائیوں کے بیلوں کے قربان - میں اپنی ماں کے بھائیوں کے شاہینوں کے قربان -'' وہ ایسا ہی کرتے ہیں اور جب ہا چیٹنگ کے لوگ اپنے بیلوں کی تلاش میں یہاں آتے ہیں تو یہ جان کر حیران ہوتے ہیں کہ وہ بلوکی اور چورم کے بچے ہیں - پھر ان سے غار میں رہنے کی وجہ پوچھتے ہیں - وہ بتاتے

Marfat.com

ہیں کہ وہ ان کے ڈر سے وہاں رہ رہے تھے ۔ بہر حال یہ لوگ انہیں پا کر خوش ہوتے ہیں انہیں گینش واپس لاتے ہیں اور اس خوشی میں ایک ضیافت کا اہتمام کرتے ہیں ۔ بلتت میں آباد درامٹنگ اسی چورم کی اولاد سے ہیں ۔

مندرجہ بالا دو کہانیاں جن کرداروں کے گرد گھومتی ہیں وہ یہاں کی سیاسی تاریخ کا حصہ ہیں ۔ اس لیے یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسا تو نہیں کہ یہاں کی سیاسی تاریخ انہی روایات پر مبنی ہو ؟ جس طرح ان کہانیوں میں قتل کے واقعات کا اعادہ ہوتا ہے ، اُسی طرح ہنزہ کی تاریخ قتل و غارت کی ایک مسلسل داستان ہے ۔ شاید ہی کوئی حکمران ایسا ہوگا جو اپنی طبعی موت مرا ہو ورنہ ایک کو دوسرے نے طاقت یا دھوکے سے قتل ہی کیا اور یہ سلسلہ انیسویں صدی کے ربع آخر میں صفدر علی کے بر سر اقتدار آنے پر ختم ہوا ۔

اب ہنزہ کے باشندوں کے اجتماعی یعنی قبائل کے آپس کے تعلقات کے سلسلے میں ایک کہانی پیش کی جاتی ہے ۔

۳۔ کھروکنٹس اور ہما چیٹنگ

کہا جاتا ہے کہ قدیم زمانے میں التر کی چراگاہ ہما چیٹنگ کے لوگوں کی ملکیت تھی ۔ ایک سڑک بلتت کے اوپر سے ہو کر یراشنگ کے راستے التر کو جاتی تھی اور اس سڑک کی وجہ سے زمین کا کافی نقصان ہو رہا تھا ۔ بلتت کے لوگ ہما چیٹنگ سے کچھ کہتے ڈرتے تھے ، اس لیے کہ ان دنوں ہما چیٹنگ بہت طاقتور تھے ۔

کھروکنٹس نے ایک تدبیر سوچی اور شادوں کا پودی نامی عورت جو کہ ان میں بیاہی تھی ، یراشنگ کے قریب راستے میں بٹھا دی اور اسے سمجھا دیا کہ جونہی ہما چیٹنگ اس کے قریب پہنچیں وہ ان کے آگے گر کر شور کرنا شروع کر دے کہ ہما چیٹنگ نے اس پر ہاتھ ڈالا ہے ۔ یہ عورت ایسا ہی کرتی ہے ۔ ادھر سے کھروکنٹس آجاتے ہیں جو اس مقصد کے لیے پاس ہی چھپے ہوتے ہیں اور ان کو پکڑ لیتے ہیں ۔ اس کے بعد بلتت کے چاروں قبیلوں کے فیصلے کے بعد انہیں جرمانے کے طور پر التر کی چراگاہ سے محروم کر دیا جاتا ہے ۔

اس کے بعد کھروکنٹس ، درامیٹنگ اور براٹالنگ مشترکہ طور پر اس چراگاہ کو استعمال کرتے رہتے ہیں ۔ چند سالوں کے بعد یہاں کے حاکم اس پر قبضہ کر لیتے ہیں اور مدت تک یہ چراگاہ انہی کے قبضے میں رہتی ہے ۔

اس طرح کی کہانیاں بہت تھوڑی ہیں ۔ زیادہ تر قتل و خون کے واقعات ہی کی حامل ہیں ۔ پیار و محبت اور گہرے دوستانہ تعلقات کے باوجود ایک دوسرے کو قتل

Marfat.com

کر دینا معمولی بات سمجھا جاتا رہا ہے۔ اب دو گہرے دوستوں کی کہانی سنئے - یہ کہانی داستانِ امیر حمزہ سے لی گئی ہے -

۴- بزور جمہور اور الکاش وزیر

کباد مدائن کا بادشاہ تھا اور الکاش اس کا وزیر۔ الکاش کا ایک دوست تھا، بخت جہال۔ بخت جہال جب بادشاہ کو سلام کرنے جاتا تو پہلے اپنے دوست الکاش وزیر سے ضرور ملتا۔ اس کی شادی جاسس حکیم کی لڑکی سے ہوئی تھی - یہ حکیم بہت بڑا عالم تھا۔ اس کے پاس ایک کتاب تھی ''جاسس نامہ'' جو اس نے اپنی بیٹی کو جہیز میں دے دی۔ بخت جہال نے اس کتاب کو پڑھوانے کی کوشش کی مگر ناکام رہا اور کتاب کو بھول گیا۔

ایک دن الکاش وزیر نے بخت جہال سے کہا کہ بخت جہال کی موت کا دن قریب آ گیا ہے اور موت سے بچنے کی ایک ہی صورت ہے کہ بخت جہال چالیس دن تک کے لیے اپنے گھر میں بند ہو کر بیٹھ جائے، نہ کسی کی صورت دیکھے اور نہ کسی سے بات کرے۔ بخت جہال ایسا ہی کرتا ہے۔ الکاش وزیر جسے کہ اپنے دوست سے بہت پیار تھا ایک ایک دن گنتا رہتا ہے۔ ادھر کمرے میں بند بخت جہال بھی ایک کھڑکی میں سے جہاں کہ اس کی بیوی کھانا رکھ دیتی تھی اٹھا کر کھا لیتا اور دنوں کی گنتی کرتا رہتا۔ چالیسویں دن الکاش وزیر بخت جہال کو کمرے سے باہر نکالتا ہے۔ اتفاق سے دونوں کی گنتی میں ایک دن کی غلطی پیدا ہو جاتی ہے جس کا دونوں میں سے کسی کو بھی پتہ نہیں چلتا۔ بہر حال دونوں باہر گھومنے جاتے ہیں اور الکاش وزیر بخت جہال کو اکیلا چھوڑ کر گھر آ جاتا ہے - بخت جہال گھومتے گھومتے ایک غار میں داخل ہو جاتا ہے جہاں اسے ایک خزانہ ملتا ہے مگر الکاش وزیر پہلے سے اس راز سے واقف ہوتا ہے۔ بخت جہال آ کر الکاش وزیر کو بتاتا ہے۔ الکاش وزیر یہ خیال کرتے ہوئے کہ اب اس خزانے میں اس کا ایک حصہ دار پیدا ہو گیا ہے، اسے غار میں لے جا کر مار ڈالتا ہے۔ بخت جہال مرنے سے پہلے اس سے وعدہ لیتا ہے کہ وہ دس سونے کے سکّے جا کر اس کی بیوی کو دے دیگا اور اسے جھوٹی تسلی کے لیے کہہ دے گا کہ اس کا خاوند روزی کمانے ایک دوسرے ملک میں چلا گیا ہے۔

کچھ دیر کے بعد بخت جہال کے گھر لڑکا پیدا ہوتا ہے۔ جب یہ بڑا ہوتا ہے تو غیر معمولی طور پر ذہین نکلتا ہے۔ اپنے باپ کی کتاب ''جاسس نامہ'' پڑھتا ہے تو اس میں اس کے باپ کی موت کا راز اور اس کا بدلہ لینے کا طریقہ بھی درج ہوتا ہے۔ چنانچہ یہ لڑکا جس کا نام میر علی رکھا گیا تھا اپنے باپ اور الکاش وزیر کے جرم کا

Marfat.com

راز فاش کر کے الکاش وزیر کو اسی مقام پر جہاں اس کا باپ قتل ہوا تھا ، بادشاہ کے حکم سے مروا دیتا ہے ۔ اس کی ذہانت سے متاثر ہوکر بادشاہ اس کو اپنا وزیر بنا لیتا ہے ۔ اس کا نام بزور جمہور (بزر جمہر) ہوتا ہے ۔

ان کہانیوں کے علاوہ بہت سی ایسی کہانیاں بھی ملتی ہیں جن میں وفاداری ، احسان مندی ، دوسروں کے لیے خطرات مول لینا اور مکاری اور فریب کے افعال پر قدرت کی طرف سے سزا پانے کے سبق آموز واقعات کا بیان پایا جاتا ہے ۔ البتہ عشق و محبت کی داستانیں مفقود ہیں ۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ شادی کے سلسلے میں ان کے ہاں کوئی چیز رکاوٹ نہیں بنتی تھی ۔

کچھ کہانیاں ایسی بھی ہیں جو اس علاقے سے تعلق نہیں رکھتیں بلکہ آس پاس یعنی پاکستان و ہند کے دوسرے علاقوں یا دیگر ملکوں مثلاً ایران و روم سے یہاں پہنچ گئی ہیں ۔ روم کا غریب آدمی اور شاہ ایران ، خاموش شہزادی ، شہزادہ بہرام ، شہر بانو اور سفید دیو ، اسی قسم کی کہانیاں ہیں ۔ فاصلے اور وقت کے ساتھ ان میں کچھ تبدیلیاں بھی آتی گئی ہیں ۔ مثلاً ہمارے ہاں بچوں کی کتابوں میں جو کہانی 'چین کا طوطا' کے نام سے بیان کی گئی ہے وہ ہندوستان میں ''متھرا کے طوطے'' کی کہانی ہے ۔

بہت سی کہانیاں پاکستان و ہند کے علاقوں میں مشہور جن بھوتوں کی کہانیوں سے مشابہ ہیں ۔ مثلاً مہاتِ قیصر ، مونوم دادو ، گنیش کا بلاس ، ہندی کی دادی ، کولیو لسکر اور ڈنگا لاٹس ، برشیل کا گدھا ، پنوں اور شیریں بیرائی ، بولیو جونیپر ، آئشو ملک اور ڈیرائسل باٹ (جس کے متلق محمد شاہ نامی آدمی کا کہنا ہے کہ وہ خود کافی عرصہ تک جادوگروں کے لیے گوشت کے حصے کیا کرتا تھا ۔ اس لئے کہ یہ جادوگر مُردوں کو اس کے پاس لاتے اور ان کے حصے کرنے کو کہتے ۔ جس جگہ بیٹھ کر وہ حصے کیا کرتا تھا وہ پتھر اب بھی موجود ہے اور اس کا نام بلاس چوپنگ ہے) کی کہانیاں جن میں محیر العقول کارنامے ، ماورائی مخلوق کا نیک اور بہادر لوگوں کی نیکی اور بہادری سے متاثر ہوکر انسانی شکل میں مددگار و ہمدرد بن جانا ، ہر آڑے وقت میں ان کے کام آنا ، پھر کسی علاقے کے افراد کا مشترک طور پر بد روحوں کے ظلم کا شکار ہو جانا ، یعنی رات کے وقت اکیلے کسان یا پہریدار کو کھا جانا اور لوگوں کا کسی عامل یا بہادر آدمی کی مدد سے ان سے چھٹکارہ پانے وغیرہ کا ذکر ملتا ہے ۔ ان کہانیوں کو ہم انسان کے مختلف النوّع اعمال کا علامتی اظہار کہہ سکتے ہیں ۔

کہانیوں کے برعکس یہاں کے لوک گیتوں میں عشق و محبت کے جذبات کا اظہار پایا جاتا ہے ۔ ایک گیت کا ترجمہ دیا جاتا ہے جس میں وصل سے محروم ، فراق کی

Marfat.com

آگ میں جلنے والے دو دلوں کی داستانِ محبت بیان کی گئی ہے۔ دیکھئے بیان کی سادگی اور جذبات کے بے ساختہ اظہار نے کرداروں کے ماحول کی کتنی واضح تصویر پیش کی ہے۔

گیت

ویر لوک : میری قسمت میں ایک دور دراز کا سفر ہے
اے میرے زخم مندمل کرنے والے!
میں اپنے تعویذ بھلا آیا ہوں
خدا کرے میرے لیے وہ جنازے کی خیرات ہوں۔

پیولا لوک : تم اپنے آپ کو برا بھلا کیوں کہتے ہو
انہیں جنازے کی خیرات کہہ کر!
خدا کرے میرا یہ احمق شوہر مر جائے۔
ہائے! اس نے تجھے بھٹی میں جلا ڈالا
جب علاقے میں شاہین آ جائے
تو تیتر کے لیے امن کی صورت کوئی نہیں رہتی۔
اگر میرے اور تیرے درمیان دوستی ہوئی
تو پھر ملک میں بدامنی نہیں ہوگی
تمہارا یہ حال کیوں ہے؟
اے میرے خوبصورت زلفوں والے محبوب!
کیا میری اس پیاری ماں نے
مجھے تیرے لیے نہیں جنا تھا؟

ویر لوک : اوہ — مجھے پیٹھ کے درمیان گولی کا زخم ہوا ہے
کہیں بھی مجھے گولی کے زخم کا علاج نہیں مل سکا اور افسوس اب میری موت یقینی ہے!
ہائے پیارا آفتاب جو عشّاق کو دیکھا کرتا ہے، جا چکا ہے۔
ہائے میرے ابّا! تاریک رات جو عشاق کے دلوں کو جلاتی ہے، آ گئی

پیولا لوک : ہائے میرے والدین نے، لوگ کہتے ہیں، مجھے ایک مرد کو دے دیا ہے۔
میرے پیارے — کیا ایسا ضرور ہوگا کہ
وہ میرے موتیوں جیسے اعضاء، کو توڑ پھوڑ ڈالے گا۔

ویر لوک : میں نے کہا — میں پریوں کی وادی کی راہ جاؤں گا۔
جب راہ کھو بیٹھا تو ہوا کے پراسرار طوفان نے مجھے گھیر لیا۔

Marfat.com

میرے دوست — پراسرار طوفان کا کیا علاج ہو سکتا ہے!

امیکس لوک : شاید شوئی پری کے بال علاج ثابت ہو سکیں۔

پیولا لوک : اگر مجھے یہ خبر ملے کہ میرا محبوب آ گیا ہے (تو)
میں اس کے لیے اپنے بال کٹوا دوں گی تا کہ اس کی راہ صاف کی جائے۔
اگر میرے محبوب کے لیے میرے بال چھوٹے ہوں تو اپنا دراز جسم اس
کے لیے کرسی کے طور پر رکھوں گی۔
میرے محبوب دوست ، دنیا کے قیمتی ورثے ،
(کیا میں تمہاری ہو سکتی ہوں)

ویر لوک : اگر میری معشوقہ میرے متعلق پوچھے تو کہنا وہ سخت کمزور ہے
پیولا لوک لگاتار رونے کی وجہ سے میں اندھی ہو گئی ہوں
ہائے تجھے کس قدر لمبا سفر طے کرنا پڑا
اے میرے محبوب! خدا کرے میں تیرے نام پر قربان ہو جاؤں!

محاورات : زندگی کی بنیادی سچائیاں ایک سی ہوتی ہیں۔ انہی کے بار بار اعادے سے محاورات وجود پاتے ہیں اور ہر زبان کا سرمایہ سمجھے جاتے ہیں ، اس لیے کہ ان سے زندگی کے حقائق کے دو ٹوک اظہار اور سبق آموزی میں ان سے مدد لی جاتی ہے۔ زبان اور پیرایۂ بیان ، بولنے والوں کے تجرباتِ زندگی اور عمل و ردّعمل سے ان میں امتیاز پیدا ہوتا ہے۔ ہم یہاں بروشسکی زبان کے چند ایسے محاورات کا ترجمہ دیتے ہیں جن سے ان کے بولنے والوں کے مزاج اور ماحول کی عکاسی ہوتی ہے —

۱- **یار کا تیر پتھر کا نشان**
یہ محاورہ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی آدمی کسی دوسرے کی چیز کو اس طرح بے دردی اور لاپروائی سے استعمال کرتا ہے کہ اس کا ستیاناس ہو کر رہ جاتا ہے۔

۲- **بیٹھنے کی ایک شرم ، کھڑے ہونے کی سو شرم**
یعنی آدمی میں کسی کام کے کرنے کی ہمت نہ ہو تو تھوڑی سی شرمندگی گو ضرور اٹھانی پڑتی ہے لیکن اگر آدمی اس کام کے کرنے کا تہیّہ کر کے اٹھ کھڑا ہو اور نہ کر سکے تو بہت زیادہ شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے۔

۳- **ڈھول کو دیکھ کر ناچ کرنا۔**
بمعنی جیسا دیس ویسا بھیس۔

۴- **دریا کو چھوٹا نہ سمجھ اور بادشاہ کو کبھی ناپختہ نہ جان**
اس لیے کہ یہ دونوں چیزیں بڑھنے والی ہیں۔ دریا کی طغیانی اور بادشاہ کی عمر۔

Marfat.com

۵- کوئی خدمت کرے ، کوئی اپنے گھر میں بیٹھا اپنی تعریف کرے۔
۶- بیل کی کوشش ، خدا کی مدد
۷- چلنے والے بیل پر ڈنڈا
یعنی محنتی آدمی ہمیشہ کام کے بوجھ تلے دبا دیا جاتا ہے۔
۸- اگر تمہاری اپنے ہمسائے کے ساتھ لڑائی نہیں ہوئی تو ایک بکری خرید لو۔
۹- اگر تمہارے باپ کے سر پر قرضہ نہیں تو کسی سے عاریتاً بندوق لے لو۔
یعنی بندوق خراب ہونے یا ٹوٹنے کی صورت میں باپ خود بخود مقروض ہو جائے گا۔
۱۰- حاکم کو تو مالیے سے واسطہ ہے نہ کہ کسانوں کی جان سے۔
۱۱- پاؤں کی انگلی پتھر سے لگے تو ہاتھ کی انگلی منہ میں جاتی ہے۔
۱۲- جان جائے پر بکرا نہ جائے۔
۱۳- بیل کو ذبح کر کے گھوڑے پر بوجھ۔
۱۴- پیسہ پتھر توڑتا ہے۔

(ج) تحریری ادب : چونکہ بیسویں صدی عیسوی کے ربع دوم سے پہلے تک ریاست ہنزہ میں تعلیم کا کوئی انتظام نہ تھا ، لہٰذا یہاں کے باشندوں کی اکثریت لکھنے پڑھنے سے محروم تھی۔ اس لیے چند قلمی تحریروں کے سوا باقی کچھ محفوظ نہ رہ سکا۔ اس سلسلے میں جو قدیم ترین کلام ہمیں ملتا ہے وہ انیسویں صدی عیسوی کے نصف اول کے شاعر کشپور جمال خان ابن میر سلیم خان کا ہے اور وہ بھی فارسی زبان کا ایک قطعہ ہے جس کی بنا پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ بروشسکی زبان میں بھی شعر کہتے تھے۔ جب تک کسی شاعر کا پورا کلام نظر کے سامنے نہ ہو اور یہ نہ پتہ چل سکے کہ اس نے زندگی کے کن مسائل اور معاشرے کی کون سی قدروں کو اپنی شعری تخلیقات کا موضوع بنایا ہے ، اس کے متعلق کوئی حتمی بات نہیں کہی جا سکتی۔ اس لیے کہ ادھورا مطالعہ ادھورے نتائج ہی کا حامل ہوتا ہے ، بلکہ بعض اوقات تو اس کی بناء پر حقیقت کے بالکل برعکس نتائج مرتب ہو جاتے ہیں۔ تاہم یہ قطعہ جمال خان کے انداز بیان اور فکری ساخت کے ایک پہلو کی نشاندہی ضرور کرتا ہے۔ اس میں غریب الوطنی کو موضوعِ سخن بنایا گیا ہے۔ شاعر نے اپنے وطن میں رہنے والے کو گلِ صد برگ اور غریب الوطن کو نہالِ بے برگ سے تشبیہ دے کر کتنے دل نشین اور شگفتہ انداز میں بے وطنی میں پیش آنے والی تکالیف کے متعلق اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے ؎

آدم بوطن چوں گل صد برگ بود
بیروں ز وطن نہال بے برگ بود

Marfat.com

یـــاراں پرسند در غریبی چـــوں است
حقا کہ غریبی بتر از مرگ بـــود

اس قطعہ میں جذبے کی جو سچائی پائی جاتی ہے وہ شاعر کے ذاتی تجربے کی مرہونِ منت ہے۔ اس لیے کہ شاعر کو بے وطنی کی صعوبتیں اٹھانا پڑی تھیں۔ کہتے ہیں کہ جہال خان کو اس کے والد میر سلیم خان نے کسی وجہ سے جلا وطن کر دیا تھا اور وہ ان صعوبتوں کی تاب نہ لا کر دوبارہ ہنزہ میں چلا آیا تھا۔ لیکن یہاں اس کے ساتھ اچھا سلوک نہ ہوا اور اس کے گلے میں رسی ڈال کر اسے ہلاک کر دیا گیا۔

گشپور جہال خان کے بعد دو شعر میر شاہ غضنفر کے ملتے ہیں اور یہ دونوں شعر بھی فارسی زبان میں ہیں ؎

غضنفر سگاں سگ مرتضا است
بـــروز قیامت شفاعت ز اوست

☆ ☆ ☆

چو خسرو سلیم و غضنفر بفـــر
بـــالطاف شاہی شبیر و شـــبر

پہلے شعر میں اپنے عقیدہ کا اظہار کرتے ہوئے حضرت علیؓ کی عظمت اور اپنی نیازمندی کا بیان بڑے خوبصورت انداز میں کیا ہے۔ خود اس کے نام کی وجہ سے صنعت تضاد کا جس طرح استعمال ہوا ہے اس نے ایک حسن پیدا کر دیا ہے۔ غضنفر کے معنی شیر کے ہوتے ہیں۔ شاعر کا کہنا ہے کہ وہ دنیا کے لیے تو شیر ہے لیکن حضرت علیؓ کے نزدیک اس کی حیثیت ان کے کتوں کے بھی برابر نہیں۔

دوسرا شعر اس نے اپنی انگوٹھی کے نگینے میں کندہ کروایا ہوا تھا۔ اس میں اس نے اپنی شان و شوکت کا اظہار اور خسرو کی مانند سلامتیٔ طبع کا ذکر کیا ہے اور بتایا ہے کہ امامین کا اتباع کرکے وہ لطف و کرم سے کام لیتا ہے۔ اس طرح اُس نے اپنی شخصیت کی کتنی واضح تصویر پیش کر دی ہے۔ جس سے اس کے کردار کی مضبوطی اور اپنی ذات پر اعتماد کا پتہ چلتا ہے۔

شاعر کے علاوہ غضنفر ایک اچھا نثر نگار بھی تھا۔ اس نے متعدد کتابیں تصنیف کیں، جو مسوّدوں کی صورت میں موجود ہیں۔ وہ تاریخ کا بھی ذوق رکھتا تھا اور اس نے ریاست ہنزہ کی تاریخ بھی مدوّن کی۔ مگر افسوس ہے کہ تاریخ کے یہ مسودات اب ناپید ہیں۔ غضنفر نے ۱۸۶۳ء میں وفات پائی۔

اسی دور میں اخوند علی بھی ایک اچھا نثر نگار گزرا ہے۔ یہ شخص تاریخ ہنزہ

Marfat.com

کی تدوین میں معاون رہا ۔

دوسرے نثر نگاروں میں اخوند تراب ، سید رسول شاہ ، سید عباس اور میر غزانخان کے نام آتے ہیں ۔ میر غزانخان کے عہد میں کریم ولد مشتاق اور شاہ سید عبدالحمید ابن شاہ یاقوت شاہ دو بڑے عالم گزرے ہیں ۔ انہوں نے یہاں کے لوگوں کو مذہبی تعلیم دی ۔ سید عبدالحمید تو ایک اچھا شاعر بھی تھا ۔ اس کے شاگردوں میں محمد رضا بیگ ابن وزیر اسد اللہ بیگ بھی اپنے زمانے کے عالم گزرے ہیں ۔ محمد رضا مشق سخن بھی کرتا تھا ۔ اس نے متعدد رباعیات ، مناجاتیں اور ابیات لکھیں ۔ اس کے علاوہ اس نے نئے سرے سے تاریخِ ہنزہ لکھنے کی ابتدا کی مگر مکمل نہ کر سکا ۔

موجودہ دور کے شعرا میں محمد دارا بیگ ، نصیر الدین نصیر ، غلام الدین غلام اور ایثار الدین ایثار اور عزیز اللہ نجیب تلامیذ محمد دارا مشہور ہیں اور اردو ، فارسی اور بروشسکی زبانوں میں مناقب ، مناجات ، قطعات ، لوریاں اور مرثیے کی اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کرتے ہیں ۔

Marfat.com

Marfat.com

کھووار ادب

چترال کا جغرافیائی پس منظر[۱]

چترال پاکستان کے مغربی حصے کے شمالی سرے پر طول بلد ۷۱°۳۰ مشرق اور ۷۴ مشرق اور عرض بلد ۳۵ شمال اور ۳۷ شمال کے درمیان واقع ہے۔ اس کے شمال اور مغرب میں افغانستان، مشرق میں آزاد کشمیر کی گلگت ایجنسی اور جنوب میں اضلاع دیر و سوات واقع ہیں۔ اس کا رقبہ ۷۲۷٬۵ مربع میل ہے۔

چترال اصل میں ''چھترار'' ہے جو اس ضلع کے صدر مقام کا نام ہے۔ اس نام پر گذشتہ ایک صدی کے دوران میں تمام علاقہ کا نام بھی چھترار پڑ گیا ہے۔ جسے بیرونی مصنفین نے ''چترال'' لکھنا شروع کیا۔ لہٰذا اب کتابی معلومات رکھنے والے لوگ اس علاقہ کو چترال اور مقامی طور پر چھترار کہہ کر پکارتے ہیں)۔

طبعی حالت : سابق ریاست چترال فلک بوس کوہساروں، گہری اور پیچ دار وادیوں اور تیز و تند دریاؤں کی سر زمین ہے۔ یہ تمام علاقہ ہندوکش کے سلسلہ کوہ میں آباد ہے اور اس میں چالیس سے زیادہ چوٹیاں ایسی ہیں جو سطح سمندر سے ۲۰ ہزار فٹ سے زیادہ بلند ہیں۔ ان میں ترپچ میر (۲۵٬۲۶۳ فٹ) سب سے بلند ہے۔ جسے مقامی طور پر پریوں کا محل کہا جاتا ہے۔

چترال کے دریا اور ندی نالے یہاں کی زندگی کے لیے شہ رگ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ دریائے چترال جس میں یہ تمام دریا اور ندی نالے آ کر گرتے ہیں وادی یارخون کے شمالی سرے پر بروغیل میں چیانتار گلیشیر (برف کے سیّال تودے) سے نکلتا ہے اور ۲۲۰ میل کا فاصلہ طے کرکے ارندو نامی ایک گاؤں کے مقام پر افغانستان میں داخل ہو جاتا ہے۔ مختلف علاقوں میں اسے مختلف ناموں سے پکارتے ہیں۔ مثلاً دریائے یارخون، دریائے مستوج اور دریائے چترال۔ افغانستان کی سرحد میں داخل ہونے کے بعد یہ دریائے کنہار کہلاتا ہے اور آخر میں دریائے کابل سے مل کر وہی نام اختیار کر لیتا ہے۔

چترال کے لوگوں کی آبادیاں وادیوں کے ان کھلے حصوں پر ہیں جہاں مقامی

---

(۱) Israr-ud-Din; A Sovial Geography of Chitral State; Unpublished M.Sc. Thesis, University of London, London, 1965; Chapter I, pp. 4-31.

ندی نالوں کے آبی عمل سے دریاؤں کی لائی ہوئی مٹی سے زمین کے ٹکڑے وجود میں آئے ہیں۔ نیز بعض علاقوں (مثلاً موڑ کھو) میں جہاں پہاڑوں کا ڈھلوان زیادہ نہیں، وہاں ان ڈھلوانوں پر گاؤں بس گئے ہیں۔

وادی یارخون چونکہ چترال اور وسطی ایشیاء کے سنگھم پر واقع ہے اس لیے چترال کی تاریخ میں یہ خاص اہمیت کی حامل رہی ہے۔ جنگ دربند (یارخون) کے آثار اور بریپ گاؤں میں بہمن بادشاہ کے زمانے کے کھنڈرات خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

چترال کی وادیوں میں سے بجریت کی وادی بہت مشہور ہے۔ یہ وادی کالاشی وادیوں (مثلاً رمبور۔ بمبریت اور بریر) میں سے ایک ہے اور چترال خاص سے ۱۵-۲۰ میل جنوب مغرب کی طرف واقع ہے۔ یہ وادی اپنے قدرتی حسن اور قابلِ دید نظاروں کے علاوہ اپنے میں آباد کالاش قبیلے کی وجہ سے بے حد معروف ہے۔ کالاش لوگ اپنی پرانی تہذیب و تمدن، رسم و رواج اور مذہب کے لحاظ سے دنیا کے قدیم ترین باشندوں میں شمار ہو سکتے ہیں۔

چترال کی آب و ہوا سردیوں میں سخت سرد اور گرمیوں میں خوشگوار ہوتی ہے۔ بارشیں زیادہ تر دسمبر اور اپریل کے درمیان ہوتی ہیں اور عام طور پر برف کی شکل میں نمودار ہوتی ہیں۔ گرمیوں میں اگست اور ستمبر میں کچھ بارشیں ہوتی ہیں اور اکثر سیلاب کا باعث بنتی ہیں اور خاصی تباہی مچاتی ہیں۔ بارش کی سالانہ اوسط ۱۸ انچ ہے۔

گندم، جو، مکئی، چاول، ماش، باجرہ یہاں کی عام پیداوار ہے۔ ان کے علاوہ کئی قسم کے پھل مثلاً انار، سیب، ناشپاتی، توت (بیدانہ)، شہتوت، انجیر، خوبانی، املی، تربوز اور خربوزہ بھی بہتات میں ہوتے ہیں۔ اگر پاکستان کے دوسرے حصوں کے ساتھ رسل و رسائل کا سلسلہ بہتر ہو جائے تو چترال تمام مغربی پاکستان کے لیے ان پھلوں کی ضرورت بہ آسانی پوری کر سکتا ہے۔

ملکی تقسیم : سابق ریاست چترال کو دو ضلعوں یعنی ضلع چترال اور ضلع مستوج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر ضلع تین تین تحصیلوں پر مشتمل ہے، مثلاً :

۱- ضلع چترال : تحصیل چترال۔ تحصیل لٹکوہ۔ تحصیل دروش۔

۲- ضلع مستوج : تحصیل مستوج۔ تحصیل موڑ کھو۔ تحصیل تور کھو۔

Marfat.com

کھو قوم اور اس کی زبان

چترال کی کل آبادی ڈیڑھ لاکھ کے قریب ہے - جس میں ۵۸ فیصدی نفوس کھو قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں - باقی دوسرے دس چھوٹے چھوٹے قبیلوں مثلاً کالاش ، بشگالی ، گواری (یا ارندوئی) ، دامیڑی ، ڈانگر ک (یا تانگیری) ، پٹھان ، بدخشی، وخک ، بخی (یا منجانی) اور گجر پر مشتمل ہیں - کالاش کے علاوہ باقی سب چھوٹے چھوٹے قبیلے بھی اگرچہ مسلمان ہیں مگر اپنی علیحدہ علیحدہ زبانیں بولتے ہیں اور اپنے اپنے رسم و رواج کی پیروی کرتے ہیں - اس طرح ایک دوسرے اور کھو قوم کے ساتھ میل جول کے باوجود انہوں نے اپنی جداگانہ حیثیت برقرار رکھی ہے -

کھو اپنے تہذیب و تمدن اور دوسرے اُمور زندگی کے لحاظ سے اپنے جنوبی علاقوں کے پٹھانوں سے جداگانہ حیثیت رکھتے ہیں - البتہ قدیمی تعلق ، یکساں تاریخ ، رسم و رواج اور روایات کی ہم آہنگی کی بنا پر یہ لوگ گلگت ایجنسی کی مختلف وادیوں میں بسنے والے لوگوں سے زیادہ مشابہ ہیں -

کھو قوم کی اصلیت

اپنی اصل کے لحاظ سے کھو آریہ النسل ہیں - آریوں کے ورود سے پہلے قراقرم سے لے کر ہندوکش اور ہمالیہ تک تمام علاقوں میں پساچا[1] (Pisacha) نام کی ایک قوم آباد تھی - بعد میں جب آریہ آئے تو انہوں نے ان قدیمی باشندوں کو یا تو بھگا دیا یا اپنے میں ضم کر لیا - پرانی سنسکرت کتابوں میں ان علاقوں میں آباد شدہ آریوں کو داردا[2] (Darda) یا درادا (Darada) نام دیا گیا ہے - رومن اور یونانی مصنفین نے ہندوکش اور ہندوستان کے درمیان تمام علاقوں کو دردستان یعنی درد لوگوں کے ملک کے نام سے منسوب کیا ہے - یہی وجہ ہے کہ السنہ کی تقسیم میں آج نورستان (پرانا کافرستان) سے گلگت اور استور تک بولی جانے والی تمام زبانوں کو آریائی درد خاندان کا نام دیا گیا ہے -

خیال کیا جاتا ہے[3] کہ چترال میں جو آریہ حملہ آور آ کر آباد ہوئے ، وہ

---

(۱) Grierson, Sir G. A.; Linguistic Survey of India, Vol. VIII, Part II; Calcutta 9119; P. 1.

(۲) *Ibid.* P. 1. and Biddulph, John; Op. Cit. P. 155.

(۳) *Ibid.* pp. 7-9.

ان آریوں سے بعد میں آئے، جنہوں نے پہلے آ کر کافرستان سے گلگت وغیرہ علاقوں تک قبضہ کیا تھا۔ اس طرح اگرچہ یہ بعد میں آئے ہوئے آریہ باشندے اپنے پیشرو آریوں کے ہم نسل تھے، مگر اپنی زبان میں مختلف عناصر اور صفات کے لحاظ سے ان سے کسی حد تک مختلف ہو گئے تھے۔ لہٰذا یہ تمام دردستان کے درمیان خلیج بن کر رہ گئے اور شین گروہ (جو گلگت ایجنسی کے علاقوں میں آباد ہیں اور جو اصلی درد ہیں) کافر گروہ سے (جو چترال کے جنوبی حصوں سے کابل تک کے علاقوں میں آباد تھا) علیحدہ ہو گیا۔

آریوں کے پھیلاؤ اور ان علاقوں میں اس طرح آباد ہونے کے بعد تاریخ میں اس قسم کے وسیع پیمانے پر انتشار کی مزید مثال ملنی مشکل ہے۔ اس لیے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ چترال میں آباد شدہ قدیمی کھو آریاؤں کی نسل سے ہیں۔ موجودہ وقت میں جو کھو باشندے ہیں ان کو اصلیت کے لحاظ سے دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

(۱) قدیمی کھو (۲) بعد میں آئے ہوئے کھو

(۱) قدیمی کھو: جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ہے یہ وہ آریہ ہیں جو قریباً تین ہزار سال پہلے ان وادیوں میں آباد ہوئے تھے۔ آج یہ قدیمی کھو چھوٹے چھوٹے خاندانوں پر مشتمل چترال کے مختلف حصوں میں بکھرے ہوئے ہیں۔ یہ عجیب بات ہے کہ ان کی آبادی میں کسی قدر اضافہ ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔ کسی گاؤں میں بھی ان کا ایک ہی خاندان کے چار گھروں سے زائد کا ملنا مشکل نظر آتا ہے۔ اس کی وجہ وہ ناسازگار حالات ہیں، جن کے یہ لوگ صدیوں سے شکار رہ چکے ہیں۔ صدہا سالوں سے جو بھی لوگ باہر سے بہ حیثیت حملہ آور، فاتح یا مہاجر چترال آئے، انہوں نے ان قدیمی کھو باشندوں کے ساتھ اپنے غلاموں جیسا سلوک کیا۔ ان کے مال و متاع پر قبضہ جمایا اور ان کے پاس صرف اس قدر رہنے دیا جس سے وہ بمشکل گزر اوقات کر سکتے تھے۔ ان حالات میں جب کہ ایک خاندان کے افراد زیادہ بھی ہوتے ان کو باہر کہیں گزر اوقات کی تلاش میں گھر چھوڑنا پڑتا اور اس طرح مجبوراً ان کو اپنے حصے کی جائیداد سے خاندان کے پسماندہ افراد کے حق میں دست بردار ہونا پڑتا۔

(۲) بعد میں آئے ہوئے کھو: یہ وہ لوگ ہیں جو مختلف ادوار میں بدخشان، واخان، روس اور چینی ترکستان، گلگت ایجنسی، دیر، سوات اور افغانستان کے مختلف حصوں سے آ کر چترال میں آباد ہوتے رہے۔ یہ تقریباً دو سو خاندانوں پر مشتمل ہیں، جن میں سے اکثر حملہ آوروں کی حیثیت سے یا حملہ آوروں کے ساتھ ان کی مدد کرتے ہوئے چترال

Marfat.com

میں وارد ہوئے اور ان وادیوں پر قبضہ کرنے کے بعد پھر یہیں کے ہو رہے - ایسے بھی کئی ہیں جو باہر سے بھاگ کر ان علاقوں میں پناہ لینے کے لیے آئے اور جنہوں نے یہیں سکونت اختیار کر لی اور یہاں کے قدیم باشندوں کو اپنے زیر نگین کرکے غلام یا رایت بنا کے رکھ دیا -

ان کا اختلاط اور ایک دوسرے پر اثر : باہر سے آنے والے یہ لوگ دور دراز کے علاقوں سے آنے کی وجہ اور مختلف پس منظروں سے تعلق رکھنے کی بنا پر نہ صرف قدیمی کھو سے مختلف تھے بلکہ ایک دوسرے سے بھی بہ لحاظ زبان ، طرزِ معاشرت اور رسم و رواج اختلاف رکھتے تھے - بعد میں رہنے سہنے کے سبب اور ایک دوسرے سے شادی بیاہ کرنے کے باعث یہ آہستہ آہستہ ایک دوسرے میں گھل مل گئے اور باوجودیکہ یہ لوگ قدیمی کھو کے ساتھ غلاموں کا سا سلوک روا رکھتے تھے مگر پھر بھی ان سب کو بحیثیت ایک مشترکہ زبان کے کھووار کو اپنانا پڑا - قدیمی کھو کے طرزِ بود و باش کا بھی ان سب نے اثر لے لیا اور چونکہ چترال کے گرد و نواح کے علاقوں کے باشندوں سے ان لوگوں کو اکثر خطرہ لاحق رہتا تھا ، اس لیے حفظِ ما تقدم کے طور پر ان کے لیے یہ نہایت ضروری تھا کہ متحد ہو جائیں اور اس طرح اپنی حفاظت کر سکیں - لہٰذا اس احساس نے ان کو ایک دوسرے میں مدغم کرنے میں اہم کردار ادا کیا - بعد میں جب ان تمام وادیوں میں اسلام پھیل گیا تب ان میں یک جہتی اور یگانگت کو اور بھی تقویت ملی - لہٰذا آج ہم یہ دیکھتے ہیں کہ مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے اور دور دراز کے علاقوں سے آنے کے باوجود یہ سینکڑوں خاندانوں پر مشتمل لوگ ایک ہو گئے ہیں اور سب اپنے آپ کو کھو سمجھتے ہیں - سب ایک زبان یعنی کھووار بولتے ہیں اور سب نے ایک ہی قسم کی طرزِ بود و باش اپنالی ہے -

کھووار : کھو قوم کی زبان کھووار ''کھو'' اور ''وار'' کے الفاظ سے مرکب ہے - ''وار'' کا لفظ مقامی طور پر زبان کے لیے استعمال ہوتا ہے - لہٰذا کھووار کے معنی کھو قوم کی زبان ہے - ڈاکٹر لائٹنر[1] (Dr. Leitner) نے اس زبان کو آرنیہ (Arniya) کا نام بھی دیا ہے -

مشہور ماہرِ لسانیات سر جارج گریئرسن نے کھووار کو آریائی زبانوں کے درد خاندان میں شامل کر دیا ہے - اس خاندان میں ذیل کی زبانیں شامل ہیں[2]-

---

(۱) Leitner, Dr. G. W.;—The Languages and Races of Dardistan, Part I, composition, grammer & vocabulary of.....Arniya....., Lahore 1877.

(۲) Grierson, Sir George A; Linguistic Survey of India, Vol. VIII, Part II; Calcutta 1919; P. 2.

Marfat.com

(الف) کافر گروپ : (۱) بسگالی وار (۲) دابی الا (۳) ویرون (۴) اشکند (۵) کلاشہ اور پاشائے گروپ مثلاً کلاستوڑ، گوار بتی، پاشائے لغمانی، دیغانی، دیری، تیراہی۔

(ب) کھووار۔ چترالی یا آرنیہ۔

(ج) اصل درد گروپ: (۱) شنا (۲) کشمیری اور (۳) کوہستانی

گریئرسن کی رائے کے مطابق اگرچہ کافر گروپ کے ساتھ کھووار کی کچھ قدر مشترک ہے مگر دوسری زبانوں کے مقابلے میں یہ ایک آزاد مقام رکھتی ہے۔ البتہ ''درد خاندان میں شامل دوسری تمام زبانوں کی بہ نسبت کوہ ہندوکش کے شمال میں مروجہ غالچہ زبانوں کے ساتھ اس کا گہرا رابطہ ہے[۱]''۔

درد خاندان میں شامل زبانوں کا ایک دوسرے سے موازنہ کرنے سے یہ بات واضع ہوتی ہے کہ درد گروپ کا کافر گروپ کی زبانوں کے ساتھ بہ نسبت کھووار زیادہ گہرا رشتہ ہے اور بڈلف کی رائے کے مطابق کسی زمانے میں اس تمام علاقے یعنی دردستان میں ایک ہی زبان بولی جاتی تھی جسے بعد میں کھووار زبان نے درمیان میں حائل ہو کر دو حصوں میں تقسیم کر دیا[۲]۔ گریئرسن اس کا جواز یوں پیش کرتے ہیں کہ کھووار ''ان درد حملہ آوروں کی زبان معلوم ہوتی ہے جو بعد میں آ گئے تھے۔'' اس لیے اس زبان نے اپنے میں موجود غالچہ اور ایرانی خصوصیات کی وجہ سے اصل درد گروپ اور کافر گروپ کی زبانوں کے درمیان حائل ہو کر ان کو ایک دوسرے سے جدا[۳] کر دیا۔ موجودہ دور کے مشہور ماہر لسانیات پروفیسر مارگنٹائن جنہوں نے افغانستان اور مغربی پاکستان کی شمال مغربی اور مغربی زبانوں پر دقیق ریسرچ کی ہے، کھووار پر کوہ ہندوکش کے پاروالی زبانوں کے اثر کے بارے میں گریئرسن کو حق بجانب قرار دیتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ کھووار کے ''ذخیرۂ الفاظ میں زیادہ تر الفاظ ایسے ہیں جن کا ہندی آریائی خاندان میں کوئی نشان نہیں ملتا۔ اس میں کافی تعداد ایسے الفاظ کی ہے جو ایرانی زبانوں سے اخذ شدہ ہیں۔ اس کے علاوہ بروشسکی اور شنا زبانوں کے الفاظ بھی شامل ہیں۔ لیکن بے شمار ایسے الفاظ بھی ہیں جن کا مآخذ معلوم نہیں[۴]''۔

---

(۱) Grierson, Sir George A; Linguistic Survey of India, Vol. VIII, Part II; Calcutta 1919; P. 2.

(۲) Biddulph, Major John:—Dialects of the Hindu Kush; Journal of the Royal Asiatic Society Bengal Vol. XVIII, London, 1885.

(۳) Grierson, Sir George A:—Op. at; p. p. 7-9.

(۴) Morgenstierne, George:—Some Features of Khowar Morphology; Oslo 1947, p. 6.

پروفیسر موصوف ایک جگہ کھووار کی اہمیت کے بارے میں ان خیالات کا اظہار کرتے ہیں ''کھووار نے سنسکرت سے بالکل مختلف رہ کر اپنا ایک نیا تصریفی نظام (Inflectional System) بھی بنایا ہے لیکن اپنی بناوٹ کے لیے اس نے اپنے علیحدہ محل وقوع میں کسی دوسری ہندی آریائی زبان کے مقابلے میں زیادہ تر ایسے مواد کا استعمال کیا ہے جو کہ زمانۂ قدیم سے تعلق رکھتا ہے۔ لہٰذا ہندی آریائی زبان کے ارتقاء کو سمجھنے کے لیے یہ زبان نہایت اہمیت کی حامل ہے[1]''

کھووار ابجد : ''کھووار'' میں ایرانی آریائی اور ہند آریائی دونوں خاندانوں کی صفات موجود ہیں اس لیے کھووار کے ابجد میں وہ تمام حروف تہجی موجود ہیں جو کہ فارسی یا عربی اور اُردو وغیرہ میں شامل ہیں۔ ساتھ ساتھ مقامی حالات کے زیر اثر (یا شاید قدیمی باشندوں پساچا کے اثر سے) کھووار میں کچھ نئے اعراب کا بھی اضافہ ہوا ہے جن کے لیے ذیل کی علامتیں مقرر کی گئی ہیں۔

ح (TJ) ح (TC) ح (TCH) ر (TZ) ، س (TSH)۔ ان کے علاوہ کھووار میں دو زائد مرکب حروف مثلاً حھ (TCC) حھ (TCHH) اور گیارہ زائد اعراب (Vowels) ہیں۔ یاد رہے کہ اگرچہ ڑ کا حرف کھووار حروف میں شامل ہے مگر بولنے میں یہ ڑ سے ذرا مختلف ہے بلکہ اس کی آواز ل اور ڑ کی درمیانی آواز سے ملتی جلتی ہے۔

---

(۱) Morgenstierne, George:—Some Features of Khowar Morphology; Oslo 1947, p. 28.

Marfat.com

سیاسی تاریخ کا پس منظر

سیاسی تاریخ : گذشتہ ڈھائی ہزار سالوں کے دوران میں سابق ریاست چترال مختلف بڑی سلطنتوں کے زیرِ اثر رہی ہے - جن میں سے سلطنتِ ایران[۱] (ہخامنشی) کشان[۲] اور چین[۳] خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں - ان وادیوں میں اسلام کا ظہور سب سے پہلے بالائی حصوں میں ہوا کیونکہ مسلمانوں نے اس طرف سے حملہ کر کے وہاں کے بادشاہ بہمن کو شکست دی ، وہاں کے لوگوں کو مسلمان بنایا اور خود واپس چلے گئے[۴]- مگر باقی حصوں کے باشندے کافی دیر تک مشرف بہ اسلام نہ ہو سکے - مختلف حصوں میں پتھروں اور چٹانوں پر بڑے بڑے کتبے یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ان علاقوں کے باشندے دسویں صدی میں بدھ مذہب کے پیرو تھے اور راجہ جے پال والئی پشاور داخان کے ماتحت تھے[۵]-

گیارھویں صدی سے چودھویں صدی تک چترال کے جنوبی حصوں پر کالاش قابض رہے- جن کو بعد میں شاہ نادر رئیس نے جو کہ سلطنتِ چین کی طرف سے بالائی چترال کا گورنر مقرر ہو کر آیا تھا ، شکست دے کر اپنے زیرِ نگیں کر لیا اور پھر اپنی سلطنت کو وسعت دے کر گلگت تک پہنچا دیا اور رئیسیہ خاندان کی بنیاد ڈال دی - اس خاندان نے سولھویں صدی کے آخیر تک حکومت کی - اس کے بعد سابقہ خاندان نے ان سے حکومت چھین لی[۶]-

یہ خاندان کٹور کہلاتا ہے اور یہ دعویٰ رکھتا ہے کہ وہ تیمور لنگ کی نسل سے ہے - روایت کے مطابق بابا ایوب جو کہ تیمور کا پوتا تھا[۷] ایک درویش کی حیثیت سے چترال آیا - اس کے پوتے سنگین علی اول نے اس زمانے کے رئیسیہ خاندان کے بادشاہ کے

---

(۱) Fraser-Tyler, Sir K.; Afghanistan; London 1951, p. 17

(۲) Smith, V. A.; Oxford History of India; Oxford 1957, p. 149.

(۳) (*i*) *Ibid*, p. 192 and (*ii*) Stein, Sir Aurel; Serindia Vol. I; Oxford 1921; pp. 29-31.

(۴) Murtaza, Mirza Ghullam; Nai Tarkh-e-Chitral (Urdu); Peshawar 1962, p. 27.

(۵) Biddulph, John; Tribes of the Hindu Kush; Calcutta 1880, p. 149.

(۶) (*i*) Murtaza, M. G.; Op. Cit. p p 28-43, and
(*ii*) Schomberg, R.C.F.; Kafir's Glaciers; London 1936, p. 263.

(۷) میرزا غلام مرتضیٰ (مولف) نئی تاریخ چترال (اُردو) موجودہ خاندان کا سلسلہ نسب یوں پیش کرتے ہیں : بابا ایوب ابن شہزادہ فریدوں حسین - ابن سلطان حسین والئی ہرات - ابن غیاث الدین - ابن امیر زادہ بایقرا - ابن عمر شیخ بہادر ابن سلطان ابوسعید مرزا - ابن امیر تیمور صاحبقران (۹۴)-

Marfat.com

دربار میں عزت اور شہرت پائی ۔ اس کی وفات کے بعد اس کے پوتے محترم شاہ اور خوشوقت نے ملکی انتشار اور بادشاہِ وقت کی کمزوری سے فائدہ اٹھا کر رئیسیہ بادشاہ کو ملک بدر کر دیا اور خود حکومت پر قابض ہو گئے ۔ اس وقت چترال کی سرحدیں گلگت سے چغانسرائے (افغانستان) تک پھیلی ہوئی تھیں ۔ اس تمام سلطنت کو محترم شاہ اول اور خوشوقت نے آپس میں تقسیم کر لیا ۔ زیریں حصے میں موڑکھو اور تورکھو کے علاقے شامل کرکے محترم شاہ نے اپنی سلطنت قائم کی اور ''کٹور''[1] کا لقب اختیار کرکے سابقہ خاندان کی بنیاد رکھ دی ۔ ریاست چترال کا بالائی حصہ یعنی مستوج سے گلگت تک کا علاقہ خوشوقت کے حصے میں آیا ، جہاں اس نے خوشوقتے خاندان کی حکومت قائم کر دی[2]۔

اس کے بعد ۱۶۵۰ء تک چترال کی تاریخ رئیسیہ اور کٹور خاندانوں کے درمیان لڑائیوں اور جنگ و جدال کی ایک المناک داستان ہے ۔ مگر رئیسیہ پر غالب آنے کے بعد کٹور اور خوشوقتے خاندانوں کی آپس میں مخالفتیں اور لڑائیاں شروع ہو گئیں اور تقریباً دو سو سال تک سابقہ ریاست مزید قتل و غارت کی آماجگاہ بنی رہی اور یہاں کے عوام ظلم و ستم اور مصائب و آلام سہتے رہے ۔[3]

۱۸۷۰ء کے بعد چترال کے حالات نے پلٹا کھانا شروع کیا اور چترال کی تاریخ میں زبردست موڑ آیا ۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ یہاں مہتر امان الملک حکمران تھا ۔ جس کے بارے میں لارڈ کرزن یہ رائے رکھتا تھا کہ وہ ''ایسی ریاست اور ایسے دور کے لیے نہایت ہی موزوں شخصیت تھا[4]۔'' اس کے دور میں ریاست زیادہ تر بیرونی خطرات سے دوچار رہی ۔ ایسے حالات میں یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ کسی نہ کسی طرح بیرونی طاقت کے ساتھ حفظِ ماتقدم کے طور پر گٹھ جوڑ کیا جائے ۔ مہتر امان الملک آخر کار مہاراجہ کشمیر کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھانے پر مجبور ہو گیا ۔ مہاراجہ مذکور کو چونکہ ایسے زریں

---

(۱) تزک بابری ۔ تاریخ بناقیطی (Binakiti) اور جمع التواریخ کے حوالے سے بڈلف رقمطراز ہے کہ کٹور نام بہت پہلے سے اس علاقے کے ساتھ وابستہ ہے اور کابل کے ترک بادشاہوں کے آخری خاندان کے بادشاہ کا نام بھی کٹاران (Kataran) یعنی ''کٹوروں کا بادشاہ'' تھا (Tribes of the Hindukush; P. 148.) موجودہ خاندان کے اس نام کو اپنانے کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ پرانے بڑے بادشاہوں کے ساتھ منسوب ہونے کی وجہ سے اس نام میں نفسیاتی کشش اور دبدبہ تھا ۔ اس لیے موجودہ خاندان نے جس نے کہ غیر معمولی حالات میں حکومت پر قبضہ کیا تھا ، لوگوں کو مرعوب کرنے کی خاطر یہ نام اختیار کیا ہوگا ۔

(۲) میرزا غلام مرتضیٰ: نئی تاریخ چترال ۔ صفحہ ۴۹ ، پشاور ۱۹۶۲ء ۔

(۳) ایضاً صفحہ ۴۳ ۔ ۱۱۳ ۔

(۴) Curzon, Lord Kedleston; Leaves From a Viceroy's Notebook, London 1927. p. 105.

Marfat.com

موقع کی تلاش تھی ساتھ ساتھ اس وقت برطانوی حکومت بھی شمال میں روسی خطرے کے پیشِ نظر یہ چاہتی تھی کہ ان شمالی علاقوں پر اگر بلاواسطہ نہیں تو کم از کم بالواسطہ اس کا تسلط رہے ، لہٰذا اس نے مہاراجہ کشمیر کو اپنی مخصوص ہدایات کے مطابق شاہ چترال کے ساتھ معاہدہ کرنے کی اجازت دے دی - جس پر ۱۸۷۹ء میں دستخط ہوئے اور اس طرح سابقہ ریاست چترال ایک نئے دور میں داخل ہوئی[۱] -

اب بیرونی خطرات سے ہر طرح محفوظ رہ کے مہتر امان الملک نے اندرونی طور پر اپنے تمام حریفوں کا خاتمہ کر دیا اور اپنی بادشاہت اسمار (افغانستان) سے لے کر گلگت ایجنسی میں اشقامون تک پھیلا دی [۲]- ۱۸۸۵ء میں برطانیہ اور روس کے درمیان تعلقات خراب ہو گئے اور برٹش حکومت نے یہ ضرورت محسوس کی کہ ان شمالی علاقوں پر اپنا تسلط اور زیادہ مضبوط کرے - لہٰذا کرنل لاکہارٹ (Col. Lockhart) ایک مشن لے کر چترال آیا اور مہتر امان الملک کے ساتھ دوستی کا مکمل معاہدہ کر لیا - اس کے بعد ۱۸۸۸ء میں ڈیورنڈ کو چترال بھیج دیا گیا جس نے چترال میں ایک برٹش ایجنسی قائم کی - نتیجۃً ''اب برطانوی حکومت اور سابقہ ریاست چترال کے درمیان تعلقات زیادہ واضح صورت اختیار کر گئے اور مؤخر الذکر حکومت نے کشمیر دربار کی معیّت میں اس کی محدود طور کی فرمانروائیت قبول کرلی - جسے سابقہ ریاست چترال نے بخوشی مان لیا''[۳]-

۱۸۹۲ء میں مہتر امان الملک کی وفات پر اس کے بیٹوں میں تخت کے لیے خانہ جنگی شروع ہو گئی - جس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ۱۸۹۵ء میں برطانوی حکومت نے مکمل طور پر چترال پر قبضہ کر لیا اور اس کو دو حصوں میں تقسیم کرکے جنوبی حصے کے لیے جس میں تورکھو ، موڑکھو ، چترال اور دروش کے علاقے شامل تھے ، مہتر امان الملک کے چودہ سالہ لڑکے شجاع الملک کو بادشاہ تسلیم کر لیا - مستوج اور گلگت ایجنسی میں چترال کے ماتحت علاقوں پر الگ گورنر مقرر کر دیا[۴]- ۱۸۹۲ء میں جب ڈیورنڈ لائن مقرر کی گئی تو چترال کے جنوبی حصے میں باشگال اور اسمار تک کے علاقے افغانستان کو دے کر ریاست

---

(۱) (*i*) Murtaza, Mirza G.,—Op. Cit. pp. 114-128.
(*ii*) Curzon, Lord K; Op. Cit. p. 105 and
(*iii*) Alder, Garry;—India's Northern Frontier. London 1963, pp. 121-122.

(۲) Curzon, Lord, K.; Op. Cit; p. 108.

(۳) *Ibid*; p. 108

(۴) (*i*) Ansari, Bazmee;—The Encyclopaedia of Islam (New Edition), Vol. 2, Luzzac London 1963; p. 30.
(*ii*) Robertson, Sir G.;—Chitral, Story of a Minor Seige; London 1898, pp. 201-356.
(*iii*)Murtaza,Mirza Ghullam; op. Cit. pp. 151-179

Marfat.com

کو ان سے محروم کر دیا گیا'۔

۱۹۱۴ء میں مستوج کا علاقہ واپس چترال کو مل گیا اور چترال کی موجودہ سرحدیں متعیّن کی گئیں۔ ۱۹۱۹ء کو مہتر شجاع الملک کو ان کی ''شاندار خدمات'' کے عوض 'مہتر' کا خطاب اور ''ہز ہائی نس'' کا لقب ملا۔ آپ نے ۱۹۳۶ع میں وفات پائی اور ان کے بعد ہزہائی نس محمد ناصر الملک (۱۹۳۶ء - ۱۹۴۳ء)، ہزہائی نس محمد مظفر الملک (۱۹۴۳ء - ۱۹۴۸ء) اور ہز ہائی نس سیف الرحمان (۱۹۴۸ء - ۱۹۵۴ء) یکے بعد دیگرے چترال کے مہتر بنے۔ ۱۹۵۴ء سے زمانہ حال تک سیف الملک ناصر ریاست کے والی تھے۔

۱۹۴۷ء میں جب پاکستان بنا تو چترال نے تمام ریاستوں میں سب سے پہلے اس عظیم اسلامی مملکت میں شامل ہونے کا اعلان کر دیا۔ اس کے بعد گذشتہ بیس سالوں کے دوران میں چترال نے مختلف شعبوں میں جو نمایاں ترقی کی ہے، اس کی مثال اس کی پوری تاریخ میں ملنی مشکل ہے۔ پاکستان بنتے ہی لوگوں میں آزادی کا شعور جاگ اٹھا۔ ایک سال کے اندر اندر چترال مسلم لیگ کا قیام عمل میں آ گیا۔ جس نے لوگوں کو ایک جھنڈے تلے جمع کرکے صدیوں سے ان پر توڑے جانے والے مظالم کے خلاف آواز اٹھانے کا حق دلایا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۹۵۳ء میں حکومتِ پاکستان نے سابق مہتر چترال ہز ہائی نس سیف الرحمان کے ساتھ مشورہ کرکے نئے قوانین نافذ کیے جس کی رو سے والئی ریاست وہاں کے سربراہ اور ایڈیشنل پولیٹیکل ایجنٹ ان کا مشیر اعلیٰ ہونا قرار پایا۔ سابقہ ریاست کے مختلف صوبوں کو نئے طور پر تشکیل دے کر گورنری نظام اور پرانے انتظامیہ کا طریقہ ختم کر دیا گیا۔ اس کی جگہ تمام سابقہ ریاست کو دو ضلعوں اور چھ تحصیلوں میں تقسیم کرکے دو ڈپٹی کمشنروں اور چھ تحصیل داروں کے زیر انتظام کر دیا گیا۔ باڈی گارڈ کے نظام کی جگہ چترال پولیس فورس کا قیام عمل میں آیا۔ مختلف شعبوں مثلاً تعلیم، خزانہ، مالیہ، تعمیرات، تجارت اور جنگلات وغیرہ سے متعلق اُمور کے انتظام کے لیے سیکرٹریٹ قائم ہوا اور تمام عہدوں اور ملازمتوں پر تقرریاں امیدواروں کی ذہنی استعداد، علمی قابلیت اور تجربے کو سامنے رکھ کر عمل میں لانے کا فیصلہ کیا گیا۔

۱۹۶۶ء سے چترال کو ایک علیحدہ ایجنسی کا درجہ دے دیا گیا۔ اس طرح مالاکنڈ ایجنسی کے ساتھ اس کا پچاس سالہ تعلق ختم ہو گیا، جو ۱۹۶۹ء تک براہ راست پشاور کمشنری کے ماتحت تھی۔

---

(۱) Scott, I.D.;--Notes on Chitral, Peshawar 1936. p. 2.

تاریخی اثرات : کسی ملک کے لوگوں کے طرزِ معاشرت ، ادب و ثقافت اور دیگر خصوصیات پر اس ملک کی تاریخ نہایت ہی اہم اثرات ثبت کرتی ہے ۔ چترال کی سیاسی تاریخ نے بھی کھو قوم کے ان مختلف پہلوؤں پر اہم اثرات چھوڑے ہیں ۔

معاشرے پر اثر : تاریخ کے مختلف ادوار میں چترال کا چین، ترکستان اور بدخشاں کے ممالک کے ساتھ جو تعلق رہا ہے اور وقتاً فوقتاً اس کے گرد و نواح کے علاقوں سے جو مختلف النسل باشندے چترال میں وارد ہوتے آئے ہیں ، انہوں نے یہاں کے معاشرے کو بنانے میں بڑا اہم کردار ادا کیا ہے ۔

چترالی معاشرے کو چند سال پہلے تک تین طبقوں یعنی آدم زادہ (اعلیٰ طبقہ) ارباب زادہ یا یوفت (درمیانی طبقہ) اور فقیر مسکین (پست طبقہ) میں تقسیم کیا جاتا تھا ۔

اگر حقیقت کی نظر سے دیکھا جائے تو یہ طبقہ بندی یہاں کی تاریخ کا ورثہ تھی ۔ یہ اس لیے کہ سابقہ ریاست چترال میں اکثر جنگ و جدال کا بازار گرم رہتا تھا اور یہاں کا حکمرانِ وقت ہمیشہ اپنے آپ کو خطرات میں گھرا ہوا محسوس کرتا تھا ۔ چنانچہ وہ اپنی حفاظت اور لوگوں کو اپنا طرفدار بنانے کے لیے مختلف با رسوخ خاندانوں کے بڑے بڑے اُمراء کو انعام و اکرام سے نوازتا اور ان کو زمینیں اور جاگیریں دے کر اپنے ساتھ ملاتا ۔ اس قسم کے خواص وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کئی پشتوں تک بادشاہ کے خاندان کے وفادار چلے آتے ۔ ان میں ایسے لوگ بھی شامل ہو جاتے جو حکمران طبقے کے خاندان سے ہوتے ۔ اس قسم کے تمام لوگوں کو ''آدم زادہ طبقہ'' کا نام مل گیا ۔ ان کے مقابلے میں وہ لوگ جو معمولی دہقانی کرکے یا دوسروں کے مزارع بن کر زندگی گزارتے ، وہ فقیر مسکین کہلائے جانے لگے ۔ اس طبقے میں زیادہ تر ایسے لوگ بھی شامل تھے جو چترال کے اصلی یا قدیمی باشندوں کی اولاد میں سے تھے اور جو گردشِ ایام سے مفتوح اور محکوم چلے آتے تھے ۔ ان دو طبقوں کے درمیانی طبقے کا نام ''ارباب زادہ'' یا یوفت پڑ گیا ۔ ان کی حالت درمیانی تھی ۔ نہ یہ اتنے طاقتور تھے کہ اعلیٰ طبقے میں شامل ہو سکتے اور نہ ان کی حالت اتنی سقیم تھی کہ فقیر مسکین کہلاتے ۔ یہ زیادہ تر حملہ آوروں کی معیت میں آئے ہوئے یا بطور پناہ گزیں یا کسی اور صورت میں چترال میں آ کر آباد ہو گئے ۔

Marfat.com

معاشرہ

کھو قوم کے افراد ایک ترقی یافتہ تمدن کے مالک ہیں۔ ان کے معیارِ زندگی، طور و اطوار اور کاشت کاری کے طریقے دیکھ کر متاثر ہوئے بغیر نہیں رہا جاتا[1] اب کھو معاشرے کے مختلف پہلوؤں کا مختصر سا جائزہ دیا جاتا ہے۔

بود و باش : کھو باشندے گاؤں میں رہتے ہیں۔ یہ گاؤں اتنے بڑے نہیں ہوتے جتنے پاکستان کے دوسرے حصوں میں ہوتے ہیں۔ بہت کم ایسے گاؤں ملیں گے جن کی آبادی دو تین ہزار تک ہو گی۔ ورنہ ایک گاؤں میں بمشکل ایک ہزار نفوس آباد ہوتے ہیں۔ گاؤں کے بڑے یا چھوٹے ہونے کا دارومدار جگہ کی موزونیت اور قدرتی حالات کی موافقت پر ہوتا ہے۔

گاؤں کے لوگ اپنے اکثر کام امداد باہمی کے اصولوں کے تحت سر انجام دیتے ہیں اور آپس میں تعاون اور امن و آشتی سے زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ چترال میں (خاص طور پر کھو قوم میں) چوری چکاری، ڈاکہ زنی، قتل و غارت اور اس قسم کے جرائم کم پیش آتے ہیں۔

گاؤں کی زندگی میں مسجد (سنی آبادیوں کی صورت میں) یا جماعت خانہ (اسماعیلی آبادی ہونے کی شکل میں) اہم مقام ہوتے ہیں۔ یہ عمارتیں عبادت کے علاوہ دوسرے اجتماعات کے بھی کام آتی ہیں۔ جن میں لوگ مختلف ضروری اُمور پر تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ کھو باشندوں کے گھر اپنے طرزِ تعمیر، نفاست اور معیار کے لحاظ سے ان کی عقل و دانش کا مظہر ہیں۔ ایک گھر عام طور پر دو حصوں میں منقسم ہوتا ہے[2]۔

۱۔ ''دور'' (انسانوں کے رہنے کا حصہ)

۲۔ ''شال مودی'' (مویشی خانہ)

یہ دو حصے کہیں ایک دوسرے کے ساتھ ملحق (مگر ایک دوسرے کی پشت

---

(۱) Stein, Sir A; Serindia Vol. I, Oxford 1921; p. 28

(۲) (*i*) Israr-ud-Din; A Social Geography of Chitral State; Unpublished M.Sc. Thesis, University of London 1965, pp. 112-126.

(*ii*) Idem:—Settlement Pattern and House Types in Chitral State, Pakistan Geographical Review, Vol. 21, No. 2; Lahore 1966.

Marfat.com

پر) بنائے جاتے ہیں اور کہیں علیحدہ علیحدہ جگہوں پر - بالائی طبقہ کے اکثر خاندان اپنے تمام مال مویشیوں کے لیے گھر سے ہٹا کر اپنے کھیتوں کے کنارے جگہ بناتے ہیں - جسے ''شالدین'' کہا جاتا ہے -

دولتمند گھروں میں ''دور'' یا گھر دو حصوں یعنی ''اندرین'' (اندرونی) اور ''بیری'' (بیرونی حصہ) میں منقسم ہوتا ہے - اندرونی حصے کو گھر کے افراد خود استعمال کرتے ہیں اور بیرونی حصہ مہمانوں کے لیے وقف ہوتا ہے - یاد رہے کہ مہمان نوازی کھو کلچر کا اہم جزو ہے - ان اندرونی اور بیرونی حصوں کے گردا گرد چار دیواری ہوتی ہے - جس کے اندر دونوں حصوں کے لیے علیحدہ علیحدہ باغ بنائے جاتے ہیں - کمروں کی تعداد مالک مکان کی حیثیت اور استطاعت کے مطابق ہوتی ہے - چار دیواری کے اندر ایک باغیچہ ضرور ہوتا ہے - کیونکہ کھو قوم کے افراد میوہ دار اور سایہ دار درخت لگانے اور پھولوں کی کیاریاں بنانے کو بے حد اہمیت دیتے ہیں - نیز ہر ایک آدمی اپنے گھر میں صاف اور رواں پانی کی نالی گزارنے اور جگہ جگہ چھوٹے چھوٹے آبشار بنانے کا خاص طور پر شوق رکھتا ہے -

''ختان'' یعنی کمرہ اندرونی طور پر کئی حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے - ہر ایک حصے کا خاص مقصد ہوتا ہے - مثلاً :

۱- شوم : دروازے سے داخل ہوتے ہی پہلا حصہ ہوتا ہے جو نوکروں کے کھڑے ہونے یا ہل لکڑی وغیرہ چیزیں رکھنے کے کام آتا ہے -جوتے بھی اتار کر یہیں رکھے جاتے ہیں - اس کے ایک طرف اینٹوں سے بنا ہوا غسل خانہ بھی ہوتا ہے -

۲- بیند : اسے لکڑی کے تختوں کے ذریعے شوم سے جدا کیا جاتا ہے اور انگیٹھی کے تین طرف بنا ہوتا ہے - جسے فرش بچھا کر بیٹھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے - بیند نمبر ۱ کو سب سے اونچا مقام حاصل ہے ، جہاں گھر کے مالک یا مالکہ بیٹھتے ہیں اور اگر کوئی بزرگ رشتہ دار مہمان آئے تو اسے بھی وہیں بٹھایا جاتا ہے - باقی دو بیندوں پر جوان بیٹے یا بیٹیاں یا اور رشتہ دار بیٹھتے ہیں - چھوٹے بچے عام طور پر باپ یا ماں کے ساتھ بیند نمبر ۱ پر بیٹھتے ہیں - بیند نمبر ۲ پر دسترخوان بچھا کر گھر کا مالک اپنے بیٹوں کے ساتھ کھانا بھی کھاتا ہے -

۳- ٹک : یہ ''بیند'' سے قریباً ایک فٹ اونچا ہوتا ہے اس کے کچھ حصے پر فرش بچھایا جاتا ہے - جہاں (جب مرد گھر میں ہوں) عورتیں بیٹھتی ہیں - گھر کی مالکہ یہاں بیٹھ کر کھانا تقسیم کرتی ہے - ٹک پر دیوار کی طرف برتن وغیرہ رکھنے کے لیے جگہ بناتے

Marfat.com

ہیں۔ اس کے اوپر الماریاں یا طاق بھی بنائے جاتے ہیں۔

۴۔ نخ : 'نخ' چار ہوتے ہیں۔ نمبر ۱ اور نمبر ۲ بیند سے تختوں کے ذریعے جدا کیے جاتے ہیں اور سونے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ نخ کو اینٹوں یا پتھروں کی دیوار کے ذریعے ''شوم'' سے الگ کیا جاتا ہے۔ کبھی کبھی بالائی طبقوں میں ان نخوں کے سامنے پردے ڈال کر ان کو کیبن (کھوکھے) کی شکل دے دی جاتی ہے، جسے مقامی طور پر ''پنزیر'' کہا جاتا ہے۔ نخ نمبر ۳ نماز پڑھنے کے لیے مخصوص ہوتا ہے اور نخ نمبر ۴ برتن رکھنے اور سٹور کو جانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔[1]

کنبہ : کھو گھر کا سربراہ باپ ہوتا ہے اور گھر کے اندرونی معاملوں کی ذمہ دار ماں ہوتی ہے۔ ایک گھر میں اوسطاً سات افراد ہوتے ہیں۔ بالائی طبقوں کے ہر کنبے میں افراد کی تعداد اوسطاً تیس تک پہنچ جاتی ہے۔ جس میں ان کے نوکر اور نوکروں کے کنبے بھی شامل ہوتے ہیں۔

ذریعہ معاش : لوگوں کا ذریعہ معاش زیادہ تر کاشت کاری ہے۔ جن علاقوں میں چراگاہیں زیادہ ہیں اور جو گاؤں کے نزدیک ہیں، وہاں کے لوگ کاشت کاری کے ساتھ ساتھ بھیڑ بکریاں بھی پالتے ہیں۔ جہاں بھیڑیں زیادہ ہوں، وہاں لوگ گرم کپڑے (اونی پٹی) بُن کر روزی کماتے ہیں۔

رسومات

شادی : پندرہ بیس سال قبل شادی عام طور سے بچپن میں ہی کر دی جاتی تھی مگر اب یہ رواج ختم ہوتا جا رہا ہے۔

خفیہ طور پر لڑکی کے والدین کی رضا مندی حاصل کرنے کے بعد کسی مقررہ دن پر لڑکے والے بارات لے کر دلہن کے گھر پہنچ جاتے ہیں۔ وہاں ان کا بڑے شاندار طریقے سے خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد شریعت کے مطابق نکاح پڑھایا جاتا ہے۔ حق مہر وغیرہ اپنی معاشی حالت کے پیش نظر مقرر کرتے ہیں۔ پھر دولہا کو زنانہ حصے میں اپنی ساس اور دوسری رشتہ دار خواتین سے ملنے لے جایا جاتا ہے۔ اس کے بعد دولہا اور دلہن کو درمیان میں بٹھا کر ان کے سامنے ایک تھالی میں بھرا ہوا پنیر رکھتے ہیں جسے یہ دونوں

---

(۱) عام استعمال میں ''بیند'' روش کو ''ٹک'' اونچے حصے کو اور ''نخ'' چبوترے کو کہتے ہیں۔ لیکن چونکہ عرصۂ دراز سے یہ الفاظ کھووار ختان کے ان مختلف حصوں کے لیے مستعمل رہے ہیں اس لیے اب یہ ذومعنی الفاظ بن گئے ہیں۔ ہاں البتہ لفظ ''شوم'' کے کوئی دوسرے معنی نہیں۔

Marfat.com

مل کر کھاتے ہیں۔ اسے عرف عام میں ''اشپیرو بانوں'' (یعنی سفید کھانا) کہا جاتا ہے کہ ان میں سے جو بھی پہلے لقمہ اٹھائے، وہی آگے چل کر بالا دست ہوگا۔ یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ اسلام سے پہلے دولہا اور دلہن کے اس طرح بیٹھ کے ''اشپیرو بانوں'' کھانے سے نکاح کی رسم مکمل ہوجاتی تھی۔

نکاح ہوتے ہی دلہن کو دولہا کے ساتھ رخصت کر دیا جاتا ہے۔ مگر عام طور پر جب بارات دلہن کو لے کر واپس ہوتی ہے تو دولہا کے گاؤں کے لوگ ناچتے گاتے ڈھول بجاتے اور بندوقیں داغتے ہوئے ان کا استقبال کرتے ہیں۔ وہ دن اور تمام رات رقص و سرور میں گذر جاتی ہے اس دوران جو بھی مہمان دور یا نزدیک سے آتے ہیں ان سب کی خاطر خواہ تواضع کی جاتی ہے۔ یاد رہے کہ دلہن کو گھر لانے کے بعد جو کوئی بھی مبارک باد دینے کے لیے آتا ہے، اس کی خدمت میں حتی الوسع ''اشپیری'' یا شیرینی پیش کی جاتی ہے۔

پیدائش : اگر کسی کے ہاں بیٹا پیدا ہو تو بندوق داغ کر اس کا اعلان کیا جاتا ہے۔ تمام رشتہ دار دوست و احباب اور گاؤں والے بچے کے لیے تحفے یعنی ''وارزا لا کھالی'' لے کر مبارک باد دینے آتے ہیں۔ سب مہمانوں کی حسب توفیق تواضع کی جاتی ہے اور متواتر تین دن تک اور کبھی کبھی سات دن تک رقص و سرور کی محفلیں جمتی ہیں۔ لڑکی کی پیدائش پر اس طرح جوش و خروش کا مظاہرہ نہیں کیا جاتا۔

اعلیٰ طبقوں اور خاص کر حکمرانوں میں اپنے بچوں کو رضاعت کے لیے کسی دوسرے خاندان کی تحویل میں دینے کی رسم عام ہے۔ یہ رضاعی والدین چھ یا سات سالوں تک اس بچے کی مکمل پرورش کرکے اس کو واپس اصل والدین کے حوالے کر دیتے ہیں۔ رضاعی والدین اپنے سلوک اور پیار و محبت کے لحاظ سے بالکل اصل والدین جیسے ہوتے ہیں۔

کھو قوم کو جو سینکڑوں مختلف نسلوں سے بنی ہے، ایک قوم بنانے میں رضاعت کی اس رسم نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ حکمران خاندان اور دوسرے بڑے خاندانوں میں اس کی مقبولیت کی وجہ بھی یہی ہے کہ وہ اس کے ذریعے ملک میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کا تعاون حاصل کر لیتے ہیں۔

موت : کسی کی موت اس کے خاندان کے علاوہ تمام گاؤں کے لیے ماتم کا باعث ہوتی ہے۔ تمام گاؤں والے مل کر تجہیز و تکفین میں حصہ لیتے ہیں اور ایک یا دو روز تک اس غم زدہ خاندان کے کھانے اور دوسری ضروریات کا بھی بندوبست کرتے ہیں۔ تجہیز و تکفین کی رسومات شریعت کے مطابق عمل میں آتی ہیں۔

تہوار : تمام اسلامی تہوار مثلاً عیدین، عید میلادالنبی، شب برات اور شب معراج مناسب طریقے سے منائے جاتے ہیں۔ ان کے علاوہ مندرجہ ذیل مقامی تہوار ہیں جو کہیں

Marfat.com

کہیں منائے جاتے ہیں :

۱- نو روز- یہ ۲۱ مارچ کو منایا جاتا ہے - خیال کیا جاتا ہے کہ یہ تہوار ایرانیوں کے دور کی یادگار ہے -

۲- اوشٹوں - یہ تہوار ''کوہ'' وادی میں مئی اور جون میں فصل ربیع کی کٹائی کے موقع پر منایا جاتا ہے -

۳- پھنڈک - بالائی چترال کی بعض وادیوں مثلاً لاسپور، یارخون اور کھوت میں ماہ جولائی کے شروع میں بھیڑ بکریوں کو پہاڑوں کے اوپر چراگاہوں کو لے جاتے وقت ''پھنڈک'' مناتے ہیں -

۴- پاتھاک دک - وادی لٹکوہ اور بالائی چترال کے بعض حصوں میں ماہ دسمبر کے آخری ہفتے میں یہ تہوار منایا جاتا ہے - ظاہر ہے کہ ایسے تہوار زمانۂ ما قبل اسلام کی یادگار ہیں -

یہ تہوار پہلے تمام کھو باشندے عام طور پر منایا کرتے تھے - مگر اب آہستہ آہستہ ان کا رواج ختم ہوتا جا رہا ہے اور اس وقت یہ ان چند وادیوں میں ہی محدود ہو کر رہ گئے ہیں -

آداب و اطوار

آداب : ہر معاشرے کی طرح کھو معاشرے میں بھی بڑے اور چھوٹے، معزز اور غیر معزز کا اپنا مخصوص مقام ہوتا ہے - ملنے جلنے، اٹھنے بیٹھنے، کلام کرنے، طرزِ پوشاک اور کھانا کھانے کے خاص آداب ہوتے ہیں - ان کی خلاف ورزی کو بری نگاہ سے دیکھا جاتا ہے -

طرزِ گفتار : کھو قوم نہایت نرم گفتار اور شیریں کلام مشہور ہے - کھووار زبان پر فارسی کے اثر نے سونے پر سہاگہ کا کام کیا ہے - ان کا ایک دوسرے کو خطاب کرنے کا انداز بھی نہایت دلکش ہوتا ہے - مثلاً ''ماژان'' (میری جان) - ''غچھوروشتی'' (میری لذت) وغیرہ قسم کے سینکڑوں الفاظ روزمرہ گفتگو میں عام استعمال ہوتے ہیں -

معاشرتی طبقے[1]

جیسا کہ پہلے ذکر ہوا ہے چترال کی تاریخ نے یہاں معاشرے کو تین طبقوں یعنی آدم زادہ، ارباب زادہ یا یوفت اور فقیر مسکین میں تقسیم کیا تھا - یہاں ان کے چند اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالی جاتی ہے -

ان طبقوں کے وجود میں آنے کے ساتھ ساتھ معاشرہ نے ان کے درمیان خلیج کو اور

---

(۱) Israr-ud-Din;—A Social Geography of Chitral State; Unpublished M.Sc. Thesis, University of London 1965: pp. 46-53.

وسیع کر دیا ۔ اور ہر طبقے کے ذمے مخصوص فرائض مقرر کر دیے ۔ اس کے علاوہ بعض اور پابندیاں بھی تھیں جو اگرچہ ہندو ذات پات کی طرح بہت سخت نہیں تھیں ، لیکن اس کے لگ بھگ ضرور ہوتی تھیں ۔ مثلاً شاہی خاندان والے اپنے ہی خاندان میں شادیاں کرتے تھے ۔ البتہ وہ معزز طبقے کی کسی لڑکی سے جو اگرچہ ان کے خاندان سے نہیں لیکن آدم زادہ طبقے سے تعلق رکھتی ، شادی تو کر سکتے تھے مگر اپنی بیٹی کو (سوائے زندرے خاندان کے جو کہ کسی زمانے میں بادشاہ ہوتے تھے) نہیں دیتے تھے ۔ معزز طبقہ کے لوگ آپس میں شادی کرتے مگر ارباب زادہ یا یوفت خاندانوں میں شادی کرنے کو برا سمجھتے تھے ۔ البتہ شاہی خاندان اور معزز طبقہ کے لوگ اس درمیانی طبقے سے داشتہ ضرور رکھا کرتے تھے ۔

چترال میں عہدوں کی تقسیم بھی اس طبقہ بندی کے تحت عمل میں آتی تھی ۔ مثلاً (ما سوائے چند کے) تمام بڑے عہدے آدم زادہ افراد کو ملتے ۔ مگر خوش قسمتی سے ہندو ذات پات کے طریقے کے برخلاف اسلامی اثرات کے تحت مختلف طبقوں کے لوگوں کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ میل جول میں کسی قسم کی کوئی بندش نہیں تھی ۔ چنانچہ ان میں اچھے معاشرتی روابط پیدا ہوتے گئے ۔

اس طبقہ بندی نے لوگوں پر بہت گہرا اثر چھوڑا ہے ۔ مثلاً یہ نام نہاد آدم زادہ طبقہ کے لوگ ہمیشہ ریاست کی معیشت پر بوجھ بنے رہے ہیں ۔ وہ اپنا کام پست طبقے کے لوگوں کے ذریعے کرا کر خود شکار اور حکمرانوں کی خوشامد میں وقت گزارتے ۔ ان کے ذہنوں میں یہ خیال پختہ صورت اختیار کر گیا تھا کہ عام لوگ ان کے زر خرید غلام ہیں ، لہٰذا ان کی کوشش یہی رہتی کہ ان کی حالت بد سے بد تر رہے ۔ لیکن خواص کا یہ طبقہ آپس میں کبھی متحد نہ رہ سکا ۔ ان کی اندرونی سازشیں ، بغاوتیں ، بغض و حسد ، بدلتی وفاداریاں اور خطرناک کارروائیاں تاریخِ چترال پر بدنما داغ ہیں ۔ صدیوں تک چترال میں وحشیانہ کھیل کھیلے جاتے رہے ۔ حکمران قتل یا ملک بدر ہوتے رہے ۔ حکومتیں بدلتی رہیں اور غربا کی حالت روز بروز ابتر ہوتی رہی ۔ ایسے حالات میں یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ ایک عام چترالی کی حالت کیا ہو سکتی تھی ۔ ان کے لیے اپنی قسمت کو اپنے ان خود ساختہ آقاؤں کے حوالے کرنے کے علاوہ اور کوئی چارہ کار نہ تھا ۔ نتیجۃً وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جو سبق انہوں نے سیکھا وہ یہ تھا کہ ان آقاؤں کی خوشامد کر کے ان کے ہر حکم پر لبیک کہیں اور ان کو خوش رکھ کر اپنی زندگی کے چند روز آسانی سے گزار لیں ۔ یہی وجہ ہے کہ آج کا ایک عام کھو حد درجہ منکسر المزاج ، محکوم ، احساس کمتری میں مبتلا اور بے کس و لاچار نظر آتا ہے ۔ کھووار زبان کا یہ محاورہ کہ ''جو بھی میرا ملک لے وہ میرا بادشاہ'' چترالیوں کی حالت زار کی پوری طرح عکاسی کرتا ہے ۔

ثقافت

کھووار ثقافت گرد و نواح کے علاقوں کے اثرات اور مقامی رنگ کے امتزاج کی حامل ہے اور اپنی امتیازی خصوصیات کی وجہ سے الگ پہچانی جاتی ہے۔

کھووار موسیقی : دنی ، سادز اور اشور جان دھنوں کے علاوہ جن کے مطابق چترال کے لوک گیت بنائے جاتے ہیں ، ذیل کی دھنیں بھی مشہور ہیں ، جو صرف موسیقی کے آلات پر بجائی جاتی ہیں :

(۱) نماڑوار : یہ پولو کھیل کی دھن ہے۔ جو سات مختلف دھنوں کی ملاوٹ سے بنی ہے اور کھیل کے اعلان کے طور پر بجائی جاتی ہے۔

(۲) بکار شوار : یہ دھن نہایت ولولہ انگیز ہوتی ہے اور ایسے موقعوں پر جہاں لوگوں کو جوش دلانا مقصود ہو بجائی جاتی ہے۔ مثلاً لڑائی یا کھیل کے دوران میں یا کھیل کے آغاز پر۔

(۳) پون وار : سابق ریاست کے حکمرانوں یا کسی سرکاری مہمان کی آمد یا روانگی کے وقت بجائی جاتی ہے۔

(۴) ششتووار : یہ دھن کسی خوشی کی تقریب کے آغاز میں افتتاحیہ کے طور پر بجائی جاتی ہے۔

(۵) ژانگ وار : یہ لڑائی کے موقع پر لڑنے کے لیے روانگی کے وقت کی دھن ہے۔ اس کے علاوہ نمکین خرسک ، شب دراز ، باروازی ، دوش نان دوشی وغیرہ دیگر دھنیں ہیں۔

لوک رقص : چترال کے لوگ رقص و سرود اور کھیل تفریح کے بے حد دلدادہ ہوتے ہیں۔ اپنے محدود وسائل اور قدرتی مشکلات کے باوجود وہ ان مشاغل کے لیے وقت نکال لیتے ہیں اور ان سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ یاد رہے کہ چترال کے لوگ (کھو) رقص اور گانے کو پیشے کے طور پر استعمال کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے بلکہ کوئی بھی نوجوان کسی موقع پر رقص کر کے داد حاصل کر سکتا ہے اس طرح اچھی آواز والا کوئی نوجوان گانا گا کے یا اپنے احباب کے ساتھ ''بزم'' پیش کر کے آفرین و تحسین وصول کر سکتا ہے۔ یہاں کے مشہور لوک رقص یہ ہیں۔

۱۔ دنی رقص : یہ رقص کسی دنی دھن پر پیش کیا جاتا ہے۔ چونکہ دنی دھن میں تال کبھی تیز اور کبھی آہستہ ہوتا ہے ، اس لیے رقص کرنے والا بھی اس کے مطابق قدموں کو حرکت دیتا ہے۔ یہ رقص کافی پیچیدہ قسم کا ہوتا ہے۔ چنانچہ اس کے لیے کافی مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ رقص ایک ہی آدمی اکیلا کرتا ہے۔

۲۔ سادز رقص : سادز رقص بہت تیز ہوتا ہے اور عوام میں زیادہ مقبول ہے۔ اس

میں ایک وقت میں ایک سے چار رقاص تک شامل ہو سکتے ہیں۔

۳۔ ششتووار رقص : یہ گروپ رقص ہے ، جو کسی تقریب کے آغاز پر پیش کیا جاتا ہے۔ اصل میں ہوتا یوں ہے کہ خوشی کے موقع پر خاص کر کسی شادی کے موقع پر تقریب کے شروع میں دولہا کے رشتہ دار ، دوست احباب اور خود دولہا ششتووار دھن بجتے ہی میدان میں نکل آتے ہیں اور گروپ میں رقص کرکے تقریب کا آغاز کرتے ہیں۔

۴۔ سوچی رقص : یہ تقریب کا اختتامیہ رقص ہوتا ہے۔ اس میں ناچنے والوں کا گروپ کبھی دو حصوں میں بٹ جاتا ہے اور علیحدہ علیحدہ چکر لگانے لگتا ہے۔ جب کہ ششتووار میں ایسا نہیں ہوتا ان کے علاوہ ''پستوک'' اور ''نوہ تک'' (شادی کے موقع کے رقص) ، تتاڑھی واواڑی رقص (یعنی مرغابی رقص) ، ''بزبار'' رقص (چیل کا رقص) ، تلوار رقص ، گھوڑا رقص ، سارس رقص ، کھو باشندوں کے مشہور ناچ ہیں۔

ناٹک : چترال کے مشہور ناٹک یہ ہیں :

(۱) باروازی (۲) اڑوک سماچ اور (۳) حونگ ریگیتٹی

بزم : بہت سے گانے والے مل کر کسی تقریب میں گانا گاتے ہیں اور ان کے ساتھ تمام حاضرین تالیاں بجاتے ہیں ، ان کے درمیان ایک یا دو ناچنے والے ناچتے ہیں اور اس طرح محفل گرم ہو جاتی ہے۔ اس کو مقامی طور پر ''بزم'' کہا جاتا ہے۔

کھیل : پولو ، نیزہ بازی ، بز کشی ، گھوڑ دوڑ ، تمپوق (دوڑتے گھوڑے کے اوپر سے بندوق سے نشانہ بازی) ، رسہ کشی ، تیراکی ، پہاڑ کی دوڑ ، کشتی وغیرہ چترالیوں کے پسندیدہ کھیل ہیں۔ خاص کر کھو باشندے پولو کے مانے ہوئے کھلاڑی ہوتے ہیں اور سچی بات تو یہ ہے کہ پولو کا رواج چترال اور گلگت کی وادیوں سے ہو کر تمام دنیا میں پھیلا۔ جس جوش و خروش کا مظاہرہ ان مختلف وادیوں میں پولو کھیلتے ہوئے کیا جاتا ہے ، وہ کہیں اور نہیں ہوتا۔ آج کل کے لوگوں میں فٹ بال کا کھیل بھی مقبول ہو گیا ہے۔

ادب و ثقافت

ادب : کھووار زبان کا ادب اگرچہ تحریری صورت میں موجود نہیں ، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ زبان اپنے ادب سے تہی دامن ہے - بلکہ زبانی صورت میں اس زبان کے ادب کا بیش بہا خزانہ موجود ہے - جو کہ صدیوں سے سینہ بہ سینہ محفوظ چلا آیا ہے -

کھووار زبان و ادب کے تحریر میں نہ آنے کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ عرصۂ دراز سے ان علاقوں میں فارسی زبان رائج تھی - چترال کے گرد و نواح کے علاقے میں بسنے والے فارسی بولتے اور ان کے اثر سے چترال کے اکثر لوگ بھی فارسی جانتے تھے - لہٰذا فارسی کے ہوتے ہوئے کھووار میں لکھنے کی طرف توجہ نہ دی گئی - علاوہ ازیں پرانے زمانے میں جو بڑے بڑے شعراء اور نامور ادیب تھے وہ زیادہ تر بلخ و بخارا وغیرہ کے مشہور مدرسوں کے فارغ التحصیل تھے - انہوں نے جو یادگاریں ورثے میں چھوڑی ہیں وہ بھی زیادہ تر فارسی[1]

---

(۱) سر زمین چترال نے کئی فصیح و بلیغ اور باکمال فارسی گو شعراء کو جنم دیا ہے - جن میں سے مولانا محمد سیر ، اتالیق محمد شکور ، شاہزادہ تجمل شاہ محوی اور وزیر زادہ معظم خان کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ''اپنی فصاحت و بلاغت اور اختراع مضامین رنگین کے اعتبار سے میرزا صائب ، میرزا بیدل ، شوکت بخاری اور ناصر علی سرہندی کے ہم سر تھے - بلکہ مولانا محمد سیر کو ان سب پر فوقیت حاصل تھی'' (میرزا غلام مرتضیٰ - نئی تاریخ چترال - پشاور ۱۹۶۲ء ، صفحہ ۹۰۴) ان کے علاوہ محمد مغا بن قزل بیگ ، شاہ سنگین علی ، میرزا اطہر ، زمانی ، ملا ہیچ ، وزیر زادہ مظفر خان ، شاہزادہ کوہکن بیگ ، شاہزاد محمد افضل بیگ فاضل ، میرزا محمد غفران اور مولانا فضل کریم کشم بھی قابل ذکر ہیں - ان شعراء نے غزل ، قصیدہ ، مثنوی ، مخمس ، مسدس وغیرہ اصناف میں بے شمار شہ پارے یادگار چھوڑے ہیں - اتالیق محمد شکور کا دیوان غزلیات ، مولانا محمد سیر کا دیوان اور شاہنامہ چترال ، شاہزادہ تجمل شاہ محوی کی منظوم شرح قصیدۂ امالی اور مجموعۂ غزلیات ، ملا ہیچ کا مجموعۂ اشعار ، وزیر زادہ مظفر خان کا دیوان غزلیات ، وزیر زادہ معظم خان کا دیوان ، شہزادہ محمد افضل بیگ کا دیوان اور میرزا محمد غفران کے منظوم افکار آج بھی قلمی مسودات کی شکل میں موجود ہیں - مگر ان کی نشر و اشاعت کا مناسب بندوبست نہ ہونے کی وجہ سے یہ دستبرد زمانہ سے تلف ہونے کے ہمکنار ہیں اور باہر کی دنیا ان پہاڑوں کے درمیان بند جواہر پاروں سے مستفیض ہونے سے محروم ہے - فارسی نثر نگاروں میں میرزا محمد غفران کا نام پیش پیش ہے ، جنہوں نے یہ تصنیفات چھوڑی ہیں : تشریح الاقاویل - درج الالی فی شرح الامالی - توضیح مولائیہ چترال ، حواشی فقہ اکبر ، تاریخ چترال ، تاریخ خلفائے راشدین ، سفرنامۂ ہندوستان - یہ سب غیر مطبوعہ ہیں - دور جدید کے فارسی شعراء میں ہزہائی نس محمد ناصر الملک مرحوم اور مولانا حبیب اللہ کے نام قابل ذکر ہیں - اول الذکر کی تین منظوم تصانیف صحیفۃ التکوین ، شرق الانوار اور تحفۃ الابرار شائع ہوئی ہیں -

Marfat.com

میں ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود بھی کھووار ادب بجائے خود ہر لحاظ سے مکمل ہے ۔ اس زبان کے محاورے ، ضرب الامثال ، لوک کہانیاں ، لوک گیت اور مختلف اصناف سخن اور نادر تشبیہات اس ادب کا اہم سرمایہ ہے ۔ ذیل میں ان کی مختصر مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

ضرب الامثال : ۱- تو زوندرے اوا زوندرے ۔ استورو کا ہوں دوئے ۔ (تو بھی زوندرے یعنی آدم زادہ خاندان سے اور میں بھی زوندرے ۔ پھر ہمارے گھوڑے کو کون زین لگائے گا) ۔

۲- ہونارنی س رشٹوموڑنو ۔ (سیلاب سے بچ کر ایوالانچ یعنی برف کے سیلاب کے نیچے) ۔

۳- شوم آڑو کو بی بو ۔ شوم رویو لو بو ۔ (خراب قسم کے کدو کا بیج زیادہ ہوتا ہے اور خراب آدمی کی باتیں زیادہ ہوتی ہیں)

۴- بری یاک مہ ٹکی (Teki) کھاڑاوے ریر (مرنے والا ''ٹک'' پر (کھووار کمرے کے ایک طرف کا حصہ) اپنے آپ کو دفن کرانے کی وصیت کرتا ہے ۔ یعنی ناممکن چیز کی خواہش کرتا ہے)

محاورے : ۱- توستو موڑی شونج ماستیکک (بھوسے کے ڈھیر میں سوئی کی تلاش ۔ یعنی ناممکن کام) ۔

۲- تیلوقف دریک ۔ (تیل میں ہتھیلی ڈبونا ۔ مزے کرنا یا پانچوں گھی میں ہونا) ۔

۳- آپا کا اوغ پیچ نوبک ۔ (منہ میں پانی گرم نہ رکھ سکنا ۔ یعنی کم ظرف ہونا) اور کوئی بات بھی چھپا نہ سکنا) ۔

۴- ماستے لکا یورو ے سک (ماستے لک نامی جگہ پر طلوع آفتاب کا انتظار ۔ یعنی فضول توقع ۔ یاد رہے کہ سردیوں کے موسم میں سورج بعض جگہوں پر جن میں سے ماستے لک بھی ایک ہے ، نظر نہیں آتا ۔ کیونکہ پہاڑوں کے پیچھے سے گزر جاتا ہے ۔ ایسے موسم میں ان مقامات پر طلوع آفتاب کا انتظار کرنا فضول ہے) ۔

لوک کہانیاں : کھووار زبان میں بے شمار لوک کہانیاں ، قصے اور داستانیں موجود ہیں ۔ ان کو عام طور پر مندرجہ ذیل تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے :

۱- سبق آموز کہانیاں : اس قسم کی کہانیوں میں زندگی کے حالات ایسے پیرائے میں بیان کیے جاتے ہیں جن سے کوئی اہم سبق دینا مقصود ہو ۔ مثلاً :

(الف) دو شہزادوں کی کہانی جس میں دو بھائیوں کی آپس میں محبت اور ایک دوسرے کے لیے تکلیف و مصائب برداشت کرنے کے واقعات ہیں ۔

(ب) سوتیلی ماں کی کہانی جس میں سوتیلی بیٹی کے ساتھ اس کے ظالمانہ سلوک کا

Marfat.com

بیان ہے۔ مگر آخیر میں حالات ایسا پلٹا کھاتے ہیں کہ اس کی سوتیلی بیٹی ملکہ بن جاتی ہے اور وہ خود ذلیل و خوار ہو کر اس کی محتاج بن جاتی ہے۔ لیکن سوتیلی بیٹی اس کے ساتھ اس کی برائیوں کے بدلے میں اچھا سلوک کرتی ہے۔

(ج) شیر اور شکاری کی کہانی میں یہ بتایا جاتا ہے کہ احسان اگر شیر جیسے خونخوار جانور کے ساتھ بھی کیا جائے تو وہ احسان مند ہو جاتا ہے اور اسے فراموش نہیں کرتا۔

(دوسری کہانیاں مندرجہ ذیل ہیں)

(د) سوتیلے بھائیوں کا دھوکہ اور شرمندگی

(ھ) عیار بیوی اور اس کا حشر

(و) مغرور بادشاہ اور اس انجام

۲۔ مہماتی کہانیاں : ان میں دیو پریوں اور بادشاہوں کے ایسے قصے شامل ہیں جو عام طور پر مہماتی قسم کے ہوتے ہیں۔ ان سے یہ سبق دینے کی کوشش کی جاتی ہے کہ انسان کس طرح خطرناک مہم میں بھی کامیابی حاصل کر لیتا ہے۔ ان کہانیوں میں دیو پریوں کے ساتھ انسانوں کے تعلقات کا ذکر بھی ہوتا ہے اور یہ بھی ظاہر کرنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ کون سی مخلوق انسان کی دشمن ہے اور کون سی اس کی دوست۔ اپنے دوستوں کی دوستی برقرار رکھنے کے لیے اسے کیا کرنا چاہیے اور دشمنوں کو زیر کرنے کے لیے اس کو کون سے حربے استعمال کرنے چاہئیں۔ مہماتی کہانیوں میں سے چند ایک یہ ہیں :

(الف) سات شہزادے اور سات شہزادیاں

(ب) طوطا اور شہزادی

(ج) اندھا دیو

(د) سات سروں والا دیو

(ھ) آسمان پری

۳۔ مزاحیہ حکائتیں : ان میں مختصر حکائتیں شامل ہیں جنہیں مزاحیہ انداز میں یہ واضح کرنے کے لیے بنایا گیا ہے کہ دیہات اور وادیوں کے بعض لوگ کتنے سادہ اور بھولے بھالے ہوتے ہیں۔ مثلاً :

(الف) گدھی کا انڈا (گورو وغو آیو کن)۔ یہ ایک سادہ لوح دیہاتی کا قصہ ہے، جس نے خربوزے کو گدھی کا انڈا سمجھا تھا۔

(ب) عقاب کی پوستین پہن کر اڑنے والے کا حشر۔

(ج) نمک کاشت کرنے والے کا انجام۔

(د) چترالی اور بدخشانی کا قصہ : اس میں ایک چترالی کی حاضر جوابی اور بدخشانی کی خفت اور شرمندگی کا ذکر ہے۔

رومان : کھووار زبان میں کئی رومان بھی موجود ہیں۔ ان میں محمد سیر کا رومان ، ڈوک یخدیز کا رومان، ترچھے خان کا رومان ، اکان کا رومان ، آمان کا رومان ، لالو کا زانگ کا رومان اور شیر ملک کا رومان مشہور ہیں۔ ذیل میں مختصر طور پر محمد سیر اور ڈوک یخدیز کے رومان کا ذکر کیا جاتا ہے :

محمد سیر کا رومان : محمد سیر (جو چترال کا مشہور شاعر ہے) کا رومان عوام اور خواص سب میں بے حد مقبول ہے۔ کہتے ہیں کہ وہ رسٹین نامی گاؤں میں ایک حسینہ پر دل و جان سے فریفتہ ہو گیا۔ بعد میں پتہ چلا کہ وہ حسینہ کسی اور شخص کی بیوی ہے۔ اس وجہ سے سیر کافی عرصے تک شدید ذہنی کشمکش میں مبتلا رہا۔ ایک طرف دل کے ہاتھوں مجبور اور دوسری طرف ضمیر کی ملامت کا شکار۔ آخرکار نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی زندگی کی راہ بدل گئی۔ اس نے اپنا فلسفہ یہ بنا لیا کہ :

ستویو صحبتو ساری دو دیریو زینہا ما بو خوش
التی پستہان بیکو سار نو آلتی ارمان ما بو خوش

یعنی محبوب کا قرب حاصل ہونے سے یہ بہتر ہے کہ دور سے اس کی تمنا رہے۔ وصال کا نتیجہ پشیمانی کے سوا کچھ نہیں اس لیے فراق کی حالت میں مدام آرزو کرتے رہنے میں مجھے زیادہ خوشی رہے گی۔

اس طرح سیر کا عشقِ مجازی حقیقی عشق میں تبدیل ہو گیا۔ اس کے بعد وہ اپنی محبوبہ کی یاد میں شعر کہتا ، روتا اور تڑپتا۔ مگر اس کو اپنانے کے لیے اُس نے کبھی جد و جہد نہیں کی۔ اُس کی معشوقہ کے شوہر نے اُس کو طرح طرح سے آزمائش میں ڈالا۔ وہ سب پر پورا اترا۔ اس کی وفات کے بعد اس کو شہیدِ عشق کا درجہ دے دیا گیا۔ گذشتہ ڈیڑھ سو سالوں سے اب اس کا مقبرہ زیارت گاہ خاص و عام ہے اور ان کی محبت اور اس کے گیت لاثانی ہو گئے ہیں۔

ڈوک یخدیز کا رومان : یہ ایک ''میاں بیوی'' کا قصہ ہے جو کئی سو سال ہوئے تور کھو کے ڈوک یخدیز (کھوت) گاؤں میں رہتے تھے۔ پرانے زمانے میں جب چترال کی سرحدیں گلگت تک پھیلی ہوئی تھیں تو اس وقت یہ دستور تھا کہ چترال کے مختلف حصوں کے لوگ سالانہ باری باری جا کر بیگار کے طور پر وہاں کے قلعوں کی رکھوالی کیا کرتے تھے اور ایک سال گذارنے کے بعد واپس آ جاتے۔ ڈوک یخدیز والا ''میاں'' بھی ایک دفعہ اس سلسلے میں درشکوم (گلگت ایجنسی) کے قلعے کی

Marfat.com

رکھوالی کے لیے گیا ۔ مگر کئی سال تک واپس نہ آیا ۔ پہاڑی علاقہ ہونے کی وجہ سے ان علاقوں میں ذرائع آمد و رفت اور رسل و رسائل اب بھی بے حد خراب ہیں مگر اس زمانے میں حالات ناگفتہ بہ تھے ۔ اس لیے ''میاں'' کی طرف سے کوئی اطلاع گھر نہ پہنچی ۔ جب کافی انتظار کے بعد بھی وہ نہ آیا تو اُس کے سسرال والوں نے یہ سمجھا کہ وہ مر گیا ہوگا ۔ چنانچہ انہوں نے اپنی بیٹی کی دوسری شادی کرنے کا فیصلہ کر لیا ۔

شوہر کی جدائی میں لڑکی کا پہلے ہی برا حال تھا اب دوسری شادی کے فیصلہ سے اسے بڑا سخت صدمہ ہوا ۔ اُس کو یقین تھا کہ اُس کا خاوند زندہ ہے اور ایک نہ ایک دن ضرور واپس آ جائے گا ۔ چنانچہ اُس نے دوسری شادی کرنے سے انکار کر دیا ۔ مگر اُس کی کون سنتا تھا ۔ چنانچہ شادی کا دن مقرر کر دیا گیا ، مگر خدا کی قدرت کہ عین رسم نکاح کے وقت اُس کا شوہر واپس آ گیا اور بچھڑے ہوئے میاں بیوی دوبارہ مل گئے [1]۔

لوک گیت : کھووار زبان میں گیتوں کو ''باشونو'' (Bashonu) کہتے ہیں ۔ ان میں عشق و محبت کے علاوہ ذیل کے موضوعات کو بھی نظم کیا جاتا ہے :

(۱) لوری یا ''مہر و باشونو'' ۔ جن میں ماؤں کی طرف سے بچوں کے لیے بنائے ہوئے گیت شامل ہیں ۔

(۲) بابل گیت یا ''ڈوک ژور'' ۔ یہ گیت بیٹی کی رخصتی کے وقت گائے جاتے ہیں ۔ ان میں بیٹی کی جدائی میں ماں کے جذبات کا بیان ہوتا ہے ۔

(۳) نوحہ یا مرثیہ ۔ ان میں ایسے گیت شامل ہیں جو کسی بیوی نے شوہر کی موت یا ماں نے بیٹے کے ماتم یا بہن نے بھائی کے غم میں یا کسی دوست نے دوست کی جدائی میں گائے ۔ یہ گیت درد سے لبریز ہوتے ہیں ۔

(۴) جنگ یا کسی یاد گار واقعہ کی یاد میں کہے ہوئے گیت ۔ یہ اگرچہ زیادہ نہیں لیکن ایسے کچھ گیت موجود ہیں ۔ ان میں سے ایک جو بہت مقبول ہے وہ چترال کے مشہور شاعر جیّن کا ہے جس نے ۱۸۶۸ء میں محمود شاہ والئی بدخشاں کی چترالیوں کے ہاتھوں شکست کے موقع پر لکھا تھا ۔ (ملاحظہ ہو تذکرہ شعرائے دور قدیمہ) اس طرح ۱۹۰۹ء میں کسی نا معلوم شاعر نے افغانستان اور چترال کی جنگ کے خاتمے پر ایسا ہی گیت گایا تھا ۔

---

(۱) ڈوک یخدیز کے گیتوں کی دھن اب بھی زندہ ہے ۔ مگر گیتوں کے بول بہت کم لوگوں کو یاد ہیں اور وہ بھی مکمل طور پر نہیں ۔

Marfat.com

(ہ) بعض ایسے گیت بھی ہیں جن میں کسی جانور یا بے جان چیز کے احساسات کو بیان کیا گیا ہے۔ ان میں مقبول ترین ''شارو باشونو'' یعنی مارخور کا گیت ہے۔ یہ گیت مادہ مارخور اور اس کے بچے کے درمیان مکالمے کی شکل میں ہے۔ بچہ شکاری کو آتے ہوئے دیکھ کر پریشان ہو جاتا ہے اور ماں اس کو تسلی دینے کی کوشش کرتی ہے۔ ملاحظہ ہو:

نائے! نائے! اف ہیرا کا گویان (ماں! اے ماں! وہاں کون آ رہا ہے؟)
نانو ژائے! آ نو پاژ ال نودا (ماں کی جان! جنگل کا کوئی گڈریا ہوگا)
نائے! نائے! تھوویک ژاہپئے کا پرائے (ماں! اے ماں! بندوق کی چمک نظر آ رہی ہے)
(نہیں) ماں کی جان! وہ تو سورج کی شعاعوں کی چمک ہے)
(ماں! اے ماں! تیرے سینے سے خون بہہ رہا ہے)
(ماں کی جان! یہ تو گرمی کی وجہ سے پسینہ بہہ رہا ہے)
(ماں! اے ماں! یتیموں کی (اب) کون پرورش کرے گا)
(ماں کی جان تمہارا خدا تمہارا رکھوالا ہوگا)

اس گیت میں ایک ایسی ہمدردی کا جذبہ موجود ہے جو انسانی ہمدردی سے بہت بلند ہے۔ یہ گیت شکاری شکار کرکے واپس گھروں کو آتے وقت گاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک اور گیت ''یایو باشونو'' یعنی بکری کا گیت ہے۔ جس میں ایک بکری اپنے مالک کے برے سلوک کے بارے میں شاکی نظر آتی ہے۔ ایک اور گیت ''خورو باشونو'' یعنی چکی کا گیت بھی ہے۔

لوک گیت اور موسیقی : کھووار لوک گیتوں اور موسیقی میں چولی دامن کا ساتھ ہے جس طرح اُردو یا ہندی گیتوں کی دھنیں مختلف راگوں کے مطابق ترتیب دی جاتی ہیں، اسی طرح تمام کھووار گیتوں کی دھنیں بھی مندرجہ ذیل دھنوں کے مطابق ترتیب دے کر بنائی جاتی ہیں۔ مثلاً :

(الف) دنی (ب) ساوز اور (ج) اشور جان۔

(الف) **دنی :** اس قسم کی دھن کبھی اونچی اور کبھی نیچی ہوتی ہے اور مضمون ہجر و فراق کا حامل ہوتا ہے۔ یہ گیت عام طور پر آدمی اکیلا گاتا ہے۔ مگر کبھی کبھی اسے دو آدمی مل کر بھی گا لیتے ہیں۔ ذیل میں دو دنی گیت بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں:

مہتر محترم شاہ کا دنی گیت (سولھویں صدی عیسوی)

(۱) مہ دوست مہ گادیری ارپر - مدتن سار دو دیری ارپر - مہ گل خانو بیری ارپر

(میری معشوقہ نے مجھے پاگل بنا دیا ہے - مجھے اپنے سے جدا کر دیا ہے اور مجھے بے گھر بنا دیا ہے)

(۲) پست مصرع جو کہ ہر بند کے بعد آتا ہے -

ژانو سار خوش تو تاں - دوست کی مانے نو بوساں - مہ کیہ جاحت یہ وطان -

ڈق وطا نار بے وطان مہ تیتو مانے کورے - اللہ ہے نگہبان تو تان -

(میری جان سے تو مجھے زیادہ پیاری ہے - اگر تو میری نہیں ہوتی تو مجھے اس وطن کی بھی ضرورت نہیں اور میں اس وطن سے چلے جانے کو ترجیح دوں گا - میری خواہش پوری کر - اے میرے اللہ تو ہی میرا نگہبان ہے -

میں تمام ملک میں دوا کی تلاش میں سرگرداں ہوں کیونکہ میں بیمار ہوں - لیکن میری اس بیماری کے لیے جو اصل دوائی ہے وہ تمہارے میٹھے بول ہیں) -

۲- پشت مصرع -

(جب سے میں اپنی ماں کے بطن سے پیدا ہوا ہوں - تمہارے نازک بدن کا دیوانہ ہوں - میری حالت کا صحیح اندازہ لگانے کے لیے پیاز کو تلتے ہوئے گھی پر ڈالیں پھر دیکھیں، جو اس کی حالت ہو گی وہی حالت میرے دل کی ہے -

(ب) **ساوز :** اس قسم کی دھنیں اگرچہ شروع میں آہستہ ہوتی ہیں لیکن بعد میں تیز ہو جاتی ہیں اور آخر میں ان کا سر کافی اونچا ہو جاتا ہے - عام بزموں میں ایسے گیت گائے جاتے ہیں جن میں ایک سے زیادہ گانے والے حصہ لیتے ہیں - ایسے گیتوں کے مضامین عام طور پر درد و فراق سے بھرے ہوتے ہیں - مگر کبھی کبھی ایسی دھنوں میں ہلکے پھلکے موضوں پر بھی گیت بنائے جاتے ہیں -

ایک دھن ''کابلی ساوز'' بھی ہے جو شروع سے اخیر تک اونچی اور تیز ہوتی ہے - ذیل میں ساوز دھن کے مطابق لکھے گئے ایک گیت کے دو شعر ملاحظہ ہوں :

بوڈ وڑ کا گیت (انیسویں صدی)

یہ گیت بوڈوڑ نامی ایک آدمی کی بیوی نے اپنے شوہر کی یاد میں جو کہ دریا میں ڈوب کر مر گیا تھا گایا تھا -

۱- ترجمہ : بوڈوڑ کے پیچدار اور گنگھریالے بال اس کے سینے پر آویزاں ہوتے تھے -

اے بوڈوڑ ! تیرے جاننے والے تمام لوگوں کے دل تیری جدائی میں ایسے بن گئے ہیں ،

Marfat.com

جیسا کہ بھنا ہوا گوشت ہوتا ہے۔
ہائے افسوس ! شیر کا بچہ بوڈوڑ کہاں چلا گیا ؟
(نوٹ - یہ مصرع ہر شعر کے بعد دہرایا جاتا ہے)

۲ - ترجمہ : اے بوڈوڑ ! میرا اوڑھنا بچھونا میرا سب کچھ تو تھا۔
اب (تیرے بعد) تیری اس فقیرنی کے لیے تیری قبر کے گردا گرد (پروانے کی مانند) گھوم کر زندگی گزارنے کے بغیر اور کیا چارہ ہے۔
ہائے افسوس ! شیر کا بچہ بوڈوڑ کہاں چلا گیا ؟

(ج) **اشور جان :** یہ گیت درد و فراق سے بھرے ہوتے ہیں اور ان کی لے بھی بے حد درد انگیز ہوتی ہے - ان گیتوں کا نام اشور جان ، جو کہ آشوب جان (یعنی دل کے آنسو) کی بگڑی شکل ہے ، ان گیتوں کی اس خاص خصوصیت کی وجہ سے پڑ گیا ہے۔

اس قسم کے گیتوں کو ایک آدمی اکیلا گاتا ہے یا دو آدمی باری باری مختلف حصے گا لیتے ہیں - یعنی اشور جان گیتوں کے بول دو آدمیوں (مثلاً عاشق ، معشوق یا دو دوست وغیرہ) کے درمیان مکالمے کی شکل میں ہوتے ہیں اور بعض میں یک طرفہ خیالات کا اظہار ہوتا ہے۔

اشور جان گیت عام طور پر رات کے آخری حصے میں گائے جاتے ہیں اور سننے والا سنتے سنتے نیند کی آغوش میں چلا جاتا ہے - اس طرح اسے رات کی راگنی سے بھی تشبیہہ دے سکتے ہیں - چترالی لوک گیتوں میں اشور جان کو کلاسیکی حیثیت حاصل ہے۔

اشور جان گیت (شاعر نامعلوم)

(۱) روئیے مہ نانوتے دے نیان تہ بہ ژار گدیری وسواسی
اے گدیری رویاں نہ اوا وسواسی نہ اوا گدیری
اوا تن رفیقو تن بلبلو افاسی
دوست مہ حقا دریاہ ادا بیا بانو پونگا قاق ما حھی

ترجمہ : لوگ میری ماں سے کہتے ہیں کہ
تمہارا یہ بیٹا پاگل اور مخبوط الحواس ہے۔
اے دیوانے لوگو! میں نہ پاگل ہوں اور نہ ہی بد حواس ہوں۔
میں صرف اپنی محبوبہ کا مشتاق دید ہوں۔
میری معشوقہ دریا کی مانند ہے اور میں ایک بیاباں پر پڑی ہوئی پیاسی

Marfat.com

مچھلی ہوں۔

(۲) روئیے مہ نانوتے رینیان ''تہ یہ ژا و گدیری
تاں یہ گدیریو حسحھاوے تہ تے مال نوبوئے
اے گدیری رویاں شوم بیستی حطانہ ما ژاد حال نوبوئے
کی پے سائے نقصان تھے مرور گدیریو کیہ ہوال نوبوئے

ترجمہ : لوگ میری ماں سے کہتے ہیں۔
تمہارا یہ بیٹا دیوانہ ہے پاگل ہے۔
اس کو سمجھاؤ۔
(ورنہ) اس سے تمہیں کچھ بھی فائدہ نہ ہوگا۔
اے دیوانے لوگو! میرا بیٹا بُرا بن کے اس وطن میں نہیں رہے گا۔
اگر اس کی وجہ سے تمہیں کسی قسم کی تکلیف ہے یا کوئی نقصان پہنچنے
کا اندیشہ ہے تو اس کو مار ڈالو۔
یقین کرو کہ اس سے تمہیں کسی قسم کا گناہ نہ ہوگا۔

تشبیہات اور استعارے : کھووار گیت اپنے ماحول کی پیداوار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ گیتوں میں اس خطے کے قدرتی مناظر کا حسن اور سادگی ہے۔ خیالات اور جذبات میں برفانی چشموں کی بے ساختگی اور پاکیزگی اور لہلہاتے کھیتوں کی سی دلکشی اور فلک بوس کوہساروں کی وسعت ہے۔ تشبیہیں اور استعارے بھی گرد و نواح سے متاثر ہیں۔ محبوب کی خوب روئی کے لیے سرخ سیب، عناب، بنفشہ، پہاڑی چشمہ اور ہرن کی تشبیہیں دی جاتی ہیں۔ کہیں کہیں مینا، بلبل، باز، شہباز (''سا یورج'') وغیرہ پرندوں سے بھی مشابہت پیدا کی جاتی ہے۔ معشوق کے سر کو ''کھابنجوڑ کاپے لی'' یعنی ریشم جیسے، اس کے گلے کو ''چھیر گوڑی'' یعنی دودھ جیسا اس کے لبوں کو ''شوں لعل'' ''یعنی لعل کے ساتھ، دانتوں کو موتی یا دردانہ اور اس کے قد کو ''نخل صنوبر'' سے تشبیہہ دیتے ہیں۔ عشق کے میدان کو ناقابل گزر جنگل اور بیاباں، معشوقہ کو ''موجیں مارتے ہوئے سمندر''، عاشق اپنے آپ کو گردش کرتا ہوا بھنور باندھتے ہیں۔ بڑھاپے کے لیے جاڑے کی مثال اور اس قسم کے بے شمار استعارے موجود ہیں۔

کھووار شاعری میں بے شمار القابات بھی ہیں۔ مثلاً محبوب کو ''مہ ژان'' (جانم)، دوست (دوست)، رفیق، دردانہ (درد)، ''مہاردیو باتیں'' (دل کا حصہ)۔ ''میرژوری'' (یعنی پری زادی) لقب دیے جاتے ہیں۔ حریف کو جو کہ عام طور پر معشوقہ کا خاوند ہوتا ہے۔ ''دایوس'' (ناکارہ)۔ ڈستان (حریف)۔ کوڑ (کبڑا یعنی جس کی کوئی شخصیت نہ

Marfat.com

ہو) وغیرہ اور عاشق اپنے لیے ڈق (لڑکا) ، حق ڈق (چھوٹا لڑکا) ، فقیر ، ملنگ ، جوان مجنوں ، مخبوط الحواس گدیری (دیوانہ) وغیرہ نام استعمال کرتے ہیں ۔

کھووار شعرائے دور قدیم : کھووار شاعری زیادہ تر لوک گیتوں پر مشتمل ہے ، جن کا ذکر اُوپر آ چکا ہے ۔ پرانے گیت اگرچہ سینہ بہ سینہ چلے آنے کی وجہ سے اب تک زندہ ہیں ، مگر بہت سے پرانے گیت نگار شعرا کے نام جنہوں نے ان کو زندہ رکھا ، ذہنوں سے اتر گئے ہیں ۔ جو نام معلوم بھی ہیں مثلاً گل پسر ، پھورو ڑوک ، امان ، رستم وغیرہ ان کے مکمل حالات کا ہمیں علم نہیں ۔ البتہ خوش قسمتی سے میرزا محمد غفران مرحوم[1] کی تحقیق اور کاوشوں کے نتیجے میں ہمیں چترال کے کئی ایسے فارسی گو شعراء کے حالاتِ زندگی اور طرزِ کلام کے بارے میں قیمتی معلومات حاصل ہوئی ہیں ، جنہوں نے کھووار زبان میں گیتوں کے علاوہ دوسرے اصناف سخن یعنی قصیدہ ، ہجو ، غزل ، مخمس اور نظم میں طبع آزمائی کی اور اس ادب کو ان اصناف سے روشناس کیا ۔ ذیل میں ان کے مختصر حالات درج کیے جاتے ہیں :

۱- اتالیق محمد شکور غریب : یہ ۱۷۰۵ء کے بعد کھووار شاعری کی طرف متوجہ ہوئے ۔ کھووار میں ان کی غزلیں مشہور ہیں جو مختلف بحور اور اوزان میں کہی گئی ہیں ۔ چونکہ وہ کھووار اور فارسی دونوں زبانوں کے شاعر تھے اس لیے انہوں نے فارسی تراکیب و اسالیب بیان کو کھووار ادب میں استعمال کیا ۔ ان کا رجحانِ طبع عشقیہ غزلیات کی طرف زیادہ تھا ۔ اس لیے ان کے کلام میں حسن و عشق کی کیفیات کا اظہار پایا جاتا ہے ۔

نمونۂ کلام

اے دل تو یکی سیر بعالم نوکوروس کو
یک چند تماشائے دش جام نوکوروس کو

(اے دل ! تو ایک دفعہ اس دنیا کی سیر کرکے یہاں کی اچھائیوں اور برائیوں کا تماشا دیکھ کیوں نہیں لیتا) ۔

بیدل کہ او شویئے موس نو ترپر عزتہ ہرگز
عزت کہ تہ خوش تن سرد رستم نوکوروس کو

(ایک بزدل آدمی کبھی بھی معزز نہیں بن سکتا ۔ اگر تو عزت چاہتا ہے تو اپنے آپ کو رستم کیوں نہیں بناتا) ۔

---

(۱) میرزا غلام مرتضیٰ ۔ نئی تاریخ چترال (اُردو) پشاور ۱۹۶۲ ع ۔ ص ۴۱۰ تا ۴۱۴ اور صفحہ ۴۲۶ تا ۴۳۲ ۔

Marfat.com

از تیر غم عشق تو ہردی ہمہ لیے کھویئے
وز لطف طیبا مہ تے مرہم نوکوروس کو

(تیرے عشق کے تیر نے میرے دل کو لہولہان کرکے رکھ دیا۔ اے میرے طبیب! تو مجھے اپنے لطف و کرم کا مرہم کیوں نہیں لگاتا)

شمشاد تہ نوپوشی تہہ کورویئے دعوی قامت
اے نخل صنوبر تغو ملزم نوکوروس کو

(شمشاد نے تجھے نہیں دیکھا اس لیے اپنی قامت پر نازاں ہے۔ اے نخل صنوبر! تو سامنے آ کر اس کو شرمندہ کیوں نہیں کرتی)۔

شہباز غم ہجر تو جو چوں شمع کڑیران
تن وصلہ غریبو تو بے غم نوکوروس کو

(تیری جدائی میں شہباز مثل شمع آنسو بہا رہا ہے۔ تم اس غریب کو وصال بخش کر کیوں اس کی اشک شوئی نہیں کرتے)۔

۲۔ مولانا محمد سیر سیرؔ : (۱۷۸۸ء — ۱۸۳۸ء) یہ شاہ کٹور کے عہد کا شاعر تھا۔ اس کی کھووار غزلیں اور گیت زبان زد خاص و عام ہیں۔ اس کے کلام میں چترالی ماحول کی نادر تشبیہات و استعارات پائی جاتی ہیں۔ اس نے کھووار میں اشعار کہنے کے علاوہ چترال کے وقائع کو ''شاہنامۂ چترال'' کی صورت میں فارسی میں قلمبند کیا ہے اس کی فارسی غزلیات کا مجموعہ بھی موجود ہے۔ اس کو چترال کا عظیم ترین شاعر خیال کیا جاتا ہے۔ اس کے کلام میں حسن و عشق اور مناظرِ قدرت کا بیان پایا جاتا ہے۔ اس نے رنج و غم کی زندگی کی اپنے کلام میں جس طرح عکاسی کی ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ ملاحظہ فرمائیے:

نمونۂ کلام از محمد سیر

(۱) ویزے نیں غم ژیبومان چھوچے نین دوقت ساہاسی
تو مہ قسمتو کھشتی نیزے مہ دریا ہو ناسی

ترجمہ : اے میرے محبوب! غم میرے لیے شام کے کھانے کا کام دیتا ہے
اور مصائب میری صبح کا ناشتہ ہیں، تو ہی میری قسمت کی کشتی ہے
اور تو ہی مجھے اس رنج و الم کے سمندر کے کنارے تک پہنچا سکتا ہے۔

(۲) شون لعل دون دردانہ مہ ژنو ہارلو نمکین
چھیتی مہ کرونگو سیارو ہاردی یوباتیں

ما روح عافانان پا تیز ژان کی تان ہوستین مہ مریر ۔ ارمان ہیں!

ترجمہ : (یہ ہر بند کے بعد دہرایا جاتا ہے)
تیرے لب مثل لعل اور تیرے دانت دردانہ کی مانند خوبصورت ہیں ،
اور تیری ہر بات میں نمکینی (لذت) ہے ۔
یہ سب کچھ دیکھ کے سیر کا دل ڈوب جاتا ہے
اور پھر ٹوٹ کے اس کے جسم کے اندر گر جاتا ہے ۔
کاش! ایسی حالت میں اگر تو اپنے ہاتھوں سے مجھے مار ڈالتا ،
تو میری روح کو بڑے بڑے داناؤں کا دیدار نصیب ہو جاتا ۔

۳- شہزادہ تجمل شاہ محوی : شاہ کٹور مہتر چترال کے فرزند تھے اور بڑے عالم شخص تھے ۔ انہوں نے طبع رواں پائی تھی ۔ انہوں نے فارسی اور کھو وار میں عارفانہ مضامین میں اشعار کہے ہیں :

نمونۂ کلام

دنیائی آسیکو قرارنکی پھتکن سورا اشرو بارنکی
زندگانی یو اعتبارنکی بہر چکو عمر و سوم کیہ کارنکی
ہیچ کیلا اشناری پائیدارنکی

ترجمہ : اس دنیا میں رہائش ایک ناپائیدار چیز ہے ۔
اس کی مثال پلکوں پر آنسوؤں کے قطروں کے بوجھ کی سی ہے ۔
زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں ۔
عمر کے ساتھ (لفظ) ''دوام'' کا کوئی سروکار نہیں ۔
(اور) یہاں پر کوئی شے بھی پائیدار نہیں ۔

(۲) خلق بے ہودہ آرزو کورونی تن مژی ہت بو گفتگو گورونی
کمیریاں مشکی جستجو کورونی کمریاں تن مخی پورو کورونی
لوڑیکو چھک رینی کہ یارنکی

ترجمہ : لوگ فضول آرزوئیں کرتے رہتے ہیں ۔
آپس میں بھی وہ جھگڑتے رہتے ہیں ۔
حسیناؤں کی تلاش میں جان کی بازی لگا دیتے ہیں ،
اور حسینائیں (اپنی کشش بڑھانے کے لیے) سنگار کرتی ہیں ۔
(لیکن انجام کار) سب بے یار یعنی اکیلے رہ جاتے ہیں ۔

(۳) محو یانکی آخرت دو دیری دینوسم ای بیتی آسوس گدیری

Marfat.com

کلہ پت بہچس عاقبت بہ دیری شوغو ژغا کھیوتے کوس تو ژیری
تو کہ کار کوس مگر تہ کارنکی

ترجمہ : اے محوی! آخرت اتنی دور نہیں جتنی کہ تم سمجھتے ہو،
اور دنیاوی دھندوں میں مگن پاگل بنے ہوئے ہو۔
آخر کب تک یہاں رہو گے؟
کوئی ہمیشہ تو تم نے یہاں رہنا نہیں۔
پھر بھی تم ماتم کرنے کے بجائے خوشیاں منا رہے ہو۔
کاش تم سنتے مگر تمہارے کان نہیں ہیں۔

۴- جین : یہ کھووار زبان میں بدیہہ گوئی کیا کرتے تھے اور مشہور ہجو گو شاعر بھی تھے۔ ۱۸۶۸ء میں محمود شاہ والئی بدخشاں کی چترالیوں کے ہاتھوں شکست کے موقع پر انہوں نے ایک مخمس کہی ہے جو خاص طور پر مقبول ہے۔ ذیل میں اس سے دو بند پیش کیے جاتے ہیں:

(۱) محمود شائے تہ ارمنہ میتار نویس تہ فرمانہ
کایر ڈومے تہ در بند ژائی روؤ شوڑائی بیریہ
دوڑ دیکو یو گیگ بیریہ

ترجمہ : اے محمود شاہ! ہم تمہارے ''آرزو مند'' ہیں،
اور مہتر (والئی چترال) کا پوتہ تمہارے ''انتظار'' میں ہے!
دربند (یار خون کا دربند جہاں یہ لڑائی لڑی گئی تھی) پر تمہاری لاشیں
بھری پڑی ہیں۔
تم ان کو (مہتر کے پوتے کو) غدار سمجھتے تھے۔
کیا ایسا ہوا؟
اور (خواہ مخواہ) تم ایسی زبردست مار کھانے کے لیے آ گئے!

(۲) پہرار کھیوتن ہاد ہری محمود شاہ برائی گدیری
کاغا نوچے شو نٹھوران ژیری ژائی راوشوؤ ژای بیریہ
دوڑ دیکو یو گیک بیریہ

ترجمہ : تم اتنی دور سے کیوں یہاں آئے؟
محمود شاہ! تم دیوانے تھے (جو تم نے یہ غلطی کی)!
(اب) کوؤں اور گدھوں کے مزے ہو گئے ہیں۔
تم ان کو غدار سمجھتے تھے۔

کیا ایسا ہوا ؟

اور تم (خوامخواہ) ایسی زبردست مار کھانے کے لیے آ گئے ؟

۵- ووری : یہ قصیدہ گو شاعر تھا اور مہتر امان الملک کے عہد (۱۸۵۶ء — ۱۸۹۲ء) میں گزرا ہے - یہ جبیں کا ہمعصر تھا -

۶- صوفی نظام الدین : ان کو کھووار زبان میں فی البدیہہ شعر کہنے میں یکتائی حاصل تھی -

Marfat.com

موجودہ دور

دور جدید کی ابتدا اس وقت ہوئی جب ریاست چترال نے ۱۸۷۹ء میں مہاراجہ کشمیر اور ۸۸-۱۸۸۷ء میں برٹش انڈیا کے ساتھ معاہدات کرکے کوہ ہندو کش کے جنوبی علاقہ جات کے ساتھ تعلقات استوار کر لیے۔ اس کے بعد اس ریاست کے باشندے آہستہ آہستہ شمالی علاقوں سے دور ہوتے گئے اور آخر کار جب ۹۳-۱۸۹۲ء میں ڈیورنڈ لائن ڈال دی گئی تو ان علاقوں سے ان کا تعلق ہمیشہ کے لیے منقطع ہو گیا۔ اس وقت سے اب تک ریاست میں جو تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں وہ جنوبی دروں خاص کر درۂ لواری کے اثرات کی پیداوار ہیں۔

موجودہ معاشرہ : آج کل کا کھو معاشرہ پچاس یا سو سال پہلے کے معاشرے سے کافی مختلف ہے۔ خاص کر گذشتہ ۲۰، ۲۵ سالوں کے دوران یہاں کے رسم و رواج، عادات و اطوار، معیشت، اداب اور ثقافت اور زندگی کے تمام پہلوؤں میں جو انقلاب آیا ہے اس کی مثال ریاست کی تمام تاریخ میں ملنی مشکل ہے۔

پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے پہلے انگریزوں کے دور میں چترال کے لوگ جدید تعلیم (غیر منقسم)، برّصغیر کے لوگوں کی تہذیب و تمدن اور مغربی تہذیب کے اثرات سے روشناس ہوئے۔ اسی دور میں ٹیلیفون، تار، بجلی اور موٹر کار کا مشینی دور بھی شروع ہوا۔ علاوہ ازیں پاکستان و ہند کی تحریک آزادی کے اثر سے چترال میں بھی سیاسی بیداری کی آگ سلگنے لگی۔

پاکستان بننے کے بعد جب چترال سے ہندو اور سکھ تاجر چلے گئے تو تجارت کا میدان خالی رہ گیا۔ لہٰذا کھو لوگ کافی تعداد میں کاشت کاری اور بھیڑ بکریاں پالنے کے ساتھ ساتھ تجارت بھی کرنے لگے۔ اس طرح نہ صرف ان کی معاشی حالت پر خوشگوار اثر پڑا بلکہ ان کے معاشرتی نکتۂ نگاہ میں بھی وسعت پیدا ہو گئی۔

۱۹۵۳ع میں حکومت پاکستان نے چترال میں نئے قوانین نافذ کیے۔ جس کے مطابق تمام انتظامی ڈھانچہ بدل دیا گیا۔ اس کا ایک خاص اثر یہ ہوا کہ پرانی معاشرتی طبقہ بندی کا نظام اب اپنی موت مر رہا ہے، کیونکہ اس نظام کے زندہ رہنے کے لیے اب کوئی جواز باقی نہیں رہا۔ نئی اصلاحات کے مطابق طبقہ بندی پر مبنی تمام فرائض کالعدم قرار دئیے گئے۔ اب تمام عہدوں پر عہدیدار اور دوسرے ملازمین اپنی ذاتی قابلیت اور استعداد کے مطابق مقرر کیے جاتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا ہے

Marfat.com

کہ آج چترال میں آدم زادہ ، ارباب زادہ یا یوفت اور فقیر مسکین کا تصور فرسودہ باتیں معلوم ہوتی ہیں اور ان کی جگہ معاشی طبقے مثلاً امیر طبقہ ، درمیانی طبقہ اور نچلا طبقہ پیدا ہو رہے ہیں جن میں ہر ایک شخص محنت اور کوشش سے اپنے آپ کو کسی بھی طبقے میں شامل کر سکتا ہے ۔

معاشرتی طبقہ بندی کے خاتمے کا ایک اثر یہ بھی ہوا ہے کہ لوگ پہلے کی طرح اب مختلف فرائض کے تابع نہیں بلکہ مکمل طور پر آزاد ہیں ۔ لہٰذا سالانہ ہزاروں لوگ پاکستان کے دوسرے حصوں میں جا کر محنت مشقت کرکے روزی کمانے کے قابل ہوئے ہیں ۔ ساتھ ساتھ پاکستان کے ان حصوں کے لوگوں سے مل کر ان کے طرزِ گفتار ، طرزِ بود و باش اور طرزِ معاشرت سے متاثر ہو رہے ہیں ۔

پاکستان بننے کے بعد چترال نے تعلیمی لحاظ سے بھی بہت ترقی کی ہے ۔ چترال میں صحیح معنوں میں تعلیمی دور کا آغاز ہز ہائی نس محمد ناصر الملک نے ۱۹۳۹ء میں چترال کے سکول کا سنگ بنیاد رکھ کے کیا تھا اور اس کے بعد مختلف علاقوں میں کئی اسکول اور مدرسے قائم کیے گئے ۔ لیکن پاکستان بننے کے بعد اس میدان میں تیزی سے ترقی ہونے لگی اور آج تمام ریاست میں چار ہائی اسکول ، تیرہ مڈل اسکول ، سات لوئر مڈل اسکول اور اڑسٹھ پرائمری اسکول موجود ہیں ۔ ان کے علاوہ تین لڑکیوں کے اسکول ہیں ۔ کالج اور یونیورسٹی کی تعلیم بھی لڑکوں کے لیے وظیفے مقرر کرکے آسان بنا دی گئی ہے اور ہر سال کئی طلباء اعلیٰ تعلیم سے بہرہ ور ہو رہے ہیں ۔ اس کے علاوہ حکومت پاکستان مستحق طلباء کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے انگلستان بھی بھیجتی ہے ۔ یہ طلباء اپنی تعلیم مکمل کرکے واپس چترال میں آ جاتے ہیں ۔

جدید ادب و ثقافت : یہ دور کھووار ادب و ثقافت کے لیے یقیناً ترقی کا دور ہے اس لیے کہ کھووار شاعری میں روز روز نئے رجحانات پیدا ہو رہے ہیں ۔ اصناف سخن میں حمد ، نعت ، رباعی ، ترانہ اور قطعات کے اضافے ہوئے ہیں ۔ اس طرح موضوعات میں بھی تنوع پیدا ہو رہا ہے ۔ دور جدید کے کھووار شعرا مختلف مضامین مثلاً توحید ، نعت رسولؐ ، حُبِ وطن ، جہاد ، زراعت اور ملکی ترقی کو موضوعِ شعر بنا کر کھووار ادب کے سرمایہ میں گراں قدر اضافہ کر رہے ہیں ۔ نئی تشبیہات اور نئے خیالات کھووار ادب میں متعارف ہو رہے ہیں ۔ ان کے علاوہ کھو وار میں نثر نگاری اور ڈرامہ نگاری بھی روز بروز ترقی کر رہی ہے ۔

Marfat.com

ریڈیو عام ہونے اور پاکستان کے دوسرے حصوں کے لوگوں کے ساتھ زیادہ روابط اور میل جول کے باعث کھووار میں اُردو پشتو کے بے شمار الفاظ داخل ہو رہے ہیں - ساتھ ساتھ پشتو اور اُردو دھنوں کا بھی کھووار موسیقی پر خاصا اثر پڑ رہا ہے - ریڈیو پاکستان پشاور اُردو اور پشتو آرکسٹرا پر چترالی دھنیں بنانے کا تجربہ کر رہا ہے - مقامی موسیقار بینڈ باجہ ، بیگ پائپ (Bag Pipe) اور ہارمونیم پر کھووار دھنیں بجانے کا تجربہ کر رہے ہیں -

چترالی رقصوں پر بھی دور جدید کا خاطر خواہ اثر ہو رہا ہے - گذشتہ کئی سالوں کے دوران میں پشتو دھن پر ایک نیا چترالی رقص وجود میں آیا ہے جو خاص و عام میں مقبولیت حاصل کر رہا ہے -

ادب و ثقافت کی ترقی کے لیے انجمن چترال کا قیام عمل میں آیا ہے جو اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے دن رات کوشاں ہے -

زبان کی ترقی : کسی زبان کی ترقی اس وقت تک ممکن نہیں ، جب تک اسے تحریری صورت میں پیش نہ کیا جا سکے - بد قسمتی سے کھووار زبان و ادب کو تحریر میں لانے کی طرف اس صدی کے شروع تک کسی نے سنجیدگی سے توجہ نہ دی[1] - یہ ۱۹۱۷ء کا واقعہ ہے کہ شہزادہ محمد ناصر الملک (بعد میں ہز ہائی نس والئی چترال) نے میرزا محمد غفران مؤرخ چترال کی معیت میں ایک کتابچہ ''کھووار قاعدہ'' تیار کر کے چھاپ دیا - انہوں نے کھووار حروف تہجی کے زائد حروف نیز زائد حرکات کے لیے علامات بھی ایجاد کیں ، مگر اس زمانے میں فارسی کی مقبولیت کی وجہ سے یہ کتابچہ لوگوں کو اپنی طرف متوجہ نہ کر سکا اور یہ کوشش رائیگاں گئی - اس کے بعد کئی سال تک کھووار کو تحریر میں لانے کی کسی نے ضرورت نہ سمجھی - ان حالات کے پیش نظر شہزادہ محمد حسام الملک اور ان کے فرزند شہزادہ محمد صمصام الملک کی کاوشیں قابل ستائش ہیں ، جنہوں نے قریباً دس سال ہوئے ، محمد ناصر الملک مرحوم کے ایجاد کردہ کھووار رسم الخط کے مطابق

---

(۱) یہاں یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ ۱۸۸۵ء میں ایک انگریز فوجی افسر اوبرائن (Capt. D. J. T. Obrein) نے کھووارگرامر اور الفاظ (Grammar and Vocabulary of Khowar Dialect) تصنیف کرکے شائع کی تھی - مگر چونکہ یہ انگریزی میں ہے اس لیے اس کا اثر افسروں اور انگریزی دان طبقے تک ہی محدود رہا ہے اور اس کو عام مقبولیت حاصل نہیں ہو سکی - البتہ بیرونی محققین نے اس سے خاصا استفادہ کیا ہے -

کھووار میں کتابیں لکھنے کا آغاز کیا ۔ اس طرح کھووار میں ''ینمشر'' یعنی نماز (از شہزادہ محمد حسام الملک) 'کھو وار قاعدہ' 'کھو وار بول چال' اور 'کھووار گرائمر' (از شہزادہ محمد صمصام الملک) لکھی گئیں ۔ شہزادہ محمد حسام الملک کھووار کی سعی سے زبان و ادب کی ترقی کے لیے انجمن ترقی کھووار دروش کا قیام بھی عمل میں آیا ۔ اس کے بعد کئی ایسے محرکات مزید پیدا ہوئے جن کو اس زبان و ادب کی ترقی میں سنگ میل کا درجہ دیا جا سکتا ہے ۔

۱۹۶۴ء میں انجمن چترال کی بنیاد رکھی گئی ۔ جس میں انجمن کھووار دروش اور چترال پولو ایسوسی ایشن کو ضم کر دیا گیا ۔ اس انجمن کا مقصد کھو وار زبان و ادب اور ثقافت کی ترقی کے علاوہ ریاست میں مقامی دست کاری کی حوصلہ افزائی اور قدیم مسودات اور کھووار کتابوں کی اشاعت بھی شامل ہے ۔ اس انجمن کے زیر اہتمام سالانہ ایک ہفت روزہ '' جشن چترال '' منایا جاتا ہے ۔ جس میں پولو اور دیگر کھیلوں کے علاوہ ایک شاندار میلہ لگتا ہے ، جہاں مقامی دست کاریوں کے ساتھ حکومتی ادارے بھی اسٹال قائم کرتے ہیں ۔ علمی مباحثے ، مشاعرے اور ثقافتی شو بھی منعقد کیے جاتے ہیں ۔ گذشتہ چار سالوں کے دوران اس قسم کے تین جشن منائے گئے ہیں ۔ ہر سال اس کی افادیت اور مقبولیت میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔

انجمن چترال کے قیام کے ایک سال بعد ۱۹۶۵ء میں ریڈیو پاکستان پشاور نے ہفت روزہ کھووار پروگرام نشر کرنا شروع کیا ، جو اب ہفتے میں دو دفعہ پیش کیا جاتا ہے ۔ اس میں کھووار میں تقریریں ، نظمیں ، ڈرامے ، فیچر اور خبریں نشر کرنے کے ساتھ ساتھ اس تمام مواد کے مسودات جو کھووار میں لکھے ہوتے ہیں محفوظ رکھنے کا بھی بندوبست کیا گیا ہے ۔

۱۹۶۷ع کے آغاز میں پشاور سے ایک ہفت روزہ اخبار ''تریچ میر چترال'' بھی جاری ہوا ہے ۔ اس میں ایک صفحہ کھووار زبان کے لیے وقف ہے ۔ اگرچہ اس اخبار نے اب تک خاطر خواہ ترقی نہیں کی ، لیکن امید ہے کہ آگے چل کر اس سے کھووار زبان کو کافی فائدہ ہوگا ۔

المختصر کھووار روز بروز ایک علمی زبان بنتی جا رہی ہے اور دن بدن اس کے ادبی سرمائے میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔

Marfat.com

شعرائے دور جدید

۱- شہزادہ محمد حسام الملک: یہ مرحوم مہتر سر شجاع الملک کے فرزند ہیں۔ موجودہ دور میں کھووار کی ترقی آپ کی ان تھک کوششوں کی رہین منت ہے۔ آپ شاعر بھی ہیں اور اسرار و رموزِ کائنات کے بارے میں آپ کے اشعار کھووار ادب میں شہ پاروں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آپ کی زندگی کا بہترین کارنامہ قرآن مجید کا کھووار میں ترجمہ ہے۔ ان دنوں آپ تمدنِ چترال پر ایک ضخیم کتاب لکھنے میں مصروف ہیں۔

نمونۂ کلام

گلدبو پہران نہ دردا پور پور مر گست تہ سوم دوئیے ہمیشہ بور بور
استاری ژاہپئے تت کونیاں غچھی کاناں می کمبوخ تت کونیاں موتی
تو جم کی لاڑس مت سف مژار دوبوا
خدایو ولٹار بندو ژاک دوبوا

ترجمہ: (اے انسان) گلاب کے پھول کی یہ نازک پنکھڑیاں
تیرا غم کھا کھا کے فنا ہو رہی ہیں۔
اور نرگس کا پھول ہمیشہ تیری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر
(تمہیں سمجھانے کے لیے) تجھے دیکھ رہا ہے۔
ستارے ٹمٹما کر آنکھ مار رہے ہیں
(اور) درخت کی یہ شاخیں ہل کر تجھے اپنی طرف بلا رہی ہیں۔
اگر تو غور سے دیکھے تو قدرت کی یہ تمام نشانیاں
تیرے اور خداوند تعالیٰ کے درمیان پیامبر کی مانند ہیں
اور تجھے خداوند تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونے کی دعوت دیتی ہیں۔

۲- بابا ایوب چمرکن: یہ مشرف خان سابق وزیر صنعت چترال کے فرزند ہیں۔ معیاری نظمیں لکھا کرتے ہیں، جس سے چترال کے موجودہ سیاسی اور قومی حالات کی پوری پوری عکاسی ہوتی ہے۔ غزلیات اور مزاحیہ اشعار بھی کہتے ہیں۔ منظر نگاری سے انہیں خاص شغف ہے۔ ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ کے ایام میں انہوں نے کئی رزمیہ نظمیں کہی تھیں جن میں سے ایک یہ ہے:

(الف) مہ سلام ہیتاں نے تن ژ نان قربان ارینی
دشمنو شکست پرانی ملکو پر امان ارینی

کلی روئیے زمینا زندہ تن نامان ارینی
اسپہ غچھار پاچھانی جنتہ مکان ارینی

ترجمہ : ان کو میرا سلام ہو جنہوں نے اپنی جانیں قربان کیں،
دشمن کو شکست دی
اور ہمارے ملک کو امن بخشا!
انہوں نے تمام دنیا میں اپنا نام زندہ کیا
اور ہماری نگاہوں سے پرے جنت میں اپنے لیے جگہ بنا لی۔

(ب) تن سفرو تاریخو ہمت چراغاں آرینی
اسپہ ہر دیان ٹیکہ عمرایت داغان ارینی
ہیتاں تے خوش آمدید بو فرشتہ گان ارینی
ہیتاں پر دشٹوتے گیتی زندہ باد حوران ارینی

ترجمہ : انہوں نے اپنے سفر کی تاریخ ہمیشہ کے لیے روشن کر لی۔
(اگرچہ) ہمارے دلوں کو ہمیشہ کی مفارقت کا صدمہ دے کر چلے گئے۔
ان کو خوش آمدید کہنے والے کئی فرشتے تھے
اور حوروں نے ان کا استقبال کرتے ہوئے زندہ باد کے نعرے لگائے!

۳۔ امیر گل خان : یہ خاص چترال کے رہنے والے ہیں اور چترال کے مشہور گیت نگار ہیں۔ اپنے مقبول گیتوں کی وجہ سے گذشتہ تیس سالوں کے دوران میں چترال کی موسیقی کی محفلوں پر چھائے رہے ہیں۔ گیتوں کے لیے دھن بھی خود بناتے ہیں اور چترال کے بہترین موسیقاروں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ عشقیہ گانوں کے علاوہ حمد، نعت، قومی ترانے اور مرثیے بھی کہنے لگے ہیں۔ ہز ہائی نس سیف الرحمان والئی چترال کی ہوائی حادثے میں اچانک موت پر امیر گل نے جو مرثیہ کہا ہے، وہ چترال کے ہر خاص و عام میں بہت مقبول ہے۔ ذیل میں ان کے نمونۂ کلام کے طور پر یہ مرثیہ اور ان کے دو مقبول گیتوں میں سے کچھ اقتباسات پیش کیے جاتے ہیں:

مرثیہ :

ژان امانت اللہ و گنیتائی امانتو مگر افسوس ہمونی تہ بے مقصد مویتائے
جام خوئی نیک نیتی جام روئی اللہ تن خوش کیہ نا شکری اریتام تتاسپہ سار گنیتائے

ترجمہ : جان خداوند تعالیٰ کی امانت ہے (اگرچہ حق ادا ہوا)

Marfat.com

پھر بھی یہ سوچ کر افسوس ہوتا ہے
کہ تمہیں تمہارا مقصد پورا ہونے سے پہلے ہی مار دیا ۔
اے اچھی خصلت والے !
اچھے لوگ اللہ تعالیٰ کو بھی محبوب ہوتے ہیں ۔
ہم سے ناشکرا پن سرزد ہو گیا ہوگا ۔
اس لیے خدا نے تمہیں ہم سے چھین لیا ۔

(ب) ہزار کڑیماں کیہ سود لاکھ پلویماں افسوس بویکرا اولوئیے باغائے وا کورا لیم
مو حال ہایہ کی بیرائے مہ کیہ حاجت یہ دنیا اوا افسوسو آہن ہامو پالیم

ترجمہ : اگرچہ میں ہزار آہ و فغاں کرتا ہوں ۔
یا لاکھ دفعہ (اس صدمے کے الاؤ میں) جلتا ہوں پھر بھی کیا فائدہ!
پرندہ اڑ کر چلا گیا اور اب اس کا ملنا محال ہے ۔
اگر اس دنیا کی حالت یہی ہے تو مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں ۔
میں اب اس کو اپنی حسرتوں سے
اور بھرپور آہوں سے جلا کر خاکستر کر دوں گا ۔

صوفیانہ گیت از امیر گل :

(الف) مجنونو بھیسا بیتی صحرا گردش گوری تائے
گاہی محمود و عشقا ایاز و چستی یوسوم جوست
کورا کنحانہ چے ہو یوسفر روشتی یوسوم جوست

ترجمہ : وہ کبھی مجنوں کے بھیس میں صحرانوردی کرتے ہوئے پایا جاتا ہے
اور کبھی ایاز کی خوبصورتی کے ساتھ محمود کے عشق کی صورت میں نمودار ہو جاتا ہے ۔
اور کبھی چاہ کنعان میں یوسف کے جلوے میں نمایاں ہو جاتا ہے ۔

(ب) خدائی ہر شکلا کوری تان جلوؤ پا شیر دنیا
کورا صلیبو پھورا منصور و مستی یوسوم جوست
اللہ لا شریک بادشاہ فقط تان ہستی یوسوم جوست

ترجمہ : خداوند تعالیٰ طرح طرح سے اپنا جلوہ ظاہر کرتا ہے
کہیں صلیب کے اوپر منصور کی مستی میں جلوہ نما ہوتا ہے
اور (اس سب کچھ کے باوجود) اللہ تعالیٰ لاشریک بادشاہ ہے!
اور اس کی ہستی واحد اور بلند ہے ۔

عشقیہ گیت از امیر گل :

کابی گل گمبوریو ساربشار گانور　　تو بہچاک حسنو سوم کو مغرور آسور
وری جو باسو شئیلی شیکا پاتی　　افسوس ناز کی گمبوریا نو بہچور
کوئی شور و گان چمن دی خرم ہوئی　　بلبل تن عشقر گمبوریو نورا خسور

ترجمہ : کوئی جا کے میرے پھول سے یہ پوچھے
کہ وہ فانی حسن پر اس قدر مغرور کیوں ہے ؟
اُس کی خوشبو (تو) دو روزہ ہے جو کہ
(ایک نہ ایک دن) خوبصورتی کے ساتھ ختم ہو جائے گی
اور افسوس ! پھول کی نزاکت برقرار نہ رہ سکے گی۔
جب جاڑے کی (تند اور بے رحم) ہوا چلنے لگے گی ،
تو سارا چمن خشک اور برباد ہو جائے گا۔(لیکن اس سب کچھ کے باوجود)
بلبل اپنے مرکزِ عشق یعنی پھول کو کبھی بھی فراموش نہ کر سکے گی!

ان مشہور و معروف شعراء کے علاوہ موجودہ دور میں اور بھی بہت سے مقبول شعراء موجود ہیں۔ جن میں سے خاص طور پر میرزا فردوس فردوس ، شہزادہ عزیز الرحمٰن عزیز ، اسرار الدین اسرار ، ولی زر خان ولی ، شہزادہ فخر الملک فخر ، رحمت اکبر خان رحمت اور معراج الدین معراج کے نام قابل ذکر ہیں۔ ان میں سے چند کے کلام کے نمونے ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں۔

(۱) نمونۂ غزل (اقتباس) از میرزا فردوس فردوس

نا اہل انسان نوبوئی ، نا اہل تان اگر ، شاہ مردان کہ ہوئی
تروق میوہ شیریں نو بوی گرچہ پرورش چمنا جنت عدان کہ ہوئی

ترجمہ : ایک نا اہل اور جاہل آدمی صحیح انسان نہیں بن سکتا۔ اگر وہ شاہِ مردان بھی بن جائے ، اس کی اصلیت میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔
(اس کی مثال یوں ہے کہ) تلخ میوہ اگر جنتِ عدن میں بھی پرورش پا لے ،
وہ میٹھا کبھی نہیں ہو سکتا۔

(۲) رباعیات از شہزادہ عزیز الرحمٰن عزیز

(الف) عصر علم

ہنوں کہ عصر علم و چہ فرہنگ شیر　　جہانو د ای خور زائیلہ آہنگ شیر

Marfat.com

کوروسان بندگی کہ تو خوروتے ہس عیب شیر آرشیر ننگ شیر

ترجمہ : آج علم و ہنر اور حکمت و ادب کو کتنی ترقی حاصل ہے!
لیکن اس دنیا کے ڈھنگ بھی نرالے ہیں۔
(کیونکہ اس تمام ترقی کے باوجود اے انسان !)
تو دوسرے کی بندگی اور غلامی کے بندھن میں جکڑا ہوا ہے۔
جو کہ تیرے لیے بڑی کمی ، عار اور ننگ کا باعث ہے۔

(ب) قصہٴ عشق از عزیز

بلبلو نقس گمبوریو آفس گمبوریو آفس بلبلو خضس
عاشقو چہ معشوقو عشقو قصہ دنیائی ہمونی تن اوشوی بس

ترجمہ : بلبل کی خواہش پھول کی تمنا ہے
اور پھول کی تمنا بلبل کے پنجرے میں قید ہونا ہے۔
عاشق اور معشوق کے عشق کی داستان دنیا میں بس اتنی ہی ہے!

(۳) اقتباس ترانہ از اسرار الدین اسرار

اے مہ وطن جھترار تہ بچن مد ژان نثار نسین اوجھی شینی موژین جھیرو غور جھار
جنتو نمودہ توشیلی مہ خوش تو مہ ژانو سار پاک سر زمینا تہ مثال گمبوریو ای باغار

ترجمہ : اے میرے وطن چترال۔ تجھ پہ میری جان نثار ہو۔
تیرے ہر طرف سبزہ ہی سبزہ ہے اور تیرے درمیان دودھ کی نہریں رواں ہیں۔
تو جنت کی مانند خوبصورت ہے اور میری جنت ان سے زیادہ مجھے پیاری ہے۔
سر زمین پاک میں تیری مثال باغ میں ایک پھول کی مانند ہے۔

(۴) اقتباس پاکستان زندہ باد (یوم پاکستان کے موقع پر) از ولی زر خان ولی

اے وطن گلزار گلستان زندہ باد
اے گمبوریان زمین پاکستان زندہ باد
کوشش مسلمنان ہوی پنون سر انجام فرنگی حکومتو نو بوسی اسپہ غلام
پاکستانو تجویز و مپیش اریر قاید اعظام تنظیم و اتحاد و ہوئی بوشیلی انجام
اے وطن گلزار .....

ترجمہ : مسلمانوں کی کوششیں آج کے دن بار آور ہو گئیں۔
آج کے دن مسلمانوں نے وعدہ کیا
کہ آئندہ کے لیے وہ انگریزوں کی غلامی قبول نہیں کریں گے۔
قائد اعظم نے قرار داد پاکستان پیش کی
اور تنظیم و اتحاد کے اصولوں کا بول بالا ہوا۔

(۵) عشقیہ گیت از شہزادہ فخر الملک فخر

ای موش اریر مجنونو سار سوال ''لیلو جدائی یہ تہ کیہ حال
(ایک آدمی نے مجنوں سے یہ سوال کیا۔''لیلیٰ کی جدائی میں تمہارا کیا حال ہے'')
ہجر وچے وصالو شیر کیہ خال موغار خلاص کوئے عقلہ کہ یا مال''
(ہجر اور وصال کا مزا کیسا ہوتا ہے؟ ایسی حالت سے عقل نجات دے سکتی ہے یا مال و دولت ؟)
مجنوں ریتائے۔ ''خالق لا یزال''۔(مجنوں نے کہا کہ ''خالق لا یزال'')

خاتمہ

کسی تہذیب کی بقاء اور ترقی کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ بدلتے ہوئے حالات کے تقاضوں کو پیش نظر رکھے۔ ان کو اپنے میں سمونے کی اس میں صلاحیت ہو اور ضرورت پڑنے پر اپنے بعض پہلوؤں کو ان کے مطابق ڈھالنے کی اہل ہو۔ یہ مستقبل میں ہی معلوم ہوگا کہ کھو قوم کا معاشرہ وقت کی اس آزمائش میں کہاں تک پورا اتر سکے گا۔ البتہ گذشتہ حالات اور موجودہ رجحانات کے پیش نظر یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ کھو قوم اپنے پرانے طرزِ تمدن کو زیادہ عرصے تک برقرار نہیں رکھ سکے گی۔

Marfat.com

BIBLIOGRAPHY RELATING TO CHITRAL STATE AND THE KHOW PEOPLE

1. ALDCR,GARYA.—British India's Northern Frontier (1865-95); Longmans London 1963.
2. ANSARI, BAZMI.—Chitral (A Brief General and Historic Description), The Encyclopaedia of Islam (New Edition), Vol. 2; Luzzac London 1963.
3. AZIZ-UD-DIN MUNSHI.—Tarikh-e-Chitral (Urdu); Agra 1897.
4. BIDDULPH, MAJOR JOHN.—Tribes of the Hindu Kush; Calcutta 1880.
5. IDEM. Dialects of the Hindu Kush, Khowar...., Journal of Royal Asiatic Society (N. S.), Vol. XVII, London 1885.
6. BONAVTLIT, GABR E .—Through the Heart of Asia; London 1889.
7. CURZON, LORD KEDLESTON. Leaves from a Viceroy's Notebook; London 1927.
8. DAVIDSON, COL.—Some Notes on the Language of Chitral
9. DAVID, C. COLLNE.—Problem of the North-Western Frontier (1908-1909): Cambridge University Press 1910.
10. DURAND, A.G.—The Making of a Frontier: London 1900.
11. FRASER-TYLER, SIR.—Afghanistan, London 1953.
12. FRASER-TYLER, SIR.—Frontier and Overseas Expiditions From India, Vol. I, North of the Kabul River (A Government Publications): London 1907.
13. GRIERSON, SIRGELRGE.—Linguistic Survey of India, Vol. VIII, Part I: Calcutta 1919.
14. GUHA, DR. B.—Races of Northern India (All India Science Congress): Calcutta 1936.
15. IDEM.—Racial Affinities of the People of India: Census of India 1931, Vol. I, Part III: Simla 1935.
16. GUFFRAN MIRZA MOHAMMAD.—Tarikh-e-Chitral (Forsi): Unpublished.
17. GUFFRAN MIRZA MOHAMMAD.—Imperial Gaseteer of India Vol. X (pp. 300-304): Oxford 1908.
18. ISRAR-UD-DIN.—A Social Geography of Chitral State: (Unpublished) M. Sc. Thesis Approved by the University of London in 1965
19. IDEM.—Settlement Pattern and House Types in Chitral State: Pakistan Geographical Review, Vol. 21, No. 2, Lahore 1966
20. IDEM.—Socio-Economic Developments in Chitral State Since Independence: P.G.R.; Vol. 22, No. 1: Lahore, 1967.
21. IDEM.—The Khow and the Kalash Tribes of Chitral: The Daily Bang-e-Haram, Peshawar (Chitral Edition), Vol. 9, No. 180: Peshawar, 20th January, 1967.
22. LEITNER, G. W.—Dardistan in 1866, 1886 & 1893: London 1895.
23. IDEM.—The Languages and Races of Dardistan, Part I: Composition, Grammer and Vocabulary of....Arniya: Lahore 1877.
24. MORGENSTIERNE, GEORGE.—Report on a Linguistic Mission to North-West India: Oslo 1932.
25. IDEM.—Report of a Linguistic Mission to Afghanistan: Oslo 1926.
26. IDEM.—Iranian Elements in Khowar: Bulletin of the School of Oriental and African Studies, London, Vol. VIII.
27. IDEM.—Some Features of Khowar Morphology: Oslo 1947
28. IDEM.—Name, Languages and Tribes of Chitral: Encyl. of Islam (New Edition); Vol. 2:—Luzzac London 1963.
29. IDEM AND SHAH, W. A.—Some Khowar Songs: Acta Orientalia, Vol. XXIV, 1-2, Oso 1957 (?).

Marfat.com

30. MURTAZA, MIRZA GHULAM.—Nia Tarikhe Chitral (Urdu), Peshawar 1962.
31. O'BRIEN, CAPT. D. J. T.—Grammar and Vocabulary of Khowar Dialect Lahore 1895.
32. ROBERTSON, SIR GEORGAE—Chitral—The Story of a Minor Siege: London 1895.
33. SCHOMBERG, R. C. F.—Kafir's Glaciers of Travels in Chitral: London 1938.
34. SCOTT, I. D.—Notes on Chitral: Peshawar 1936.
35. SHAH, WAZIR ALI AND MORGENSTIERNE, GEORGE. Some Khowar Songs: Acta Orientalia, Vol. XXIV, 1-2: Oslo 1957 (?).
36. SMITH, V. A.—Oxford History of India: Oxford 1921.
37. SOLV, & RICHARD BATES.—Tirich Mir: London 1952.
38. STEIN, SIR AUREL.—Serindia, Vol. I: Oxford 1921.
39. YOUNGHUSBAND, F. F.—The Heart of Asia: London 1898.
40. IDEM AND YOUNGHUSBAND, G. J.—The Relief of Chitral: London 1895.

Marfat.com

کشمیری ادب

سیاسی اور معاشرتی پس منظر۔ ریاست جموں وکشمیر

فی الوقت ریاست جموں و کشمیر کو جس کا رقبہ اقوام متحدہ اور سروے آف (برٹش) انڈیا کے نقشوں کے مطابق پچاس ہزار مربع میل ہے، عرفِ عام میں کشمیر کہا جاتا ہے۔ اسی ریاست کے وسط میں وہ وادی واقع ہے جس کو کشمیرِ جنت نظیر کہا گیا ہے۔ اس وادی کی لمبائی چوراسی میل اور چوڑائی بیس سے پچیس میل تک ہے۔ گویا اس وادی کا رقبہ جس کی وجہ سے ساری ریاست کو کشمیر کہا جاتا ہے، بمشکل دو ہزار مربع میل ہے۔ یعنی ریاست کے رقبہ کا اڑتالیسواں حصہ! کشمیری زبان بڑی وادی کے رہنے والوں کی مادری زبان ہے لیکن اس بات میں بھی شک نہیں کہ وادی کے علاوہ ریاست کے کئی دیگر حصوں میں بھی کشمیری زبان بولی جاتی ہے۔ یہ علاقے ۱۹۴۷ء کے بعد (نیا قائم شدہ) ضلع ڈوڑہ، ضلع پونچھ کی تحصیل حویلی، ضلع مظفر آباد کے شہری علاقے، اسکردو اور گلگت کے قصبے ہیں۔ راجوری اور دیگر اس قسم کے قصبوں میں بھی لوگ کشمیری زبان بولتے ہیں۔ اس طرح ضلع ہزارہ (پاکستان) قصبہ مری (پاکستان) کے بعض علاقوں میں بھی کشمیری النسل لوگوں کی خاصی تعداد موجود ہے جو کشمیری بولتے ہیں۔ وادی کی آبادی اس وقت کسی صورت میں بیس لاکھ سے زیادہ نہیں ہے۔ تقسیم کے بعد دو مردم شماریوں یعنی ۱۹۵۱ء اور ۱۹۶۱ء میں چونکہ ریاست دو حصوں میں منقسم تھی اور ریاست کے پانچ لاکھ سے زائد انسان وطن سے باہر ہجرت کی زندگی گزارنے پر مجبور ہو چکے ہیں، اس لیے ساری ریاست کی کل آبادی کا صحیح اندازہ لگانا مشکل ہے۔ اس کے علاوہ بھارتی مقبوضہ کشمیر کی حکومت نے بہت سے غیر ریاستی غیر مسلموں کو بھی ریاست میں بسایا ہے۔ پھر بھی ریاست کے دونوں حصوں اور مہاجرین جموں و کشمیر مقیم پاکستان کی ۱۹۶۱ء کی مردم شماری کے مطابق ریاست کی کل آبادی ستاون لاکھ نفوس کے قریب ہے۔ اس ساری آبادی میں کشمیری کے علاوہ پنجابی، پہاڑی، شینا، ڈوگری بلتی، گوجری وغیرہ زبانیں بولنے والے بھی شامل ہیں۔

تقسیم ہند سے قبل ریاست جموں و کشمیر کے دو ہی نہیں تین صوبے تھے۔ صوبہ جموں، صوبہ کشمیر اور صوبہ سرحد — تینوں صوبوں میں مسلمانوں کی غالب

Marfat.com

اکثریت تھی۔ صوبہ جموں میں مسلمانوں کی آبادی کا تناسب ساٹھ فیصد تھا۔ جبکہ صوبہ کشمیر اور صوبہ سرحد (گلگت، بلتستان اور لداخ جن کو ریاست کی سرکاری اصطلاح میں 'تبت ہائے خورد و کلاں کہا جاتا تھا) میں مسلمان پچانوے فیصد سے کم نہیں تھے۔ یہی حال وادیٔ کشمیر کا ہے۔ یہ امر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ کشمیر یا کشیر ساری ریاست جموں و کشمیر کے لیے بھی بولا جاتا ہے اور صوبۂ کشمیر کے لیے بھی، جس میں مظفر آباد کا پہاڑی ضلع بھی شامل ہے۔ صرف وادیٔ کشمیر کے لیے بھی جس میں اس وقت مقبوضہ کشمیر کے تین ضلعے اسلام آباد (سرکاری نام اننت ناگ) (اور پرانا نام مراج) بارہ مولہ (کامراج) اور ضلع سری نگر (پرانا نام یمراج) شامل ہیں۔ مغلوں کے زمانے میں جو کتابیں کشمیر کے بارے میں لکھی گئی ہیں ان میں سے بعض میں صرف شہر سری نگر کو ہی کشمیر لکھا جاتا رہا ہے۔ شعرا، سیاحوں اور شہنشاہوں نے کشمیر کو ایرانِ صغیر، مشرق کا یونان، ایشیا کا سوئٹزر لینڈ، کشمیرِ جنت نظیر وغیرہ خطابات سے نوازا ہے۔ کشمیری زبان اور تمدن کے دائرے میں پونچھ، کشتوار، بشمول، ڈوڑہ، بھدرواہ علاقہ بھاگ، ضلع ریاسی اور شمالی راجوری تاریخی طور پر شامل تھے۔ گلاب سنگھ نے سیاسی اغراض کے تحت یہ علاقے صوبہ جموں میں شامل کیے، چنانچہ شیخ لاہوری نے اپنے دورِ حکومت میں پونچھ، راجوری اور ڈوڑہ کے اضلاع کو تشکیل دے کر صوبہ جموں سے علیحدہ کیا۔

ہیون سانگ مشہور چینی سیاح نے کشمیری حدود کو ٹیکسلا تک بتایا ہے۔ سلاطینِ کشمیر کے عہد (۱۳۲۰—۱۰۰۰) میں کانگڑہ اور افغانستان تک کے علاقے بھی کشمیر کے ساتھ تھے۔ وادیٔ کشمیر سطح سمندر سے پانچ ہزار فٹ اُونچی ہے۔ اس کا موسم گرمیوں میں معتدل اور سردیوں میں سخت سرد ہوتا ہے۔

کشمیر کی وجہ تسمیہ

لفظ کشمیر پر مستشرقین اور پاک و ہند کے محققین نے کافی تحقیق کی ہے۔ لیکن پھر بھی سب ایک نظریے پر متفق نہیں ہوسکے۔ ایک نظریہ یہ ہے کہ پراکرت میں 'کس' (پنجابی کسی) نالہ کو اور 'میر' پہاڑ کو کہتے ہیں۔ چونکہ کشمیر پہاڑوں اور نالوں کا علاقہ ہے، لہٰذا کشمیر کا مرکب لفظ اس کے لیے استعمال کیا گیا۔ ایک اور نظریہ یہ ہے کہ کشمیر عبرانی زبان کا مرکب لفظ ہے۔ جب بنی اسرائیل کی گمشدہ 'بھیڑیں' یعنی بنی اسرائیل کے بعض قبائل فلسطین پر بخت نصر کے حملے کے بعد منتشر ہوکر اس علاقے میں آئے تو انہوں نے اس وادی کو اشیر (سیریا یعنی شام) کی طرح پایا۔ 'گ' عربی اور عبرانی دونوں زبانوں میں

مثل (Like) کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طرح سے کشمیر کے مرکب لفظ کا مطلب سیریا یا شام کی طرح کا ملک ہے۔ ایک اور نظریہ یہ ہے کہ ساری وادی پرانے زمانے میں ایک بڑی خاصی جھیل تھی اور کشمیریوں کے جنم داتا کیشپ ریشی نے بارہ مولہ کے قریب بند توڑ کر پانی کے نکل جانے کا راستہ بنا دیا اور اس طرح کیشپ ریشی کے نام پر اس وادی کا نام کیشپ میر یا کشمیر پڑ گیا۔ محققین کا اندازہ ہے کہ کیشپ ریشی کشمیری قوم کا کوئی محسن تھا۔ جس نے بارہ مولہ میں کسی طرح اس رکاوٹ کو تڑوا دیا جو اس پانی کے راستے میں حائل تھی۔ اس کے ہٹ جانے کے ساتھ ہی وادی کا سارا پانی نکل گیا۔ یہ روایت زیادہ مستند ہے، بہ نسبت اس کے کہ کیشمر کا مطلب ہے سیریا یعنی شام جیسا ملک جو محض قیاس آرائی ہے۔ کاش ایک تورانی قبیلہ بھی ہے۔ سنسکرت ادب میں حضرت مسیح سے پہلے بھی اس ملک کا نام کاش میر آیا ہے۔ کاشغر بھی کشمیر کے پاس ہے جس سے ظاہر ہے کہ کاش میر کاش غر کی طرح ایک مرکب لفظ ہے۔

ہند و پاکستان میں کشمیریوں کو ایک ہی نسل سمجھا جاتا ہے۔ یہ بات بنیادی طور پر غلط ہے، کیونکہ کشمیری ایک نسل نہیں ہیں۔ نسلیات کے ایک ماہر کا قول ہے کہ انسانی نسلیں مختلف بادلوں کی طرح آپس میں ملتی ہیں اور پھر الگ الگ بھی ہو جاتی ہیں۔ پھر یہ اندازہ کرنا مشکل ہوتا ہے کہ کون سا ٹکڑا کون تھا کیونکہ بادل ایک دوسرے کے ساتھ گھل مل گیا ہوتا ہے۔ یہی حال انسانی نسلوں کا اور پھر زبانوں کا ہو جاتا ہے۔

وادیٔ کشمیر کے قدیم ترین باشندوں کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ ناگا نسل سے ہیں۔ اس کی تائید بدھ مؤرخ تارا ناتھ اور بودھ شاستروں سے بھی ہوتی ہے۔ چنانچہ (ہیہ مال اور ناگیراتے) چنبیلی کا ہار اور ناگی راجہ کے نام سے کشمیری ادب میں ایک مشہور کہانی بھی موجود ہے۔ اس ناگا راجہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ تلپاتال (زمین کی دوسری طرف یا دوسری حد پر) جاتا تھا۔ کوئی عجب نہیں کہ کشمیر کی مکین اس قدیم ترین قوم کا تعلق ناگا لینڈ سے رہا ہو جہاں کے لوگوں نے ان دنوں کشمیریوں کی ہی طرح بھارت سے اپنی آزادی حاصل کرنے کے لیے جنگ شروع کر رکھی ہے اور جس کا اصرار ہے کہ ان کا وطن کسی صورت بھارت کا صہ نہیں ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ کشمیر اور ناگا لینڈ دونوں ہمالیاتی ریاستیں ہیں۔ ایک کوہستان ہمالیہ کے مشرق میں واقع ہے اور دوسری مغرب میں۔

وادی کے باشندوں کی زبان میں ناگ سانپ کو بھی کہا جاتا ہے اور پانی کے

Marfat.com

چشمے کو بھی ۔ گارساں دتاسی نے ''درخت اور سانپ کی پوجا'' میں لکھا ہے کہ کشمیری لوگ تورانی نسل سے ہیں اور سانپ کی پوجا کرتے ہیں ۔ برہمنوں کی آمد سے قبل کشمیر میں پشاچ ، یکشا ، نشر ، کھاثا ، درد ، بھوٹا ، بھکشا ، ڈامر (جن کو اب ڈار کہا جاتا ہے) تانترے ، لوق وغیرہ نسلوں کے لوگ آباد تھے ۔ تبّت کے کئی قبائل کے نام بھی بعض کشمیری قبائل یا ذاتوں سے ملتے ہیں ۔ دلائی لامہ کے ایک وزیر کی ذات ایتو تھی جو کشمیریوں کی ایک ذات ہے ۔ ۱۹۶۹ء میں شمالی کوریا کا ایک رہنما پاکستان آیا تھا ۔ اس کا قبیلہ لون تھا اور لون کشمیریوں کی ایک معروف ذات ہے ۔ کیشپ ریشی کے عمل کے بعد ساری وادی انسانی بود و باش کے قابل ہوگئی تو آس پاس کے پہاڑوں سے درد لوگ آ گئے ۔ اور برہمن بھی آ بسے ۔ نلمت پران کے مطابق برہمن نو آباد کار پرانے باشندوں کی خوشامد اور خاطر و مدارات کرتے تھے اور ان کو کھانے وغیرہ کھلاتے تھے تاکہ وہ ان کو ملک سے نکالنے کی کوشش نہ کریں ۔ اچھے کھانے پکا کر رات کو باہر رکھنے کی رسم اب تک کشمیری پنڈتوں میں ہے ۔ مثل مشہور ہے کہ پاؤں رکھنے کی جگہ مل جائے تو بیٹھنے کی خود بنا لی جائے گی ۔ یہی کام برہمنوں نے کیا ۔ انہوں نے وادی میں آہستہ آہستہ اس طرح قدم جما لیے کہ وہ بھی وادی کے اصل باشندے بن گئے ۔

اوریئنٹل جیاگرافی کے مصنف کی روایت کے مطابق میر سید علی ہمدانی المعروف شاہ ہمدانی نے کشمیر کا نام باغِ سلیمان رکھا ۔ یہ بھی روایت ہے کہ باغِ سلیمان کشمیر کا نام حضرت سلیمان کے نام پر نہیں بلکہ شیخ سلیمان کے نام پر رکھا گیا ہے ، جو حضرت شاہ ہمدانی کے زمانے کا ایک تاجر تھا ۔ اس نے جب کہ وہ غیر مسلم تھا ، حضرت شاہ ہمدانی کو کشمیر آنے کی دعوت دی ۔ یہ حضرت کے ہاتھ پر مسلمان ہوا اور اس کا نام سلیمان رکھا گیا ۔ شنکر اچاریہ والا ٹیلا اس کا مسکن تھا اور اسی وجہ سے اس ٹیلے کو تکیہ سلیمان یا تختِ سلیمان وغیرہ کہا گیا ۔ اس اعتبار سے کشمیر میں اسرائیلی نفوذ کی روایت سیاح برنیئر کی قیاس آرائی ہے ۔

ناگ مت کے بعد کشمیر میں برہمن مت کا دور دورہ رہا ۔ شمالی ہند میں آریاؤں کی آمد سے لے کر ۲۷۲ قبل مسیح تک یہاں برہمن راجاؤں نے حکومت کی ۔ اس کے بعد بدھ مت کو عروج حاصل ہوا ۔ ویسے بدھ مت کی ترویج کے وقت کشمیر کا حکمران اراولی تھا جو برہمن نہیں بلکہ ناگ نسل سے تھا ۔ اشوک اور کنشک کا دورِ حکومت قابل ذکر ہے ۔ اس زمانے میں شار رائے مقام پر ایک تعلیم گاہ بھی بنائی گئی تھی جس کے آثار اب تک وادی کے شمال مغرب میں ، شاردا ضلع مظفر آباد کے مقام پر

Marfat.com

پائے جاتے ہیں۔

چونکہ وادیٔ کشمیر پہاڑوں سے گھری ہوئی ہے اس لیے بہت دیر تک یہ خارجی اثرات سے محفوظ رہی اور اسلام کو برّصغیر میں آئے ہوئے صدیاں گزر چکی تھیں، جب مسلمانوں کی کوئی منظم مہم اس طرف متوجہ ہوئی۔ سلطان محمود غزنوی نے دو دفعہ ۱۰۱۵ء اور ۱۰۲۱ء میں حملہ کرنے کی کوشش کی مگر دونوں دفعہ لوہ کوٹ کے قلعہ کو سر نہ کر سکا۔ البتہ ترک کشمیر آنے جانے لگے اور ترک عسکریوں کو کشمیر کے راجاؤں نے ملازمت دینی شروع کر دی۔ انہیں ''ترشکا'' کہتے تھے۔ اس طرح یہاں کے معاشرے میں اسلامی شعار کا دخل ہونے لگا۔

۱۳۳۵ء میں سوات کا ایک باشندہ جس کا نام شاہ مرزا تھا اور جو قوم کا غالباً ''پٹھان'' تھا کشمیر میں آیا اور اس وقت کے راجہ جس کا نام سینا دیوا تھا، کا ملازم ہوا۔ رفتہ رفتہ اسے مناصب اعلیٰ ملنے لگے اور وہ راجہ کا وزیر بن گیا۔ راجہ کی وفات پر اس نے رانی سے شادی کر لی اور سلطنت سنبھال کر سلطان شمس الدین لقب اختیار کیا۔ یہ ۱۳۴۶ء کا واقعہ ہے۔ شمّس الدین ۱۳۴۹ء میں فوت ہوا اور اس کے بعد یہ خاندان ۱۵۶۱ء تک یعنی کوئی دو سو پندرہ سال کشمیر میں حکومت کرتا رہا۔ ۱۵۶۱ء میں اس خاندان کے آخری نا اہل سلطان حبیب نامی کو غازی خان چک نے معزول کر دیا اور خود سریر آرائے سلطنت ہو گیا۔ چک خاندان نے ۲۷ سال حکومت کی اور پھر ۱۵۸۹ء میں شہنشاہ اکبر کے ہاتھوں کشمیر مغلیہ سلطنت کا حصہ بن گیا۔

شاہ مرزا کے خاندان میں دو سلاطین بہت مشہور ہوئے۔ ایک سلطان سکندر بت شکن (۱۳۹۴ء — ۱۴۱۶ء) اور دوسرا اس کا بیٹا سلطان زین العابدین شاہی خان (۱۴۲۰ء — ۱۴۷۰ء)۔ سلطان سکندر ایک متقی شخص تھا اور اسلامی شعائر کا سختی سے پابند بھی تھا۔ وہ اپنے ملک میں نئے مندر تعمیر نہیں ہونے دیتا تھا۔ بلکہ شکستہ اور ریختہ مندروں کو مسمار بھی کر دیتا تھا۔ اس لیے اس کا نام سکندر بت شکن مشہور ہو گیا۔ اس کے زمانے میں بہت سے کشمیری برہمن ملک چھوڑ کر ہندوستان چلے گئے۔ سلطان سکندر علماء کی بہت قدر کرتا تھا اور ان کی سرپرستی سے بالکل دریغ نہیں کرتا تھا۔ اس لیے ان ہندوؤں پر جو فوجی ملازمت کے قابل نہ تھے جزیہ لگا دیا، مگر عدل و انصاف میں کوئی کمی نہ کی۔ اس کا بیٹا سلطان زین العابدین مقابلتہً آزاد خیال اور وسیع النظر تھا اور رواداری کا قائل تھا۔ اس نے ہندوؤں پر سے سختیاں ختم کر دیں اور جو لوگ ترک وطن کر چکے تھے انہیں واپس بلانے کی کوشش کی۔ وہ علوم و فنون کا مربّی تھا اور اس کی حمایت اور سرپرستی کی وجہ سے

Marfat.com

مہابھارت اور پنڈت کلہن کی منظوم تاریخ 'راج ترنگنی' کا فارسی زبان میں ترجمہ ہوا۔ اس کا عہد کشمیر کی تاریخ میں ایک زرّیں دور شمار کیا جاتا ہے۔

کشمیر کی بدقسمتی سے سلطان زین العابدین (بڈ شاہ) کے بعد نا اہل ورثہ نے اس خاندان کی ساکھ مٹا ڈالی اور مستقل خانہ جنگیوں کی وجہ سے ملک میں بد امنی اور بے اطمینانی، کساد بازاری اور معاشی بد حالی کے آثار پیدا ہوگئے۔ ایک سو سال کے بعد چک خاندان کے سرداروں نے اس خاندان کے آخری فرمانروا کو تخت سے اُتار دیا مگر ۱۵۴۰ء میں مغل شہزادہ حیدر دوغلت نے کشمیر پر حملہ کیا اور اپنے عزیز ہمایوں بادشاہ کے نام پر دس سال تک یہاں حکومت کی۔ مگر ۱۵۵۰ء میں ایک بغاوت میں مارا گیا اور چک خاندان پھر برسراقتدار آ گیا۔ ۱۵۶۱ء کے بعد اس خاندان نے شاہی مراتب اختیار کر لیے اور اس کے افراد اپنے نام کے ساتھ بادشاہ کا لقب استعمال کرنے لگے۔ اس خاندان کے پانچ افراد یکے بعد دیگرے تخت پر بیٹھے مگر ۱۵۸۹ء میں اکبر اعظم نے کشمیر کو فتح کر کے اسے مغل سلطنت کا حصہ بنا لیا۔

کشمیر میں اشاعت اسلام

مسلمان ۱۳۲۴ء سے ۱۸۱۹ء تک یعنی چار سو چورانوے سال تک کشمیر پر حکمرانی کرتے رہے اور اس زمانے میں کشمیر نے ہر طرح سے ترقی کی۔ اس کے ربع صدی بعد برعظیم میں مسلمانوں پر زوال آنے لگا۔ چنانچہ ۱۸۱۹ء میں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اس علاقے پر قبضہ کر کے اسے اپنی مملکت میں شامل کر لیا۔ سکھا شاہی میں کشمیر کو آفات ارضی و سماوی نے آ لیا۔ سیلاب، وبا اور قحط نے ملک کو تباہ کر دیا۔ یعنی انگریزی ضرب المثل کے مصداق مصیبت کبھی اکیلی نہیں آتی ہے۔ اس زمانے میں بہت سے لوگ کشمیر سے نقل مکانی کر کے ملک کے دوسرے حصوں میں چلے گئے اور وہ اب تک کشمیری کہلاتے ہیں۔ ۱۸۴۶ء میں سکھوں کو انگریزوں کے ہاتھوں شکست ہوئی اور ۹ مارچ کو اسی سال انگریزوں اور سکھوں کے درمیان ایک معاہدہ ہوا۔ اس کے مطابق کشمیر پر انگریزوں کی بالا دستی مانی گئی۔ اس کے ایک ہفتہ بعد ۱۶ مارچ ۱۸۴۶ء کو جموں کے راجہ گلاب سنگھ اور برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی کے مابین ایک اور معاہدہ ہوا جس کے مطابق وادیٔ کشمیر اور ملحقہ کچھ علاقے انگریزوں نے گلاب سنگھ کو فروخت کر دیے۔ ڈوگروں کا ریاست جموں و کشمیر پر تسلط ایک سو ایک سال رہا۔ ۱۹۴۷ء میں جب ہندوستان اور پاکستان آزاد مملکتوں کی صورت میں وجود میں آئے تو ریاست جموں و کشمیر کے مستقبل کا مسئلہ تعویق میں ڈالا گیا۔ ریاستی مسلمانوں کی

Marfat.com

غالب اکثریت کے علاوہ کشمیر میں ایسے روشن خیال غیر مسلم بھی تھے جو پاکستان کے ساتھ الحاق کے خواہشمند تھے۔ لیکن ڈوگرہ حکمران نے بھارتی حکومت کے ساتھ سازش کر کے ریاست کا الحاق جبراً بھارت کے ساتھ کر دیا۔ حالانکہ اس موقع پر آزاد کشمیر حکومت بھی قائم ہو چکی تھی۔ اور ریاست کے ۱/۳ سے زائد علاقہ پر آزاد مجاہدین قابض ہو گئے تھے اور جنگ آزادی بھی جاری تھی۔ ۱۹۴۸ء میں اقوام متحدہ نے مداخلت کی اور پورے پندرہ ماہ کے بعد جنگ بند ہوئی۔ اس شرط پر کہ باہر کی فوجوں کے اخراج پر ساری ریاست میں الحاق کے سوال پر رائے شماری کرائی جائے گی۔ لیکن بیس سال سے رائے شماری نہیں ہو سکی۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ بھارت کشمیریوں کے متوقع فیصلہ سے خائف ہے۔ اسے معلوم ہے کہ کشمیریوں کے ووٹ ہر صورت بھارت کے خلاف پڑیں گے۔ عملی طور پر اس وقت ریاست جموں و کشمیر دو حصوں میں منقسم ہے۔ یعنی آزاد کشمیر جہاں آزاد کشمیر حکومت کی حکمرانی ہے اور بھارتی مقبوضہ کشمیر۔

۹ اگست ۱۹۶۵ء کو مجاہدین کشمیر نے پھر جنگ آزادی کا آغاز کیا۔ پاکستان نے بھی ان کی مدد کی اور ہر قدم پر بھارتی فوجوں کو شکست دے کر بہت سے حصہ پر قبضہ کر لیا۔ بھارت نے اپنی شکست کا بدلہ لینے اور خفّت مٹانے کے لیے پاکستان پر حملہ کر دیا۔ سترہ دن مزید دونوں ملکوں میں بڑے پیمانے پر جنگ، جاری رہی۔ اس جنگ میں پاکستان نے نہ صرف ہندوستان کے حملہ کو ناکام بنا دیا بلکہ اس کا بہت سا علاقہ بھی چھین لیا۔ بھارت کو قدم قدم پر شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اقوام متحدہ کی مداخلت پر ایک بار پھر جنگ بند کر دی گئی اور اقوام متحدہ اور روس کی کوشش سے دونوں ملکوں کی فوجیں کشمیر میں اپنی سابقہ حالت اور دوسرے مقامات پر اپنی بین الاقوامی سرحدوں پر واپس آ گئیں۔ لیکن پاکستان اور بھارت کے تعلقات کی کشیدگی میں اضافے کے باوجود، بھارت کی ہٹ دھرمی کے باعث، اقوام متحدہ کا تنازعۂ کشمیر پُر امن طور پر حل کرنے کا وعدہ شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکا۔

اس وقت صورت حالات یہ ہے کہ کشمیری بولنے والوں کا بیشتر علاقہ بھارت کے قبضہ میں ہے۔ جس علاقہ کو وادیٔ کشمیر کہتے ہیں اس کا کوئی حصہ آزاد حکومت کے قبضے میں یا ہندوستان کی جابرانہ دسترس سے باہر نہیں ہے۔ لیکن کشمیری بولنے والوں کی ایک خاصی جمعیّت پاکستان اور آزاد کشمیر میں مہاجروں کی حیثیت میں رہ رہی ہے۔ ان مہاجرین میں سیاسی کارکن بھی شامل ہیں اور اخبار نویس، تاجر اور عام مہاجرین بھی۔ آزاد کشمیر نامی علاقہ میں کشمیری زبان آزاد علاقہ میں ضلع پونچھ کی تحصیل حویلی، ضلع مظفر آباد کے علاقوں کرناہ، گزیر و راوا، مظفر آباد، چکار،

Marfat.com

گڑھی ہٹیاں ، چناری وغیرہ قصبات میں بولی جاتی ہے۔

معاشرتی اور تہذیبی پس منظر

اس نظریہ کے کافی شواہد میسّر ہیں کہ وادیٔ کشمیر پہلے بڑی سی جھیل تھی۔ جب 'کیشپ ریشی' کی کرامات جس کو ہم انجینئرنگ کے کارنامہ سے تعبیر کرسکتے ہیں ، ظہور پذیر ہوئیں تو آس پاس کے لوگ یہاں آ کر آباد ہوئے۔ ابتدا دردستان والوں نے کی جو خود بھی آریہ قوم کی ہی شاخ تھے۔ کیشپ ریشی غالباً برہمن تھا کیونکہ برہمن اس کے اقدام کے بعد ہی کشمیر میں آ کر آباد ہوئے۔ آہستہ آہستہ کشمیر شیو دھرم کی آماجگاہ بن گیا۔ کیونکہ سارے بر عظیم سے رشی اور مُنی یہاں تپسیا کے لیے آنے لگے۔ اس دور میں سنسکرت زبان خوب پھلی پھولی۔ برہمنوں کے آنے سے یہاں بھی لوگ چار بڑی ذاتوں یعنی برہمن ، کھشتری ، ویش اور شودر اور چھوٹی چھوٹی گوتوں میں منقسم ہوگئے۔ بت پرستی کا عام رواج ہوگیا۔ اس زمانے کے ادب پر بھی یہی رنگ غالب ہے۔

مسلمانوں کے آنے سے قبل معاشرہ ذاتوں اور گوتوں میں بٹ چکا تھا۔ معاشرتی اونچ نیچ اور تفریق نے نوع انسانی کو ایک دوسرے کا دشمن اور حاسد بنا رکھا تھا۔ مذہب یا دھرم پر صرف پنڈتوں اور پروہتوں کی اجارہ داری تھی۔ یہی وجہ تھی کہ جب اس وادی میں مذہبِ اسلام کی اشاعت ہوئی ، تو تھوڑے ہی عرصہ میں آبادی کی غالب اکثریت نے اسے بخوشی اختیار کر لیا۔ بودھ تصوف اور شیو دھرم کی توحید پرستی کسی حد تک اس مسئلہ میں اسلام کی ممّد ثابت ہوئی۔

سلطان صدرالدین شاہ (۱۳۲۰ء — ۱۳۳۰ء) جس کا سابق نام رینچن تھا ، انگلستان کے بادشاہ ایڈورڈ سوم کا ہم عصر تھا۔ اصل میں یہ لدّاخ یا مغربی تبّت کا رہنے والا تھا۔ ایک بزرگ حضرت شریف الدین سید عبدالرحمن ترکستانی شاہ بلال جن کو عرف عام میں کشمیری بلبل شاہ کہتے ہیں ، راجہ سمدیو (۱—۱۳۰۰ء ، ۲۰—۱۳۱۹ء) کے زمانہ میں کشمیر آئے۔ آپ شاہ نعمت اللہ ولی فارسی الکشمیری کے مرید تھے۔ رینچن شاہ کا اسلام قبول کرنے کا واقعہ بھی بہت دلچسپ اور روائتی انداز کا ہے۔ وہ جب حکمران ہوا تو وہ کشمیر کے مروجہ مذاہب سے اُکتا چکا تھا اور روح کے سکون کی تلاش میں تھا۔ ایک بار اس نے اور اس کے اُمراء اور وزراء نے فیصلہ کر لیا کہ راجہ دوسرے دن صبح سویرے جس مذہب کے آدمی کو سب سے پہلے دیکھے گا اس کا مذہب اختیار کیا جائے گا۔ دوسرے دن بادشاہ کی نظر ایک درویش پر پڑی جو وضو کر رہا تھا۔ وضو کرنے والا تھوڑی دیر بعد خالقِ دوجہاں کے آگے

Marfat.com

سر بسجود ہو گیا۔ یہ بلبل شاہ تھا۔ ربِّ دو جہاں کی عبادت کا یہ طریقہ بادشاہ کے دل کو متاثر کر گیا۔ اس نے شاہ صاحب کو بلوایا اور ان کے ہاتھ پر بیعت کی اس کے وزراء اور سپہ سالار نے بھی محمدِ عربی صلی اللہ علیہ وسلم کا دین اختیار کر لیا۔ بادشاہ کا اسلامی نام سلطان صدر الدین رکھا گیا۔ مگر اس واقعہ کے بعد الناس علیٰ دین ملوکھم کے مصداق لوگ جوق در جوق اسلام اختیار کرنے لگے۔

اسلامی اثرات

ہندوستان کے دوسرے علاقوں کی طرح کشمیر میں ہندوؤں کی اکثریت نے اسلام قبول کیا تو ان کی قبل ذاتوں کا سلسلہ بھی بطور ورثہ اس میں چلا آیا۔ لیکن ایک ذات یا طبقے کا دوسری ذات یا طبقے میں منتقل ہونا ناممکن نہ رہا۔ بلکہ مذہبی آزادی کی وجہ سے ایک نیم متحدہ معاشرہ وجود میں آ گیا۔ رفتہ رفتہ معاشرت اور تہذیب و تمدن میں کشمیری مسلمانوں کے ساتھ ان کا میل جول ایسا ہوا کہ اب ان کے غیر کشمیری ہونے کا کوئی نشان باقی نہیں رہا۔ لوگوں میں تارک الدنیا بننے کی بجائے محنتی اور جفاکش اور خود کفیل ہونے کا رجحان پیدا ہوا۔ چنانچہ کشمیر میں زراعت کے بعد صنعت و حرفت معیشت کا دوسرا بڑا ذریعہ بنی اور تجارت کو بھی فروغ ہوا۔ حصولِ تعلیم پر پابندیاں ختم ہونے کی وجہ سے سنسکرت کا زور کم ہو کر ختم ہو گیا۔ اس کی جگہ فارسی اور عربی نے لے لی۔ ہندو، مسلمان اور بعد میں سکھ یکساں طور پر فارسی پڑھنے لگے۔ اس کی وجہ سے معاشرے اور ادب میں وحدت اور یگانگت پیدا ہو گئی۔

برعظیم کے دوسرے حصوں کی طرح وادی میں بھی اسلام اکثر و بیشتر وسط ایشیا اور افغانستان کے راستے آیا، جہاں کی زبان فارسی تھی۔ حضرت شاہ ہمدانی (میر سید علی ہمدانی) نے اپنے سات سو ساتھیوں کو لا کر کشمیر میں تبلیغ اسلام شروع کی۔ ان سب کی مساعی کی بدولت آفتاب اسلام کی کرنیں کشمیر کے کونے کونے میں پہنچ گئیں۔ علامہ اقبال مرحوم نے انہی کی شان میں کہا ہے:

سیـــد السّادات سالارِ عجم — دستِ او معمارِ تقدیرِ اُمم
خطہ را آن شاہِ دریا آستین — داد علم و صنعت و تہذیب و دیں
آفرید آن مردِ ایرانِ صغیر — بـا ہـنر ہـائے غریب و دلپذیـر

منشی محمد دین فوق 'شباب کشمیر' میں لکھتے ہیں کہ سلطان زین العابدین (بڈ شاہ) جو اوائل عمر میں امیر تیمور کے ساتھ سمرقند گئے تھے اپنے ساتھ مزدوروں کی ایک

Marfat.com

اچھی خاصی جماعت لے کر آئے ۔ انہوں نے کشمیریوں کو مزدوری اور صنعت کی دولت سے مالا مال کر دیا ۔ کشمیر کی معاشرت میں ایک انقلاب رونما ہوا ۔ لباس ، اٹھنا بیٹھنا ، کھانا پینا ، بود و باش اور سماجی میل جول سبھی کچھ متاثر ہوا ۔ مکانات کی زیب و زینت پر بھی ایرانی رنگ غالب آیا ۔ اب یہ حال ہے کہ شادی بیاہ پر مسلمانانِ کشمیر جو متعدد سالن پکاتے ہیں ، ان کے نام بھی فارسی میں ہیں ۔ کشمیر آن کی آن میں اسلام کا ایک گہوارہ بن گیا اور پاکستان و ہند کے علاوہ ایران اور توران سے بھی لوگ آ کر یہاں حصول علم میں مصروف ہو گئے ۔ کشمیر کو ایرانِ صغیر کہا جانے لگا ۔ اورنگ زیب عالمگیر کے زمانے میں حضرت نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا موئے مبارک بھی کشمیر لایا گیا اور اسے حضرت بل کی درگاہ میں عام زیارت کے لیے رکھا گیا اس وقت سے کشمیر کو مدینۂ ثانی بھی کہا جانے لگا ۔ اورنگ زیب عالمگیر نے کشمیر کو قبۂ اسلام بھی کہا ہے ۔

کشمیری آرٹ ، فنِ تعمیر اور موسیقی پر بھی وسط ایشیائی اثر ظہور پذیر ہوا جو اب تک موجود ہے ۔ مسلمانوں کے عہد میں صنعت و حرفت یعنی پتھر پر پالش کرنا پتھر کاٹنا ، بوتلیں بنانا ، لکڑی پر نقش و نگار اور سونے چاندی کے ورق بنانے میں بڑی مہارت حاصل کی ۔

مصوری میں کشمیری قلم کو بڑی اہمیت حاصل ہے ۔ کشمیری مصور بُرش کو سادے پانی میں بھگو کر نقش ابھارتے تھے ۔ براؤن 'ہندوستانی مصوّری'[1] کے صفحہ ۱۰۵ پر لکھتا ہے کہ اس طرح کشمیری مصوروں نے بڑے ہی نازک اور لطیف رنگ پیدا کر لیے اور آئندہ کی تصویر کاری کے لیے رہنمائی کا کام کیا ۔ وہ کاغذ پر پانی ڈال کر رکھ دیتے اور جب تک سوکھ نہ جاتا نہ ہلاتے ۔ یہ نقوش چہروں اور دوسرے خد و خال کے لیے پس منظر کا کام دیتے ۔ پانی کشمیری تصویر کاری میں بنیادی رنگ کی حیثیت رکھتا تھا ۔ اس سے رنگ جمانے والے مسالے یعنی گوند ، گڑ اور السّی کا تیل وغیرہ بناتے ۔

---

(۱) کتاب انگریزی میں ہے اس کا نام Indian Painting ہے ۔

کشمیری زبان

انسانی نسلوں اور قبائل کی طرح زبانیں بھی بادلوں کی طرح ایک دوسرے میں ایسے گھل مل جاتی ہیں کہ ان کے عناصر ترکیبی کے درمیان حدِ فاصل قائم کرنا مشکل ہوتا ہے۔ تاہم کشمیری زبان کے متعلق ماہرینِ لسانیات کے نظریات اور تاریخی حقائق کی روشنی میں اس کی ابتداء اور ارتقاء کے مختلف مراحل کا کھوج لگایا جا سکتا ہے۔ آئیے ان نظریات کا جائزہ لیں۔ کشمیری زبان اس وقت ریاست جموں و کشمیر اور برِعظیم پاک و ہند میں چالیس لاکھ کے قریب انسانوں کی زبان ہے۔ یہ ایک محتاط اندازہ ہے ورنہ عبدالاحد آزاد نے کشمیری بولنے والوں کی تعداد ایک کروڑ بتائی ہے۔

کشمیری زبان کو کبھی سرکاری اور درباری زبان بننے کا شرف حاصل نہیں ہوا۔ غیر مسلم دور میں سنسکرت کا زور شور تھا تو اسلامی دور میں عربی اور فارسی کا۔ اس کے بعد سکھوں کا دور آیا۔ اس وقت بھی فارسی زبان دفتری رہی۔ ابتدائی ڈوگرہ دور میں فارسی کا ہی پرچم بلند رہا اور پھر اس کی جگہ انگریزی اور اُردو نے لی کشمیری زبان کا تو بقول اقبال یہ حال رہا کہ ——

در دیار خود غریب افتادہ است

لیکن یہ سچ ہے کہ اسلامی دور میں ہی اس بات کو پھلنے پھولنے کا پہلی بار موقع ملا۔

کشمیری زبان درد زبان کی ایک شاخ ہے کیونکہ جب کشمیر کی عظیم جھیل سے پانی نکل گیا تو سب سے پہلے دردستان کے ہی لوگ یہاں آ کر آباد ہوگئے۔ اس وقت بھی دردستان کی شینا زبان سے کشمیری زبان کو خاص مناسبت ہے۔

مسٹر بہلر کا اندازہ ہے کہ کشمیری زبان سنسکرت کی ہی شاخ ہے، لیکن یہ ہندوستان کی ان زبانوں سے خاصی مختلف ہے جو سنسکرت سے ماخوذ ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ انہوں نے ۱۸۷۴ء میں لاہور کے عجائب گھر میں کشمیری زبان کا ایک کتبہ دیکھا تھا جو دیدہ رانی کے عہد (۹۸۰ء — ۱۰۰۴ء) کا لکھا ہوا تھا۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ اس کے قریباً دو سو سال بعد پنڈت کلہن نے کشمیری مشہور تاریخ 'راج ترنگنی' تصنیف کی، جس میں کشمیری زبان کے صرف تین محاورے ملتے ہیں، جو یہ ہیں: سرانہ پٹ تہ چھوتی نا (تیرے پاس لنگوٹا بھی نہیں ہے کیا ؟) رنگس ہیون دنو ملا۔ ہوش دیو ہیو — لیکن اس میں اچنبھے کی کوئی بات نہیں ہے۔ اس سے البتہ اس نظریہ

Marfat.com

کو تقویت ملتی ہے کہ کشمیری کو کہیں درباری اور دفتری زبان ہونے کا شرف حاصل نہ ہوا۔

سر جارج گریئرسن کی رائے کے مطابق کشمیری زبان دردستان زبان کی ہی شاخ ہے۔ اگرچہ برہمنوں کی کشمیر میں آمد پر اس پر سنسکرت کے اثرات بھی ہوئے، جس کی وجہ سے اس کو سنسکرت کی بیٹی سمجھا جانے لگا۔ اس کے بعد مسلمان آئے اور اس زبان کو عربی اور فارسی نے بہت متاثر کیا۔

ڈاکٹر غلام محی الدین صوفی مصنف 'کشیر' کے الفاظ میں کشمیری زبان کو ہڈیوں کا ڈھانچہ درد زبان نے مہیا کیا۔ سنسکرت نے اسے گوشت اور پوست عطا کیا اور اسلام نے اسے روح بخشی۔ مسلمان جہاں بھی گئے انہوں نے نہ صرف معاشرے کو متاثر کیا بلکہ زبان پر بھی گہرا اثر ڈالا۔ برعظیم پاک و ہند میں اُردو زبان کی ابتدا اور نشو و نما مسلمانوں کی آمد اور استقامت سے وابستہ ہے۔ تمام اسلامی ملکوں میں عربی زبان ملکی زبانوں پر اثر انداز ہوئی اور عربی رسم الخط کو اپنایا گیا (صرف ترکی میں اتاترک کے اقتدار کے بعد یہ رسم الخط ترک کیا گیا) کشمیری زبان کا بھی اب یہی رسم الخط ہے۔

کشمیری زبان کی اصل کیفیت

گریئرسن کی یہ رائے کہ کشمیری دردستانی زبان ہے۔ تاریخی پس منظر کے اعتبار سے زیادہ حقیقت کے قریب ہے۔ اس لیے کہ اولاً وادی میں شمالی علاقوں یعنی گوریز، استور، بلتستان، لدّاخ، گلگت، داریل، چیلاس اور چترال جن کو دردستان کہتے ہیں، کے لوگ وارد ہوئے اور ان کی زبانیں ہند آریائی اور تورانی زبانوں کی مختلف شاخیں ہیں۔ اس کے بعد جنوبی علاقوں یعنی پنجاب اور سندھ جہاں ہند آریائی زبانوں (جن میں سنسکرت کو بنیادی حیثیت حاصل تھی) کے تعلیم یافتہ طبقہ کے لوگ آ بسے۔ یہ سب قبائل مختلف بولیاں بولتے تھے جن کے اختلاط اور میل جول سے ایک نئی بولی کی ابتدا ہوئی اور اس کی بنیاد دردی خاندانوں کی زبانوں پر رکھی گئی۔ یہ بولی محض ضروریات زندگی فراہم کرنے اور ایک دوسرے کے ما فی الضمیر کو سمجھنے کے لیے استعمال ہوتی تھی۔ مذہبی اور علمی حلقوں میں سنسکرت کو اوّلیت کا درجہ حاصل تھا۔ اس لیے کہ برہمنوں کی آمد سے یہ خطّہ ہندو مت کی آماجگاہ بن گیا تھا۔ جس کی وجہ سے کشمیری زبان میں سنسکرت کے الفاظ کثرت سے داخل ہوگئے۔ مگر اس زبان کی اساس دردی زبان پر قائم رہی۔ اس لیے کہ کشمیری زبان میں بعض ایسی آوازیں موجود ہیں جن کا صحیح تلفظ

Marfat.com

صرف شینا ، تبتی ، چینی اور پشتو زبانوں ہی میں پایا جاتا ہے۔

مسلمان مبلّغین کی آمد اور مسلمانوں کے اقتدار حاصل کر لینے کی وجہ سے کشمیری زبان میں عربی ، فارسی اور ترکی الفاظ کی آمیزش ہوگئی۔ اعلیٰ طبقہ کے لوگ اس زبان کو حقیر بلکہ اس کے استعمال کو گناہ سمجھتے تھے۔ اس کے باوجود اس زبان کو بڑی وسعت ملی اور یہ زبان گوریز ، استور اور بلتستان سے گزر کر گلگت اور چترال تک کے علاقوں ، وادی کشن گنگا (اب وادئ دریائے نیلم) سے مظفر آباد اور ہزارہ تک ، دوسری طرف کوہالہ ، گلمرگ اور پونچھ ، پھر ریاسی ، راجوری اور بھمبر تک ، جنوب کی طرف پیر پنچال سے بانہال ، کشتوار اور بھدرواہ اور رام بن سے جموں تک پھیل گئی۔

ایک نظریہ یہ ہے کہ کشمیری زبان عبرانی اور سریانی سے نکلی ہے۔ کشمیری ایک دوسرے کو احتراماً جُو کہتے ہیں۔ جس سے یہ مطلب لیا جاتا ہے کہ جُو کا استعمال یہودی طرزِ تحریر کے اثر کا نتیجہ ہے۔ بعض محققین کا خیال ہے کہ قدیم زمانے میں سکندر کے حملہ کے بعد کشمیر میں یونانی آباد ہو گئے تھے اور ان کی زبان عبرانی تھی جو بعد کو بگڑ کر کشمیری زبان کی شکل اختیار کر گئی۔ کشمیری قوم میں بنی اسرائیل بھی ہیں۔ لہذا ان کی زبان بھی عبرانی زبان کی ہی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ بعض مورّخین اور محقّقین اور ماہرین لسانیات و نسلیات کے مشاہدات اور ریسرچ کے پیش نظر اس بات کی قطعی تردید بھی نہیں کی جا سکتی کہ بعض اسرائیلی کشمیر آئے ہوں۔ لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ ان سے پہلے کشمیر خالی پڑا تھا ، مبالغہ ہے۔ ڈاکٹر ناموس کی کتاب ' گلگت اور شینا زبان' میں لکھا ہے کہ شینا میں جُو لفظ کا مطلب وہی ہے جو سارے ہند و پاکستان میں جی (انگریزی Sir) کا ہے۔ اب جب کہ یہ بات تسلیم کی جا چکی ہے کہ کشمیری درد زبان ہونے کی وجہ سے شینا کی بہن ہے تو یہ بات تعجب خیز نہیں کہ اس زبان میں بھی جُو احتراماً بولا جاتا ہوگا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ اسرائیل کبھی اپنے نام کے ساتھ جُو (Jew) کا لفظ استعمال نہیں کرتے۔

یورپین محقق جی ٹی وین[1] نے جو انیسویں صدی میں سکھا شاہی کے دوران کشمیر آ بسا تھا ، کشمیری زبان کے متعلق لکھا ہے کہ اس میں ۵۰ فیصد عربی اور فارسی کے الفاظ ہیں۔ یہ اندازہ کوئی ڈیڑھ سو سال قبل کا ہے اور اس میں اعتراض کی ضرورت نہیں ہے۔ ایک زبان میں جو بنیادی طور پر درد زبان ہے ، سنسکرت کے الفاظ پچاس فیصد کیونکر گھس آئے ؟ کشمیر میں برہمنوں کا راج صدیوں تک رہا اور وہ اب تک وہاں آباد ہیں۔ یہ کیسے ممکن تھا کہ درد زبان کی وہی صورت رہتی جو پہلے تھی۔ ۱۹۴۷ء کے بعد

۱- G. T. Vigne.

بھارت میں اُردو کا حشر ہمارے سامنے ہے۔ ظاہر ہے کہ اب وہاں کی اُردو میں عربی فارسی کی بجائے ہندی کے الفاظ بڑی تعداد میں شامل ہونے لگے ہیں۔

وین نے کشمیری زبان میں مختلف زبانوں کے الفاظ کا جو تناسب قائم کیا تھا وہ وقت کے ساتھ بدلتا بھی جا رہا ہے۔ زمان و مکان کے تفاوت کے ساتھ ساتھ اس تناسب میں بھی فرق آتا رہتا ہے۔ وہ اس طرح کہ جو علاقے زیادہ آباد ہوں، جہاں بیرونی علاقوں کے لوگوں کی آمد و رفت زیادہ ہو، وہ بیرونی اثرات سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ دیہات اور دور افتادہ پہاڑی علاقوں میں باہر والوں کے اثرات بہت دیر سے پہنچتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پہاڑی علاقوں کی کشمیری، دیہاتی کشمیری اور کشتواری کشمیری میں وہ الفاظ استعمال ہوتے ہیں جن کو سن کر شہر والے مسکرا دیتے ہیں یا ان کا مذاق اڑاتے ہیں۔ اہلِ شہر کو کیا معلوم کہ ابتدا میں ان کے آبا و اجداد بھی یہی الفاظ استعمال کرتے تھے۔

یہ حقیقت ہے کہ ہر دس میل کے فاصلہ کے بعد کی کشمیری زبان مختلف ہے۔ یہ حال صرف کشمیری زبان کا ہی نہیں بلکہ دوسری زبانوں کا بھی ہے۔ پنجابی کو ہی لیجیے، پونچھ کی بولی مظفر آباد سے مختلف ہے۔ ہزارہ کی پوٹھوہار سے مختلف اور پوٹھوہار کی گجرات سے مختلف، اسی طرح پنڈتوں اور مسلمانوں کی کشمیری زبان میں بھی فرق پایا جاتا ہے۔ مثلاً مسلمان پانی کو آب، اور پنڈت پون، کہتے ہیں۔ یعنی پنڈتوں کی زبان میں سنسکرت کا اثر زیادہ ہے۔

کشمیری زبان کی خصوصیت

جی ٹی وین رقمطراز ہیں: ''کشمیری زبان انگریزی اور عربی کی طرح نہایت وسیع زبان ہے اور اس کے الفاظ کے تلفظ میں ایسی ایسی عجیب آوازیں نکلتی ہیں جو کہ کسی زبان میں نہیں پائی جاتیں۔ ایک حرف کو کئی کئی آوازوں سے ادا کیا جاتا ہے اور ایک لفظ کے کئی کئی معنی نکلتے ہیں۔ اس زبان کے حروف تہجّی کی تعداد پینسٹھ کے قریب ہے۔''

پروفیسر سدھیشور ورما لکھتے ہیں: ''کشمیری زبان کی خصوصیت اس کا نہایت ہی پیچیدہ اور لطیف نظام حروف علّت ہے، اس میں ایسے باریک حروف علّت موجود ہیں جن کے وجود کو صرف بولنے والا ہی محسوس کر سکتا ہے۔ سننے والے کو بہت کوشش اور توجہ کے بعد ہی ان کا پتہ چلتا ہے۔''

''کشمیری زبان کا رسم الخط'' کے عنوان سے اسلام آباد یونیورسٹی کے رجسٹرار صاحبزادہ سید حسن شاہ (سابق پرنسپل ایس۔پی کالج سری نگر) کا نوٹ دلچسپی سے

پڑھا جائے گا:

"کشمیری کا قدیم رسم الخط شاردا تھا۔ جو شاردائی یونیورسٹی سے منسوب ہو تو کچھ عجب نہیں۔ عہد مغلیہ کے شروع تک مسلمان بھی کشمیری کے لیے شاردا استعمال کرتے تھے۔ چنانچہ مزار کلاں حضرت بہاءالدین گنج بخش اور قبرستانِ مرکزی متصل درگاہ حضرت بابا نصیب الدین غازی میں کشمیری زبان میں جو تاریخیں اور عبارتیں درج ہیں وہ شاردا رسم الخط میں ہیں۔ حضرت سلطان العارفین شیخ حمزہ مخدوم کشمیری جو کشمیری قومیت اور حُب الوطنی کے عظیم داعی اور ہم سب کے روحانی پیشوا ہیں، شاردا رسم الخط میں ہی دستاویزات پر دستخط فرماتے تھے، جو اب بھی موجود ہیں۔ دیوناگری میں ہندی رسم الخط کا استعمال سکھ ڈوگرہ دور سے پہلے کشمیر میں ثابت ہے۔ کشمیری کے لیے فارسی رسم الخط کا استعمال سولہویں صدی سے شروع ہوا۔ یہ رسم الخط نسخ تھا اور بابا نصیب نے اسے 'کشور نامہ' میں استعمال کیا۔ اس کے قدیم نمونے حضرت بل کے کتب خانہ میں موجود ہیں۔

فارسی رسم الخط میں حروفِ علت کی ایزادی کی ضرورت اور اس پر غور و فکر کا سہرا سیف الدین لدھیانوی (اتالیق شہزادہ شجاع الملک) کے سر ہے۔ ان کا رسالہ 'اصواتِ کشمیری' راقم نے دریافت کیا اور اس کی تدوین و اشاعت کی طرف سرینگر میں اربابِ اقتدار کی توجہ دلائی۔ کشمیر میں انیسویں صدی اور بیسویں صدی کے اوائل میں اس رسم الخط میں کتابیں چھپتی رہیں۔ پروفیسر سرس کینٹھ خوشحال نے کشمیری کے لیے بین الاقوامی رسم الخط کی تحریک شروع کی۔ لیکن انہیں کامیابی نہ ہوئی۔ ۱۹۴۸ء میں خواجہ غلام احمد کشائی مرحوم کے زیر صدارت ایک کمیٹی نے نئے اعراب کے ساتھ خط نسخ کشمیری ایجاد کیا اور ۱۹۵۴ء تک درسی کتب اسی میں شائع ہوتی رہیں۔ پنڈت لوگ نسخ کو قرآنی رسم الخط قرار دے کر اس کی مخالفت کرتے رہے۔ بالآخر پروفیسر جیالان کول کی کوشش سے خط نستعلیق بحال ہوا مگر اعراب قائم رہے۔ اس کمیٹی کے اراکین میں راقم اور مولوی عبداللطیف نے دیگر اراکین سے اختلاف کر کے الگ نوٹ دیا اور خط نسخ کو بحال رکھنے پر زور دیا۔ بہر کیف بخشی غلام محمد نے پنڈتوں کو خوش کرنے کے لیے پروفیسر کول کی تجویز قبول کر لی۔"

کشمیری زبان کا رسم الخط

درد زبانوں میں سے کسی ایک کا اپنا رسم الخط نہیں تھا اور نہ اب تک ہے۔ ان سب زبانوں میں سے کشمیری کو ہی یہ امتیاز حاصل ہے کہ اس کے پاس اپنا کافی ادب موجود

Marfat.com

ہے - برہمنوں کے دور سے قبل تو کتابوں کا سوال ہی نہیں تھا - اس دور میں کشمیری ایک عوامی بولی تھی - برہمنوں نے سنسکرت کو فروغ دیا اور وہی سرکاری اور مذہبی زبان بن گئی - مگر سنسکرت زبان لسانی تعصّب اور مذہبی تقدّس کی وجہ سے کشمیری زبان کے ہم آہنگ نہ ہو سکتی تھی اور نہ ہوسکی - کشمیری زبان کا پرانا ادب بے شک ان لوک گیتوں ، چھکریوں ، روہ اور ونہ ون پر مشتمل ہوا ہوگا جو شاعروں کے ناموں کے بغیر ہی لوگوں کے سینہ بسینہ منتقل ہوتا چلا آ رہا ہے - 'لول' کشمیری میں عشقیہ نظم کو کہا جاتا ہے - 'روہ' کا گانا عورتیں گاتی ہیں - شاذ و نادر ہی ایسا ہوتا ہے کہ دیہات میں کشمیری مرد بھی روہ میں شامل ہو جائیں -

جب کشمیر میں اسلام پھیلا تو درس و تدریس کا سلسلہ عام ہو گیا - مقامی لوگوں کو مذہب اور دوسرے علوم کے رموز ان کی اپنی ہی زبان میں سمجھانا ضروری تھا ، اس لیے ان کی مقامی بولی کو امدادی زبان کے طور پر استعمال کیا گیا اور اسے بھی اس طرح سے پھلنے پھولنے کا موقع مل گیا - زین العابدین بڈ شاہ کے دور کے بعض مصنفین نے کشمیری زبان کو شاردا ، دیوناگری اور ہندی رسم الخط میں ڈھالنے کی کوششیں کیں ، لیکن یہ کوششیں زیادہ کامیاب نہ ہو سکیں - البتہ اس زمانے میں کشمیری علم و ادب کی تدریس شروع ہوئی - 'سورو دیا' میں موسیقی کے متعلق ، 'مہانیا پرکاش' میں شیو دھرم کے فلسفہ کے بارے میں ، 'ست پیر' میں ادب اور نجوم کے متعلق اور 'رام اوتار چرت' میں راجہ رام چندر جی کے حالات لکھے گئے ہیں - یہ کتابیں شاردا ، ناگری رسم الخط میں لکھی گئی تھیں - مؤخرالذکر کتاب البتہ فارسی رسم الخط میں بھی ملتی ہے - غیر مسلم اس زمانے میں کشمیری زبان کے لیے شاردا رسم الخط کو اور مسلمان فارسی رسم الخط کو استعمال کرتے رہے ہیں - لیکن فارسی عربی اور اُردو رسوم الخط کشمیری حروف علت کو کماحقہ ادا کرنے سے قاصر ہیں - اس لیے اب کشمیری مصنفین نے تقسیم کشمیر کے بعد نستعلیق رسم الخط میں مزید ترمیمیں کی ہیں اور وہ ایک ایسے رسم الخط کو وجود میں لا کر استعمال کر رہے ہیں ، جو کشمیری واویل آوازوں کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے - چنانچہ اب موجودہ دور کے کشمیری غیر مسلم مصنفین نے بھی اپنی نظم و نثر کی تصانیف کے لیے یہی رسم الخط استعمال کرنا شروع کر دیا ہے -

کشمیری زبان پر فارسی اور عربی کا اثر

کشمیر میں فارسی زبان کو عروج شاہ میری خاندان کے حکمران سلطان شہاب الدین غازی کشمیری (م — ۱۳۸۹ء) کے دور میں ہوا - عربی تو اب مذہبی زبان تھی ہی - فارسی کو

Marfat.com

بھی لوگوں نے بہت اونچا درجہ دیا ۔ سب سے زیادہ ترقی فارسی کو سلطان زین العابدین بڈ شاہ کے زمانہ میں ہوئی ۔ جنہوں نے اس کو سرکاری زبان قرار دیا ۔ آپ نے ایک دارالترجمہ قائم کیا جس کو سنسکرت اور دوسری دیسی زبانوں سے کتابوں کو فارسی میں منتقل کرنے کی سہولتیں دی گئیں ۔ مسلمان تو مسلمان ، کشمیری پنڈتوں نے بھی فارسی سیکھی اور اس میں اتنی دسترس پیدا کی کہ ایرانی اہلِ زبان بھی ان کی قدر کرنے لگے ۔ پنڈتوں نے بھی فارسی میں کتابیں تصنیف کیں ۔ فارسی زبان اور ایرانی تہذیب و تمدن کشمیر میں اس طرح عام ہوا کہ کشمیر کا نام ایرانِ صغیر پڑ گیا ۔ مرزا صائب اصفہانی اور ابوطالب کلیم جیسے اساتذہ ملا محمد طاہر غنی کشمیری سے شرف ملاقات اور اس کے کلام کا مفہوم سمجھنے کے لیے کشمیر آتے رہے ۔

حضرت شاہ ہمدانی قدس اللہ سرہ العزیز کے ساتھ جو سات سو سادات آئے تھے ، ان کی زبان فارسی تھی ۔ انہوں نے کشمیر میں اشاعتِ اسلام کا کام سر انجام دیا ۔ مساجد میں عربی نماز پڑھنے کے بعد اور مسنون دعاؤں کے بعد فارسی میں طویل و عریض دعائیں پڑھی جانے لگیں اور ان کے پڑھنے کا کشمیر میں آج تک رواج ہے ۔

فارسی زبان میں جتنی بھی اہم کتابیں تھیں ان کا ترجمہ کشمیری فارسی دانوں نے کشمیری زبان میں کیا ۔ چونکہ اس وقت کشمیری کا کوئی اپنا رسم الخط نہیں تھا ، اس لیے فارسی کے نستعلیق رسم الخط کو ہی کشمیری کے لیے اپنایا گیا ۔ معروف کشمیری شاعر محمود گامی (م — ۱۸۵۵ء) نے 'زلیخا یوسف' 'شیریں خسرو' 'لیلیٰ مجنوں' اور ہارون الرشید ، عزیز اللہ حقانی نے 'ہارون الرشید' 'محمود غزنوی' اور 'شیخ صفار' کے واقعات کو نظم کیا ۔ عبدالوہاب (م — ۱۹۰۴ء) نے 'شاہنامہ فردوسی' کا کشمیری زبان میں ترجمہ کیا ۔ اس لیے ایک تو فارسی زبان کے اثرات کی وجہ سے فارسی رسم الخط رائج ہو گیا ۔ دوسرے فارسی کے منظوم قصوں کے تراجم کے باعث کشمیری شاعری میں لگ بھگ وہی عروض استعمال ہونے لگے ، جو فارسی میں رائج تھے ۔ کشمیری میں فارسی کے اوزان اور بحور عام ہو گئے ۔ عام کشمیری زبان بھی متاثر ہوئی اور اس کی لغت میں بھی خاصی وسعت پیدا ہو گئی ۔ کشمیری زبان کو علمی ادبی اور مذہبی اصطلاحات کا ایک ایسا ذخیرہ مل گیا جو اب اس زبان کا ہی حصہ بن چکا ہے ۔ فارسی اشعار اور ضرب الامثال کشمیری لوگ روزمرّہ کی بات چیت میں اس طرح استعمال کرتے ہیں جس طرح خود ایرانی کرتے ہیں ۔ استعمال کرنے والوں میں پڑھے لکھوں کے علاوہ ان پڑھ بھی شامل ہیں ۔

کشمیری ادب کی ابتداء اور ارتقاء ۔ شاعری کی اصناف

دوسری زبانوں کی طرح کشمیری زبان کا ابتدائی ادب بھی لوک گیتوں پر ہی مشتمل

Marfat.com

ہے - یہ لوک گیت عرصہ سے لوگوں میں سینہ بسینہ محفوظ چلے آتے ہیں - اور نئے لوگ ان میں حسب ضرورت ترمیم و تنسیخ بھی کرتے رہتے ہیں - لوک گیتوں اور شعر کی یہ قسمیں ہیں :

۱- روف : ہلکے پھلکے گیت جو عورتیں کھڑی ہو کر گاتی ہیں - اس کو رقص آمیز گیت کا نام دینا سراسر زیادتی ہے - کشمیری عورتیں یہ گیت کھڑی ہو کر ضرور گاتی ہیں - لیکن رقص نہیں کرتیں ، کیونکہ وہاں کے مسلمانوں میں عورتوں کا رقص کرنا معیوب سمجھا جاتا ہے - ان گیتوں میں مذہبیت کا رنگ غالب ہوتا ہے - ان کی بحر طویل نہیں بلکہ مختصر ہوتی ہے - عورتوں کے دو گروہ بنتے ہیں جو آمنے سامنے کھڑے ہو کر باری باری ایک ایک بند یا ایک ایک شعر مل جل کر گاتی ہیں - عشور روہ ہے :

عید آیہ رسہ رسہ - عید گاہ دہووے - عید گاہ رسہ وے

(عید رفتہ رفتہ آتی ہے - آؤ عید گاہ چلیں ، آؤ عید گاہ چلیں ، سکھیو)

روہ کی ابتداء اس شعر سے کی جاتی ہے :

سمتوی و گنیو روہ ہے کرہ دے - روہ ہے کرہ وے

(و گنیو - اے اسپراؤ - آؤنا روہ کا گانا گائیں - گانا گائیں) -

جب یہ الفاظ چند لڑکیاں یا عورتیں ادا کرتی ہیں تو یہ دوسریوں کے لیے جمع ہونے کا اشارہ ہوتا ہے - تاکہ وہ ان کے ساتھ مل کر گانا گائیں - چنانچہ آہستہ آہستہ گانے والیوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا جاتا ہے - خاموش دیہات میں جب ایک گاؤں سے یہ روحانی نغمے دوسرے گاؤں میں پہنچتے ہیں تو فضا میں ارتعاش پیدا ہوتا ہے - رمضان کے مہینے میں اور عید کے دن یہ نغمے خاص طور پر گائے جاتے ہیں -

ونہ ون : اس کی ایک ہی مقررہ بحر ہے اور یہ شادی بیاہ کے ہی موقع پر گایا جاتا ہے - ابتداء اس مصرعہ سے ہوتی ہے :

بسم اللہ کیرتھ ہمے ونہ وونوئی صاجن انجام او نوے

(بسم اللہ الرحمٰن کہہ کر ہم گانا شروع کرتی ہیں - اللہ تعالیٰ نے یہ شادی بیاہ کا کام انجام تک پہنچایا) - اس کے بعد سرورِ کونین صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شان میں شعر کہے جاتے ہیں - پھر دلہن اور دولھے کی شان میں زمین اور آسمان کے قلابے ملائے جاتے ہیں اور ساتھ ساتھ دولہا میاں کو منظوم نصیحتیں کی جاتی ہیں -

دولہا کو کشمیری میں ''مرازہ'' کہتے ہیں جو لفظ مہاراجہ کی کشمیری صورت ہے - دلہن کو مہارن کہتے ہیں جو مہارانی کی کشمیری صورت ہے - گویا یہ دولہا اور دلہن ایک دن کے لیے مہاراجہ اور مہارانی ہوتے ہیں - کشمیر میں ۱۹۳۱ء کی تحریکِ حریت کے بعد

وَنہ وَن میں بے دھڑک سیاسی مضامین بھی باندھے جاتے ہیں ۔

چھکری : یہ کورس گیت ہے جو عام طور پر مزدور ، کسان اور ہنرور (پیشہ ور) گاتے ہیں ۔ یہ قوالی سے ملتا جلتا ہے ۔

بچہ نغمہ : کشمیر میں فی الوقت عورتوں کے رقص کا رواج نہیں ۔ البتہ کشمیریوں میں پٹھانوں کی طرح لڑکے کو لڑکی کے کپڑے پہنا کر نچوانے کی علت موجود ہے ۔ جسے کشمیری میں بچہ نغمہ کہتے ہیں اور پشتو میں لخٹئے ۔ اس میں گانے والوں کا سرغنہ یہی نوجوان ہوتا ہے اور باقی اس کے چند سازندے اور ساتھی ہوتے ہیں ۔ یہ رقص اور گیت دیہات اور شہر دونوں میں عام ہیں ۔

لڑی شاہ : آپ اپنے گھر میں بیٹھے ہیں کہ یکایک ایک یا دو تین آدمی ہاتھ میں ایک لمبی سیخ لیے آتے ہیں ۔ لوہے کی اس سیخ کو لوہے کے ہی دائرے پہناتے ہیں جو سیخ سے کہیں زیادہ کھلے ہوتے ہیں ۔ آدمی اس سیخ پر ہاتھ مارتے ہیں اور ان کی آواز سے موسیقی کا سماں پیدا ہو جاتا ہے ۔ ان حضرات کو لڑی شاہ کہا جاتا ہے ۔ لڑی دھن ہندی لفظ ہے ۔ جس کا مطلب ہار ہوتا ہے ۔ لیکن یہاں لڑی موتیوں کی یا پھولوں کی نہیں آہنی دائروں کی ہوتی ہے جس کے اندر دھاگا نہیں لوہے کی سیخ پروئی ہوتی ہے ۔ لڑی شاہ ہاتھ بھی مارتا جاتا ہے اور گانا بھی گاتا جاتا ہے اس گانے کی ایک ہی بحر ہے جو ازمنۂ قدیم سے نہیں بدلی ۔ موجودہ عروض کے حساب سے اس کا وزن یہ کچھ ہے :

فاعلن فاعلن فاعلاتن

لڑی شاہ دیہاتی اور شہری لوگوں کے لیے تفریح کا سستا ذریعہ ہے ۔ لڑی شاہ پرانے دیومالائی یا تاریخی قصے ، موجودہ جنگ و جدل کی کہانیاں ، قحط یا سیلاب کی تباہ کاریاں یا سیاسی ایجی ٹیشن کی روئداد اپنی نظم میں سناتے ہیں ۔ اس میں مزاح کا عنصر بھی ہوتا ہے ۔ یہ لوگ ہر نئے واقعہ کو بڑی تیزی سے نظم کی صورت دیتے ہیں اور سننے والوں کو اپنے زورِ بیان سے مسحور کر لیتے ہیں ۔ لڑی کی موسیقی کے ساتھ ساتھ ان کا زورِ بیان انسان کو اپنی طرف متوجہ کیے بغیر نہیں رہتا ۔ جب ہوائی جہاز پہلی بار کشمیر آیا تو لڑی شاہ بولے :

ہوائی جہازہ آو ملک کشمیر یحووچھ تمو پڑ توبہ تقصیر

(جب ہوائی جہاز کشمیر آیا تو لوگوں نے ڈر کے مارے توبہ استغفار کیا) ۔ سیلاب کا نقشہ ان الفاظ میں دیکھئے :

مٹی پو روتہ کھوت آب سیلاب نٹی پورو اتی جندہ بیت ژراہ

(جب نٹی پور گاؤں میں پانی کا سیلاب آیا تو نٹی پورہ کے لوگ اپنے ساز و سامان کو لے کر چرار شریف سے پندرہ میل دور بھاگ گئے) ۔

زنانہ دپ مردس یہ کہو گوم　　کسابہ ہے اوسم سہ کتو گوہ
سہ ہے ینوئی گرابن گھر یکر ناوان　　آب سیلابک ؤچھ طوفان

ترجمہ : عورت نے خاوند سے کہا ،
ہائے یہ کیا ہوگیا !
میرے سر کا کسابہ کہاں گیا ؟
وہ بولا ۔ اری اسے تو سیلاب اپنے ساتھ بہا کر لے گیا ۔
دیکھو سیلاب کی تباہ کاریاں !

آزاد کشمیر ریڈیو سے شاعری کی اس صنف کے ذریعے بھارتی ڈوگرہ استبداد کے خلاف اچھا خاصا دلچسپ اور موثر پروپیگنڈا کیا جاتا رہا ہے ۔

ویداکھ : المیہ نظم یا مرثیہ ہوتا ہے جو کسی شخص کی موت ملک یا قوم کی تباہی پر لکھا جائے ۔

صوفیانہ کلام : وہ غزل ، نظم ، رباعی یا کلام ، جس میں تصوف یا روحانی عشق و محبت کا مضمون باندھا گیا ہو ۔ جس طرح قوال لوگ ایک ہی شعر یا مصرعہ کو کافی دیر کھینچ تان کر بیان کرتے رہتے ہیں اسی طرح صوفیانہ کلام میں بھی ہوتا ہے ۔ جامی کی رباعی ہے :

خطِ سبز و لبِ لعل و رخِ زیبا داری　　حُسنِ یوسف[۴] دمِ عیسیٰ[۴] یدِ بیضا داری
شیوۂ شکل و شمائل حرکات و سکنات　　آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

صوفیانہ طرز میں اس کے گانے پر بھی پانچ منٹ لگائے جائیں گے ۔

چند کہاوتیں : کشمیر کہاوتوں کا ملک ہے ۔ اس زبان میں بے شمار کہاوتیں پائی جاتی ہیں ۔ ان پڑھ سے ان پڑھ آدمی بھی اپنی روزمرہ کی بات چیت میں کہاوت ضرور استعمال کرے گا اور وہ بھی برمحل ۔ فارسی زبان کی کہاوتیں اور شعر نما کہاوتیں بھی اکثر استعمال ہوتی رہتی ہیں ۔ چند ایک ملاحظہ ہوں :

(الف) ان سنتر کوے خدا لسین حوالہ (اندھے کی بیوی کا خدا رکھوالا)
(ب) ریہ کو وشمنی طوفان (غریب آدمی کے لیے تھوڑا سا نقصان ہی بڑا ہے) ۔
یہ محاورہ فارسی میں یوں ہے : شبنم در خانۂ ما طوفان است
(ج) ہمے رچھم تمن کش رچھتم خدایو (ہمیں دوستوں سے دوستی کی امید تھی ۔ ہمارا خیال کس قدر غلط تھا !)

Marfat.com

فارسی میں یہ محاورہ یوں ہے : ماز یاران چشم یاری داشتیم
خود غلط بود آنچہ ما پندا شتیم

(د) فیکار ہر دربار (بے کار آدمی ہر دربار میں موجود ہوتا ہے اور دخل در معقولات دیتا رہتا ہے) ۔

(و) احمقس دائے دین گہہ وژہ ککر کس نون دیون (بے وقوف آدمی کو نیک مشورہ دینا ایسا ہے جیسے گلہری کو نمک کھلانا ۔ یعنی بے سود کام کرنا) ۔

(ر) آیے یہ داند رس تہ گیلا گاندرس (کنجڑے کی بلا نانبائی کے سر ۔ یعنی بندر کی بلا طویلے کے سر) ۔

(ز) اینم سوئے دوم سوئے سجم سوئے پانسی (میں نے کاٹنے والا پودا [پہاڑی میں "کنجی"] لا کر بویا ۔ اس نے مجھے ہی کاٹ لیا ۔ خود کردہ را علاجے نیست)

(ح) انس مشو ہاوین نہ گناہ نہ ثواب (اندھے کو مکہ دکھانا نہ گناہ ہے نہ ثواب ۔ یعنی بھینس کے آگے بین بجانا) ۔

کشمیری لوک کہانیاں

کسی علاقے کے معاشرتی حالات اور تہذیب و ثقافت کو سمجھنے میں وہاں کی لوک کہانیاں جتنی مددگار ہو سکتی ہیں ، شاید کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہو سکتا ۔ اس لیے کہ لوک ادب میں یہاں کے رہنے والوں کے رسم و رواج ، جذبات و احساسات ، طرزِ زندگی اور اندازِ فکر کا کھلا ، واضح اور براہ راست اظہار پایا جاتا ہے ۔ لہٰذا لوک ادب میں معاشرے کی جو تصویریں بنتی ہیں وہ واضح اور حقیقی ہوتی ہیں ۔ فنی لوازم اور زیب داستان کے شوق کے تلے دب کر بگڑ نہیں جاتیں ۔

کشمیری لوک کہانیوں میں بھی وہاں کے لوگوں کی زندگی کی حقیقی تصویریں ملتی ہیں ۔ البتہ بعض کہانیاں مختلف اقوام کے ساتھ سفر کرتی ہوئی دوسرے علاقوں میں پہنچ جاتی ہیں ۔ لیکن یہ کہانیاں واقعات اور مذکورہ مقامات کی وجہ سے الگ پہنچانی جاتی ہیں ۔ چنانچہ 'تین شہزادے' ایک ایسی ہی کہانی ہے جو کشمیر میں رائج ہے ۔ اس میں سمندر کا ذکر ملتا ہے ۔ ظاہر ہے کہ کشمیر سمندر سے بہت دور پہاڑی علاقہ ہے ۔ لہٰذا یہ کہانی یہاں کے لوگوں کی نہیں ہو سکتی ۔ بلکہ کسی ساحلی علاقے سے یہاں پہنچی ہوگی ۔ کشمیری لوک کہانیوں کو موضوع کے اعتبار سے مندرجہ ذیل طور پر تقسیم کر سکتے ہیں :

۱- مہم جوئی کی کہانیاں مثلاً تین شہزادے

Marfat.com

۲- جانوروں کی کہانیاں
۳- مزاحیہ کہانیاں
۴- روایات پر مبنی کہانیاں
۵- رومانوی کہانیاں

ان کہانیوں میں بہت سی کہانیاں کرداروں کے ناموں کے اختلاف اور واقعات کے معمولی تصرف کے ساتھ پاکستان و ہند کے دوسرے علاقوں میں بھی رائج ہیں - یہاں ہم چند ایک اُن کہانیوں کا ذکر کرتے ہیں ، جو اس خطہ سے مخصوص ہیں :

۱- گیشیراری اور ویسٹروان

یہ دو پہاڑیوں کے نام ہیں - روایت ہے کہ ویسٹروان کی چوٹی کشمیر کی دوسری چوٹیوں سے بلند تھی - یہ اس وقت کا ذکر ہے جب دنیا نئی نئی آباد ہوئی تھی اور پہاڑوں کی چوٹیاں آسمان تک پہنچ رہی تھیں - نانگا پربت کی چوٹی بھی ویسٹروان کے کندھوں تک مشکل سے پہنچتی تھی - اگرچہ ویسٹروان سب سے بلند پہاڑ تھا مگر گیشیراری اپنی خوبصورتی کے اعتبار سے سب سے ممتاز تھی - چنانچہ ویسٹروان نے جب گیشیراری کی طرف دیکھا تو دیکھتا ہی رہ گیا ، حتیٰ کہ اس کی محبت میں گرفتار ہو گیا - گیشیراری ویسٹروان کی بلندی پر رشک کرتی تھی اور چاہتی تھی کہ کسی طرح اس کے غرور سے بلند سر کو جھکا دے - لہٰذا جب ویسٹروان نے اپنی محبت سے مجبور ہو کر گیشیراری سے کہا ''اے حسین پہاڑی ! مجھے پیار سے چوم لو ، ورنہ میں مر جاؤں گا -'' تو اس نے عیاری سے جواب دیا کہ ''او مغرور پہاڑ ! میں تمہیں کیسے چوم سکتی ہوں جبکہ ہمارے درمیان میلوں کا فاصلہ ہے - میرے لب تو اس وقت بھی تمہارے لبوں تک نہ پہنچ پاتے جب میں تمہارے برابر کھڑی ہوتی -'' اس کے باوجود ویسٹروان اصرار کرتا رہا - حتیٰ کہ گیشیراری نے مسکرا کر کہا ''تم اگر بوسہ لینا چاہتے ہو تو اپنے غرور کو چھوڑو اور اپنی تمام تر لمبائی کے ساتھ میری طرف جھکو - تب میں بڑھ کر تمہارا بوسہ لوں گی ، اس پر ویسٹروان نے اپنا بڑا حصہ کشمیر کی وادی پر پھیلا دیا اور پہاڑوں اور وادیوں پر سے ہوتا ہوا گیشیراری کے دامن تک پہنچ گیا - مگر گلیشر جیسا سرد دل رکھنے والی ملکہ نے اپنا چمکتا ہوا سر اور بھی بلند کر لیا اور ہنستے ہوئے کہنے لگی ''جتنے عاجز اور مسکین ہیں سب سے پیار کرو -''

کہتے ہیں کہ یہی وجہ ہے کہ ویسٹروان کا پہاڑ وادی اور پہاڑوں کے اُوپر سے پھیلتا ہوا چلا جاتا ہے حتیٰ کہ اس کا سرا گیشیراری کی پہاڑی کے قدموں تک پہنچ جاتا ہے

۲- ہیہ مال (چنبیلی کا ہار)

یہ ایک عشقیہ داستان ہے اور اس لحاظ سے کہ جہاں 'لیلیٰ مجنوں' اور 'وامق عذرا' کے قصے عرب سے اور 'شیریں فرہاد' کا قصہ ایران سے کشمیر آیا وہاں 'ہیہ مال' (چنبیلی کا ہار) خود اسی سر زمین کی پیداوار ہے - یہ قصہ کرداروں کے اعتبار سے اسلام سے بہت پہلے کا ہے - قصہ یوں ہے :

کہتے ہیں کشمیر کے پانڈو حکمران خاندان کے ۳۳ ویں راجے کی لڑکی کا نام ہیہ مال تھا - یہ لڑکی بہت حسین تھی - چنانچہ اس کے حسن کا چرچا سارے برِّ صغیر میں ہو گیا - حتیٰ کہ ناگ قوم کے شہزادہ ارجن نے اس کا نام سنا اور نادیدہ اس شہزادی پر عاشق ہو گیا اور جب عشق کی تاب نہ لا سکا تو فقیرانہ لباس پہن کر کشمیر جا پہنچا - کسی طرح شہزادی تک رسائی حاصل کی - وہ بھی ہزار جان سے اس پر فریفتہ ہو گئی اور سوئمبر رچا کر اس فقیر کو خاوند منتخب کر لیا - دوسروں کے طعنوں اور باپ کے منع کرنے کے باوجود اس سے شادی کر لی - ناگ شہزادہ نے اپنی اصلیت ابھی تک شہزادی سے پوشیدہ رکھی تھی - جب سہیلیوں نے طعنے دیے کہ فقیر کی ذات کا پتہ نہ گوت کا ، نہ جانے تو نے کس اجنبی سے شادی رچا لی ، تو شہزادی نے ناگ شہزادے سے اس کی اصلیت کے متعلق سوال کرنے شروع کر دیے - جب اصرار بڑھا تو ارجن ناگی نے سانپ کا روپ دھارا ، دودھ کے کڑاھے میں ڈبکی لگائی اور پاتال کی راہ لی - اب شہزادی اس کے فراق میں تڑپنے لگی - اسے افسوس تھا کہ اس نے سہیلیوں کے کہنے پر اپنے خاوند کو بھاگنے پر مجبور کیا - آخر اس نے راج پاٹ کو لات ماری ، بھیس بدلا اور اپنے پتی کی تلاش میں نکل کھڑی ہوئی - بڑی مصیبتوں اور دوڑ دھوپ کے بعد ناگاؤں کے دیس میں پہنچی جہاں اس کی اپنے عاشق خاوند سے پھر ملاقات ہو گئی اور وہ ہنسی خوشی رہنے لگے -

اب ایک اور کہانی ملاحظہ فرمائیے :

۱ کہ نندن

اسے پرکاش بٹ ، احد زرگر ، رمضان بٹ وغیرہ نے نظم کیا ہے - یہ کہانی یوں ہے کہ سلطان نگر میں ایک نیک بادشاہ چکنہ ویگ اور اس کی رانی رتن مالا رہتے تھے - ان کے ہاں گیارہ لڑکیاں تھیں اور لڑکا کوئی بھی نہیں تھا - دونوں نے خدائے قدیر کے ہاں دعائیں کیں کہ ہمیں اولادِ نرینہ عطا فرما - دعا منظور ہوئی ، وہ اس طرح کہ ایک جوگی آیا - اس نے دونوں کو کہا کہ لڑکا تمہارے ہاں ضرور ہوگا - لیکن اس کی یہ شرط

Marfat.com

ہے جب وہ بارہ سال کا ہوگا تو اس کو میں جو چاہوں کر دوں گا۔ والدین نے شرط کے ساتھ اتفاق کیا۔ یہ سوچا کہ جوگی نے آخر لڑکے کو کرنا کیا ہے۔ وہ لے بھی جائے تو لڑکا ہمارا ہی ہوگا۔ لڑکا جب پیدا ہوا۔ اس کا نام چکنہ ویگ اور رتن مالا نے اکہ نندن رکھا۔ یہ بڑا ہونہار اور پیارا لڑکا ثابت ہوا۔ اس نے پڑھائی لکھائی اور شرافت و ذہانت میں نام پیدا کر لیا۔ جب بارہ سال ہوئے تو ایک دن یک لخت وہی جوگی نمودار ہوا اور اس نے مطالبہ کیا کہ اکہ نندن کو میرے حوالے کر دیا جائے۔ جوگی نے ایسی کرخت آواز میں جس سے سننے والوں پر ہیبت طاری ہوتی تھی حکم دیا کہ اکہ نندن کو میرے کھانے کے لیے ذبح کیا جائے۔ کیونکہ مجھے بھوک لگی ہے۔ احد زرگر لکھتا ہے:

آو جو گیاہ ژاو نتھ نتوتے کتہ تھووں اکہ نند نوئے

(ایک ننگ دھڑنگ جوگی آیا اور اس نے پوچھا کہ کہاں رکھا ہے تم نے اکہ نندن کو؟)

راجہ نے اپنے بیٹے کو ذبح کیا۔ رانی اس کا گوشت پکاتی رہی۔ بقول احد زرگر:

باللہ اکہ نندش چھ دیگر پاکوان دلا سوز ماتم کران گڑھ بیان

(قسم ہے اللہ کی کہ اکہ نندن کو دیگ میں پکایا جاتا رہا۔ اے دل ماتم کا سوز بیان کرتا جا) اس کی ماں اور گیارہ بہنوں کی چیخ پکار سے پتھر بھی پگھل رہے تھے سوائے جوگی کے جو کہ خوش تھا)۔

پکوان تیار ہوگیا تو جوگی نے حکم دیا کہ باپ ماں اور گیارہ بہنیں میرے ساتھ دسترخوان پر اکہ نندن کا گوشت کھانے کے لیے بیٹھ جائیں۔ سب لوگ دسترخوان پر بیٹھے تو جوگی نے پوچھا کہ اکہ نندن بھی اس گھر کا فرد ہے اس کے کھانے کی تھالی کہاں ہے؟ راجہ رانی اور راجکماریاں حیران ہوئیں کہ جوگی کیا کہہ رہا ہے۔ جوگی نے کہا کہ اکہ نندن کو بھی بلاؤ جوگی کے سحر انگیز حکم کے تحت ماں نے پکارا اکہ نند نو! تو جواب آیا ہو! چشم زدن میں ایک طرف سے اکہ نندن ہنستا ہوا آیا اور دوسری طرف جوگی مع خوان کے غائب ہوگیا۔ اکہ نندن نے کہا کہ ماں مجھے تو بھوک لگی ہے کھانا دو۔ اس طرح سے یہ ماتم عید میں تبدیل ہو گیا۔

ظاہر ہے کہ اکہ نندن کے ذبح ہونے کا واقعہ ایک کشفی واقعہ تھا۔ ڈاکٹر صوفی کے بیان کے مطابق اس واقعہ کو حضرت اسماعیل ذبیح اللہ کے واقعہ کے ساتھ خاصی مناسبت ہے (یہودیوں اور عیسائیوں کے عقیدہ کے مطابق حضرت ابراہیم کو حضرت اسحٰق کے ذبح کرنے کا حکم ملا تھا نہ کہ اسماعیل کو) جوگی کی دوبارہ آمد کا قصہ محض راجہ اور رانی کی آزمائش تھی۔ کشمیری ادب میں اس قصہ کی عرصہ دراز سے موجودگی اس بات کی

Marfat.com

گواہی دیتی ہے کہ کشمیری میں سامی روایات بہت پہلے کسی نہ کسی طرح آ چکی تھیں۔ اکہ نندن ساری رات اس طرح پڑھا جاتا ہے جس طرح پنجاب میں 'ہیر رانجھا یا 'سوہنی مہینوال' کا قصہ۔ جب اکہ نندن کے ذبح کرنے کا واقعہ شعر میں بیان کیا جاتا ہے تو آہ و بکا کا سماں پیدا ہو جاتا ہے۔ سنانے اور سننے والے دونوں آب دیدہ ہو جاتے ہیں۔ سردی کی طویل راتیں اس قسم کی قصہ خوانی کے لیے مخصوص ہیں، جب کھیتوں میں اور گھروں کے باہر برف پڑی ہوتی ہے، باہر کا کام نہیں کیا جا سکتا اور کھانے کے لیے دانے گھروں میں جمع ہوتے ہیں۔

کشمیری ادب (شاعری) پر ایک اجمالی نظر

جیسا کہ پہلے لکھا گیا ہے کشمیری علم و ادب کا ذخیرہ پیشتر نظم میں ہے۔ نثر کی کتابوں کی تعداد انگلیوں پر گننے کے قابل ہے۔ لہٰذا کشمیری زبان کی تاریخ اس کے شعر کی ہی تاریخ ہے۔ اس وجہ سے عبدالاحد آزاد مرحوم نے اپنی کتاب کا نام 'کشمیری زبان اور شاعری' ہی رکھا ہے، جو شبلی کے 'شعر العجم' کی طرح لکھی گئی ہے۔ اس میں کشمیری کو چار دوروں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

کشمیری ادب اور شاعری کا دورِ اول۔ ۱۴۲۲ء تک

یہ وہ دور ہے جب مذہبِ اسلام کشمیر کے بلند و پست پر چھا رہا تھا۔ اس زمانے سے قبل بھی لا تعداد شاعر گزرے ہوں گے لیکن ان کا کوئی تحریری ثبوت موجود نہیں۔ قابل قدر تین ہیں۔ شتی کینٹھ، للّہ عارفہ اور شیخ نورالدین صری۔ شتی کنیٹھ پہلا کشمیری شاعر ہے جس کا کلام دستیاب ہے۔ یہ تیرھویں صدی عیسوی میں گزرا ہے۔ اس کے کلام کا مجموعہ 'مہانیہ پرکاش' ہے۔ اس کے کلام میں سنسکرت کے الفاظ کی بہتات ہے اور ہندو دھرم کے خیالات بیان کیے گئے ہیں۔ یہ کتاب سری نگر سے چھپ چکی ہے۔ لیکن عام لوگ اس سے متعارف نہیں۔

للّہ عارفہ

جن کو لل ماج، لل دیدی، للی ایشوری بھی کہا جاتا ہے۔ یہ کشمیر کی ایک

Marfat.com

غیر معمولی بیٹی تھی - غیر مسلم اِن کو دیوی اور مسلمان ولی اللہ سمجھتے ہیں - آپ کا نام پدماوتی تھا - آپ ۱۳۳۵ء میں پاندریٹھن (سری نگر سے چھ میل) میں پیدا ہوئیں، جب کہ ہندوستان میں محمد تغلق حکمران تھا - آپ کی شادی قریب کے گاؤں پدمان پور (حال پانپور) میں ہوئی - یہ علاقہ زعفران کی پیداوار کے لیے سارے برعظیم میں مشہور ہے - لل کی ساس بڑی ظالم تھی - اس کے برتن میں چاولوں کے نیچے ایک بڑا سا گول پتھر صبح و شام ڈال کر رکھ دیتی تھی اور اوپر تھوڑے سے چاول بکھیر دیتی تھی تاکہ سب سمجھیں کہ اس کا برتن کھانے سے بھرا ہوا ہے - یہ سلسلہ کئی سال جاری رہا - للّی سب کچھ برداشت کرتی رہی اور اُس نے اُف تک نہ کی - آخر ایک دن اس کے خاوند کو اس بات کا پتہ چل ہی گیا - اس پر گھر میں اچھا خاصا جھگڑا ہو گیا - للّی نے ترکِ دنیا کیا اور پھٹے پرانے کپڑے پہن کر اِدھر اُدھر گھومنا شروع کیا - جب حضرت شاہ ہمدانی کشمیر آئے، للّہ نے ان سے بھی رابطہ پیدا کیا اور ان سے دین حق کے اسرار و رموز سیکھ لیے - للّہ بیجبہاڑہ نامی گاؤں میں کافی لمبی عمر پا کر وفات پا گئی - آپ کو اسلامی طریقہ پر دفن کیا گیا، جس سے ظاہر ہے کہ آپ نے حضرت شاہ ہمدان کے ہاتھ پر بیعت کی تھی - (حضرت حسین سمنانی کو بھی للّہ عارفہ کا مرشد کہا جاتا ہے) -

آپ کے اشلوک (جن کو لل دیدہ ہندو پاٹھ بھی کہا جاتا ہے) کا ترجمہ سرجارج گریرسن نے انگریزی میں کیا ہے اور ان کو شیو دھرم کا پرستار ثابت کرنے کی کوشش کی ہے - اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ سرجارج گریرسن نے کشمیری زبان کی لغت تیار کی ہے - اس میں اسے ایک کشمیری پنڈت نے خاص مدد کی - ورنہ قیاس غالب یہی ہے کہ حضرت شاہ ہمدان، شیخ نور الدین ولی اور دوسرے مسلمان بزرگوں کے فیض سے للّہ عارفہ بھی خدائے واحد کی پرستار اور مذہب اسلام کی دلدادہ بن چکی تھیں -

للّہ نے جب ترک دنیا کیا تو گھر والوں نے اسے واپس لانے کی بڑی کوشش کی - شری کینٹھ نامی گورو بھی آیا - للّہ، اس کے خاوند اور گورو کے درمیان مباحثہ ہوا - جس میں چار سوال پوچھے گئے :

۱- سب سے اچھی روشنی کون سی ہے ؟
۲- سب سے اچھا تیرتھ کون سا ہے ؟
۳- سب سے اچھا رفیق کون ہے ؟
۴- سب سے زیادہ تسکینِ قلب کس چیز میں ہے ؟

للّہ کے شوہر نے کہا کہ :

اچھ ہیو نہ پرکاش کنے　　کو ٹھیس ہیو نہ تیرتھ کانھ

Marfat.com

چندس ہیو نہ باندو کنے　　کھنہ ہویوو نہ سو کھ کانھ

ترجمہ : اپنی آنکھوں جیسی کوئی روشنی نہیں ،
اپنے گھر (کے کمروں) کے برابر کوئی اور جگہ نہیں۔
اپنی جیب سے بڑھ کر کوئی دوست نہیں ،
اور تندرستی کے برابر کوئی چیز آرام دہ نہیں۔

گورو جی بولے :

یمریس ہیو نہ پرکاش کنے　　گنگا یہ ہیو نہ تیرتھ کانھ
بالیس ہیو نہ باندھو کنے　　رنہ ہیو نہ سوکھ کانھ

ترجمہ : سورج کے برابر کوئی روشنی نہیں ،
گنگا کے برابر کوئی تیرتھ نہیں ،
سگے بھائی جیسا کوئی دوست نہیں ، اور
بیوی کے برابر کوئی سکھ والی شے نہیں !

للّہ عارفہ نے جو سلوک کی منزلیں طے کرچکی تھی، دونوں کو اس بات سے لاجواب کردیا :

معیس ہیو نہ پرکاش کنے　　پیش ہیو نہ تیرتھ کانھ
د کیس ہیو نہ باندھو کنے　　بھیس ہیو نہ رونہ کانھ

ترجمہ : عرفان الٰہی کے برابر کوئی روشنی نہیں ہے ،
عین الیقین کے برابر کوئی تیرتھ نہیں ہے ،
اللہ تعالیٰ جیسا کوئی دوست نہیں ہے ، اور
خوف خدا (تقوی) کے برابر کوئی ذریعہ سکون نہیں ہے!

قرآن پاک میں بھی آیا ہے :
الا بذکر اللہ تطمئن القلوب! اللہ کے ذکر سے ہی قلب مطمئن ہوتا ہے۔ للّہ کے شلوک ذکرِ الٰہی سے بھرپور ہیں۔ بایں ہمہ آپ کا فلسفہ ہمہ اوست کا فلسفہ ہے۔ پھول ہو یا گھاس، بھیڑ ہو یا اس کو ذبح کرنیوالا ، للّہ کو ان سب میں ذات باری کا ہی جلوہ نظر آ رہا ہے۔ للّہ اللہ تعالی سے ایک بندۂ گستاخ کی طرح سوال پوچھنے سے بھی دریغ نہیں کرتی۔ کہتی ہے :

پانے پانس چھک اتمو داران　　ژئی ہے ناران تہ یم کم وہ
پانے پانس کھستر کرہ ناوان　　ژئی ہے ناران تہ یم کم وہ

ترجمہ : تو بھکاری بن کر خود ہی اپنے سے بھیک وصول کرتا ہے ،
تو ہی مالک ہے۔ تو یہ کیا چکر ہے!

تو خود بھیڑ بنتا ہے ، اور قصائی بن کر
اپنے آپ کو ذبح کرتا ہے !
تو خود نرائن (مالک) ہے تو یہ کیا تماشا ہے ؟
بقول کسے ''خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گلِ کوزہ !''

للّہ نیک بیک وقت صوفیانہ اور ماورائی (کانت کے) فلسفہ پر یقین رکھتی تھی - وہ حقیقت کی تلاش میں سرگردان رہی آخر اسے روحانی تسکین پانے میں کامیابی ہوئی - اس کی اپنی ذات ہی اس کے لیے روحانی معلم کی حیثیت اختیار کر گئی اور اس نے یہ حقیقت جان لی کہ اس کی یہ روح اور خدا ایک ہی ہیں - اس کی زبان سنسکرت آمیز ہے -

للّہ منصور حلاج کی طرح انا الحق کا نعرہ بلند کرنے سے بھی نہیں چوکتی :

اسی دیس تے اسی آسو — اسی رو رو پتہ وتھ !
شوس سورہ نہ زیون تہ مرن — روس سورہ نہ اتہ گڑھ

ترجمہ : ہم ہی تھے اور ہم ہوں گے ،
ہم ہی ہمیشہ دورہ کرتے رہیں گے !
محبوب کے لیے جینا اور مرنا کہیں ختم نہ ہوگا ،
اور سورج کا طلوع اور غروب کبھی ختم نہ ہوگا -

اورہ تہ پانے یو رہ تہ پانے — پتو وائے دزہ نہ زانھ
پانے گوپت تہ پائے گیا نے — پانے پانس سود نہ زانھ

ترجمہ : ادھر بھی وہی ہے اور ادھر بھی وہی ،
وہ کہیں پیچھے نہ رہا -
خود ہی وہ باطن ہے ، خود ہی ظاہر -
وہ کبھی فنا نہیں ہوگا !

بے ثباتی عالم کے بارے میں :

دسئی زئیہئم گج وزہ ونی — دسی ڈیو ہم دہ نتہ نار
دسی ڈیھم پانڈو ماجی — دسی ڈیھم کراجی ماس

ترجمہ : ابھی میں نے بھٹی کو بھڑکتے دیکھا اور پھر
ابھی نہ دھواں نظر آیا اور نہ آگ تھی !
ابھی میں نے ایک عورت کو پانڈوں کی ماں کی طرح (رانی بنے ہوئے) دیکھا
اور ابھی ایک کمہارن کی صورت میں دیکھا !

حضرت شیخ نور دین نورانی

حضرت شیخ العالم نورالدین نورانی شاعر سے زیادہ ولی اللہ ہیں ۔ لیکن اپنے پاکیزہ خیالات کا اظہار کرنے کے لیے چونکہ انہوں نے شاعری کو ہی اختیار کیا اس لیے ان کو شاعروں کی صف میں بھی رکھا گیا ہے ۔ آپ موضع کیموہ میں ۱۳۷۷ء میں عید الاضحیٰ کے دن شیخ سالار دین کے ہاں پیدا ہوئے ۔ ان کے والد سنز خاندان سے تعلق رکھتے تھے ، جو کشتواڑے کے راجوں کے خاندان سے تھے ۔ شیخ سالار دین نے یاسمن ریشی کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا ۔ یاسمن ریشی جنگلوں میں رہا کرتے تھے اور بسا اوقات شیر کی سواری بھی کرتے تھے ۔ سدرہ ماجی جو شیخ نور دین کی والدہ تھیں ، انہی شیخ سالار کی دوسری بیوی تھیں ۔ یہ بیوہ ہو گئیں ، تو انہوں نے بھی شیخ سالار دین کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا ۔ انہی کے مشورہ سے شیخ صاحب سے نکاح کیا ۔ روایت ہے کہ جب شیخ نور دین پیدا ہوئے تو سدرہ ماجی کا دودھ نہیں پیا ۔ ادھر سے للّہ عارفہ کا گزر ہوا ۔ اس نے بچے کو ڈانٹ کر کہا کہ تہاینہ سند چھوک نہ وون چھک چند سند چھان (تو اس دنیا میں آنے سے نہیں شرمایا ، اب دودھ پینے سے شرماتا ہے کیا؟) اس پر شیخ صاحب نے دودھ پینا شروع کیا ۔

حضرت شیخ اولیائے کشمیر میں سب سے افضل ہیں ۔ آپ نے ۶۳ سال کی عمر میں وفات پائی ۔ سلطان زین العابدین بڈ شاہ نہ صرف ان کے جنازہ میں خود شریک ہوئے بلکہ جنازہ کو کندھا بھی دیا اور پھر ان کے اعزاز میں ایک سکہ بھی جاری کیا ۔ اتنا بڑا اعزاز شاید ہی کسی بزرگ کو ملا ہو کہ شاہِ وقت جنازہ کو کندھا دے اور اس کے اعزاز میں سکہ جاری کیا جائے ۔ شیخ صاحب کو چرار شریف میں دفن کیا گیا ۔

حضرت شیخ صاحب کی بے شمار کرامات ہیں ۔ شیخ نورالدین کا انداز للّہ عارفہ کی نسبت زیادہ مبلّغانہ ہے ۔ مگر یہاں ہم صرف ان کی شاعری پر بحث کریں گے ۔

شعر میں شیخ صاحب اور للّہ عارفہ کا اسلوب ایک ہے ۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ابھی کشمیری زبان فارسی ، عربی سے متاثر ہوئی تو ضرور تھی لیکن عربی فارسی عروض کو کشمیری شاعری نے ابھی اپنایا نہیں تھا ۔ حضرت شیخ اور للّہ عارفہ شاعر نہیں بلکہ ''دوست خدا'' تھے ، اور یہ اپنے خیالات منظوم صورت میں لوگوں تک پہنچانا چاہتے تھے ۔ شاعری ان کا مقصد نہیں تھا ۔ بقول مولانا روم :

من ندانم فاعلاتن فاعلات شعر می گویم بہ از قند و نبات

حضرت شیخ اور للّہ عارفہ کی شاعری چار چار مصرعوں کے شلوکوں پر مشتمل ہے ۔ قطعہ کو کشمیری میں شلوک کہا جاتا ہے ۔

حضرت شیخ کے اشعار، دنیا کی بے ثباتی، حسد و بغض اور لالچ کی مخالفت اور توحید الٰہی کے جذبات سے مملو ہیں۔ اگرچہ اسلام میں کہا گیا ہے کہ ''لا رہبانیت فی الاسلام'' اور قرآن مجید میں عیسائی راہبوں کے بارے میں کہا گیا ہے کہ انہوں نے ترک دنیا کو خود بخود اپنا لیا لیکن وہ اس سلسلہ کو نبھا نہیں سکے۔ مگر حضرت شیخ نور الدین اپنے آپ کو اسی سلسلہ (حضرت اویس قرنی سے منسوب) کی مناسبت کی وجہ سے ساتواں ریشی سمجھتے تھے۔ آپ نے فقر کو اس طرح نبھایا کہ شاید ہی کوئی نبھا سکے۔ آپ کی والدہ ماجدہ، اہلیہ محترمہ اور بچوں نے آپ کو ترک دنیا سے باز رکھنے کی کوشش کی، لیکن آپ اپنے اختیار کردہ راستے سے نہیں ہٹے۔ آپ کے اپنی والدہ، حضرت زی دیدی اور والد سے مکالمات کشمیری متصوفانہ شاعری کے عمدہ نمونے ہیں۔ فرماتے ہیں:

شیطان لٹس لا جم پژہ بارس　　بیہ راو تارس ژو رس وتھ
نحقہ برم برم یتمو سمارس　　زیتھ سمسارس گیم لتھ

ترجمہ: ابلیس نے میرے خس و خاشاک کے ڈھیر کو آگ لگا دی! اور
میں ایسے اپنا راستہ بھول گیا،
جس طرح چور ندی کو پار کرنے والا گھاٹ بھول جاتے ہیں!
اس بازار میں ناحق کے دھوکے اور فریب ہیں!
اس دنیا میں آ کر میں ذلیل اور خوار ہو گیا!

آیاس وتے گیاس وتے　　سہ منز سوتھے لجم راتھ
وچھ۔م چندس ہار نہ اتے　　ناوہ تارس وس کیاتھ

ترجمہ: میں راستے پر چلتا رہا۔
آخر دریا کے کنارے پر پہنچا تو رات سر پر آ گئی۔
اب دریا کو پار کرنے کے لیے کشتی بان کو پیسے دینے ہیں۔
میں نے جیب میں ہاتھ ڈالا مگر وہ خالی تھی!
اب میں کشتی والے کو کیا دوں کہ وہ تجھ کو پار اتار دے!

موت اٹل ہے اس کے بارے میں فرماتے ہیں:

یس اورہ یمن یورو سے　　تس عالم و دہ تہ لسہ مو
یس ڈایں گزن تل وسے　　بنی آسہ تے کھسے مو!

ترجمہ: جس کے لیے موت کا پیغام آیا،
ساری دنیا بھی اس کے لیے آنسو بہائے تو کیا وہ زندہ رہ سکتا ہے؟
جو اڑھائی گز زمین کے نیچے (قبر میں) اترا،

Marfat.com

اگر وہ نبی بھی ہو، تو اس کو اس دنیا میں واپس نہیں لایا جا سکتا۔

حضرت محمد حق سُند پیارو　　دمہ دمہ جبریل یارتس
تمی یلہ سکہ تتی پارو　　دپھتہ بایہ دنیا یار کس

یہ شلوک آیہ کریمہ و ما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل کی تفسیر ہے۔ حضرت شیخ کا کلام کشمیر اکیڈیمی سری نگر نے ۱۹۶۶ء میں 'نورنامہ' کے نام سے شائع کیا ہے۔ جسے محمد امین کامل نے ترتیب دیا ہے۔

ان کے کلام اور للّی ماجی کے کلام میں جو کشمیری لفظ استعمال ہوتے رہے ہیں وہ اب بیشتر متروک ہو چکے ہیں اور کاتب حضرات نے بھی بعض الفاظ کو نہ معلوم کیا سے کیا بنا ڈالا ہے۔ بعض اشلوکوں کے بارے میں قطعی طور پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ لل دیدی کے ہیں یا شیخ صاحب کے۔

شیخ صاحب کے کلام میں ملاؤں اور لل دیدی کے کلام میں برہمن گوروؤں کو ہدفِ تنقید بنایا گیا ہے۔ حضرت شیخ کا مشہور دوہا ہے :

نبرے شوبلی اندر شوسی　　ممبران لھست تہ کر کار
ملے دپرہ تہ مولوی روسس　　نتہ ملہ ڈیشتھ استغفار

ترجمہ : باہر سے یہ خوبصورت دکھائی دیتے ہیں اور اندر سے منحوس ہیں!
یہ لوگ منبروں پر چڑھتے ہیں اور 'کارِ دیگر' بھی کرتے ہیں!
اگر مُلاّ کہا جا سکتا ہے تو مولانا جلال الدین رومی کو کہا جا سکتا ہے۔
ورنہ مُلاّ کو دیکھ کر تو استغفار کہا کر!

شیخ نورالدین کے زمانے میں ہی سوم پنڈت نے 'زین چرتر' اور یودھ بٹ نے 'زینہ ولاس' لکھی۔ چونکہ اس وقت کشمیر اپنے شباب پر تھا اور سرکاری زبان کا درجہ فارسی کو ملا تھا۔ اس لیے زیادہ پڑھے لکھے لوگ فارسی میں طبع آزمائی کرتے تھے لیکن وہ لوگ ہمارے موضوع سے باہر ہیں حق تو یہ ہے کہ کسی اور زبان میں لکھنے والے کو عوام میں وہ ہردلعزیزی حاصل نہیں ہو سکی جو کشمیری شعر کہنے والوں کو ہوئی۔

اس دور کی شاعری میں یاس و ناامیدی کے مضامین زیادہ ملتے ہیں۔ اس کی وجہ یہاں کی شخصی آزادی کا فقدان اور معاشرتی بد حالی ہے۔ یہ دور زمیندارانہ نظام کے عروج کا دور تھا۔ شیخ نور الدین نے دنیا کو دکھوں کا گھر سمجھ کر اس سے فراریت کا درس دیا، اور یہ شاعری نچلے طبقوں سے تعلق رکھنے والوں، بے سرو سامان مزدوروں اور کسانوں کی پر الم زندگی کی داستان ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس میں سوز و گداز اور درد کی کیفیت زیادہ پائی جاتی ہے۔

اس زمانے کی شاعری کی دوسری خصوصیت سنسکرت کے اثر سے نکل کر فارسی کے زیر اثر آنا ہے۔ اب فارسی تراکیب اور فارسی آمیز تراکیب کا استعمال عام ہونے لگا۔

Marfat.com

کشمیری ادب کا دور ثانی

سوم پنڈت (مصنف زینہ چرتر - کشمیری زبان میں زین العابدین بڈ شاہ کے سوانح حیات) اور یودھ بٹ (مصنف زینہ ولاس جس میں کشمیری زبان میں عہد بڈ شاہ کے ایک واقعہ کو ڈراسائی صورت میں لکھا گیا ہے) دراصل اس دور کے شاعر تصور کیے جاتے ہیں۔ اس دور کے باقی شاعر حبہ خاتون، حبیب اللہ نوشہری، روپا بھوانی، صاحب کول، ارنی مال، ملا فقیر اور میر عبداللہ بیہقی ہیں۔ پانچوں لکھنے والے غیر مسلموں کا طرزِ نگارش ٹھیٹھ کشمیری ہے۔ باقی شعرا جو مسلمان تھے ان کا کلام فارسی عروض سے متاثر ہے۔

حبہ خاتون

جو موجودہ کشمیری غزل کی بانی ہے، کا اصل نام زونی تھا۔ اس کی پیدائش ۱۵۴۱ء سے ۱۵۵۲ء تک لکھی گئی ہے۔ یہ ایک غیر معروف گاؤں چندن ہار میں پیدا ہوئی۔ اس کی شادی ایک سیدھے سادے لڑکے عزیز لون سے ہوئی۔ سسرال والے زونی سے کام زیادہ کراتے تھے اور بد سلوکی بھی کرتے تھے۔ ادھر زونی کو قدرت کی طرف سے طبع موزوں ملی ہوئی تھی۔ اس کو اُٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے شعر سُوجھتے تھے۔ اس پر گھر والے اور بھی بیزار ہو جاتے تھے۔ ایک دن وہ کھیت میں اکیلی کام کر رہی تھی اور عالم محویت میں سسرال والوں کی زیادتیوں کے خلاف اپنا بنایا ہوا ایک دردناک گیت بھی گا رہی تھی۔ زونی پھاوڑے کی ضربوں سے ساز کا کام لے رہی تھی اور گاتی بھی جاتی تھی۔ وہاں اتفاقاً یوسف شاہ چک بادشاہِ وقت سیر کرتا ہوا جا نکلا۔ اس نے جب اس حسن مجسم کو دیکھا اور پھر گیت بھی سنا تو :

ہوش جاتا رہا نگاہ کے ساتھ　　صبر جاتا رہا اک آہ کے ساتھ

کچھ عرصہ بعد یوسف شاہ نے زونی سے نکاح کر لیا۔ اس نے اب دل کھول کر شاعری شروع کی اور اپنا قلمی نام حبہ خاتون رکھ لیا۔

حبہ کی اپنی شاعری کے تین دور ہیں۔ ایک زمانہ وہ تھا جب وہ اپنے سسرال میں ایک مظلوم نوجوان بہو تھی۔ اس زمانے کی مشہور غزل ہے :

وارہ وین سیت وارہ چھس نہ چارہ کر میوں ما یسنوہو

(سسرال والوں کا میرے ساتھ سلوک ٹھیک نہیں ہے۔ میرا چارہ کرو اے میرے ننھیال والو)

یہ غزل ہر کشمیری بہو جو سسرال والوں سے تنگ ہو دردناک آواز میں گاتی ہے۔

Marfat.com

حبہ کی شاعری کا دوسرا دور وہ تھا جب یہ ملکۂ وقت تھی - اس دور کا کلام عشق و محبت کا مرقع ہے -

تیسرا دور وہ ہے جب ۱۰۸۵ء/۹۹۳ھ میں اکبر بادشاہ نے کشمیر پر حملہ کیا اور یوسف شاہ چک کو گرفتار کرکے بنگال میں نظر بند کر دیا گیا - حبہ یوسف شاہ کے بیٹے یعقوب شاہ کی سوتیلی ماں تھی - وہ زیادہ دیر شاہی محل میں نہ رہ سکی - ادھر سے یوسف شاہ بھی کبھی واپس نہ آیا - اس موقع پر حبہ نے ترک دنیا کیا اور کشمیر کے آخری آزاد تاجدار کی یہ ملکہ ساری وادی میں دیوانہ وار پھرتی رہی - عشقِ مجازی نے عشقِ حقیقی کی صورت اختیار کر لی - ترک دنیا کے بعد سترہ سال زندہ رہی - پانتہ چھوک ، سری نگر سے چار میل دور اس کے نام پر ایک مسجد بھی ہے - قریب ہی اس کی قبر بھی ہے - اشعار میں ہجر و فراق کے مضامین زیادہ ملتے ہیں جن میں چاہت اور وصال کی تڑپ نمایاں ہے :

گوش منزھا و تھرادے — وولہ میانہ سیو ستے لاہ سو
وولہ متہ گژھ ووہیہ ے — یس مرہ سئہ کتو ییہ ے
پرادان چھسہ یوزے — دولہ میانہ پوشے مدہ نو
وولہ متہ گژہو و پوشن — سارہ لت یارچھم روشن
روشتہ رودم گوشن — وولہ میانہ پوشے مدہ نو
وولہ متہ گژہو و ہندے — لکہ ست کڑس رندے
لاینوں نیائے کتہ ادرے — وولہ میانہ پوشے مدہ نو
وولہ متہ گژہو و آبس — دنیاہ چھ تندرہ تہ خوابس
پرا ران چھہ یوجو ابس — وولہ میانہ پوشے مدہ نو

ترجمہ : میں کونے کونے میں تیرے لیے پھولوں کی سیجیں بچھا دوں گی-
اے میرے پھولوں کے رسیا آجا !
اے میرے محبوب آ! ہم یاسمین کے پھول چن لیں-
جو مرے گا وہ دوبارہ دنیا میں کس طرح آئے گا؟
میں تو تیرے ہی انتظار میں جی رہی ہوں -
آ جا! اے میرے دیوانے آ جا ،
آ میدانوں میں پھول چن لیں -
میرے محبوب تو کیوں پیچھے رہتا ہے ؟
تو دور دراز کے علاقوں (بنگال) میں کیوں رہ گیا؟

میرے پھولوں کے رسیا آ جا !
آ میرے پیارے ! پیلے پھول چن لیں ۔
لوگ تو مجھے اب طعنے دیتے ہیں اور مذاق کر رہے ہیں ۔
قسمت کے لکھے کو کون مٹا سکتا ہے !
اے میرے پھولوں کے رسیا آ جا !
میرے محبوب ! آ جا ہم ندی کنارے جائیں ۔
اس وقت ساری دنیا گہری نیند سو رہی ہے ۔
میں تیرے جواب کی منتظر ہوں ۔
میرے پھولوں کے رسیا آ جا !

بہت سے معتبر مصنفین نے محولہ بالا غزل کو حبہ خاتون کی ہی غزل قرار دیا ہے ۔ مثلاً آزاد اور ڈاکٹر صوفی نے ۔ لیکن یہ ساری غزل میری نظر سے 'اصلی موسیقی کشمیری' نامی کتاب کی جلد دوم میں (جو حافظ احمد اللہ پنجابی صراف کدل سری نگر کی تصنیف ہے) گزری ۔ یہ کتابیں غلام محمد ، نور محمد تاجران کتب نے شائع کی ہیں ۔ اس میں یہ غزل پوری دی گئی ہے ۔ شاعر کا نام نہیں دیا گیا ۔ ایک بند اس میں یوں ہے :

وولہ یارہ دمہ وو تارا حضرت بل دیدارا
بنیس کرو زارہ پارا وولہ مبانہ پوشے مدہ نو

اے محبوب ! آ ہم کشتی میں جھیل کو پار کریں اور درگاہ حضرت بل میں دیدار (نبی ص کے موئے پاک کا) کرنے جائیں ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور آہ و زاری کریں) ۔

حضرت بل کی زیارت اورنگ زیب کے زمانے میں بنی ۔ جب موئے مبارک کشمیر آیا ۔ حبہ خاتون کے زمانے میں یہ زیارت بالکل نہیں تھی لہٰذا وہ اس کے بارے میں کس طرح شعر کہہ سکتی تھی[1] ۔ ظاہر ہے کہ یہ غزل کسی اور شاعر یا شاعرہ کی ہے یا اس میں کسی نے اپنی طرف سے چند شعر ملا دیے ہیں ۔

حبہ خاتون کا کلام سادہ اور نیچرل ہے ۔ جذبات اور زبان میں فارسی شاعری کا رنگ غالب ہے ۔ غزل میں ایک بحر نہیں ، بلکہ مختلف بحروں کے ذحاف ملتے ہیں ۔ انہوں نے کشمیری زبان میں فارسی انداز کو رواج دیا ۔

۱۔ عین ممکن ہے یہ شعر بعد میں کسی نے بڑھا دیا ہو ۔ غزل میں بنگال کا ذکر بھی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حبہ خاتون نے یوسف شاہ کے فراق میں یہ غزل کہی ۔ خود فاضل مقالہ نگار کے دل میں شک ہے ۔ (ادارہ)

خواجہ حبیب اللہ نوشہری (پ - ۱۵۵۴ء — ۱۶۱۷ء/۹۶۲ھ — ۱۰۲۷ھ)

والد کا نام شمس الدین گنائی تھا - پیشہ دکانداری - بچپن میں ہی قرآن مجید حفظ کیا اور پھر دوکان پر بیٹھے - تلاوت کلام اللہ یا شعر کہنے میں اس قدر محو رہتے کہ اکثر لوگ خود ہی سودا تول کر لے جاتے تھے - فارسی اور کشمیری دونوں میں لکھتے تھے - انہوں نے غزل میں تصوف کے مضامین کو رواج دیا -

کشمیری کا زیادہ تر کلام نایاب ہے - غزل کا نمونہ یہ ہے :

یارہ گژہوو دیوہ ے — وہ لوگ ژہوو دیوہ ے
آشکارا در اوہ ے — صورتن خز ژاوے
چھس محمد نادہ ے — وولہ گژہوو دیوہ ے
کنت کنزاً آوہ ے — جلوہ ماران در اوہ ے
نحن اقرب آوہ ے — وولہ گژہوو دیوہ ے

ترجمہ : محبوب حقیقی نے خود ہی اپنے آپ کو آشکارا کیا
وہ خود ہی مختلف صورتوں میں داخل ہوا
اس کا نام محمدؐ ہے
آؤ میلے کو چلیں -
کنت کنزاً (میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا) کی حدیث ،
تو نے سنی ہوگی -
یہی ذات جلوہ دکھانے کے لیے نکلی !
اللہ تعالیٰ خود بھی فرماتا ہے کہ
میں تمہاری شہ رگ سے بھی زیادہ تمہارے قریب ہوں.
(نحن اقرب الیہ من حبل الورید) -
آؤ میلے کو چلیں -

صاحب کول (م - ۱۶۴۲ء)

شہنشاہ جہانگیر کے دور میں گزرے ہیں - سری نگر کے محلہ جوکول کے رہنے والے تھے - ۱۸۷۵ء میں ایک یورپین محقق مسٹر بہلر کشمیر آئے وہ ان کی ایک کتاب 'کرشن اوتار' کا قلمی نسخہ اپنے ساتھ لے گیے - کلام نایاب ہے -

Marfat.com

مرزا اکمل الدین بدخشی (۱۶۴۴ء—۱۷۱۸ء/۱۰۵۴ھ — ۱۱۳۱ھ)

قادر الکلام ادیب اور شاعر تھے - 'بحر الفرقان' کے نام سے اسی ہزار اشعار کی مثنوی فارسی زبان میں لکھی - مرزا صاحب کے مزار پر ان کے عقیدت مند بے مقطع کشمیری غزلیں پڑھتے رہتے ہیں - جن کے بارے میں اندازہ ہے کہ ان کی تصنیف ہیں - دیکھیے محبوب کے لیے اپنی محبت کے والہانہ پن کو کس طرح ظاہر کیا ہے :

بالہ ہے رُمہ رُمے　　چھم یارہ سند تمنا
کانہ پیٹھ ڈیوٹھمے　　دون لاگت آنگن زام
رانی رانی گا جمنے　　چھم یارہ سند تمنّا
دوسہ پیٹھ ڈیوٹھمے　　توسہ پا سنبر عیاحس
غصہ کرتھ ژلوسے　　چھم یارہ چوں تمنا

ترجمہ : اے دوست مجھ الہڑ کے انگ انگ میں تیری محبت بھری ہوئی ہے!
میں نے اسے بارہ دری سے دیکھا -
وہ بہروپیے کی صورت میں میرے صحن میں آیا -
اس نے میرے ذرہ ذرہ کو پگھلا دیا ہے ،
پھر بھی مجھے اس کی تمنا ہے !
میں نے اُسے صحن کی دیوار کی اوٹ میں سے دیکھا ،
اور پھر اس کی پشمینے کی چادر کو کھینچا -
مگر وہ اتنی سی بات پر ناراض ہو گیا -
پھر بھی میرے دل میں اس کی تمنا ہے !

روپہ بھوانی (پ - ۱۶۲۵ء)

روپہ بھوانی نام اور الک تخلص - آپ ۱۶۲۵ء میں پنڈت مادھو رام کے گھر میں پیدا ہوئیں - ایک مسلمان بزرگ قلندر محمد صادق سے ملاقات ہوئی - آپ کے کلام میں للی ایشوری کا رنگ ہے اور سنسکرت کے الفاظ کی بہتات - آپ کے نام پر سری نگر میں ایک ٹرسٹ قائم ہے - مندر رام جُو (سری نگر کے پاس) ان کے نام کا ایک تیرتھ بھی ہے جس پر سردیوں میں میلہ لگتا ہے -

جم (اہلیہ رشید)

مرزا اکمل الدین بدخشی کے مریدوں میں سے ایک نانبائی رشید نامی بھی تھا - جم

Marfat.com

اس کی زوجہ تھی ۔ اس کا مرزا صاحب کی وفات پر لکھا ہوا مرثیہ اب تک لوگوں کی زبان پر ہے :

میانہ ہیو ہیو ہی بولدہ یوناونی
بنی صاحبہ چھوؤ تتوی گژھم وا تنوئی
تتہ دیدار دیو ہی بولدہ یوناونی

ترجمہ : اے میرے یاسمین کے پھول !
میں یاسمین کے پھول کشتیوں میں بھر کر تیرے پاس بھیجدوں گی ۔
او رسولِ اکرم کے متوالے !
ان کے پاس پہنچ جانا ۔
آنحضور وہاں اپنا دیدار دکھائیں گے ۔
میں یاسمین کے پھول بھیج دوں گی !۔

اس مرثیہ میں اس عقیدہ کا اظہار ملتا ہے کہ نیک انسانوں کو مرنے کے بعد رسول کریم ؐ سے ملاقات کا شرف حاصل ہوتا ہے ۔

سید غلام شاہ آزاد (۱۷۳۳ء — ۱۷۷۵ء / ۱۱۴۶ھ — ۱۱۸۹ھ)

مدفن محلہ خابینار سری نگر میں ہے ۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی شان میں ان کی منقبت مشہور ہے :

شیخ عبدالقادرس کو زارہ پار (شیخ عبدالقادر کے سامنے آہ و زاری کر) انہی کی تصنیف ہے ۔

پرکاش بٹ

محمود گامی سے پہلے گزرے ہیں ۔ علاقہ دیوہ سر تحصیل گورگام کے موضع کری گام میں پیدا ہوئے ۔ پرانے پنڈت شعرا میں سے صرف انہی کے کلام کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ اسے عام کشمیری بآسانی سمجھ سکتا ہے ۔ ان کی کتابیں 'رام اوتار چرت' ، 'شیولگن' اور 'اکہ نندن' ہیں ۔ پہلی کتاب 'رامائن' کا کشمیری ترجمہ ہے ۔ 'اکہ نندن' مشہور کہانی ہے ، جس کی تفصیل پہلے دی گئی ہے ۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو :

رام چندر جی کی ماں رانی کوشیلیا بن باس اختیار کرنے والے رام سے کہتی ہے :

کوسلایہ ہندہ گوبرو کرہ یو گورہ گورہ
کو تو گوہم ژہ تراوتھ کہسو ہیکہ حال باوتھ
انی کس منہ ناوتھ کرہ یو گورہ گورہ
لگہ یوپوت ژہایے ہی کرتھس بوہایے

Marfat.com

نـــارس ووڈـــھ لایے کرہ یوگـــورہ گـــورہ

ترجمہ : اے کوشلیا کے بیٹے !
میں تجھے جھولاؤں ۔
تو مجھے چھوڑ کر کہاں جا رہا ہے ،
میں اپنا حالِ دل کس کو سناؤں ؟
تمہیں منا کر کون لائے گا ؟
میں تجھے ہلارے دیتی ۔
میں تیرے سایہ پر بھی واری جاؤں ،
تو نے مجھے چنبل کے پھول کی طرح راکھ بنا ڈالا ۔
میں تیرے بنا کہیں آگ میں کود پڑوں گی ۔
آ تجھے ہلارے دوں !

اس دور میں ایک اور شاعر ملا فاخر کا نام بھی آتا ہے جس کا کلام ناپید ہے ۔

ارنی مال

کشمیری پنڈت خاتون موضع پلہ ہالن میں جو سری نگر شہر کے ۱۹ میل دور شمال کی طرف واقع ہے ، پیدا ہوئی ۔ ان کی شادی مشہور ادیب پنڈت بھوانی داس کاچرو سے ہوئی ۔ جن کا تخلص نیکو تھا ۔ ان کے کلام میں بھی حبّہ خاتون کے کلام کی طرح درد و سوز کی افراط ہے ۔ انہوں نے گیت اور غزلیں بھی لکھی ہیں۔ خیالات و جذبات میں لطافت ، زبان میں صفائی ہے اور محاورات کی بندش چست ہے ۔ مضامین میں متانت پائی جاتی ہے ۔ حبّہ خاتون کی فارسی روایت کو انہوں نے آگے بڑھایا ۔ موسیقی کی ماہر تھی ، انہوں نے اپنے کلام کو موسیقی کے راگوں میں ڈھالا ۔

میر عبداللہ بیہقی

میر عبدالرشید بیہقی کے صاحبزادے تھے ۔ صاحبِ علم و فضل اور اہلِ قلم صوفی تھے ۔ آپ کی تصانیف کی تعداد ساٹھ بتائی جاتی ہے ۔ کشمیری میں آپ کی منظوم تصانیف 'عقائد منظوم' ، 'مختصر وقایہ' ، وغیرہ ہیں ۔ ۹ مارچ ۱۸۰۷ء بمطابق ۹ محرم الحرام ۱۲۲۲ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

ملا عبیداللہ

ملا عبیداللہ محلہ نرپرستان سرینگر کے رہنے والے تھے - ملاابوالخیر کے شاگرد تھے اور درس تدریس پر گذر اوقات ہوتی تھی - ۱۸۵۱ء/۱۲۶۸ھ میں انتقال ہوا - نمونۂ کلام ملاحظہ فرمایئے :

بالیے نیری یارہ بل تہ لولو　　کالی ما فیری میژہ تل تہ لولو
گوندہ کس بندہ بندہ ویسراونس　　خندہ چھس نارہ وزہ مل تہ لولو
میلہ موت یار میون سیلس دراو　　اتھ ہیتھ عشقہ کرتل تہ لولو

ترجمہ : آؤ ری سکھی پن گھٹ پر جائیں -
یہی موقعہ ہے ، ورنہ کل جب تو ،
مٹی کے نیچے دفن ہوگی ،
اس وقت پچھتائے گی ،
کہ پن گھٹ پر کیوں نہ گئی -
اس کا سہرا کیا خوب ہے !
اس نے میرے بدن کے جوڑ جوڑ کو پگھلا دیا ہے -
اس کی ہنسی کیا ہے ، بجلی کا ایک کوندا ہے !
میرا میلے کا رسیا دوست سیر کو چلا ہے !
اس کے ہاتھ میں عشق کی تلوار ہے -

Marfat.com

کشمیری ادب کا تیسرا دور

اس دور میں کشمیری باقاعدہ علمی اور ادبی زبان بن گئی۔ اس دور کے شعراء نے روزّمرہ کی زبان کو اپنے کلام میں استعمال کیا ۔ ثقیل اور متروک الفاظ استعمال کرنے کا رواج ختم ہو گیا ۔ یہ وہ دور تھا جب مسلمان کشمیر پر اپنی حکومت کے تقریباً پانچ سو سال پورے کر چکے تھے ۔ پانچ صدیوں کی حکمرانی کے بعد اب کشمیر پر فارسی زبان کا گہرا رنگ چڑھ چکا تھا اور کشمیری زبان میں شستگی، نکھار، روانی اور گھلاوٹ پیدا ہو چکی تھی ۔ اس دور میں ادب کا خاصا ذخیرہ پیدا ہوا ۔

محمود گامی

محمود گامی تحصیل اننت ناگ یا اسلام آباد کے گاؤں آڑ دیدر میں پیدا ہوا ۔ بنگالی کی طرح کشمیری میں بھی گاؤں کو گام کہتے ہیں ۔ محمود تھا تو دیہاتی مگر اس کی زبان بالکل سری نگر کی ٹکسالی زبان ہے ۔ محمود پٹھانوں کے دورِ حکومت میں پیدا ہوا ۔ سکھوں کی حکومت دیکھی اور ڈوگرہ راج میں اس وقت جب کہ کشمیر کی خرید و فروخت کو ۹ سال ہو چکے تھے ، یعنی ۱۸۵۵ء میں فوت ہوا ۔

محمود کا ہم عصر شاعر ولی اللہ متو جو مشہور کہانی 'ہنّیہ مال' کا مصنف ہے ، وہ محمود کی شان میں رقمطراز ہے :

خصوصاً کا شریں منز مرا نامی چھ کیاہ کُم ایں زماں محمود گامی
میہ کورنم تمٔ سٹھاہ شمہ آبادہ دل شاد سہ او سوئی کا شرین منز مرد استاد
دھن بزنم بہ شہبا انگبینہ کنوتی زدنم چُھ تس ثانی لمبی نہ !

ترجمہ : کشمیریوں میں ایک مرد محمود گامی نامی گزرا ہے ،
اس نے شاہ آباد میں میرا دل خوش کیا ۔
وہ کشمیری زبان کا استاد تھا ،
اس نے میرے منہ کو شہد سے بھردیا !
وہ ایک لاثانی شاعر تھا ۔

اسے فارسی اور عربی پر بھی عُبور حاصل تھا ۔ اس کی فارسی غزلیں بھی موجود ہیں ۔ ان میں حافظ شیرازی کی شاعری کی جھلک ہے ۔ اس نے 'لیلیٰ مجنوں' ، 'یوسف زلیخا' 'قصہ سلطان محمود غزنوی' 'قصہ ہارون الرشید' اور ایک حکایت فارسی کتابوں کو

Marfat.com

سامنے رکھ کر لکھی - وہ روایتی شاعری کا بانی ہے - خیالات میں انسانوں کے لیے حسن پسندی اور عشق شعاری لازم ٹھہراتا ہے - اس کے کلام پر فارسی کا اثر غالب ہے - تشبیہیں اور استعارے تمام تر فارسی یا فارسی آمیز ہوتی ہیں - وہ فقیر دوست تھا - ارادت کیشوں کو رشد و ہدایات کی راہ بھی دکھاتا تھا - شعر گوئی سے فطری مناسبت تھی - اُس کے کلام میں فقر کی چاشنی بھی موجود ہے -

اہلِ کشمیر اس کو کشمیری زبان کا نظامی گنجوی بھی کہتے ہیں - ارنی مال اور حبّہ خاتون عورتیں تھیں - انہوں نے اپنی شاعری میں نسوانی جذبات کی ترجمانی کی ہے ، تو کوئی اچنبھے کی بات نہیں ہے ، لیکن محمود کو دیکھیے ، کس کامیابی کے ساتھ عورت کے جذبات کی ترجمانی کرتا ہے :

کـــرہ یومنز جگرس جـــائے — میہ نـــومائے مشان چـــانی
بدن میون عشقن کـــرائے — تتھ منز ووندہ تلتھ مـــے
دو دُم سینہ کُر منہ والے — میہ نو مائے مشان چـــانی
یـــہ کم یـــارہ دپی رائے — رٹُتھ میـــون مـــلا لـــے
فقیرس پتہ فقیر بـــائے — میـــہ نومائے مشان چـــانی
لگنـــے رمـــہ ریـــشن آئے — میـــہ چھم چـــون تمنـــا
ارمـــان چـــانی کـــس درائے — میہ نومـــائے مشان چـــانی

ترجمہ : تیرے لیے اپنے جگر میں جگہ بنا دوں گی !
تیری محبت کو میں بھول نہیں سکتی -
میرا بدن عشق کی جلتی ہوئی کڑاہی ہے ،
اسی میں تم نے میرا دل تل دیا ہے -
میرا سینہ جل گیا ہے ،
پھر بھی میں نے اُف نہ کی !
تیری محبت کو میں بھول نہیں سکتی -
تو جُگ جُگ جیتا رہ !
میرے دوست ! یہ کس نے تم کو مجھ سے بدظن کر دیا ،
کہ تو بالکل روٹھ گیا !
میں اسی طرح تیرے پیچھے چلوں گی ،
جس طرح کہ جوگی کے پیچھے جوگن !

Marfat.com

میں تیری محبت کو فراموش نہیں کر سکتی ،
تیرے ارمان ابھی تک میرے دل میں ہیں ،
میں تیری محبت کبھی بھول نہیں سکتی !

یہ گیت دراصل روہ ہے ۔ محمود نے تقریباً شاعری کی ہر صنف میں طبع آزمائی کی ہے اور وہ بھی کامیابی کے ساتھ ۔

سری نگر میں خواجہ غلام نبی خیال نے ان پر ایک سو ستر صفحات پر مشتمل ایک کتاب لکھی ہے ۔

پنڈت پرمانند

نام پنڈت نند رام عرف پرمانند ۔ آپ ۱۷۹۱ء میں موضع سیر میں پیدا ہوئے جو کشمیر کے مشہور تیرتھ کے پاس ہی ہے ۔ آپ کا تخلص غریب تھا ۔ پیشہ سے پٹواری تھے لیکن اس کام سے نفرت تھی ۔ آپ نے فارسی اور کشمیری دونوں زبانوں میں شعر لکھے ۔ حال ہی میں پرمانند جی کی شاعری کے متعلق سری نگر سے پروفیسر توشخانی نے ایک کتابچہ شائع کیا ہے جس میں موصوف کے حالات اور کلام کے نمونے دیئے گئے ہیں۔ ان کے شاگرد لکشمن اور کرشن داس تھے ۔ انہوں نے بھی اپنے استاد کی طرح شعر و شاعری میں نام پیدا کیا ہے ۔ پرمانند کے مشہور گیت میں برہمن زادیاں کورس میں گاتی ہیں :

راسہ منڈلس چیتھ پریمک رس
ساسہ بزہ مژہ گیمژہ مژہ نس
اکھ اکس اتھ واسہ لایان آسہ ناراہ
رادھا کرشنا رادھا کرشنا رادھا کرشنا جی !

ترجمہ : ہزاروں گوپیاں محبت کی شراب پی کر ،
راس منڈل کے گرد ناچنے میں مست تھیں ۔
ایک دوسرے کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر
وہ پکار رہی تھیں ،
رادھا کرشن ! رادھا کرشن ! رادھا کرشن جی !

ان کے فلسفے کے پیش نظر پرمانند جی کو کشمیر کا حکیم سنائی کہا جاتا ہے ۔

Marfat.com

قطب الدین واعظ

چرار شریف کے رہنے والے تھے۔ ۱۸۵۷ء/۱۲۷۴ھ میں وفات پائی ۔ آپ کی شاعری وعظ و نصیحت پر مشتمل ہے ۔ ان کی زبان سنسکرت آمیز کشمیری ہے ۔ انہوں نے اپنے کلام میں حقیقت نگاری اور فطرت کی ترجمانی کی ہے ۔

شاہ غفور

شاہ غفور موضع چھونی تحصیل بڈگام کا رہنے والا تھا اور محمود گاسی کا ہم عصر ۔ اس نے اپنی غزلوں میں تصوف کے راز بیان کیے ہیں ۔ بعض غزلوں میں ، جن میں وہ گیان دھیان کی باتیں لکھا کرتا تھا ، سنسکرت اور پنڈتوں کی کشمیری زبان کے الفاظ زیادہ استعمال کیے ہیں اور بعض میں قرآنی محاورے بھی استعمال کر لیے گئے ہیں ۔

مقبول شاہ کرالہ واری

مقبول شاہ نام اور مقبول تخلص تھا ۔ موضع کرالہ واری تحصیل بڈگام میں ایک سید گھرانے میں ۱۸۲۰ء میں پیدا ہوئے ۔ صحت شروع سے خراب رہی ۔ آخر عین شباب میں ان کی جان تپ دق کے مہلک مرض نے لی ۔

آپ نے 'گل ریز' نامی کہانی کو نظم میں بیان کیا ہے جس کو کشمیری شوق سے پڑھتے ہیں ۔ یہ شہزادہ عجب ملک اور نوش لب شہزادی کی کہانی ہے جس کا پلاٹ فارسی کی ایک کتاب سے لیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ مقبول شاہ نے 'گریس نامہ' ، 'پیر نامہ' ، 'بہار نامہ' ، 'منصور نامہ' کے نام سے بھی کئی چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھی ہیں ۔ ان میں سے کئی ایک میں ہجو اور طنز و مزاح کے عناصر بھی پائے جاتے ہیں ۔ 'گریس نامہ' میں کسانوں کی ہجو ہے :

بیک یلہ پیر منگنے پوت مانگے !!
سُہ ریشتہ چھک ووتھاں اوہ ہوں ہانگے

ترجمہ : جب ان کا پیر ان سے ایک چوزہ مانگنے آتا ہے ،
تو اس کو دیکھ کر ،
یہ شور مچانا شروع کرتے ہیں ۔
جیسا اس وقت مچایا جاتا ہے ،
جب چیل چوزوں پر جھپٹی ہے !

Marfat.com

'گل ریز' میں مشہور غزل ہے :

وسے گلن آوے بہار　　از سالہ انتن بالہ یار
تتھ پرانہ سایے گوئے ژیہ کیاہ　　مزار تھس کیاہ چھم راہ
ایسئس بوچانی غمگسار　　از سالہ انتن بار یار

سری نگر کی کلچرل اکاڈمی نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی تصنیف 'مقبول شاہ کرالہ واری' شائع کی ہے ، جس میں ان کے کلام اور سوانح حیات پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔

رسول میر شاہ آبادی

عبدالواحد آزاد لکھتے ہیں ''رسول میر شاہ آبادی تغزل کے لیے بہترین دل و دماغ لے کر دنیا میں آئے تھے ۔ انہوں نے محمود گامی کے بعد کشمیری غزل کو غیر معمولی ترقی دی اور سحر کاری سے اس میں ایسا سماں باندھا کہ دورِ حاضر کے بلند پایہ غزل گو حضرت مہجور بھی ان کی متابعت پر فخر کرتے ہیں :

اتھ درده صورژ پرده تلتھ گوسئہ رسل میر
مہجور لاگت آؤ ہیہ دوبارہ اتی روز

ترجمہ : عشق و محبت کے پیکر کو ،
رسل میر بے نقاب کر گیا ۔
اب وہی مہجور کی صورت میں
دوبارہ جنم لے کر آیا ہے !

ایک اور جگہ مہجور لکھتے ہیں :

میرہ سند پرون مس لا نوین بانن　　تی کنن ترو میخانن منز
مہجور یا گراو پھرژہ پیمانن

ترجمہ : ہم نے میر کی پرانی شہد
نئے برتنوں میں بھر دی ہے ،
اور اس کو شراب خانوں میں
فروخت کرنے کے لیے لے گئے ۔
اے مہجور ! اب تو یہ شراب تقسیم کر
اور پیالوں میں بھرتا جا !

میر صاحب شاہ آباد کے میر خاندان سے ہیں ۔ آپ کشمیری زبان میں اسی طرح غزل کہنے کی قدرت رکھتے تھے جس طرح اُردو میں داغ دہلوی ۔ کشمیری زبان میں عشقیہ شاعری دو طرح کی ہے ۔ ایک میں مرد کی طرف سے اظہارِ عشق ہوتا ہے ، دوسری میں عورت کی طرف سے ۔ میر صاحب کا کمال ہے کہ انہوں نے مرد عورت دونوں کے جذبات کے اظہار کے لیے غزلیں لکھی ہیں ۔ مرد کی طرف سے اظہارِ محبت ملاحظہ ہو:

شوبہ شاباش چانہ پت ژ ہا یہ لولو رندہ یوشہ مال گندنے درایہ لولو
رازہ ہنزیانہ ناز کیا چھیہ اتر نہ گراں یا الٰہی چشم بدہ تش رچھتن
گژھ کیاہ کم چانہ بارگاہ لولو رندہ یوشیہ مال گند نے درایہ لولو
کالہ سولیس طاقیں چھس برسر پھلہ ناقہ علمت بیہ ازفر
ہنزہ پیران ژونزہ کہو دایہ لولو رندہ پوشہ مال گند نے درایہ لولو
رونہ گوڈہ کوئی یامت بوزم ساز بوزی بوزی پانہ آوشاہ تیہ راز
پوشہ مال چھم پوشہ تل ڈھایہ لولو رند پوشہ مال گند نے درایہ لولو

ترجمہ : تیری پرچھائیں بھی شاباش کہے جانے کے قابل ہے ،
وہ شوخ گل اندام ،
پھولوں کی مالا کھیلنے کو چلی ہے !
اس ہندو راجکماری کی گردن ہنس کی طرح ہے ۔
چشم بد دور !
اے **اللہ** اس کو چشم بد سے بچائیو !
اس سے تیری بارگاہ میں کیا کمی ہوگی !
اس کے کالے بالوں کے اُوپر سنہری طاقین ہے
اس نے اپنی زلفوں میں ،
پھلیل ، مشک نافہ اور مشک ازفر ملا ہے !
اس ہندو دیوی کو باندیاں اور داسیاں سنوار رہی ہیں ۔
جب اس نے میری محبوبہ کے پائل کی آواز سنی تو ،
پریوں کا راجہ اندر بھی اس محفل میں آیا ۔
میری محبوبہ کا وزن اڑھائی پھولوں کے وزن سے زیادہ نہیں ۔
میری چنچل پھولوں کی مالا کھیلنے چلی ہے !

Marfat.com

اب عورت کا اظہار محبت ملاحظہ ہو :

منہ زوز و ماہ روزہ دریم چانہ لولرے
شریں دارسوز منزہ بنگرہ گریم چانہ لولرے
بوحال ونے بوز کنے یارہ مسہ روش
مے اچھ پوش مالہ کریم چانہ مولرے
ذاتس میہ و نم زار دوہس عارییہ بی نا
راتس میہ سژہ ۳۰ سیپارہ پریم چانہ لولرے

ترجمہ : میرے دیوانے ذرا ٹھہر !
میں نے تو تیری محبت کے صدقے روزے رکھے ۔
اور تیرے ہی لیے میں نے چھنکنے والی سنہری چوڑیاں بنوالیں ۔
اے میرے محبوب میں تجھے اپنا حال سناتی ہوں ۔
مجھ سے نہ روٹھ جا ! کان کھول کر سن ،
میں نے تیری محبت میں اچھ پوشن (ڈیزی کا پھول) کے ہار بنائے ۔
میں دن بھر اللہ کے حضور ،
آہ و زاری کرتی رہی تا کہ تو مجھ پر مہربان ہو جائے !
اور تیری محبت کے لیے ہی میں نے
رات کو تیس پارے (قرآن مجید) پڑھے !

میر صاحب کو سراپا نگاری میں بھی کمال حاصل تھا ۔ پہلی غزل جس کے شعر نقل کیے گئے ہیں دراصل ایک سراپا ہی ہے ۔ وہ تمثیل میں بلندی اور افکار میں عمل کا درس دیتے تھے ۔ اسلوب کے اعتبار سے میر صاحب ، محمود گامی اور مقبول شاہ سے بڑے شاعر ہیں ۔ وہ کشمیری شاعری کے اختر شیرانی ہیں اور کشمیری شاعری کی روایت کے برخلاف محبوب کے لیے نسوانی اوصاف اور صیغۂ مونث استعمال کرتے ہیں ۔

ولی اللہ متو

موضع دہن گام متصل قصبہ بیروہ تحصیل بڈگام کے رہنے والے تھے ۔ کشمیری میں ان کی تصانیف ، 'ہیہ مال' (مثنوی) ترجمہ 'چہل اسرار' 'ترجمہ ضروریاتِ دیں' وغیرہ ہیں ۔ اول الذکر تصنیف میں عزیز خان اور ظریف خان نے بھی آپ کی مدد کی ہے ۔ ولی اللہ متو صوفی منش ، مذہب کے دلدادہ اور رسول پاک کے عاشق تھے ۔ جب حج کرنے گئے تو مکہ

Marfat.com

سے مدینہ جاتے ہوئے جگہ جگہ خاکِ بطحا سے دیوانہ وار لپٹ جاتے تھے۔ 'ہیہ مال' کی کہانی پہلے ہی دے دی گئی ہے۔

عبدالاحد ناظم

عبدالاحد نام اور ناظم تخلص۔ رسول میر شاہ آبادی کے ہم عصر ہیں۔ سال پیدائش اور سالِ وفات کا علم نہیں۔ ان کے کلام میں غزلیں، نعتیں اور ایک مثنوی 'زین العرب' اور ہجویہ نظمیں تھیں۔ 'زین العرب' ایک داستانِ عشق ہے۔ ناظم صاحب کا پیشہ پیری مریدی تھا۔

ثناء اللہ کریری

کریری تحصیل بارہ مولہ کے ایک گاؤں کا نام ہے ثناءاللہ اسی گاؤں کے رہنے والے تھے اور اسی نسبت سے کریری کہلائے۔ ثناء اللہ کے خاندان کا علم و فضل کے ساتھ پرانا تعلق ہے۔ آپ ۱۸۷۶ء/۱۲۹۳ھ میں راہیٔ ملک عدم ہوگئے۔ آپ نے مناجاتیں اور نعتیں لکھی ہیں جو اب تک کشمیر کی بیشتر مساجد میں درد و سوز کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں۔ آپ کی مشہور کتاب 'احوال الآخرت' ہے جس میں امام مہدی کے ظہور، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متوقع نزول، یاجوج ماجوج اور حشر وغیرہ کے حالات قلمبند کیے گئے ہیں۔ ان کی مشہور نعت ہے:

ہا واوہ و اتکنا تو توی یتہ ڈاف تراوتھ مصطفیٰ
احوال میونوی تس ونک سوئی ہو کریم دادین دوا

ترجمہ: اے صبح کی ہوا تو ادھر تو جانا،
جہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم استراحت فرما رہے ہیں۔
میرے احوال ان کو بتانا،
وہی میرے دکھوں کا علاج فرمائیں گے!

امیر الدین کریری

آپ بھی موضع کریری میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۷۰ء/۱۳۲۵ھ میں سو سال کی عمر میں وفات پائی۔ آپ کی تصانیف 'خاور نامہ'، 'سام نامہ'، 'معراج احمدی'، 'اعجاز سرمدی'، 'انوار محمدی'، 'عارف قادری'، 'جنگ محمد حنیف در انتقامِ یزید' وغیرہ ہیں۔

Marfat.com

خواجہ اکرام بقال

قصبہ چرار شریف کے رہنے والے تھے - اسی قصبہ کی ایک حسینہ کے دامِ محبت میں گرفتار ہو گئے اور خاصے بدنام ہوئے - آپ کی ایک مثنوی 'مہر و ماہ' بہت مشہور ہے جس کے بارے میں آزاد لکھتے ہیں کہ اس کتاب کا جواب آج تک نہیں لکھا جا سکا - یہ 'شاہنامۂ فردوسی' کی بحر میں ہے - اندازہ ہے کہ اس میں مصنف نے اپنے ہی عشق کا حال بیان کیا ہے - بقول شاعر :

خوشتر آن باشد کہ سر دلبراں گفتہ آید در حدیث دیگراں

سیف الدین تارہ بلی

سیف الدین نام اور سیف تخلص تھا - اس سے زیادہ ان کے حالات معلوم نہیں - ۱۸۷۴ء میں سیف کا انتقال ہوا - سیف کشمیر کے مشہور مرصع نگار شاعر تھے - ان کی دو کتابیں 'ہیہ مال' اور 'وامق عذرا' ہیں - 'ہیہ مال' میں دو ہزار ایک سو گیارہ شعر ہیں اور سارے کے سارے مرصع - اس قسم کی صنائع کو عام لوگ سمجھتے نہیں - ان کی ایک غزل کے دو شعر ملاحظہ ہوں :

دلبرس فتنہ گرس شعر پرس خوش الحان کریم گوش دیم ہوش نیم چھمنہ یوان
نازنین رہزن دین بردہ بکین جان خرین کجکلہ آفت رہ شور سپہ جور جہان

یعنی فارسی زیادہ اور کشمیری کم آپ رسالہ 'اصوات کشمیری' کے بھی مصنف ہیں جو کشمیری رسم الخط کے مسئلہ پر پہلی کتاب ہے -

عبد الوہاب پرے

موضع حاجن کے باشندے تھے - ۲۹ دسمبر ۱۹۱۴ء کو وفات پا گئے - سری نگر کی کاچرل اکیڈمی کے زیر اہتمام پروفیسر غلام محی الدین حاجی نے ان کی سوانح عمری اور تصنیفات پر روشنی ڈالی ہے - ان کی تصانیف یہ ہیں :

۱- ہفت قصہ مکرزن (اس میں حیلہ گر عورتوں کی ۷ داستانیں ہیں)
۲- اکبر نامہ (اس میں اکبر خان اور افغانستان کے مابین جنگ کو نظم میں لکھا ہے)
۳- بہرام گور - مشہور قصہ
۴- شاہ نامہ (فردوسی کے شاہنامہ کا چار جلدوں میں منظوم ترجمہ ہے)
۵- سلطانی

Marfat.com

۲- بے بُوج نامہ (یعنی اندھیر نگری چوپٹ راج)
۷- دیوانِ وہاب (یہ فارسی اور اردو نویس شعراء کی طرح ردیف کے مطابق تالیف کیا ہوا پہلا کشمیری دیوان ہے) -
۸- ہفت قصہ اعمیٰ
۹- قصہ چہار درویش
۱۰- نونہال گلبدن
۱۱- خلافت نامہ
۱۲- درویشی -
۱۳- شکل و شمائل آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

نمونہ کلام :

سپن ریزہ ریزہ تمس استخوان اکی ضربہ ستین سو گوونیم جان

(اس کی ہڈیاں چور چور ہو گئیں - اس کی ایک ہی ضرب سے وہ نیم جان ہو گیا)

اسد پرے

اسد پرے بھی موضع حاجن کا ہی ایک اور قابل ذکر شاعر تھا -

لکشمن کول بلبل

۷۲ سال کی عمر میں ۱۹۳۱ء سمت ۱۹۸۸ بکرمی میں وفات پا گئے - اپنا قطعہ تاریخ وفات خود ہی لکھا اور جان دے دی - فارسی کے عالم تھے اور کشمیری میں بھی شعر کہتے - تھے قہوہ اور چرس کے رسیا تھے -

آپ نے کشمیری زبان میں 'سام نامہ' ، 'قصہ نل و دمن' ، 'چائے نامہ' ، 'شیو لگن' کے علاوہ غزلیں اور بھجن وغیرہ بھی لکھے ہیں -

پیر عزیز اللہ اسد حقانی

عزیز اللہ نام تھا اور حقانی تخلص اور خاندانی عرف - سلسلۂ نسب شاہ قاسم حقانی سے ملتا ہے - اوائل عمر میں محلہ نر پرستان سری نگر میں رہے ، ۲۵ سال کی عمر میں موضع بٹہ وارہ چلے آئے - یہاں بھی ان کا قیام صرف دو سال ہی رہا - اس کے بعد لداخ ، یارقند اور ہندوستان کے مختلف مقامات کی سیاحت کی - لاہور میں داتا گنج بخش ؒ کے مزار پر ساڑھے چار

Marfat.com

برس رہے - حقّانی قادرالکلام اور مطلق العنان سخنور تھے - آپ کی تصانیف کی فہرست مندرجہ ذیل ہے :

'قصہ' بے نظیر بدرِ منیر' ، 'گلبنِ عشق' ، 'ساہروی گل اندام' ، 'جوہرِ عشق' ، 'چراغِ محفل' ، 'روضہ الشہداء' 'سر الشہادہ' ، 'مثنوی ممتاز بے نظیر' ، 'قصہ دشناں' ، 'فقیر نامہ' ، 'نصاب لداخ' ، 'دیوان حقّانی' (فارسی) ، 'لطائف الحقّانی' (فارسی) 'ردِّ وہابی فارسی' ، 'تاریخِ عالم نثر فارسی' ، 'فتوحِ شام' - ان کے علاوہ مختلف موضوع کی چھوٹی بڑی نظمیں ، نعت و مناقب اور قطعات و رباعیات وغیرہ ہیں - نمونہ کلام ملاحظہ فرمایئے :

چھم در فراق دلبر دل بے قرار لیتے
بلبل و نان سمو کر با گلعذار لیتے

کس بادہ یم ترانہ اغیار نی روانہ
بے درد نی دوانہ زخم نگار لیتے

کیاہ کرہ لولہ فارس و نتوم بالہ یارس
عاشق چھ انتظرس بے اختیار لیتے

مولوی صدیق اللہ

مولوی صدیق اللہ کے حالات زندگی کا تو کچھ علم نہیں - صرف اتنا معلوم ہوا کہ آپ نے ۱۹۰۰ء میں وفات پائی - آپ نے نظامی گنجوی کے 'سکندر نامہ' کا کشمیری ترجمہ کیا -

ماسٹر زندہ کول

ریٹائرڈ سرکاری ملازم تھے - لوگ ان کو احتراماً 'پیارے ماسٹر جی' کہا کرتے تھے - ۱۹۶۵ء میں وفات پائی - آپ نے پرمانند کی بعض تصانیف کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہے - فارسی اُردو اور کشمیری میں شعر کہتے تھے - کشمیری کلام ایک کتاب 'سمران' کی صورت میں شائع کیا ہے -

پنڈت دیار رام گنجو

آپ فارسی اور کشمیری زبان میں لکھتے ہیں - آپ کے کلام میں نصیحتیں اور اخلاقی باتیں ہوتی ہیں -

رمضان بٹ

جس نے 'اکہ نندن' کو تصنیف کیا اور یہی اس کا شاہکار ہے - موضع درسنہ تحصیل بڈگام کا رہنے والا تھا -

Marfat.com

شمس فقیر

نام محمد صدیق بٹ ۱۹۰۶ء میں وفات پائی ۔ آپ کا کلام غزلوں پر مشتمل ہے ۔ آپ کی سوانح حیات پروفیسر شمس احمد نے سری نگر میں تصنیف کی ہے جو کلچرل اکیڈیمی نے شائع کی ہے ۔ آپ کی مشہور غزل ہے :

کس ونہ میدچود عشقن شراب مستانہ مس گوس در خواب

اسے صوفیانہ کلام گانے والے بڑے مزے لے لے کر گاتے ہیں

کشمیری زبان کے تیسرے دور کے شعراء میں مندرجہ ذیل شاعر بھی شامل ہیں

بیب صاحبہ

آپ موضع حضرت بل میں پیدا ہوئیں ۔ اس سے زیادہ آپ کے متعلق کچھ معلوم نہیں ۔ آپ عشقِ حقیقی میں محو ہو کر تارک الدنیا ہو گئیں ۔

واعظ حیدر بابا

حیدر بابا قصبہ چرار شریف کے رہنے والے تھے ۔ مرقد زیارت نورالدین ریشی کے صحن میں ہے ۔ آپ نے کشمیری زبان میں نعت و مناقب 'شمال نبوی' اور 'مشک نامہ نبوی' لکھے ہیں ۔ صوفی منش تھے ۔ تقریباً ۱۸۵۸ء تک زندہ تھے ۔

ریشی اسمال

آپ موضع لتہ پورہ کے رہنے والے تھے ۔ آپ نے صرف غزل اور گیت کہے ، چونکہ خوش آواز تھے اس لیے دوستوں کی صحبتوں میں اپنی غزلیں گایا کرتے تھے ۔ ۳۶ برس کی عمر میں ۱۹۴۵ء میں وفات پائی ۔

مہدہ شاہ ویکہ

عظیم شاہ کے بیٹے تھے ۔ شوریدہ سر اور سودائی تھے ۔ مگر فارسی کے زبردست عالم اور صاحبِ کمال شاعر تھے ۔ بذلہ سنجی اور فی البدیہہ شعر کہنے میں کوئی ثانی نہ تھا ۔ عموماً دیوانہ وار پھرتے رہتے تھے ۔ ایک دن ڈاکوؤں نے ان کو دریا میں پھینک دیا جس سے موت واقع ہوئی ۔

Marfat.com

مہدی ترالی

محی الدین نام اور مہدی تخلص تھا ۔ عاشق ترالی کے بڑے بھائی تھے۔ ۱۸۹۸ء/۱۳۱۶ھ میں وفات پائی ۔ مہدی نے کشمیری زبان میں پانچ مثنویاں لکھیں جو یہ ہیں :
'اصحابِ کہف' ، 'احوال القیامت' ، 'داستانِ ریا' ، 'جنگِ خیبر' اور 'چندر بدن' ۔

رحمان ڈار

محمود گامی کے ہم عصر اور سری نگر کے رہنے والے تھے ۔ 'ماچھ تلر' (شہد کی مکھی) اور 'شش رنگ' ان کی مشہور تصانیف ہیں ۔

خواجہ حبیب اللہ زرگر

فارسی زبان کے ماہر تھے ۔ (۱۹۰۴ء/۱۳۲۲ھ) ۳۵ سال کی عمر میں وفات پائی ۔ فارسی اور کشمیری غزلوں کی بیاض غیر مطبوعہ ہے ۔

امد بٹ

قصبہ ترال کے رہنے والے تھے (۱۹۰۲ء/۱۳۲۰ھ) میں انتقال ہوا ۔ کشمیری زبان میں غزلیں ، نعت رسول اور اولیاء اللہ کے مناقب لکھتے رہے ۔

حسن گنگائی

چرار شریف کے رہنے والے تھے ۔ آپ نے اپنے ملکی حالات اور علاقہ کی فرسودہ حالی کے بارے میں نظمیں لکھیں اور کمال جرأت کا مظاہرہ کیا ۔

سیف الدین عارض

سیف الدین نام اور عارض تخلص تھا ۔ آبائی پیشہ پیری مریدی تھا ۔ موضع پوچھل تحصیل پلوامہ میں پیدا ہوئے ۔ نظموں اور غزلوں کے علاوہ ایک مثنوی 'نوبہار' بھی لکھی ۔ ان کے کلام میں مقبول شاہ کرالہ واری کا رنگ نمایاں ہے ۔ مثنوی 'نوبہار' کے چند ابتدائی ابیات ملاحظہ ہوں :

الٰہی ز عشق خود مدہوش کرتم شراب عشق چتیہ لب نوش کرتم
ز سوز خود کورم پروانۂ عشق میہ چاوم جام ازمے خانۂ عشق

ترجمہ : الٰہی ! مجھے اپنے عشق سے مدہوش کر ۔
شراب عشق پلا کر مجھے سیراب کر دے !

اپنے سوز سے مجھے پروانۂ عشق کر دے !
مجھے میخانۂ عشق سے جام پلا دے !

حفیظ اللہ

حفیظ اللہ موضع راموہ تحصیل پلوامہ کے رہنے والے تھے ۔ کہا جاتا ہے کہ جب حفیظ مکتب میں 'شیریں خسرو' پڑھا کرتے تھے ، مگر جب غسلِ شیریں والے باب پر پہنچے تو شیریں پر عاشق ہو گئے اور آخر کار نوبت جنون پر پہنچ گئی ۔

کافی شاہ

کافی شاہ نام تھا اور اشعار میں تخلص کے طور پر بھی نام کو ہی استعمال کرتے تھے ۔ موضع ژیرہ پورہ علاقہ کوٹہ ہار کے رہنے والے تھے ۔ سالِ وفات کا صحیح علم تو نہیں ۔ قرائن سے پتہ چلا ہے کہ ۱۹۰۸ء - ۱۹۲۱ء/۱۳۲۶ھ - ۱۳۴۰ھ کے درمیان انتقال ہوا ، کشمیری زبان میں غزل اور عشقیہ مثنوی 'قصہ بہرام' کا اردو منظوم ترجمہ لکھا ۔

وہاب کھار

وہاب نام تھا اور تخلص کی جگہ نام ہی لاتے تھے ۔ موضع کھریوشار تحصیل پلوامہ کے رہنے والے تھے ۔ آبائی پیشہ آہن گری تھا ۔ قصہ 'شیخ منا' اور 'مانچھ تولر' گیتوں کے طرز میں نظم کیا ہے ۔ وہاب چونکہ ان پڑھ تھے اور لوازمات شاعری سے ناواقف ، اس لیے کلام میں جا بجا ادبی خامیاں نظر آتی ہیں ۔

اکبر بٹ

اکبر ، سبحان بٹ کے بیٹے تھے ۔ موضع بڈی گام تحصیل اسلام آباد کے رہنے والے تھے ۔ آبائی پیشہ کھیتی باڑی تھا ۔ شعر و شاعری سے دلچسپی تھی ۔ ناظم کے شاگرد تھے ۔ صوفیانہ غزلیں اور ہجویہ نظمیں کہی ہیں 'مکرزن' ، 'میل گاہ' اور 'مٹہ ہانزین' ان کی مشہور نظمیں ہیں ۔

وازہ محمود

وازہ محمود سری نگر کے محلہ نواب بازار کے رہنے والے تھے ۔ طبیعت کو شعر گوئی سے فطری مناسبت تھی ۔ متعدد غزلیں اور گیت کہے ہیں ۔ عمر اور سال وفات کے متعلق صحیح علم نہیں ، البتہ اتنا معلوم ہوا ہے کہ ۱۹۱۶ء اور ۱۹۱۸ء کے درمیان فوت ہوئے ۔

Marfat.com

ویشنہ کول

ویشمبر ناتھ نام عنادل تخلص تھا مگر ویشنہ کول کے نام سے مشہور ہوئے۔ کشمیری برہمنوں کے سار سوت خاندان سے تھے۔ سنسکرت، اردو اور فارسی میں مہارت حاصل تھی، ذریعۂ معاش مدرسی کا پیشہ تھا۔ فارسی اور کشمیری زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ فارسی غزلیات کا دیوان۔ 'دیوانِ عنادل' کے نام سے لکھا۔ کشمیری میں 'مختلف لیلائیں' اور کتاب 'ویشنو پرتاپ رامائن' نظم کی ہیں۔ 'ویشنو پرتاپ رامائن' تیس ہزار اشعار پر مشتمل مثنوی ہے۔

خواجہ سبحان

موضع اونتی پورہ میں خواجہ صمد نامی تیلی کے گھر پیدا ہوئے۔ ۳۷ برس کی عمر میں بیضہ سے وفات پائی۔ 'ہیہ مال اور ناگیر اے' کی کہانی کشمیری غزل کی طرز پر سات ابواب میں منظوم کی۔

عبدالغفار فارغ

عبدالغفار نام اور فارغ تخلص تھا۔ سری نگر کے محلہ تبہ مالنہ میں سکونت کرتے تھے۔ تجارت پیشہ تھے۔ تصانیف میں 'قصہ یوسف و زلیخا'، 'ترجمہ مسدس حالی منظوم'، شرح کلام حضرت نورالدین ریشی اور 'ملہ نامہ' وغیرہ مشہور ہیں۔

کرشن رازداں

موضع ون پوہ متصل اننت ناگ میں پیدا ہوئے۔ سنسکرت کے عالم تھے۔ شیو فلسفہ ان کا مسلک تھا۔ موسیقی کے بھی بڑے شوقین تھے۔ شعر و شاعری سے بھی لگاؤ تھا ان کی تصانیف میں 'شوپرہ نے' اور 'شیو لگن' مشہور ہیں۔ ان کی نظمیں ہلکی پھلکی اور مترنم ہیں۔

آنند رام

والد کا نام مکند رام تھا۔ قصبہ ترال کے رہنے والے تھے۔ کشمیری زبان میں صوفیانہ غزلیں کہی ہیں۔ سنتہ رام بٹ کی طرح حضورؐ کی نعت بھی لکھی:

از میہ دادین کردوا یا محمد مصطفیٰ
چھس بو آمت با امید منتہ کرتم نا امید
بوز تم لولک صدا یا محمد مصطفیٰ

Marfat.com

ترجمہ : میرے دکھوں کی دوا کر یا محمد مصطفیٰ !
میں امید لیکر آیا ہوں ،
مجھے نا امید مت کر ،
میری محبت بھری آواز سن لے ،
یا محمد مصطفیٰ !

تیسرے دور کی شاعری

اس دور کی شاعری میں سماجی اور سیاسی حالات کی ترجمانی بالواسطہ ہوئی ہے ۔ کشمیر اس دور میں سکھوں کا اور پھر ڈوگروں کا غلام رہا ۔ اس زمانے میں شاعری میں قنوطیت ترک دنیا اور بے ثباتیِ عالم کے پیغامات ہیں ۔ اس دور کی کشمیری شاعری ، کشمیری قوم کی بے کسی اور بے بسی کی ایک واضح تصویر ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ساری کی ساری قوم راضی بہ رضا ہو گئی ہے ۔ اسی دور میں لاکھوں کی تعداد میں کشمیری مسلمان وطن چھوڑ کر چلے گئے ۔ اس وقت حال یہ تھا کہ :

جان گروِ غیر بدن بھی گروِ غیر افسوس کہ باقی نہ مکاں ہے نہ مکین ہے

اس دورمیں جب کشمیر کو ڈوگروں کے ہاتھ فروخت کرکے صرف ۸۰ لاکھ روپوں کے عوض کشمیریوں پر غلامی کی مہر ثبت کر دی ، اس وقت اہل قلم اور شاعر حضرات اہلِ خطہ کے حالات سے بے نیاز گل و بلبل اور خیالی عشق کے قصے نظم کرنے میں مصروف تھے ۔ یہ دور کشمیریوں کے انحطاط کا زمانہ ہے ، اسی لیے کلام سے بے عملی اور بے بسی ٹپکتی ہے ۔

قوموں کی زندگی میں اتار چڑھاؤ لا محالہ آتا رہتا ہے ۔ اس زمانے کے کشمیری ادب سے ظاہر ہے کہ یہ ادب برائے زندگی نہیں تھا بلکہ ادب برائے تفریح تھا ۔ اقبال نے اسی دور کے اخیر پر کشمیریوں کو مخاطب کرکے کہا تھا کہ :

تیرے دین و ادب سے آرہی ہے بوئے رہبانی
یہی ہے مرنے والی امتوں کا عالم پیری
چہ بے پروا گذشتند از نوائے صبح گاہ من
کہ برد آن شور و مستی از سیہ چشماں کشمیری

Marfat.com

(الف) کشمیری ادب اور شاعری کا چوتھا دور (یعنی) عصرِ جدید

اس دور میں کشمیریوں نے ڈوگرہ مظالم کے خلاف آواز بلند کی اور یہیں سے جدوجہد آزادی کا آغاز ہوا۔ کشمیریوں نے سالہائے دراز کے تغافل کے بعد بیداری کی کروٹ لی اور پہلی بار جلوس نکال کر مہنگائی کے خلاف اجتماع کیا۔ اس جلوس کی رہبری ایک کشمیری شاعر غلام حسن شاہ زیرک نے کی۔ اس کی پاداش میں اسے جیل بھیج دیا گیا۔ لیکن اس کا اثر یہ ہوا کہ ڈوگرہ حکومت بھی غلہ کی قیمت گھٹانے پر مجبور ہو گئی۔ زیرک نے جیل خانے میں یہ سنا تو لکھا:

زیرک از زیر کی چو جیل رسید　　نرخ شالی باصل خیش رسید

یہ واقع ۱۹۲۴ء کا ہے۔ اس کے بعد ۱۹۳۱ء آیا۔ اس وقت تک کشمیریوں نے اپنی سیاسی اقتصادی اور مجلسی غلامی کا جوا اتار کر پھینکنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ ۱۹۳۲ء میں ڈوگرہ استبداد کشمیریوں کو ابتدائی سیاسی حقوق دینے پر مجبور ہوا۔ اس کے بعد کشمیری زبان میں جو شعر و شاعری یا نثر نگاری ہوئی اس میں قومی آزادی، مجلسی انصاف، حرّیت پرستی اور بغاوت کے جذبات کی عکاسی ملتی ہے۔ اگرچہ بعض شعراء اب بھی ادب برائے ادب کے نظریہ کے تحت گل و بلبل کے نغمے الاپ رہے تھے لیکن بیشتر اہلِ قلم خوابوں کی دنیا سے نکل کر حقیقت کو اپنانے لگے تھے، اور اس دور کو بجا طور پر رزمیہ شاعری کا دور کہہ سکتے ہیں۔ اس دور میں کشمیری رزمیہ ادب کی روایت کا آغاز ہوا۔ اسلامی درس گاہوں میں فارسی رزمیہ قصے 'شاہنامۂ فردوسی' اور 'سکندر نامۂ نظامی' بطور نصابی کتب پڑھائے جانے لگے۔ اس کے علاوہ فارسی رزمیہ قصوں کے تراجم بھی ہوئے۔ یہ درست ہے کہ اس دور سے پہلے بھی کشمیری شاعری میں قاہریت کے غلبے کے باوجود رزمیہ نظمیں لکھی گئیں۔ مثلاً 'شمس بازغہ' (م—۱۸۳۷ء) کی رزمیہ نظم اور رسول میر کی شاعری میں بھی عمل کا پیغام ملتا ہے۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ کشمیری زبان میں رزمیہ شاعری کا باقاعدہ آغاز مہجور کی شاعری سے ہوتا ہے۔

مہجور کاشمیری

آپ ۱۸۸۸ء میں منزگام تحصیل بڈگام میں پیدا ہوئے۔ آٹھویں جماعت تک مقامی سکول میں پڑھنے کے بعد آپ کشمیری مزدوروں کے ساتھ برطانوی ہند آئے۔

Marfat.com

وہاں علامہ شبلی نعمانی مرحوم سے رابطہ پیدا کیا ۔ اُردو اور فارسی شاعری کی طرف توجہ کی لیکن کامیابی نہ ہوئی ۔ آخر مہجور تخلص رکھ کر اپنی مادری زبان میں ہی شاعری شروع کی ۔ محکمہ مال میں پٹواری تھے اور حلقہ دار کی حیثیت بھی حاصل تھی ۔ ابتدا میں عام شاعروں کی طرح عشق و محبت کے موضوعات پر طبع آزمائی کرتے رہے ۔ آخر تحریکِ آزادی سے متاثر ہو کر حُبِ وطن کے موضوع پر نظمیں لکھنے لگے :

بلبل و نان چھ پوشن گلشن وطن چھ سونوں ! !
سونسوں وطن چھ گلشن گلشن وطن چھ سونوی

تقسیم سے قبل ایک آل انڈیا مشاعرہ سری نگر میں منعقد ہوا ۔ اس میں آپ نے اپنی نظم ''باغ نشاطہ کے گلو ۔ ناز کران کران وولو'' پڑھی اور سب سے داد حاصل کی ۔ ''وسوہا باغوانو نو بہاراں شان پیدا کر ۔ کرن گل گسترد بلبل تمے سامان پیدا کر''۔ اس نظم میں آپ نے کشمیریوں کو ان کی عظمتِ رفتہ کی یاد دلاتے ہوئے ان کی غیرت کو جنجھوڑ کر رکھ دیا ہے ۔ آپ نے پیشن گوئی کی کہ ایک دن کشمیری شہباز سامراجی اُلّوؤں کو اپنے وطن سے نکال باہر کر دیں گے ۔

قومی نظموں کے علاوہ مہجور نے غزلیں بھی لکھی ہیں جن میں محبت کے جذبات کی ترجمانی کی گئی ہے ۔ مہجور کو مناظر قدرت اور حسنِ سادہ مثلاً دیہاتی حسن کی تصویر کشی میں بھی کمال حاصل ہے ۔ جب آپ نے اپنی مشہور نظم 'گریس کور' (دیہاتی دوشیزہ) لکھی تو مشہور ہندوستانی شاعر رابندر ناتھ ٹیگور نے اس کو کشمیر کے ورڈز ورتھ کا خطاب دیا ۔ ایک اور مشہور نظم یان ژادر (آبشار) ہے ۔ اس میں بھی مناظر قدرت کی تصویر کشی کی گئی ہے ۔ آپ کی مشہور غزل ہے :

ونتے ٹوچی کور گژہک ژیر کنی زینئے
ربنی آرس تارہ تران چھیک ژہ کنی زنئے
(بول اے لڑکی تو کہاں جائے گی اتنی دیر سے اکیلی؟
تو اکیلی ربنی آرہ کے خطرناک نالہ کو کیوں پار کر رہی ہے؟)

مہجور نے ۱۹۵۲ء میں وفات پائی ۔ آپ نے کشمیری زبان میں پہلا ہفت روزہ اخبار نکالا جس کا نام 'گاش' تھا ۔ لیکن اُردو اخبارات کی موجودگی میں یہ زیادہ دیر جاری نہ رہ سکا ۔

عبدالاحد آزاد

ان کو پنڈت [1] پریم ناتھ بزاز نے کشمیر کا شاعرِ انقلاب اور شاعرِ انسانیت قرار

۱۔ پنڈت صاحب نے آزادی کشمیر کی جد و جہد کے متعلق مندرجہ ذیل کتاب تصنیف کی ہے
The History of struggle for Freedom in Kashmir.

Marfat.com

دیا ہے - بزاز صاحب نے ایک کتاب 'شاعرِ انسانیت' آزاد کے بارے میں بھی لکھی ہے -

آزاد نے 'کشمیری زبان اور شاعری' کے نام سے ایک ضخیم کتاب تین جلدوں میں لکھی - جو ان کی وفات کے بعد کشمیر اکیڈمی نے سری نگر سے شائع کی ہے - آپ ۱۹۰۲ء میں بڈگام تحصیل کے گاؤں رانگڑ میں پیدا ہوئے اور ۵ اپریل ۱۹۴۸ء کو سری نگر کے ہری سنگھ ہسپتال میں ایک بیکس کی طرح وفات پا گئے - آپ کے سیاسی اور ادبی دوست اس وقت یا تو جیلوں میں نظر بند تھے یا جلا وطنی کی زندگی گزار رہے تھے -

آزاد ایک سرکاری سکول میں ٹیچر تھے - فارسی ، اردو اور کشمیری کے عالم تھے - پنڈت بزاز نے جب ایک ہفت روزہ اخبار 'وتستا' کے نام سے جاری کیا تو آپ نے ایک نظم ' دریاؤ ' کے عنوان سے لکھی جس میں آپ نے دریا کو زندگی سے تشبیہہ دی - (وتستا بھی دریائے جہلم کا پرانا اور مقامی نام ہے) یہ نظم جس میں انسانی زندگی کے ارتقاء اور جہد للبقا کی داستان بیان کی گئی ہے کشمیری زبان کا لازوال ادب پارہ ہے -

آپ کا کلام آپ کی زندگی میں 'سنگر مالا' (پہاڑوں کی چوٹیاں) کے نام سے چھوٹے چھوٹے کتابچوں کی صورت میں شائع ہوا تھا - اب ان کا تمام کلام 'دیوان آزاد' کے نام سے کشمیر اکیڈمی نے شائع کیا ہے - آپ نے اپنے کلام میں معاشی ، اخلاقی اور مجلسی انقلاب اور ان کے ساتھ انسان دوستی کے بلند اصولوں کا پیغام دیا ہے - خدائے قدوس اور عرشِ الٰہی وغیرہ کے بارے میں بعض جرأت مندانہ سوالات کی بنا پر بعض ناقدین نے آزاد کو دہریہ قرار دیا ہے - آزاد مرحوم سے ۱۹۴۷ء تک میرا خاصا رابطہ تھا - آپ صادق مسلمان تھے - البتہ ملائیت اور مذہبی استحصال سے ضرور بے زار تھے - ذات باری پر ان کو پختہ ایمان تھا - آپ تعصب پر مبنی قوم پرستی ، فرقہ پرستی اور رجعت پسندی کے خلاف تھے - سیاسی غلامی اور مجلسی اونچ نیچ کے دشمن تھے - آپ کے شعر اندھی تقلید اور شخصیت پرستی کے لیے زہر میں بجھے ہوئے تیر ہوا کرتے تھے جن سے شاید ہی کوئی بچ سکا ہو - اظہارِ حق کے لیے وہ کسی بھی خطرے کو مول لینے کے لیے تیار رہتے - آپ کے لہجہ میں جوش پایا جاتا ہے - آپ حقیقی معنوں میں شاعرِ انقلاب تھے - خیالات کی گہرائی اور فلسفیانہ فکر کی وجہ سے آپ مہجور اور دوسرے ہم عصروں سے بہت بلند ہیں - یہ بند ملاحظہ فرمایے :

ژپن ژاد ظلم نمن دراد انقلاب آہستہ آہستہ
پـــرن ہژ بلبـــو ســـو سچ کتاب آہستہ آہستہ
گٹھ ژج سنگـــرو پئت گاش آؤ ہاران نورن پھوت
پھولان چھم ول ژران جگرک حباب آہستہ آہستہ

ترجمہ : ظلم روپوش ہو گیا اور ،

Marfat.com

انقلاب رفتہ رفتہ نمودار ہو گیا !
بلبلوں (اہل کشمیر) نے محبت کی کتاب پڑھنی شروع کی -
اندھیرا پہاڑوں کے پرے بھاگ گیا ، اور
سورج روشنی کے ٹوکرے بکھیرتا چلا آیا -
یہ دیکھ کر میرے دل کی کلی کھلتی جاتی ہے
اور جگر کی جلن جاتی رہتی ہے !

ستار گوجری عاصی

دودھ بیچنے والے تھے - بوجھ اٹھانے کا کام بھی کرتے تھے - آپ کو مزدور شاعر بھی کہا جاتا تھا - آپ نے استخلاصِ وطن کے لیے جیل بھی کاٹی - آپ اپنی نظموں کے ذریعے مزدوروں کے حقوق اور آزادیٔ وطن کا نعرہ بلند کرتے رہے - آپ نے ۱۹۵۱ء میں وفات پائی -

پنڈت پتیا میر ناتھ درفانی

ایک ترقی پسند اور انسانیت دوست شاعر ہیں - آپ کا مجموعہ کلام 'پوشہ ڈالیاہ' (پھولوں کا تحفہ) 'حباب اور ترانہ زندگی' کی صورت میں شائع ہوا ہے - عبدالاحد آزاد پر ان کا مرثیہ خوب ہے -

غلام حسن بیگ عارف

غلام حسن عارف کے کلام میں تصوف اور جدیدیت کا امتزاج پایا جاتا ہے - آپ مزاحیہ نظمیں بھی لکھتے ہیں - ان کے کلام میں آورد زیادہ ہے اور زور کم - آپ کی بعض نظمیں حُب وطن اور قومی آزادی کے جذبہ سے معمور ہیں -

* * *

۱۹۴۷ء میں برّصغیر کی تقسیم کے وقت کشمیر میں جنگ آزادی چھڑ گئی - ۱۹۴۹ء کی پہلی صبح کو جنگ بند تو ہوئی ، لیکن ساتھ ہی ریاست جموں و کشمیر کے سینے پر ایک سرخ لکیر ، حد متارکۂ جنگ ، کھینچ دی گئی - جس کے نتیجہ کے طور پر کشمیر کے علم و ادب کے بھی دو ٹکڑے ہو گئے - چونکہ دونوں علاقوں میں آمدورفت کی اجازت نہیں ، اس وجہ سے ان کا آپس میں رابطہ بھی قائم نہ رہ سکا - اس لیے تقسیم کے بعد ابھرنے والے شعراء اور ادیبوں کا تذکرہ الگ الگ ہی کرنا پڑے گا - مقبوضہ کشمیر میں ادیبوں نے سیاسی نظریات سے قطعِ نظر اپنی زبان کے دامنِ ادب کو مالا مال کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی ہے -

Marfat.com

کشمیر اکیڈیمی نے آزاد کی 'کشمیری زبان اور شاعری' کی تین جلدوں کے علاوہ لکشمن کول کی 'سام نامہ' اور صوفی شاعر کے عنوان سے کشمیری صوفیانہ کلام کی دو جلدیں شائع کی ہیں ، جن میں سوچھ کران ، نعمہ صاحب ، احمد بٹہ داری ، رحمان ڈار ، شاہ غفور ، شاہ قلندر رحیم صاحب ، وہاب کھار اور اسد پرے کا کلام شامل ہے - کشمیری موسیقی پر ایک کتاب 'کاشر سرگم' دو جلدوں میں شائع کی گئی جس کی تالیف شیخ عبدالعزیز نے کی - کافی عرصہ پہلے حافظ احمد اللہ پنجابی نے بھی کشمیری موسیقی پر ایک کتاب شائع کی تھی -

دینا ناتھ نادم

موجودہ دور کے ایک ذہین شاعر ہیں - انہوں نے بھی مشہور کہانی 'ہیہ مال' کو نظم کیا ہے - آپ نے کشمیری زبان کا پہلا ماہوار رسالہ 'کونگہ پوش' (زعفران کا پھول) شائع کیا جو جلد ہی بند ہو گیا -

عبدالرحمٰن راہی

ایک اور شاعر ہیں - یہ 'نو روز وصبا'، 'سنہ ون ساز' اور 'صبحک سودا' کے مصنف ہیں -

غلام نبی خیال

سری نگر کے ایک نوجوان ادیب ہیں - آپ کشمیر محاذ رائے شماری کے اخبار 'اُردو محاذ' کے ایڈیٹر رہ چکے ہیں - اس سے علیحدگی کے بعد آپ نے کشمیری زبان کا ہفت روزہ اخبار 'وطن' جاری کیا ، جو چند سال کے بعد بند ہو گیا - شیرِ کشمیر شیخ محمد عبداللہ نے خیال صاحب کو 'وطن' کی بندش پر لکھا کہ ''میں نے تمہیں پہلے ہی کہا تھا کہ (اُردو کے اخبارات کی موجودگی میں) کشمیری اخبار کو کوئی نہیں پڑھے گا''- اب خیال صاحب نے اُردو ہفتہ وار اخبار 'اقبال' جاری کیا ہے - آپ نے عمر خیام کی فارسی رباعیات کا ترجمہ کشمیری میں کیا ہے - جو 'رباعیاتِ عمر خیام' کے نام سے شائع ہوا ہے - ایک رباعی کا ترجمہ ملاحظہ ہو - فارسی رباعی دیکھیے ، پھر اس کا کشمیری ترجمہ ملاحظہ فرمایئے ، جس میں خیال نے کس خوبی سے فارسی مفہوم کو کشمیری کا جامہ پہنایا ہے :

ابریقِ مے مرا شکستی ربی" برمن در عیش را بہ بستی ربی"!
بر خاک ریختی مے لعل مرا خاکم بدھن سخت مستی ربی"!

اب اس کا کشمیری ترجمہ ملاحظہ ہو :

Marfat.com

مس ملرژ ہنھتم پتھر آغومیہ کیا اوسوئی کھیومُت
دام کثر تام ایس اتھ منز قطــرہ کھنڈ او سم چمت
کیا زہ دیتھم ٹھوس پیانن تہ دل ہند رو وتھم
کیاہ ونے ما فی د زیم جھک پانہ شاید مس گمت

خیال ترجمے میں رباعی کی مخصوص بحر کو قائم نہیں رکھ سکے - خیال صاحب نے ارسطو کی کتاب 'بوطیقا' کا ترجمہ بھی کیا ہے اور گامی پر بھی ایک کتاب لکھی ہے -

امین کامل

جن کے کتابچہ 'اچھرہ زان' کے حوالے پہلے دیے گئے ہیں ، ایک پڑھے لکھے شاعر ہیں - پہلے غریق تخلص کرتے تھے ، پھر کامل ہو گئے- آپ کا اپنا کلام 'مس معر' (شراب کا مٹکا) کی صورت میں شائع ہوا ہے - آپ 'نورنامہ' ، 'لوہ تہ پریوہ' اور 'گٹومنز کاش' نامی کتابوں کے مصنف ہیں -

عبدالستار رنجور کشمیری

یہ کیگام پلوامہ کے ایک شاعر ہیں جو کمیونسٹ پارٹی آف کشمیر (روس نواز) کے لیڈر بھی ہیں - ان کا کلام 'بانگِ انقلاب' کے نام سے شائع ہوا ہے - اسی نام سے رنجور کا اُردو کلام بھی شائع ہوا ، جو فنی اعتبار سے اتنا قابل قدر نہیں - کشمیری نظمیں خوب ہیں -

غلام رسول نازکی

یہ بھی کشمیری زبان کے ایک بلند پایہ شاعر ہیں - آپ کی کتاب 'نمرود نامہ' ہے -

اوتار کشن رہبر

انہوں نے کشمیری زبان پر خاصی ریسرچ کر کے کشمیری زبان میں 'کاشرہ اوبچ' تاریخ شائع کی ہے - بچوں کے لیے آپ نے کشمیری زبان میں کشمیری کہانیوں کے مجموعے نثر میں 'نحتہ لر' (موتیوں کی مالا) اور تبروک (تبرک) کے نام سے شائع کی ہیں -

پروفیسر غلام محی الدین حاجنی

'کاشرہ شاعری' اور 'کاشر سترچ' کتاب کے مصنف ہیں - آپ کو تحریکِ آزادی میں حصہ لینے کی پاداش میں جیل بھی کاٹنی پڑی - آپ نے 'مسدس حالی' کا کشمیری نظم میں ترجمہ شائع کیا ہے اور کشمیری ڈرامے بھی لکھے ہیں -

Marfat.com

اختر محی الدین

نثر کی کتابوں میں 'ست سنگر' (سات پہاڑ) 'سو نزل' (قوس قزح) اور 'دور داغ' (درد و داغ) کے مصنف ہیں ۔ یہ افسانوں کے مجموعے ہیں ۔

علی محمد لون

کشمیر اکیڈیمی کے سیکرٹری ہیں ۔ آپ نے 'کاشرٹک باتھ' (کشمیری شاعری کے ٹوٹکے) شائع کی ہے اور ناجی منورہ اور موتی لال ساقی کی مدد سے ایک کشمیری ناول 'اس تہ چہ انسان' (ہم بھی انسان ہیں) شائع کیا ہے ۔

بنسی نردوش

انہوں نے 'بال مرہ یو' (میں جوان مرگ ہو جاؤں گی) اور 'آدم چھ یتھے بدنام' (انسان یونہی بدنام ہے) شائع کی ہیں ۔ یہ نثر میں ہیں ۔

چمن لال چمن

نظموں کی کتاب 'شبنمی شار' کے مصنف ہیں جس کے لیے اکیڈیمی نے مدد دی ہے ۔

(ب) حد متارکہ سے اس طرف یعنی آزاد کشمیر میں ادب کی کیفیت

حدِ متارکۂ جنگ سے اس طرف جو کشمیری شاعر مہاجر ہو کر آئے یا اس طرف کے رہنے والے ہیں ان کا اجمالی ذکر درجِ ذیل ہے :

فتح محمد خان آذر عسکری

۱۹۱۰ء میں پیدا ہوئے ۔ زیادہ تر اُردو میں لکھتے ہیں ۔ چونکہ کشمیری مادری زبان ہے ، اس لیے اس میں بھی کبھی کبھی طبع آزمائی کر لیتے ہیں ۔ طبیعت کا میلان طنز و مزاح کی طرف ہے ۔

خواجہ غلام احمد ناز کاشمیری

تحصیل کولگام کے رہنے والے آزادی پسند شاعر ہیں ۔ مگر کم نویس ۔ ان دنوں آپ اقبال کی مثنوی 'اسرارِ خودی' کے کشمیری ترجمہ کے کام میں مصروف ہیں ۔ غزلیں بھی لکھتے ہیں اور سیاسی و قومی نظمیں بھی ۔

Marfat.com

احمد شمیم

آزاد کشمیر کے محکمۂ اطلاعات میں افسر ہیں ۔ اُردو اور کشمیری دونوں میں طبع آزمائی کرتے ہیں ۔ نظموں میں کشمیر کی آزادی کے لیے تڑپ پائی جاتی ہے ۔ انہوں نے کئی ترانے لکھے ہیں ، جو آزاد کشمیر ریڈیو سے نشر ہوتے رہتے ہیں ۔

علی محمد کنول

مظفر آباد میں رہتے میں ۔ آزاد کشمیر ریڈیو کے لیے سیاسی نظمیں اور فیچر وغیرہ لکھتے ہیں ۔

عبدالخالق عندلیب

شاعر اور فیچر نگار ہیں ۔ آزاد کشمیر ریڈیو سے وابستہ ہیں ۔

طاؤس بانہال

نام غلام رسول ۔ کشمیری شاعر اور نثر نگار ریڈیو کے محکمہ سے وابستہ ہیں ۔

حب سلمانی

مظفر آباد میں ہیر ڈریسر کا کام کرتے ہیں ۔ جب غمِ روزگار سے فرصت ملتی ہے تو اعلیٰ پائے کے شعر کہتے ہیں ۔

سید شمس الدین بخاری

میر پور میں تحصیل مفتی کے عہدہ پر فائز ہیں ۔ نعتیں اور سیاسی نظمیں لکھتے ہیں ۔

غلام محمد مہروجی

وادیٔ کشمیر کے مہاجر شاعر ، مظفر آباد میں رہتے ہیں ۔ کشمیری میں قومی نظمیں لکھتے رہتے ہیں ۔

غلام محمد مسرور

وادی کے مہاجر ہیں اور قومی و ملّی موضوع پر نظمیں لکھتے ہیں ۔

خواجہ احمد اللہ دلنواز

کشمیر میں ان کا کلام 'رسالۂ دل' ، 'عشقہ باغ' ، 'کلام الفت' ، 'کلام عمہ خوجہ' ،

Marfat.com

'ظہور گلشن' ، 'سرور عشق' کی صورت میں شائع ہوا تھا - ۱۹۴۷ء میں جنگ ہوئی تو آپ پاکستان چلے آئے - یہاں ریڈیو آزاد کشمیر کے لیے قومی نظمیں لکھیں -

تحسین جعفری

آپ پاکستان کے محکمۂ اطلاعات کے ہفت روزہ 'کشمیر' کے مدیر رہ چکے ہیں - اُردو اور کشمیری میں خوب لکھتے ہیں - شہر پونچھ کے رہنے والے ہیں - آپ کا کلام پاکیزہ ، مذہبی جذبات سے پُر اور حریت آموز ہے -

خواجہ عبدالاحد دلاور دانی

کشمیری شاعر ہیں - ریڈیو سے متعلق رہے ہیں -

میر عبدالعزیز

وادیٔ کشمیر کے مہاجر ہیں - آپ نے اپنی مادری زبان میں نظمیں لکھیں ، جو اخبارات میں شائع اور ریڈیو سے نشر ہوتی رہیں - اُردو اور کشمیری میں ریڈیائی فیچر بھی لکھتے ہیں -

سید مبارک علی شاہ شاہین وغیرہم

ایڈیٹر 'مظلوم کشمیر' لاہور - اُردو اور کشمیری میں شعر لکھتے ہیں - ان کے علاوہ میر غلام احمد کشفی ، خواجہ نورالدین دار ، محمد مظفر فاضلی ، قاضی نورالدین اختر ، قاضی حفیظاللہ سالب ، مسٹر مسعود احمد تبسّم ، سوز کاشمیری ، میر نور محمد ، محمد عالم سرتا وغیرہ کشمیری زبان کے نثر نگار ہیں - کشفی صاحب نے 'کاشر زبان' کے نام سے ایک کتاب بھی کشمیری زبان پر لکھی ہے - اسی طرح محمد اسداللہ قریشی اور خواجہ غلام نبی گلکار نے کشمیری بول چال پر ایک کتابچہ شائع کیا ہے - حدِ متارکہ سے اس طرف اور بھی شاعر اور نثر لکھنے والے ہیں - جو کشمیری زبان کے علم و ادب کے چراغ کو روشن رکھے ہوئے ہیں - امید ہے کہ اب یہ چراغ روشن ہی رہے گا اس لیے کہ

(۱) دور جدید میں ایسا اب موقع آیا ہے کہ کشمیری زبان پڑھائی جانے لگی -

(۲) اب اس کا ایک ایسا رسم الخط بنایا گیا ہے جس کی مدد سے اس کی تمام واویل اور دیگر آوازیں قلمبند کی جا سکتی ہیں -

(۳) ریاست کے دونوں حصوں میں کشمیری کے ادباء اور شعراء کی تسلی بخش تعداد پائی جاتی ہے جو اس زبان کے ادبی اور علمی ذخیرے میں اضافہ میں کوشاں ہے -

(۴) کئی ایک ادبی انجمنیں اور ادارے کشمیری زبان و ادب اور ثقافت کو فروغ

Marfat.com

دینے کے لیے کام کر رہے ہیں ۔

اسی طرح کا ایک ادارہ صاحبزادہ حسن شاہ صاحب (رجسٹرار اسلام آباد یونیورسٹی) کی مساعی کی بدولت کشمیر کلچرل سنٹر کے نام سے حال ہی میں قائم کیا گیا ہے ۔ نتیجہ یہ ہے کہ اب کشمیریوں کے ادب سے بوئے رہبائی نہیں آتی ۔ بلکہ یہ عملِ مسلسل اور جہدِ پیہم کا پیغام بر ہے ۔ اس دور میں کئی رزمیہ اور حریت پسندانہ نظمیں لکھی گئی ہیں ۔

کشمیری صحافت

جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے اُردو زبان کے عام رواج کے باعث کشمیری زبان میں اخبارات شائع کرنا بے کار کوشش ثابت ہوئی ہے ۔ اُردو اب کشمیر کی بھی اسی طرح زبان بن چکی ہے ، جس طرح پنجاب اور سرحد کی ۔ لاہور میں کوئی شخص اگر اُردو اخبارات کے ہوتے ہوئے پنجابی زبان میں روزنامہ یا ہفت روزہ جاری کرے تو اسے بھی شاید ناکامی ہی ہو ۔ سری نگر میں سب سے قبل مہجور نے 'گاش' (روشن) کے نام سے کشمیری ہفت روزہ نکالا ، جو جلد ہی بند ہو گیا ۔ چند سال قبل شری دینا ناتھ نادم نے 'گونگہ پوش' کے نام سے ایک ماہنامہ کشمیری میں جاری کیا لیکن وہ بھی بند ہو گیا ۔ مسٹر غلام نبی خیال نے 'وطن' جاری کیا مگر خیال صاحب کا خیال خام ثابت ہوا ۔ سری نگر میں کشمیر اکیڈیمی کی طرف سے ایک دو ماہی رسالہ شیراز نکلتا ہے جو سرکاری مدد پر زندہ ہے ۔

حدِ متارکہ سے اس طرف یعنی آزاد کشمیر میں کوئی کشمیری زبان کا جریدہ شائع کرنے کی کوشش نہیں کی گئی ۔ غالباً اس سلسلے میں سب سے بڑی دقّت یہ ہے کہ حدِ متارکہ سے اس طرف کشمیری زبان میں کتابیں وغیرہ شائع کریں تو اس زبان کے لکھنے والے کاتب نہیں ملتے ۔

بایں ہمہ اہل وادی کے اُردو جرائد میں خواہ وہ وادی کے اندر شائع ہوتے رہے ہوں یا پاکستان میں یا آزاد کشمیر میں ، کشمیری میں نظمیں اور مقالات شائع ہوتے رہے ہیں ، اور یہ سلسلہ اس وقت سے جاری ہے جب سے کشمیر میں صحافت کی ابتدا ہوئی ۔

۱ ۔ ذیل میں ان ہفت روزوں اور روزناموں کے نام درج کیے جاتے ہیں جن میں کشمیری میں نظمیں وغیرہ شائع ہوتی رہی ہیں ۔

ہفت روزہ 'وتستا' سری نگر ۔ ایڈیٹر پریم ناتھ بزاز ۔ وادی کا پہلا ہفت روزہ 'صداقت' سری نگر ، اسے شیخ محمد عبداللہ نے جاری کیا ۔ اس کے مدیر مولوی عبدالرحیم تھے ۔ روزنامہ 'حقیقت' سری نگر ، یہ صداقت کی بندش کے بعد شائع کیا گیا ۔ ڈاکٹر صوفی کی تحقیقات کے

مطابق اس اخبار کے ایڈیٹر بھی درپردہ پریم ناتھ بزاز تھے۔ یہ اخبار شیرِ کشمیر محمد عبداللہ کی مسلم کانفرنس کا ترجمان تھا۔

روزنامہ 'ماتنڈ' سری نگر۔ اُردو روزنامہ ۔ کشمیری پنڈت فرقے کا ترجمان ۔

'سہ روزہ اسلام' سری نگر ۔ مولوی محمد امین کی ادارت میں ۱۹۳۳ء میں واعظ پارٹی نے جاری کیا ۔ لیکن چل نہ سکا ۔ کچھ دیر علامہ حسین میر کاشمیری نے بھی اس کی ادارت کی۔

ہفت روزہ 'کشمیر جدید' سری نگر ۔ منشی محمد دین فوق ۳۳ - ۱۹۳۴ء میں شائع کرتے رہے ۔

ہفت روزہ 'ابرق' سری نگر ۔ مالک و مدیر محمد ایوب صابر ۔ ۱۹۳۵ء سے ۱۹۴۰ء تک جاری رہا ۔

ہفت روزہ 'بیکار' سری نگر ۔ صدر الدین مجاہد ۱۹۳۲ء میں چلاتے رہے ۔

ہفت روزہ 'خالد' سری نگر ۔ صدر الدین مجاہد نکالتے رہے ۔

روزنامہ 'ہدایت' سری نگر ۔ میر واعظ ہمدانی کی نگرانی میں کچھ دیر چلتا رہا ۔ مفتی ضیاء الدین جینا ادارت سے وابستہ تھے ۔

'ویکلی دیس' سری نگر ۔ پنڈت کشیپ بندھو کا اخبار تھا ۔

ہفت روزہ 'رہبر' سری نگر ۔ مالک و مدیر خواجہ غلام محی الدین رہبر ۔ اب تک جاری ہے ۔

روزنامہ 'ہمدرد' سری نگر ۔ پہلے شیخ محمد عبداللہ اور پنڈت پریم ناتھ بزاز نے مشترکہ طور پر جاری کیا۔ پھر شیخ صاحب نے ۱۹۴۰ء میں اخبار سے علیحدگی اختیار کرلی ۔ مسٹر بزاز نے اسے ایک اعلیٰ درجے کا روزنامہ بنا لیا ۔ 'ہمدرد' نے کشمیری زبان کی بڑی خدمت کی ۔ آزاد کی کتاب قسط وار اس اخبار میں شائع ہوتی رہی ۔ مہجور، آزاد اور دوسرے شعراء کا کلام بھی اس میں بھی شائع ہوتا رہا ۔

روزنامہ 'خدمت' سری نگر ۔ نیشنل کانفرس کا ترجمان ۔ اب کشمیر کی نام نہاد کانگریس کا ترجمان ہے ۔ اس اخبار میں بہت سے کشمیری شعراء کا کلام شائع ہوتا ہے ۔

ہفت روزہ 'ملت' سری نگر ۔ مالک مولوی غلام رسول ، ایڈیٹر میر عبدالعزیز ۔ یہ دونوں جرائد ۱۹۴۷ء میں بند ہوئے ۔

ہفت روزہ 'اصلاح' سری نگر ۔ جماعت احمدیہ کشمیر کا اخبار تھا ۔ ۱۹۴۷ء سے بند ہے ۔ ایڈیٹر چوہدری عبدالواحد اور آخر میں خواجہ عبدالغفار ڈار تھے ۔

۲- ان کے علاوہ اس وقت سری نگر میں حسب ذیل کشمیری زبان اور علم و ادب کے بارے میں کچھ نہ کچھ شائع ہوتا رہتا ہے ۔

Marfat.com

روزنامہ 'چنسار' سری نگر - ایڈیٹر اسرار احمد آزاد -
روزنامہ 'خدمت' ایڈیٹر نند لال واتل -
ہفت روزہ 'زینہ' ایڈیٹر شمیم احمد شمیم ، ہفت روزہ 'محافظ' ایڈیٹر رشید تاثیر -
ہفت روزہ 'اقبال' ایڈیٹر غلام نبی خیال - ہفت روزہ 'رہبر' ایڈیٹر غلام محی الدین رہبر -
ہفت روزہ 'پیام انقلاب' ایڈیٹر خواجہ غلام محمد بٹ ، خواجہ عمر بٹ بی - اے - ویکلی 'روشنی' ایڈیٹر خواجہ عبدالعزیز شورہ - روزنامہ 'آشاب' ایڈیٹر خواجہ ثنأ اللہ بٹ
روزنامہ 'مارتنڈ' -

۳- راولپنڈی سے اس وقت مندرجہ ذیل چار ہفت روزے شائع ہوتے ہیں - جن میں کشمیری زبان کا ادب شائع ہوتا رہتا ہے -

(الف) ہفت روزہ 'کشمیر' راولپنڈی - ایڈیٹر خواجہ عبدالصمد وانی -
(ب) شیخ فقیر حسین کا ہفت روزہ 'ریاست' راولپنڈی -
(ج) ہفت روزہ 'مظلوم کشمیر' ایڈیٹر سید مبارک شاہین (تمغۂ پاکستان -)
(د) ہفت روزہ 'انصاف' راولپنڈی ، ایڈیٹر میر عبدالعزیز -

۴- کشمیر سے باہر کشمیری معاشرے اور زبان و ادب پر لکھنے والے رسائل :

کشمیر میں پریس کی آزادی باقاعدہ طور پر ۱۹۳۱ء سے حاصل ہوئی - اس سے قبل لاہور اور برطانوی ہند کے دوسرے علاقوں کے بہت سے جرائد کشمیریوں اور کشمیری علم و ادب کے بارے میں لکھا کرتے تھے - ان کی تفصیل درج ذیل ہے :

ہفت روزہ 'خیر خواہ کشمیر' لاہور - ایڈیٹر پنڈت ہرگوپال خستہ - یہ رسالہ ۸۳-۱۸۸۲ء میں شائع ہوتا رہا - خستہ صاحب کو زبیر سنگھ ڈوگرہ نے جلا وطن کر دیا تھا اور آپ اس اخبار میں دل کی بھڑاس نکالتے رہے - اس لحاظ سے پنڈت جی پہلے کشمیری اخبار نویس ہیں -

ہفت روزہ 'اخبار عام' لاہور - ۱۸۸۱ء میں شروع ہوا - ایڈیٹر پنڈت کند رام گرٹو اور پھر ان کا بیٹا پنڈت گوپی ناتھ - اس کے بعد یہ روزنامہ نیا دور تقسیم ہند سے کئی سال قبل بند ہو گیا -

ہفت روزہ 'راوی' لاہور - ہفت روزہ ''پبلک نیوز'' لاہور

ہفت روزہ 'مراسلہ' کشمیر' لاہور - ۱۸۸۰ء تا ۱۸۹۰ء - پنڈتوں کا اخبار تھا -

ماہنامہ 'کشمیر پرکاش' اُردو - لاہور - ۱۸۹۸ء سے ۱۹۰۱ء تک جاری رہا - پنڈتوں کا اخبار تھا -

Marfat.com

دوماہی 'کشمیر دین' الہ آباد - اُردو اور ہندی دونوں میں سر تیج بہادر سپرو کی ادارت میں شائع ہوتا رہا ہے -

رسالۂ 'شمالی' راولپنڈی - انیسویں صدی کے اواخر میں نکلتا رہا -

ہفت روزہ 'گلشن کشمیر' لاہور - (۱۹۰۱ء) ایڈیٹر مولانا تاج الدین احمد تاج -

ہفت روزہ ''پنجۂ فولاد'' لاہور (۱۹۰۱ء سے ۱۹۰۶ء تک)- ایڈیٹر محمد دین فوق مرحوم

ماہنامہ 'کشمیر گزٹ' لاہور : مالک چوہدری جان محمد گنائی- ایڈیٹر منشی محمد دین فوق مرحوم-

ماہنامہ کشمیر مخزن ، لاہور : ایڈیٹر خواجہ کمال الدین احمد بی اے ، ایل ایل - بی ، بانی مسلم ورکنگ مشن انگلینڈ -

ماہنامہ کشمیری میگزین ، لاہور : ۱۹۱۲ء میں فوق صاحب نے جاری کیا -

ماہنامہ سفید ، لاہور : کشمیری پنڈت صاحبان نے ۱۹۱۴ - ۱۹۱۶ء میں جاری رکھا -

ماہنامہ صبح کشمیر ، لاہور : پنڈت لچھمن نرائن کول اور پنڈت دینا ناتھ مست نے ۱۹۱۶ء میں جاری کیا - اس میں کشمیر کے سیاسی معاملات پر بحث ہوتی تھی -

ماہنامہ بہار کشمیر ، لاہور : پنڈت فرقہ کا اخبار - اُردو اور ہندی دونوں میں شائع ہوتا تھا -

ہفت روزہ ''رفیق ہندوستان'' لاہور

ہفت روزہ 'آئینہ ہند' لاہور : ایڈیٹر بابو غلام محمد - اس میں کشمیر میں مقرر کردہ کونسل آف ایجنسی کی مخالفت ہوتی تھی اور پرتاپ سنگھ کی حمایت -

ہفت روزہ 'ہمدرد ہند' لاہور : اس میں مہاراجہ پرتاپ سنگھ کی مخالفت اور کونسل کی حمایت ہوتی تھی - یہ پہلا ہندوستانی پرچہ ہے جس کا داخلہ ریاست کشمیر میں حکماً بند کر دیا گیا -

ہفت روزہ 'کشمیر' امرتسر - مظلوم کشمیر ، لاہور : یہ جرائد روزنامہ انقلاب لاہور والوں نے ۱۹۳۱ء کی تحریک کشمیر کے دنوں میں شائع کیا - یہ امر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اس مقالہ میں کشمیریوں کے جس علم و ادب کا ذکر کیا گیا ہے ، وہ صرف کشمیری علم و ادب ہے - اہلِ خطہ نے فارسی اور اردو کلام اور فلسفہ میں بھی بہت نام پیدا کیا - مثال کے طور پر غنی کشمیری جن کا سارا کلام فارسی میں ہے - ان کا اس میں ذکر بے جا ہوگا - غنی کشمیری کے پورے دیوان میں صرف ایک ہی کشمیری لفظ کرانہ پن (کمہار کا دھاگا) استعمال ہوا ہے جس کو کمہار لوگ برتن کاٹنے کے لیے استعمال کرتے ہیں - جس شعر میں غنی نے یہ مرکب لفظ استعمال کیا اس کے معانی سمجھنے کے لیے مرزا صائب اصفہان سے کشمیر آئے - شعر یوں ہے :

سوئے میانِ تو شرہ کرالہ پن کردہ جدا کاسۂ سرہا ز تن

اسی طرح ملا محمد محسن فانی فلسفی مصنف 'دبستان مذاہب' ، یا پھر برج نرائن چکبست اور سر محمد اقبال مرحوم یہی کشمیری تھے ، لیکن ان کا کلام اردو اور فارسی میں ہے ، اس لیے ان کا اس مقالہ میں تفصیلی ذکر نہیں کیا جاسکتا ۔ البتہ جذبۂ حرّیت بیدار کرنے میں اقبال ، منشی محمد دین فوق اور دوسرے اہل قلم حضرات کی تحریروں کا بڑا حصہ ہے جو انہوں نے اہلِ کشمیر کو مخاطب کرکے لکھیں ۔

(ج) کشمیر کی تاریخ پر ریاستی مؤرخین کی کتابیں

کشمیر کی تاریخ پر سنسکرت فارسی ، اُردو اور انگریزی میں کتابیں لکھی گئی ہیں ۔ سب سے پہلی تاریخ کلہن پنڈت کی 'راج ترنگنی' (بادشاہوں کا دریا) ہے ۔ اس میں صرف راجوں مہاراجوں کی نہیں بلکہ کشمیری قوم کی اس وقت تک کی ساری تاریخ درج ہے ۔ اس میں ابتدا سے ۱۱۵۰ء تک کے واقعات بیان کیے گئے ہیں ۔

مسلمانوں کے دور سے تاریخ نویسی کی باقاعدہ ابتدا ہوئی ۔ جدید دور میں اُردو اور انگریزی میں کشمیر کی تاریخیں لکھی گئیں ۔ منشی محمد دین فوق نے 'تاریخ اقوام کشمیر' ، مکمل 'تاریخ کشمیر' ، 'تاریخ بڈشاہی' ، 'شباب کشمیر' ، 'خواتین کشمیر' لکھ کر کشمیری قوم کی عظمت رفتہ کو بحال کرنے کی کوشش کی ۔ ڈاکٹر غلام محی الدین صوفی کی کتاب 'کثیر' جو کہ پنجاب یونیورسٹی نے دو جلدوں میں چھپوائی ہے کشمیر کی سب سے مبسوط تاریخ ہے ، جس کی تیاری میں فاضل مصنف نے بڑی محنت سے کام لیا ہے ۔ پنڈت بزاز کی کتابیں 'ہسٹری آف سٹرگل فار فریڈم ان کشمیر' ، 'انسایڈ کشمیر' اور 'کشمیر ان کروسیبل' میں تحریک آزادی کے متعلق اچھا خاصا مواد موجود ہے ۔ مقبوضہ کشمیر میں لالہ رخ پبلی کیشنز نے ایک کتاب 'کیز ٹو کشمیر' شائع کی ہے ، جو مختصر مگر خاصی دلچسپ اور معلومات سے پر ہے ۔ مفتی محمد شاہ سعادت کی کتابیں بھی محققانہ ہیں ۔ میر غلام احمد کشفی کی کتاب 'تحریک آزادی کشمیر' ، کلیم اختر کی 'شیر شیخ محمد عبداللہ' ، سردار ابراہیم کی 'کشمیر ساگا' ، چودھری غلام عباس کی 'کشمکش' ، خواجہ عبد الصمد وانی کی 'کے ۔ ایل ۔ ایم' قابل ذکر کتابیں ہیں ۔ کشمیر پبلی کیشنز مظفر آباد ، آزاد کشمیر کے محکمہ اطلاعات اور پاک پریس انفرمیشن کی طرف سے بھی کثیر مقدار میں پمفلٹ جاری ہوتے رہے ہیں ۔ جن سے کشمیر کی تاریخ خاص کر تحریکِ آزادی پر روشنی پڑتی ہے ۔ محمد اسد اللہ قریشی نے بھی کشمیری

Marfat.com

زبان اور اس قوم کی نسلی تاریخ کے بارے میں مقالات شائع کیے ہیں - سری نگر میں حال ہی میں رشید تاثیر نے کشمیر کی تاریخ پر ایک کتاب شائع کی ہے - جی - ایم صادق حال نام نہاد وزیر اعلیٰ کشمیر نے بھی ۱۹۴۶ء میں لاہور سے ایک کتاب انگریزی میں بعنوان 'کشمیر ان ٹرائل' (کشمیر کی آزمائش) شائع کی تھی - ان کے علاوہ کشمیری مؤرخین اور مصنفین کی مندرجہ کتب ملتی ہیں :

جون راج کی راجاوی جوکلہن کی ترنگنی کا تسلسل ہے -

شری وار کی جین راج ترنگنی ۱۴۵۹ء سے ۱۴۸۶ء کے واقعات کا مرقع

تاریخ نادری از ملاّ نادری

تاریخ وقایع کشمیر از ملا احمد کشمیری (نایاب)

کشمیری زبان اور غیر ملکی مصنفین

ان کے علاوہ انگریز پادریوں نے بھی کشمیری زبان کی ترویج اور اشاعت کا کام (اپنے تبلیغی مقاصد کے لیے) کیا - کشمیر میں مشن ہسپتال اور مشن سکول قائم کیے گئے - بائبل کے دونوں حصوں (پرانا اور نیا میثاق) کے ترجمے کشمیری میں شائع کیے گئے - ڈاکٹر ایلس ملی نے کشمیری انگلش ڈکشنری ۱۸۷۶ء میں شائع کی - ٹی آرڈیڈ نے کشمیری زبان کی گرامر شائع کی - سر جارج گریئرسن نے ایک کشمیری پنڈت کے تعاؤن سے کشمیری زبان کی مبسوط ڈکشنری شائع کی، جس کی ایک سو بیس روپے قیمت ہے اور جو بنگال ایشیاٹک سوسائٹی سے ملتی ہے - یہ ڈکشنری رایل ایشیاٹک سوسائٹی نے شائع کی ہے - گریئرسن نے ایک اور کتاب 'کشمیری مینویل' کے نام سے لکھی ہے - ایک اور کتاب آپ نے حاتم کی کہانیاں مرتب کی - اس کے علاوہ 'فوک ٹیلز ان کشمیر' بھی ان کی تالیف ہے - رایل ایشیاٹک سوسائٹی لندن نے ایک مفید کتاب ''دی پرونن سیشن آف کشمیری'' شائع کی ہے - اس کے مصنف ٹی گراہم بیلی ایم - اے، بی ڈی - ڈی لٹ ہیں - اس میں کشمیری تلفظ کو انگریزی حروف علت کی مدد سے لکھا گیا ہے - کتاب میں کشمیری لوک کہانیاں بھی دی گئی ہیں اور آخر میں بہت سے کشمیری لفظوں کا انگریزی حروف ہجا میں تلفظ بھی بتایا گیا ہے - امر سنگھ ڈوگری کالج سری نگر اور ایس - پی کالج سری نگر کے میگزینوں میں فارسی

Marfat.com

اور شاردا رسم الخط میں کشمیری مضامین ،افسانے اور نظمیں شائع کی ہیں ۔ غلام محمد پشاوری نے بھی کشمیری زبان کی گرامر لکھی ہے ۔

اس وقت ریاست کے دونوں حصوں کے چارمیں سے تین ریڈیو سٹیشن (۱) آزاد کشمیر ریڈیو مظفر آباد ۔ (۲) آزاد کشمیر ریڈیو تراڑ کھل ۔ (۳) ریڈیو کشمیر سری نگر، کشمیری زبان میں پروگرام نشر کرتے ہیں ۔ ان کے علاوہ ریڈیو پاکستان اور آل انڈیا ریڈیو سے بھی کشمیری پروگرام نشر ہوتے ہیں ۔(ریڈیو جموں سے کوئی کشمیری پروگرام نشر نہیں ہوتا) ۔ ان پروگراموں میں خبروں کے علاوہ فیچر ، گیت اور ڈرامے وغیرہ نشر ہوتے ہیں ۔

کشمیری شاعری کا بنیادی خیال

کشمیری شاعری کا ابتدائی دور سے لے کر آج تک مطالعہ کیا جائے تو اس میں ایک بنیادی نقطۂ نظر اور ایک ایسا رخِ حیات کار فرما نظر آتا ہے جو کسی نہ کسی صورت میں ہر بڑے اور چھوٹے شاعر کے کلام سے مترشح ہوتا ہے ۔ اسے آپ کشمیری شاعری کی روح کہہ لیں یا کشمیری معاشرے کی پکار ۔ بہر حال اس سے ایک پوری قوم کے احساسات کی نشاندہی ہوتی ہے ۔ اس میں جہاں شکایتِ زمانہ ہے اور محرومی کا احساس ہے وہاں احتجاج کا پہلو بھی موجود ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ کشمیری شعراء اپنے معاشرے کے زیر و بم سے پوری طرح متاثر ہوتے تھے اور وہی بات قلمبند کرتے تھے جو ان کے سارے معاشرے پر صادق آتی تھی ۔ خود اختیاری کی یہ کوشش آخر کار بے ثمر ثابت نہ ہوئی اور کشمیری لوگوں میں جو ولولۂ حیات رونما ہوا وہ اسی احتجاج کا نتیجہ تھا ۔

للّہ عارفہ ابتدائی دور کی ممتاز شاعرہ ہیں ۔ ۱۳۵۱ء میں ان کی ولادت ہوئی اور بتایا جاتا ہے کہ ۱۳۷۷ء میں زندہ تھیں ۔ ان کے کلام میں بھی اس روح کی نشاندہی ہو جاتی ہے جس سے ہم متعارف ہونا چاہتے ہیں ۔ بلکہ یہ کہنا درست ہوگا کہ اسی روح کے جانکاہ احساس نے للّہ عارفہ کی شخصیت میں ہیجان پیدا کیا ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ دنیا سے بیزار ہو گئیں اور امروز و فردا کی کشمکش سے دامن چھڑانا ، گویا ان کےلیے ضروری ہو گیا ۔ ان کا ایک شعر ملاحظہ ہو :

جو کچھ بھی اس کا نام ہو
وہ مجھ غریب عورت کو اس سنسار کے پھندوں سے چھڑائے

'غریب عورت' کے الفاظ ایک مجبور اور بیکس عورت کی تصویر پیش کرتے ہیں اور یہ ایک

Marfat.com

مجروح اور درماندہ روح کی علامت بھی تصور کیے جا سکتے ہیں ۔ اس غریب عورت سے آپ کشمیر بھی مراد لے سکتے ہیں جس کے حسن اور ثروت نے اسے ہمیشہ سے استحصال کا مرکز بنائے رکھا ۔ للّہ عارفہ نے اس مجاز کی دنیا سے نظر اٹھا کر حقیقت کی تلاش میں عمر صرف کر دی مگر اس کے کلام میں بھی کشمیر کے غربا اور عوام کی محرومی کا درد اٹھتا رہتا ہے ۔ شاید اسی لیے اس نے سنسار سے گریز اختیار کیا اور بڑے دردِ دل کے ساتھ اس غیبی ہاتھ کو مدد کے لیے پکارا جو اسے ان پھندوں سے نجات دلا سکتا تھا ۔

للّہ عارفہ کے بعد شیخ نور الدین ریشی کا ذکر مناسب ہوگا جن کا سال وفات ۱۴۳۸ء ہے ۔ شیخ صاحب نے والدہ اور بیٹے کے درمیان ایک مکالمہ نظم کیا ہے ۔ بیٹا اہلِ عالم کی برائیوں اور جفاؤں سے بچنے کے لیے ایک گپھا میں پناہ لیتا ہے ۔ والدہ کہتی ہے :

اے پیارے گپھا میں چوہے ہیں
تیری گودڑی میلی ہوچکی ہے
تو زمین پر کیسے سوئے گا

بیٹا جواب دیتا ہے :

ماں گپھا میں مجھے بڑا آرام آیا
میری جان ایک مسافر ہے

اس کی پناہ گاہ تمام سہولتوں سے خالی تھی ۔ الٹا اس میں مزید تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا تھا ۔ لیکن ایک بات تھی جس کی وجہ سے اسے وہاں بڑا آرام آیا ۔ گپھا دنیا کے جاں گسل واقعات سے محفوظ تھی جن سے کشمیر کو واسطہ پڑتا رہا ہے ۔

چودھویں اور پندرھویں صدی عیسوی کو چھوڑ کر جس میں کشمیر سکندر بت شکن اور زین العابدین بڈ شاہ جیسے جلیل القدر بادشاہوں کے آسودہ دور سے گزرا، ہم سترھویں صدی کے شعراء میں بھی یہی احساسِ محرومی اور بیکسی کی جھلکیاں دیکھتے ہیں ، حالانکہ یہ مغلیہ عہد کا زمانہ ہے اور ان دنوں کشمیر پر کوئی ظلم یا جبر نہیں ہوتا تھا ۔ حبّہ خاتون کا سال وفات ۱۶۰۱ء ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ سولھویں صدی عیسوی کی نمائندگی کرتی ہے ۔ یہ جلال الدین اکبر کا زمانہ تھا ۔ حبّہ خاتون سارے کشمیر کی ترجمان بن کر کہتی ہے :

میں نعمت ہوں
میرے مہمان تو نوش کر

Marfat.com

محسوس ہوتا ہے کہ حبّہ خاتون کے الفاظ یہ بھی ظاہر کر رہے ہیں کہ گویا مغل بھی کشمیر کو خوان نعمت کے طور پر استعمال کرتے تھے ۔ شک ہوتا ہے کہ انفعالیت کسی نہ کسی طرح کشمیریوں کے ذہن میں جم گئی تھی ۔ مگر چونکہ کشمیری بے زبان نہیں تھے ، اس لیے صدائے احتجاج بلند کرنے سے نہیں رکتے ۔ حبّہ خاتون یہی بات بڑی صراحت سے بیان کرتی ہیں :

جب میں برقع زیب تن کرکے نکل آئی
تو ساری دنیا فریفتہ ہوگئی
بنوں میں تپسیا کرنے والے رشی تک تپسیا بھول بیٹھے
اور جب ہی میرے نصیبوں کا آفتاب غروب ہوگیا

یوں یہ بات ناقابل تسلیم نہیں کیونکہ جو لوگ بظاہر نیک نہاد اور نیک اندیش تھے وہ بھی 'مال غنیمت' کو اڑا لے جانے سے باز نہ آتے تھے ۔ کشمیر کے ساتھ اظہارِ ہمدردی کرنے والے بھی اکثر لٹیرے نکلے ۔ حبّہ خاتون کو تمام استحصال کرنے والے سسرال والوں کی صورت میں نظر آتے ہیں ۔ سسرال بھی ذیل میں علامت کے طور پر استعمال ہوئی ہے ۔ مراد اس سے وہ بے درد لوگ ہیں جو کشمیر سے متمتع ہونے کے باوجود کشمیری معاشرے سے کوئی گہری دلچسپی نہیں رکھتے تھے اور وہ اس طرح پکار اٹھتی ہے :

میری سسرال والوں سے نہیں بن پاتی
میکے والو! مجھے بچانے کی کوئی تدبیر کرو

یہ کشمیری عورت اور وادیٔ کشمیر دونوں کا احتجاج ہے ، بلکہ ایک صاحبِ دل عورت کی سوسائٹی کو للکار ہے ۔

حبیب اللہ نوشہری (م - ۱۶۱۷ء) کے دل میں ظاہر اور باطن دونوں کے غارت ہو جانے کا شدید احساس ہے ۔ حسنِ ظاہر اگر پامال ہوا تو عادات و اخلاق بگڑے ۔ گل و گلزار ، کشمیر کے لیے ایک نعمت تھے مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس کے لیے عذاب بن گئے ۔ ظاہری حسن کے غارت ہو جانے کے متعلق وہ کہتے ہیں :

میں پر بہار ٹہنی کی مانند گل بدوش تھی
مگر یہ بہار مرجھا گئی اور میں سوکھ کر کانٹا ہوگئی

اور چنگیزیت اختیار کرکے اغیار نے اہلِ کشمیر کی روح کو جس طرح پامال کیا اس کا ذکر حبیب اللہ نوشہری اپنے اشعار میں پر درد طریقے پر کرتے ہیں اگرچہ انہوں نے علامتوں سے کام لیا ہے ، مگر ان کے ہاں بھی احتجاج کا جذبہ موجود ہے :

کوسوں دور سے وہ تیرِ مژگاں سے مجھ پر حملہ آور ہوا ، اور
میری روح کو ضائع کرکے چلا گیا

مگر اہلِ کشمیر شاید اس پکار کو صبر و شکر کے جذبہ میں چھپانے کے عادی ہو گئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ کشمیر کے شعراء نے ہمیشہ یہ محسوس کیا ہے کہ کشمیر تو دل و جان سے ہر ایک کے ساتھ اظہار وفاداری کرتا ہے مگر اس کا کوئی وفادار نہیں۔ ہر کوئی خود غرضی اور لذت کوشی کا قائل نظر آتا ہے۔

الغرض محرومی ، نامرادی اور پامالی کے احساسات ایک رو کی طرح ساری کشمیری شاعری میں بہتے نظر آتے ہیں اور شاید یہ بالکل قدرتی امر تھا۔ سیاحوں اور غیر ملکی حکمرانوں نے کشمیر کے ساتھ جو سلوک کیا اس کی وجہ سے بیچارگی اور کس مپرسی کا جذبہ ان کے ذہن پر مرتسم ہو گیا۔ ان سے جو برتاؤ ہوا اس میں تاراجی اور تفریح کے عناصر زیادہ تھے اور ہمدردی اور تعمیر کے عناصر کم۔ شاید اسی وجہ سے شعراء اپنی محرومی کو شدت سے محسوس کرتے ہیں۔ ڈوگرہ راج میں جو کچھ ہوا ؛ وہ ہر ایک پر ظاہر ہے۔ حسن شاہ بیدل اسی زمانے کے شاعر ہیں۔ نعتِ رسولِ مقبول لکھتے ہوئے اپنے آپ کو 'بھیڑ' کہتے ہیں۔ بیچارگی کی اس سے زیادہ موثر تصویر اور کونسی ہوگی :

اے بھیڑ !
گڈریے کے پیچھے چل ،
جب ہی تو نیستاں کا لطف اٹھائے گی ،
نہیں تو کہیں کھائی میں گر جائے گی!

دیکھئے تباہی اور بربادی کا احساس اہلِ کشمیر کے دل میں ہر وقت موجود ہے!

اب ذرا بیسویں صدی عیسوی کے ایک شاعر مقبول شاہ کرالہ واری کا کلام دیکھئے ان کا سال وفات ۱۹۳۶ء بمطابق ۱۹۹۲ بکرمی ہے ، یعنی آج سے صرف پنتیس سال ادھر۔ ان کے کلام میں احتجاج کی ایک اور صورت نظر آتی ہے۔ مقبول شاہ کہتے ہیں ، اغیار کیوں کشمیر کی دولت کو لوٹیں۔ اہلِ کشمیر خود کیوں نہ اس سے مستفیض ہوں ، چنانچہ کہا ہے :

میں چاہتا تھا کہ شگوفے کا لطف اٹھاؤں ،
اور بلبل کی طرح آہ و فغان کروں ،
آہ پھولوں کی جگہ کانٹے ہاتھ لگے!

Marfat.com

ان کی مثنوی 'گلریز' میں بھی یہی خیال کار فرما ہے - یہاں وہ بالواسطہ طور پر اپنے وطن کی نعمتوں سے اپنی محرومی کا اظہار کرتے ہیں - اس لیے ان کی مثنوی 'گریس نامہ' بڑی تلخ ہے - لیکن گہرائیوں میں جا کر دیکھا جائے تو واضح ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے بیمار معاشرے سے نالاں ہیں جو غلامی کی پیدوار ہے اور ان کے دل میں خود اختیاری اور آزادی کے جذبات پیدا ہو چکے ہیں -

مقبول شاہ تک ہم پہنچتے ہیں تو کشمیر میں آزادی کی تحریک شروع ہو جاتی ہے اور پوری قوم فعّالیت کے جوش میں ایک نیا روپ دھار لیتی ہے - اب کشمیری بے چارہ نہیں، اعتماد سے سرشار نظر آنے لگتا ہے، اور اپنے مستقبل کے بارے میں خود فیصلہ کرنے کی اہلیت رکھتا ہے - یہی جذبہ موجودہ دور کے ادب کی نمایاں خصوصیت معلوم ہوتی ہے -

مدیر عمومی

ہندکو ادب

(فصل اول)

جغرافیائی حالات

مغربی پاکستان کے ان علاقوں میں جو شمال میں ضلع ہزارہ اور جنوب مغرب میں ڈیرہ اسماعیل خان تک پھیلے ہوئے ہیں ہندکو بولی جاتی ہے۔ یہ لہندا یا لہندی زبان کی ایک بولی ہے۔ لہندا کے معنی مغرب کے ہیں۔ یعنی اس پانچ دریاؤں کی سر زمین میں سے جو دریائے سندھ کا طاس کہلاتی ہے مغربی اضلاع میں استعمال ہونے والی زبان ہندکو کہلاتی ہے۔

علاقائی تاریخ

اس علاقہ کی تاریخ کو باقی برِّصغیر بالخصوص مغربی پاکستان کی تاریخ سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ ماہرین کی رائے ہے کہ اب سے تین لاکھ سال سے بھی قبل راولپنڈی کے قریب دریائے سوان کے کنارے جو باشندے رہتے تھے وہ پرانے پتھر کے زمانے سے متعلق تھے اور پتھر کے بھدے سے اوزار استعمال کرتے تھے۔ ہمیں ان لوگوں کی معاشرت اور ان کی بولی کا کوئی علم نہیں۔ البتہ مغربی پاکستان میں ایک پرانی، منظم اور متمدّن قوم کے بہت سے آثار برآمد ہوئے ہیں۔ اس تہذیب کو وادئ سندھ کی تہذیب کہا جاتا ہے۔ شواہد سے معلوم ہوتا ہے کہ تین ہزار سال قبل مسیح میں یہ قوم اپنے عروج پر تھی اور اغلباً فرات اور دجلہ کی وادی کے تمدّن سے اس کے روابط قائم ہو چکے تھے۔ کیونکہ دونو جگہ کئی ایک ایسی مہریں دستیاب ہوئی ہیں جو ایک دوسرے سے کامل مشابہت رکھتی ہیں۔

یہ تہذیب دریائے سندھ کے پورے طاس میں پھیلی ہوئی تھی اور اس کے آثار مشرق میں ضلع انبالہ اور مغرب میں بلوچستان، شمال میں صوبۂ سرحد اور جنوب میں گجرات کاٹھیاوار تک پائے گئے ہیں۔ اس تمدّن کے دو دارالسلطنت بھی دستیاب ہوئے ہیں۔ ایک ہڑپہ ضلع ساہیوال میں اور دوسرا موہن جو دارو صوبۂ سندھ کے وسط میں۔ دونو شہروں کے کھنڈرات اور آثار سے پتہ چلتا ہے کہ یہ لوگ اعلیٰ قسم کی شہری زندگی بسر کرتے تھے۔ ان کے شہر معقول اور مفید اصولوں پر وضع کیے گئے تھے۔ شہروں میں قلعوں اور محلات کے علاوہ تالاب اور مطبخ اور دیگر سہولتیں بہم پہنچانے کا سامان تھا۔ نالیاں زمین دوز تھیں۔ سڑکیں سیدھی اور باقاعدہ پلان کے مطابق بنی ہوئی تھیں۔ ان کی زبان جو تختیوں پر کندہ

Marfat.com

ہے ابھی تک پڑھی نہیں گئی۔ مگر ظاہر ہے ایک ایسا تمدّن جو برّ صغیر کے تمام شمال مغربی علاقوں میں پھیلا ہوا ہو اور جو غالباً بیرونی ممالک سے تجارتی یا سیاسی روابط رکھتا ہو زبان و ادب، مذہب، ارکان و رسوم مذہب اور عبادت کے طریقے سبھی باتوں کا حامل ہوگا۔ چنانچہ ماہرین کی رائے ہے کہ ہندو مت میں شو دیوتا کی پرستش وادئ سندھ کے باسیوں کے مذہب سے لی گئی ہے۔ یہ تمدّن کوئی دو ہزار سال قائم رہا۔ یہ لوگ کانسی کے ہتھیار استعمال کرتے تھے اور غالباً امن پسند تھے۔ چنانچہ جب ڈیڑھ ہزار سال قبل مسیح میں جنگ جو آریا قوم موجودہ افغانستان سے اس برّ صغیر میں داخل ہوئی تو یہ لوگ ان کا مقابلہ نہ کر سکے اور یہ تہذیب تقریباً تقریباً معدوم ہو گئی۔

آریاؤں کی مذہبی کتب میں وادیٔ سندھ کی پرانی تہذیب کے اشارے ملتے ہیں۔ 'رگ وید' کی تصنیف کا زمانہ یہاں آریوں کے دور سے بعد کا ہے۔ اس میں پنجاب کے دریاؤں کے علاوہ کوبھا (کابل)، کرومو (کرّم)، گومتی (گومل) اور سندھو (سندھ) یعنی ان چار دریاؤں کے نام بھی موجود ہیں جو اس علاقے میں بہتے ہیں، جہاں آج کل ہندکو بولی جاتی ہے۔ 'رگ وید' میں وادیٔ سندھ کے شہروں اور قلعوں کی تسخیر کا ذکر بھی پایا جاتا ہے۔ آریاؤں کے خیال کے مطابق اندر دیوتا ان کے دشمنوں کے مضبوط شہروں کو توڑ پھوڑ کے رکھ دیتا ہے۔

آریاؤں کی آمد کے بعد اس علاقہ میں تاریخ نے ایک اور کروٹ لی۔ ۵۱۶ ق-م کے بعد ایران کے ہخامنشی حکمران دار یوس کبیر نے امیر البحر سکائی لاکس کے زیرِ کمان ایک مہم روانہ کی، جس نے قندھار اور ٹیکسلا کے علاقوں کو بھی ایرانی سلطنت میں شامل کر لیا۔ مغربی پاکستان کا جنوبی حصہ اس خاندان کے بانی سائرس نے فتح کر لیا تھا۔ اب تقریباً سارا مغربی پاکستان ایرانیوں کے تسلّط میں چلا گیا۔ ایرانی اثرات پھیلنے لگ گئے اور خروشتی رسم الخط جو آرمائی طرزِ تحریر سے ماخوذ تھا اور عربی رسم الخط کی طرح دائیں سے بائیں طرف لکھا جاتا تھا یہاں آیا۔ یہ رسم الخط چوتھی صدی عیسوی تک یہاں باقاعدہ رائج رہا۔

اگرچہ ان ایام میں ادھر مشرق میں بہار کی طرف جین مت اور بدھ مت کی تبلیغ شروع ہو چکی تھی مگر شمال مغرب کی طرف ہندو مت کا دور دورہ تھا اور ٹیکسلا بدستور ہندوؤں کی ایک عظیم درسگاہ شمار ہوتا تھا۔ جہاں چاروں ویدوں کی تعلیم دی جاتی تھی۔ اس کے اثرات لازماً سارے مغربی پاکستان میں پھیل گئے ہوں گے۔ البتہ یہ درست ہے کہ ٹیکسلا میں جین اور بدھ لوگ بھی پہنچ رہے تھے۔ اور یہ بھی ٹھیک ہے کہ ہخامنشی شہنشاہوں کی وجہ سے زرتشت کی تعلیمات کا بھی دخل ہو چکا تھا۔

یہ حالات تھے جب یونانی فاتح سکندر اعظم آخری ہخامنشی شہنشاہ دارائے سوّم کو شکست

Marfat.com

دیتا ہوا ۳۲۶ ق-م کے آغاز میں یہاں آیا - ٹیکسلا کا ہندو راجا امبھی اس کا مطیع ہو گیا - البتہ رچنا دوآب کے راجہ پورس نے پوری ہمت کے ساتھ سکندر اعظم کا مقابلہ کیا ، مگر شکست کھائی - سکندر اعظم باری دوآب میں بسنے والی مَلّی قوم کو فتح کرتا ہوا ملتان یا یہیں کے کسی اور بڑے شہر کے قلعہ کو مسخّر کر کے سندھ کے راستے واپس چلا گیا - مگر اس کے جانشینوں یعنی باختری حکمرانوں کی بدولت بعد میں یہاں یونانی اثرات پھیلنے کی صورت پیدا ہو گئی - اس سے پہلے اس طرف مہاراجہ اشوک (۲۷۳ تا ۲۳۲ ق - م) کی وجہ سے بدھ مت کو فروغ حاصل ہوا - مہاراجہ اشوک نے ٹیکسلا میں بدھ یونیورسٹی کا اجرا کر کے اس شہر کو بدھوں کا بہت بڑا مرکزی مقام بنا ڈالا - ضمناً یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پشاور کے قریب شہباز گڑھی میں مہاراجہ اشوک نے جو کتبہ کندہ کرایا تھا وہ خروشتی رسم الخط میں ہے - جیسا کہ ابھی ابھی اشارہ کیا گیا ہے اس علاقہ میں اہم تبدیلی پھر باختر کے یونانی بادشاہوں کی وجہ سے عمل میں آئی - ان کے سب سے بڑے بادشاہ می ناندر (۱۸۰ تا ۱۶۰ ق - م) نے سکالا (سیالکوٹ) میں اپنا دارالسلطنت بنایا - اس طرح ایک طرف گندھارا اور ٹیکسلا میں یونانیوں کا فنِ سنگتراشی رواج پذیر ہوا اور بہت جلد بدھ کے مجسّمے بننے لگ گئے اور دوسری طرف لوگوں کی زبان پر یونانیوں کی درآمد کی ہوئی علمِ نجوم کی بہت سی اصطلاحات جاری ہو گئیں - لازماً یہاں کی زبان پہلے ویدک سنسکرت ، پھر ژند اور پہلوی ، بعد میں یونانی زبان سے متاثر ہوئی -

ولادتِ مسیح کے قریب ایک اور قوم یہاں وارد ہوئی - اسے ساکا کہتے تھے - یہ ایک بہت بڑی قوم تھی اور اس کی ایک شاخ کا نام کشان تھا - کشان خاندان کا سب سے بڑا بادشاہ کنشک (۱۲۰ء تا ۱۶۲ء) تھا جو بدھ مت کا پیرو تھا - اس نے پشاور کو اپنا دارالسلطنت بنایا - اسے شاہِ گندھارا کہا جاتا ہے - محکمۂ آثار قدیمہ نے اس کی عمارت کے آثار پشاور میں دریافت کیے ہیں - گندھارا آرٹ کو جس پر یونانی سنگ تراشی کا گہرا اثر تھا اس کے عہد میں بڑا فروغ حاصل ہوا - کشانوں کی سلطنت کا نچلا حصہ یعنی سندھ کا علاقہ ایران کے ساسانی بادشاہوں نے ۲۲۶ء کے بعد فتح کر لیا لیکن کابل میں ان کی سلطنت پانچویں صدی عیسوی تک موجود رہی جس کا خاتمہ سفید ہنون نے کیا جو بلائے بے درماں بن کر کابل ، گندھارا اور پنجاب پر نازل ہوئے اور ہندوؤں کی گپتا سلطنت کو تاراج کرتے ہوئے شمالی اور وسطی ہندوستان پر چھا گئے - یونانی مؤرخ انہیں افتھال کہتے ہیں - ان کے ساتھ گرجارا آئے جو گوجر کے نام سے آج تک موسوم ہیں اور شمال مغربی سرحد پر اب بھی دور تک پھیلے ہوئے ہیں - یوسف زئی میں ایک گاؤں کا نام انہی کی وجہ سے گوجر گڑھی ہے - پشاور کے قریب بھی اسی نام کا ایک گاؤں موجود ہے - بنیر کے آس پاس

Marfat.com

اور ضلع ہزارہ میں گوجروں کے کئی دیہات ہیں۔ اسی طرح گوجر خان (راولپنڈی) اور گوجرانوالہ سے لے کر گجرات کاٹھیاوار تک متعدد شہر اور علاقے ان کی تعداد اور جوع الارض کی شہادت دیتے ہیں۔

شمال مغربی سرحد پر مسلمانوں کی آمد تک مغربی پاکستان کی زبان اور معاشرہ کئی اور اثرات قبول کر چکے تھے، یعنی کشانی، گوجری، ہنّی وغیرہ۔ چنانچہ مسلمانوں کی آمد تک یہ معاشرہ غالباً اپنی اصلی ہئیت بہت کچھ بدل چکا تھا۔ ساتویں صدی عیسوی میں چین کا مشہور سیاح ہیون سانگ یہاں سے گذرا۔ یہ راجہ ہرش کا عہد تھا۔ ہیون سانگ اس علاقے کی شادابی اور خوشحالی کا ذکر کرتا ہے۔ ہرش اگرچہ شمالی ہند میں ایک وسیع سلطنت کا مالک تھا مگر مغربی پاکستان اس کے زیرِ نگیں نہ تھا۔ اس کی زندگی ہی میں برہمنی ردِّ عمل شروع ہو گیا تھا اور ہندوؤں اور بدھوں کے مناقشات بڑھ گئے تھے۔ اب بدھ مت کو زوال ہونا شروع ہوا اور ہندو مت کو پھر فروغ حاصل ہو گیا۔ مسلمانوں نے بلوچستان کو جسے اس زمانے میں دو تین ناموں سے پکارا جاتا تھا اور جس کا نصف جنوبی حصہ مکران کہلاتا تھا ۶۴۴ء تک فتح کر لیا تھا۔

محمد بن قاسم نے ۷۱۲ء میں سندھ فتح کیا اور سندھ اور ملتان خلافت بنی امیّہ کا حصہ بن گئے۔ عربوں کی حکومت یہاں تین سو سال تک رہی۔ انہوں نے نئے شہر آباد کیے۔ عربی زبان کو رواج دیا اور ہندوؤں کے علوم بھی سیکھے۔ مقامی زبان میں عربی کے الفاظ شامل ہونے سے سندھی زبان وجود میں آئی۔ محمود غزنوی (۹۹۹ء تا ۱۰۳۰ء) نے گیارھویں صدی عیسوی کے پہلے ربع میں سندھ کو فتح کر لیا۔ پشاور اور لاہور کی طرف اسلام اسی عظیم فاتح کے زمانے میں پھیلا اور پھر قطب الدین ایبک (م - ۱۲۱۰ء) کے زمانے تک کاروانِ اسلام برِصغیر کے اطراف و اکناف تک پھیل گیا اور اسلامی تہذیب و تمدّن کے اثرات مغربی پاکستان میں پھیلتے رہے۔ سلاطینِ دہلی نے اپنا دارالخلافہ دہلی کو قرار دیا لیکن مغربی پاکستان کے علاقوں میں ورودِ اسلام کی وجہ سے جو مذہبی، معاشرتی اور ثقافتی تبدیلیاں شروع ہوئی تھیں بدستور جاری رہیں۔ ان ایام میں فتنۂ چنگیزی مسلمانوں کے لیے فتنۂ محشر بن کر نمودار ہوا اور اس طرف بھی ایک صدی سے زیادہ عرصے تک منگول حملہ آور ہوتے رہے۔ قدرتی طور پر وہ بھی اپنے کچھ اثرات چھوڑ گئے۔ کہا جاتا ہے کہ مغلپورہ (لاہور) انہی منگولوں کی یادگار ہے۔ ان کی وجہ سے ترکی کے کچھ الفاظ بھی مغربی پاکستان کی زبانوں میں شامل ہو گئے۔ علاوہ بریں خونخوار منگولوں سے خوفزدہ ہو کر ہزاروں مسلمان اہلِ علم وسط ایشیا سے بھاگ کر ادھر آ گئے۔ ہمارے معاشرے کی تہذیب و ثقافت پر ان کی آمد کا بھی اثر پڑا۔

Marfat.com

برِّ صغیر میں عظیم مغلوں کا عہد امن اور خوشحالی کا عہد تھا ۔ اس لیے اسلامی اثرات کو یہاں تقویت پانے کا اور بھی زیادہ موقع ملا ۔ اور مسلمانوں نے مختلف شعبۂ ہائے زندگی میں اپنی ذہانت و فطانت کا اس عمدگی سے اظہار کیا کہ ہمیشہ یادگار رہے گا ۔ مغل شہنشاہ پنجاب کو خاص اہمیت دیتے تھے ۔ اکبر اور جہانگیر کافی عرصہ تک لاہور رہے ۔ تقریباً تمام شہنشاہوں کی آمد و رفت حسن ابدال اور کشمیر کی طرف ہوتی تھی اور درباری اثرات ان اطراف میں بھی کار فرما رہتے تھے ۔ مغل حکمران علم و فن کے مربّی تھے اور شعر و شاعری کا ذوق رکھتے تھے ۔ ہمایوں کے وقت سے اہلِ ایران کی توجہ برِّ صغیر کی طرف بڑھ گئی تھی اور یہ بھی تھا کہ ایران کے صفوی حکمران شعراء کی سرپرستی نہیں کرتے تھے ۔ اس وجہ سے بھی شعراء مغلیہ دربار کا رخ کر لیتے تھے ۔ جہاں شہنشاہوں کے علاوہ اُمرائے دربار بھی انہیں انعام و اکرام سے مالا مال کر دیتے تھے ۔ ان حالات کے باعث اصفہان، شیراز، سمرقند، بخارا، نیشاپور وغیرہ کے علمی اور ثقافتی مراکز سے شعراء اور دیگر اہلِ علم ادھر چلے آتے تھے اور معاشرہ کو ثروتِ فکری کے ساتھ ثروتِ الفاظ بھی عطا کرتے تھے ۔ اسی لیے مغربی پاکستان کی زبانوں میں ہمیں وہ خیال اور احساسات ملتے ہیں جو عربی اور فارسی علم و ادب کی وساطت سے یہاں آئے ۔

بنگال اور مدراس کی طرف انگریزوں کا اثر و نفوذ اٹھارھویں صدی عیسوی کے نصف اول کے بعد بڑھ گیا تھا اور وہ برِّ صغیر میں ایک نئی طاقت بن کر ظاہر ہوئے ۔ مغلوں کی کی سلطنت ۱۸۵۷ء میں ختم ہوئی لیکن انگریز مارچ ۱۸۴۹ء سے پنجاب اور سرحد اپنی عملداری میں شامل کر چکے تھے ۔ اب یہاں علوم مغرب کی تعلیم شروع ہوئی ۔ جدید ایجادات پہنچنے لگ گئیں اور ریل جاری ہوئی ۔ تخلیقِ پاکستان تک کوئی ایک صدی کے عرصے میں مغربی پاکستان کے زبان و ادب اور تمدّن و معاشرت میں کافی تبدیلیاں رونما ہوئیں ۔ لیکن چونکہ ہندو اور مسلمان دونو قومیں اپنے اپنے مخصوص نظریوں سے وابستہ رہیں اور بنیادی طور پر معاشرہ جوں کا توں رہا اس لیے مغربی پاکستان کی زبانوں پر انگریزوں کے اثرات صرف سطحی قسم کے ہیں ۔ تمام مقامی زبانیں اپنے ذخیرۂ الفاظ میں انگریزوں کے کئی الفاظ کا اضافہ کر پائی ہیں مگر ان کا ادب بنیادی لحاظ سے وہی کچھ ہے جو پہلے تھا ۔ البتہ تخلیقِ پاکستان کے بعد ان کے نثری ادب میں کچھ تبدیلی رونما ہوئی ہے لیکن وہ بھی زیادہ نمایاں نہیں ۔ البتہ میکانکی اصطلاحات و الفاظ بڑی تعداد میں مغربی پاکستان کی سب زبانوں میں داخل ہو گئے ہیں ۔

معاشرتی اور ثقافتی پس منظر

چونکہ ہمارا مقصد ہندکو زبان سے قارئین کو متعارف کرانا ہے اس لیے ہم گذشتہ

Marfat.com

صفحات میں بیان کردہ علاقائی تاریخ کو زیر نظر رکھ کر صرف اس خِطّہ کے معاشرتی و ثقافتی پس منظر کو بیان کریں گے، جہاں یہ زبان بولی جاتی ہے۔ اس خطے کے مختلف حصوں سے جو پرانے کھنڈرات برآمد ہوئے ہیں وہ ہندو تہذیب اور کلچر کے آئینہ دار ہیں۔ ہزاروں سکے بھی ملے ہیں جن پر سنسکرت کے الفاظ مرقوم ہیں۔ ان آثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ قدیم زمانے میں گندھارا کا علاقہ ہندوؤں کی تہذیب کا بہت بڑا مرکز رہا ہے۔ یہاں سے بدھ کے مجسّمے بھی دستیاب ہوئے ہیں جو بدھوں کے عروج کی داستان سناتے ہیں۔ مجسّمے کشان حکمران کنشک کے زمانہ اور بعد کے ہیں۔ کیونکہ اسی کے عہد میں مہایانہ یعنی بدھ کو خدا کا اوتار ماننے کا عقیدہ شروع ہوا اور گندھارا آرٹ وجود میں آیا۔ ہندوؤں اور بدھوں کے اثرات کے ساتھ ساتھ ایرانی تہذیب کے اثر و نفوذ کا ذکر بھی ضروری ہے۔ جیسا کہ ذکر ہو چکا ہے۔ داریوس کبیر کے زمانہ میں خروشتی رسم الخط وادیٔ پشاور میں شروع ہوا تھا اور پھر کئی سو سالوں تک یہاں رائج رہا۔ اس لیے اس علاقہ کے ثقافتی اور معاشرتی پس منظر کا جائزہ لیتے ہوئے ہندوؤں، قدیم ایرانیوں اور بدھوں کے مختلف تہذیبی اثرات کو زیر نظر رکھنا ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مندرجہ بالا آثار کے علاوہ پشاور کے گرد و نواح میں ایرانی ماحول کا عکس بھی موجود ہے۔ گندھارا آرٹ جس فنِ سنگتراشی کی وجہ سے وجود میں آیا، وہ باختر کے یونانی بادشاہوں کے ذریعے یہاں وارد ہوا تھا۔ چنانچہ جہاں تک بیرونی تہذیبوں کا تعلق ہے ہم ایرانی کے علاوہ یونانی اثرات کو بھی نظر انداز نہیں کر سکتے۔ مسلمانوں کی آمد سے پہلے اس خِطّے میں جتنی اقوام وارد ہوئیں۔ انجام کار ہندو مذہب اختیار کر گئیں اور جو معاشرہ پیدا ہوا اگرچہ مختلف تہذیبوں کے عناصر اپنے اندر رکھتا تھا، مگر بنیادی طور پر ہندو معاشرہ تھا۔

جب اس خِطّے میں اسلام پھیلا تو معاشرتی اور ثقافتی پس منظر میں دور رس تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ بت پرستی اور اس سے متعلق فنون متروک ہو گئے۔ مندروں اور پاٹ شالوں کے ساتھ مسجدوں اور مکتبوں کی عمارات بھی نظر آنے لگیں۔ شادی بیاہ کے طریقوں کھانے پینے کی اشیاء، عبادات و معاملات، زبان اور لکھنے پڑھنے، ظاہری ہیئت، الغرض ہر چیز میں تبدیلی پیدا ہو گئی اور توحید و رسالت کی بنیاد پر ایک نیا معاشرہ ابھرا۔ پٹھان قوم نے کھلے دل سے اسلام قبول کیا تھا۔ گوجر اور گکھڑ بھی اس سلسلے میں پیچھے نہ رہے اور اس طرح اس خِطّے میں ایک وسیع اسلامی معاشرہ اپنی جملہ خصوصیات کے ساتھ ظاہر ہوا۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ اسلام قبول کرنے کے بعد یہ لوگ یکسر تبدیل ہو گئے۔ بلکہ معاشرے میں پرانی رسوم کے نشانات

Marfat.com

دیر تک موجود رہے۔ توحید و رسالت کی اساس پر وحدتِ فکر پیدا کرنے کے بعد اسلام مقامی حالات سے متعلق فروعی اختلافات سے چنداں متعرض نہیں ہوتا۔ چنانچہ یہاں بھی یہی ہوا۔ رقص جس کی اصل ہندو معاشرہ میں مذہبی تھی اب محض ثقافتی اور بزمی تفریح کی حیثیت سے باقی رہ گیا۔ علاوہ بریں جنگ کے دوران فتح کی صورت میں اظہارِ مسرت کے طور پر بھی ناچنا جاری رہا۔ ناچ کے ساتھ گانا لازماً ہوتا ہے اور وہ بھی آج تک اس خطّے کا خاصا بنا ہوا ہے۔ اس علاقہ میں سادگی جو بعض دفعہ درشتی کی حد تک پہنچ جاتی تھی، جنگجوئی، مروت، حمیّت اور مہمان نوازی کے اوصاف پہلے سے موجود تھے۔ اسلام نے انہیں اور نکھارا۔

زمانۂ قدیم سے اس خطّہ کے لوگ زراعت پیشہ تھے اور پہاڑوں پر ریوڑ بھی پالتے تھے۔ اس لیے ان کی رہائش زیادہ تر دیہات میں تھی، مگر رسماً اور شغلاً یہ جنگ بازی میں بھی مصروف رہتے تھے۔ بیرون جات سے آنے والے لوگ عام طور پر کسی نئی تہذیب کے علمبردار بن کر آتے تھے اور شہری زندگی کو پسند کرتے تھے۔ اس طرح شہروں کی بنیاد پڑ گئی۔ تجارت کے ساتھ بھی اسی قسم کے لوگوں کو شغف ہوتا تھا۔ وسط ایشیا اور پنجاب و ہند کے علاقوں سے ان کی تجارت کے سلسلے قائم تھے۔ اس لیے ان کے تمدّن و معاشرت میں اختلاف کا پیدا ہو جانا ناگزیر تھا۔ ان کی زبان بھی مختلف ہو جاتی تھی۔ شہر کے لوگ نسبتاً آرام پسند ہوتے تھے، اس لیے دیہات کے جنگ آزما لوگ ان کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا کرتے تھے اور موقع ملتا تھا تو حملہ آور ہو کر انہیں لوٹ بھی لیا کرتے تھے۔ اسلام سے پہلے اور بعد بھی ہندو تاجر شہروں میں رہائش کو ترجیح دیتے تھے کیونکہ شہر ان کے لیے محفوظ تھے۔ اس طرح اس خطّے میں آہستہ آہستہ پشاور، نوشہرہ، مانسہرہ، ہری پور، مردان، کوہاٹ بنوں اور ڈیرہ اسمعیل خان کے شہر آباد ہو گئے۔ ہخامنشی بادشاہوں نے دریائے سندھ کے قریب کے علاقہ کا نام 'ہندوکا'[1] رکھا تھا، اس لیے کہ حرف سین ژند اور پہلوی میں 'ہ' سے بدل جاتا ہے۔ غالباً اسی وجہ سے جو زبان یہ لوگ بولتے تھے، وہ 'ہند کو' یا ہندکی' کہلائی اور آج تک اسی نام سے موسوم ہے۔ پٹھانوں کی قومی زبان پشتو ہے۔ وہ اسی کو استعمال کرتے رہے۔ مگر ہندکو بولنے والوں سے وہ ہندکو میں بھی بات چیت کر لیتے تھے۔ البتہ گوجر اور دیگر غیر پٹھان قوموں کا معاملہ مختلف ہے۔ وہ گھروں میں بھی ہندکو میں بات چیت کرتے تھے اور جب اپنے ریوڑوں کی اونی کھالیں وغیرہ شہروں میں آ کر بیچتے تھے تو اسی زبان کو استعمال میں لاتے تھے۔ آج تک

1. Jack Finegan, The Archaeology of World Religions, Princeton, 1962, P. 121.

ان کی حالت یہی ہے - پشتو ان کے لیے محض ثانوی حیثیت رکھتی ہے -

مذہبی اقدار اور روایات کا اثر

متذکرہ بالا تاریخی واقعات و حقائق سے واضح ہوتا ہے کہ اس خِطّے میں صدیوں تک ہندو مذہب اور ہندو تہذیب کا تسلط رہا - ان کے مذہبی علوم کی بڑی بڑی درسگاہیں یہیں تھیں جہاں برّصغیر کے علاوہ وسط ایشیا سے طلباء حصولِ علم کے لیے آتے تھے - اس علاقے کے ایک قصبے لہور (تحصیل صوابی) میں سنسکرت کے مشہور عالم پانینی نے سنسکرت زبان کی صرف و نحو مرتب کی - یہ بھی کہا جاتا ہے کہ عظیم رزمیہ 'مہا بھارت' پہلے پہل ٹیکسلا میں پڑھی گئی، جو گندھارا اور ہزارہ کے قریب ہے - یہ علاقہ بدھ مت کی تبلیغ کا بھی بڑا مرکز بنا - پالی بدھوں کی مقدس زبان تھی اور بھکشو اپنا مذہبی ادب اسی زبان میں محفوظ رکھتے تھے - اور ماہرینِ لسانیات کی رائے ہے کہ پالی غالباً ٹیکسلا ہی میں فروغ پائی - بدھوں کے آثار اس دھرتی کے چپے چپے پر ملتے ہیں - چین، برما، بھارت اور لنکا سے تشنگانِ علم کے علاوہ لوگ ہزاروں کی تعداد میں متبرک مقامات کی یاترا کے لیے بھی یہاں آتے تھے -

ورود اسلام کے بعد قرآن و حدیث کی تعلیم کا یہاں رواج ہوا - عربی زبان و ادب کے ساتھ فارسی زبان و ادب سے بھی رابطہ قائم ہوا - آیات و احادیث کے علاوہ عربی، فارسی کے اشعار زبانوں پر آنے لگ گئے - قریبی اسلامی ممالک میں آہستہ آہستہ فارسی زبان کی وہ کتابیں تصنیف ہو رہی تھیں، جنہیں بعد میں کلاسیکی اہمیت حاصل ہو گئی - اسلامی دنیا میں لوگ بڑے ذوق و شوق سے انہی سے استفادہ کرتے تھے - اس طرح بے شمار اسلامی اصطلاحات اور تلمیحات مقامی زبان و ادب میں غیر محسوس طور پر منتقل ہونے لگ گئیں - اور اسلامی کتب، فارسی ادب، مبلّغینِ اسلام اور بھاری تعداد میں آنے والے دیگر مسلمانوں کی وجہ سے ایک ایسا معاشرہ پیدا ہو گیا، جس کے ذخیرۂ الفاظ میں عربی، فارسی کے علاوہ پشتو، سنسکرت، ہندی اور قدیمی دراوڑی زبان کے الفاظ کم و بیش نسبت کے ساتھ شامل تھے - دردستان قریب تھا دردی زبان کے الفاظ بھی آنے جانے والوں کی وجہ سے داخل ہوتے رہتے تھے - مثلاً اچھنا، گچھنا (آنا، جانا) کے الفاظ جو ہزارہ کی ہندکو میں ملتے ہیں، دردی زبان سے ہی تعلق رکھتے ہیں - ہندکو نے آہستہ آہستہ اسلامی رنگ اختیار کر لیا - لیکن یہ رنگ قدیم اور جدید تمام مذہبی اقدار و روایات کا نتیجہ تھا اور اس کی تشکیل میں

Marfat.com

قرونِ وسطیٰ سے لے کر آج تک اس خِطّہ کی تمام تاریخ نے حصہ لیا تھا۔

مذہبی اقدار و روایات کا ایک اثر بڑا تعجّب خیز ہے۔ چونکہ مقامی باشندوں کے اسلام قبول کرنے سے اس خِطّے کی بھاری اکثریت مسلمانوں پر مشتمل تھی، اس لیے باقی ماندہ ہندو اقلّیت قدرتی طور پر اکثریت کی تہذیب و ثقافت سے متاثر ہوئی۔ اس اقلّیت کے افراد ہندو ہوتے ہوئے بھی اسلامی کلچر کے رنگ میں رنگے گئے۔ یہاں تک کہ ان کے نام بھی عمر لال، غفور چند، جمعہ ناتھ، کرم سنگھ، خان چند، وزیر سنگھ قسم کے رکھے جانے لگے اور ہندوستان کے ہندو تو انہیں مسلمان ہندو کہتے تھے۔

لباس سب کا ایک ہی قسم کا تھا۔ اکثر لوگ پگڑی کا استعمال کرتے تھے۔ عورتیں بھاری شلوار اور لمبا کرتا پہنتی تھیں اور صدری کا رواج عام تھا۔ کھانا پینا بھی مختلف نہ تھا۔ ادھر کے ہندو گوشت خور تھے۔ اگرچہ ظاہر ہے کہ گائے کا گوشت ان کے لیے ممنوع تھا۔ عید یا شبرات کے مواقع یا معراج اور مولود جیسی مذہبی روایات تو مختلف تھیں، مگر مسلمان ہندوؤں کے تہواروں میں حصہ لے لیتے تھے۔ اس لیے معاشرہ میں ایک قسم کی یگانگت تھی۔

ہندکو زبان و ادب کی تاریخ، اس کے ماخذ اور لسانی مطالعہ

(فصل دوم)

جس طرح دریائے سندھ سے پار کے علاقہ کی تاریخ کو برّصغیر کے شمال مغربی خِطّے کی تاریخ سے جدا نہیں کیا جا سکتا اسی طرح 'ہندکو' زبان و ادب کی تاریخ کو بھی ملحقہ قریبی علاقوں کی زبان کی تاریخ سے جدا کرنا درست نہیں۔ زبان باہمی میل جول سے بنتی اور بدلتی ہے اور دریائے سندھ کے مشرق اور مغربی علاقوں میں راہ و رسم زمانۂ قدیم سے چلی آئی ہے اور ان تمام علاقوں کے تاریخی حالات بھی یکساں ہیں۔ چنانچہ زبان میں یکسانیت کا پیدا ہونا ناگزیز تھا۔ بنا بریں ہندکو زبان کو اگر لہندا کی دوسری شاخوں اور خاص طور پر پنجابی زبان سے مماثلت حاصل ہے تو تعجّب کا مقام نہیں۔

ہندکو زبان کی وجہِ تسمیہ صحیح طور پر معلوم نہیں۔ ایک روایت یہ ہے کہ کوہ ہندوکش کے قریب جو لوگ شہروں میں آباد تھے انہیں دیہات میں رہنے والے آزاد اور جنگجو قبائل ''ہندکو'' کہتے تھے۔ اس نام میں شہری آبادی کی تن آسانی کے باعث نفرت اور حقارت کا پہلو موجود ہے۔ یہ نام شہر میں رہنے والے لوگوں کی زبان کا بھی پڑ گیا۔ وہاں سے یہ نام ہولے ہولے ادھر بھی پہنچ گیا۔ تاریخی شواہد ایک اور وجہ بتاتے ہیں جو زیادہ

Marfat.com

قرینِ قیاس ہے۔ پیشتر ازیں بتایا جا چکا ہے کہ ہخامنشی شہنشاہوں نے دریائے سندھ کے قریب کے علاقہ کا نام ہند کو رکھا تھا جو دراصل سنسکرت کے لفظ 'سندھو' سے ماخوذ ہے۔ جس کا معنی دریا ہے۔ اسی لیے 'سندھو' دریائے سندھ کے نام کے طور پر مستعمل تھا۔ 'انڈیا' اور 'ہندو' کے الفاظ بھی 'ہندوکا' سے ماخوذ ہیں۔ معلوم ہوتا ہے ہخامنشیوں نے علاقہ کے 'ہندوکا' نام کی مناسبت سے اس کی زبان کا نام بھی ہند کو یا ہندکی رکھ دیا ہوگا یا خود یہاں کے لوگوں نے اپنی زبان کو اس نام سے پکارنا شروع کر دیا۔ اہلِ یونان بھی ہخامنشیوں کے رکھے ہوئے اسی نام کی بنا پر تمام ہندوستان کو 'انڈیکا' یا 'ہندیکا' کہتے تھے۔ چنانچہ یونانی مؤرّخ اور فلسفی آرین نے برِّصغیر کے حالات پر مشتمل جو کتاب لکھی ہے اس کا نام 'انڈیکا' یا 'ہندیکا' ہے۔ یہ تاریخی حقائق ہند کو زبان کی وجہ تسمیہ سے وابستہ نظر آتے ہیں۔ یعنی محض دریائے سندھ (انڈس) کے کنارے کے ساتھ ساتھ بولے جانے کی وجہ سے اس زبان کو ہند کو کہا گیا ہے۔

ہند کو زبان کے مراحلِ ارتقا کا تاریخ اور علم اللسان کی رو سے متعیّن کرنا بھی بہت مشکل نہیں۔ آریا لوگ جب اپنے ریوڑ لے کر شمال مغربی سرحدی دروّں سے اس خطّے میں داخل ہوئے ہیں تو یہ ویران نہیں تھا۔ یہاں ایک قوم آباد تھی جو بڑی مہذب اور متمدّن تھی۔ اس کے شاندار تمدن کے آثار ہڑپہ اور موہن جو دارو میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ خود 'رگ وید' میں سندھو (دریائے سندھ) کی سدا بہار، زرخیز و شاداب اور حسین وادیوں کا ذکر ہے جن کے باشندوں کے متعلق کہا گیا ہے کہ خوش پوش ہیں اور سونے سے آراستہ و پیراستہ۔ ان کی زبان کو 'رگ وید' ''اجنبی'' کہتا ہے۔ یہ دراوڑ لوگ تھے اور ان کا براہوئی قبیلہ آج بھی بلوچستان میں آباد ہے اور کسی نہ کسی حد تک اس ''اجنبی'' زبان کو آج بھی استعمال کر رہا ہے۔ اس زبان کو لکھنے کے لیے ان لوگوں نے ایک رسم الخط ایجاد کیا تھا جو خط میخی سے ملتا جلتا ہے۔

آریا لوگ یک لخت آگے نہ بڑھے بلکہ اس متمدّن قوم اور دیگر قبائل کی طرف سے انہیں زبردست مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ وہ اپنے ساتھ ایک زبان لائے تھے۔ یہاں کی سابقہ زبان اور اس نئی زبان کا بھی آپس میں تصادم ہوا۔ قدرتی طور پر دونوں نے ایک دوسرے کا اثر قبول کیا۔ خود ویدوں کی زبان اسی طرح وسعت پذیر ہوتی رہی اور جب پانچویں صدی قبل مسیح میں پانینی نے سنسکرت کی گرامر کو معیاری درجہ پر پہنچایا تو یہ علماء اور فضلا کی زبان بن چکی تھی۔ مگر عوام کی زبان مختلف تھی۔ ٹیکسلا اور گندھارا میں اہلِ علم درس و تدریس کے لیے سنسکرت استعمال کرتے تھے۔ مگر کوچہ و بازار میں عوام وہ زبان استعمال کرتے تھے جس کی اساس تو یہاں کی قدیمی زبان (دراوڑی منڈا وغیرہ) تھی مگر اس میں نووارد ون

Marfat.com

کی زبان کے الفاظ بھی شامل ہو چکے تھے -

سنسکرت اور عوامی زبان کے درمیان یہی بُعد تھا جو مہاتما بدھ (۵۶۳ تا ۴۸۳ ق - م) نے بڑی شدت کے ساتھ محسوس کیا - انہوں نے دیکھا کہ ہندو مت عملی زندگی میں اس لیے کسی قسم کی اصلاح کرنے سے عاجز آ گیا ہے کہ سنسکرت جیسی عالمانہ زبان کے ذریعے عوام تک رسائی حاصل نہیں کی جا سکتی - صاف ظاہر ہے اس وقت سنسکرت لوگوں کی مادری زبان نہیں تھی - اس لیے مہاتما بدھ نے ویدوں کی زبان کی بڑی شد و مد کے ساتھ مخالفت کی اور کہا کہ ان کے خیالات کی اشاعت عوام کی اپنی زبان میں کی جائے - اس لیے بدھ مت کے مبلّغین نے ہر جگہ دیسی زبان کو ذریعۂ تبلیغ بنایا - آج لنکا وغیرہ ممالک میں بدھ کی تعلیمات پالی زبان میں ملتی ہیں - لیکن پالی کوئی ایسی زبان نہیں تھی جسے مہاتما بدھ مگدھ سے لے کر نکلے تھے، بلکہ ہر جگہ دیسی زبانوں میں تبلیغ کرتے کرتے یہ زبان پیدا ہو گئی - چنانچہ اہلِ تحقیق اس کی ولادت گاہ کے متعلق بحث کرتے ہوئے ٹیکسلا اور اجین دو مقامات کا نام لیتے ہیں - اس کا مطلب یہ ہے کہ پالی زبان کی تخلیق میں اس زبان کا بھی دخل ہے جو ٹیکسلا اور گندھارا کے عوام استعمال کیا کرتے تھے - ذیل میں پالی، سنسکرت اور اُردو کے چند مترادفات دیے جاتے ہیں - ان کے مطالعہ سے واضح ہو جائے گا کہ پالی کے الفاظ ہندکو، ملتانی یا پنجابی کے انہی معنوں والے الفاظ کے کس قدر قریب ہیں :

پالی	سنسکرت	اُردو
اوٹھا	اوستھا	ہونٹ
ستا	سپتا	سات
اگی	اگنی	آگ
تکھا	تکسنا	تیز
پیوتی	پیتوا	وہ پیتا ہے

علاوہ بریں پالی زبان میں 'ادھا' 'یہاں' کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے - اب ہندکو سمیت لہندا زبان کی مختلف بولیوں میں ''یہاں'' کے جتنے مترادف الفاظ ہیں - وہ 'ادھا' کے بڑے قریب ہیں - پالی کے ان سب الفاظ کو زیر نظر رکھیے تو معلوم ہوگا کہ ہندکو کے مترادف الفاظ کو ان سے بڑی مماثلت حاصل ہے - یہ سب کچھ بدھ مبلّغین کے اس اہتمام کا نتیجہ ہے کہ تبلیغ عوام کی اپنی زبان میں ہونی چاہیے - ظاہر ہے بدھ مت کے فروغ کی وجہ سے اس خِطّہ میں مقامی اور عوامی زبان کو اور بھی زیادہ قوت حاصل ہو گئی -

مہاراجہ اشوک نے اس خِطّے میں جو کتبے چھوڑے ہیں وہ بھی مقامی بولی میں ہیں - اس ضمن میں ایک اور بات بھی قابل ذکر ہے - شہباز گڑھی میں مہاراجہ اشوک کے

Marfat.com

جو چودہ کتبے ہیں وہ خروشتی رسم الخط میں ہیں لیکن ٹیکسلا کے شہر سرکپ میں ایک کتبہ ملا ہے جو آرمائی رسم الخط میں ہے۔ اس کو دیکھ کر دل میں یہ خیال گزرتا ہے کہ ہخامنشی شہنشاہوں کی بدولت یہاں آرمائی رسم الخط پہنچا تھا، لیکن یہاں کے لوگوں نے ترمیم کر کے اسے اپنی ضروریات کے مطابق ایک اور صورت میں ڈھال لیا اور اس کا نام ٹیکسلا کے ضلع خروشتی کے نام کے مطابق رکھا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مہاراجہ اشوک کے کتبے، زبان اور رسم الخط کے اعتبار سے کلیتہً مقامی حالات کی متابعت میں کندہ ہوئے ہیں۔ یہ عوامی زبان کی زبردست فتح تھی۔ مہاراجہ اشوک کی موت سے بتیس سال بعد باختر کے یونانیوں کی جب حکومت قائم ہوئی تو ان کے سکوں کا رسم الخط جہاں خروشتی تھا وہاں ان کی زبان بھی عوامی تھی۔ گپتا عہد میں ہندو مت کا احیاء ہوا اور سنسکرت کو پھر وہی سابقہ اقتدار حاصل ہو گیا، لیکن عوامی زبانوں یعنی پراکرتوں کی جڑیں اب اس قدر مضبوط ہو چکی تھیں کہ سنسکرت عوام کی زبان نہ بن سکی۔

بنا بریں یہ کہا جاتا ہے کہ جہاں تک پراکرتوں کا تعلق ہے گپتا حکمرانوں کا اقتدار ایک ریلا تھا جو اوپر سے گزرتا ہوا ختم ہو گیا۔ عوامی زبانوں میں اختلاف بھی تاریخی عوامل اور جغرافیائی حالات کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ مثال کے طور پر سکندر اعظم کے ورودِ ہند کے زمانہ کو لے لیجیے۔ سوات اور کنار کی طرف اساسینی اور اسپاسی قبائل آباد تھے۔ یہ دریائے سندھ سے پار کا علاقہ تھا اور بلند پہاڑوں کی وجہ سے دشوار گذار تھا۔ سکندر نے وہاں کئی مہینے گذارے تھے۔ ادھر دریائے سندھ اور دریائے جہلم کے درمیان یعنی دوآبہ سندھ ساگر کے شمالی حصے میں راجہ امبھی کی حکومت تھی اور دوآبہ رچنا میں راجہ پورس حکمران تھا۔ باری دوآب میں سبّی اور ملّی قبائل آباد تھے۔ پہاڑ اور دریا ان علاقوں کی اس طرح حد بندی کر رہے تھے کہ بالخصوص اس زمانے میں قبائل کا ایک دوسرے سے اختلاط آسان نہیں تھا۔ اس طرح ہر قبیلے کی زبان ایک جگہ محدود رہنے کی بنا پر یا ہر جگہ تہذیب و تمدن کے مختلف مدارج موجود ہونے کی وجہ سے مختلف صورت اختیار کر رہی تھی۔ ٹیکسلا اگر ہندو تہذیب کا عظیم مرکز تھا تو ملّی قبیلہ مادی ترقی اور فوجی طاقت کے لحاظ سے ممتاز تھا۔ اسی طرح شمال میں دشوار گذار پہاڑوں میں گھرے ہوئے ہونے کی وجہ سے اساسینی اور اسپاسی قبائل باقی تمام علاقوں سے کٹ کر رہ گئے تھے۔ ان وجوہات کی بناء پر ہر جگہ مقامی زبانوں کو فروغ پانے کا موقع ملا۔

سبکتگین (م — ۹۹۷ء) اور محمود غزنوی (م — ۱۰۳۰ء) کے اس طرف حملہ آور ہونے

Marfat.com

کے موقع پر پشاور اور اس کے قرب و جوار میں بولی جانے والی زبان یا بولیوں کے متعلق کچھ کہنا مشکل نہیں۔ آل غزنہ نے لاہور کو اپنا دوسرا مستقرِ دولت بنایا ہے تو مثال کے طور پر ہمیں شیخ اسماعیل لاہوری (م — ۱۰۵۶ء) جو غزنی کی طرف سے آئے تھے، مقامی آبادی کو اس کی اپنی زبان میں تبلیغ کرتے نظر آتے ہیں۔ ظاہر ہے یہ زبان پشتو یا فارسی نہیں تھی۔ یہ اس زمانے کی پنجابی زبان تھی جس میں مسعود سعد سلمان (م — ۱۱۲۱ء) نے ایک دیوان اشعار بھی چھوڑا جو اب نایاب ہے۔ کوہ سلیمان سے اس طرف کے آنے والے یہ زبان اس لیے جانتے تھے کہ قدیم الایام سے ادھر کے لوگ موسم سرما گذارنے کے لیے بڑی تعداد میں اس طرف آتے رہے ہیں۔ لاہور میں مسلمان علماء و فضلا، اُمراء اور اہلِ حرفہ، عمال حکومت اور عساکر کا ہجوم ہو رہا تھا۔ اس لیے یہاں کی پنجابی زبان میں تیزی سے عربی اور فارسی کے الفاظ شامل ہونے لگ گئے۔ لاہور اور ملتان میں فرق یہ تھا کہ لاہور وسطِ ہند کے زیادہ قریب تھا اور ملتان سندھ کے نزدیک تھا۔ اہلِ تحقیق بتاتے ہیں کہ سندھ میں شروع ہی سے دردستان کی زبانوں کا اثر رہا ہے، اس لیے لاہور اور ملتان کی زبان میں کچھ فرق پیدا ہو گیا۔ لہندا کی اساس میں بھی دردی زبانوں کا زیادہ دخل ہے۔ گریئرسن ہندکو بولی کو بھی لہندا کی ایک شاخ قرار دیتا ہے۔ ایک تو تمام آنے والے مسلمان پشتو بولنے والے قبائل میں سے گزر کر آ رہے تھے۔ دوسرے خود پختون قبائل کے افراد بھی کافی تعداد میں ادھر آنے لگ گئے۔ لہٰذا پشتو کے الفاظ بھی تمام مقامی بولیوں میں شامل ہو گئے اور جس علاقہ میں ہندکو بولی جاتی ہے وہاں ساتھ ساتھ پختون قبائل بھی تھے اس لیے پشتو کا اثر خاصہ تھا۔ اسی طرح ہندکو کے علاوہ لہندا زبان کی باقی شاخوں نے بھی عربی، فارسی اور پشتو کے اثرات کم و بیش قبول کیے۔ پالی، سنسکرت اور یونانی زبانوں کے اثرات پہلے سے موجود تھے اور دراوڑی زبانیں یہاں کی تمام بولیوں کی اساس تھیں۔ سندھ اور پنجاب میں مسلمانوں کی آمد کے باعث پانچ سو سال تک مقامی بولیاں عربی اور فارسی کے جدید ذخیرۂ الفاظ کی وجہ سے تغیر پذیر ہوتی رہیں اور جب یہ متعیّن صورت اختیار کر چکی تھیں تو سلطان قطب الدین (م — ۱۲۱۰ء) کے عہد میں مسلمان آگے بڑھے ہیں۔ آگے بڑھتے ہوئے پہلے اُن سے ہریانوی زبان اثر پذیر ہوئی اور بعد میں کھڑی بولی۔

برّصغیر کے شمال مغربی حصّے میں بولی جانے والی زبان پساچی کا بھی گریئرسن ذکر کرتا ہے۔ اسے پالی زبان کی شاخ کہا جاتا ہے۔ اس میں دردستان کی زبانوں کے اثرات نمایاں ہیں۔ زیادہ تر اس طرف کے گوجر لوگ اس کو استعمال میں لاتے ہیں۔

پساچی اور ہندکو میں بڑی مماثلت پائی جاتی ہے ۔ جیسا کہ مندرجۂ ذیل نقشے سے ظاہر ہے :

پساچی : ای دو تریہ چار پانچہ شے ساتہ آشت ناوہ دایہ
ہندکو: اک دو ترے چار پنج چھے ست اٹھ نو دس

بلکہ کوہاٹ اور بنّوں کے ہندکو لہجے میں بھی تین کو تریہ ، پانچ کو پانچہ ، سات کو ساتہ ، نو کو ناوہ اور دس کو دایہ اب تک بولتے ہیں ۔ اس مماثلت سے واضح ہو جاتا ہے کہ ہندکو اور پساچی کی اصل ایک ہے ۔ وجہ ظاہر ہے ۔ گندھارا ، ٹیکسلا اور دریائے سندھ سے پار کوہاٹ ، بنّوں وغیرہ کی تاریخ ایک ہی رہی ہے اور ایک ہی قسم کی اقوام یہاں آتی رہی ہیں اور آ کر آباد ہوئی ہیں ۔ اُن کا مذہب اور تمدن بھی ایک ہی رہا ہے ۔ اگر ایک جگہ کوئی تبدیلی ہوئی ہے تو وہ باقی مقامات کی طرف بھی سرایت کر گئی ہے ۔

بعض اختلافات کے باوجود ہندکو اور پنجابی میں گہری مماثلت پائی جاتی ہے اور یہ مماثلت آگے بڑھ کر بھارتی پنجاب کی زبان میں بھی موجود ہے ۔ ہم پہلے آج کل کی ہندکو شاعری کا نمونہ پیش کرتے ہیں :

دل دی گلاّں دلچ پا کے چپ چپیتی رہیاں
میں گنگی کج بول نہ سکی وس پرائے پئیاں
شرم حیا دی تانڑ کے چادر چپ چپ دلچ رووان
جاگاں نال خیالاں تیرے یاد تیری نال سوان
آ دونو رل مل کے کج تاں سوچ لئیے تدبیراں
ظلم دی اکھیچ اکھیاں پا کے توڑ دئیے زنجیراں

(سیّد فارغ بخاری ، فروری ۱۹۶۵ء)

اب پنجابی شاعری کا نمونہ پیش کیا جاتا ہے :

کلیاں دا دل چیر کے نکلی کلیاں دی خوشبو
سورج دے وچ دھپ نہ رہندی چن دے اندر لو
کیتے تے کی پچھوتا ناں کیتے تے نہ رو

* * * *

میں پاپی آں میری جھولی پن کسے دا پا
پیار دی راہ وچ پتھر ہویا کاہنوں اکھاں لا
نمّی وا دیئے جاندیئے لہرے میرے ول وی آ

(احمد ظفر ۱۹۶۴ء)

مندرجہ ذیل اقتباس آج کل کی بھارتی پنجاب کی ایک مشہور شاعرہ امرتا پریتم کی پنجابی نظم ''اقراراں والی رات'' سے لیا گیا ہے :

ایہہ دھرتی میں آپے گوڈی
ایہہ کنکاں میں آپے چھنڈیا
ایہہ ''روٹی'' اج میری ہوئی
میرا ہو گیا ''بھات''
میری اقراراں والی رات

۱۹۴۷ء تک برِّصغیر کی تقسیم نہیں ہوئی تھی اور پشاور سے لے کر جالندھر اور انبالہ تک عوام جو زبان بولتے تھے وہ مقامی اختلافات کے باوجود ایک تھی - زبان کی یہ وحدت اور یکسانیت مندرجہ بالا اقتباسات سے واضح ہے - مقامی ادب میں ان تینوں شعراء (فارغ بخاری ، احمد ظفر ، امرتا پریتم) کی حیثیت مسلّمہ ہے - اس لیے ان کا کلام اپنے اپنے علاقوں کی زبان کی ہر طرح نمائندگی کر رہا ہے - تینوں اقتباسات میں عربی ، فارسی اور برِّصغیر کی اپنی زبانوں کے الفاظ موجود ہیں - فقروں کی بناوٹ ایک جیسی ہے - افعال میں یکسانیت ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ ان علاقوں میں قدیم الایام سے لسانی ، مذہبی ، تمدنی اور معاشرتی اثرات ایک جیسے رہے ہیں - علاوہ بریں تینوں اقتباسات پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ ان میں اُردو زبان کے بھی بہت سے الفاظ موجود ہیں - جب اس حقیقت پر غور کیا جاتا ہے تو ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ مغربی پاکستان نے اُردو زبان کے نشو و ارتقاء میں اہم کردار انجام دیا ہے اور یہ کہ اُردو پنجاب اور مغربی پاکستان کے دیگر علاقوں کی اپنی زبان ہے -

ہم اس لسانی مطالعہ کو اس بات پر ختم کرتے ہیں کہ ہندکو بولی لہندا کی دیگر شاخوں مثلاً ہندکی (ضلع ہزارہ کی زبان) اوان کاری (ڈیرہ اسمعیل خان کی زبان) ملتانی وغیرہ سے بڑی ملتی جلتی ہے - گریئرسن نے اس مماثلت کے متعلق بڑی مفید معلومات بہم پہنچائی ہیں - صرف مقامی لب و لہجہ کی وجہ سے زیادہ تر اصوات میں کمی بیشی ہو جاتی ہے - مثلاً معیاری شاہ پوری لہندا میں الفاظ کے اختتام پر 'ہ' کی آواز ہوتی ہے جو ہندکو میں بکثرت نظر انداز کر دی جاتی ہے - شاہ پوری ، ڈھڈھ ، ڈھڈ (پیٹ) بن جاتا ہے اور 'کجھ' کج - اسی طرح 'د' کی آواز ڈیرہ اسمعیل خان میں 'ڈ' کی صورت اختیار کر لیتی ہے اور سدن (بلانا) کی بجائے سڈن کہا جاتا ہے - عربی اور فارسی کے الفاظ کا تلفظ بھی بگڑ جاتا ہے - مثال کے طور پر اہل پشاور

لائق کو، لیکھہ، کہہ کر پکاریں گے۔ اعداد اور افعال بھی مقامی لب و لہجہ سے متاثر ہوتے ہیں۔ لیکن بنیادی طور پر لہندا کی شاخوں اور ہندکو میں کوئی فرق نہیں۔ اس کے علاوہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ ایک ہی زبان ہے جو پشاور، ہزارہ، کوہاٹ، بنّوں کے زیادہ تر شہری لوگ استعمال کرتے ہیں اور اس کے اثرات ڈیرہ اسمعیل خان تک بھی پہنچ گئے ہیں۔ زمانہ کے تغیرات کے ساتھ ساتھ یہ برابر نشو و نما پا رہی ہے، کیونکہ یہ عوامی زبان ہے اور زندگی میں ہر طرح اور ہر وقت عوام کا ساتھ دیتی ہے۔

ہندکو ادب

(فصل سوم)

ہندکو ادب بہت قدیم ہے اس کے مقابلہ میں اس کے ادب کی تاریخ اتنی قدیم نہیں۔ دوسرے الفاظ میں یوں سمجھ لیجیے کہ ہندکو کے قدیم ادب کا ابھی تک پوری طرح سراغ نہیں مل سکا۔ بہت سی مقامی بولیوں کی طرح ہندکو کا المیہ بھی یہی ہے کہ امتدادِ زمانہ سے اس کا ادبی سرمایہ محفوظ نہیں رہ سکا۔ ہندکو شہری آبادی کی زبان ہے اور شہری آبادی انقلابات و حوادثات سے زیادہ متاثر ہوتی رہی۔ پھر انگریزی سامراج کے خلاف برِّصغیر میں پورے ڈیڑھ سو برس تک جو جنگِ آزادی لڑی گئی، اس کے لیے پشاور اور یہاں کے دوسرے شہر اس تحریک کے بہت بڑے مراکز تھے۔ سید احمد بریلوی اور شاہ اسماعیل شہید نے جہاد کا آغاز یہیں سے کیا۔ خلافت تحریک، سرخ پوش تحریک، خاکسار تحریک، احرار، کانگرس، مسلم لیگ اور بھارت سبھا کی سرگرمیوں کا پشاور سے گہرا رشتہ رہا ہے۔ یہاں آئے دن گرفتاریاں، خانہ تلاشیاں اور پکڑ دھکڑ نے ہر گھر کا نظام درہم برہم کر رکھا تھا۔ غالباً ان وجوہات سے قیمتی مسودات اور دستاویزات یا تو لوگوں نے خود ہی ضائع کر دیے یا ایسے اندھے کنوؤں میں ڈال دیے جہاں وہ گل سڑ کر ختم ہو گئے۔

اُردو شاعری کی نشاندہی یہاں سترھویں صدی عیسوی کے آغاز سے ہوتی ہے اور جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے، ہندکو اُردو کی ابتدائی شکل ہے اور اُردو سے بہت پہلے یہ زبان یہاں رائج تھی۔ اس لیے اس کا ادب بھی بہت قدیم ہونا چاہیے اور ہے، لیکن اس قدیم ادب کے نمونے جو اب تک دستیاب ہو سکے ہیں، وہ لوک گیتوں، لوک کہانیوں، کھیلوں کے منظوم بولوں اور ضرب الامثال و محاورات کی صورت میں ہیں، جو سینہ بہ سینہ ہم تک پہنچے ہیں۔ ہندکو کی قدیم دریافت شدہ نظم کا مصنف غلام محمد مائیو ہے۔ یہ نظم میرزا عبدالغنی

کی بیاض 'گلدستہ' سے دستیاب ہوئی ہے۔ میرزا کی روایت کے مطابق محمد دین مائیو ۱۷۵۰ء/۱۱۷۰ھ کے لگ بھگ ہوا ہے۔ اس طرح ہندکو کی دریافت شدہ شاعری کی عمر تقریباً دوسو سال بنتی ہے۔ اس بیاض کے باقی شعراء میں سے دو تین شاعر بارھویں صدی ہجری یعنی اٹھارویں صدی عیسوی کے ربع آخر کے ہیں اور دوسرے تیرھویں صدی ہجری یعنی انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں گزرے ہیں۔ یہ کل سترہ شعراء کا تذکرہ ہے، جس میں خود میرزا بھی شامل ہے۔ دو دو تین تین سطروں میں ان کے مختصر حالات اور نمونۂ کلام بھی دیا گیا ہے۔ مائیو کو میرزا نے نہیں دیکھا۔ اس کے بیٹے سے اس کی ملاقات ایک ہنگامی تقریب میں ہوئی، جس نے اسے بتایا کہ اس کا باپ اس کے بچپن ہی میں فوت ہوگیا تھا۔ وہ ہندکو اور فارسی کا بہت بڑا شاعر تھا اور صاحبِ دیوان تھا۔ اس نے اپنے والد کا کچھ ہندکو کلام سنایا جو میرزا کے ذہن میں محفوظ رہ گیا۔ اس نے میرزا کو یہ بھی بتایا کہ اس کا دیوان موجود ہے جس میں ہندکو کلام زیادہ ہے اور یہ کہ اس نے ہندکو شعراء کا ایک تذکرہ بھی لکھا جس کا نام، 'چن تارے' ہے۔ یہ تذکرہ بھی اس کے بیٹے کے پاس محفوظ تھا اور اس نے میرزا کو دکھانے کا وعدہ بھی کر لیا تھا۔ اس کے بیان کے مطابق اس تذکرے میں پرانے ہندکو شعراء کا بلند پایہ کلام درج تھا۔ مائیو کا بیٹا بڑا افسر تھا جو ان دنوں نوشہرہ میں متعین تھا۔ میرزا نے یہ مسوّدے دیکھنے کی خواہش ظاہر کی اور اس کا پتہ بھی نوٹ کر لیا۔ لیکن وہ اچانک بیمار ہوگیا اور چھ سات ماہ بعد جب نوشہرہ گیا تو مائیو کے بیٹا کی تبدیلی دہلی ہوگئی تھی۔ اس لیے پھر ملاقات نہ ہو سکی اور میرزا ان نوادرات کے دیکھنے سے محروم رہا۔

میرزا نے اپنے دادا سکندر خان کے حوالے سے دو قدیم ہندکو کی منظوم کتابوں 'دین دے چراغ' اور 'کالی کملی والا سائیں' کا ذکر بھی کیا ہے۔ اس کا کہنا ہے یہ کتابیں 'چن تارے' سے زیادہ پرانی ہیں، لیکن ان کے مصنفین کے نام نہیں بتائے اور نہ ہی سنِ تصنیف کا تعیّن کیا ہے، صرف اتنا لکھا ہے کہ 'دین دے چراغ' اولیائے کرام کا تذکرہ ہے اور 'کالی کملی والا سائیں' نبی کریمؐ کی سیرتِ مطہرہ پر مشتمل ہے۔ ہندکو ادب کی تاریخ کے سلسلہ میں یہ کتابیں بڑی کارآمد تھیں، لیکن افسوس کہ اب یہ عنقا ہیں اور کسی دوسرے ذریعہ سے بھی ان کی نشاندہی نہیں ہوتی۔

ہندکو نثر کا سب سے پہلا نمونہ میرزا عبدالغنی کی بیاض 'گلدستہ' میں ملتا ہے۔ یہ وہی میرزا ہے جس کی نظم و نثر کے نمونے گریئرسن نے لینگوسٹک سروے آف انڈیا میں دیے ہیں۔ وہ نہ صرف ہندکو نثر کا بانی مبانی ہے بلکہ ہندکو افسانے کا خالق

Marfat.com

بھی ہے۔ لیکن میرزا کے بعد دورِ جدید تک ہند کو نثر کے کوئی آثار نہیں ملتے۔ البتہ منظوم کھیلوں اور منظوم لوک کہانیوں میں بین السطور نثر کے کچھ ٹکڑے پائے جاتے ہیں۔ جن کے مصنفین اور سنِ تخلیق کا پتہ نہیں چلتا، لیکن اتنا تو یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ وہ خاصی پرانی چیزیں ہیں جو سینہ بہ سینہ منتقل ہوتی آئی ہیں۔ کیونکہ تحقیق کرنے پر تین چار نسلوں تک ان کی نشاندہی ہوتی ہے، جو کم از کم ڈیڑھ سو سال کا عرصہ احاطہ کیے ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ درمیانی عرصہ نثر کے اعتبار سے بھی رائیگاں نہیں گزرا اور اس میں کچھ نہ کچھ کام ہوتا رہا ہے۔ اس طرح ہند کو نثر کی عمر بھی اس کی نظم کے لگ بھگ جا پہنچتی ہے، بلکہ ان کھیلوں اور لوک کہانیوں کا اگر تجزیہ کیا جائے اور لوک گیتوں کا بھی خاطر خواہ جائزہ لیا جائے تو ہند کو نظم و نثر کی تاریخ کی قدامت مسلّم نظر آتی ہے۔ بلاشبہ یہی اس کا قدیم ادب ہے۔ جس پر صدیوں پہلے کی چھاپ لگی ہوئی ہے اور اگرچہ ان کے مصنفین کا پتہ نہیں چلتا لیکن ان کی قدامت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ان میں ادب کے جملہ اجزاء و عناصر ملتے ہیں اور اپنے قدیم معاشرے کی جھلکیاں بھی دکھائی دیتی ہیں اور بعض تاریخی حقائق بھی اس کی قدامت کی گواہی دیتے ہیں۔

ضرب الامثال، محاورے، لوک گیت، لوک کہانیاں اور کھیل،

ضرب الامثال اور محاورے

اس روشن دور میں تاریخ کا علم سائنس کا درجہ حاصل کر چکا ہے۔ انسانی تہذیبیں بنتی بگڑتی رہی ہیں۔ اگر دستاویزی ثبوت پر ہی انحصار رہتا تو شاید زیادہ دور رس نتائج سامنے نہ ہوتے۔ اس دھرتی پر انسان کا وجود لاکھوں سال سے پایا جاتا ہے۔ لیکن لکھنے پڑھنے کا شعور بہت بعد میں پیدا ہوا۔ اس سے پہلے کا طویل زمانہ ایک ایسی تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے جہاں روشنی کی کوئی کرن نظر نہیں آتی، لیکن اس صورتِ حال سے ماہرین و محققین مایوس نہیں ہوئے بلکہ گمشدہ انسانی تاریخ کے تاریک راستوں کو منوّر کرنے کے لیے کوششیں جاری رکھیں اور آثار قدیمہ، صنادید اور قیاسات و قرائن کی مشعلیں جلا کر ہزارہا سال کی انسانی تاریخ کا سراغ لگایا اور ایک ایسا شعور پیدا کیا، جس کی بدولت آج ہم زبان و ادب کی تاریخ کے ظلمات کو بھی سر کرنے کے قابل ہو چکے ہیں۔ زبان و ادب کی تاریخ کا کھوج لگانے کے لیے تحریری دستاویزات سے آگے صرف عوامی ادب کا صحرا رہ جاتا ہے، جہاں تجسّس و تفکّر سے شواہد و حقائق کے ایسے آبدار موتی دستیاب ہو سکتے ہیں جن کی

Marfat.com

روشنی میں تاریخ کی گہری اور تاریک کھائیوں کو عبور کرنے میں خاصی مدد ملتی ہے۔

عوامی ادب سے مراد وہ ادب ہے جو کسی فردِ واحد کی کاوش اور محنت کا نتیجہ نہیں ہوتا ، بلکہ عوام الناس کے سالہا سال کے تجربات و مشاہدات کا نچوڑ ہوتا ہے اور جس کے پیچھے حقائق و عوامل کی پوری تاریخ ہوتی ہے ، بلکہ پورا معاشرہ اور پوری تہذیب ہوتی ہے اور یہ بات عوامی ادب میں اشاروں یا کنایوں کی صورت میں کچھ ایسی رچی بسی ہوتی ہے کہ فکر و نظر کی معجزانہ صلاحیتوں کے بغیر اس کا ابلاغ ممکن نہیں۔

ضرب الامثال اور محاورات بھی عوامی ادب کا ایک ایسا سرمایہ ہے جو ذہین فطین عوام کے فکری ایجاز سے تخلیق پذیر ہوتے ہیں۔ ہندکو ضرب الامثال اور محاورات میں نہ صرف اس خطے کے باشندوں کا کردار جھلکتا ہے ، بلکہ ان میں قدیم ہندکیوں کی طرزِ زندگی اور ان کی ثقافت پر بھی روشنی پڑتی ہے ، مثلاً :

دلچ ہووی سچ تا ننگا ہو کے نچ

یہ ضرب المثل ایک صاف گو اور بیباک قوم کے کردار کو واضح کرتی ہے۔

ظلم دی گُڈی سدا نئی اُڈی

اس میں ظلم و استبداد کی فضا میں مایوس ہونے کے بجائے خود اعتمادی اور رجائیت کا اظہار ہے۔

نفس ہووے سہان تے پپل تلے گیان

رنگ رنگ دی بولی تے گلی گلی ہولی

نہ ہنگ تے نہ شنگ تے گئو ماتا دا سنگ

یہ ضرب الامثال اسلام سے پہلے بدھ اور ہندو عہد کی یاد دلاتی ہیں ، جبکہ مندرجہ ذیل اسلامی معاشرے کی عکاس ہیں :

جیڑا نبی دا محتاج ادا جنت وچ راج

اللہ اللہ تے خیر صلیٰ

چھوڑا کفر دا گراں تے ہنڑ کے لینڑاں ناں

اس طرح ''کلمہ گو کافر'' ـــــ ''کلمے دی مار'' اور ہک گل مکے تے ہک مدینے'' وغیرہ محاروں سے بھی اسلامی کلچر کی نشاندہی ہوتی ہے اور ہندکو زبان کی قدامت کا بھی کسی حد تک اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

لوک گیت

لوک گیت ایک خود رو فصل ہے جو عوام کی جذباتی زندگی سے وجود میں آتی ہے۔ دنیا کی ہر زبان میں لوک گیتوں کا وافر ذخیرہ ملتا ہے۔ یہ گیت صدیوں سے دلوں کے صحراؤں میں خود بخود پھوٹتے اور نشوونما پاتے رہتے ہیں۔ یہ عوامی خزینہ ہے اور عوام ہی اس کے خالق ہیں، اس لیے ان میں عشق و محبت اور شادی و غمی کے جذبات و احساسات کے ساتھ ساتھ اپنے ماحول اور گرد و پیش کی تصویر کشی بھی ملتی ہے۔

ہند کو میں لوک گیتوں کا گراں بہا سرمایہ محفوظ ہے، جن کی مشہور قسمیں یہ ہیں:

۱- سٹھنی: شادی بیاہ کے موقع پر دولہا کے سانھ چہلیں کرنے کو سٹھنی کہتے ہیں۔ یہ گیت اس وقت گائے جاتے ہیں جب برات دلہن کے گھر آتی ہے۔ ایک بند ملاحظہ کریں:

ککڑ نہ کھاندوں چوھا کھاندوں　　جمع کر کے شادی رچاندوں
اجلا ہو کے شان و کھاندوں　　صورت اے تیری فقیراں جئی
بھیڑے تنو اے مناسب نئی

بعض اوقات یہ چہلیں فحش اور عریاں بھی ہوتی ہیں۔

۲- ترنگی: یہ بھی شادی کا گیت ہے۔ اس میں عجیب سی ترنگ محسوس ہوتی ہے:

الا اللہ ہو ——— یارو الا اللہ　　ککڑ ہلے، پکھا چھلے، یارو الا اللہ
او گھوڑے ویچ کے ستا　　اسدی جتی لے گیا کتا
کج بھی ریا نہ پلے، یارو الا اللہ

۳- مستا: یہ بھی نوجوان لڑکیاں شادی کے موقع پر مستانہ لے میں گاتی ہیں:

ڈیوہ پیا بلے، برسات تلے　　سر پیا ہلے، برسات تلے
آؤ سہیلیو تماشا دیکھو　　منجے تے جیندا لاشہ دیکھو
مردہ پیا چلے، برسات تلے　　ڈیوہ پیا بلے، برسات تلے

۴- ابیتی: آپ بیتی کا مخفف معلوم ہوتا ہے۔ دوشیزائیں تنہائی میں گنگناتی ہیں:

تارے چھپ چھپ کے سانو اکھیاں پئے مارن
کرنان جھوم جھوم کے ساڈے حسن اتے وارن
یار بول دا نئی　　گرہ کھول دا نئی

Marfat.com

راتـــاں جـــاگ کے گـــذاراں
آجا ویکھدا جا ـــــــ ساڈیاں جاندیاں بہاراں

۵- ٹپہ : گانے کے بول کو ٹپہ کہتے ہیں - بڑی مقبول اور محبوب صنف ہے :

چھـــٹی دا دن ماہیا
تیرے بنا نہ لا سکدا ، ہور کوئی میرے جن ماہیا

چـن چـڑھ کے لے گئے نی
نکی جئی جندڑی نوں وڈے ویدے پے گئے نی

۶- لوری : مائیں بچوں کو سلاتے وقت مامتا کی لے میں گاتی ہیں اور بہادری اور جرأت کا درس دیتی ہیں :

آ للو ، آ للو ، آ للی للی للو ، آ للو
میرے بچڑے دے سر تے پاک نبی دا سایہ ـــ آ للو
اے وڈا ہو کے غزا تے جاسی
اسلام دے اتوں جان لٹاسی
دشمنڑ نل لڑ کے شہادت پاسی ـــ آ للو
آ للو ـــ للو للو

یہ ہندکو کے مخصوص لوک گیت ہیں ان کا دائرہ بہت وسیع ہے - موضوع کے اعتبار سے بھی انہیں ہمہ گیری حاصل ہے - کوئی ایسا مضمون نہیں جو ان کی عملداری سے باہر ہو - زبان و بیان سے بھی ان کی قدامت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے اور بعض تاریخی اور ارتقائی اشاروں سے بھی کسی حد تک ان کے عہد کا تعیّن کیا جا سکتا ہے - اگرچہ ان لوک گیتوں کے متعلق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ کب لکھے گئے اور کس نے لکھے، تاہم ان کی قدامت مسلّم ہے -

لوک ناچ

قدیم مقامی لوک ناچوں میں پرکو، ترنگی اور منگڑی اب تک رائج ہیں - یہ شادی بیاہ اور موسمی تہواروں سے متعلق ہیں - ان میں ہندو دیو مالائی اثرات بھی ملتے ہیں اور پشتو کے مخصوص لوک ناچوں کی چھاپ بھی ہے - یہ ناچ ڈھول یا طبلے کی تھاپ پر اور اکثر و بیشتر گھڑے کی تھاپ پر گھریلو ماحول میں بعض گیتوں کے مخصوص بولوں پر کیف و مستی کے عالم میں پیش کیے جاتے ہیں -

Marfat.com

پر کو میں رزمیہ رنگ ملتے ہیں اور وجد آور کیفیت پائی جاتی ہے ۔

ترنگی بڑا گرم ناچ ہے اور ترنگ سے بھر پور ہے ۔

منگڑی اس کے بر عکس ایک نہایت سبک اور خنک قسم کا رقص ہے جس میں عشق و محبت کی خوشبو رچی بسی محسوس ہوتی ہے اور ایک قسم کے تقدس کا احساس ہوتا ہے ۔

ان کے علاوہ دو ناچ **شنی** اور **شاہ ڈولہ** بھی ہیں ۔ شنی خوشی کی تقریبوں میں ناچا جاتا ہے اور اس میں صرف عورتیں حصہ لیتی ہیں ۔ شاہ ڈولہ مردوں کے لیے مخصوص ہے ۔ یہ ایک مقبول دھن ہے جو ڈھول یا نقارے پر بجتی ہے ۔

لوک کہانیاں

ہر زبان کی لوک کہانیاں عموماً رومانوی ہوتی ہیں ، لیکن ہندکو کی لوک کہانیاں زیادہ تر منظوم ہیں اور ایک آدھ نثر میں بھی ہے ۔ ان میں اصلاحی رنگ غالب ہے اور رومانوی رجحان نسبتاً کم ہے ۔ جہاں رومان آیا ہے وہاں بھی محض حقیقت کو شیریں بنانے کے لیے ہے ، لیکن کہیں ابتذال کا شائبہ تک نہیں ۔ عموماً ان کہانیوں میں غیرت و حمیت اور جرأت و ہمت کا بیان ہے یا پھر ظلم و استبداد کے خلاف جد و جہد کا درس ہے ۔ ہم ایک منظوم کہانی نمونہ کے طور پر پیش کرتے ہیں :

پپل تے فقیر

جیٹھ ہاڑ دی تھپ جیویں دوزخ دی اگ وسے
چڑیاں کاں اڈنا بھل گئے سڑ بھج کے نسے
ہک فقیر جنگل اچ جاندا ، تا کھا کے ٹھٹا
پپل نے باواں پھیلا کے اس تے سایا سٹا
پپل نوں وال اپڑا دتا فقیر نے ہو کے شاد
اوکھے وخت وال مروڑ کے منو کریں یاد
مولا نوں منظور ہویا تا تیرا روگ مٹاساں
جان بھی آپڑی دے کے اے احسان میں تیرا لاساں
اللہ دے کم کج مدے نوں قحط کج ایسا پیا
اس جنگل دی راہ وچ کوئی پھل بوٹا نہ ریا

طوفان نے آ کے اتھے پیڑ پیڑ نوں چھانٹا
قحط دے ہتھو او پپل بھی سک کے ہویا کانٹا
پپل نو اس دکھ دے ویلے یاد آیا فقیر
وال مڑور کے آس لگائے سوچاں وچ دلگیر
اتنے وچ کے ویکھدا وے حاضر ہویا او بابا
پپل ویکھ کے شور مچایا کر کج شابا شابا
بابا اسے پپل تلے سر بسجدہ ہویا
اللہ دی جناب دے وچ بلک بلک کے رویا
مولا تنو شرم اے میری پردا رکھیں میرا
اے پپل اے محسن میرا انو کر دے ہرا
ہک دم ایسا معجزہ ہویا اتھو چشمہ پھٹا
چشمے دا او سارا پانڑی ادیاں جڑانچ چھٹا
رب پیارے نے لاج فقیر بابا دی رکھ لئی گویا
ویکھدیاں ویکھدیاں سارا پپل پھر او ہرا ہویا

کھیل

ہندکو زبان میں بچوں کے کھیلوں کا خاصا سرمایہ موجود ہے جو تمام و کمال منظوم ہے۔ ان میں بھی ایک خاص بات یہ ہے کہ اکثر کھیل سبق آموز اور تدریسی صورت میں ہیں۔ یہ کھیل فارسی اوزان کے بجائے خالص ملی اوزان میں ہیں۔ بعض میں آزاد شاعری کے نمونے بھی ملتے ہیں اور خصوصی طور پر صوتی اثرات اور غنائیت پر ان کی بنیاد رکھی گئی ہے جو ایسے رواں دواں اور مترنم ہیں کہ بچوں کو فوراً ازبر ہو جاتے ہیں۔ یہ کھیل بے شمار ہیں اور ان میں نئے نئے ہیئتی تجربے دیکھ کر حیرت ہوتی ہے۔

مثلاً ایک کھیل بچے یوں کھیلتے ہیں کہ دونوں ہاتھوں کی شہادت کی انگلیاں اور انگوٹھے پھیلا کر مندرجۂ ذیل بول پڑھتے جاتے ہیں اور منہ، رخساروں، ٹھوڑی اور پھر گھٹنوں پر یہ پھیلی ہوئی انگلیاں مارتے جاتے ہیں۔ اس میں ہار جیت نہیں۔ بچوں کا مرغوب کھیل ہے۔ اس میں زیادہ تر صوتی اثرات ملتے ہیں:

بلم بم بکا　　بلم بم بکا
چڑی اے ممولا اے　　کس نے بوأ کھولا اے

گڈی گڈے دا ڈولا اے — گل کرتا نہ چولا اے
کم کم ککا — بلم بم بکا
بیوی دے گھر وسنی آں — روئی آں آبی ہسی آں
منی آں آبی رسی آں — او تتر تے میں مسی آں
چلم چم چکا — بلم بم بکا
میں نچدی گاندی کڑی آں — کڑی سونے دی پڑی آں
میں کھیڈدی کھیڈدی مڑی آں — میں مڑدے مڑدے ٹری آں
ملم مم مکا — بلم بم بکا

بلم بم بکا

ان منظوم لوک کہانیوں ، لوک گیتوں ، لوک ناچوں اور کھیلوں کو ہندکو شاعری کی اساس قرار دیا جائے تو ہندکو ادب کی تاریخ کی وسعت اور قدامت کا مسئلہ کسی حد تک حل ہو جاتا ہے ، کیونکہ ان میں ہندکو شاعری کے بعض ایسے نادر نمونے ہیں جو ہندی اور پشتو کی قدیم شاعری کی یاد دلاتے ہیں اور فنی اعتبار سے بھی یہ تخلیقات کسی طرح کم پایہ نہیں ہیں ۔

ہندکو نظم کا ارتقاء

دنیا کی ہر زبان کی ابتدا نظم سے ہوئی ہے ۔ ہندکو لوک گیتوں کی تاریخ بھی اتنی ہی پرانی ہے جتنی ہندکو زبان کی تاریخ ۔ پھر ہندکو کی منظوم کہانیاں اور منظوم کھیل بھی ہندکو نظم کی تاریخی قدامت کے لیے سنگِ میل کا درجہ رکھتے ہیں ۔ اگرچہ حتمی طور پر ان کے لیے کسی عہد کا تعین کرنا ممکن نہیں ، تاہم انہیں یکسر نظر انداز کرنا بھی مشکل ہے ۔ اگر اُردو کے متعلق امیر خسرو کی پہیلیوں اور انمیل بے جوڑ قسم کی تُک بندیوں کو کوئی مقام حاصل ہوسکتا ہے تو ہندکو لوک گیتوں اور منظوم کھیلوں کو ، جو ان کہانیوں اور پہیلیوں سے زیادہ ترقی یافتہ صورت میں ہم تک پہنچے ہیں یقیناً خاصی اہمیت حاصل ہونی چاہیے اور انہیں ہندکو نظم کی بنیاد قرار دیا جا سکتا ہے ۔ یہ صدیوں پرانی عوامی تخلیقات ہیں اور جیسا کہ بیان ہو چکا ہے ان کی قدامت زبان و بیان اور بعض دوسرے شواہد و قیاسات سے ثابت ہوتی ہے ۔

جیسا کہ پیشتر ازیں ذکر کیا جا چکا ہے ہندکو کی باقاعدہ قدیم شاعری کا سراغ ہمیں میرزا عبدالغنی کی دریافت شدہ بیاض 'گلدستہ' سے ہی ملتا ہے - اس بیاض میں کل سترہ شعراء کا تذکرہ درج ہے ، جن میں میرزا کے اپنے حالات اور کلام بھی شامل ہے - باقی شعراء کا ذکر نہایت مختصر ہے - میرزا خود بھی اچھا شاعر تھا اور بقول اس کے ہندکو کے علاوہ اُردو و فارسی میں بھی ٹوٹے پھوٹے شعر کہہ لیتا تھا - یہ وہی میرزا عبدالغنی ہے جس کے کلام کا نمونہ گریئرسن نے اپنی مشہور کتاب لینگوسٹک سروے آف انڈیا میں بھی دیا ہے - یہ ایک چار بیتہ نما نظم پر مشتمل ہے -

اس بیاض کے صفحات میں جن شعراء کا ذکر شامل ہے ان میں سے غلام محمد مائیو کی نظم سب سے زیادہ پرانی ہے ، جو میرزا کی روایت کے مطابق ۱۷۵۶ء/ ۱۱۷۰ھ کے لگ بھگ ہوا ہے - اس طرح ہندکو کی دریافت شدہ شاعری کی عمر تقریباً دو سو سال تک پہنچتی ہے لیکن اس کے بعد تسلسل قائم رہتا ہے اور آخر تک کسی قسم کا خلا نہیں آتا - مائیو کے حالات میں 'گلدستہ' کے مؤلف نے بتایا ہے کہ اس کے بیٹے کے پاس مائیو کی لکھی ہوئی ایک بیاض 'چن تارے' موجود تھی جس میں بہت سے بڑے بڑے ہندکو شعراء کا ذکر شامل تھا لیکن بدقسمتی سے میرزا وہ بیاض دیکھ نہیں سکا - مائیو کی ایک حرفی اور ایک نظم جو 'گلدستہ' میں درج ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک بلند پایہ شاعر تھا اور میرزا کے مطابق ہندکو ، فارسی اور اُردو میں اس کا دیوان موجود تھا ، لیکن اس کی بیاض 'چن تارے' نایاب ہے - اگر یہ دستیاب ہو جاتی تو شاید بہت سی گم گشدہ کڑیوں کا سراغ مل جاتا -

مذہبی و اخلاقی شاعری

ادب کسی زبان کا بھی ہو اپنے سماجی ، معاشرتی ، ثقافتی اور سیاسی حالات کے اثرات ضرور قبول کرتا ہے - ہندکو کے اس اوّلین دور کی شاعری تمام تر نعت و منقبت اور حمد پر مشتمل ہے - جس سے اس عہد کے شعراء کے اسلامی جذبات اور مذہبی شیفتگی کا اندازہ ہوتا ہے - زبان سادہ اور سلیس ہے لیکن کہیں کہیں پشتو ، ہندی اور فارسی کے الفاظ کی آمیزش نظر آتی ہے - ایک اور قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اس ابتدائی دور کی ہندکو شاعری کی بنیاد فارسی بحور اور اوزان کے بجائے پشتو اور ہندی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ، پشتو اور ہندی کے مسلّی اوزان[1] پر رکھی گئی ہے اور نظموں کی تکنیک بھی قدیم پشتو شاعری

۱- ان کی بنیاد سیلالوں (Syllables) پر ہے - یہ لفظ کے رکن ہوتے ہیں -

Marfat.com

سے ملتی جلتی ہے، بلکہ پشتو کی قدیم ملی صنف چار بیتہ کے انداز پر اکثر نظمیں ملتی ہیں ۔ البتہ حرفی ہندکو کی اپنی مخصوص صنف ہے جس کا پہلا نمونہ حاتم کے ہاں ملتا ہے ۔ اس سے گمان ہوتا ہے کہ وہی اس صنفِ سخن کا خالق تھا ۔ دوسرا یہ کہ پشتو کی طرح ہندکو شاعری کے اس اوّلین دور میں اسلامی اور رزمیہ شاعری کے نادر نقوش موجود ہیں اور ان میں اپنے معاشرے کی عکاسی بھی ملتی ہے جس میں غریبوں اور خوانین کی طبقاتی کشمکش بھی ہے ۔ ظلم و استبداد کے خلاف ردّ عمل بھی ہے اور پیاسے کھیتیوں کے لیے بارانِ رحمت کے نزول کی دعائیں بھی ہیں ۔

ہندکو شاعری کا تیسرا دور نسبتاً زیادہ جاندار ہے ۔ اس دور کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ ہندکو کے تقریباً تمام شعراء ، فارسی کے بھی نامور شعراء گذرے ہیں ۔ بلکہ بعض تو پشتو میں بھی لکھتے رہے ۔ یہ روایت یہاں شروع سے اب تک موجود ہے ۔ آج بھی اُردو کے بیشتر مشہور و معروف شاعر اور ادیب ہندکو ، فارسی اور پشتو کے بھی بلند پایہ فنکار ہیں ۔ حیدر پشاوری، قدیر ، قیس، سائیں احمد علی ، عبداللہ سیفی شاہ اور جگر کاظمی وغیرہ دوسرے دور کے شعراء میں ممتاز مقام کے مالک ہیں اور ان شعراء کو اُردو اور فارسی شاعری میں بھی اساتذہ کا درجہ حاصل ہے ۔ اس دور کے شعراء چار بیتہ اور حرفی سے آگے نہیں بڑھے ، لیکن ان اصناف ہی میں انہوں نے مضمون آفرینی کے وہ جوہر دکھائے ہیں کہ طباعت و اشاعت کے ذرائع نہ ہونے کے باوجود اُنہوں نے بیرونِ سرحد کے ادبی حلقوں سے خراجِ تحسین وصول کیا ہے ۔ اس دور میں خاص طور پر صوفیانہ اور عاشقانہ شاعری نے فروغ پایا ۔ عوامی سطح کے عظیم الشان ہندکو مشاعروں کا انعقاد ہونے لگا جن سے ہندکو زبان و ادب کی ترویج و ترقی میں خاصی مدد ملی ۔ عوام میں ہندکو شاعری کا ذوق پیدا ہوا اور نئے نئے لکھنے والے سامنے آئے ، جنہوں نے آگے چل کر ہندکو شعر و ادب کو ترقی اور رفعت سے ہمکنار کیا ۔

تیسرے دور یعنی دورِ جدید میں اُردو کی تمام اصناف غزل ، نظم ، رباعی ، قطعہ ، مرثیہ ، سلام وغیرہ کو نوجوان شعراء نے اپنا کر ہندکو شاعری کو اور وسعت دے دی ہے ۔ ان نئی اصناف کے ساتھ ساتھ نئے نئے موضوعات بھی پیدا ہوئے ۔ ترقی پسند شعراء نے ہندکو شاعری کو پہلی دفعہ انقلابی رجحانات سے آشنا کرایا اور ہندکو سے نئے شاعروں نے اپنے مسائل کے علاوہ قومی ، ملکی اور عالمی مسائل کو بھی اپنے فن کا موضوع بنایا ۔ شاعری میں تفکر ، تجسس ، بلند پروازی اور نازک خیالی نے راہ پائی اور ہندکو شاعری پٹی ہوئی ڈگر سے ہٹ کر کھلی فضا میں سانس لینے کے قابل ہو گئی ۔ اس نے فرسودہ روایات کی دلدل سے

Marfat.com

نکل کر ایک ہی جست میں تمام حدود پھاند لیے اور وہ دوسری ترقی یافتہ ملکی زبانوں کی صف میں نظر آنے لگی۔ اب ہم ہر دور کے شعراء کا مختصراً علیحدہ علیحدہ ذکر کرتے ہیں۔

پہلا دور

۱۷۵۶ء/۱۱۷۰ھ - ۱۸۴۴ء/۱۲۶۰ھ

محمد دین مائیو (م - ۱۷۵۶ء)

ان کا ذکر میرزا عبد الغنی کی مذکورہ بالا بیاض میں ملتا ہے۔ مائیو نے تقریباً سو سال عمر پائی۔ آپ اُردو، فارسی اور ہندکو کے شاعر تھے۔ انہوں نے اردو، فارسی اور ہندکو کے شعراء کا ایک تذکرہ بھی مرتب کیا تھا۔ ان کا دیوان اور تذکرہ دونو ناپید ہیں۔ پشاور کے رہنے والے تھے۔ میرزا کی بیاض سے ان کی ایک حمد نقل کی جاتی ہے :

تیرے بنـای اتھے رب کـج　　تـوئی سب کج توئی سب کـج
رب جی تیرا ای سارا ظہور اے　　ہر اک شئے وچ تیرا ای نور اے
دل تے دل دا جـانی آپ ایـں　　آدم تے در خـانی آپ ایـں
آپـی اگ تے آپـی پانـڑی　　آپـی پیـٹا آپـی تـانـڑی

سائیں غلام دین ہزاروی (م - ۱۷۷۸ء)

آپ صوفی شاعر تھے۔ مانسہرہ میں پیدا ہوئے۔ ایک عرصہ تک ''رش'' کے میدان میں تبلیغِ اسلام کرتے رہے۔ کشمیر، ہزارہ اور پشاور میں ان کے عقیدت مند پھیلے ہوئے تھے۔ ان کے خاندان میں ان کے چند اوراق محفوظ ہیں۔ ایک روایت کے مطابق آپ نے ڈیڑھ سو سال کے قریب عمر پائی۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو :

سـوداگـر اس بـازار دا　　ویکھ واکھ کے بـازی ہارادا
کیوں غفلت نال گـزاردا　　دنیـا ہـیـوے فـانی
تو سنڑ لـے مرے دل جـانی
میں امت نـبی سـردار دا　　خـاص اللہ دے یـار دا
کیا پھل سچے گلـزار دا　　شعـلـہ اے نـورانی
تو سنڑ لـے مرے دل جـانی

Marfat.com

استاد نامور (م - ۱۷۵۶ء)

پشاور میں پیدا ہوئے - ہندکو ، پشتو اور فارسی کے شاعر تھے - ان کی ایک حرفی ہم تک پہنچی ہے :

جوڑ جوڑ کے سندر خیال آ پڑے — مونی پیغلہ جوانی دی راہ کڈ دے
کوئی لدی نہ جد مثال اناں — بے مثال دلوں ٹھنڈی آہ کڈ دے
نیناں نیر اندر بھریا او جادو — نظر کرو تا جیکر او ساہ کڈ دے
نامور عشق موں او کم کیتا — جوں چیرا دے کے روگ جراح کڈدے

صاحب حق (م - ۱۷۵۶ء)

پشاور کے باشندے تھے - استاد نامور ان کے شاگردوں میں سے تھے - خدا رسیدہ بزرگ تھے - طویل عمر پائی - ہندکو کے علاوہ فارسی میں بھی طبع آزمائی کرتے تھے - ان کی مندرجۂ ذیل حرفی دستیاب ہوئی ہے :

رتاں جاگ جاگ من بھور ہویا — بے نشان را نہ کوئی نشان لبھیا
جان گال دتی موں اس سوچ اندر — پر اس توں نہ کدی داں لبھیا
کے لبھیا اگر اس جگ دے وچ — چن تارے لبھے آسمان لبھیا
صاحب حق اس حق نوں لبھدا اے — جدے لبھیا دین ایمان لبھیا

سائیں شادا (م - ۱۷۵۶ء)

چار بیتہ باز گزرے ہیں - مردان کے رہنے والے تھے - شاہ اسمٰعیل شہید کے ساتھ سکھوں کے خلاف جہاد کرتے ہوئے بالا کوٹ میں شہید ہوئے - ڈیڑھ سو سال سے زیادہ عمر پائی - ان کے ایک مقبول چار بیتہ کا ایک بند ملاحظہ ہو :

خون شد دل من ، خون شد دل من

نیناں تیرے مار مکایا ، ہر دے اندر تیر لگایا

کے کراں کتھے جاواں ، بیٹھے ستیاں اپنو سولی چڑھایا

سخت حیرانم ، خون شد دل من

سچے ربا تیرا ای آسرا اے ، تو ای دکھیا دا مددگار اے

تو ای مددگار ایں دکھیاراں دا ، نگہ تیری ہووے تاں بیڑا پار اے

مجنوں شد دل من ، خون شد دل من

Marfat.com

سخی نمانڑا (م - ۱۷۵۶ء)

نوشہرہ کلاں کے مشہور چار بیتہ باز تھے - ان کے چار بیتے کا صرف ایک بند ملا ہے :

تالاشم تالا فضل کر مولا
فضل کر مولا سک گئے رحمت دے دریا
سک گئے رحمت دے دریا نیتاں ہو گئیاں خراب
نیتاں ہو گئیاں خراب غلط ہو گئے حساب
غلط ہو گئے حساب کوئی خان کوئی نواب
اللہ دا بندہ کوئی بھی نینگا

نظیر احمد روا (م - ۱۸۰۰ء)

استاد صاحب حق کے شاگرد اور مرید تھے - ان کے آباو اجداد ایران سے آ کر پشاور میں آباد ہوئے - بہت بڑے گھرانے کے چشم و چراغ تھے ، لیکن بیعت کے بعد درویشی اختیار کر لی - ہندکو کے پرگو اور بدیہہ گو شاعر تھے - اب ان کی صرف چند حرفیاں ملتی ہیں - نمونہ دیکھیے :

لامکان دی دکان دا جوہری ہو نبڑ مہمان آ کے رگ جان بیٹھا
سنگ ہیرے دی اصلی پرکھ کرنے سنگ بیٹھیاں دے کدرے آن بیٹھا
ہر مورکھ دی کان نشان بیٹھا ہتھ تے رکھ کے نیلم مرجان بیٹھا
روا نیک عملاں دی کسوٹی اتے کھوٹے کھرے دی کرے پہچان بیٹھا

غلام محمد گامون (م - ۱۸۰۴ء)

پشاور کے مشہور ہندکو شاعر تھے - پشتو میں بھی شعر کہتے تھے - بڑے پہلوان اور جابر انسان تھے - ان کی دو حرفیاں دستیاب ہوئی ہیں - ایک درج کی جاتی ہے :

مرے دل حجر یچ وس جاویں تا کوئی خطرہ نہ رہسی محبوب تینو
مرے جیندے جی کس دی مجال ہووے کرے زور دے نال مغلوب تینو
سارا خٹک قبیلہ بھی آ جاوے کر سکے نہ کدی مرعوب تینو
وخت آیا تا گامون دی طاقت دا پتہ چل جاسی پھر خوب تینو

Marfat.com

مرزا عبدالغنی (م - ۱۸۱۰ء)

پشاور کے رہنے والے تھے - اپنی بیاض میں لکھتے ہیں کہ ''میں موچیوں کا کام کرتا ہوں - باپ دادا کا بھی یہی کام تھا - لیکن ہم اصل کے لحاظ سے مغل ہیں'' - مرزا عبدالغنی کے ایک رشتہ دار فردوس خان ہندکو اور پشتو کے شاعر تھے وہ ان کے دوست بھی تھے اور استاد بھی - فردوس خاں جوانی میں فوت ہوئے تو مرزا نے ان کی تاریخ کہی :

شاعر پہنچے نہ ہندکو دے اس جگہ　　جس مقام تے ساڑا فردوس پہنچا
سن بارہ سو چوی ہجری وچ　　غنی - استاد فردوس فردوس پہنچا

مرزا عبدالغنی کی بیاض کا ذکر پہلے ہو چکا ہے - آپ نے ہندکو میں کہانیاں بھی لکھی ہیں اور غزلیں اور حرفیاں بھی - ان کی غزلوں کے دو تین اشعار درج کیے جاتے ہیں :

پیسے والے دے جگ وچ ٹہول وجن　　غریب ملا اذان چرگہ اذان اے

☆ ☆ ☆

بہت کھاسیں ارمان توں جد پچھسی پروردگار　　خالق اکبر دی بندگی کر لے وقت سہار

☆ ☆ ☆

سب کم کچے نبی ساڈے سچے　　جناں پکڑی ساڑی سہار

شیر غلام (م - ۱۸۵۶ء)

نامور پہلوان اور درویش صفت انسان تھے - ان کی ایک حرفی درج کی جاتی ہے :

ہک پیسہ تیرے ہتھ دتا ، ادے سودے لیاویں چار بیٹا
نالے ککھڑی لیاویں نالے لکڑی لیاویں نالے لیاویں پھلاں دے ہار بیٹا
نالے دودھ لیاویں پیسہ موڑ لیاویں کسی نال نہ کریں ادھار بیٹا
شیر غلام نے اکھیاں کھول کے تے سب دے سامڑیں کیتا اظہار بیٹا

اس دور کے تقریباً تمام شعراء کے کلام میں زیادہ تر ہندی ، فارسی اور پشتو کے الفاظ کا غلبہ اور آمیختہ ہے - یہ اس لیے کہ ان میں سے اکثر فارسی ، پشتو اور اُردو کے شاعر گزرے ہیں - اس دور میں حاجی محمد سعید فکری ، جمعہ خان جمعہ ، عبدالعزیز خان عزیز وغیرہ اور بھی شاعر تھے - مگر عدم گنجائش کے باعث ان کا ذکر نہیں ہو سکا - اس دور کے کلام میں عموماً اسلامی رنگ غالب ہے یا پھر اصلاحی رنگ ہے - تصوف اور فلسفے کی چاشنی بھی ملتی ہے - عشق و محبت کی گھلاوٹ بھی پائی جاتی ہے مگر شاعرانہ اپج اور تفکر کا فقدان ہے - کلام زیادہ تر چار بیتہ اور حرفی پر مشتمل ہے -

دوسرا دور

۱۸۴۴ء - ۱۹۴۷ء

سردار خان بردا (م - ۱۹۰۲ء)

پشاور میں ۱۸۵۰ء میں پیدا ہوئے - آزاد منش واقع ہوئے تھے - اپنے چچا زاد بھائیوں سے بڑے نالاں تھے - ان کی وجہ سے انہیں در در کی ٹھوکریں کھانا پڑیں اور قید و بند کی مصیبت میں بھی مبتلا ہونا پڑا - اس کا ذکر انہوں نے اپنی کافیوں میں کیا ہے :

لگی لڑائی دو پھائیاں والی قید ہویا وے تیرے سال بـــردا
آ پڑی غربت دے ہتھو پریشاں ہو کے قید خانے ہویا بد حال بردا

بردا زبان و محاورے کے بادشاہ تھے - انہیں فارسی اور پشتو زبانوں پر بھی عبور حاصل تھا - کچھ عرصہ پنجاب میں رہے جہاں ان کے شاگردوں کی خاصی تعداد موجود ہے - ان کی حرفیاں مشہور ہیں - ایک ملاحظہ ہو :

بری مرض لگی یارو عشق والی دارو لگدے نئی طبیب والے
دنیا دارن دے مٹ جاسن سخن بھلسن نہ مجھ غریب والے
نال عاجزی دے کم کڈ لیندے ، رساں چوپ لیندے مٹھی جیب والے
کئی رکھاں دی راکھی کرے بردا میوہ پکے تاں کھان نصیب والے

جیسا کہ اس حرفی سے ظاہر ہے آپ کے بہت سے مصرعے ضرب المثل بن چکے ہیں -

میاں محمد دین (م - ۱۹۱۰ء)

پشاور کے نامور شاعر تھے اور بردا کے حریف تھے - لیکن آخر متاثر ہو کر ان کے تلامذہ میں شامل ہو گئے - ۱۸۴۲ء میں پیدا ہوئے - پرگو اور بدیہہ گو شاعر تھے - کلام میں درد اور سوز ہے - معاملہ بندی میں خاص قدرت حاصل ہے - زندگی بھر صرف حرفی کہتے رہے - ان کے ہاں عموماً رومانوی رجحان ملتا ہے نمونہ کلام ملاحظہ ہو :

ایـــا دل کہوے ایـــا دل چاوے ساڈے دوناں دا ہـــکا مکان ہووے
سونڑی سیج اتے موجاں خوب مارئیے ساڈے دوناں دی ہکا جان ہووے
ہک توں ہوویں ہک میں ہوواں تیجا کوئی بھی نہ درمیان ہووے
تھو ویکھ ویکھ کے تینو چم چم کے راتی دنے دین ہلکان ہووے

ان کی بعض حرفیوں میں طبقاتی شعور بھی پایا جاتا ہے -

Marfat.com

محمد رمضان رمضو (م۔ ۱۹۰۹ء)

شیر غلام کے شاگرد اور سائیں احمد علی کے استاد تھے ۔ عربی فارسی کے عالم اور اُردو فارسی اور ہندکو تینوں زبانوں کے شاعر تھے ۔ چار بیتہ بھی کہتے تھے لیکن ان کی صرف چند حرفیاں محفوظ رہ گئی ہیں ۔ نامی گرامی شاعر تھے ۔ سائیں احمد علی کسی کو خاطر میں نہیں لاتے تھے مگر استاد رمضو کے متعلق کہتے ہیں :

سائیں رمضو استاد دی ہک حرفی تو
کران صدقے آ پڑا سب دیوان

رمضو کی حرفیوں میں حالات عالم پر تبصرہ ملتا ہے مثلاً :

فصل پکیا جس دا مارا جاوے اس تے چڑھے نہ پھر کیوں دریا آ گ دا
سڑ پچھ کے کوئلہ کباب ہوون جدو موتیاں نو لگے تا آ گ دا
گلاں دوستاں دیاں اے سنڑ کے تے دھواں مغز وچوں نکلیا آ گ دا
رمضو کس نوں دساں کوئی محرم نئی ہک طوفان اے دلچ بپا آ گ دا

سائیں احمد علی (م۔ ۱۹۳۷ء)

سائیں احمد علی ہندکو ادب کے باغ کا سدا بہار پھول ہے ۔ ایک مکتبۂ خیال ہے ، ایک ادارہ ہے ، ایک تحریک ہے ۔ مکتب یا مدرسے میں تعلیم حاصل نہیں کی تھی ۔ اس کے باوجود فارسی کے ہزاروں اشعار از بر تھے ۔ لوگ بیدل اور ظہوری کے اشعار کا مطلب آپ سے آ کر سمجھا کرتے تھے ۔ فارسی زبان سے اسی فطری مناسبت کی بنا پر آپ ہندکو کے اشعار میں بڑی حسن و خوبی کے ساتھ فارسی کے الفاظ استعمال کیا کرتے تھے ۔ اس لیے آپ کو ہندکو کا غالب کہا گیا ہے ۔ اُردو اور فارسی میں بھی زندگی کے آخری ایام میں طبع آزمائی کی ۔ ہندکو شاعر ہونے کے باوجود گفتگو ہمیشہ فصیح اُردو میں کیا کرتے تھے ۔ اُردو کی نشر و اشاعت کے لیے آپ نے 'بزم سخن' کی بنیاد ڈالی ، پشاور کے شعرائے اُردو کو یکجا کیا اور پبلک مشاعروں کا آغاز کیا ۔ ارد گرد شاگرد جمع رہتے تھے ۔ بڑے خود دار اور سیر چشم تھے ۔ کوئی ان کی ستائش کرتا تو جھڑک دیتے ۔ راولپنڈی کے سکھ رئیس سردار مکھ سنگھ ان کے مداح اور عقیدتمند تھے ۔ انھوں نے کئی بار خدمت کرنے کی کوشش کی مگر آپ نے بے نیازی برتی ۔ ۱۸۵۱ء میں پشاور کے محلہ محمد داد میں پیدا ہوئے اور ۱۴ اپریل ۱۹۳۷ء کو فوت ہوئے اور شیخ حبیب کی

زیارت کے پاس 'لکھے دروازے' کے سامنے قبرستان میں دفن ہوئے۔ دو سو حرفیوں پر مشتمل ان کے کلام کا انتخاب گجرات سے شائع ہوا تھا۔ ڈاکٹر رضا ہمدانی نے سائیں کی پانچ سو حرفیوں کا انتخاب مرتب کیا ہے جو عنقریب شائع ہو جائے گا۔ ان کے قلم اور تخیل میں بڑا زور ہے۔ ان کے کلام میں تبصرۂ حیات ملتا ہے :

عجب اے رسم انہاں ظالماں دی کرکے ظلم پھر ظلم دی داد منگدے
اناں پاس کوئی جائے فریاد لے کے سن فریاد تفسیر فریاد منگدے
دل دی کشت تے دردان دا ہل پھیر کے توسیع فصل دی ستم ایجاد منگدے
سائیاں کرکے ہلاک اے عاشقاں نو اجرت خونریزی دی اے جلاد منگدے

یہ کافی انگریزوں کے دور استبداد کی داستانِ درد بیان کرتی ہے۔ اس میں شہیدوں کا خون پکار رہا ہے۔

عبداللہ (م - ۱۹۳۰ء)

عالم فاضل شخص تھے۔ ہندکو اور فارسی دونوں زبانوں کے شاعر تھے۔ سائیں کی طرح ان کے شاگردوں کا بھی شمار نہیں۔ سائیں اور عبداللہ میں چشمک تھی۔ عبداللہ کو بھی اپنی عظمت کا احساس تھا۔ ان کے بہت سے مصرعے ضرب المثل بن چکے تھے۔ نمونۂ کلام :

میں زمین آسمان نو چھانڑآئیاں کدرے ازا نہ کوئی نشان ملیا
نہ ستاریاں تے ازی درک کوئی نہ ہواواں دے درمیان ملیا
پہنچے ہوئے بزرگاں نو ٹٹولیا وے خاناں اناں دا بھی ویران ملیا
جنے پایا تا وچ حدیث پایا، جنو ملیا تا وچ قرآن ملیا

طلا محمد موچی (م - ۱۹۲۸ء)

ہشاور سے دو میل دور ڈھیری باغباناں کے باشندے تھے۔ تمام عمر چار بیتہ ہی کہتے رہے۔ عوامی شاعر تھے اور اپنے کلام میں نکوکاری کی ترغیب دیتے تھے۔

سیفی شاہ (م - ۱۹۳۹ء)

پشاور میں پیدا ہوئے۔ مذہبی تعلیم گھر پر پائی۔ فارسی عربی مکتب میں پڑھی۔ سائیں احمد علی کے شاگرد تھے اور ان کی طرح مذہباً اثنا عشری تھے اور منقبت، مرثیہ سلام سب کچھ کہتے تھے۔ ہر سال محرم میں ان کے سلام اور سوز سینہ زنون کے جلوسوں

Marfat.com

میں پڑھے جاتے ہیں ۔ عوامی شاعر تھے ۔ ان کے کئی مصرعے اور اشعار ضرب المثل بن چکے ہیں ۔ ان کی ایک حرفی سنئے :

کوئی دم نہ آندا آرام منو نشتر غماں دی جگر نوں پھاڑ دی اے
مار مار عشق دی نار بھڑکے روز شب جو خون نو کھاڑ دی اے
اے تپش جدائی دی ہر ویلے میرے غم زدہ دل نوں ساڑ دی اے
سیفی عشق نے ایسا اجاڑیا اے جکو چمن نوں خزاں اجاڑ دی اے

میر احمد مٹھو (م ۔ ۱۹۳۲ء)

سیفی شاہ کے شاگرد تھے ۔ حرفی کے شاعر تھے ۔ زبان سادہ ، صاف اور بے داغ ہے ۔ انھوں نے اپنے نام کی رعایت سے بہت فائدہ اٹھایا ہے ۔ مثلاً :

مٹھو مٹھو سارے کردے کوئی نہ چوری دیندا

ان کی ایک حرفی ملاحظہ ہو :

بت کج رو اےتو دس منو اج پیشانی تری کیوں چڑھی ہوئی اے
حسن رخ تنویر خلاف کیتا خودی تیرے دماغ اچ وڑی ہوئی اے
یا رقیباں تینوں بد گمان کیتا یا چشم تری کدرے لڑی ہوئی اے
ذرا ہس کے مٹھو نل بول سونڑے لباں وچ گفتار کیوں اڑی ہوئی اے

جگر کاظمی (پ ۔ ۱۸۸۸ء)

ان کی ولادت پشاور میں ۱۸۸۸ء میں ہوئی ۔ لال شاہ نام ہے ۔ جگر تخلص کرتے ہیں ۔ اُردو ، فارسی اور ہندکو کے مستند شاعر ہیں ۔ فارسی میں ان کا قصیدہ بلند ہوتا ہے ۔ ایک قصیدہ کے عوض سابق والئی چترال سے خلعت کے علاوہ خاقانیٔ سرحد کا خطاب پایا ۔ کلکتہ بھی رہے اور وہاں اُردو میں شمس کلکتوی سے اصلاح لیتے رہے ۔ ان کی ہندکو کی ایک حرفی درج کی جاتی ہے :

اے راز معلوم اے ہور کس نو سر حق دا رکھدیاں راز اکھیاں
اگے گیاں مقام محمود کولو ہوئیاں واقف راز و نیاز اکھیاں
اکھیاں جاون قربان اناں اکھیاں توں جیڑیاں اکھیاں ہویاں ممتاز اکھیاں
جگر کیڑا دن ہوسی میرے دل لطف کرکے او پھیرسی بندہ نواز اکھیاں

Marfat.com

وحشی (م - ۱۹۵۲ء)

مائیں احمد علی کے شاگرد تھے - تعلیم سے بے بہرہ رہے - لیکن صحبتِ احباب میں بہت کچھ حاصل کیا - حرفیوں کا ایک دیوان ان کی یادگار ہے:

مٹھیاں منو اور شہد کولو تیریاں کوڑیاں گلاں جو کھٹیاں نی
تیرا گھورنا متھے وٹ پا کے میرے زخمی دل واسے پٹیاں نی
منو لکھا تے اے بھی احسان تیرا جیڑاں غصے نال گلاں پلٹیاں نی
میں واں وحشی تیرا سنگسار کرنا میرے واسطے پھلاں دیاں چھٹیاں نی

مفلس (م - ۱۹۵۶ء)

وحشی کے شاگرد تھے - بلند آواز سے مشاعروں میں پڑھتے اور مجمع پر چھا جاتے تھے - رنگ سخن قدیم ہے:

تیرے عشاق نے جان میری روز ازل سی پڑھی کتاب وکھری
بازی جیتی اس قیس فرہاد کولو اس دی صف ہوئی انتخاب وکھری
ہجر ہویا وے دشمن جان وکھرا نالے جان پے گئی وچ عذاب وکھری
تیری تیغ سی مفلس نوں ذبح ہو کے ملی عاشقاں وچ آب و تاب وکھری

محمد جی بنجارا (م - ۱۹۳۸ء)

مشہور چار بیتہ باز تھے - ۸۰ برس کی عمر میں وفات پائی - ان کے ایک مشہور چار بیتے کے دو بند درج کیے جاتے ہیں:

کالی تیری چادر، کالے سر تیرے دے وال
کالی ڈبی کھول کے تو کالے لاویں خال
کالیاں تیریاں بھواں تے کالیاں تیریاں اکھیاں
تو کالا سرمہ پا کے کجلے دے نال رکھیاں
کالے نے تندوڑے کالیاں زلفاں دی سر تے تانڑی
تینو ویکھ کے لوکی پچھن اے کیہڑے نگر دی رانی
دل ہو گیا پانڑی پانڑی
چٹیاں نی نوگریاں، چٹے ہتھاں وچ کڑے
چٹیاں پا کے پہنچیاں دل عاشقاں دے لٹ کھڑے

چٹا وی رومال کڑئیے تیرے گل گورے سفید
چٹا وٹا بدن تیرا منو کر لے اس اچ قید
منو کر لے اس اچ قید کہ میں رواں تیرے نال
میں رواں تیرے نال کہ خوش آ گئی تیری چال
میں کس نوں جا کے دسا بس اے میری کہانڑی
دل ہو گیا پانڑی پانڑی

ایک مقامی حسینہ کی تصویر اس سے بہتر اور کہیں نہیں ملے گی - مقامی لباس اور سامان آرائش پر بھی نگاہ ڈالیے - ان پر مستزاد شاعر کا جذبات انگیز اندازِ بیاں ہے - صنعت تضاد کو کس فنی مہارت کے ساتھ برتا گیا ہے -

عبدالحکیم اثر (م - ۱۹۵۴ء)

زیادہ تعلیم یافتہ نہ تھے لیکن اردو ، فارسی اور پشتو پر خاصا عبور حاصل تھا - ہند کو میں ان کا قلمی سرمایہ حرفیوں پر مشتمل ہے :

کدرے نئی اے قائم مقام میرا ، ایسا راہی راہ دراز میں واں
منو ہستی دی ہر اک چیز کہندی تو مضراب ہیویں تا ساز میں واں
نظر ہیوی تا تک لے جمال میرا نور حق بہ رنگ مجاز میں واں
میرے دم سی قصر جہاں پختہ اثر ٹٹے ہوئے دل دی آواز میں واں

اس حرفی میں احساس ذات ایک انوکھی چیز ہے - انسان کی بدولت اسرار ہستی جس طرح کھلتے ہیں اور زندگی بنتی سنورتی ہے ان کا کیا عمدہ بیان ہے -

محمد یونس یونس (پ - ۱۸۹۴ء)

محمد یونس ۱۸۹۴ء میں پیدا ہوئے - سائیں سے شرف تلمذ رہا ہے - ان کا تمام تر شعری اثاثہ بھی حرفیاں ہی ہے :

موڑ مہار آ ہک وار دل تیری طلب وچ بے قرار پھڑکے
آ سیراب کر شربت دید سی تو لب خشک پھڑکن چشم زار پھڑکے
کیتا ہجرے دے تیراں غرباں ایسا جسم پھڑکے نہ رگ دی کوئی تار پھڑکے
تٹھا غش کھا کے آ تک حال پیارے سر راہ یونس تیرا یار پھڑکے

غلام رسول گھائل (پ - ۱۹۲۸ء)

۱۹۲۸ء میں پیدا ہوئے - سیفی شاہ کے شاگرد ہیں - امّی شاعر ہیں - صرف حرفی کہتے ہیں - ہندکو کے پہلے شاعر ہیں جن کا دیوان ان کی زندگی میں طبع ہوا - ان کے استاد سائیں احمد علی کے شاگرد تھے - اس سلسلۂ نسب پر انہیں بڑا ناز ہے - ایک حرفی میں انہوں نے ہندکو کے عظیم استاتذہ کا ذکر کیا ہے :

شیر غلام ، رسضو تے استاد بردا ہندکو ادب دیاں راہواں بنا گئے
استاد دین ، گاموں تے سلطان یارو بوٹے ہندکو دے ہتھاں نال لا گئے
عاصی ، سائیں ، عبداللہ ہشیار آئے پانڑی اناں بوٹیاں نو پلا گئے
ناتواں ، ثالث فنکاری نال ہندکو حرفی نو خوب سجا گئے

ایف - آر - برق (پ - ۱۹۱۹ء)

۱۹۱۹ء میں پشاور میں پیدا ہوئے ، جوانی لاہور ، دہلی ، کلکتہ اور بمبئی میں گزاری - تھیئٹر سے دلچسپی ہے - آغا حشر مرحوم کے زیر تربیت رہ چکے ہیں - حرفی کے شاعر ہیں -

صنف شعر گوئی کے لحاظ سے ہندکو ادب کا دوسرا دور حرفی اور چار بیتے سے آگے نہیں بڑھ سکا لیکن فنی اور فکری لحاظ سے اس نے خاص ترقی کی - زبان میں صفائی اور نکھار پیدا ہوا - پشتو ، فارسی ، عربی اور ہندی کے غیر مانوس الفاظ خارج ہوتے گئے اور روز مرے ، محاورے اور ضرب الامثال نے جگہ پائی - اس دور کی شاعری میں تفکر کا احساس ہوتا ہے اور کسی قدر حقیقت نگاری کی طرف بھی میلان نظر آتا ہے - اس دور کے شعراء میں سے خصوصاً بردا ، دین اور سائیں احمد علی کی شہرت پنجاب میں بھی پہنچی چنانچہ وہاں کے ادبی حلقوں میں ان کا نام احترام سے لیا جاتا ہے -

دورِ جدید

(۱۹۴۷ء سے اب تک)

مضمر تاتاری (پ - ۱۹۰۷ء)

۱۹۰۷ء میں پیدا ہوئے - مکتب نہیں گئے مگر فطری جوہر کی بنا پر ہندکو اور اردو دونوں کے شاعر ہیں - آپ ہندکو کے پہلے انقلابی شاعر ہیں - ان کی سوچ گہری اور اسلوب منفرد ہے - انہوں نے ہندکو میں نظم بھی کہی ہے اور ان کی نظم 'سراپا' بہت مشہور

Marfat.com

ہے۔ ان کی نئی سوچ نے ہند کو کو جدید رجحانات سے آشنا کرایا اور پہلی دفعہ زندگی کی سچی تصویریں دکھائیں:

سچے موتیاں نوں کوئی پچھدا نئی جھوٹے موتی ہارا دے ہار وکدے

☆ ☆ ☆

کرو موت دے ساز خموش مضمر کہ میں نغمے حیات دے گاونڑ لگیاں

ایک حرفی ملاحظہ ہو:

خزاں لوٹ آئی کہ بہار بدلی او کے جانڑن وسن جو عہدیاں وچ
شاخ شاخ بن کے ناگ ناگ ڈسے، نچے اگ پئی گلاں دے پودیاں وچ
رکھن توڑ کے پھلاں نوں بجلیاں تے اک دبدے برف دے تودیاں وچ
ایسے وڑنج بپار تو باز آؤ کے کھٹیان نئی انہاں سودیاں وچ

آغا محمد جوش (پ - ۱۹۰۹ء)

جوش کی تاریخ پیدائش ۱۹۰۹ء ہے۔ حرفی کے شاعر ہیں۔ سادگی، سلامت اور حلاوت ان کا وصف ہے:

مٹی دے بت سنگار کر کے میرے چھلے وللے دے کول نہ آ
اے بے درد زمانہ بدنام کرسی چھپے چوری اگلے دے کول نہ آ
میری شب بے داری دے راز نہ پچھ، صبح صادق مصلے دے کول نہ آ
عمر بھر دے زہد نوں اگ لاسیں ویکھ جوش دل جلے دے کول نہ آ

رضا ہمدانی (پ - ۱۹۱۴ء)

رضا کی تاریخ ولادت ۱۹۱۴ء ہے۔ پشتو، فارسی، اردو اور ہندکو چار زبانوں کے شاعر اور ادیب ہیں۔ اردو کی متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ جدید ہندکو شاعری کے بانی مبانی ہیں۔ اس میں نظم اور غزل کا اضافہ انہی نے کیا اور غم جانان سے گزر کر اسے غم دوراں سے آشنا کیا۔ نظم 'گونگی' ان کا شاہکار ہے۔ کس طرح گونگی بیچاری اپنی ماں سے محرومی کا ذکر کرتی ہے:

ہک انجان دی خاطر منے دل دے بوئے کھولے ماں
رستہ تکدے تکدے پے گئے اکھیاں دے وچ پھولے ماں

Marfat.com

منو کدے نظر نہ آئے آسی دے اڑن کھٹولے ماں
کتھے او گلفام شہزادہ پترے کھولے کھولے ماں
تہیاں مال پرایا ہو کے پھر بھی تیرے کول اے ماں
داج دے کپڑے پئے پئے سڑ گئے سڑ گئے گڈیاں پٹولے ماں
ٹوماں اتے الی لگ گئی موتی ہو گئے کولے ماں
نکیاں وڈیاں دے ہر ویلے کھا گئے منو چبھولے ماں

ان کی غزل میں بھی بے پناہ تاثر ہے۔

فارغ بخاری (پ - ۱۹۱۷ء)

۱۹۱۷ء میں پیدا ہوئے۔ میر احمد شاہ نام ہے۔ اردو فارسی کے علاوہ ایک عرصہ سے ہندکو میں بھی نظم و نثر لکھ رہے ہیں۔ اردو میں کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ہندکو میں نظم، غزل اور قطعات لکھتے ہیں۔ نظم آزاد کا بھی تجربہ کیا ہے۔ ان کی ایک غزل کے چند شعر درج کیے جاتے ہیں:

لا کے بے دردان نل یاری سولی تے ہر رات گزاری
تیرا ساڈا میل اے پیاری خوشبو دے نال ہوا دی یاری
ترس گئے بے خواب دریچے کسے نہ اندر جھاتی ماری
آسی تالٹ دا مال آن یارو لٹ دے جاؤ واری واری
ساڈا کے وے اسی پیارے نہ سرکاری نہ درباری

جوہر میر (پ - ۱۹۳۴ء)

نام میر قربان علی ہے - ۱۹۳۶ء میں پیدا ہوئے۔ اردو میں دو ناولوں کے منصف ہیں۔ ہندکو نظموں کا مجموعہ زیرِ طبع ہے۔ جوہر جدید پود کے ذہین نمائندے ہیں۔ عام رجحان سے ہٹ کر کوئی نئی بات کہنے کی امنگ رکھتے ہیں۔ ان کا ایک شعر ہے:

کون چکاوے دل دا سودا میں گنگا تو ڈوری
شالا پیار دا بوٹا لانڑے والا مالی سڑے

خاطر غزنوی (پ - ۱۹۲۵ء)

خاطر کی تاریخ ولادت ۱۹۲۵ء ہے - پشاور یونیورسٹی میں چینی اور اردو زبانیں پڑھاتے ہیں - مشہور شاعر، ادیب اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں - ہندکو میں انہوں نے ابھی ابھی

Marfat.com

لکھنا شروع کیا ہے لیکن وہ اپنے فنی تجربات اور نئی سوچ کے ساتھ وارد ہوئے ہیں ۔ ان کی نظم ، اجڑی بہار ، کا ایک بند پڑھیے :

ڈنگدا وے منو اج خالی خالی کہار
لہہ گیا وے دلو میرے ہار تے سنگار
انج لگدی اے منو کالے کجلے دی تہار
چھجے کڈے ہوئے کالے خونی ناگ ہار

شمیم پھیروی (پ ۔ ۱۹۱۴ء)

نام خواجہ عبدالطیف ہے ۔ ۱۹۱۴ء میں پیدا ہوئے۔ مولد بھیرہ ہے اور رہائش پشاور رکھتے ہیں ۔ اردو ، فارسی اور ہندکو کے شاعر ہیں ۔ نظم میں نئے تجربے کر رہے ہیں ۔ مثلاً ان کی نظم ’گونڑ‘ کے اشعار ملاحظہ ہو :

چھنک چھنک میرا چوڑا چھنکے ۔ ویکھ ویکھ مسکاواں
لچکن میریاں باواں
گیت سجن دے گاواں

ہونٹاں تے دنداسہ مل کے ۔ موتی پئی چمکاواں
بجلی نو شرماواں
گیت سجن دے گاواں

کالی بدلی چمکن تارے ۔ ٹھنڈیاں ٹھنڈیاں چھاواں
ہس ہس پیلاں پاواں
گیت سجن دے گاواں

بجلی کڑکے بوہا کھڑکے ۔ میں تکاں تیریاں راہواں
دل نوں پئی سمجھاواں
گیت سجن دے گاواں

فرید عرش (پ ۔ ۱۹۴۰ء)

نام غلام فرید ہے اور تاریخ ولادت ۱۹۲۵ء ۔ ان کے دادا حاجی محمد سعید فکری ہندکو کے مشہور شاعر گزرے ہیں ۔ نئی غزل کو رواج دینے میں فرید عرش کی کوششیں قابلِ ذکر ہیں ۔ ان کا ایک شعر ہے :

Marfat.com

جنو دیکھو چھولی دے وچ پھل چنڑنے نو ٹریا
کوئی نی کردا کنڈیاں دے وچ تل جانڑے دیاں گلاں

عشرت ملک (۱۹۱۱ء—۱۹۶۸ء)

۱۹۱۱ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۶۸ء میں فوت ہوئے۔ اردو اور ہندکو کے پرگو شاعر تھے۔ حرفی کے استاد تھے۔ ان کے دو شعر ہیں:

دل نـــوں پھاڑ کے سینے آں زہـــر دے گھٹ پینے آں
جـــزے اتے مرنے آں انـــو دیکـــھ کے جینے آں

عزیز اختر وارثی (پ - ۱۹۱۶ء)

عزیز کی پیدائش ۱۹۱۶ء میں ہوئی۔ عبدالعزیز نام ہے اور کوہاٹ کے رہنے والے ہیں۔ اردو کے بھی شاعر ہیں۔ ہندکو میں صرف غزل کہتے ہیں جس میں مقامی لہجے کی چاشنی ہوتی ہے۔ ان کے دو شعر درج کیے جاتے ہیں:

غماں نی گرم بزاری ناز ور ٹٹ ویسی ہک ایجا وقت بھی آسی، بہار بھی آسی
نہ فکر کر کوئی اس گرد تے غبارنے بعد ہـــزار رنگاں نی اختر بہـــار بھی آســی

سعید گیلانی (پ - ۱۹۴۲ء)

نام سعید احمد شاہ ہے۔ ۱۹۴۲ء میں پیدا ہوئے۔ اردو ہندکو کے نوجوان شاعر ہیں۔ نظم اور غزل خوب کہتے ہیں۔ ان کی نظم ''ناچ'' کے تین شعر ملاحظہ ہوں:

جسراں کالے بـــدلاں وچ رہ رہ کے چمکے بجلی
جسراں باغ اچ پھلاں اتے اڈدی پھرے تتلی
جسراں کشتی پانـــڑی اتے وا آوے تـــا ڈولے
جسراں ام دے بوٹے اتے کوکو کوئل بولے
جسراں ڈار نو لبدی ہووے وچھڑی ہوئی مرغابی
نشے دے وچ ٹـــردا ہووے جسراں کوئی شرابی

محمد آصف ثاقب ہزاروی (پ - ۱۹۲۶ء)

محمد آصف ۱۹۲۶ء میں ایبٹ آباد میں پیدا ہوئے تعلیم وہیں پائی اور اب وہیں گورنمنٹ کالج میں پڑھاتے ہیں۔ اردو اور ہندکو زبان کے منجھے ہوئے شاعر ہیں۔

Marfat.com

ہندکو میں گیت اور غزل کہتے ہیں جن میں ان کا مقامی لہجہ نمایاں ہے۔ ان کے ایک گیت ''گونڑ'' کے دو بند مطالعہ فرمائیے :

ہن آیا نی ماہی میرا سج دج کے　　انوں ویکھن بہاراں پیئاں رج رج کے
جدوں آوے تے آ کے فر مڑ جاندا　　جدوں جاوے تے جا کے فر مڑ آندا
انو تکاں میں ویڑھے وچ پھج پھج کے
ہن آیا نی ماہی میرا سج دج کے
جدوں اٹھے تے جیویں آسماں ورگا　　جدوں نچے تے لگدا طوفان ورگا
جدوں بولے تے بولدا اے گج گج کے
ہن آیا نی ماہی میرا سج دھج کے

خادم ملک (پ ۔ ۱۹۴۱ء)

نوشہرہ میں ۱۹۴۱ء میں پیدا ہوئے۔ پشاور میں مقیم ہیں۔ غزل کے شاعر ہیں۔

ناز درانی (پ ۔ ۱۹۳۰)

چار سدہ کے رہنے والے ہیں ۔ سعداللہ جان نام ہے ۔ ۱۹۳۰ء میں پیدا ہوئے۔ اردو ہندکو کے خوشگو شاعر ہیں ۔ غزل کہتے ہیں ۔

آتش فہمید (پ ۔ ۱۹۲۴ء)

ان کا نام محمد بخشیش ہے ۔ ۱۹۲۴ء تاریخِ ولادت ہے ۔ ہندکو میں حرفی ، نظم ، غزل سب کچھ کہتے ہیں ۔ ان کا ایک شعر سنیے :

کدی خوشی دی خواہش نئی مول کیتی　　ایڈا غماں دے نشے وچ چور آں میں

نبی بخش گوہر (پ ۔ ۱۹۳۹ء)

نبی بخش کی ولادت ۱۹۳۹ء میں ہوئی ۔ اردو ، فارسی میں ایم ۔ اے تک تعلیم حاصل کی ہے ۔ پشاور یونیورسٹی میں ملازمت ہے ۔ ہندکو نظم و نثر میں جدید رجحانات کے علمبردار ہیں ۔

افضل چشتی (پ ۔ ۱۹۴۰ء)

ان کی تاریخِ پیدائش ۱۹۴۰ء ہے ۔ نام محمد افضل ہے ۔ ہندکو میں حرفی ، نظم ، غزل سبھی کچھ کہتے ہیں ۔ ایک غزل کا مقطع ہے :

Marfat.com

اکھیاں انھیاں ہوئیاں چشتی در در ٹھوکر کھاواں
کوئی نہ راہ تے پاوے منو کوئی نہ دے دلاسے

خالد خواجہ (پ ۔ ۱۹۴۵ء)

نام خالد محمود ہے ۔ ۱۹۴۵ء میں ایبٹ آباد میں پیدا ہوئے ۔ نئے دور کے ہونہار ادیب ہیں ۔ نظم بھی کہتے ہیں اور غزل بھی ۔ دونو میں مقامی لہجے کی حلاوت پائی جاتی ہے ۔ اپنی نظم ''چھلا'' میں کہتے ہیں :

دنیا کولوں کسراں نساں ، دنیا بچ میں کسراں بساں ، خوشیاں کس دے کولوں کھساں
کسراں عمر گزاراں اک اک پل اے پورا سال

اسمٰعیل اعوان (پ ۔ ۱۹۳۸ء)

ان کا اصل نام محمد اسمٰعیل ہے ۔ ہند کو کے نوجوان شاعر ہیں ۔ ۱۹۳۸ء میں پیدا ہوئے ۔ آج کل انگلستان میں رہتے ہیں ۔ دل میں انسانیت کا درد ہے ۔ جس کا اظہار انہوں نے اپنی نظم ''پھیرا'' میں بڑی چابکدستی سے کیا ہے ۔ اس کا اقتباس دیا جاتا ہے :

ہک محل دے پچھلے پاسے ہلکا ہلکا ہویا اجالا
ہک کنواری سہمی سہمی جگ دا چن یا چن دا حالا
ہولے ہولے قدماں اتے پولے پولے باہر آئی
کالیاں اکھیاں بوجھل بوجھل جکر و ہوگئی نیند پرائی
ہک جھگی دے بوّے اتّے ہک بڈھے کول آ کھلوتی
چپ چپیتے اگے ودائی رات دی محنت دی کمائی
شیرے نو معلوم اے سب کج شاید او بھی جانڑی جانڑ اے
مجبوری دیاں ساریاں گلاں
اے کسبی نہ او لٹیرا
نہ اسدا اے پہلا فاقہ
نہ سونڑی دا پہلا پھیرا

یہ ساری نظم جدید رجحانات کی عکاسی کرتی ہے ۔

ساحر مصطفائی (پ ۔ ۱۹۳۵ء)

عبدالجلیل ساحر مصطفائی امی شاعر ہیں ۔ ۱۹۳۵ء میں ولادت ہوئی ۔ اردو ہندکو دونوں زبانوں میں صرف غزل کہتے ہیں ۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو :

ڈاڈی بن گئی میرے مولا — سڑ سڑ کے میں ہویا کولا
اکھیاں دے وچ اگ پئی بلدی — دل سی اٹھیا غم دا شعلہ
دنیا دی اے ریت انوکھی — پل اچ ماسہ پل اچ تولہ

اس دور کی شاعری پر تبصرہ

پہلے ادوار میں ہندکو شاعری محض حرفی اور چار بیتہ تک محدود رہی، لیکن دورِ جدید کے شعراء نظم، غزل، قطعہ، رباعی وغیرہ اصناف کو بھی اختیار کر چکے ہیں، چنانچہ دائرۂ کار پھیل رہا ہے۔ نوجوان شعراء کے ذہنوں میں فنّی اور سماجی شعور سے ایک تاریخی انقلاب پیدا ہوا ہے۔ وہ نئے عزائم، نئی لگن، پوری توجہ اور بڑے انہماک سے لکھ رہے ہیں۔ ادب و شعر میں نئے نئے تجربے ہو رہے ہیں اور نئے افق دریافت کیے جا رہے ہیں۔ اکثر شعراء ہندکو کے ساتھ اردو اور پشتو کے بھی معروف شاعر ہیں اسی طرح جہاں علاقائی زبان و ادب، تہذیب و تمدن اور ثقافت کی ترقی ہو رہی ہے وہاں قومی زبان کے نشو و ارتقاء کا بھی سامان ہو رہا ہے اور قومی سطح پر ایک تنومند معاشرے اور صحت مند کلچر کی آبیاری ہو رہی ہے۔ یہ جدید شعور نئی ادبی تحریک کا عطیہ ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری ملّت ایک ترقی یافتہ دور میں داخل ہو رہی ہے۔

ہندکو نثر کا ارتقا

ہندکو نظم کے مقابلہ میں نثر کا ذخیرہ بہت کم ہے۔ ہندکو نظم کی ابتدا محمد دین مائیو سے بھی کی جائے تو بھی اس کی عمر دو سو سال بنتی ہے۔ ہندکو نثر کا سب سے پہلا نمونہ ہمیں مرزا عبدالغنی کی بیاض 'گلدستہ' میں ملتا ہے۔ مرزا کی نظم کے علاوہ گریئرسن نے نثر میں اس کی ایک کہانی کا نمونہ بھی دیا ہے۔ اس اعتبار سے مرزا نہ صرف ہندکو نثر کا بانی مبانی ہے بلکہ ہندکو افسانے کا بھی وہی خالق ہے۔ لیکن مرزا کے بعد دورِ جدید تک ہندکو نثر کے کوئی آثار نہیں ملتے، البتہ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے، کچھ منظوم کھیلوں اور منظوم لوک کہانیوں میں بین السطور نثر کے کچھ ٹکڑے ملتے ہیں جن کے خالق اور سنِ تخلیق کا کچھ پتہ نہیں چلتا۔ البتہ اتنا تو یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ وہ خاص قدیم چیزیں ہیں جو کئی نسلوں سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوتی آئی ہیں۔ ان کے علاوہ 'گلدستہ' کے مؤلف نے ''مائیو'' کے حالات میں اس کے ایک تذکرے 'چن تارے' کا ذکر بھی کیا ہے۔ یہ کتاب اگرچہ اب نایاب ہے لیکن اس کے وجود سے انکار نہیں کیا جا سکتا کیونکہ بقول مرزا خود مؤلف کے لڑکے نے اسے بتایا کہ 'چن تارے' کا مسودہ اس کے

Marfat.com

پاس محفوظ ہے لیکن بعض نامساعد حالات کے باعث مرزا کو یہ مسودہ دیکھنا نصیب نہ ہو سکا۔ مرزا نے اس تذکرے کی سنِ تالیف کے متعلق کچھ نہیں بتایا، تاہم ایک محتاط اندازے کے مطابق یہ بارھویں صدی ہجری کے ربع آخر کی تصنیف معلوم ہوتی ہے۔ یہی نہیں بلکہ مرزا نے اپنے دادا کے حوالے سے دو اور قدیم کتابوں 'دین کے چراغ' اور 'کالی کملی والا سائیں' کی نشاندہی بھی کی ہے جو اگرچہ اس کے بیان کی روح سے منظوم تھیں لیکن ممکن ہے ان کے دیباچے وغیرہ نثر میں ہیں۔ ان کتابوں کو مرزا نے 'چن تارے' سے زیادہ قدیم بتایا ہے۔ اس طرح ہندکو نظم و نثر کی تاریخ کی درمیانی خلیج کسی حد تک کم ہو جاتی ہے اور ان کی تاریخ کے تدریجی ارتقاء کا جائزہ لینے میں خاصی مدد ملتی ہے۔

دورِ جدید کا آغاز ہندکو نثر کے حق میں نیک فال ثابت ہوا۔ اس دور میں ہندکو کے نئے ادیبوں نے ہندکو ادب میں نثر کی کمی کو شدت سے محسوس کیا اور اس کی کمی کو پورا کرنے کے لیے اپنی پوری توجہ صرف کر دی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑے عرصہ میں ہندکو افسانہ، ڈرامہ، فیچر، ہلکے پھلکے مضامین، تنقید اور طنز و مزاح سے ہندکو ادب کو مالا مال کر دیا۔ ان کوششوں میں بلاشبہ ہندکو رائٹرز سوسائٹی پشاور کی تنقیدی نشستوں کو خاصا عمل دخل حاصل ہے، جس نے نوجوان ہندکو ادیبوں اور شاعروں میں تنقیدی شعور پیدا کیا۔ انہیں ادب کی نئی راہوں، نئی قدروں اور نئے تقاضوں سے روشناس کرایا اور نئے ماحول میں ان کی تعلیم و تربیت کا خوشگوار فرض ادا کر کے انہیں زندگی آموز اور زندگی آمیز متحرک اور زندہ ادب کی تخلیق کی طرف متوجہ کیا۔

جیسا کہ بیان ہو چکا ہے دورِ جدید میں نئے ہندکو ادب کے معماروں میں جو نمایاں شخصیتیں نظر آتی ہیں، قریب قریب سب کے سب اردو کے معروف نامور ادیب ہیں اور چند ایک تو ایسے بھی ہیں جو پشتو، فارسی، اردو اور ہندکو چاروں زبانوں میں نہ صرف لکھتے ہیں، بلکہ نام و مقام بھی رکھتے ہیں۔

دورِ جدید میں ہندکو نثر کی طرف سب سے پہلے اردو، فارسی اور پشتو کے مشور ادیب رضا ہمدانی نے توجہ دی۔ ۱۹۵۰ء میں اس کا پہلا تنقیدی مضمون 'پنج دریا' کراچی میں شائع ہوا۔ اس کے بعد وہ اب تک افسانہ، فیچر، تنقیدی خاکے مسلسل لکھتے آ رہے ہیں۔ مظہر گیلانی پچھلے چار پانچ برس سے ریڈیو پاکستان کا پندرہ روزہ ہندکو فیچر 'قہوہ خانہ' لکھ رہے ہیں۔ یہ فیچر کچھ عرصہ رضا ہمدانی، جوہر میر، احسان طالب، کوکب تبریزی اور مختار علی نیر بھی لکھتے رہے ہیں۔ سب سے پہلا ڈرامہ 'خیر و فضل' مختار علی نیر کے زورِ قلم کا نتیجہ تھا۔ جوہر میر، فارغ بخاری، سعید گیلانی، جہانگیر تبسم آتش میہمند، خادم ملک، صمد ہوش، خالد خواجہ اور اسماعیل اعوان نے جدید افسانے

Marfat.com

کی کمی کو پورا کیا ۔ تنقید میں رضا ہمدانی کو اولیت کا فخر حاصل ہے اس کے بعد جوہر میر ، انسخ سعیدی اور راقم الحروف نے اس طرف توجہ دی ۔ طنزیہ مضامین ، مزاحیہ خاکے اور ہلکے پھلکے انشائیہ کا آغاز بھی رضا ہمدانی نے کیا ۔ اب دوسرے نوجوان بھی ان میں دلچسپی لینے لگے ہیں ۔

صحافت کے میدان میں جوہر میر ، مختار علی نیر اور سعید گیلانی کے نام لیے جا سکتے ہیں، جو روزنامہ انجام ، روزنامہ حیات اور ہفت روزہ 'تنویر' پشاور کے ہند کو صفحے علی الترتیب ترتیب دیتے رہے ۔

دورِ جدید میں ہند کو نظم و نثر کے صاحبِ کتاب ادیب بہت کم ہیں ۔ طباعت و اشاعت کی دشواریوں کے باعث کسی ادیب یا شاعر کی کوئی کتاب اب تک نہیں چھپ سکی ۔ اس سلسلہ میں سب سے پہلی کتاب 'نویاں راواں' ہے جو جدید ہند کو شعراء کے منتخب کلام پر مشتمل ہے ۔ یہ کتاب فارغ بخاری نے مرتب کی اور ہند کو رائٹرز سوسائٹی نے ۱۹۶۴ء میں اسے شائع کیا ۔ اس سال قدیم مکتبۂ فکر کے ایک شاعر غلام رسول گھائل کی حرفیوں کا ایک مجموعہ بھی شائع ہوا ۔ اور ۱۹۶۵ء میں مختار علی نیّر کی کتاب ''ہند کو نثر دی کہانڑی'' طبع ہوئی ۔ آخر الذکر کتاب ہند کو زبان اور رسم الخط کے متعلق ایک معلوماتی تصنیف ہے ۔

دورِ جدید کا سب سے اہم کارنامہ یہ ہے کہ ہمارے ادیبوں میں علاقائی زبان و ادب کی ترویج و ترقی کا شعور پیدا ہوا ۔ یہ شعور ترقی پسند تحریک کا عطیہ ہے ۔ اس تحریک نے جہاں زندگی اور ادب کے رشتے استوار کیے، وہاں اس حقیقت کا بھی فنکاروں کو احساس دلایا کہ علاقائی زبان و ادب ، تہذیب و فن اور ثقافت کی ترقی درحقیقت قومی زبان و ادب اور ثقافت کے مترادف ہے ۔ علاقائی زبانیں قومی زبان کے لیے جڑوں کی طرح ہیں جو اس پیڑ کو سرسبز و شاداب رکھتی ہیں اور اس کی نشو و نما اور ترقی میں ممد ثابت ہوتی ہیں ۔ اگر یہ سوتے خشک ہو جائیں ، تو قومی زبان کا پیڑ مرجھا کر رہ جائے گا ۔ خدا کا شکر ہے کہ اب یہ راز ہمارے دانشوروں نے بھی پا لیا ہے اور اربابِ حل و عقد کی سمجھ میں بھی یہ بات آ گئی ہے اور ان دونوں نے مل کر حقیقت پسندانہ طور پر اس مسئلے کو حل کرنے کی کوششیں شروع کر دی ہیں ۔ پاکستان کی علاقائی زبانوں اور ادب و فن کی ترقی میں اب شعوری طور پر جو دلچسپی لی جا رہی ہے یہ اس شعور کا نتیجہ ہے جس کے خوشگوار نتائج جلد ہی ایک صحت مند معاشرے اور تنومند کلچر کی صورت میں ظہور پذیر ہونے والے ہیں ۔

دورِ جدید میں ہند کو ادب کی مجموعی طور پر ترقی حوصلہ افزا رہی ہے وہ ایک ترقی

Marfat.com

یافتہ دور میں قدم رکھ رہا ہے - اس وقت پانچ شعری مجموعے زیر طبع ہیں اور تین نثر کی کتابیں جو افسانہ ، ڈرامہ اور تنقیدی مضامین پر مشتمل ہیں طباعت و اشاعت کے مرحلوں سے گزر رہی ہیں - ہندکو زبان نام سے ایک 'ماہنامے' کا ڈکلریشن حاصل کرنے کی کوشش جا رہی ہے - ادھر ہندکو رائٹرز سوسائٹی پشاور میں ہندکو اکیڈمی کے قیام کے امکانات کا بھی جائزہ لے رہی ہے - اس عظیم تجویز کو عملی جامہ پہنانا اگرچہ کوئی آسان کام نہیں، تاہم جن باہمت افراد نے اس کا بیڑا اٹھایا ہے انہیں اپنے نیک عزائم پر پورا بھروسہ ہے اور اس بھروسے میں وہ اعتماد اور ہمت مردانہ بھی شامل ہے جو "یزدان بہ کمند آور" کا منصب پا لے تو کچھ عجب نہیں -

Marfat.com

سرائیکی ادب

سیاسی اور معاشرتی پس منظر

مغربی پاکستان (صوبہ جات پنجاب اور سرحد) کا وہ علاقہ جس کے شمال مغرب اور مغرب میں کوہ سلیمان اور جنوب میں سندھ واقع ہے اور جسے مشرق میں جہلم اور چناب پنجابی زبان کے علاقے سے علیحدہ کرتے ہیں، سرائیکی یا ملتانی زبانی کا خطّہ کہلاتا ہے۔

تقریباً ساڑھے تین ہزار قبل مسیح میں ایک قوم برِصغیر پاکستان و ہند کے مغربی حصے میں وارد ہوئی۔ یہ قوم وادیٔ سندھ میں آباد ہوگئی۔ رفتہ رفتہ انہوں نے یہاں ایک ایسے تمدّن کی بنا ڈالی جسے وادیٔ سندھ کی تہذیب کہا جاتا ہے۔ بعض ماہرین ان لوگوں کو دراوڑی نسل سے منسوب کرتے ہیں، مگر یہ ابھی تک متعیّن نہیں ہو سکا کہ وہ دراصل سامی النسل تھے یا کسی اور قدیم نسل سے تعلق رکھتے تھے۔ اس تہذیب کا اب کوئی نشان نہیں رہا۔ فقط جگہ جگہ آثارِ قدیمہ دریافت ہوئے ہیں جن سے ان کی وسعت و عظمت کا پتہ چلتا ہے۔ ان کے دو بڑے دارالسلطنت بھی دریافت ہوئے ہیں جن کے آثار میلوں کے گھیر میں ہیں۔ ایک ضلع ساہیوال میں ہڑپہ کے مقام پر ہے اور دوسرا سندھ میں موہن جو ڈارو کی کی جگہ پر۔ ماہرین نے ایسے کوئی سو سے زیادہ آثار ڈھونڈ نکالے ہیں۔ یہ لوگ متمدّن زندگی بسر کرتے تھے، لکھنے کے فن سے واقف تھے اور مدنیّت کے اصولوں سے پوری طرح آگاہ تھے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ان کی تہذیب کا تعلق قدیم عراق سے تھا اور قدیم عراق کا رشتہ مغربی ایران سے ملتا ہے۔ البتہ موہن جو ڈارو اور ہڑپہ سے چند ایسی مہریں دستیاب ہوئی ہیں جو ضارگن (۲۳۰۰ ق۔م)، شاہ عکاد (وادیٔ فرات) کے زمانے کی مہروں سے مماثلت رکھتی ہیں۔ ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ وادیٔ سندھ کے لوگ وادیٔ دجلہ و فرات کے لوگوں سے سلسلۂ مواصلات رکھتے تھے۔

وادیٔ سندھ کی تہذیب کا خاتمہ آریاؤں کے ہاتھوں ہوا، جو دو ہزار قبل مسیح کے وسط میں وسط ایشیا سے نکل کر جنوب اور جنوب مغرب کی طرف پھیل گئے۔ ان کا ایک ریلہ انہیں برِصغیر کے شمال مغربی حصے میں بھی لے آیا۔ ان کے پنڈتوں کے پاس بھجن تھے جو بعد میں رگ وید کی شکل میں مرتب ہوئے۔ ان بھجنوں اور مناجاتوں میں تسخیرِ سرحد اور پنجاب کا نشان ملتا ہے۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ ان کی

Marfat.com

آمد سے کچھ پہلے ہی وادیٔ سندھ کی تہذیب زوال پذیر ہوچکی تھی۔ کیونکہ ان کے بڑے بڑے شہروں کے بیرونی حصوں میں جانگلی یا کم تہذیب یافتہ لوگ آ بسے تھے، جنہیں رگ وید میں بڑی حقارت سے یاد کیا گیا ہے۔ مگر تھوڑے ہی عرصے میں آریاؤں نے سندھ وادی میں اپنا تسلّط جما لیا۔ غالباً سندھ وادی کے لوگ اب صلح پسند ہو چکے تھے اور ان میں جنگجویانہ خصلتیں کم ہو گئی تھیں۔ بہر حال غالباً ایک ہزار قبل مسیح میں آریا لوگ سندھ وادی پر پوری طرح چھا گئے تھے۔

آریاؤں کی آمد کے بعد تاریخی لحاظ سے اہم واقعہ ۵۱۲ ق۔م میں پورے سندھ کے علاوہ پنجاب کے کچھ ملحقہ علاقوں کا دارا گشتاشپ کی سلطنت میں بیسویں صوبے کے طور پر شامل ہونا ہے۔ سندھ ہخامنشی خاندان کے بانی سائرس کے زمانے میں فتح ہو چکا تھا۔ اس زمانے میں یہ صوبہ بڑا آباد اور زرخیز تھا۔ بنابریں کہا جا سکتا ہے کہ قدیم زمانے میں یہاں کی آب و ہوا خشک نہیں تھی بلکہ چودھویں صدی عیسوی تک جب ابنِ بطوطہ یہاں آیا، یہ علاقہ سرسبز تھا۔

چھٹی صدی قبل مسیح کے اواخر میں مہاتما بدھ نے گیا کے مقام سے اپنی تعلیمات کا پرچار شروع کیا۔ مگر جب ۳۲۵ ق۔م میں سکندر اعظم جانباز ملّی قبائل سے لڑتا ہوا آگے بڑھا ہے تو ابھی اس طرف برہمنوں کا بڑا اثر و رسوخ تھا اور برہمنوں کی طرف سے اسے کافی مزاحمت ہوئی۔ سرائیکی علاقوں میں بدھ مت کی اشاعت پہلے اشوک (۲۷۳ تا ۲۳۲ ق۔م) اور پھر کنشک (۱۲۰ء — ۱۶۲ء) کے زمانوں میں ہوئی۔ ساتویں صدی عیسوی کا ثلث اول ختم ہو رہا تھا، جب رائے خاندان کے راجہ سہراس رائے کے عہد میں چین کا مشہور بدھ سیّاح ہیون سانگ ملتان اور سندھ کی طرف بھی آیا۔ یہ وہی زمانہ ہے جب عرب میں حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم (۵۷۰ء — ۶۳۲ء) مبعوث ہو چکے تھے۔ ہیون سانگ لکھتا ہے کہ ان دنوں میں ملتان کے سورج دیوتا کے بت کا بے حد احترام کیا جاتا تھا۔ ہندو زائرین دکن اور بنگال سے بھی یہاں آیا کرتے تھے۔ وہ یہ بھی لکھتا ہے کہ اس طرف اندازاً دس ہزار بھکشو موجود تھے۔ لیکن تمام کے تمام کاہل الوجود عیّاش اور عشرت پسند تھے۔

۶۳۱ء میں سہراس رائے کے مرنے پر اس کا برہمن وزیر چچ، تخت کا مالک بن گیا اسی سال ملتان کا صوبہ اور شہر بھی اس کے قبضے میں چلا گیا۔ اسی چچ کا بیٹا راجہ داہر تھا، جو نوجوان مسلمان سپہ سالار محمد بن قاسم کے ہاتھوں ۷۱۲ء میں مارا گیا۔ عربوں کی آمد سے اس طرف اسلامی اثرات پھیلنے لگ گئے۔ زبان اور تہذیب و تمدّن سب کچھ

Marfat.com

متاثر ہوا - نئے شہر آباد ہوئے - ۸۷۱ء میں خلیفہ معتمد باللہ عباسی نے یعقوب بن لیث صفّاری کو دیگر علاقوں کے علاوہ سندھ کی بھی مسندِ امارت دی - اس طرح ان اطراف میں فارسی زبان کے اثر و نفوذ کے مواقع بھی پیدا ہوگئے - دسویں صدی عیسوی کے آغاز میں اچہ اور ملتان پر قرامطہ کا قبضہ ہوگیا - جو انتہا پسند شیعی تھے - ان کا قبضہ گیارھویں صدی عیسوی کے آغاز (۱۰۱۰ء) تک رہا - جب سلطان محمود غزنوی نے ملتان پر حملہ کرکے قرامطی حکمران داؤد بن نصر کو قید کر لیا - غزنویوں کے زوال کے بعد اچہ ، سندھ اور ملتان میں سومرون کا اقتدار قائم ہوا جو قرامطہ کے پیروکار تھے - آخر کار ۱۱۷۵ء میں سلطان شہاب الدین محمد غوری نے ملتان پر لشکر کشی کی اور سومرون کو شکست دے کر قرامطہ کا زور توڑ ڈالا - سرائیکی تہذیب و ثقافت والے علاقوں پر قرامطہ نے جو اثر ڈالا اس کے نشانات اب تک موجود ہیں -

۱۲۰۶ء میں سلطان محمد غوری کی وفات پر ان کے ایک سردار ناصر الدین قباچہ نے سندھ اور ملتان کی طرف خود مختاری کا اعلان کر دیا - قباچہ علم دوست اور انصاف پسند بادشاہ تھا - وہ ۱۲۲۸ء میں سلطان التمش کے حملہ آور ہونے پر کشتی میں دریائے سندھ کو عبور کر رہا تھا کہ ڈوب گیا - جب غیاث الدین بلبن (۱۲۶۶ء — ۱۲۸۶ء) کی مستحکم سلطنت قائم ہوئی تو اس نے اپنے مجاہد بیٹے شہزادہ محمد شہید کو ملتان کا حاکم مقرر کیا - شہزادے کے دربار میں امیر خسرو اور حسن سجزی ایسے شعراء بھی موجود تھے - حضرت خواجہ بہاء الدین زکریاؒ کا وصال ۱۲۶۲ء میں ہوا تھا - مفتوح منگول جو پنجاب میں آباد کر دیے گئے تھے ، ان کو اسلام سے متعارف کرانے اور قرامطہ کی درستیٔ عقاید کے سلسلہ میں آپ نے بڑا کام کیا تھا - ان کے جانشینوں کی وجہ سے سہروردی سلسلۂ طریقت کے مبارک اثرات بدستور ادھر ادھر پھیلتے رہے - شہزادہ محمد کی شہادت کے بعد مختلف گورنروں کی عملداری رہی حتیٰ کہ ۱۴۴۰ء (یا ۱۴۵۴ء) میں سندھ کا لنگاہ خاندان ملتان کی مسندِ اقتدار پر قابض ہو گیا - یہ خاندان ۱۵۲۶ء تک حکمران رہا - اس خاندان نے فوجی انصرام و انتظام کے ساتھ ساتھ تہذیب و تمدن اور علم و ادب کی ترویج و ترقی پر بھی زور دیا -

مغلوں کے عہد میں بھی ملتان کی عظمت برابر قائم رہی - بابر نے ملتان اپنے بیٹے مرزا عسکری کو عطا کیا اور ہمایوں نے مجبور ہو کر یہ شہر اپنے بڑے بھائی کامران مرزا کے حوالے کر دیا - جب ہمایوں ایران میں تھا تو ملتان پر فتح خان بلوچ نے قبضہ کر لیا جسے شیر شاہ سوری نے شکست دی - ابوالفضل نے ' آئین اکبری' میں ملتان کو ایک عظیم

Marfat.com

صوبہ قرار دیا ہے - یہاں چاندی اور تانبے کے سکوں کے لیے ٹکسال تھی اور قاضی القضاۃ بھی رہتے تھے - مغلیہ دور میں ملتان پہلے کی طرح ایک اہم تجارتی اور تہذیبی و ثقافتی مرکز بھی تھا -

نادر شاہ کے حملۂ ہند (۸-۱۷۳۹ء) کے بعد زاہد خان سدوزئی افغانستان اور ملتان کا صوبہ دار مقرر ہوا - چنانچہ جب مہاراجہ رنجیت سنگھ نے ۱۸۱۸ء میں ملتان پر حملہ کیا تو سدوزئی قبیلہ کا نامور اور دلیر حکمران نواب مظفر خان وہاں دادِ حکومت دے رہا تھا اور اس نے سکھوں کے دو حملے ناکام کر دئیے - جب تیسری دفعہ وہ شکست کھا گیا تو ایک صاحبِ ایمان مجاہد کی طرح تلوار ہاتھ میں لیے ہوئے لڑتا ہوا مارا گیا - سکھ کم و بیش تیس برس یہاں حاکم رہے اور انہوں نے اسلامی تہذیب و تمدن اور عقائد و اقدار کو نقصان پہنچانے کی بڑی کوشش کی - ۱۸۴۹ء میں انگریزوں نے ملتان اور اس کے نواح پر قبضہ کیا - تو فرنگی تہذیب و تمدن کے اثرات شروع ہو گئے - جدید رجحانات نے انداز فکر کے ساتھ زبان و ادب کو بھی متاثر کیا - ۱۹۴۷ء میں دولتِ خداداد پاکستان کا قیام عمل میں آیا - ہندو چلے گئے اور ان کی جگہ یو پی ، سی پی ، دکن ، راجستھان اور مشرقی پنجاب کے علاقوں سے مسلمانوں کے غول کے غول ہجرت کرکے آگئے - سرائیکی علاقوں میں ایک نیا ماحول پیدا ہوا - آنے والوں کی زبانیں سرائیکی سے مختلف ضرور تھیں مگر ان کے کم از کم چالیس فیصد الفاظ آج بھی سرائیکی میں مروج اور مقبول ہیں -

سرائیکی زبان کی ابتدا اور نشوونما

وادیٔ سندھ کی تہذیب نے ملتان کو جو زبان دی اس کے متعلق وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا - اس زبان کے بچے کھچے الفاظ ضرور اب بھی استعمال ہو رہے ہوں گے - برِصغیر میں آریاؤں سے پہلے کی جو اقوام موجود ہیں ان کے ذخیرۂ الفاظ میں وہ قدیمی اساسی الفاظ آج بھی یقیناً زیادہ تعداد میں ہوں گے - ممکن ہے سمیری تہذیب نے بھی اس ذخیرے میں اضافہ کیا ہو - لیکن وادیٔ سندھ کا رسم الخط جب تک پڑھا نہیں جاتا حتماً کچھ کہنا محال ہے - البتہ آریاؤں کی آمد کے بعد یہاں کی زبان ویدوں کی زبان سے متاثر ہوئی اور اس طرح نظر آتا ہے کہ جب ملتان شہر ہندوؤں کا ایک متبرک مقام بن گیا اور سورج دیوتا کی پرستش کا مرکز بنا تو یہاں برہمنوں کی کافی تعداد رہنے لگی ہوگی - مگر چونکہ سنسکرت اہلِ علم کی زبان تھی - اسی لیے عوام تک رسائی حاصل کرنے کے لیے مہاتما بدھ نے سنسکرت کی بجائے عوامی زبانوں کو تبلیغ کا ذریعہ قرار دیا - اور اس طرح ایک نئی زبان پیدا ہوئی جو پالی کہلاتی تھی - اشوک کے عہد میں بدھ مت کو عروج حاصل ہوا تو ملتان

Marfat.com

شہر اور اس کے نواحی علاقوں میں بھکشوؤں کی ایک بھاری تعداد پہنچ گئی - بعد میں کنشک کے زمانہ میں بدھ مت کو نئی زندگی حاصل ہوئی - بُدھوں کے مقامی زبانوں سے سروکار رکھنے کے باعث جہاں ادھر اُدھر کی مقامی زبانیں ترقی کر رہی تھیں، لازماً سرائیکی زبان بھی ارتقاء کے مراحل طے کرنے لگی - جیسا کہ ابھی ابھی کہا گیا ہے پالی کوئی خاص زبان نہ تھی بلکہ مقامی زبانوں کا ملغوبہ تھی - یہ علیحدہ سوال ہے کہ اس میں بعض مقامی زبانوں کا زیادہ دخل تھا - اس لحاظ سے پالی زبان نے بھی سرائیکی کو مزید فروغ عطا کیا -

برِصغیر میں ہر طرف پالی زبان کے پھلنے پھولنے اور مقامی زبانوں کے نشو و نما پانے کا مسئلہ علوم السنہ کے ماہرین کی توجہ کا مورد بنا رہا ہے - یہ سب کچھ سنسکرت کے زندہ زبان کی حیثیت سے خاتمہ کے بعد ہوا اس لیے ہندو ماہرین زبان[1] مقامی زبانوں کے اس طرح نشو و ارتقاء کو حقارت کی نظر سے دیکھتے رہے ہیں اور اسی عمل کو زبانوں کے بگاڑ سے تعبیر کرتے رہے ہیں - ان کے خیال کے مطابق سنسکرت ایسی پوتر زبان کی بجائے چرواہوں، کسانوں اور غیر متمدن دیہاتیوں کی زبان کا اختیار کرنا ''منہ کے بل گرنا'' ہے - ان کی 'اپ بھرنش' اصطلاح کے لغوی معنے یہی ہیں - اس مفروضے کی بنا پر انہوں نے ایک ''اپ بھرنش'' عہد مقرر کیا - ''اپ بھرنش'' زبانوں کے انہوں نے مختلف نام رکھے اور ہندی، پنجابی، سرائیکی وغیرہ زبانوں کے مراحل ارتقاء پر بحث کی - 'اپ بھرنش' کے لغوی معانی سے قطعِ نظر مقامی زبانوں کے ارتقاء کے متعلق ہمارے مذکورہ بالا خیالات حقیقت کا اظہار بہتر طور پر کرتے ہیں - بنابریں یہ نظریہ کہ اپ بھرنش زبانیں یا پراکرتیں لازماً ادبی زبان کی بگڑی ہوئی شکل ہوتی ہیں، غلط ہے اور یہ کہنا بالکل درست ہے کہ تاریخی اور تہذیبی تقاضے زبانوں میں ردّ و بدل کر کے انہیں زندہ رہنے کے اہل بناتے ہیں - یہ ایک قدرتی عمل ہوتا ہے اور ہمیشہ جاری رہتا ہے -

جنوبی سندھ کے مشہور علاقہ ''لاڑ'' میں جھبیل یا جھبیر قوم کے ہزاروں افراد موجود ہیں- بہاول پور، ملتان اور پنجاب میں بھی اس قوم کے افراد پائے جاتے ہیں - ان کا پیشہ زیادہ تر ماہی گیری ہوتا ہے - یہ پساچ لوگ ہیں جو دردستان سے آئے، جس میں کشمیر، گلگت اور چترال کے علاقے شامل ہیں - دردستان کے لوگ غیر آریا ہیں - ہندوستانی اہلِ قلم نے انہیں نفرت کی بنا پر ''کچا گوشت کھانے والے دیو'' کہا - ان کی زبان جو پساچی یا دردی کہلاتی ہے، بعض مخصوص صفات رکھتی ہے - یہ صفات ان نووارد پساچ لوگوں کی وجہ سے ادھر بھی نفوذ کر گئیں - ہندوستان کی باقی تمام زبانوں میں ہم اور تم استعمال ہوتے ہیں مگر

۱- بھیرو مل مہر چند، سندھی بولی کی ادبی تاریخ - ص ۱۹، ۶۸، ۷۲، ۷۹ -
تقریرات بھنڈارکر (انگریزی) - ص - ۲۳۲-

Marfat.com

ملتانی ، سندھی نیز لہندا اور پنجابی میں خود دردی قسم کے ضمائر شخصی کا رواج ہے۔ ظاہر ہے دردی زبان کے اثرات سندھی اور سرائیکی دونوں زبانوں نے قبول کیے۔ اسی لیے سرائیکی زبان میں پساچی اپ بھرنش کے عناصر خاصی تعداد میں ملتے ہیں۔ ان کے ساتھ دراوڑی زبان کے بچے کھچے الفاظ (جن کی صحیح نوعیت ہمیں معلوم نہیں) بھی شامل کر لیے جائیں تو ہمیں سرائیکی زبان کی اسّاس مل جاتی ہے۔

دراوڑی ، پساچی ، سنسکرت اور پالی کے علاوہ سرائیکی زبان میں قربِ مکانی کی وجہ سے سندھی کے عناصر بھی موجود ہیں لیکن جن زبانوں نے سرائیکی کے ذخیرۂ الفاظ میں معتدبہ اضافہ کیا وہ عربی اور فارسی ہیں۔ عربی کے اثرات محمد بن قاسم کے زمانے سے شروع ہو گئے تھے اور مرور ایام سے گہرے ہوتے چلے گئے۔ جب یہ علاقہ یعقوب بن لیث کی مملکت میں شامل ہوا تو فارسی زبان کا اثر و نفوذ بھی شروع ہو گیا۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ غزنویوں کی آمد سے پہلے منصورہ اور ملتان میں فارسی بھی بولی جاتی تھی اور پھر غزنویوں کے بعد اٹھارھویں صدی کے اختتام تک ملتان فارسی زبان کا مرکز بنا رہا۔ سکھوں کی دفتری زبان بھی فارسی تھی۔ صرف یہی نہیں بلکہ انگریزوں کے زمانہ میں بھی کافی عرصہ تک ملتان بلدیہ کی کاروائی فارسی زبان میں لکھی جاتی تھی۔ ان حالات کی بنا پر فارسی کے الفاظ سرائیکی میں برابر شامل ہوتے رہے اور مسلسل اور متواتر استعمال کی وجہ سے اس کا مستقل سرمایہ بن گئے۔ ملتان میں قرامطہ کی حکومت بھی رہی ہے۔ وہ شیعہ مذہب رکھتے تھے۔ ان کی وجہ سے مرثیہ خوانی شروع ہوئی ، جو آج بھی اس علاقہ میں رائج ہے اور سرائیکی زبان کی فطری اثر انگیزی کی وجہ سے بڑا درد و سوز رکھتی ہے۔

مسلمانوں کا زمانہ آیا تو جلد یہ شہر اسلامی فقر و تصوّف کا مرکز بن گیا۔ حضرت شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی اور شاہ رکن عالم کے مقبرے صرف ملتان کی عظمت کا اظہار نہیں کرتے بلکہ اس بات کا بھی اعلان کرتے ہیں کہ اس شہر کو فقر و تصوّف سے خاص مناسبت حاصل ہے۔ اسی مناسبت کی بنا پر سرائیکی زبان کو علی حیدر ایسا صوفی منش شاعر ملا۔ عہدِ حاضر میں بھی یہ خصوصیت قائم رہی اور سرائیکی زبان کے ایک نامور صوفی شاعر خواجہ غلام فرید؟ پیدا ہوئے جن کے کلام کی روح متصوّفانہ ہے اور جن کا اسلوب جمال آفرینی کرتا ہے۔ ظاہر ہے سرائیکی ادب کی نشو و نما میں تصوّف نے اہم کردار انجام دیا ہے۔

سرائیکی عہد بہ عہد

(ابتدائی عہد سے ۱۸۵۷ء تک)

قرونِ وسطیٰ میں طویل جملوں کو مختصر اور جچے تلے لفظوں میں ادا کرنے کا

Marfat.com

عام رواج ہو گیا تھا۔ سرائیکی زبان اس سلسلے میں برِ صغیر کی تمام زبانوں کی پیشرو نظر آتی ہے۔ سرائیکی زبان کی کہاوتیں ، ضرب الامثال ، محاورات اور پند و نصائح آج بھی ہزاروں کی تعداد میں مقبول و مروّج اور زبان زد عام و خاص ہیں ۔ ان کہاوتوں میں بڑی بڑی فلاسفی سموئی ہوتی تھی ۔ نیز ان میں زندگی کے اصول و قواعد پنہاں ہوتے تھے ۔ سرائیکی زبان کی ایسی کہاوتیں یا سوتر اگر یکجا کیے جائیں تو بلا مبالغہ بیس ہزار (۲۰،۰۰۰) کے لگ بھگ ہوں گے اور بلاشبہ اتنی تعداد کسی بھی عظیم سے عظیم زبان کے الہامی جملوں یا حکمت و دانش سے پر ادبی ، علمی ، قومی، سیاسی اور طنزیہ ضرب الامثال کی نہیں مل سکتی ، چنانچہ مغربی ماہرینِ لسانیات نے جو ضرب الامثال جمع کی ہیں ان کی تعداد بھی آٹھ ہزار(۸۰۰۰) سے کم نہیں ہو گی ۔ نمونہ کے طور پر ہم یہاں چند ضرب الامثال پیش کرتے ہیں ۔ ''آپ کلیجی تے ویڑے ڈوہ'' (بے شرم خود اور الزام محلے داروں پر)، ''اٹھ دا لاڈ کچاوا ترے'' (اونٹ نے تو لاڈ کیا اور محمل ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی) ۔ ''ادھ ٹن کھوتی پنج ٹن بار'' (کمزور جان گدھی پر جس کا اپنا وزن آدھ من ہو پانچ من وزن لاد دیا)۔ ''بھاہ دا سڑیا ٹنڈانے کنوں ڈر جدا (آگ کا جلا جگنو سے ڈرے) ، ''بکھا کراڑ پڑانیاں وہیاں پٹّے'' (بھوکا ساہوکار پرانے بہی کھاتوں کو الٹے) ، ''تغلق وٹا و نگار سیداں سنج کیتی چودہار'' (سلطان تغلق نے تو کبھی کبھار بیگار لی مگر شاہانِ سادات یا تغلق کے سیّد منصبداروں نے بادشاہ کی دیکھا دیکھی روز کی بیگار لے لے کر چاروں طرف ویران کر دیے) ''چٹی پئی مہراں تے مہراں رکھی شہراں تے'' (بادشاہ وقت نے تو تاوان جاگیردار مہروں پر ڈالا اور مہروں نے شہر والوں سے وصول کیا) ۔

ان کہاوتوں سے دوسرے نمبر پر سرائیکی ادب کی وہ قدیم صنف جسے سابق سندھ اور بہاولپور میں اب تک ''لولی'' اور ملتان ، مظفر گڑھ اور ڈیرہ جات کی طرف ''ڈوہڑا'' کہا جاتا ہے ۔ یہ دو مصروں کا قدیم لوک گیت ڈوہڑا یا لولی آج بھی اپنی قدیم ہیئتِ زبان اور موضوع کو جوں کا توں محفوظ کیے ہوئے ہے ۔ ماہرینِ لسانیات کے نزدیک قدیم زبان سے قدیم ادب کا نمونہ اس وقت یہی چند دو مصرعی دوہے (ڈوہڑے) موجود ہیں ،

یہ دوہے بلوچستان ، لس بیلہ ، کچھی ، تھرپارکر اور سندھ کے سرائیکی علاقوں سے لے کر صوبۂ سرحد کے ہندکو علاقوں تک ایک ہی ہیئت ، ایک ہی موضوع اور یکساں جذبات سے بھرپور ماہی گیروں ، کسانوں اور چرواہوں کی زندگی کی جان اور تنہائیوں کے ساتھی ہیں ، ان کے عہد کا تعیّن مشکل بلکہ ناممکن ہے ۔ البتہ زبان و بیان ، بعض الفاظ اور شعری ہیئت کی کہنگی سے یہ اندازہ ضرور لگایا جا سکتا ہے کہ سرائیکی کے یہ لوک گیت پالی عہد کی قریبی اپ بھرنش سے تعلق رکھتے ہیں ۔ لیجیے چند ایک

Marfat.com

لولیاں یا دوہے تفنّنِ طبع کے لیے حاضر ہیں۱ :

اڈیاں نی کونجاں ، وچ ساوی کونجے ہک تیڈا وچھوڑا ڈوجھی وطن دی مونجھے

☆ ☆ ☆

پٹ دی چولی گھت گوڈیں تے سیواں منگاں دعائیں منگ تیڈی میں تھیواں

☆ ☆ ☆

کھوہ تیڈے تے کوئی گادھی اکانہہ دی وسّر نہ ویسم تیڈی پانھہ سراندی

☆ ☆ ☆

اچی کھجی دیاں کوئی لبیاں چھڑیاں ترس نہ آیو کھڑے ویلھے دی کھڑیاں

یہ تو تھے سرائیکی زبان کے وہ قدیم نمونے جن کے بارے میں اگرچہ کسی محقّق ، مؤرخ اور ماہرِ لسانیات نے یہ حتمی فیصلہ نہیں کیا کہ یہ فلاں عہد یا دور کی سرائیکی زبان کا نمونہ ہیں ، البتہ قیاس اس امر کی شہادت ضرور دیتا ہے ، کہ یہ ڈوہڑے پالی کی قریب العصر اپ بھرنش کی ادبی یادگار اور قدیم سرائیکی اقوام کا تہذیبی ورثہ ہیں اور جب تک کوئی موثق شہادت نہ ملے اس سے انکار نہیں کرنا چاہیے ۔

اب ہم اس سے ذرا آگے چلتے ہیں تو ان قدیم نمونوں کی باری آجاتی ہے ، جن کے بارے میں مستند تاریخی حوالے اور ماہرینِ لسانیات کی شہادتیں ملتی ہیں ۔ سرائیکی زبان کے قدیم تحریری سرمائے کے بارے میں ہمیں جو با وثوق ذرائع سے معلومات ملتی ہیں ان کا تعلق ساتویں اور آٹھویں صدی عیسوی سے ہے ۔ سرائیکی اور سندھی علاقوں میں آج بھی ایک ایسی قوم آباد ہے جسے چاڑن کہا جاتا ہے ۔ جو قدیم خاندانوں کے شجرہ ہائے نسب اور کبت سنا سنا کر دان وصول کرتے رہتے ہیں ۔ ہو سکتا ہے کہ لفظ ''اچارج'' اسی چاڑن سے ماخوذ ہو کیونکہ دت لوگ بھی شجروں کو محفوظ رکھتے اور کبت گاتے سناتے تھے ۔ بعض کتب سے روایت ہے کہ دت عرب میں بھی مدتوں رہے ہیں اور واقعۂ کربلا میں حضرت امام حسینؑ کا ساتھ دینے کی وجہ سے یزیدیوں نے انہیں بلوچ اقوام کے ساتھ سر زمینِ عراق سے ایران میں دھکیل دیا ۔۲ سرائیکی زبان کے ایک محقق اختر وحید مرحوم نے ان دتوں کے وہ کبت اپنی ملتانی گرائمر میں نقل کیے ہیں ، جو دتوں نے واقعۂ کربلا سے متعلق نظم کیے ۔ اختر وحید مرحوم ان کبتوں کو بکرماجیتی عہد سے قریب یعنی ۶۸۱ء کی سرائیکی شاعری کا نمونہ قرار دیتے ہیں ۔۳ اور غالباً یہ صحیح ہوگا کیونکہ ان کی زبان آج سے ہزار بارہ سو برس قبل کی معلوم ہوتی ہے ۔ وہ کبت حسب ذیل ہیں :

۱۔ ڈاکٹر سہر عبدالحق، ملتانی زبان اور اس کا اردو سے تعلق، ص ۲۶۱ (قلمی نسخہ مصنف) ۔
۲۔ بلوچوں کی تاریخ قبائل کے آئینے میں ، جلد اول ، قلمی نسخہ مقالہ نگار ص ۱۵۰ ۔
۳۔ اختر وحید ، در گوہر (ملتانی زبان کے قواعد اور فرہنگ) ص ۹ مطبوعہ ملتانی ریسرچ اکیڈیمی ملتان ۔

Marfat.com

سدہ جھوجھا کی انش میں دت نام سلطان　　سدھ ویوگ جو بیرجی عرب کیو استھان
رائے پن پن آتمی کریں دیس جو دھیان　　دھارو، میرو جودت ہیں عرب کیو استھان

☆　☆　☆

جئے دت جو بیر سار دو ٹوک مچائی　　سب شترو کو مار بیچ رن پھرے دہائی
بجے بھیر کو چوٹ فتح میدان جو پائی　　بدلہ لیا دین کا دھن دھن کرے لوکائی

(سدہ جھوجھا اسم بامسمّی بادشاہ کے خاندان میں دت نام کا ایک سلطان تھا جو سدھ یوگ جی کا گدی نشین تھا۔ اس نے عرب کو اپنا مستقر بنایا، اسی دت سلطان کی اولاد سے نیک سیرت رائے پن، بہادر دہارو اور میرو بھی عرب ہی میں قیام پذیر تھے کہ اُموی سلطنت کے ظالموں نے جور و ستم کا آغاز کیا۔ دتوں نے امامِ برحق کا ساتھ دے کر دشمنوں کو قتل اور ان پر خوف طاری کیا، جب فتح ہوئی تو جنگی نقارے بجے اور دنیا امام۴ کو بہادر بہادر کہنے لگی)۔ ان کبتوں میں سدھ، انش، بیر، جے (جس نے) کیو (کیا) پن (دان پن) آتم۔ دیس۔ جو (کا) — دھیان۔ رن یا رُن۔ بھیر، بجے یا وجے، چوٹ، دھن دھن، لوک یا لوکائی ایسے الفاظ خاص توجہ اور تحقیق کے مستحق ہیں یہ اس دور کی سرائیکی کا پتہ دیتے ہیں جب موجودہ سندھی اور سرائیکی ایک ہی زبان تھیں اور اپنی الگ الگ ہیئت نہیں بنا پائی تھیں۔

خیال کیا جاتا ہے کہ موجودہ سندھی ۱۱۰۰ء کے لگ بھگ سرائیکی سے علیحدہ ایک مستقل زبان بن گئی۔ اسی لیے سندھی کی پرانی تحریریں سرائیکی سے بڑی مماثلت رکھتی ہیں۔ مثال کے طور پر قاضی قاضن کا یہ بیت دیکھیے:

کنز قدوری کافیہ کے کین پڑھیوم　　سو پارئی پیو جیئاں پرین ء لدھوم

(میں نے کنز قدوری اور کافیہ پڑھ کر محبوب نہیں پایا وہ باتیں ہی اور ہیں جن سے ساجن ملا کرتے ہیں)۔

یہ قاضی قاضن ۱۰۵۱ء میں فوت ہوئے اور ان کے بعد سندھی ادب حضرت شاہ کریم (بلڑی والے) کا کلام جو چند دوہوں پر مشتمل ہے پیش کر سکتا ہے۔ شاہ کریم کی ولادت ۱۵۳۶ء اور وفات ۱۶۳۳ء میں ہوئی۔ غرض یہ کہ سرائیکی زبان کی دوسری عظیم ہمعصر زبان سندھی کا تحریری ادب بھی زیادہ سے زیادہ چودھویں صدی عیسوی کے نصفِ آخر تک کا ملتا ہے اور بس۔

سرائیکی میں مذکورہ بالا دتوں کے کبتوں کے علاوہ ایک ترجمۂ قرآن اور بہت سی رزمیہ طویل نظموں کا بھی سراغ ملتا ہے۔ ترجمۂ قرآن کی بابت اعجاز الحق قدوسی اپنے ایک مقالے میں لکھتے ہیں کہ ''۸۸۳ء/۲۷۰ھ میں ہمیں ایک اور عراقی عالم

Marfat.com

کا پتہ چلتا ہے ، جو تھے تو عراقی ، مگر انہوں نے سندھ کے مشہور شہر منصورہ میں پرورش پائی تھی اور سندھ ہی میں پلے اور بڑے ہوئے تھے - ۸۸۳ء/۲۷۰ھ میں راجہ مہروک بن رائک ایک ہندو راجہ نے منصورہ کے حاکم عبداللہ بن عمر ہباری سے خواہش کی کہ وہ اسلامی عقائد اور تعلیمات کو سندھی میں ترجمہ کرا کے بھیجے تاکہ وہ اسلام کی حقیقت کو سمجھ سکے - چنانچہ حاکمِ مذکور نے انہی عراقی عالم کا انتخاب کیا اور انہوں نے ایک قصیدے میں اسلامی عقائد و تعلیمات کو نظم کر کے بھیجا اور پھر راجہ کی خواہش پر اس زمانہ کی سندھی زبان میں پورے قرآن مجید کا ترجمہ بھی کیا[1]'' - یاد رہے کہ اس زمانے میں سندھی اور سرائیکی مختلف زبانیں نہیں تھیں - اس عہد کی رزمیہ نظموں کے بارے میں ڈاکٹر حامد علی خان لکھتے ہیں کہ میری نظر میں ہندوستان کا سب سے پہلا بلند پایہ عربی شاعر ہارون بن موسیٰ ملتانی ہے - جاحظ نے اس کو ملتان اور اس کے گرد و نواح کا سب سے بڑا شاعر قرار دیا ہے - اس کے قصائد اور مختلف عربی اشعار جاحظ نے 'کتاب کیواں' میں نقل کیے ہیں[2] - تمام مورخین کا اس امر پر اتفاق ہے کہ ہارون عربی کے علاوہ مقامی ملتانی زبان میں بھی شعر کہا کرتا تھا اور مقامی بولی کے اشعار بزم سے زیادہ رزم سے تعلق رکھتے تھے - اس لحاظ سے گویا ہارون بن موسیٰ ملتانی ساتویں صدی عیسوی کا عظیم مذہبیہ سرائیکی شاعر تھا[3] -

دوسری اور تیسری صدی ہجری یعنی آٹھویں یا نویں صدی عیسوی کے ان مصدقہ سرائیکی نمونوں کے بعد ہمیں کوئی خاص چیز تاریخ میں محفوظ نظر نہیں آتی ، البتہ عہد قرامطہ یعنی چوتھی صدی ہجری (۹۸۳ء سے بھی قبل) کے آغاز ہی میں ملتان اور نواح کے لوگ شیعیت اور اسماعیلیت کی طرف راغب ہوئے تو ایک جدید علمِ کلام اور انوکھے نظریات و افکار کی تبلیغ تقریروں کے علاوہ تحریروں سے بھی ہونے لگی اور آج بھی ادبیاتِ سرائیکی کا پورا نصف حصہ اسماعیلی قرامطی اور شیعی افکار و نظریات پر مشتمل نظر آتا ہے - سرائیکی نثر کو تو زندہ ہی شیعہ حضرات نے رکھا ہے ، ورنہ شاید نثر کا کوئی نمونہ محفوظ نہ رہتا - قصائد و مراثی کی سینکڑوں کتابیں مدتوں سے چھپ رہی ہیں اور ایک ایک کتاب کے بیسیوں ایڈیشن نکل چکے ہیں - شیعی سرائیکی ادب کی اس کثرت کا آغاز یقیناً قرامطی اقتدار سے ہوا ہوگا اور محمود غزنوی کے حملوں تک سرائیکی زبان بس قرامطیوں اور اسماعیلیوں ہی کی خدمت انجام دیتی رہی -

---

۱- علمائے سندھ ، ماہنامہ آستانہ زکریا ملتان بابت ماہ جولائی ۱۹۵۸ء -
۲- ہندوستان کے عربی شعراء ، ماہنامہ معارف اعظم گڑھ بابت ماہ جولائی ۱۹۶۸ء -
۳- ابو ظفر ندوی ، تاریخ سندھ ، ص ۳۵۸ تا ۳۶۰ مطبوعہ اعظم گڑھ -

Marfat.com

محمود غزنوی نے پہلی بار جب ۱۰۰۵ء/۳۸٦ھ میں اور دوسری بار ۱۰۱۰ء/۴۰۱ھ میں ملتان اور اچہ سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے قرامطہ کا سیاسی اور تہذیبی اقتدار ختم کر دیا۱ تو سرائیکی زبان اور تمدن نے ایک نئی کروٹ لی اور عربی کے ساتھ ساتھ فارسی زبان کی نزاکتوں اور لطافتوں کو بھی اپنے اندر جذب کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ بشاری المقدسی جب یہاں وارد ہوا ہے تو ملتان اور نواح میں فارسی زبان کو مروج پایا۲۔ یہی وہ دور ہے جس میں مقامی بولی سرائیکی نے عربی فارسی کے ساتھ مل کر ایک نئی زبان ''ریختہ'' تیار کی جسے بعد میں سلاطین نے لشکروں میں عام مستعمل ہونے کی وجہ سے ''اردو'' کا نام دیا۳۔ غزنوی خاندان کے ایک شاعر مسعود سعد سلمان کے کلیات میں ایسے اشعار ملتے ہیں جن میں سرائیکی زبان کے الفاظ کو نگینوں کی طرح جڑا گیا ہے گویا امیر خسرو سے بھی قبل غزنوی دور کے شعراء نے سرائیکی اور فارسی کی آمیزش کا عمل شروع کر دیا تھا۴۔

محمود غزنوی کے خاندان کے زوال کے بعد نواحِ ملتان، اچہ اور سندھ پر بھٹی راجپوتوں کے ایک قبیلے ''سومرہ'' کا اقتدار قائم ہو گیا۔ یہ قبیلہ قرامطہ کی تبلیغ سے مسلمان ہوا مگر ان کی تہذیب و ثقافت ہندوانہ تھی۵۔ ان کی سرکاری زبان بھی غالباً سرائیکی تھی۔ کیونکہ ریاست بہاولپور کے ایک قدیم قلعہ ''مروٹ'' کے دروازے سے جو اینٹ برآمد ہوئی ہے اس پر دیونا گری رسم الخط اور سرائیکی زبان میں کندہ ہے کہ ''اس قلعہ پر جام سومرا کا قبضہ رہا ہے اور جام سومرا نے ۱۴۹۱ء میں اس قلعہ کی مرمت کروائی تھی'' ٦۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سومرہ حکمرانوں کے عہد میں ملتان اور سندھ کی سرکاری اور دفتری زبان سرائیکی تھی، ورنہ شاہی قلعوں اور یادگار عمارتوں پر سرائیکی زبان میں کتبات کندہ کرانے کی کوئی معقول وجہ پیش نہیں کی جا سکتی!

غزنوی عہد ہی میں برّصغیر کے ایک نامور بزرگ شیخ الاسلام غوث العالم

۱- معجم الامکنہ، طبقات ناصری، اور تاریخ یمینی۔
۲- بشاری، احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم، طبع لیڈن ص ۴۸۱۔
۳- پیر حسام الدین راشدی، اردو کا مولد۔ مطبوعہ رسالہ ''اردو'' کراچی، اپریل، ۱۹۵۱ء۔
۴- ڈاکٹر مولوی محمد شفیع مرحوم کا مسعود سعد سلمان پر مقالہ مندرجہ اورینٹل کالج میگزین لاہور۔
۵- البیرونی، کتاب الہند۔
٦- مسعود حسن شہاب، خطۂ پاک اوچ ص ۳۹۷ مطبوعہ اردوا کیڈمی بہاولپور ۱۹٦۷ء،

حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی کا خاندان غزنوی سلاطین کی دعوت پر ملتان کے نواح ''کوٹ کروڑ'' میں آ کر آباد ہوا۔ حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی کے ایک معتقد اور ان کے ناسور پوتے حضرت قطب الاقطاب رکن عالم ملتانی کے خلیفۂ مجاز شیخ الاسلام مخدوم حمید الدین الحاکم الہنکاری کے تمام تذکرہ نگار لکھتے ہیں کہ سلطان شمس الدین التمش کی جانب سے اچّہ اور بکھّر کے درمیان کا علاقہ بطور جاگیر مخدوم الحاکم کو پیش کیا گیا جسے آپ نے اپنے خاندان کے ایک بزرگ قاضی رفیع الدین عبّاسی کے مجبور کرنے پر قبول فرما لیا۔ آپ کا پایۂ تخت مئو مبارک تھا۔ جو سندھ کے قدیم قلعوں میں سے ایک تاریخی قلعہ ہے، اسی مئو کے نواح میں سے ایک قصبہ ولہر یا ولہار واہن تھا (جو ہو سکتا ہے کہ موجودہ ولہار ہو جو مئو سے قریب پڑتا ہے اور ریلوے اسٹیشن بھی ہے) ولہر یا ولہار واہن کی اراضی قاضی کبیر کے زیرِ کاشت تھی۔ چنانچہ حضرت حمید الدین الحاکم کے عاملوں نے قاضی کبیر پر کچھ سختی کی تو قاضی کبیر حضرت الحاکم کے مرشدِ طریقت حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی کے پاس شکایت لے گئے۔ حضرت زکریا ملتانی نے مخدوم الحاکم کو ایک مکتوب لکھا جس میں ایک قطعہ یا ڈوہڑا (دوہا) سرائیکی زبان کا بھی تفنّنِ طبع کے لیے لکھا۔ دونو بزرگ بہترین ذوق شعری کے مالک اور اپنے وقت کے بلند پایہ فارسی شاعر بھی تھے، اگرچہ یہ قطعہ ساتویں صدی ہجری یعنی تیرھویں صدی عیسوی کے آغاز کا ہے اور کم سے کم پانچویں صدی ہجری (گیارہویں صدی عیسوی) کی سرائیکی زبان کا نمونہ قرار دیا جا سکتا ہے، مگر اپنی سلاست، زبان و بیان اور شعری ہیئت کے لحاظ سے موجودہ سرائیکی زبان و ادب سے بھی کافی مماثلت اور مطابقت رکھتا ہے۔ حضرت زکریا ملتانی کا دوہا اور حضرت الحاکم کا جوابی دوہا دونو پیش خدمت ہیں اور ان دونوں دوہوں سے آپ پانچویں صدی ہجری (گیارہویں صدی عیسویں) سے ساتویں صدی ہجری (سترہویں صدی عیسوی) تک کی سرائیکی زبان کی ہیئت ساخت اور کیفیت کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں[1] :

حاکم آپ ہیں، حکم آپ (کریں آپ) وچار جے دن گانوں سے کئی ولہر ولار
جے دن لدھیا مندے نہ ہار جیں ٹانگ نہ تو لہاسے کیوید لنگھسن پار

حضرت حاکم کے جوابی دوہے کا ایک مصرعہ قدیم قلمی کتابوں میں نذر کرم کتابی ہو گیا باقی تین مصرعے جو محفوظ رہ سکے ہیں حسب ذیل ہیں :

۱- نور احمد خان، سیرت حضرت بہاء الدین زکریا ملتانیؒ، ص ۱۸۲، مطبوعہ قصر الادب جگو والہ ملتان، بحوالہ ''تاریخ جلیلہ'' از پیر غلام دستگیر نامی و تذکرۂ حمیدیہ شیخ شہر اللہ و تذکرہ قطبیہ شیخ جمال الدین ابوبکرؒ۔

حاکم آپ ہیوحکم کرو (کیہا) میں وچار جنہاں اللہ تعالیٰ منیا اتے نبی محمد ، یار
جنہاں ٹانگ نہ تو لہاسے بھی لنگھسن پار ۱
(میرے حضرت! حاکم توآپ ہیں اور حکم بھی آپ کا ، میں بے چارا کیا غور کر سکتا ہوں ۔ البتہ میں اہلِ دنیا کے برعکس اللہ تعالیٰ کو اس کے نبیؐ کو اور چہار یار رسولؐ کو دل سے مانتا اور ان کے طرزِ عمل کو اپناتا ہوں ۔ اگرچہ سوت اور برزخ کے دریا کو پار کرنے کا ظاہری سامان کچھ بھی نہیں رکھتا ، مگر سنا ہے کہ کچھ بے ساز وسامان لوگ بھی پار اتارے جائیں گے !)

حضرت زکریا ملتانی کی ولادت ۵۶۶ھ/۱۱۷۰ء اور وفات ۶۵۸ھ/۱۲۵۹ء میں اور حضرت حاکم کی ولادت غالباً ۵۷۰ھ/۱۱۷۴ء ہے ۔ گویا آپ ''ہیں'' ، ''وچار'' ، ''دن یا دنیا'' ، ''گانوں'' ، ''کئی'' ، ''ولارن'' ، ''جے'' ، ''لبّھن'' ، ''مّنن'' ، ''ہارن'' ، ''ٹانگ'' ، ''تولھا'' ، ''کیویں'' ، ''لنگھن'' ، ''پار'' ، اور ''سے بھی'' ایسے خالص سرائیکی الفاظ جو آج بھی فصیح اور ادبی زبان میں استعمال ہوتے ہیں ۔ چھٹی صدی ہجری یعنی بارھویں صدی عیسوی کے آغاز میں بھی مروّج اور مستعمل تھے ۔

انہی حضرت حمید الدین الحاکم کے پیرو مرشد اور حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی کے نامور پوتے حضرت قطب الاقطاب شاہ رکن عالم کی تاریخِ وفات سرائیکی زبان کے ایک قریب العصر بلکہ ہمعصر شاعر نے کہی جو خاندان غوثیہ کے ایک نامور خلیفہ میاں محمد افضل نے اپنی قلمی کتاب 'خلاصۃ الاحباب' (مرتبہ ۱۱۶۶ھ/۱۷۵۲ء) میں نقل کی ہے ۔ بدیں الفاظ کہ ''چنانچہ عزیزی'' در زبانِ ہندوی در تاریخِ وفات ایشاں یک بیت گفتہ است'' (چنانچہ ''عزیزی'' تخلص کے کسی بزرگ یا ان کے عزیزوں میں سے کسی ایک نے ان کی تاریخ وفات ہندوی زبان میں کہی ہے جو ایک دوہے کی شکل میں ہے) :

ست سیے پنجتر یہا سن تے ستویں ماہ جمادی الاولیٰ
چلو تاں سنیہوں ویکھن جاووں ستّا شاہ جلولا ۲

''ست سیے'' (سات سو) ، پنجتریہ (پینتس) ، ستویں (ساتویں) ، چلو تاں (چلیے تو) سنیون (سیّو سکھیو !) ، ویکھن یا ڈیکھن (دیکھنے) ؛ جاووں (چلیں) ، ستا یا لیٹیا (سو رہا یا لیٹ رہا ہے) یہ الفاظ آج بھی اسی ہیئت اور انہی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں ۔

۱- نور احمد خان فریدی ' تذکرہ قطب الاقطاب شاہ رکن عالم ملتانی'' مطبوعہ قصر الادب جگو والہ ملتان طبع اول ص ۳۰۶ ۔

۲- محمد افضل خلیفہ ' خلاصہ الاحباب (قلمی نسخہ ملکیہ مقالہ نگار) سال ۱۱۶۶ھ ، ص ۱۷۲ و تذکرۂ قطب الاقطاب شاہ رکن عالمرح ملتانی از نور احمد خان فریدی مطبوعہ قصر الادب جگو والہ ضلع ملتان ص ۲۵۷ ۔

Marfat.com

اس دور کی مستقل تصانیف بلاشبہ سینکڑوں کی تعداد میں ہوں گی کیونکہ سرائیکی زبان میں تصنیف و تالیف کے عام رجحانات کے ثبوت کثرت سے ملتے ہیں مگر ملکی انتشار ، خلفشار اور افراتفری کے باعث کوئی بھی شاہکار اس وقت سوائے 'نور ناموں' و 'معراجناموں' کے نہیں ملتا ۔ 'نور نامہ' ایک ایسی مذہبی نظم ہے جس میں ''تخلیقِ کائنات'' کا اسلامی فلسفہ بیان کیا گیا اور حدیثِ لولاک کی تشریح کی گئی ہے ۔ شاعر نے نظم کے متن ہی میں سببِ تصنیف کے ساتھ سنِ تصنیف بھی بیان کر دیا ہے ۔ چنانچہ وہ ارشاد فرماتے ہیں کہ :

پنج سے سال جو گذرئیے آہے ہجرت بعد رسولوں
ملاں کہے غریب ویچارا کم علماواں کولوں
نیکی عمل نہ کیتم کوئی شامت نفس جہولوں
عمراں گذری تے پچھتانواں ، بہرہ لہاں قبولوں
جو کچھ روئے زمین تے پیدا سب کجھ ہوسی فانی
نام نشان نہ رہسی کائی جز ایمان نشانی[1]

قدامت کے لحاظ سے مستقل سرائیکی تصانیف میں 'نور نامہ' کو شرفِ اوّلیت حاصل ہے ۔ یہ ۱۱۰۷ء — ۱۱۱۱ء/ ۵۰۱ھ — ۵۰۵ء کے درمیان کی تصنیف ہے ۔ اس کے مصنف حضرت ملّا ایک اچھے قادر الکلام شاعر نظر آتے ہیں ۔ دوسری زبانوں کے ادبی سرمایہ سے اس کا تقابل کیا جائے تو حیرت ہوتی ہے ۔ دیکھئے زبان میں کس قدر سلاست ، تخیل میں بلندی اور تشبیہوں میں پاکیزگی کی جھلک ہے :

شرم کنوں ڈوں اکھیں پیدا رنگ بہشتی عنبر
عبرت دے ڈوں کن سنوارئیے نبی رسولؐ پیغمبر
ڈوں لب نبی محمدؐ سندے پیدا از تسبیحاں
ذکر خدا زبان سنوارئیے ایہہ حدیث صحیحاں

'نور نامہ' کی دوسری قریب العہد نظموں میں سے پرگنہ چانڈکو (جسے میراں تالپور کے عہد میں پرگنہ بھونگ بھارہ کے نام سے یاد کیا جاتا تھا اور جو اب ریاست بہاولپور تحصیل صادق آباد میں شامل ہے) کے ایک نامور چانڈیہ شاعر 'اعظم' کا 'حلیۂ مبارک' اور اسی پرگنے کے ایک دوسرے چانڈیہ بزرگ حضرت میاں قبول کا 'معراجنامہ' اور دودے شاہ کا 'معجزۂ معراج' قابلِ ذکر ہیں ۔ ان تینوں مستقل نظموں کا اندازِ بیان ،

۱- نور نامہ سرائیکی (قلمی نسخہ مکتوبہ ۱۱۸۰ھ ملکیہ مقالہ نگار ص ۱۵ ۔

موضوع ہیئت اور زبان چھٹی صدی ہجری یعنی بارھویں صدی عیسوی سے متعلق معلوم ہوتی ہے اور مقامی روایات بھی بتاتی ہیں کہ اعظم اور قبول حضرت پیر موسیٰ نواب علیہ الرحمۃ سہروردی کے خلفاء میں سے تھے اور حضرت پیر موسیٰ نواب غوث العالم شیخ الاسلام بہاء الدین زکریا ملتانی کے عم زاد بھائی تھے۔ حضرت موسیٰ نواب باتفاق رائے ۱۲۱۵ء/ ۶۱۲ھ میں یا اس سے کچھ قبل ملتان سے خرقۂ خلافت لے کر چانڈکو پرگنہ کے ایک قریبی/تاریخی قلعے ''سیوراہی'' میں قیام پذیر ہوچکے تھے۔ جہاں اچہ سے لے کر ساحلِ مکران (پورے سندھ) تک کے لوگ ظاہری و باطنی فیوض کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ اسی دوران میں چانڈکو کے سردار گھرانے میں سے محمد اعظم خان چانڈیو اور محمد قبول خان چانڈیو بھی حضرت سخی پیر موسیٰ نواب کی خدمت میں حاضر ہو کر سہروردی سلسلے میں بیعت ہوئے اور موتراشی کرائی، یہ دونو عظیم شاعر آخری عمر میں بیعت ہوئے ہیں۔ اس لحاظ سے ان کی نظموں کا دور چھٹی صدی ہجری بارھویں صدی عیسوی کا نصف آخر متعین کیا جا سکتا ہے۔ اب لیجیے سب سے پہلے اعظم کے 'حلیۂ مبارک' کے چند اشعار ملاحظہ کیجیے اور شاعر کے تخیل کی بلندی اور بندش کی پختگی کی داد دیجئے[1]:

ویکھ جمال نبی سرورؐ دا سجھ تے چن شرماوں
حور ملائک صدقی جاون پریاں گھول گھماوں
بدن مبارک حضرت سرورؐ آھا عیبوں خالی
خالق خلقی سبھو سھنی صورت سوہنے والی

بلوچستان کے نامور قبیلہ ''چانڈیہ'' کے مردِ درویش اور حضرت موسیٰ نوابؒ کے خلیفۂ خاص حضرت قبول فقیر کا 'معراجنامہ' اور 'نورنامہ' سے بھی زیادہ فصیح و بلیغ ہے اور چھٹی صدی ہجری بارھویں صدی عیسوی کی سرائیکی شاعری کا نادر نمونہ ہے۔ البتہ اس میں 'حلیۂ مبارک' کی طرح عربی فارسی کے الفاظ مستعمل ہوئے ہیں کیونکہ اس دور میں مقامی بولی پر سب سے زیادہ رنگ انہی زبانوں کا چڑھ رہا تھا:

سبھو راز در راز نکتہ بیان — وہم آدمی دا کیا کرسی عیاں
سنبھالیں قبولا عقل! ہوش کن — نہیں جاہ تیری توں خاموش کن!
ڈھان گھٹ لکھ گاہل کیتی خدا — نبی محمدؐ کوں ڈتّس جزاء
امت بخشا ولیا حبیب خدا — کنڈی ہلدی آہی پانی وہنداہا
الٰہی بحرمت محمدؐ رسول — ڈیویں بخش سیتی ایمان قبول

۱- مجموعۂ حلیۂ مبارک و معراجنامہ وغیرہ مطبوعہ ملتان ۱۸۹۰ء، ص ۱۲، و قلمی نسخہ مکتوبہ ۱۱۸۰ھ ملکیہ مقالہ نگار ص ۲۰۔

Marfat.com

ساتویں اور آٹھویں صدی کے متفرق نمونے

چانڈکو ریاست کے ایک قریبی علاقے صادق آباد کی کار داری میں پتن پور یا پتن منارا کے نام سے ایک تباہ شدہ شہر کے کھنڈرات سے ایک کتبہ ملا ہے ، جس پر سرائیکی کے چند شعر مرقوم ہیں ۔ پتن منارا سومروں کا دارالخلافہ تھا اور ان شعروں میں ایک ہندو سوامی نے اپنا گھوڑا چوری ہونے پر سومروں کے نامور حکمران جمیر یا ہمیر کی ہجوکی ہے ۔ اشارۃً اس کے وزیر دہورا رائے کی بھی مذمت کی ہے ۔ یہ اشعار آٹھویں صدی ہجری چودھویں صدی عیسوی کے نصف اول میں کہے گئے ہیں کیونکہ راجہ جمیر کی وفات ۱۳۰۱ء/ ۷۰۲ھ میں ہوئی ہے[1] ۔

ان اشعار کی زبان سندھی آمیز سرائیکی ہے ، اشعار اور ان کا ترجمہ ملاحظہ کیجئے :

دھاڑی دھوڑا رائے جنہیں چڑن سان کھہیا
پتن پٹیبو پیو سندھ و ٹایو راہ
ہمیر آبورا راج نہ کندا سومرا

دھاڑا (ڈکیتی) ، جنھن (جس یا جو) ، کھہن (چھیڑ چھار کرنا) ، پٹن یا پٹیجن (شہر کا الٹ جانا یا غرق ہونا) ، راہ وٹاون (راستہ تبدیل کرنا) ، راج کرن (حکومت کرنا) ، یہ تمام الفاظ آج بھی سرائیکی اور سندھی دونو زبانوں میں مستعمل ہیں البتہ ''بیو'' (دوسرا) ، سان (کے ساتھ) اور ''کندا'' (کریں گے) فقط سندھی میں مستعمل ہیں ۔

حضرت مخدوم جہانیان جہاں گشت[2] اچّوی ۱۴ شعبان المعظم ۱۳۰۸ء/ ۷۰۷ھ کو پیدا ہوئے اور ۱۰ ذی الحجہ ۱۳۸۴ء/ ۷۸۵ھ میں ان کا وصال ہوا[2] ۔ آپ سے اگرچہ سرائیکی زبان کی کوئی مستقل تصنیف یادگار نہیں، البتہ آپ کے ملفوظات میں بہت سے سرائیکی فقرے اور جملے اب تک محفوظ چلے آ رہے ہیں، جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ آٹھویں صدی ہجری چودھویں صدی عیسوی میں نہایت شستہ و شگفتہ سرائیکی بولی جاتی تھی، بلکہ آپ کے خاندان نے تو احمد آباد (گجرات)، جونپور اور بہار وغیرہ میں بھی جا کر سرائیکی زبان کے علم کو بلند کیا ۔ سیاحتِ گجرات کے دوران جب آپ ''بٹوا'' پہنچے تو جہاں آپ نے قیام فرمایا اسی جگہ کے متعلق کہا کہ ''اتھاں اساڈے ہاڈاں دی خوشبو ہے ۔'' حسنِ اتفاق کہ اسی جگہ پر آپ کے پوتے حضرت قطب العالم کا مزار بنا[3] ۔ ایک مرتبہ ایک خاص مرید سے کہا ''آساں وی جہانیاں

۱- ڈاکٹر مہر عبدالحق، ملتانی زبان اور اس کا اردو سے تعلق (قلمی نسخہ) ص ۲۲۱ ۔
۲- مولانا غلام حسنین پھلواروی، مخدوم جہانیاں جہاں گشت ماہنامہ ''آستانہ زکریا'' ملتان ۔
۳- مناقب برہانی (ملفوظات حضرت قطب العالم رح) سید عبداللطیف رح بٹوی (تصنیف ۱۰۰۰ھ قلمی نسخہ) ۔

Marfat.com

تساں وی جہانیاں''۔ اپنے چھوٹے بھائی راجن قتالؒ سے فرمایا کہ ''اساں خواجے تساں راجے''۔ حضرت مخدوم جہانیاں رح جہاں گشت جب دہلی تشریف لے گئے تو شاہی مہمان تھے ۔ چنانچہ اسی قیام میں سلطان فیروز تغلق کی عیادت کرتے ہوئے دریافت فرمایا کہ '' کاکا فیروز چنگاں ہے ا ؟''۔ اس فقرے سے معاوم ہوتا ہے کہ دارالخلافہ دہلی میں بھی یہ عام بول چال کی زبان مروّج و مستعمل تھی ۔ خاص طور پر سلاطینِ دہلی کے محلّات اور مہمان خانوں میں ورنہ حضرت مخدومؒ کو اس زبان میں عیادت کرنے کی کیا ضرورت تھی ۔

حضرت قطب العالم برہان الدینؒ اپنے جد امجد حضرت مخدوم جہانیاںؒ جہاں گشت کا مشن لے کر احمد آباد گجرات پہنچے اور مدّت العصر وہاں تبلیغ فرما کر مدفون بھی ''بٹوہ'' میں ہوئے ۔ آپ سے ایک فقرہ ملفوظات میں منقول ہے۲ جس میں آج کی سی سرائیکی کی سلاست موجود ہے ۔ آپ نے اپنے کسی فرزند کی پیدائش پر فرمایا کہ ''اساں تھیں وڈا تساں تھیں وڈا مخدوم جہانیاں آیا'' ۔ سلطان محمد تغلق نے ۱۳۵۱ء/۷۵۲ھ میں سندھ پر حملہ کیا ، مگر ناکام رہا اس افراتفری میں حضرت مخدوم جہانیاںؒ نے بھی صلح و امن کی گفتگو فرما کر فریقین کو ٹھنڈا کیا تھا ۔ بہر حال ان حملوں کی یادگار ایک فقرہ اب تک تاریخوں میں محفوظ چلا آتا ہے ۔ ''برکت شیخ پٹھا اک موا اک نٹھا''۔ شیخ زادہ یعنی مخدوم جہانیاںؒ کی برکت سے ایک تو مر گیا (محمد تغلق) اور دوسرا بھاگ اٹھا (فیروز تغلق) ۔ اس فقرہ سے آٹھویں صدی ہجری چودھویں صدی عیسوی کے سندھ اور ملتان کی مشترکہ زبان کا بخوبی پتہ چل سکتا ہے۳ ۔ حضرت حاجی صدر الدین چراغ ہندی ، خلیفہ حضرت شاہ رکن عالم ملتانی (م - ۱۳۷۲ء/۷۷۴ھ) کے پوتے کو دیکھ کر شیخ حسام الدین صاحب مانکپوریؒ نے فرمایا کہ ''انشاء اللہ بڈھا ہوسی'' (یعنی خدا نے چاہا تو بوڑھا ہوگا) ۔

شاہ شمس سبزواری کی گربھیاں

شاہ شمس سبزواری اسمٰعیلی گروہ کے ایک نامور مبلّغ گزرے ہیں، جو ایران سے اسمٰعیلیہ شیعی مذہب کی اشاعت کے لیے پہلے کشمیر اور پھر پورے پنجاب کی سیاحت کرتے ہوئے ملتان وارد ہوئے ۔ مدّتوں ملتان میں رہ کر اسمٰعیلی مذہب کو پھیلایا ، قرامطہ اور فاطمیہ

۱- مخدوم جہانیاں جہاں گشت از مقالہ نگار مندرجہ ماہنامہ آستانہ زکریا ''خطۂ پاک اوچ'' مسعود حسن شہاب ، مطبوعہ اردو اکیڈیمی بہاولپور ، ص ۳۷۸ ، و ''تذکرہ قطب الاقطاب'' از نور احمد خان فریدی وغیرہ ۔

۲- سید عبدالطیف بٹویؒ مناقب برہانی (قلمی نسخہ) ۔

۳- حافظ محمود شیرانیؒ ، ''پنجاب میں اردو'' بحوالہ تاریخ فیروز شاہی و ''اردو کا مولد'' پیر حسام الدین راشدی مندرجہ رسالہ ''اردو'' ماہ اپریل ۱۹۵۱ء ۔

Marfat.com

تحریک کو از سر نو زندہ کیا اور بالآخر ۱۳۵۶ء/۷۵۷ھ میں وفات پا گئے اور ملتان میں مدفون ہوئے - سرائیکی زبان میں شیعی اور قرامطی افکار و خیالات کو سمونے کی تحریک کے اوّلین علمبردار یہی شمس سبزواری تھے، جو خود بھی سرائیکی زبان کے شاعر تھے ، اسمٰعیلی لٹریچر کی مستند کتابوں میں ہمیں جناب شمس سبزواری کی چند گربھیاں ملی ہیں جو انہوں نے ہندوؤں کو اپنے مذہب کی دعوت دیتے ہوئے کہی ا ہیں - چنانچہ کہتے ہیں :

مانو شاہ قاسم نور نین اے غافلو ، آل امام - گل مانی ، تینی کلاتھی اے یارو غافل پیر شمس سوہی (اے غافلو شاہ قاسم نور کو مانو کہ وہ آل امام ہیں اور انہی کی بات ماننی چاہیے ، تمہیں مطلع کر رہا ہوں کہ غفلت چھوڑو اور پیر شمس کو پہچانو کیونکہ جس نے پیر شمس کو پہچانا گویا آل امام کو پہچانا) -

ماتھو پتھر سوں چھو ہنٹورے ہندوؤ　　آؤ ڈیکھو نر قاسم شاہ اوتار
کیک نگری مان رہے چھے رے ہندوؤ　　تے صاحب دور ڈاتار

(اے ہندوؤ خواہ مخواہ پتھروں سے سر کیوں ٹکراتے ہو - آؤ تمہیں اوتار شاہ قاسم کی شکل میں دکھلاؤں جو کیک نگری میں رہتے ہیں اور دور و نزدیک والے سب پر دان احسان کرتے ہیں) -

کہتے ہیں جب پہلی مرتبہ ملتان آئے تو ایک مسجد میں چلے گئے ، نماز کا وقت ہوا ، شمس سبزواری بھی امام کے پیچھے نماز میں کھڑے ہو گئے مگر بیچ میں نماز توڑ کر بیٹھ گئے - لوگوں نے سبب دریافت کیا تو شعروں کی زبان میں جواب دیا کہ :

من میرا مصلّیٰ اتے اللہ میرا قاضی اکایا ماڈی مسیتاں اندر بہہ نماز گزاروں
مور کھ کیا جانے طاعت ہماری !
. . . . . .

شاہ شمس سبزواری ایرانی الاصل تھے مگر کشمیر پہنچے تو اس وقت کشمیر میں دردی زبان مروّج تھی چنانچہ اسے خوب سیکھا اور پھر اسی زبان کو پورے ملک میں ذریعۂ تبلیغ بھی بنایا - اسی لیے مذکورہ بالا گربھیوں میں دردی زبان کے اثرات زیادہ نمایاں نظر آتے ہیں - شاہ شمس سبزواری کی ان گربھیوں نے سرائیکی شاعروں کو ایک نئی راہ سمجھائی اور عوام الناس ایسے ادب کے عادی ہو گئے جس میں اسمٰعیلی عقائد اور افکار کی بھرپور ترجمانی ہو -

---

ا - ''شاہ سبزواری'' از مقالہ نگار مندرجہ ماہنامہ ''آستانۂ زکریا'' ملتان و ''فاطمی دعوت اسلام'' خواجہ حسن نظامی مرحوم -

Marfat.com

مذہبی مثنویاں ، اور درسی کتب

'مثنوی سیف الملوک' ۱۱۹۵ھ/۱۷۸۰ء میں لکھی گئی۔ مگر اس سے پہلے مذہبی ، فقہی ، عوامی اور درسی منظومات اور مثنویاں اس کثرت سے لکھی گئیں کہ سرائیکی زبان کو چار چاند لگ گئے۔ تاریخی تسلسل کے لحاظ سے حضرت بابا فریدؒ کے بعد امیر خسرو علیہ الرحمہ کی جامع کمالات شخصیت نظر آتی ہے ، انہیں اردو شاعری کا باوا آدم کہا جاتا ہے[۱] ۔ مگر جیسا کہ پہلے واضح کر چکا ہوں اردو کی ابتدائی صورت بھی سرائیکی علاقوں میں ہی بنی ہے ، اور یہ بھی مسلّمہ حقیقت ہے کہ امیر خسرو پانچ برس تک ملتان میں مقیم رہے ہیں ، اس لیے بلاشبہ کہنا پڑے گا کہ امیر خسرو بھی سرائیکی شعراء میں شامل کیے جا سکتے میں۔ سرائیکی آمیز فارسی غزلیں یا دوہے بھی ان کی یادگار ہیں اور بعض خالص سرائیکی ''برج بھاشا آمیختہ'' ہے ، شاید پٹیالی ضلع ایٹہ میں نشو و نما پانے کی وجہ سے یہ اثرات غالب آئے ہوں۔ بہر حال مندرجہ ذیل اشعار قابل غور ہیں :

اوہ گئے بالم اوہ گئے ندیوں کنار آپ اتر گئے پار، ہم تو رہے اورار
بھائی رے ملاح ہم کو جو پار اتار ہاتھ کا دیواں گی مندرا، گل کا دیوں ہار
چکوا چکواڈوں چنڑے ان کو مارے نہ کو جو مارے گھر تاڑ کے رین بچھوڑا ہو

☆ ☆ ☆

سن رے کیوڑے گانٹھ گٹھیلے میں توڑوں تیری ڈار
تجھ تلے میرا پیا سووے تو نے دی نہ پکار
گوری سووے سیجھ پر مکھ پر ڈارے کیس
چل خسرو گھر اپنے سانجھ بھئی چودیس

یا یہ مصرعہ کہ ع

گفتا کہ درائے بانورے گفتم کہ ایہہ کیا ریت ہے؟

ان میں بہت سے الفاظ خالص سرائیکی کے ہیں۔ امیر خسرو نے ملتان کے قیام میں سرائیکی زبان کا گہرا مطالعہ کیا اور اس کے لب و لہجہ کو بھی اپنے اشعار میں سمونے کی

۱- ابوالحسن یمین الدین خسرو غالباً ۶۵۲ھ/۱۲۵۳ء میں پٹیالی ضلع ایٹہ میں پیدا ہوئے - ان کے والد امیر سیف الدین محمود ترکستان سے ہند تشریف لائے - شاعری کا جذبہ فطری تھا - بچپن ہی سے شعر کہتے تھے - امیر خسرو ۱۲۸۰ء کے لگ بھگ شہزادہ محمد کی معیت میں ملتان تشریف لائے اور شہزادہ کی شہادت ۱۲۸۵ء تک وہیں مقیم رہے - اسی دوران سرائیکی زبان میں شاعری کے تجربات کا آغاز کیا اور ایک ''ریختہ'' کی بنیاد ڈالی - فارسی آمیز سرائیکی کو بے حد پسند کرتے تھے - ایک جگہ فرماتے ہیں:

اے دلی والے بتان سادہ ! پگ بستہ و چیرہ کج نہادہ

(''آب کوثر'' ص ۱۵۷، ''پنجاب میں اردو'' اور مقدمہ ''مثنوی ہشت بہشت'')

Marfat.com

پوری کوشش کی ۔ وہ ہفت زبان شاعر تھے اور سرائیکی زبان کی شیرینی و حلاوت نے انہیں موہ لیا ۔ فرماتے ہیں :

من کہ بر سر نمے نہادم گل　　تو پرہ بر سرم نہاد و گفتا چل

اس شعر کا تو پرہ اپنی پ (مشنّی ب) اور چل اپنی چ (مکرّر با مشنّی ج) کے سبب سرائیکی نہ جاننے والوں کے لیے درد سر ہیں مگر امیر خسرو رح نے انہیں شعر میں نگینے کی طرح جڑا ہے ۔

امیر خسرو کے ان اشعار ، بیتوں ، دوہوں ، پہیلیوں اور کہہ مکرنیوں کے علاوہ درسی نصاب کی ایک منظوم لغت 'خالق باری' بھی قابلِ دید چیز ہے ۔ کہا جا سکتا ہے کہ 'خالق باری' سرائیکی فارسی یا فارسی سرائیکی لغت پر مشتمل ایک منظوم رسالہ ہے جس میں ٹھیٹھ سرائیکی کے الفاظ میں فارسی الفاظ ، اسماء اور اعلام کا معنیٰ بتایا گیا ہے ۔ کہیں کہیں برج بھاشا یا ہندی کے الفاظ بھی استعمال کیے ہیں ۔ مگر تناسب کے لحاظ سے 'خالق باری' میں پچاس فی صد سے بھی زیادہ الفاظ سرائیکی کے ہیں ۔ بعض حضرات نے اپنی تحقیق میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ 'خالق باری' امیر خسرورح کی تخلیق نہیں بلکہ عہدِ فیروز شاہی کے کسی دوسرے مصنف کی ہے[1]۔ خیر امیر خسرو کی تصنیف نہ بھی تسلیم کی جائے تو عہدِ فیروز شاہی کی تصنیف ہونے پر تو محققین کا بھی اتفاق ہے ۔ اس لحاظ سے گویا ۱۳۵۱ء/۷۵۲ھ تا ۱۳۸۸ء/۷۹۰ھ میں سرائیکی زبان کے الفاظ درسگاہوں میں نصابی کتب کی افہام و تفہیم کا ذریعہ بنے ہوئے تھے[2] ۔ اور علماء تدریس و تعلیم میں اور صوفیہ ارشاد و تبلیغ میں ان سے بے نیاز نہیں تھے لیجیے ۔ چند اشعار حاضر ہیں :

کاہ و ہیزم گھاس کاٹھی جانیئے　　اینٹ ، ماٹی ، خشت و گل پہچانیئے
دیگ ہانڈی ، کفچہ ڈوئی بے خطا　　تابہ و کزگان کڑاہی اور توا
مس ہے تانبہ روئیں کانسہ آہن لوہ　　تیشہ بسولا ، تیر کلہاڑا غدر دروہ
خدر خسارہ ہندوی بول جو کہیے گال　　آج امروز بدان فردا را گوئی کال
فارسی روباہ ہندی لومڑی　　ماکیاں را نیز میخوان کوکڑی
سرگیں گوبر فلہ ہے پھوسی　　کدال کلند جو کہیے کسّی

بہت سے خالص سرائیکی الفاظ ہیں اور برج بھاشا یا دوسری زبانوں میں بھی ادھر ہی سے گئے ہیں ۔ امیر خسرورح کی وفات حضرت نظام الدین اولیاء دہلویر کے ساتھ ساتھ ۱۳۲۴ء/۷۲۵ھ

۱۔ پروفیسر محمود شیرانی رح ، پنجاب میں اردو ۔
۲۔ قاری بشیر الدین پنڈت ، سلاطین تغلق (مسلسل) مندرجہ ماہنامہ ''آستانۂ زکریا'' ملتان ۱۹۵۹ء ۔

Marfat.com

میں ہوئی ہے - مگر تواریخ میں ان کے ایک اور ہم عمر کا نام بھی ملتا ہے - جسے اس دور کی سرائیکی اپ بھرنش یا شور سینی سرائیکی شعراء میں جگہ دی جا سکتی ہے - میری مراد سکھوں اور ہندوؤں کے نامور گرو بھگت نام دیوجی کی ذات سے ہے -

بھگتی تحریک پر سرائیکی اثرات

سلاطینِ دہلی کے زمانے میں بھگتی تحریک شروع ہوئی - یہ دراصل اسلامی تعلیمات کارّد عمل تھا - ہندو عوام گروہ در گروہ اسلام قبول کر رہے تھے - توحید کے آسان قابلِ فہم مسلک اور مسلمان فقراء کی شخصیت سے متاثر ہو کر بالخصوص نچلی ذات کے ہندو بڑی تیزی سے دائرۂ اسلام میں داخل ہوتے چلے جاتے تھے - بھگتی تحریک نے اشاعتِ اسلام کو روکنا چاہا - عوامی مذہبی رہنما پیدا ہوئے - انہوں نے عوام کی زبان میں اپنے خیالات کا پرچار کیا - بھگت نام دیو، بھگت کبیر، گورو نانک، بھگت چھجو یہ تمام عوامی زبان میں شعر کہہ کر لوگوں کو اپنا ہم خیال بناتے تھے - بھگتی تحریک کے ادب کا مطالعہ کیا جائے تو اس میں سرائیکی کے الفاظ بڑی تعداد میں ملتے ہیں - مثلاً بھگت نام دیو کے ان اشعار پر غور فرمایا جائے :

میں اندھلے کی ٹیک تیرا نام کھند کارا میں گریب میں مسکین تیرا نام ادھارا

☆ ☆ ☆

کریما رحیما اللہ توں گنی ھادر ھدور در پیس توں منی

یہاں اندھلے، ٹیک، گریب، گنی کو دیکھیں - یہ سرائیکی کے الفاظ ہیں - نام دیو کے یہ اشعار ''آدی گرنتھ'' میں موجود ہیں - سندھ کے بھگت سدنا نام دیو بھگت کے معاصر ہیں - ان کا ایک شبد بھی ''آدی گرنتھ'' میں محفوظ ہے - اس شبد کا آخری شعر سنیے :

میں ناہیں کجھ ناہیں کجھ آہے نہ سورا اوسر لجّا راکھ لیھو سدھنا جن تیرا

ان مثالوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ ساتویں صدی ہجری تیرھویں صدی عیسوی کے آغاز سے دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے نصف آخر تک سرائیکی زبان ہر طرف پھیل رہی تھی - چنانچہ جیسا کہ پیشتر ازیں ذکر ہوچکا ہے - مانکپور کے مشہور بزرگ حضرت شیخ حسام الدین رح میں جب جونپور کے نامور سہروردی بزرگ حضرت حاجی صدرالدین چراغ رح ہند (م - ۷۷۴ھ) کی خدمت پوتے کو دعا کے لیے پیش کیا گیا تو آپ نے فرمایا ''انشاءاللہ بڈھا ہوسی'' تو ان کا نام ہی شیخ بڈھن پڑ گیا - احمد آباد گجرات کے سہروردی پیر طریقت حضرت شاہ عالم رح (فرزند زادۂ حضرت مخدوم جہانیاں بخاری رح) نے اپنے صاحبزادے بھیکن شاہ کو ایک مرتبہ فرمایا کہ

Marfat.com

''راجن جی پکڑو تے بدل پکڑو''۔ ان کی وفات ۱۴۷۵ء/۸۸۰ھ میں ہوئی ۱ ۔ سلسلۂ میراں شاہیہ کے بانی مشہور سہروردی بزرگ حضرت میراں محمد شاہ المعروف موج دریا بخاری؟ (م- ۱۶۰۴ء/۱۰۱۳ھ) کو جب کسی نے شیعوں کا یہ فقرہ سنایا کہ ''سید سنّی نہیں کاٹھ دی کنّی نہیں'' تو آپ نے جوش میں آ کر ایک عجیب و غریب کرامت کا اظہار فرمایا ۲ ۔ اس دور میں سرائیکی اثرات دکن میں بھی پہنچ گئے- یہ کچھ تو وادئ سندھ کی قدیم دراوڑی اقوام کی ان علاقوں میں مستقل بود و باش کی وجہ سے پھیلے تھے اور کچھ علاءالدین خلجی اور محمد تغلق کے ان فوجیوں اور خدمتگاروں کے پھیلائے ہوئے تھے جن کو ان حکمرانوں نے سرائیکی علاقوں سے وہاں بھجوایا تھا ۔ بہر حال دکن میں بھی سرائیکی اثرات دکھائی دیتے ہیں ۔ شاہ میراں جی شمس العشّاق (۱۴۹۶ء/۹۰۲ھ) ، ابراہیم عادل شاہ (۱۵۹۶ء/۱۰۰۵ھ) ملا وجہی (۱۶۰۹ء/۱۰۱۸ھ) غواصی صاحب سیف الملوک (۱۶۲۵ء/۱۰۳۵ھ) اور دوسرے بہت سے دکنی شعراء نے سرائیکی زبان کے الفاظ اپنی منظومات میں استعمال کیے ہیں ۔ دیکھیے ملتان اور سندھ سے کالے کوسوں دور بیٹھ کر دکن کے شعراء ٹھیٹھ سرائیکی الفاظ کس چابکدستی اور ہنر مندی سے استعمال کر رہے ہیں :

(۱) صفت کروں میں اللہ اکبری جے پوری پورن پـــور
قـــادر قـــدرت رنگیکاروں نیـــڑے ہے نـــہ دور
(شاہ میراں جی شمس العشّاق رح)

(۲) سمدور ہے اک ہـــور ندیاں ہیں سو ہـــزاراں
باتاں ہیں ســـو کروڑاں ولـــے ٹیک رســـن ہے
(سلطان قلی قطب شاہ)

(۳) جیوں دیپک میں دسے نگینا مشک عنبر بچھـــائی انگنا
(ابراہیم عادل شاہ)

(۴) سجن مکھ شمے باجھ اجالا نہ بھاوے بھلایا ہے بنج جیو کوں او اجالا ۳
(سلطان ظل اللہ)

(۵) کدیں روتی ، کدیں ہستی وتی او کدیں چپ اور کدیں باتاں کہتی او
(محمد امین دکنی)

---

۱ ، ۲ مولوی نور احمد خان فریدی ، تذکرۂ قطب الاقطاب شاہ رکن عالم ملتانی مطبوعہ قصرالادب جگو والا ضلع ملتان ص ۵۷۲ ، ۶۴۴ وغیرہ ۔
۳- نصیرالدین ہاشمی ، دکن میں اردو اور شعر الہند از مولانا عبدالسلام ندوی ۔

شراب ہور صراحی حور ہے جام ہوئے مست مجلس کے لوکاں تمام
بسر گئے نـدیماں طـرز بات کا گنـوائے خبر مطـرباں دات کا
جو آیا جھلکتا سـورج واٹ کـر اندھارا جو تھا سو گیا ناٹ کـر
کدیں شہ کوں ٹک لاوے باتاں منے کدیں ہات دے شہ کے ہاتاں منے
کہ شاہاں کنے جھوٹ کہیا نہ جائے بکے جھوٹ کے سو پتیارا گنوائے
کہے ہد ہداں جـا سلیماں[۴] کوں کہ شاہ دار آوے منگن دان کون
(ازملا وجہی دکنی)

سٹے دہرت پریوں منڈہیاں کاٹ کاٹ سو کس کو سمجھتا نہ تھا باٹ گھاٹ
سنیا تھا جو سوداگر اک بے نظیر اتھا اس کنے ایک[۱] راوان گنیر
(غواصی)

کن دھر کوں کاں جاؤں مجھ دل پہ بھل بھجرات ہے
اک بات کئے ہوں گے سجن یاں جیو بارہ بات ہے
(ابوالحسن تانا شاہ)

ہر پھر ولی تیرے کن آتا ہے جیون کا سائل تیرے مٹھے بیاں کا جب سوں پڑیا ہے چسکا
تیری کمر مصور چتریا ہے کس ادا سوں کیتا ہے صرف اس میں ناز و نیاز گویا
ہر وقت نہ سٹ کحل تغافل کوں اکھیاں میں ہک مہر سوں اس طرف اے بے مہر نظر کر ا
(ولی دکنی)

مندرجہ بالا اشعار میں کافی الفاظ سرائیکی زبان کے ہیں ۔ ان پر غور کرنے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ دکنی اُردو جب عالم وجود میں آئی تو اس میں سرائیکی کا کس قدر دخل تھا ۔

دسویں صدی ہجری سولھویں صدی عیسوی کے ایک بزرگ حضرت شاہ ولایت ملتانی نے عربی صرف کے قوانین کو 'قوانین صرفیہ منظومہ ہندیہ' کے نام سے نظم کیا ۔ ان کے ابتدائی اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سے پہلے بھی کسی بزرگ نے (ہندی زبان) یعنی سرائیکی میں قوانین صرف کو منظوم کیا تھا۔ اگر یہ صحیح ہے تو سرائیکی زبان پندرھویں صدی عیسوی/نویں صدی ہجری سے ذریعۂ تعلیم بنی ہو گئی ۔ چنانچہ شاہ ولایت ملتانی صاحب ارشاد فرماتے ہیں :

قانون صرف دے کہیں شخص نے ''ہندی'' وچہ بنائے
پر یاد کریندیاں مبتدیاں نوں اوہ بھی مشکل آئے

یہ رسالہ بڑی تقطیع کے چوبیس صفحات پر مشتمل ہے جسے ''کتبخانہ خضر منزل ملتان''

۱- نصیر الدین ہاشمی ، دکن میں اردو ''قطب مشتری'' ملا وجہی مرتبہ ڈاکٹر مولوی عبدالحق ، ''شعر الہند'' مولانا عبدالسلام ندوی وغیرہ ۔

Marfat.com

نے شائع کیا تھا ۔ آخری شعر یہ ہیں :

قانون صرف دے مکمّے یارو فضل کیتا رب باری
نال فضل دے اللہ بخشے جو کوئی سامع قاری
شاہ ولایت عاصی بھارا کر امید دعائیں
شاید برکت کہیں صاحب دے بخش کرے رب سائیں ۱

اسی طرح ملتان کے ایک نامور واعظ ، درویش اور شاعر حضرت شیخ عبداللہ گزرے ہیں جن کا زمانہ ۱۶۷۹ء/ ۱۰۹۰ھ کے لگ، بھگ متعین کیا گیا ہے ان کی ایک مشہور نظم ''پردیسی جندڑی'' کے عنوان سے سرائیکی علاقوں کے گھر گھر میں مدّتوں سے پڑھی جاتی ہے اور حقیقت میں سرائیکی کے عوامی ادب کی نمائندہ اور شاہکار نظم ہے ۔ اس کا موضوع دنیا کی فنا پذیری اور نیکی کی رغبت دلاتا ہے ۔ دو بند آپ بھی ملاحظہ فرمائیں :

ب بـــرادر بھـائی تیرے ہور سکے ہمراہی تیرے
گلوچہ پاسن پھائی تیرے ناں کوئی اسنگ کریسیا
سمجھ بندے توں نال فکر دے ایہہ جندری پردیسیا
م ملّاں بن شرع جگائیں کر کر وعظاں خلق سنائیں
آپ نہ سدّھے رستے جائیں دوزخ رب ڈکھیسیا
سمجھ بندے توں نال فکر دے ایہہ جندڑی پردیسیا

یہ نظم صنف کے لحاظ سے سی حرفی ، ہیئت اور تکنیک کے لحاظ سے مخمّس ہے ۔ اس حیثیت سے گویا حضرت شیخ عبداللہ ملتانی رح کی یہ نظم سرائیکی کی قدیم ترین سی حرفی بھی ہے اور قدیم خمسہ بھی ۲

اس دور کی یادگار بہت سے جنگ نامے ، معراج نامے اور نور نامے بھی ہیں ۔ پنجابی ادب کے محققین سب سے قدیم جنگ نامے حافظ برخوردار اور پیر محمد کاسبی کے قرار دیتے ہیں ۔ جن کا تعلق ۱۶۷۰ء/ ۱۰۸۱ھ سے ہے مگر سرائیکی کے ایک قدیم علاقے ''بھونگ بھارہ'' کے ایک درویش شاعر پیارا شہید ۱۵۸۶ء/ ۹۹۵ھ میں جنگ نامہ ، درد نامہ اور معراج نامہ تصنیف فرما چکے ہیں ۔ ان کی ہر سہ کتب کا کوئی قلمی نسخہ ابھی تک دستیاب نہیں ہو سکا البتہ ہر سہ کتب کے بہت سے اشعار زبان زد عوام ہیں ۔

۱- شاہ ولایت ملتانی ، قوانین صرفیہ منظومہ ہندیہ محشی بحواشیٔ مفیدہ نوریہ مطبوعہ مکتبہ خضر منزل ملتان ۔

۲- حضرت شیخ عبداللہ ملتانی ، م ۱۰۹۰ھ ''ایہہ جندڑی پردیسیا'' ، مطبوعہ صدیقیہ کتب خانہ ملتان ۔

Marfat.com

ان کا نام پیارے خان تھا ۔ قوم کے بلوچ تھے اور چانڈیہ قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے ۔ اس قبیلہ کی جو گوت چانڈ کو ریاست پر حکمرانی کرتی رہی ہے ۔ آپ اسی کے فرد[1] تھے۔ اور اسی کا دفاع کرتے ہوئے شہید ہوئے ۔ درویش طبع تھے اور سہروردی سلسلہ میں خلیفۂ مجاز بھی تھے ۔ آپ کے کلام میں تصوّف ، تحریکِ عمل ، جوشِ جہاد اور ولولۂ ایمانی ہے ۔ نمونہ کے طور پر ایک مشہور دوہا درج کیا جاتا ہے :

لگ گئی پیت تے بھل گئی ساری ذات صفات دی موانھیں
عشق دے رہ وچ خار ہزاراں تے میں مٹھڑی ان سوانھیں
سینگیاں سیّاں کرو دعائیں شالا سر ڈے تھیواں اگوانھیں
لازم کفر پیارا ہوں تے جیڑہی راہوں تھئی پچھوانھیں

سترھویں صدی عیسوی یعنی گیارھویں صدی ہجری کے آخر تک غزل ، رباعی اور عوامی نظموں کے ساتھ ساتھ مذہبی، فقہی اور درسی مثنویوں کا سلسلہ بھی برابر چلتا رہا ۔ چنانچہ ۱۶۷۵ء/۱۰۸۶ھ میں ضلع جھنگ کے ایک عالم دین مولانا عبدالکریم نے 'نجات المومنین' کے نام سے ایک مثنوی لکھی جسے سرائیکی ادب کے درمیانی دور کی امّہات الکتب میں جگہ دی جاتی ہے ۔ اس کے چند اشعار بطور نمونہ درج ذیل ہیں جن کی زبان خالص سرائیکی ہے :

سبھ ثناء خدائے نوں جیندا کل جہان، بہت درود رسولؐ نو لتّھا جین فرقان
کہاں درود بھی آل تے جس تے اوہ خوشنود ہووے ساریاں مومناں لکھ ہزار درود
پھیر اصحاب رسولؐ دے جنہاں شرف عیاں وت دوست بجھ رسولؐ دے جملہ مسلمان

☆ ☆ ☆

ایمان اندر فرض ترے اول منن ذات ڈوجھا وحدت ربدی تریجھا من صفات
پنج بناء اسلام دے کلمہ پنج صلواۃ روزہ حج زکواۃ بھی کر تاں لہیں نجات

مولوی عبدالکریم جھنگوی کے کچھ برس بعد ۱۶۸۸ء/۱۱۰۰ھ میں ملتان کے ایک اور بزرگ حافظ محمد صاحب نے معراج پر ایک طویل مخمّس لکھا جو 'معراج نامہ' کے نام سے بہت مقبول و مروج ہوا ۔ گویا ''بھونگ بھارا'' کے قبول چانڈیہ اور حضرت پیارا شہید کے بعد سرائیکی زبان کا یہ تیسرا 'معراج نامہ' ہے جسے قبول عام حاصل ہوا[2] ۔ حافظ محمد کے ایک اور ہمعصر مولانا چراغ اعوان نے 'ہیر رانجھا' کو نظم کا جامہ پہنا کر گویا سرائیکی زبان میں عشقیہ داستانوں کا آغاز کر دیا ۔ اس سے پہلے کسی مستقل عشقیہ مثنوی کا سراغ نہیں ملتا ۔

۱- دیکھئے - روسائے پنجاب - جلد نمبر ۲ ۔
۲- ڈاکٹر مہر عبد الحق ، ملتانی زبان اور اس کا اردو سے تعلق قلمی نسخہ ، ص ۲۳۴ ۔

Marfat.com

عشقیہ داستانیں

چراغ اعوان

سرائیکی کی نسبت پنجابی زبان میں عشقیہ داستانوں کا آغاز پہلے ہو جاتا ہے ۔ مثلاً حافظ برخوردار کو لیجیے ۔ آپ 'مرزا صاحباں' 'سسّی پنوں' 'ہیر رانجھا' اور 'یوسف زلیخا' چار مثنویوں کے مصنف ہیں ۔ 'یوسف زلیخا' ۱۶۷۹ء/۱۰۹۰ھ کی تصنیف ہے ۔ اس سے پورے اکتیس (۳۱) برس بعد ڈیرہ غازی خان کے ایک گوشہ نشین سرائیکی شاعر حضرت چراغ اعوان نے سرائیکی زبان میں 'مثنوی ہیر رانجھا' لکھ کر عشقیہ داستان گوئی اور مثنوی نگاری کا آغاز کیا ۔ مثنوی میں چراغ نے معظم شاہ کی حکمرانی کا بھی ذکر کیا ہے جو کہ ۱۷۱۲ء/۱۱۲۳ھ میں فوت ہوا ۔ مگر اس کا اختتام ۱۷۹۹ء/۱۱۲۱ھ میں ہوا جیسا کہ وہ خود کہتے ہیں :

پنّی ہیر تمام تھئی تاریخ پنجم شعبانی — یارہاں سے من سال اکویویں من مومن دل جانی
زمانہ شاہ بادشاہ معظم سچّا ملک ربّانی — عالم فاضل عادل غازی رعیت وچہ احسانی

جس دور میں چراغ اعوان نے یہ مثنوی لکھ کر سرائیکی شاعری کی ادبی ثروت میں اضافہ کیا ، ہمارے اس شاعر نے اپنے دور کی تہذیب اور ثقافت و معاشرت کو مثنوی میں سمونے کی بھی بھرپور کوشش کی ہے اور مثنوی کے تمام لوازمات اور خصوصیات کا بدرجۂ اتم خیال رکھا ہے ۔ 'ہیر رانجھا' کی داستان کو سب سے پہلے پنجابی زبان میں دمودر داس اروڑہ نے ۱۶۹۴ء/۱۱۰۷ھ کے لگ بھگ نظم کیا تھا ۔ چراغ اعوان سرائیکی زبان کا وہ اولین مثنوی گو شاعر ہے جس کے اثرات سرائیکی مثنوی نگاری پر نہایت گہرے اور دور رس ثابت ہوئے ۔ چنانچہ سرائیکی زبان کا ملک الشعرأ اور سرائیکی مثنوی کا بادشاہ مولوی لطف علی بہاولپوری بھی مثنوی کی بحر اور تکنیک میں چراغ اعوان کا خوشہ چین نظر آتا ہے ۔ چراغ کی بحر شگفتہ و رواں ، اندازِ بیان دلکش اور زبان صاف ستھری ہے ۔ اس نے اپنے عہد کی تہذیب و تمدن اور طرزِ بود و ماند کو خوب اجاگر کیا ہے اور یہ خصوصیت اس سے پہلے کی مثنویوں میں نہیں ہے ، لیجیے اب چند اشعار مطالعہ فرمائیے ۱ :

پھونتی ہیر بلوغت کوں جان آئی وچہ جوانی — حوراں دست تعجب لب تے ڈیکھ پری ستانی
زلف سیا ڈسن خوش پلکاں ابرو مثل کمانی — چشماں خوب قراخ منوّر بہت کشاد پیشانی
ڈند سفید ستارے چمکن دور مکنون قرانی — لالی لال لباں تے سوہندی مونہہ سبھو نورانی

۱- چراغ اعوان ، مثنوی ہیر رانجھا مطبوعہ ملتان باہتمام خدا یار ملتانی ۱۲۹۵ھ نسخہ دوم مطبوعہ اینگلو اسٹیم پریس لاہور ، سوم نسخہ قلمی ملکیہ مقالہ نگار ۔

Marfat.com

بینی ڈیکھ مثال الف دے نس کاتب گئے ہانی　　گردن صاف تے گلو بنائی خاص اوزاروں مانی
آبحیات مثال شہد دے شیریں سحن زبانی　　قد شمشاد صنوبر عرعر پشتی شکل دہانی
واہ گلزار بہار گلاں دی سیر چمن بستانی　　سنکر گیت خوشی بلبل دے گل بھی تھئے حیرانی
کبکاں ٹورو سار ڈتی خوش ٹور ٹرن جریانی　　ماہ تھیا حیران اتھا گھن راہ جلیا اسمانی

صدیق لالی

چراغ اعوان کے بعد سرائیکی مثنوی نگاروں میں قصبہ لالیاں ضلع جھنگ کا نامور شاعر صدیق لالی منظر عام پر آتا ہے، جس نے ۱۷۲۵ء/۱۱۳۸ھ میں 'مثنوی یوسف زلیخا' لکھ کر بہت سے شعراء کے لیے راہ پیدا کر دی۔ صدیق لالی سے تقریباً اسّی برس بعد اچہ شریف (ریاست بہاولپور) کے مولوی عبدالحکیم صاحب نے 'یوسف زلیخا' پر قلم اٹھایا۔ صدیق لالی کی زبان سادہ ہے۔ بولی لہندی اور ملتانی کی ملی جلی۔ ان کی مثنوی کا نمونہ ملاحظہ کیجیے:

قصہ عشق محبّت والا آپ الٰہی چنیا　　حال حبیباں تے محبوباں کل عالم وچ سنیا
تارازل دی راگ اٹھایا کن پیا مشتاقاں　　مست پیالہ دلبر والا پی سٹے وچ خاکاں

صدیق ایک فطری شاعر تھا اور اس نے اپنے جذبات کو سیدھے سادھے مگر سہل ممتنع انداز میں بیان کیا ہے۔ وہ مشکل پسند نہیں اور نہ ہی گرانبار تراکیب کا قائل ہے۔

صدیق لالی کے بعد ریاست بہاولپور کے قصبہ شیر گڑھ میں ایک عالم دین ہو گذرے ہیں جنہوں نے اپنے زمانہ کی جاہلانہ اور غیر اسلامی رسوم کو دیکھ کر اصلاحِ معاشرت کے خیال سے ایک مثنوی لکھی جسے 'میّت نامہ' یا 'مسائل کفن و دفن' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ مصنف خالص سرائیکی علاقے کے ہیں اور زبان و بیان بھی سندھی آمیز سرائیکی ہے۔ مولانا نور محمد نے نہ صرف یہ کہ میّت سے متعلق اسلامی فقہ کے مسائل بتائے ہیں بلکہ گیارھویں اور بارھویں صدی ہجری یعنی سترہویں اور اٹھارہویں صدی عیسوی کے سرائیکی معاشرے میں میّت کے ساتھ جو رسوم اور شگون وابستہ تھے ان کی بھی نشاندہی کی ہے، گویا ایک لحاظ سے مولانا نے مذہبی مثنوی میں بھی صنف مثنوی کی صفات اور فنّی باریکیوں کو نبھانے کی کوشش کی ہے۔ مثنوی کے چند ابیات آپ کی ضیافت طبع کے لیے پیش کیے جاتے ہیں:

حاجی نور محمد کہندا　　شیر گڑھ سندھ والی وچہ رہندا
جان ڈٹھا میں ایہو حال　　تان میں کیتا ایہہ کشال
وستیاں وچہ ملانے راہندے　　گھن خلقاں تھیں ٹھگیاں کماندے
نہ جانن حیلہ نہ اسقاط　　نہ جانن غسل کفن دی بات
نورمحمد آکھ سنایا　　ان سکھیاں ملیاں کو سکھلایا

Marfat.com

حضرت علی حیدر ملتانی

۱۱۱۸ھ/۱۷۰۶ء میں سرائیکی زبان کے عمر خیام حضرت علی حیدر ملتانی کی ولادت ہوئی ، جو سرائیکی کے ترقی یافتہ دوہے یعنی رباعی کے بادشاہ تسلیم کیے جاتے ہیں - یار لوگوں نے ان کی شخصیت اور ذات کو بھی معمہ و چیستاں بنانے کی کوشش کی ہے ، حالانکہ آپ کی خانقاہ موجود اور خاندان بدستور معزز و محترم ہے - ضلع ملتان میں عبدالحکیم اور تلنبہ کے درمیان راوی کے دائیں کنارے ایک موضع ''ہمجانہ'' ہے جو آج کل ضلع لائلپور میں شامل ہے - آپ کی ولادت اسی موضع میں ہوئی اور آپ کا مزار بھی یہیں ہے - چراغ اعوان کے بعد علی حیدر کے دوہوں نے سرائیکی ادب کو دوسری زبانوں کے مقابلے میں آنے کے قابل بنایا ، آپ نے نہ صرف یہ کہ عشق و محبت کے جذبات و کیفیات کو نظم کرنے میں کامیابی حاصل کی بلکہ اپنے معاشرے کے دکھوں کو بھی اشعار میں سمونے کی بھر پور کوشش کی - چنانچہ آپ کی شاعری اس دور کی معاشرت اور تمدن کا آئینہ ہے - علی حیدر سے پہلے (حضرت سلطان باہوؒ کے سوا) اور کوئی ایسا شاعر نہیں گذرا جس کے نغمات کو پورے پنجاب کے علاوہ سندھ اور دیگر سرائیکی علاقوں میں بھی قبول عام حاصل ہوا ہو- ان کے کلام کا سب سے پہلا مجموعہ ۱۸۸۹ء/۱۳۰۷ھ میں 'مجموعہ سی حرفیاں مع ہیر' کے نام سے مطبع مصطفائی لاہور میں چھپا اور اس کے بعد ۱۹۰۷ء/۱۳۲۵ھ میں 'مجموعہ مکمل ابیات علی حیدر' کے نام سے لاہور کے مشہور ناشر ''اللہ والے کی قومی دکان'' کی طرف سے شائع ہوا - ان مجموعوں میں چھ سی حرفیاں کم و بیش دو سو تہتر (۲۷۳) مختلف دوہڑے (رباعیات) ایک مولود (نعت) اور 'قصہ ہیر رانجھا' سی حرفی کے انداز میں ملتا ہے - سرائیکی ادب کو ان پر ہمیشہ ناز رہے گا - لیجیے ان کے چند دوہے حاضر خدمت ہیں :

خ - خوشی وسے اوہ دیس راوی جتھے وسدیاں کل کنواریاں نی
گھڑا گھن کے ڈھاکان تے چا ٹرن او تاں دو نیناں دیاں ماریاں نی
ونج ونج وے نینگرا چھیڑ ناہیں متاں آون اساڈیاں واریاں نی
اوڑک عشق توں حیدر ایہہ حاصل جو جتیاں بازیاں ہاریاں نی

ن - نت نہ ماہی تے نت نہ منجھیں تے نت نہ ساوڑے تلڑے نی
نت نہ خوشیاں تے نت نہ غمیاں تے نت نہ کم سولڑے نی
نت نہ مینڈی تے نہ تینڈی تے نت نہ ونگڑے چھلڑے نی
علی حیدر آکھے کر لے عمل چنگے تینوں موت سنہڑے گھلڑے نی

ریاست بہاولپور کے ایک مثنوی گو شاعر غلام محمد نے بہاولپور کے عباسی خاندان کے ایک علم پرور رئیس جناب غازی محمد خان داؤد پوتہ کی فرمائش پر سندھ کی مشہور لوک کہانی

Marfat.com

'لیلاں چنیسر' کو ۱۱۸۷ھ/۱۷۷۳ء میں نظم کا لباس پہنایا۔ غالباً سرائیکی میں 'لیلاں چنیسر' پر یہ پہلی اور آخری مثنوی ہے۔ یہ قصہ سندھی کے بہت سے قدیم و جدید شعراء نے نظم کیا ہے، مگر سندھ سے باہر صرف مولانا غلام محمد بہاولپوری نے ہی اسے موضوع سخن بنایا۔ مثنوی کی بحر رواں دواں اور زبان پاکیزہ اور شستہ ہے۔ مضامین میں ندرتِ فکر، اشعارات و تشبیہات اور بلند خیالی کی فراوانی ہے۔ بحر وہی ''چراغ اعوان'' والی ہیر کی ہے۔ جسے مولانا غلام محمد کے بعد ملک الشعراء لطف علی اور دیگر شعراء نے اپنایا۔ مولانا غلام محمد 'لیلاں چنیسر' کا سبب تصنیف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

جوڑیم شعر ''چنیسر لیلا'' خان غازی دے وارے
عدل احسان تہیں دے ہتھوں لکھ لہندے داد وچارے
دولت مند سکندر ثانی دانش عظمت دارے
بخت بلند سخی سمجھیندا سیتی نہم قرارے
جیویں جند جوانی مانڑیں نال حسن گلزارے
کرے دعا غلام محمد اس نوں دم دم شوق نہارے

''لیلاں'' جب فریب میں آ کر ایک ہار کے بدلے اپنے محبوب ''چنیسر'' کو فروخت کرتی اور علم ہونے پر افسوس کرتی ہے تو اس کی کفیت ملاحظہ کیجیے:

قہر گھتے رب تنہاں تے لیلاں نال سہیلی سکھی
جیں لکھی گنت چنیسر دی تیں قیمت مول نہ لکھی
سے لکھ ہار تصدق تیں توں جام وفا جیں چکھی
ویچ وٹا اول البیلی پچھے ملیں ہتھ مکھی
گذری گالھہ نہ پہونچن گھوڑے اڈر تھیوں توڑے پکھی
لیلاں ماں بیٹھی ہن سائیں ہار سینے تے رکھی[1]

حضرت خواجہ محکم الدین اسیر اویسی

اب ہم حضرت خواجہ محکم الدین اسیر اویسی رح کا ذکر کرتے ہیں جن کا مزار معروف قصبے ''خانقاہ شریف'' ضلع بہاولپور میں ہے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم مشہور چشتی بزرگ خواجہ نور محمد مہاروی المعروف قبلۂ عالم کے ساتھ مل کر لاہور میں حاصل کی۔ بقول مؤلف 'خلاصۃ الفوائد' ۱۱۶۳ھ/۱۷۴۹ء میں قبلۂ عالم اور خواجہ سیرانی لاہور کی کسی مشہور درسگاہ میں زیر تعلیم تھے[2]۔ ان دونوں بزرگوں کے تعلقات زندگی بھر بہترین اور

۱- مولانا عزیزالرحمٰن، لیلاں چنیسر، مطبوعہ ماہنامہ العزیز ماہ اپریل ۴۱ء
۲- حکیم محمد، خلاصۃ الفوائد، ص ۳۴ مطبوعہ دارالبلاغ لاہور۔

Marfat.com

خوشگوار رہے ۔ خواجہ محکم الدین سیرانی ''اویسی المشرب'' ہونے کے باوجود صاحبِ ذوق اہلِ سماع میں سے تھے ۔ آپ بارہا قوالوں کو تخلیہ میں بلا کر عشقیہ اور فراقیہ اشعار سنا کرتے تھے۔ اسی ذوق و شوق کے باعث آپ کبھی کبھار شعر بھی کہتے تھے ۔ چنانچہ آپ کی ایک سی حرفی مطبوعہ ملتی ہے، جسے آپ کے ملتانی عقیدتمند ناشروں نے چھاپا ہے ۔ یہ ''سی حرفی'' بارہا چھپ چکی ہے اور مقبول و مشہور ہے ۔ دو بند ملاحظہ فرمائیے :

ب ۔ بسم اللہ کہہ کر وڑساں پھرساں ڈھونڈ ہیندی بیلا
واٹاں گھاٹاں پچھدی وٹاں ڈیکھاں وقت نہ ویلا
توں ماہی دی سک سہیں کوں کڈاں گریسیں میلا
بئسما یامرکم بہ ایمانکم جــو ہورہا جی حیلا

د ۔ دیوانی ہو رہی مینوں گل نہ کائی سجھے
ماہی میڈے ویدن لہے ہور نہ کوئی بجھے
ایہو کھیڑا جھیڑا کر کر نال میڈے نت لجھے
دولۃ بین الآغنیاء منکم جو پڑہیم میڈا کوئی گجھے

حضرت محکم الدین سیرانی[1] کا دور سرائیکی ادبیات کا شاندار دور ہے ۔ اس دور کے شعراء نے ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کرکے اپنے جوہر دکھائے ۔ چنانچہ ملتان کے ایک نامور شاعر محمد حسین جو پیشہ کے لحاظ سے نیلگر تھے اور جلد سازی کے فن میں بھی ید طولیٰ رکھتے تھے فارسی اور سرائیکی کے بلند پایہ تاریخ گو شاعر تھے ۔ انہوں نے اپنے دور کے تمام اہم واقعات پر بہترین تاریخی قطعات کہے ہیں ، مگر لطف کی بات یہ ہے کہ فارسی کے ساتھ ساتھ سرائیکی اشعار سے بھی تاریخی مادے استخراج کیے ہیں ۔ مولانا محمد حسین کا تخلص ''عبرت'' تھا اور یہ کچھ عرصہ نواب صاحب بہاولپور کے شاہی کتب خانے سے بھی متعلق رہے ہیں ۔ ذیل کے تاریخی مادے سرائیکی زبان میں ملاحظہ فرمائیے ۔ ملتان کے حکمران خاندان سدوزئیوں کے نامور نواب ''یٰسین خان سدوزئی'' کی وفات پر مصرعہ تاریخ کہا :

''خان سدھایا وت نہ آیا'' جس سے ۱۲۰۰ھ/۱۷۸۵ء مستفاد ہوتا ہے ۔ ملتان کی ایک مشہور ''ڈیرے دارنی طوائف'' مری تو ان کے اعزہ کی فرمائش پر یہ تاریخی شعر کہا :

''اج پئی کوٹیندی یارو ! وے چھڑاؤ چوکیدارو !'' اور اس سے ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۸ء نکالا[1] ۔

حضرت مولانا لطف علیؒ

بارھویں صدی ہجری اٹھارھویں صدی عیسوی کے نصف اول میں سر زمین بہاولپور کی

۱۔ مولانا عزیزالرحمن دبیر الملک مرحوم ، ملتان کا گمنام شاعر ، ماہنامہ ''العزیز'' ، ماہ ستمبر ۴۲ء

مردم خیز کوکھ نے اس فرزند کو جنم دیا جو اگر منصۂ شہود پر جلوہ گر نہ ہوتا تو سرائیکی شاعری ''گل بے خوشبو'' ہو کر رہ جاتی - میری مراد ملک الشعراء حضرت مولانا لطف علی مصنف 'سیف الملوک' کی ذات گرامی سے ہے - آپ کی ولادت ۱۷۱۶ء/۱۱۲۹ھ میں ہوئی - اور وفات کا سال ۱۷۹۴ء/۱۲۰۹ھ متفق علیہ ہے ۱ ۔ راقم سطور کے خیال کے مطابق حضرت لطف علی کا وطن مالوف قصبہ بہادر پور (نزد مئو) ضلع رحیم یار خاں ہے ، جس کے دلائل و شواہد ناقابل تردید ہیں - مئو شریف (ضلع رحیم یار خاں) کا علاقہ خود مردم خیز رہا ہے - مئو کے روحانی بادشاہ حضرت حمید الدین الحاکم رح ساتویں صدی ہجری تیرھویں صدی عیسوی میں سرائیکی اور فارسی کے عظیم شاعر تھے جن کا نمونۂ کلام پہلے دیا جا چکا ہے - ان کے بعد اس خاک پاک نے لطف علی ایسا بے ہمتا سخنور پیدا کیا ، جنہیں اگر سرائیکی زبان کا میر حسن کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا !

لطف علی نے اگرچہ بحر ، تکنیک اور اندازِ بیان میں اپنے پیشرو چراغ اعوان (مصنف ہیر رانجھا) کا تتبع کیا ہے ، مگر اس میں شک نہیں کہ اس کی شہرت اور قبولیت عامہ کا سبب اس کی انفرادیت اور شعری لطافت ہے - یہی سبب ہے کہ سرائیکی زبان کے رئیس المتغزلین خواجہ غلام فرید نے بھی لطف علی کو اپنا امام تسلیم کرتے ہوئے اسے خراج عقیدت پیش کیا ہے ۲ - غالباً اس مثنوی کا پہلا نسخہ مصنف کی وفات کے اٹھاسی سال بعد ۱۸۷۹ء/۱۲۹۷ھ میں کانپور کے کسی ناشر نے شائع کیا - اس کے تقریباً تیرہ چودہ برس بعد دوسرا نسخہ روز بازار سٹیم پریس امرتسر میں چھپا - ان دونوں نسخوں میں صحت کتابت کا خاص خیال رکھا گیا تھا - مثنوی کی کہانی اور کردار اگرچہ برِّصغیر ہند و پاک سے باہر کے ہیں مگر جس طرح انیس و دبیر نے واقعۂ کربلا کے کرداروں کو ہند میں چلتا پھرتا دکھایا ہے بعینہ لطف علی نے بھی کمال چابکدستی کے ساتھ موقع و محل کی مناسبت سے اپنے علاقوں کی تہذیب و تمدن کو بھی اجاگر کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے - ہند و پاک کی زبانوں میں اس کہانی کو سب سے اوّل دکن کے ملاّ غواصی نے فارسی نثر سے دکنی نظم میں ترجمہ کیا - ان کے بعد ۱۷۸۰ء/۱۱۹۵ھ میں لطف علی نے اپنی عدیم المثال 'سیف الملوک' کی تکمیل کی - سرائیکی زبان کے اس دور کی اکثر مثنویوں ، کافیوں (غزلوں) اور دوہوں (رباعی یا قطعہ بند) میں لطافت و خوبی ، روانی و سلاست ، الفاظ کی بندش ، تشبیہات و استعارات کے استعمال اور غنائیت و موسیقی کی فراوانی نظر آتی ہے - ان خوبیوں کی

۱- مثنوی ''سیف الملوک'' مرتبہ و مترجمہ بشیر احمد ظامی ، مطبوعہ اردو اکادمی بہاولپور مقدمہ ص ۱۳ - ۱۴ -

۲- قابیس المجالس (ملفوظات خواجہ غلام فریدرح) قلمی نسخہ مملوکہ مقالہ نگار جلد چہارم ، ص ۲۷۵ -

Marfat.com

مثال کے لیے بلا دریغ 'مثنوی سیف الملوک' کو پیش کیا جا سکتا ہے - اب اس مثنوی کے کچھ اشعار نمونۃً پیش کیے جاتے ہیں ، جن میں سیف الملوک کے والد شاہ عاصم کی دلہن کا ذکر ہے :

ناز بھری نرمل کوں شہ خود چاڑھ پلنگ بلہائے
چوڈس وانگ تجلّی کیتس رخ روشن چمکائے
نوری نین نہوڑن ناظر نرگس ناز نوائے
کیفوں باجھ کلوری کجلا مست متاع لٹائے
دہار کجل دی بھنی بھلے وہ سرمہ رنج رسائے
چھٹکے تار لٹاندی قہری نانگ وانگوں ول کھائے
بھنے وال عطرساں چوگٹھ بھنبھے جوڑ گندھائے
ڈنو صفادلبند اتوں گل گوہر گھول گھمائے
سرخی لعل لباں تے سوہندی بیحد لعل لٹائے
منہدی ملک موہیندی جان او نازک دست رنگائے
جھمک سوہندے دھمک ڈیون واہ بینا مانگھ سہائے
پھلوالے ڈے جھالے جھولن حلقہ ہال ہلائے
کٹھمالہ کجھ کرے نہ ٹالا حکمی برہوں بچھائے
ہسی نال ونجھے دل کھسی ڈھولن پا ٹھمکائے
ڈینبھوں وانگ ڈنگیندا ڈوڈن دوروں ڈنگ چلائے
نیمہ کار نبولے کندن جان کندن ڈکھلائے[1]

حافظ جمال اللہ مظہر الہی ؒ

لطف علی کے معاصرین میں ہمیں ایک اور شخصیت ملتی ہے جن کے ذکر کے بغیر یہ کہانی ادھوری متصوّر ہوگی - یہ بلند و بالا شخصیت سرائیکی زبان کے صاحبِ طرز اور انقلابی شاعر منشی غلام حسن گامن شہید ملتانی کے روحانی مرشد حضرت حافظ جمال اللہ مظہر الٰہی کی ہے - حافظ صاحب کی ذاتِ گرامی جامعِ کمالات تھی وہ نہ صرف جیّد عالم ، متبحّر فقیہہ ، پاکباز صوفی اور علمبردار حرّیت مجاہد تھے بلکہ سرائیکی زبان کے باکمال رباعی گو شاعر بھی تھے - حافظ صاحب کا روحانی سلسلہ سہروردیہ بھی تھا اور چشتیہ بھی -

---

۱- بشیر احمد ظامی ، (مرتب) مثنوی سیف الملوک ص ۱۰۵-۱۰۶ مطبوعہ اردو اکادمی بہاولپور -

Marfat.com

آپ کو اوّلاً حضرت شاہ رکن عالم ملتانی سہروردی کے مزار سے بطریق اویسی فیوض ملے اور پھر ان کی روحانی اجازت سے آپ نے قبلۂ عالم مہاروی سے خرقۂ خلافت حاصل کرکے عوام و خواص کو چشتیہ سلسلے میں بیعت فرمانا شروع کیا ۱ - حضرت حافظ صاحب کا قیاسی سن ولادت ۱۷۶۱ء/۱۱۷۵ھ متعین کیا جا سکتا ہے - آپ نے بارہا نواب مظفر خان شہید رح کے ساتھ مل کر سکھوں کے خلاف علم جہاد بلند کیا اور بالآخر ۱۸۱۱ء/۱۲۲۶ھ میں ۵ جمادی الاول کو سکھوں کے ہاتھوں جام شہادت نوش فرمایا - آپ کی مشہور و معروف سی حرفی میں سے ایک بند پیش خدمت کیا جاتا ہے :

س - سوداگر لڈ گئے سئیے کر کر ونج و پارے
کہئی سوداگر لعلاں دے تے لاکھی صد ہزارے
لاتھے رہے بار تنہاں دے نو سو سٹھ ہزارے
رہے جمال کنگال بیچارا کھڑا ہتھ پسارے ۲

فقیر محمد یار

اسی عہد کی ایک اور مثنوی ملتی ہے جو مکاتب و مدارس میں شامل درس بھی رہی ہے - یہ مثنوی جھنگ کے ایک قادر الکلام شاعر فقیر محمد یار کی 'نافع الصلواۃ' ہے ، جو ۱۷۸۷ء/۱۲۰۲ھ میں لکھی گئی - فقیر محمد یار کا اندازِ بیان سرائیکی کی قدیم مثنویوں کا سا اور زبان جھنگوی سرائیکی ہے ، اور آپ کسی حد تک اپنے ہم وطن شاعر عبدالکریم جھنگوی (صاحبِ نجات المومنین) سے متاثّر نظر آتے ہیں - 'نافع الصلواۃ' کے اشعار بطور نمونہ درج کرتا ہوں :

میں کہاں درود محمدؐ تائیں لکھ ہزار کروڑاں
ذرّہ صفت نہ ہووے مولے جے لکھ ورقاں جوڑاں
صفت نبیؐ دی بہت درازے بندہ کون بیچارا
صفت نبیؐ دی آپ اس کیتی جو ہے سر جنہارا
پھر کہاں درود ہزاراں واری جو پیغمبر سارے
آل اتے اصحاباں ساریاں جہڑے نبیؐ پیارے

☆ ☆ ☆ ☆

میں کراں بیان مسائل ہندی جے رب دیوے قوّت
اوہو آن سکھالے مینوں جس دی سگر نبوّت

۱- پروفیسر خلیق احمد نظامی ، تاریخ مشائخ چشت ، نور احمد تذکرۂ قطب الاقطاب -
۲- ''سی حرفی حافظ جمال ملتانی رح'' قلمی نسخہ مملوکہ مقالہ نگار -

Marfat.com

ایہہ مسائل نظرے مینوں اندر فقہ عجیبا
لکھ غنیمت جان حیاتی جے توں پڑہیں حبیبا ۱

عنایت

تکیہ شاہ مراد (جہلم) کے مشہور شاعر شاہ مراد (م - ۱۷۰۲ء) کے ایک مرید جن کا اسم گرامی عنایت ہے سرائیکی کے خوشگوار شاعر تھے - انہیں اپنے مرشد شاہ مرادرح سے اس قدر محبت تھی کہ اکثر اشعار میں اپنے تخلص کی جگہ ''شاہ مراد'' یا ''شاہ مردان'' استعمال کرتے ہیں - جس طرح مولانا رومیرح نے اپنے دیوان میں اپنے پیر و مرشد حضرت شمس تبریزیرح کا نام استعمال کیا ہے - عنایت درویش کی سی حرفی کے چند بند ملاحظہ کیجیے :

(الف) - اللہ تلوار عشق دی جنہدے سر تے آوے
جیکر چھلے نال صفائی لا خوف ہو جاوے
موتو اقبل ان تموتو ! وارد ہویس تان بے خوف کہاوے
کامل پیر عنایت کیتی تاں ایہہ مطلب پاوے

(ج) جمال سہنے دلبر دا ہے. مثال ہے یارو
اپنے گھر تھیں ڈہنڈہیاں لبھدا دیر تے حرم وسارو
لطف کرم پیر کامل دے تھیں واقف ہو اسرارو
من عرف نفسہ فقد عرف ربہ دل دے نال وچارو

(غ) غرور کرکے بیلی تیں حق دا راہ بھلایا
آکھے لگوں نفس اپنے دے تائیں دیدار نہ پایا
من کان فی ھذہ اعمی تدہ آپیں کور سڈایا
باجھوں شاہ مردان دے اڑیا تیں ضائع جنم گنوایا ۲

حضرت نوشہ نول قلندرؒ

ایک اور بزرگ حضرت نوشہ نول قلندرؒ (م - ۱۸۳۳ء/- ۱۲۴۸ھ) بھی فارسی اور سرائیکی زبان کے بہت بڑے شاعر تھے - انہوں نے علم و فکر کے ساتھ قدیم ساہیوال کے علاقے میں سرائیکی زبان کی شاعری کو بھی بہت رواج دیا اور ان کی صحبتوں میں تصوّف و روحانیت کے ساتھ ساتھ علم و ادب کے مذاکرے بھی ہوتے تھے - افسوس کہ قلندر صاحب کا سرائیکی

۱- حافظ محمود شیرانی ، پنجاب میں اردو ، اور مقالہ اردو زبان کے مختلف نام اورینٹل کالج میگزین لاہور مئی ۱۹۲۹ء
۲- ''سی حرفی درویش عنایترح'' قلمی نسخہ مملوکہ مقالہ نگار -

کلام سر دست میسر نہ آسکا ، البتہ ان کے ایک عاشق صادق اور نامور مرید میاں امام بخش کھوکھر کی ایک مثنوی اور ایک سی حرفی دستیاب ہوئی ہے - حسن اتفاق دیکھئے کہ اردو کے سخنور امام بخش ناسخ بھی حضرت قلندر کے مرید تھے اور سرائیکی کے سخن سنج امام بخش امام بھی انہی کے بیعت ہوئے[۱] - لیجیے امام کا کلام ملاحظہ کیجیے :

ھ - ہر دم ہوویں ہمدم دم دا دمبدم اس دم نوں غیر خدا تھیں یکدم ہم مدم
ایہہ دم ہے کل بساط اساڈی دمبدم دمّاں دا بھل کار اساں نہیں ہور کم
ہو اللہ یاد امام فھل من مّدکر

ی - یاد رہے دی کہہ کہہ کس نوں آکھدے اوہ پڑھدے ورد نماز اوہ روزے را کھدے
بن ثابت کیتیں ، صاحب کت ول جھاکدے ایہہ تنہاں سلام قبول جو شہ تون بھا کھدے
اکھیں ویکھ امام پھیر سجود کر [۲]

منشی غلام حسن گامنؔ

منشی غلام حسن گامن فارسی کے تو زبردست شاعر تھے ہی مگر سرائیکی زبان بھی ان کے نام اور کلام پر جتنا ناز کرے کم ہے - وہ وحدت الوجودی مکتبِ فکر کے مایۂ ناز سخنور تھے - منشی صاحب ملتانی الاصل اور حضرت جمال ملتانیؒ کے خلیفۂ خاص تھے - اپنے پیر و مرشد حافظ جمال کی طرح منشی غلام حسن بھی سکھوں سے جہاد کرتے ہوئے شہید ہوئے - ان کے کلام میں حسن تشبیہہ ، استعارات اور فصاحت و بلاغت کے علاوہ سوز و گداز کی بھی فراوانی ہے ، ملاحظہ کیجیے :

لک چھپ آیا ، یار وہ وہ عجب تماشا ہر ہر طرف بہار ، وہ وہ عجب تماشا
آپے ویکھے آپ ویکھاوے رمز اسے دی کوئی نہ پاوے
شیشہ اپنا آپ بناوے آپ ویکھے دیدار ، وہ وہ عجب تماشا
لک چھپ یار پئیندا جھاتی ہر جھاتی وچہ فیض حیاتی
جھاتی دی میں رمز پچھاتی ایہہ کوئی ہور اسرار وہ وہ عجب تماشا

اساں نی ہک جو گیڑا آیا کوئی صاحب حسن جمالے
اس جوگی نوں میں ہن لیکھیا ایہو تان ساڈڑا مہینوالے
رانجھو دا مینوں پوندا بھلاوا بھلا جانوت مٹر کر بھالے
ما پیو چھوڑ لگی لڑھ اس دے بھلا لایاں دی لج پالے

۱- نور احمد فریدی ، تذکرۂ حضرت قطب الاقطاب ص ۳۵۷ -
۲- ''سی حرفی ، میاں امام بخش امام کھوکھو تلواڑیہ'' قلمی نسخہ مملوکہ مقالہ نگار -

Marfat.com

ڈاگاں اس توں گول گھمایاں بھلا صدقے ڈاگاں والے
گامن باجھ جمال الٰہی رہ بھلا کون میڈے غم ٹالے ۱

کافیوں کے علاوہ منشی صاحب نے چند ایسی چیزیں بھی ایجاد کیں جنہیں قبولِ عام اور سند کی حیثیت حاصل ہوئی مثلاً سرائیکی زبان میں غالباً سب سے قدیم ''ڈھولا'' منشی غلام حسن کا ملتا ہے - اسی طرح ''گھڑولی'' بھی آپ ہی نے ایجاد کی - موسیقی سے خاص لگاؤ کے باعث امیر خسرو کی طرح بعض راگ راگنیاں بھی آپ نے ایجاد کیں - خاص طور پر ''خیال گامن'' جو کلاسیکل موسیقی کی جان ہے - منشی صاحب کی ایجاد ہے - جسے ان کے صاحبزادے محمد یٰسین نے عروج تک پہنچایا - آپ کی بہت سی کافیاں مخصوص راگوں میں لکھی ہوئی ہیں - مثلاً خیال راگنی جوگ ، راگنی صبحی ، خیال راگنی پیلو ، خیال گامن وغیرہ میں آپ نے خوب جوہر دکھائے ہیں- آپ کی ایک سی حرفی بھی ملتی ہے، ایک مکمل ڈھولا بھی موجود ہے اور چند دوہے بھی - آپ نے لوک ادب میں خاص طور پر اضافہ کیا - مثلاً ''بسنت''، ''مہندی''، ''بندگی بجناب امام حسینؑ''، ''گھڑولی''، ''مجرا'' پر آپ کی سرائیکی نظمیں سرائیکی معاشرت اور تہذیب و تمدن کی کامل عکاسی کرتی ہیں - منشی صاحب کی ولادت ۱۷۹۱ء/۱۲۰۶ھ کے لگ بھگ اور شہادت ۱۸۴۸ء/ ۱۲۶۵ھ میں ہوئی - مزار مبارک ملتان میں ہے - ''خیال گامن'' میں ایک کافی ملاحظہ کیجیے :

نیناندے نیڑے وس وے ماہیا راویوں پار نہ چھیڑ مہیں نوں
نیناندے نیڑے وس .....
نیڑے ہو کر دور جلیندیں کائی تہ ویدن ڈس وے ماہیا!
نیناندے نیڑے وس .....
ویکھن دا سدھرایا آہیوں ہن کیوں کیتیا بس وے ماہیا!
نیناندے نیڑے وس .....
اسیں کٹھڑے ڈون نیناندے رحجاندے تیر نہ کس وے ماہیا!
نیناندے نیڑے وس .....

مولانا عبدالحکیمؒ

منشی غلام حسن کے ایک بزرگ معاصر اور ان کے پیر و مرشد حضرت حافظ جمال کے ہم عصر بلکہ پیر بھائی اچہ (ریاست بہاولپور) کے ایک نامور شاعر اور جیّد عالم مولانا

۱- ''دیوان گامن'' قلمی نسخہ مملوکہ سجادہ نشین خانقاہ منشی غلام حسن ملتانی و ''شعر العجم فی الہند'' شیخ اکرام الحق ایڈووکیٹ ملتان و دیباچہ ''دیوان حسن فارسی'' مرتبہ سجادہ نشین مطبوعہ ملتان ۱۲ -

Marfat.com

عبدالحکیم گذرے ہیں - جنہوں نے ۱۸۰۳ء/۱۲۱۸ھ میں 'مثنوی یوسف زلیخا' لکھ کر سرائیکی ادب میں بیش بہا اضافہ کیا - مولانا عبدالحکیم اچّہ شریف کے قدیم باشندے اور عبّاسی لاڑ تھے - علوم دینی میں دستگاہ کامل رکھتے تھے اور اچّہ میں ان کی درسگاہ پورے برِصغیر کے طلباء کا مرکز بنی ہوئی تھی[1] - مولانا قبلۂ عالم خواجہ نور محمد مہاروی رح سے بیعت اور ان کے خلیفۂ مجاز بھی تھے[2] - ان کی مثنوی اپنے موضوع پر اگرچہ پہلی کوشش نہیں تھی ، کیونکہ ان سے پہلے دکن میں ملاّ غواصی اور پنجاب میں حافظ برخوردار اور صدیق لالی 'یوسف زلیخا' لکھ چکے تھے لیکن وہ اپنی سادگی ، سلاست ، فطری اندازِ بیان اور ''ہر چہ از دل خیزد بر دل ریزد'' کی سی کیفیت کے سبب شہرۂ آفاق اور لوک ادب کا جزو لاینفک بن کر رہ گئی - پروفیسر محمود شیرانی اپنی مایۂ ناز تصنیف 'پنجاب میں اردو' کے اندر مثنوی کو بہت سراہتے اور شواہد و استدلال کے سلسلے میں اس سے کافی مدد لیتے ہوئے نظر آتے ہیں - 'مثنوی یوسف زلیخا' سرائیکی زبان کی ''امہات الکتب'' میں شمار ہوتی ہے اور بارھویں صدی ہجری یعنی اٹھارویں صدی عیسوی کے نصف آخر کی بہاولپوری سرائیکی تہذیب و تمدن کی ایک زندہ جاوید تصویر پیش کرتی ہے - چند اشعار نمونہ کے طور پر حاضر ہیں :

زلیخا کا بادِ صبا کو پیغام دینا

زلیخا بادِ خوش تائیں الاوے — سنیہے یار دی خاطر سناوے
گزر تیرا بھی ہے سارے جہاں تے — نظر تیری پوے ہر ہر مکان تے
جتھاں توں جاوڑین پھر کون ہوڑے — تیرے فرمان توں رخ کون موڑے
او کہڑا ہے گدا یا بادشاہے — جو تیڈی دوستی تائیں نہ چاہے
کریں جا کے عرض پیغام میڈے — خدا ڈیسی صبا انعام میڈے
جیکر پچھے ایہے پیغام کیہے — توں آکھیں درد منداں دے سنیے
اول زانو ادب دے نال بہنا — پچھے ہتھ جوڑ کے احوال کہنا
اگے اس بادشاہ دے جا کھڑو ویں — میری گل یاد کرکے زار رو ویں[3]

جیسا کہ پیشتر ازیں کہا جا چکا ہے سندھی زبان سرائیکی سے ۱۱۰۰ء میں الگ ہوچکی ہے مگر چونکہ خود سندھی شاعری کا باقاعدہ آغاز سترھویں صدی عیسوی کے آخیر میں یعنی شاہ عبداللطیف بھٹائی (ولادت ۱۶۹۰ء/۱۱۰۲ھ ، وفات ۱۷۵۲ء/۱۱۶۵ھ) کے

---

۱ ، ۲- لطائف سیریہ (ملفوظات خواجہ محکم الدین سیرانی رح) مرتبہ مولوی علی مردان ملتانی، ص ۳۵ - ۳۶ -

۳- مولوی عبدالحکیم اچوی رح ، مثنوی یوسف زلیخا ص ۸ - ۹ - مطبوعہ رائیصاحب منشی گلاب سنگھ مطبع مفید عام لاہور ۱۹۱۴ء ،

Marfat.com

دور سے ہوتا ہے اس لیے اب ہم مولوی عبدالحکیم اچّوی کے بعد سندھ میں سرائیکی شاعری کا جائزہ لیتے ہیں - سندھ میں سندھی زبان کا راج ہونے کے باوجود تقریباً ہر قابل ذکر شاعر نے سرائیکی میں کچھ نہ کچھ ضرور کہا ہے - شاہ عبدالطیف بھٹائی سے قبل کے شعراء دراصل وزن بیت کے طور پر شاعر مانے جاتے ہیں ، ورنہ ان کا کلام سندھی زبان کا سرمایۂ ادب نہیں ہے - شاہ بھٹائی نے ٹھیٹھ سندھی زبان استعمال کرنے کے باوجود سرائیکی الفاظ ، محاورات اور ضرب الامثال کو کثرت سے استعمال کیا ہے -

سچل سرمست

شاہ عبدالطیف بھٹائی کے بعد سندھ کے قابلِ فخر فرزند حضرت سچل سرمست رح کا نام نامی سرِ فہرست ہے- وہ اصل و نسل کے اعتبار سے عرب کے مشہور خاندان فاروقی کے چشم و چراغ تھے - آپ کے اجداد محمد ابن قاسم کی معیت میں سندھ تشریف لائے - پہلے سیوہان میں اور پھر خیر پور کے قریب درازاں میں قیام پذیر ہوئے - سچل سرمست رح کی ولادت مشہور درویش میاں صاحب ڈنو کے ہاں ۱۷۴۰ء/۱۱۵۳ھ میں ہوئی - آپ کا اصل نام عبدالوہاب تھا - فارسی میں تخلص آشکارا اور سندھی ، سرائیکی میں سچّل یا سچو استعمال کرتے تھے - آپ کو شاعرِ ہفت زبان تسلیم کیا گیا ہے - ہندی ، سندھی ، فارسی اور سرائیکی میں تو ضخیم کلیّات موجود ہیں - ہر صنفِ سخن پر طبع آزمائی کی ہے - وحدت الوجود یا ہمہ اوست آپ کا خاص موضوع ہے - زیادہ تر کلام اسی موضوع سے تعلق رکھتا ہے - سرائیکی زبان میں آپ کے کلیات سندھی ادبی بورڈ اور دوسرے اشاعتی اداروں کی طرف سے 'سچّل جو سرائیکی کلام' کے نام سے بارہا چھپ چکا ہے - سرائیکی شاعری میں آپ مادھو لال حسین رح بلے شاہ رح اور حضرت سلطان العارفین سلطان باہو رح سے بے حد متاثر معلوم ہوتے ہیں - سچل سرمست سندھ میں سرائیکی شاعری کے ممتاز اور نمائندہ شاعر گزرے ہیں - بطور نمونہ کچھ کلام پیش خدمت ہے :

لوک کنوں لج مول نہ آوے — عشق گھایاں گھٹیاں
طعنے تنکے تنہاندی زینت — مول نہ تھیوں کھٹیاں
چھوڑ گھراں نوں گھمدیاں و تدیاں — دشت جبل تے پٹیاں
پیتاں جناہاں خبر انہاں کوں — ہور نہ جانن جٹیاں
پاند اڑا کے خلق کھلا کے — ہوکے ڈیوں ہٹیاں
سچل او کیا سکھ نبھیسن — جھڑیاں فراق دیاں پھٹیاں ۱

۱- ''سچل سرمست جو سرائیکی کلام'' ناشر ، سندھی ادبی بورڈ ، حیدر آباد و مقالہ رشید لاشاری مندرجہ ''اختر'' ملتان -

Marfat.com

سچل کی سرائیکی شاعری نے پورے سندھ اور پنجاب کو متاثر کیا اور ان کے بہت سے پیروکار پیدا ہو گئے ۔ ان کے ایک اور سندھی معاصر خلیل لاشاری ہیں ، جو سرائیکی کے قادر الکلام شاعر تھے ۔ ان کا وطن مالوف گھوٹکی ضلع سکھر ہے اور وہ سندھ کے مشہور حکمران خاندان کلہوڑہ کے عہد سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ۱۸۰۰ء کے لگ بھگ وفات پائی ۔ نمونۂ کلام حسب ذیل ہے :

کہہ کا گالھہ سنا واہ واہ — سودا سچ دا تھیا ٹھاہ پھاہ
چھاتی دے وچ جھاتی ہے — سانوں ، فیض حیاتی ہے
لگی اڑگ تے جھنگ وساتی ہے — لگی بھڑک برہوں دی باہ باہ
جارج خارج کرے کرے — جاہ نہ لہندا ذرے ذرے
عشق دا پینڈا پرے پرے — گھیر ، گھٹیاں ولّے راہ راہ
محمود ایاز آیا شامل — قابو عشق کیتا کامل
نفس ندار پڑھن عامل — عشق بنان گمراہ گمراہ [1]

روحل

تھر ، سندھ کا ایک محبت آفرین اور عشق انگیز علاقہ ہے ۔ مشہور عشقیہ داستان اور لوک کہانی ''عمر ماروئی'' اسی تھر کے علاقے ''امر کوٹ'' سے تعلق رکھتی ہے ۔ ۱۷۳۳ء میں ''امر کوٹ'' کے ایک قریبی گاؤں میں بلوچ خاندان کے ایک معزز گھرانے میں سندھ کے بلند پایہ سرائیکی شاعر اور نامور بزرگ روحل فقیر پیدا ہوئے ۔ ابتدائی تعلیم کے بعد سندھ کے حکمران میاں غلام شاہ کلہوڑہ کے توشہ خانے کی نگرانی پر مامور ہوئے ۔ وہاں سے دل اچاٹ ہوا تو سندھ کے نامور صوفی بزرگ حضرت شاہ عنایت (جھوک والے) کے مرید ہو گئے ۔ سب کچھ تیاگ کر درویشی اختیار کی اور سندھ میں سرائیکی شاعری کے ایک جدید مکتب فکر کی بنیاد رکھی ۔ چنانچہ آپ کے بہت سے خلفاء ، مریدیں اور سجادگان سرائیکی زبان کے قابل ذکر شاعر گزرے ہیں ، جن میں سے انور شاہ جہانپوری ، فقیر در محمد صاحب ، مراد فقیر ، دریا فقیر ، غلام علی فقیر اور خدا بخش فقیر صاحبِ دیوان شاعر تھے اور ان کا کلام محفوظ و موجود ہے ۔ ذیل میں روحل فقیر اور ان کے چند خوشہ چین شعراء کے کلام کے نمونے درج کیے جاتے ہیں جو دلچسپی کا باعث ہوں گے :

دنیا ڈھونڈہ تے طالب کتّے سبھناں مل کر تانی
ہڈی تے ہوڈا نہاندی وڑھدین عمر وہانی

۱۔ میمن عبدالحمید سندھی ، ضلع سکھر کے شعراء مطبوعہ سندھی ادبی سوسائٹی ، اسلامیہ کالج سکھر ۔

Marfat.com

اندھیاں در اللہ دا چھوڑیا پئے ولوڑں پانی
روحل راہ ّربانی باجھوں پئی سب کوڑ کہانی

☆ ☆ ☆ ☆

چپ چپاتی ویڑھے دیــوچہ میڈے نــوشہ آیــا
نہ میں سرمہ سیندھ گندھائی نہ میں چندن لایا
لوں لوں دے وچ جھوک جہندی تھی راضی رنگ لگایا
میں مت ہیر نمانی دا چا اللہ بھان وسایا ۱
(روحل فقیر)

☆ ☆ ☆ ☆

لاف مریندین لج نہیں آندی عاشق نام سڈیندا
ہمّت ہندوی رن جتلی توں تاں نہوی کریندا
او مرویندی مردے اتوں توں دلبر تے نہیں ڈیندا
یار مراد منیٹسی اوہو جو جیندیں مر کر جیندا

☆ ☆ ☆ ☆

سب کوئی عاشق نوشہ دا کیا دانے کیا دیوانے
ہک بیٹھے پڑہن مسیتاں وچہ بئے مست رہن میخانے
سوئی وستی دیوچہ وسدا سوئی وسے ویرانے
جھڑ جھنگ یار مراد ملیوسے شکرانے شکرانے ۲
(مراد)

☆ ☆ ☆ ☆

ہادی والا نکتہ ہکو صحیح کریں توں سارا اندر باہر سوہنا سائیں نرمل نور نظارا
جانیں تاں توں آپ سنجانیں بیــا سب کوڑ پسارا
حسن اساں تے حملہ کیتا نــیــنــہہ مرینــد نعــرا
کل فقیر کوں سجدہ کیتم شــاہــو شــاہ ہــمارا
غلام علی توں ظاہر باطن مــاریں نــیــنہ نــقــارا۳
(غلام علی)

☆ ☆ ☆ ☆

الف اللہ دی ذات اصل ہئی رنگ نہ کو بے رنگی
کن فیکوں وچوں جگ جوڑیس بیرنگی تا زنگی
کتھاں ایرانی کتھاں عراقی کتھ رومی کتھ زنگی
''خدا بخش'' ہکا حق کنوں اسان ہک محبت منگی۴

۱- محمد اسماعیل احمدانی ، سرائیکی کے دو بلوچ شاعر، ماہنامہ بلوچی دنیا ،ملتان ستمبر ۱۹۶۸ء -
۲- محمد اسماعیل احمدانی ، سرائیکی کے دو بلوچ شاعر ، ماہنامہ بلوچی دنیا ، ملتان ۱۹۶۸ء -
۳ ، ۴- سیمن عبدالجمید سندھی ، ضلع سکھر کے شعراء مطبوعہ سندھی ادبی سوسائٹی اسلامیہ کالج سکھر -

حضرت پیر پگاڑوؒ

برصغیر کی تحریک حریت و آزادی کے سندھی علمبردار خانقاہ نشین مجاہد حضرت پیر پگارو علیہ الرحمہ" کی ذات سے کون واقف نہیں۔ آپ کا نام حضرت پیر محمد راشد تخلص ''حسینی'' اور لقب ''روضہ دھنی'' (یعنی صاحب روضہ) تھا، آپ ۱۷۵۶ء/۱۱۷۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۸۱۷ء/۱۲۳۳ھ میں آزادی وطن کی راہ میں شہادت پائی۔ دینی و مذہبی تعلیم سندھ کے مشہور مخادیم کھہڑا سے حاصل کی۔ باطنی فیوض اپنے والد ماجد سید محمد بقا اور مخدوم محمد اسماعیل علیہ الرحمہ" سے حاصل کیے۔ ''خانقاہ پگاڑو'' کی بنیاد دراصل آپ نے رکھی اور اسے عالمگیر شہرت کا درجہ دیا۔ سندھ کے مشہور خلفاء خلیفہ محمود کھہڑالیؒ، خلیفہ نبی بخش لغاریؒ اور خلیفہ گل محمد ہالائی صاحبِ ارشاد درویش اور سندھی و سرائیکی کے شاعر بھی تھے۔ پیر صاحب پگارو خود بھی قادر الکلام، نازک خیال اور بلند پایہ سرائیکی و سندھی شاعر تھے۔ سچّل سرمست آپ کے ہم عصر تھے۔ معلوم ہوتا ہے آپ ان سے بھی متاثر ہوئے۔ آپ کے کلامِ بلاغت نظام کا ایک شہ پارہ بطور نمونہ درج ذیل ہے:

عشق نہ پچھندا ہے کوئی ذات — جتھاں دل لگ گئی اتھ مستان بنایا وے
عشق نپل کوں آن دھوبی کہلوایا — سسّی نوں روہیں دیوچہ رلوایا
عشق نہ سندا ہے کہیں دی بات — کشش کرکے ڈوہاندا قبرستان بنایا وے[1]

صدیق فقیرؒ

سندھ کے حکمران خانوادے سومرہ کے ایک مرد درویش جو دودہ اور حمیر سومرہ کے خاندان سے قریبی تعلق رکھتے تھے، صدیق فقیر تھے۔ صدیق فقیر کا اصل نام محمد صادق اور تخلص صدیق تھا۔ ۱۷۵۶ء/۱۱۷۰ھ میں تولّد ہوئے۔ وطن مالوف کچھ یا کچھی تھا، مگر بعد میں نقلِ مکانی کر کے تھرپا کر میں آباد ہو گئے۔ صدیق فقیر جھوکے شاہ عنایت سے بیعت تھے، گویا مشہور تھری درویش و شاعر روحل فقیر کے پیر بھائی تھے۔ سندھی کے علاوہ سرائیکی کے زبردست شاعر تھے۔ کلام میں سادگی شیرینی اور سوز و گداز ہے۔ کافیاں اور دوہے خوب کہتے تھے۔ نمونۂ کلام حسب ذیل ہے:

دوہا۔

ساتھی پاندھی چھوڑ گئے چھوڑ گئے ملک دے راجا
سے بھی چھوڑ گئے صادقا پیر پیغمبر خواجا
صورت رانجھے والی نت بلندی وچہ بیلے
پیر ویچاری کیا کرے عشق نتی دل بھیلے[2]

۱- میمن عبدالحمید سندھی، ضلع سکھر کے شعراء ص ۴۰ تا ۴۳، مطبوعہ اسلامیہ کالج سکھر

Marfat.com

فقیر غلام حیدر شرؔ

میرانِ تالپور کے دارالخلافہ خیر پور کے قرب و جوار میں فقیر غلام حیدر شر سرائیکی کا صاحبِ دیوان شاعر گزرا ہے - یہ بلوچوں کے ایک قبیلے ''شر'' میں پیدا ہوا اور رہزنی سے درویشی تک جا پہنچا - سندھ کے نامور درویش ''نانک یوسف'' کے ہاتھ پر توبہ کی - اس لیے اس کا عہد ۱۷۸۳ء سے ۱۸۵۳ء تک متعیّن کیا گیا ہے ۱ - سندھی اور سرائیکی دونوں زبانوں میں کافی کلام یادگار چھوڑا ہے - کلام میں دردِ محبت ، جذباتِ ہجر و فراق ترکِ دنیا کی تلقین اور سوز و گداز کی فراوانی ہے - نمونہ درج ذیل ہے :

اے جگ سارا ڈھونڈھ رہی سے پاک پلیتاں جائیں
ہر کنہن دیوچہ وسدا ہیں تو سن اے میڈاسائیں
نحن اقرب تینوں ویکھیم سوہنا سنج صباحیں
غلام حیدرا ، غیرنہ چھوڑیں نوبت نینہہ وجائیں۲

حمل خاں لغاری

انیسویں صدی کے آغاز میں سندھ نے ایک ایسے انمول ہیرے کو جنم دیا جسے اگر سندھ کے سرائیکی گو شعراء کا سرتاج کہا جائے تو کچھ بیجا نہ ہوگا - میری مراد حمّل خان لغاری رحـ کی ذات سے ہے جن کی سندھی اور سرائیکی کلیات مشہور محقّق ڈاکٹر نبی بخش بلوچ نے سندھی ادبی بورڈ سے چھپوائی ہے - حمّل خاں سندھ کا لطف علی تھا - اس کے کلام میں زورِ بیان ، شوکتِ الفاظ اور محاورات کا حسین امتزاج ملتا ہے - بلندئ تخیل ، سوز و گداز بالیدگئ فکر اور وحدتِ الوجود اس کے کلام کی خصوصیات ہیں - حمل خان میر علمبردار خان تالپور کے دربار سے بھی وابستہ رہا ہے - سندھ کا یہ ملک الشعراء ۱۸۱۰ء/۱۲۲۵ھ میں تولّد ہوا اور ۱۸۷۹ء/۱۲۹۶ھ میں راہئ ملک عدم ہوا - نمونۂ کلام حسب ذیل ہے : ۳

سو سو صدقے ساہ کران ہک دلبر دے دیدار اتوں
کبکان بھی قربان ڈھولن دی ڈھلک ٹرن دی دیار اتوں
قمری کوئل صدقے سجن دی گویا خوش گفتار اتـــوں
حمل اے سر گھـــول گھایا پیراں دی پیزار اتـــوں
سٹھنا وقت صبح دے ڈٹھم دوست مٹھا دل جانی پاک پیشانی
سونہہ مہتاب منور مہ رخ جلوہ جوت جوانی یوسف ثانی

۱- سہ ماہی سہراں حیدرآباد سال ۱۹۶۹ء -
۲- غلام نبی سیمن ، فقیر غلام حیدر -
۳- ڈاکٹر نبی بخش بلوچ (مرتب) - کلیات حمل لغاری

Marfat.com

پھر لٹ دل فقیر کتوئی توں در کھڑے سوالی ڈیو ڈکھالی
دوست تیڈا دیدار منگوں پی مایا ملک نہ مالی ڈیو ڈکھالی
بوسے دے چا بھیک ڈیوو تاں سوالی ونجے نہ خالی ڈیو ڈکھالی
حمل دا کجھ حال پچھو جو پھر دا مست سوالی ڈیو ڈکھالی

یوں تو اس دور کے سرائیکی گو شعراء سندھ میں اور بھی بیسیوں گزرے ہیں، جیسے مخدوم غلام محمد بگائی، مخدوم محمد اسماعیل کھہڑائی اور جلال کھتری (رنگریز) یا تالپور عہد کے مرثیہ گو سید ثابت علی شاہ، خلیفہ نبی بخش اور جھوک کے چند درویش، مگر اتنی گنجائش نہیں کہ یہاں ان سب کا تعارف کرایا جا سکے۔ دکھانا صرف یہ مقصود ہے کہ انیسویں صدی کے نصف اول تک بھی سندھ سرائیکی شاعری کا ایک عظیم مرکز رہا ہے۔ اس دور کے دو بہاولپوری ملتانی شعراء کا تذکرہ نہ کیا جائے تو ظلم ہوگا۔ یہ احمد یار اچوی اور گل محمد چشتی ہیں۔

احمد یار اچوی اور گل محمد چشتی

اوّل الذکر اچّہ شریف ریاست بہاولپور کے باشندے قبلۂ عالم خواجہ نور محمد مہاروی کے مرید و معتقد اور نواب محمد بہاول خاں ثالث (م۔ ۱۸۵۲ء/۱۲۶۹ھ) کے درباری شاعر تھے[1]۔ فارسی اور سرائیکی دونو میں شعر کہتے تھے، نمونۂ کلام یہ ہے:

روز قربانی آکھیا جانی میں توں گھول گھیتویں، آکھم اینویں
جڈوں تیر برہوں دا لگی ہر گز رخم نہ سیویں، آکھیم اینویں
ہر پیالہ عشقی والا شربت کر کر پیویں آکھیم اینویں
احمد یار جیویں فرمائے توں بھی منّین اینویں، آکھیم اینویں

ثانی الذکر گل محمد چشتی رح ''شیرو'' ضلع ڈیرہ غازی خاں کے رہنے والے اور کثیر التصانیف بزرگ تھے۔ 'گلزار فریدی' اور 'حدیقۃ الاسرار' ان کی معروف ترین کتابیں ہیں۔ یہ سرائیکی کے بھی خوشگوار اور قادرالکلام شاعر تھے۔ ان کی مثنوی 'لیلیٰ مجنوں' مقبول و مشہور رہے۔ وہ اپنی مثنوی میں زبان و بیان، تکنیک اور نگارش کے لحاظ سے مولوی عبدالحکیم اچّوی سے متاثر نظر آتے ہیں۔ وہی سادگی، وہی شیرینی، وہی صفائی و چابکدستی اور وہی سوز و گداز ان کے ہاں بھی ہے۔ 'مثنوی لیلیٰ مجنوں' کا سال تکمیل ۱۸۵۹ء/۱۲۷۶ھ ہے۔ انگریز اس دور میں پورے پنجاب پر قابض ہو چکے تھے۔ مثنوی کے چند اشعار ملاحظہ کیجیے:

نہ ڈتو بار سہندا جوڑ سر تے وچھوڑے دی ڈتو پنڈ تروڑ سر تے
جھڑی قسمت آہی پلّے پیوسے جو وس بے وس رضا رب سر چتوسے

۱۔ دبیر الملک مولانا عزیزالرحمن، عزیز احمد یار اچوی، ماہنامہ ''العزیز'' بہاولپور ماہ اپریل ۱۹۴۱ء۔

Marfat.com

کڈاں راتیں ہجـــر دیاں تـــوڑنیاں کہ یا ساری عمر اینویں نبھیاں
خـــدا میڈی ایہـــا قسمت بنـــائی میڈے متھے دہروں لکھی جـــدائی
تساڈے عشـــق لائی جـــوڑ کانی رہے حیران گـــرداں دل نمـــانی ۱

اس دور کی خصوصیات میں مذہب پرستی، عقیدہ میں پختگی، سادگی و سلاست، توکّل و غنا اور ترکِ دنیا کی تلقین کے ساتھ ساتھ تفریحی شاعری بھی تھی، جو گرمئی محفل اور میلوں ٹھیلوں کی رونق بنتی تھی - نیز عربی و فارسی تراکیب سے بھی بے پناہ رغبت کے رجحانات اس دور میں عام ملتے ہیں - گویا ۱۸۵۷ء سے قبل کی سرائیکی شاعری کے ڈانڈے محمد ابن قاسم اور محمود غزنوی کے عہد کے افکار و نظریات سے مسلسل ملے ہوئے نظر آتے ہیں جنہیں انگریزی عہد نے آ کر یکلخت توڑ دیا -

(۱۸۵۷ء کے بعد)

سرائیکی ادب کی نشاۃ ثانیہ کا دور

ملکی حوادث اور سیاسی انقلابات کا اثر عوام کی زندگیوں پر ہی نہیں بلکہ ان کے سماجی کردار اور ثقافت و تمدن پر بھی نمایاں ہوتا ہے۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے تغلّب اور تسلّط کے اثرات برصغیر کے ہر گوشے اور علاقے پر یکساں نظر آتے ہیں - تحریکِ آزادی شروع ہوئی تو انگریزوں کے خلاف سرائیکی علاقوں میں بھی جنگ لڑی گئی اور خوب لڑی گئی - انگریزوں نے ۱۸۴۸ء میں ملتان پر قبضہ کر لیا تھا - اہلِ ملتان نے بھی انگریزی اقتدار کے خلاف ٹکر لی اور مٹھی بھر مجاہدین آخری سانس تک لڑتے رہے -

ریاست بہاولپور کے نواب نے ۱۸۰۸ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی سے اپنے روابط قائم کر لیے تھے، اور ۲۲ فروری ۱۸۳۳ء میں کمپنی کے ساتھ ایک معاہدہ بھی کر لیا تھا[۲] - عوام اور علماء اس معاہدہ کے خلاف تھے اور نصرانیوں کے خلاف جذبات بھڑک اٹھے تھے، خاص طور پر ریاست کے شمال مغربی علاقے ''بھونگ بھارہ'' کے بلوچ قبائل نے تالپور بلوچوں کی قیادت میں علم بغاوت بلند کر دیا - کاشمور سے قلات تک کا علاقہ بھی جہادِ حریّت میں سربکف نظر آتا ہے - ۱۸۷۹ء میں جب نواب میر محراب خان والئی قلات انگریزوں کے خلاف جنگ

۱- ڈاکٹر مہر عبدالحق، ملتانی زبان اور اس کا اردو سے تعلق، ص ۲۴۶، ۲۴۷، (قلمی نسخہ مضنف) -
۲- خان رضوانی، تحریک آزادی اور خواجہ فرید مطبوعہ ''اختر'' (سرائیکی) مئی ۱۹۶۸ء -

Marfat.com

گرتے ہوئے شہید ہوگئے تو یہ پورا بلوچی علاقہ میدان کار زار بن گیا ۔ اسی طرح جب ۱۸۳۸ء میں مسٹر برٹس نے بکھر کا قلعہ بوڑھے میر رستم خان تالپور سے بزور شمشیر لے لیا تو مجموعی طور پر پورے سندھ میں تحریک جہاد آزادی کا علم بلند کیا گیا ۔ جگہ جگہ مجاہدین نے مورچے قائم کر لیے اور پوری رعایا تالپور حکمرانوں کے دوش بدوش انگریزوں سے نبرد آزما ہوگئی ۔ بالآخر سرچالس نیپئر نے ۱۸۴۳ء میں پورے سندھ پر قبضہ کر لیا ۔

ان وقائع و حوادث کے سرائیکی تہذیب و تمدّن پر اور سرائیکی دانشوروں کے افکار و نظریات پر دور رس اثرات مرتسم ہوئے، چنانچہ سرائیکی زبان کے بعض جیّد علماء اور نابغہ شعراء نے تو کھل کر انگریز کی مخالفت کی، اس سلسلے میں سب سے اوّلین نظم غالباً حیدر خاں دھڑوائی کی ہے[1]، جو ۱۸۴۲ء کے ایک معرکے سے تعلق رکھتی ہے اور ہر چار مصرعوں کے بعد ٹیپ کا بند یہ ہے :

اچ گھٹ گھنسوں بھنگ بھارا مارو ''دم حیدر'' دا نعرا

ان کے بعد ضلع مظفر گڑھ کے ایک دور افتادہ علاقے کا نامور شاعر اور خواجہ فرید کا بزرگ معاصر مولوی اللہ بخش جانباز اپنے جذبات کا اظہار یوں کرتا ہے :

نصرانیاں دی فوج نے سونجبر کیتا ساڈا وطن [2]
سوریں دے ایڑے نے بھرا پدھر کیتا ساڈا وطن !

خواجہ فرید (م—۱۹۰۱ء) جو اس دور کے ملک الشعراء اور سرائیکی کے عظیم شاعر شمار ہوتے ہیں، کے علاوہ گل محمد فائق ملتانی (م—۱۹۰۰ء) نے انگریزی تسلّط و تغلّب اور انگریزی تہذیب و تمدّن کی خامیوں اور برائیوں کے متعلق ایک طویل نظم کہی ۔

بہر حال سرائیکی ادب کی نشاۃ ثانیہ اور تحریک تجدّد کا ہنگامہ خیز اور زرّیں دور اس پس منظر میں طلوع ہوا اور اسلامی عہد اور مسلم تہذیب کی نوحہ خوانی کے ساتھ ساتھ نئے دور کی کچھ برکات اور جدتوں کی نوید بھی لایا ۔ اس دور کے شعراء حسب ذیل ہیں :

سید اکبر شاہ

اس دور کے سب سے اوّلین شاعر غالباً سید اکبر شاہ (م—۱۸۵۸ء/۱۲۷۵ھ) ہیں، جن کا آبائی وطن موضع جمرانی ریاست بہاولپور تھا۔ مگر اکبر شاہ نے ساری عمر تبلیغ کرتے ہوئے موضع گٹھ برابر ملتان میں گزار دی ۔ انگریزی تسلّط کے فتنے کو آنکھوں سے دیکھا اور

۱- حیدر خان چانڈیو المعروف دھڑوائی از بیاض ماسٹر احمد علی خان چانڈیو میر پور ماتھیلو (سندھ)

۲- مخطوطہ قصہ بیزن منشیرہ و قصہ جانباز عالم مصنفہ اللہ بخش جانباز مملوکہ محمد نواز خوشتر ججوی ۔

مغربی تہذیب کی بھرپور مخالفت کی۔ آپ کی سی حرفی 'داڑھی' بہت مقبول ہے۔ جس میں ریش و بروت صفا صاحب بہادروں کی دلنشین اور جچے تلے انداز میں موعظمت کی ہے۔ 'جنگ نامہ اکبر' ، 'سسّی پنوں اکبر' ، 'مرزا صاحباں اکبر' ، 'قصہ مصری اکبر' کئی سی حرفیاں اور سینکڑوں ڈوہڑے آپ کی یادگار ہیں۔ اندازِ بیان صاف ستھرا ، زبان بامحاورہ ، تشبیہات و استعارات دلنشیں اور مضامین میں جدّت ہے۔ 'قصہ سسّی پنوں' میں سے چند اشعار ملاحظہ فرمائیے۔ سراٹیکی معاشرت کی عکاسی کی ہے:

کر توکل پڑھ کر فاتحہ کرن بلوچ تیاری — اطلس ، ململ، جامے گل ، سرچیرے گل اناری
سرخ چیرے سرخ پیچ سناری مروارید رسالاں — لک تلواریں بند بناتی تنہالاں منہالاں
دست کماناں ، ترکش لٹکن پھمن لٹکن ڈھالاں — بازو بند سناری کنگن جڑھیے جواہر لعلاں
مست متی کھستوری پیڑی لگا معطر دالاں — ڈیکھ ہوتاں دی لٹک سسی دل پایا وچہ خیالاں

اللہ داد تونسوی

استاد اللہ داد تونسوی تونسہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ سال وفات ۱۸۵۹ء ہے۔ آپ کے کلام میں سوز و گداز، عشق و محبت کی چاشنی اور ہجر و فراق کی کسک کا اظہار خوبصورت پیرائے میں ملتا ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ فرمائیے:

سانــون آیا رتاں مــڑیاں لگیاں یار دے نانویں ســڈن
سیڑھ پئے دریانواں ، کــوں لگے بیٹ کــون سیبے لگــن
ساوا ساتوک سبز چیہکوں لگیاں سبزیاں دل کوں ٹگھن
آکھ اللہ داد پچھو سجناں توں جھوک و سیسو کڈن

مخدوم شاہ محمود

آپ خواجہ بہاء الدین زکریا ملتانی کے صاحبِ سجادہ تھے۔ آپ کا دور ۱۸۰۰ء سے ۱۸۶۹ء تک شمار ہوتا ہے۔ قادر الکلام شاعر تھے۔ ان کے کلام سے تلاشِ بسیار کے بعد ایک مرثیہ ملا ہے۔ خیالات پاکیزہ اور زبان صاف ستھری ہے۔ ملاحظہ ہو:

مریندابان علــمبردار رہیا — پــانی آنــن کان تیــار رہیا
جیں خیمے وچہ احمد لاوے کچاری — جیندی کرن فرشتے چوب برداری
ڈینہ عشرے دے امت دی بے نرواری — مــڑدا اوہ خیمــہ اطــہار رہیا
تــوڑویں عــابد ہاتپ تــوں تنگے — ضعف توں ہو گیا پیلا رنگے
بیــمار تے کیتــا ظلــم نسنگــے — چھکدا شام تائیں او مہار رہیا

Marfat.com

خان بہادر نواب سردار کوڑے خان جتوئی

ضلع مظفر گڑھ کا یہ نامور فرزند بلا مبالغہ سرائیکی علاقے کا سر سید اور حاجی شریعت اللہ کہلانے کا مستحق ہے۔ سردار کوڑے خان ایک بلوچ سردار خان جتوئی کے گھر ۱۸۰۰ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ سکھا شاہی کا دور بھی دیکھا اور انگریزوں کے تسلّط و تغلّب کا بھی مشاہدہ کیا۔ انہوں نے اپنے علاقے میں انگریزی مدارس کھلوا کر قوم کو جدید تعلیم سے مستفید ہونے کی ترغیب دی۔ علی گڑھ، حمایت الاسلام لاہور اور انجمن نصرت الاسلام ملتان ایسے اداروں کو تادم زیست گراں بہا عطیات دیتے رہے۔ وفات سے قبل اپنی زرعی جائیداد کا تیسرا حصہ جو پندرہ ہزار ایکڑ کے قریب تھا نونہالانِ وطن کی تعلیم کے لیے بذریعہ وصیت وقف کر دیا۔ کوڑے خان سرائیکی کا عظیم شاعر بھی تھا۔ وہ بنیادی طور پر غزل کا شاعر ہے۔ وصال ۱۸۹۶ء میں ہوا اور مزار جتوئی ضلع مظفر گڑھ میں ہے۔ ان کے کلام سے ایک غزل کا مطلع اور مقطع ملاحظہ کیجیے:

تیں باجھوں دل سنگ یارا ہیوں آج کل ڈاڈہے تنگ یارا
کوڑہے خاں! سٹ فخر وڈائی بن دو نہیں دار ملنگ یارا

والیاں خیر پور (سندھ)

تالپور اُمراء نے سرائیکی زبان و ادب کی خوب سر پرستی کی ہے کیونکہ سرائیکی ان کی مادری زبان تھی۔ سندھ کے سرائیکی شعراء زیادہ تر اس دور سے تعلق رکھتے ہیں۔ شہدادانی سرکار (حیدر آباد) مانکانی سرکار (میر پور خاص) اور سہرا بانی سرکار (سہراب پور موجودہ خیر پور میرس) کے اکثر حکمران و شہزادگان خود بھی فارسی کے ساتھ ساتھ سرائیکی میں طبع آزمائی کرتے تھے اور ان کے درباری شعراء بھی سرائیکی زبان کو مالا مال کرتے رہے۔ میر رستم خان فرزند و ولیعہد میر سہراب خان (بانی خیر پور میرس) سندھی اور سرائیکی کے نغز گو شاعر تھے۔ ان کے چچا میر زنگی خان بھی فارسی اور سرائیکی کے قادرالکلام شاعر تھے۔ میر سہراب خان کے دوسرے فرزند میر مبارک خان بھی ان دونوں زبانوں کے بلند پایہ غزل گو تھے۔ اس طرح میر رستم خان ولیعہد کے فرزندان میر محمد حسین خان حسن (م — ۱۸۶۷ء/۱۲۸۴ھ) اور میر علی اکبر خان (م—۱۸۵۹ء/ ۱۲۷۶ھ) بھی ان زبانوں میں طبع آزمائی کرتے تھے۔ خیر پور کے چمنستانِ ادب میں میر علی مراد خان کو گل سر سبد کی حیثیت حاصل ہے۔ وہ خود بھی شاعر تھے۔ فارسی میں علی اور سرائیکی و سندھی میں مجروح تخلص کرتے تھے۔ ان کا دربار شاہانِ سلف کی یاد تازہ کرتا ہے۔ اس وقت کے عظیم شعراء صلحاء، علماء اور مفکرین میر صاحب کے درباری اور ہمنشین

Marfat.com

تھے - آخری دور میں میر فیض محمد خان عاجز ، میر امیر علی خان امیر اور میر علی نواز خان ناز (متوفی ۲۰ دسمبر ۱۹۳۵ء) سرائیکی زبان کے بلند پایہ اور قادر الکلام شاعر گزرے ہیں - عاجز سرائیکی غزل کے پیشرو شعراء کی صف اول میں جگہ پانے کا مستحق ہے - نمونہ کلام ملاحظہ کیجیے :

مطلع
ایڈا نہ کر تکرار وے ساڈے نال ظالم یار وے
رت آئی مانگھ بہار دی بلبل ہزار پکار دی
ساکوں تانگھ گل رخسار دی کڈیں ویڑہے آسم یار وے

دائی پھاپھل حفظانی

یہ خاتون ایک نامور بلوچ طبیب حضرت حکیم محمد کبیر خان شاکر کے ہاں ۱۸۰۰ء کے لگ بھگ پیدا ہوئیں - والد سے قرآن مجید حفظ کیا ، شعر گوئی موروثی تھی - حفظانی (حافظہ) تخلص اختیار کیا - حضرت خواجہ خدا بخش سے بیعت کی - محترمہ حفظانی سرائیکی زبان کی قادر الکلام شاعرہ تھیں - حفظانی کو یہ شرف حاصل ہے کہ انہوں نے نامور بزرگ اور سرائیکی کے ملک الشعراء خواجہ فرید کو اپنے گود میں کھلایا - دودھ پلایا اور سرائیکی میں طبعزاد لوریاں نظم کر کر کے خواجہ کو جھولے میں سناتی رہیں، انتقال ۱۸۷۰ء میں ہوا -

سرائیکی لوری کا نمونہ ملاحظہ کیجیے :

الا اللہ دی جوت جگانواں ، لولی ڈیواں لال کوں !
محبوب مٹھل دے بال کوں ننڈہے قطب کمال کوں !
فریدن سائیں لجپال کوں، حفظانی دی من گاہل کوں!
جند پیا جیویں ، حق دا عاشق !عرض اے ذوالجلال کوں!
الا اللہ دی جوت جگانواں ، لولی ڈیواں جوان کوں !
عشق دے پہلوان کوں ، محبت دے سلطان کوں !
مرشد جمل جہاں کوں ، حفظانی پیر مغان کوں!
مانڑیں جنڈ جوانی جانی عرض ہے رب رحمان کوں !
الا اللہ دی جوت جگانواں لولی ڈیوان خورشید کوں !
فخر جہان دی عید کوں عالم حافظ سعید کوں !
سوہنے پیر فرید کوں حفظانی دی امید کوں !
پنیگھا لوڈاں لولی ڈیواں ، لاج ہے رب حمید کوں !

صالح محمد مسکین

صالح محمد مسکین (م - ۱۸۸۰ء) ضلع ملتان کے مشہور قصبے باگڑ سرگانہ سے تعلق رکھتا ہے - قوم کھوکھر کا فرزند ہے - اس کے ایک منظوم رسالے 'نیم ملّا خطرۂ ایمان' کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ غلط کار پیروں اور دین فروش ملّاؤں سے نالاں ہے - مسکین کی شہرت کا باعث مثنوی 'سسی پنوں' ہے -

آٹھ سو ننانوے مصرعوں پر مشتمل یہ مثنوی مسکین نے ۱۸۶۸ء/۱۲۸۵ھ میں چھ ماہ کی محنت سے مکمل کی - مثنوی کی بحر اور اوزان میں مولوی لطف علی کی 'سیف الملوک' کا اتباع کیا ہے - ''سسی'' مسکین کا پسندیدہ موضوع تھا کیونکہ مسکین کے جو چند دوہے دستیاب ہوئے ہیں وہ بھی اسی موضوع سے متعلق ہیں - مثنوی کا انداز ملاحظہ ہو :

چشماں خوب کیتے دل پرزے زلفاں دام نبائی
مژگاں تیر خدنگ ظلم دے خونی رنگ حنائی
ابرو، قوس، کمان کیانی مژگوں تیر چلائی
گردن طول کلنگ وانگوں رفتار کبک دی پائی
کمر باریک نہایت سسی حسنوں بہت سوائی
نازک دست حنائی رنگلے سانگ تلولیاں لائی

سعدیٔ سرائیکی مولانا برخوردار خوشدل

خوشدل کا سال وفات ۱۹۲۰ء/۱۳۳۹ھ ہے - ابا عن جد خواجہ فرید کے خاندان والا تبار کے اتالیق اور تعلیمی نگران رہے ہیں - فارسی کا بہت اعلیٰ اور صاف ستھرا مذاق رکھنے کی وجہ سے سعدیٔ ثانی کہلائے - ان سے ایک سی حرفی ڈھولہ اور کچھ متفرق کلام سرائیکی میں بھی یادگار ہے - سی حرفی ڈھولن کے چند ابیات بطور نمونہ پیش ہیں :

ظ - ظالم برہوں تن لایاں سانگاں میں تاں راتیں ڈینہاں بیٹھی ڈھولے نوں تانگھاں
تیڈے درد دیاں ڈھولہ بیٹھی لکھدیاں کانگاں ڈھولہ اجن نہ آیا شہریں ملیاں بانگاں
ک - کانگ اڈانواں، بیٹھی غم نوں کھانواں راوی تار غماندی لنگھ کینویں میں آنواں
قصہ درد ہجر دا کینوں آکھ سناواں خوشدل نال ہجر دے بیٹھی لہندیاں لانواں

سید امیر حیدر المعروف میرن شاہ

سید امیر حیدر شاہ میرن بستی کرنا، موضع راؤ بیلہ شرقی تحصیل کوٹ ادو

ضلع مظفر گڑھ کے بخاری سادات میں ۱۸۰۸ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ زندگی کا بیشتر حصہ بہاولپور میں گزرا۔ میرن شاہ معاملہ بندی میں سرائیکی ادب کے مومن ہیں۔ ان کی شہرت کا باعث ان کی مختصراً مثنوی 'ہیر رانجھا' ہے۔ میرن شاہ کو مشہور سرائیکی لوک گیت ''چھلہ'' کی ایجاد کا بھی شرف حاصل ہے۔ 'آتش عشق' (مجموعہ کلام) اور 'قصہ کالی و گوری' ان کی مطبوعہ یادگاریں ہیں اور غیر مطبوعہ کلام بھی کثرت سے ملتا ہے۔ ۱۸۹۸ء میں فوت ہوئے۔ خیال چھلہ جو میرن شاہ کی ایجاد اور سرائیکی کلاسیکل موسیقی کی جان ہے میرن شاہ کی زبان میں ملاحظہ کیجیے :

چھلہ یار نشانی ڈتا ولول ڈیہدیاں چھلے نوں
چھلہ ڈیکر یار اساڈا کھس دلڑی ونجہ ہویا دور اڈا
تیں بن ہور نہیں کوئی ساڈا ، ولول روندیاں رلے نوں! چھلہ الخ
چھلہ ڈیکھ کے من پرچانواں، بھیڑے دل نوں بہہ سمجھانواں
شام سحر چم اکھیاں لانواں ، پٹیاں بنھ دل سیلے نوں! چھلہ الخ

جیون خاتون نکمّی

نکمّی حضرت مولانا حکیم محمد کبیر شاکر بلوچ کی چھوٹی صاحبزادی پھاپھل خاتون حفظانی کی بہن اور حضرت خواجہ محمد بخش نازک (فرزند و سجادہ حضرت خواجہ فریدؒ) کی دایہ تھیں۔ ان کی ولادت ۱۸۳۵ء میں اور وفات ۱۸۹۸ء میں ہوئی۔ نکمّی بنیادی طور پر غزل کی شاعرہ تھیں۔ ذوق شعر ان کو ورثے میں ملا تھا، جسے خواجہ نازک کی پاکیزہ علمی و ادبی صحبتوں نے اور جلا بخشی۔ 'سانون نامہ' (ساون نامہ) نکمّی کی مقبول ترین نظم ہے جو اس نے فراقِ مرشد میں کہی۔ چند اشعار ملاحظہ کیجیے :

سائیں نہ آیا سانوں آیا لڑھدے آئے نی ہل عشق مرشد دے نکمّی کیتا ول آء مرشدول
سکھ نہ آیا سانوں آیا لڑھدے آئے نی گھاہ نکمّی جان تے رول گیوئیں واہ وے مرشد واہ
سبھ کجھ بھل گیا سانوں آیالڑھدے آئے نی اک نکمّی کوں نت تانگھ تساڈی دردیں کیتا کک

'سانون نامہ' کے علاوہ نکمّی کا 'کونج نامہ' بھی خاصے کی چیز ہے۔ یہ دونوں سرائیکی لوک گیتوں کی مقبول ترین اصناف میں سے ہیں۔ ان کی ایجاد و اختراع کا سہرا جیون خاتون نکمّی کے سر ہے۔ 'سانون ناموں' میں بہار کی رت اور ساون کے مناظر سے متاثّر ہو کر جذبات کا اظہار کیا جاتا ہے اور 'کونج ناموں' میں کونجوں (قازوں) کی ڈاروں کو پیش نظر رکھ کر، ہجر و فراق کے جذبات کی عکاسی کی جاتی ہے۔ 'کونج نامے' کے کچھ اشعار ملاحظہ کیجیے :

اڈریں نی کونجاں موہر والی ہے ساوی نکمّی فالاں پاوے شالا مرشد آوی

اڈریں نی کونجاں موہر والی ہے کالی نکّمی اللہ میلے مٹھا عرب دا والی
اڈریں نی کونجاں موہر والی اناری نکّمی توڑ بچیسی رب رسول دی یاری
اڈریں نی کونجاں ، مـــوہر والی اصیلے میڈا ہادی پیارا سہنے ربدا خلیلے

قادر بخش بیدل

بیدل فقیر محمد محسن قادری کے گھر روہڑی شریف (سندھ) میں ۱۸۱۴ء/۱۲۳۰ھ میں پیدا ہوئے - ۱۸۶۹ء میں وفات پائی - مزار روہڑی میں ہے - سچّل سرمست کے بعد بیدل وحدت الوجود کے سب سے بڑے علمبردار نظر آتے ہیں - سندھی ، فارسی اور سرائیکی میں صاحبِ دیوان تھے - رندی و سرمستی کا انداز ملاحظہ کیجیے :

جنہیں نوں عشق بتاوے راہ اوں نوں کون کرے گمراہ
مذہب دا سٹ کوڑا جھگڑا وحـــدت دا گھـــن راہ
مذہب دین دیاں باتاں اورے عاشق ویندے اگے وو اگے!

عشقِ حقیقی بیدل کا خاص اور پسندیدہ موضوع ہے - عشق سے متعلق ان کے افکار مطالعہ ہوں :

عشق ہے پیر پیغمبر میرا عشق ہے ہادی رہبر میڈا
عشق ہے حیدرؑ صفدر میڈا عشق ہے میڈی پشت پناہ

عمر خان شاہد

محمد عمر خان شاہد مولوی محمد حسن خان گوپانگ بلوچ کے گھر ۱۸۲۵ء میں بمقام دبلی کبیر خان (نزد شیدانی شریف ضلع رحیم یار خان) پیدا ہوئے - ابتدائی تعلیم حضرت مولانا محمد کبیر خان صابر بلوچ سے حاصل کی اور شاعری میں بھی ان کے تلمّذ کا شرف حاصل کیا - شاہد زندگی بھر ملک الشعراء خواجہ فرید کی صحبت میں رہے اور دیارِ عرب میں بھی ان کی رفاقت کی - بالاخر ۱۹۱۲ء میں فوت ہو کر کوٹ مٹھن میں مدفون ہوئے - کلام میں ادبی خوبیاں ، علمی نزاکتیں اور فنّی محاسن موجود ہیں - بلاشبہ وہ سرائیکی زبان کے عمرخیّام ہیں - ایک رُباعی ملاحظہ کیجیے :

روہ پتھر پڑتال ویساں ، رکھ بھال وصال پنل دی
صحیح سنجاتم پیر پنل دے راہوں کیویں ول دی
کن وچہ کیچ دا ڈاج ڈھم ، تے سوغات ازل دی
شاہد ہمت مول نہ ہاریں اوہ کیچ دی باہ پی بل دی

Marfat.com

ہمت علی شاہ رضوی

ہمت علی شاہ روہڑی کے رضوی سادات کے نامور فرزند ہیں ۔ ایک اندازے کے مطابق ولادت ۱۷۴۰ء اور وفات ۱۸۹۰ء میں واقع ہوئی ہو گی ۔

سندھی اور سرائیکی کے قادرالکلام عوامی شاعر ہیں ۔ مشہور عوامی لوک گیت ''لولی'' (لوری) اور 'گھڑولی' کی صنف میں اُن کی دو سی حرفیاں یادگار ہیں ۔ 'گھڑولی' سندھ کے سرائیکی شعراء نے بہت ہی کم کہی ہے ۔ سچّل سرمست کے بعد ہمیں پورے سندھ میں سے دوسرا 'گھڑولی نامہ' محض ہمت علی شاہ کا ملا ہے ۔ لیجیے 'گھڑولی نامے' کے دو بند ملاحظہ کیجیے :

(الف) اللہ ہے صاحب ستاری صدقے نبی توں جان پیاری
علی دی تے ہے لاج ہمارے گولی ہاں میں تنہں در دی
وو مولیٰ گھڑولی بھر دی آہیاں ، میں تان گھڑولی

(ب) بتول رض پیغمبر زادی پاک دامن ہے سا شہزادی
یُطّھِرُکُم ہے صاحب ردادی توہ تہیندی میں تردی
''وو مولیٰ گھڑولی بھر دی''

غلام فقیر

مولانا غلام محمد فقیر بلوچوں کے قبیلے لغاری سے تعلق رکھتے تھے ۔ ۱۸۲۰ء کے لگ بھگ تحصیل ڈیرہ اسماعیل خاں کے قصبے ڈھکی میں ولادت ہوئی اور ۱۰ مئی ۱۹۳۸ء مطابق ۹ ربیع الاول ۱۳۵۷ء میں دارالبقا کو سدھارے ۔ غلام فقیر فارسی ، اردو اور سرائیکی کے قادرالکلام شاعر تھے ۔ ہر صنفِ سخن میں طبع آزمائی کی ہے ۔ آپ کے پوتے منشی بہاء الحق نے 'مجموعۂ غلام فقیر' کے نام سے کئی مجموعے چھپوائے ہیں ۔ مجھے ان میں سے 'مجموعہ غلام فقیر نمبر ۲' دستیاب ہوسکا ۔ اس میں سے ایک انوکھی چیز پیش خدمت کی جاتی ہے ۔ ''سوال و جواب گھڑا'' سرائیکی ادب کا ایک قدیم اور مقبول عام موضوع ہے ۔ دیہات کی الہڑ دوشیزہ دو تین گھڑے سر پر اور ایک گھڑا بغل میں لے کر جب پنگھٹ پر جاتی ہے تو عاشق نامراد بھی کہیں راہ میں کھڑا ہوتا ہے وہ اپنی بدقسمتی اور گھڑے کی خوش بختی پر دو آنسو بہاتا ہے اور گھڑے سے مخاطب ہو کر یوں اظہار جذبات کرتا ہے :

سوال نمبر ۱ : آوے گھڑا بھن ٹوٹے کرائیں تیں یار دی چیلھ رنجائی
ہک وی بھاراس پانی والا ڈوجھا ویندیں جان ، رلائی
عجب نصیب تساڈے گھڑا اساں مفتی عمر ونجانی

جواب گھڑا نمبر ۲ :

مار نہ مینوں کر نہ ٹوٹے اساں بھارے بھار لنگھائے
پہلے کپے نال کمہیاں دے وت گھر کمہار دے آئے
ماراں ، سخت کمہاراں والیاں جھل چک تے سر کپوائے
بعد اس دے وچہ آتش دے اساں سارے تن جلائے
جہڑے سنگی کھوٹے اساڈے تھی ٹوٹے گل سڈائے
اتنے او کھ گزرئیے اساں ، تڈاں ہتھ محبوباں لائے
غلام فقیرا او کھاں باجھوں کہیں ہرگز وصل نہ پائے

مولوی فیروز

انیسویں صدی کے مرثیہ گویوں میں مولوی فیروز کو اوّلیت اور پیشوائی کا شرف حاصل ہے ۔ سرائیکی ، شیعی ادب میں نظم و نثر کے امتزاج کا سراغ ہمیں اولاً مولوی فیروز مرحوم کے ہاں ملتا ہے ۔ ان سے قبل بھی نظم کے ساتھ نثر کا رواج جاری ہو چکا تھا ۔ مگر باقاعدہ فن کی صورت اختیار نہ کر سکا۔ مولوی فیروز کے منظوم مراثی اور نظم و نثر کے مرقعوں پر مشتمل کئی مجموعے شائع ہوئے اور اب تک مرثیہ خوانوں اور ذاکرین و واعظین کی حرز جان بنے ہوئے ہیں ۔ جن میں سے 'مجموعۂ فیروز' ، مشتمل بر ہشت اجزاء کو تو قبول عام اور بقائے دوام کی سند ملی ہے ۔ فیروز غزل اور رُباعی میں بھی ایک منفرد مقام رکھتا ہے ۔ تلاش کے باوجود ان کی غزلیات نہ مل سکیں البتہ چند رباعیاں میسر آئیں ، جن میں سے ایک تبرکاً پیش خدمت ہے :

(الف) آ ماہی کیوں چر لائی گھر آ نماشاں ٹلیاں نی!
وسر گیوں جھولی امڑی والی پردیس دیاں واٹا ملیاں نی
کیہاں ایر پیوونج دیر لائیو رتیں چیتر بہار دیاں ولیاں نی
فیروزا باغ نبوت دے کئی وائیں خزاں دیاں گھلیاں نی

صید علی شاہ ملتانی

صید علی ملتان میں ۱۸۴۰ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے اور تقریباً پون صدی تک سرائیکی علاقوں میں مرثیہ گو اور تقریر خوانی کرتے رہے ۔ ان کا اکثر کلام ان کے ایک ہم نام مرثیہ گو سید علی شاہ چھنیوی کے کلام میں گڈ مڈ ہو کر مدتوں چھپتا رہا ۔ ویسے ان کے

Marfat.com

اپنے نام سے ، 'تقریراتِ صید علی' ، 'واقعاتِ غم' اور 'انیس الذاکرین' کے مجموعے مدت سے مطبوع اور متداول ہیں - ہم ان کے ایک مرثیہ کا بند درج کرتے ہیں :

تیکوں ، کنہن ، پانی زنجیر وو پردیسی قیدی !
کس جرم دے وچہ تھیوں اسیر وو پردیسی قیدی !

ڈیکھ کے تیڈا جاہ جلالے — دل وچ پوندے سے سے خیالے
بلوے پوندے شاہاں والے — کہیں ڈیس داہیں تہ امیر وو
پردیسی قیدی !

غلام سکندر خان غلام

غلام سکندر خان غلام ڈیرہ اسمٰعیل خان کے مشہور قصبے ''بکّھر'' کے ایک ذی علم بلوچ گھرانے میں ۱۸۱۸ء کے لگ بھگ پیدا ہوا - مرثیہ گوئی میں نام پیدا کیا اور سلطان الشعراء کا لقب حاصل کیا - مراثی کی بحروں اور ہئیت میں خوشگوار جدّتیں پیدا کیں ، مراثی میں نظمِ مسلسل کا آغاز غلام ہی نے کیا - منظر نگاری ، زورِ بیان اور جوشِ خطابت کے ساتھ الفاظ کی مینا کاری بھی اس کے اسلوب کی خوبی ہے - مراثی اور نوحہ جات کے بیسیوں مجموعے یادگار چھوڑے - مذہبی کتب کے علاوہ 'وارتھل' ، 'مثنوی یوسف زلیخا' اور 'قصہ گیراوباز' بھی اس سے یادگار ہیں - غلام دراصل نظم اور رُباعی کا شاعر تھا - 'مجموعہ تحفۃ العشاق' میں غلام کے صرف اکیس دوہڑے طبع ہوئے ہیں حالانکہ غلام کے سینکڑوں دوہڑے اب بھی صاحبِ ذوق سخن شناسوں کے بیاض میں مل جاتے ہیں - ذیل میں غلام کی مشہور عالم شہر آشوب نظم ، 'وارتھل' سے چند اشعار بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں -

بکھر کے آس پاس تھل میں غلام بدوشعور سے کچھ عرصہ قبل زبردست قحط پڑا - غلام نے جب آنکھیں کھولیں تو اس قحط کے آثار ابھی باقی تھے ، اس حسّاس اور جذباتی شاعر نے اپنے بزرگوں سے قحط کی پوری روداد سنی اور اسے نظم کا جامہ پہنایا :

سرتے بوچھن ، لیراں لیراں کھہتے نقش مونہاندے
ہکی ہلیک ککیاں بٹیاندے آ جھلے چیر سراندے
ڈیکھ وطن دے حال بے حال نگال وہن اکھیاندے
پل وچہ شاہ گدا کرے تے گدا وللی ملکاندے

☆ ☆ ☆ ☆

ہوں تعجب تھل داراہی ڈیکھ توائی
اگے کال بیحال کیتا بیا گھتیا مار انائی
بھیڈاں لیلے مردے ونجن ہتھ نہ آوے کائی
ٹھالیاں والے وتن تھل ہک ہک اگوں لائی

Marfat.com

کمال مگسی

منشی محمد کمال خان بلوچوں کے مشہور قبیلے مگسی سے متعلق ہے۔ انیسویں صدی کے ربع اول میں ڈیڑہ اسمعیل خان کے ایک قصبے ''نواں کوٹ'' میں پیدا ہوا۔ مکتب کی ابتدائی عربی فارسی تعلیم کے ساتھ اس نے مروّجہ تعلیم بھی حاصل کی۔ پہلے معاش کے لیے ملتان کچہری میں عرائض نویسی اختیار کی، بعد میں مرثیہ گوئی اور سوز خوانی اختیار کی۔ جدت پسند طبیعت نے یہاں بھی نئی راہیں ایجاد کیں۔ کمال بنیادی طور پر غزل کا شاعر ہے اور کلام میں سادگی، شیرینی اور سلاست ہے۔ اس کے مراثی کا ایک مختصر سا مجموعہ 'مجموعۂ مرثیہ بحر غم' کے نام سے طبع ہوا۔ کافیوں کا کچھ حصہ 'مجموعہ کافیاں کمال خان' کے نام سے چھپا تھا۔ کمال کا ایک مرثیہ اپنے ہمعصر بزرگ اور سرائیکی و فارسی کے بلند پایہ شاعر حضرت مولانا عبیداللہ ملتانی رح سے متعلق 'اظہارِ الم' کے نام سے آٹھ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کی کافیوں (غزلوں) کا نمونہ نذرِ قارئین کیا جاتا ہے :

مطلع شام صبح انتظار نی گھر یار نہ آیا ہویم بہوں لاچار نی، دردان مار مکایا

بن دلبر دے درد ہزاراں کھا گیاں مونجھاں لیل نہاراں

ول آ ڈھولن ہن گھر باراں تھیواں میں باغ بہار نی

باجھ کمال دیوانی تھیاں ما پیئو سینگیاں یاد نہ رہیاں

تانگھ سجن وچہ سکدی پیاں کھا گئے درد آزار نی

فیض مشہدی

مولوی فیض احمد فیض اُچ کے ایک علمی خانوادے میں پیدا ہوئے۔ مولوی فیروز، غلام سکندر غلام اور کمال مگسی کے چھوٹے معاصر تھے۔ عربی، فارسی میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ نہایت زور گو اور پر گو شاعر تھے۔ فطری رجحان نظم کی طرف تھا۔ البتہ دوہڑے (رباعیاں) بھی خوب کہتے تھے۔ سارا زور طبع مرثیہ گوئی پر صرف کیا۔ 'چشمۂ فیض' ان کے مراثی و تقریرات کا مشہور گلدستہ ہے۔ 'مصائب الحسین' بھی ان سے یادگار ہے۔ 'چشمۂ فیض' سے ایک مسدس کا بند ملاحظہ کیجیے۔ سرور کائنات سے مخاطب ہو کر عرض کرتے ہیں :

ہے غرض میڈا شاہا مسلمان بناؤ توحید دے کلمے میکوں لجپال سکھاؤ

اسلام دی دولت کنوں دلشاد کراؤ در آئے دیاں دربار دے وچہ عزتاں ودہاؤ !

تھی شاد ونجاں دولت ایمان توں شاہا

تعلیم ونجاں گھن تیڈے قرآن توں شاہا

Marfat.com

امام الدین امام ہزاروی

شیخ امام الدین فقیر سرائیکی زبان کے پوٹھوہاری اسکول سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ ۱۸۳۰ء کے لگ بھگ قصہ تلوکڑ میں پیدا ہوئے، جو ہری پور سے میل سوا پرے ہے۔ ان کے بزرگ چھچھ ہزارہ کے رہنے والے تھے۔ امام اپنے وقت کے نامور شاعر تھے۔ ہمیں صرف ان کے دو منظوم رسالے مل سکے ہیں، جو معجزاتِ نبوی پر مشتمل ہیں۔ ان میں سے ایک یمن کے یہودی بادشاہ ولید کے مسلمان ہونے کا واقعہ ہے اور دوسرا ایک جنگل کی ہرنی کو حضور کی ضمانت پر جال سے خلاصی ملنے کے واقعات پر مشتمل ہے۔ امام کی زبان سیدھی سادی، صاف ستھری اور اندازِ بیان شاعرانہ سے زیادہ عالمانہ ہے۔ لیکن اس میں بھی بیحد روانی اور چاشنی ہے۔

حضور سرور کائنات کا سراپائے مقدس امام ہزاروی کی زبان سے سماعت کیجیے:

وانگ شمع پیشانی اس دی ڈسے نور تجلّی — صورت چندر بدر دے وانگوں جہال نہ جاوے جھلّی
قمروں جیوں ہن نور فلک دا اتر زمیں تے آیا — ایڈا شان پیغمبر باجھوں ہور کسے نہ پایا
چشماں سندر وچہ حیاتے متھا بہت کشادہ — رنگ سفیدے سرخی مائل بینی الف آمادہ

حضرت مولانا عبیداللہ ملتانی

سرزمینِ ملتان جن ہستیوں پر ناز کر سکتی ہے ان میں سے مولانا عبیداللہ ملتانی کی جامع کمالات شخصیت بھی سرفہرست نظر آتی ہے۔ آپ حضرت مولانا خواجہ خدا بخش ملتانی ثم خیر پوری کے خلیفۂ مجاز تھے۔ سرائیکی کے نامور شاعر اور بزرگ حضرت خواجہ حافظ جمال اللہ چشتی ملتانیؒ آپ کے دادا پیر تھے۔ مولانا عبیداللہ عربی، فارسی کے جیّد عالم اور مصنف ہونے کے ساتھ ساتھ سرائیکی زبان کے بھی قادر الکلام اور خوش گو شاعر تھے۔ افسوس کہ ان کا اکثر کلام غیر مطبوعہ ہے اور پوری کوشش کے باوجود میسر نہ ہوسکا۔ مطبوعہ کلام میں سے اس وقت رسالہ 'تحفۂ زنان'، 'رسالۂ عیوب النفس'، مجموعہ 'مولود شریف'، 'چھڑیاں و تیر' اور 'ہیر رانجھا' میرے پیش نظر ہے۔ کلام کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا سرائیکی زبان کی تمام اصنافِ سخن پر ماہرانہ دسترس رکھتے تھے اور ہر صنفِ سخن میں طبع آزمائی فرماتے رہے۔

مولانا نے 'تحفۂ زنان' میں اولیاء خواتین کے حالات اور ان کے حسنات کے قصے لکھ کر مسلمان عورتوں کو دینداری، مذہب پرستی اور ذکر الٰہی کی طرف راغب کیا ہے۔ اور 'رسالۂ عیوب النفس' میں اپنے دور کے مسلمانوں کی گمراہی کا نقشہ کھینچا ہے۔ اس

Marfat.com

رسالہ کے چند اشعار ملاحظہ ہوں :

عالم مفتی قاضی وڈے رشوت کھاون سب ضعیف روایت تے عمل کریں رشوت لوں جھب
وچ شہراں دے صوفی رہندے کردے اوہ دلاّلی محراب متھے تے وڈے ہووں کردے ٹھگی دلاّلی
سید اتے قریشی بھوں کرن گمراہ خلائق کفر دے کلمے آکھن اوہے عمل کرن نالائق
صوفی وڈیاں مجلساں لاون کڈھن او دکان حالتاں کھیڈن ٹپے مارن اللہ دے پہلوان
واعظ وعظ دانـــاں گریہن لا بہـــن بازار کوڑ بتاکاں وچہ مسیتاں ، مارن اوہ لاچار

شاہ ولایت ملتانی

ملتان کے جن بزرگوں نے عربی ، فارسی کی درسی کتب کو سرائیکی میں ڈھال کر نصاب کو آسان اور عام فہم بنائے کی کوشش کی ان میں خاندان حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی کے نامور فرزند شاہ ولایت کو اّولیت کا درجہ حاصل ہے ۔ ہمیں ان کا صرف ایک منظوم رسالہ مل سکا ہے ، جو عربی صرف کے قوانین پر مشتمل ہے ۔ شاہ ولایت ۱۸۱۰ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے اور قبرستان حسن پروانہ میں مدفون ہیں ۔ دو ہمزوں کی یکجائی سے متعلق صرف کا قانون ملاحظہ فرمائیے :

ڈوں ہمزے ہکی جائی ہووں پہلا ساکن بجھ ثانی ہمزہ یاء سنگ بدلے شک نہ آنی کجھ

(یعنی اگر عربی کے کسی ایک کلمے میں دو ہمزے متصل آ جائیں اور پہلا ہمزہ ساکن ہو تو دوسرے کو وجوباً یأ سے بدل دیا جاتا ہے)

آخر میں شاہ ولایت ''تمت باالخیر'' یوں فرماتے ہیں :

قانون صرف دے مکمّے یارو فضل کیتا رب باری
نال فضل دے اللہ بخشے جو کوئی سامع قاری
شاہ ولایت عاصی بھارا کر امید دعائیں
شاید برکت کہیں صاحب دے بخش کرے رب سائیں

مولوی محمد بخش محمدن بہاولپوری

محمدن بہاول پور شہر کے ایک محلے ''ٹالی والا'' میں ۱۸۳۶ء کو پیدا ہوئے ۔ محمدن بہاولپور کے ایک نمائندہ اور قابل ذکر شاعر ہیں ۔ ایک مختصر سا مجموعہ 'مجموعہ فراق عشق' کے نام سے پچاس ساٹھ سال ادھر بہاول پور سے شائع ہوا ۔ جو اب نایاب ہے ۔ محمدنؔ کے کلام میں پختگی اور غضب کی چاشنی و روانی ہے ۔ وہ بنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں مگر کافی کہنے پر بھی قدرت رکھتے ہیں ۔ ان کے دوہڑوں (رباعیات) میں بھی فن کے تمام

Marfat.com

محاسن ملتے ہیں ۔

سی حرفی رباعیات میں سے ایک رباعی ملاحظہ کیجیے :

ن ۔ ناز نہوری یار سجن دے میں ، تاں لٹی وے لوکو لٹی
خونیں ، خنجر نیں ماہی دے میں تاں کٹھی وے لوکو کٹھی
وسدے شہر برباد تھیوم میں تاں مٹھی وے لوکو مٹھی
محمدن فوجاں عشق دیاں چڑھیاں دھاڑ ترٹی وے لوکو ترٹی

گامن کروڑی

کوٹ کروڑ ملتان میں ۱۸۴۰ء کے لگ بھگ سرائیکی کا قادرالکلام مزاحیہ شاعر ''گامن'' پیدا ہوا ۔

گامن اپنے قصبے کے ایک ہندو دکاندار ''جندے مل'' کے گھوڑے کا سراپا مزاحیہ انداز میں پیش کرتے ہوئے یوں رقم طراز ہے :

گھوڑا گدھا جندے مل — کلّے توں نہیں سکدا ہل
آ گھوڑے دیاں دھماں پیاں — شہر بازاراں بوٹے لیاں
خان کوں تازیاں خبراں گیاں — ابھے لمے پیا تھرتھل
آڈیکھو گھوڑے دا زور — خواہ مخواہ مچاوے شور
تروڑ نہ سکدا کچی ڈور — عصے کولوں ویندا جل
ٹور گھوڑے دی ڈیکھو سائیں — کوہ کرے ڈینھ لتھے تائیں
جے مارن ڈھے پوے اتھائیں — ٹرے نہ مول کھڑے پڑ

ناطق ملتانی

ناطق ملتان کے ایک صوفی منش درویش گزرے ہیں ۔ ۱۸۴۰ء کے قریب پیدا ہوئے خاندان حضرت غوث بہاء الدین زکریا ملتانی کے مرید و معتقد تھے ۔ کافیوں اور دوہڑوں کا ایک اچھا خاصہ ذخیرہ چھوڑ کر ۱۸۹۹ء میں راہی ملک عدم ہوئے ۔ ان کی سی حرفی کا انداز ملاحظہ کیجیے :

ج ۔ جان پیاری جیویں وانگ بلورے — رلسیں نال مٹی دے تھیسیں سے بھورے
شمسیں فرش مٹی دے کھاسن کیڑے مکوڑے — ناطق سمجھ نہ کیتو کوڑے لوک ند وڑے

قادر یار سندھو

قادر یار انیسویں صدی کے نصف آخر کی پیداوار ہے اور ملتان کے نواحی علاقے کی

مشہور جٹ قوم سندھو میں پیدا ہوا ۔ اس کی تعلیم و تربیت ایک ماچھی گھرانے میں ہوئی ۔ فطرت نے اسے شاعرانہ صلاحیتوں سے فیاضی کے ساتھ نوازا تھا ۔ اُس کی شہرت کا باعث اگرچہ 'پورن بھگت' کا قصہ ہے مگر اس نے 'روزہ نامہ' ، 'معراج نامہ' اور 'رسالو' کا قصہ بھی یادگار چھوڑا ہے ۔

'روزہ نامہ' قادر یار کی شاہکار نظم ہے ۔ ذرا تمہید کے چند شعر ملاحظہ فرمائیے :

چن چڑھیا مہ رمضان دا — اساں فرض دیتاں سلطان دا
اساں عذر نہیں قرضائیاں — جنہیں کانگاں سریں چڑھائیاں
میں رجوع ہوئی ہتھ بنھ کے — سب دولت ہے سرکار دی
اس خط دتا ہتھ آئے کے — وچہ مطلب سنو پڑھائے کے
اساں لے لفافہ کھولیا — من کنب گیا دل ڈولیا
اساں مہر سنجاتی قادرا — ایہہ چٹھی ہے سرکار دی

مولوی خدا بخش

مولوی خدا بخش ۱۸۳۰ء کے لگ بھگ شہر ملتان میں پیدا ہوئے ۔ مروّجہ علوم میں دستگاہ کامل حاصل کی اور پھر ملتان ہی میں درس و تدریس کا شغل اختیار کیا ۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کا حشر آنکھوں سے دیکھا اور ملّت کی فلاح تعلیمی ترقی میں دیکھی ۔ ان کی مشہور ترین کتاب 'نصابِ ضروری' مدتوں داخل درس رہی ۔ امیر خسرو سے منسوب شدہ 'خالق باری' کے بعد جو مقام 'نصابِ ضروری' نے حاصل کیا وہ کسی اور منظوم لغت کو کم ہی ملا ہے ۔

چند اشعار بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں :

شوہر ، گھوٹ ، عروس ، کنوار — سبالہ ، آنہر ، محبت ، پیار
خواستگاری ، منگیوا ، علامت نشانی — ولیمہ ، طعام ، ضیافت ، مہمانی
بکر و دوشیزہ کنواری ، کوڑی — رنجیدہ روٹھی ، مطلقہ ، چھوڑی
حنا ، مہندی ، وطن ہے ، دیس — خانہ ، گھر ، خضاب ہے کیس
زفاف ، مکلاوہ ، شنگچہ ، چولی — منکوحہ جوئے ، حجلہ ، ڈولی
آئینہ ، آرسی ، شانہ کنگھی — سرمہ دان ، سرمے دانی ، گذشتہ ، لنگھی
تنہا ، اکلا مجرد ، چھڑا — ہمتاء ثانی ، استادہ ، کھڑا

میاں واصل

میاں واصل انیسویں صدی کے نصف اول میں ضلع جھنگ کے مضافات میں پیدا ہوئے۔ عمر بھر کافیاں کہتے رہے۔ ان کی ایک نادر کافی ملی ہے۔ جس کا کچھ حصہ تبرکاً درج کیا جاتا ہے:

چھان چھنڈک کر ستھرے دانے سمجھ دھیا! سگھڑائی نی!
نکاّ پنہیں، سگھڑ سڈلیسیں، تھیسیں جگ سبھائی نی!
آدھیا! کچھ سمجھ کریجے سارا گھر سمبھال رکھیجے
نکاّ کت کے ڈاج سنیجے نا تھیویں شرمائی نی!
سہنی انگن ڈے بوہاری کر ستھریاں تھی بیاری
وت سمبھال رکھیں توں ساری نہ ڈیسیا سہنا کائی نی!
جان جان پیکا شہر جھلیسیں اوڑک ساہورے گھر نوں ویسیں
سگھڑ ہو اسیں، خوش جلیسیں اتھ ہو سیاماء پرائی نی!
جے گن پلے شوہ کوں بھاسیں اوگنہاری تے غم کھاسیں
ایہو ویلھا مول نہ لاہیں ہتھ نہ آسیا کائی نی!

سید غلام غوث

پیر کوٹ شاہانہ ضلع جھنگ کے سادات خاندان میں آپ کی ولادت ۱۸۳۸ء کے لگ بھگ ہوئی۔ آپ کی بیعت سلسلۂ قادریہ میں تھی اور اس سلسلے کا فیض آپ نے پورے علاقے میں پھیلا دیا۔ آپ فارسی، اردو اور سرائیکی کے مایۂ ناز شاعر تھے۔ مگر افسوس کہ کلام طباعت سے محروم رہا۔ سید غلام غوث سی حرفی میں حرف ''ص'' کے تحت حضرت غوث الاعظم رح کو مخاطب کرکے کہتے ہیں:

صاف سینہ کر میراں میرا اس کینے تے حسد نفاق کنوں
اوتاں وانگ پانی دے صاف ہووے باجھوں خس خاشاک کنوں
اتے وانگوں شیشے دے روشن ہووے باجھوں غسل غاشاک کنوں
غلام غوث نوں دے امان میراں، توں ایس زمانے ہلاک کنوں

عبدالغفور طالب

ملتان کے نواحی قصبے چاہ بھورے شاہ والا میں مولوی تاج محمود صاحب کے گھر طالب ۱۸۴۵ء میں پیدا ہوئے۔ علوم مروّجہ میں مہارت حاصل کی، تدریس کا پیشہ اختیار کیا۔ سرائیکی اور فارسی میں مشقِ سخن کرتے تھے ایک مختصر کتابچہ — 'مجموعہ کافیاں و ڈوہرہ

جات مع سوال و جواب عشقیہ پدر و پسر' — مطبوعہ ملتا ہے۔ طالب کے اشعار میں سادگی اور جذبات میں خلوص پایا جاتا ہے۔ دوہڑوں میں عشقِ حقیقی کا رنگ غالب ہے۔ 'سوال و جواب پدر و پسر' ملاحظہ کیجیے:

سوال پدر: ش
شرم و حیا ادب رکھ پوری سٹ گھٹ کوڑی چالے
زری اتے زربفت ہنڈا خود ریشم خاص دوشالے
سے محبوب کراں میں حاضر صورت شمس مثالے
نوکر نال نقیباں، پترا کھاتوں، چرب نوالے

جواب پسر: ص
صبر حیادی غرض نیں میکوں تانگھ سجن دی رہندی
سیجھ سونہاری باجھ رانجھن ہے ہرگز سول نہ بھندی
ڈکھڑے سوز فراق ماہی دے سہج کنوں دل چہندی
ولول بہ سمجھیندیں بابو گالھ نہیں ایہہ پہندی

باغ شاہ قریشی

کروڑ لعل عیین ضلع مظفر گڑھ کے قریشی خانوادے سے تعلق رکھتے اور حضرت بہاءالدین زکریا ملتانیؒ کی اولاد میں سے ہیں۔ ۱۸۳۸ء میں پیدا ہوئے۔ عربی و فارسی کے جیّد عالم اور فارسی، سرائیکی کے قادرالکلام شاعر تھے۔ غزل (کافی) میں عوامی زندگی کو اجاگر کرنے کی اولیت کا سہرا انہی کے سر ہے۔ ''کافی پیلوں'' ان کی مقبول ترین کافی ہے جس میں انہوں نے پیلو چننے کے منظر اور سرائیکی علاقے کی زندگی کے اس جاندار پہلو کو بڑی صنّاعی اور چابکدستی سے اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے 'شاہنامہ فردوسی' سے 'قصہ بیزن منیژہ' بھی سرائیکی نظم میں لکھا۔ اس مثنوی کی تاریخ اختتام شاعر کی زبانی ۱۸۸۰ء/۱۲۹۸ھ ہے۔ ''کافی پیلوں'' کے کچھ بند ضیافتِ طبع کے لیے درج ہیں:

واہ راوی دیاں نازک کڑیاں — پیلوں ڈیلھے، چنن کوں ٹریاں
سوہنیاں جٹیاں، حسن دیاں صاحب — ٹھم ٹھم ٹر دیاں چال عجائب
مٹھڑی موہنی گالھ غرائب — بھنے وال خم و خم کھڑیاں
اٹھدیاں دھمیں، نال سویلے — چھیڑ ٹرن کئی بھیڈاں لیلے
بھج بھج چنڈیاں پیلوں ڈیلھے — سیر جنگل کر گھر مڑیاں
باغ جٹیاندے ویکھ ظہورے — لگڑی اسانوں پریم ٹھنگورے
کیتا مار برہوں چک چورے — لکھیاں لوح قلم دیا وڑھیاں

Marfat.com

سید جلال شاہ کلیم

سید جلال الدین شاہ کلیم حسینی البخاری بدلی ضلع رحیم یار خان کے ایک سادات گھرانے میں ۱۸۴۶ء/۱۲۶۳ھ کے قریب پیدا ہوئے۔ علومِ ظاہری کی تکمیل والد ماجد سے اور علومِ باطنی کا اکتساب حضرت سید موسن شاہ صاحب بکائنی (ضلع رحیم یار خاں) سے کیا۔ خواجگان کوٹ مٹھن (خانوادۂ خواجہ فرید) سے بھی حد درجہ عقیدت تھی۔ فطری طور پر غزل گو شاعر تھے۔ اپنے والدِ گرامی کی فرمائش پر 'سسّی پنوں' کا مشہور واقعہ نظم کیا۔ مثنوی کی زبان شستہ، اور اندازِ بیان بلیغ ہے۔ کلیم نے یہ مثنوی ۱۸۸۵ء/۱۳۰۳ھ میں ختم کی۔ ''سسّی'' کی جب پنوں سے شادی ہونے لگتی ہے تو شاعر مشہور ''سرائیکی لوک ناچ جھمر'' کا ذکر یوں کرتا ہے:

عجب بنیا اتھاں چرچا جھمر دا — قتل چرچا کئی جانباز کر دا
چڑھا فوجاں، حسن دیاں شاہ پریاں — بنا مرچی مقابل آن کھڑیاں
پہن زربفت سر چیرے دو شالے — تھئے داخل جھمر دیوچہ دخالے
پنڑ سسّی بنا بیدل چڑھوئی — کٹاون سر جھمر وچہ آ کھڑوئی
جڑی میدان دے وچہ جنگ بازی — تھئی جاری قتل دی کار سازی
نگہ کر ناز بھریاں دے نہورے — قتل کر ول رکھن احسان تھورے
بہادر سرکنوں بیزار بانکے — مرن رن وچہ دلاور مار دھانکے
وجن رن وچہ نفیران ناد نڑیاں — کرن دھڑ بڑ تمامی دھونس دھڑیاں
مرن کیتے پھرن ماندے متارے — پون پڑ وچہ بہادر مار نعرے

گل محمد فائق

بیرون دہلی دروازہ ملتان کے ایک علمی خانوادے میں گل محمد فائق ۱۸۴۰ء میں پیدا ہوا۔ علومِ مروّجہ کی تعلیم مدرسۂ خانقاہ حضرت غوث بہاءالدین زکریا رح میں حاصل کی۔ فنِ خطاطی میں بھی کافی دسترس تھی۔ فائق ایک احساس اور انقلاب پسند شاعر تھا، اس نے انگریزی اقتدار میں مسلمانوں کی بے بسی، بے حسی اور مغربی تمدّن سے ان کی مرعوبیت کا مطالعہ اور مشاہدہ کیا اور انہیں اپنے فن کے ذریعہ جھنجھوڑنے کی کوشش کی۔ ''تیرھویں صدی'' اس کی مشہور و مقبول طویل نظم ہے۔ جس میں مغربی افکار و تہذیب کی تباہ کاریوں کا رونا اور اسلامی اقدار کے مٹنے کا دکھ بلیغ انداز میں ادا کیا گیا ہے۔ فائق نظم اور غزل دونو پر قابو رکھتا تھا۔ اس کی ایک مشہور غزل کے تین اشعار ملاحظہ کیجیے:

Marfat.com

دلـــدار دلـــداری کـــرو ڈکھیاندی غم خواری کرو
ایڈی نہ ہن خواری کرو چـــا دور، بیـــماری کرو
جوسی کجا رملی کجا اے حکمت عمـــلی کجا
دل کملی تے رملی کجا رل مل حکم جاری کرو
سینگیاں دی ٹولی ہک طرف خلقت دی بولی بک طرف
دل کملی بھولی ہک طرف ہک دی طرف داری کرو

مولوی اللہ بخش جانباز

تحصیل علی پور ضلع مظفر گڑھ کے ایک قصبے ''ملک ارائیں'' کے مشہور پٹھان خاندان میں سردار غلام مصطفیٰ خان افغان کے گھر اندازاً ۱۸۴۰ء میں پیدا ہوئے۔ علومِ متداولہ میں دستگاہ حاصل کرکے سرائیکی زبان کے ملک الشعراء خواجہ فرید[۱] کے مرشد اور برادر بزرگ حضرت خواجہ فخر الدین اوحدی المعروف ''فخرِ جہاں'' کی خدمت میں منازلِ سلوک طے کیں۔ شعر گوئی کا ملکہ فطری تھا۔ انہوں نے بھی 'شاہنامۂ فردوسی' کی مشہور عشقیہ داستان 'بیزن منیژہ' کو سرائیکی نظم میں ڈھالا۔ اس مثنوی کے علاوہ ''جانباز'' نے اپنی محبت کی داستان بھی 'قصہ جانبازِ عالم' کے نام سے نظم کی۔ مثنوی 'بیزن منیژہ' کا ایک ٹکڑا ملاحظہ کیجیے:

عاشق تے معشوق جڈاں، بیدار تھئے خوش خوبواں
آن کنیز حمام تپایا مشک عبیر گلابوں
دھوون نئی بیزن دے اعضأ خادم ململ صابوں
بعد ازاں پوشاک پہراون تار جڑی زر نابوں
کنچنیاں، کنچندیاں آیاں نور بھریاں مہتابوں
تاب کہیں مہتاب کوں تنہاں تابگئی افتابوں
پاء یشواز اواز کرن پئے ساز وجن ہر بابوں
تن تن توم تنن تن چھن چھن ہوش کھسن اربابوں
ناچے گاوت باجے باجت ہکبئے نال خطابوں
تارا تے نت مارن تاڑی چٹکی عجب حسابوں
سارنگی سارنگ کنوں بم زیر وجے مفرابوں
طبلے طبلک تھاپ لگی دھم دھام اٹھی مفرابوں

Marfat.com

نوچیاں نچ نچ ناچ کیتا نچ ناچ کرن دل قابوں ،
کھا پھیری تھی ڈھیری ویندیاں دل گھیری اصحابوں

میاں محمودن

میاں محمود بخش محمودن ریاست بہاولپور کے مرکزی علاقے قدیم کاردارئی خانپور کا رہنے والا تھا ۔ اس کی ولادت ایک بلوچ گھرانے میں ۱۸۲۵ء کے لگ بھگ ہوئی ۔ ابتدائی تعلیم کے مراحل طے ہو رہے تھے کہ ایک ہم سبق سے محبت ہو گئی جو عمر بھر رہی ۔ محمودن بنیادی طور پر غزل کا شاعر ہے اس کا کلام مدتوں اہلِ درد کے دلوں کو گرماتا رہا ۔ اس کا صرف ایک بارہ ماسہ مطبوعہ ملتا ہے ۔ تا حال محمودن سے پہلے کسی سرائیکی بارہ ماسے کا سراغ نہیں ملا ۔ محمودن کے بارہ ماسے کا مختصر انتخاب پیش خدمت ہے :

جیٹھ ۔ جیٹھ ماہ جھکڑ گھلیئے ڈھانڈیاں گھلیاں یک لس
ہک تاری نم بیا شوہ نمی اگ جلدیاں بیوس
کوٹھے دے اندر بہہ رووان میڈے نیں نکرن بس
ہک میں محمودن ماندیاں ولدی نہ کوئی ڈس

ہاڑ ۔ ہاڑ آیا ترامان بھوئیں تتی ساڑے زمین سر پیر
چھاں تے دھپ ڈوہیں کھوہریاں گرمی ڈسیجے ڈھیر
کوٹھے دے اندر بہہ رووان میدا ہنجواں نال وہیر
گیا ہاڑ ماہ محمودنا جانی نہ پایم پیر

ساون ۔ گج گج وسندی سانونٹی کن من وسن بے ڈینہ
پیں ، پیں ، پوکارے پوپٹی وسدے ملا ہرے میہنہ
جیڑا اداسی ہو گیا چوٹاں چلایاں نینہ
گیا ساون ماہ محمودنا شوہ بن حویلی شینہ

شاہ محمد دیدڑ

فقیر شاہ محمد خاندان ''دیدڑ'' کا چشم و چراغ ہے ۔ ولادت اپنے آبائی گاؤں ''دیڈر'' تحصیل قنبر ضلع لاڑکانہ میں ۱۸۲۹ء کے قریب ہوئی ۔ اس نے حمل خاں لغاری کا لطفِ صحبت بھی اٹھایا ۔ اپنے عہد کا نامور رباعی گو تھا ۔ زیادہ تر سی حرفیاں اور بحریں (واریں) یادگار چھوڑی ہیں ۔ شب خمیس ۱۶ رمضان ۱۸۸۹ء/۱۳۰۹ھ کو واصل بحق ہوا ۔ ایک بحر (وار) حاضر ہے :

Marfat.com

سندر سجنڑی سینده سہنی کیتا سر کر کنڈھی سینگار میاں
زلف سیاہ سیسہر اتھ ہے بھونر سندی بھنکار میاں
قد صنوبر سر سوہنے دا ماکھی ہے لب لار میاں
لیٹ لکھینی لاڈلڑے بازو بند بنیئے زری دار میاں
پیر پٹونڑین پالیہردے ہن چاسینگر چمکار میاں
مور کبک ، ہنج وارن ونگیئے رانل دی رفتار میاں
کوئل درد اول نہ ولّے سن گوہر دی گفتار میاں
شل جد اہ جالے ہکدم جگوچہ دیدڑ کنوں دلدار میاں

خان محمد چنجنی

حاجی خان محمد نام خانن تخلص اور چنجنی قومیت ہے - آپ ۱۸۳۰ء میں تولد ہوئے - ان کا آبائی گاؤں ''قریہ میاں داد چنجنی'' تحصیل وارہ ضلع لاڑکانہ ہے - انہوں نے سرائیکی کافیوں ، دوہڑوں ، سہروں ، مدحیات و مناقب اور سی حرفیوں کا بہت سارا ذخیرہ یادگار چھوڑا ہے - وفات ۱۹۰۰ء میں ہوئی - ایک سہ حرفی میں سے ایک بند ملاحظہ فرمائیے :

برسر ہے بار اڑانگا — مرسل میر دا عشق مہانگا
مار خودی دا کیڑ کانگا — تھی کڈھ کڑی بھنجھر بھانگا
بے کم بے غم تھیوے نہ نانگا — سدا سکھی تھی کریں نہ سانگا
ترن پیوئی تار آئین تانگھا — اون بھر چل توں ڈیسین اوڑ

پوکھ پکی ہئی پیہا جوڑ
معنی مخفی منہ نہ موڑ

صوفی نبی بخش

مولانا صوفی نبی بخش تلنبوی ۱۸۳۰ء کے قریب ملتان کے مردم خیز قصبے تلنبہ کے ایک متوسط حال صنعت کار درویش خاندان میں پیدا ہوئے - چشتی مسلک سے وابستہ ہونے کی بنا پر وحدت الوجود کے قائل اور داعی تھے - غزل کے شاعر ہیں اور اس کے ذریعے انہوں نے اپنے مذہب و مسلک کی خوب تبلیغ کی - وحدت الوجود کے بیان میں بھی اکثر و بیشتر سرائیکی رسم و رواج اور معاشرت سے متعلق اصطلاحات سے کام لیتے ہیں - مثلاً فصلوں کی کٹائی (لائی) کرنے والوں مزدوروں (لاوے)

Marfat.com

کو سامنے رکھ کر اس مسلک کو بیان کرتے ہیں :

تیرے عشق کرائیاں لائیاں　　بٹھ پیاں نی فخر وڈائیاں
جڈوں لا دی ڈاتری چائی　　کھیتی حد دی کپ ونجائی
رہی میں وچہ ''میں'' نہ رائی　　جڈوں ضرباں عشق چلائیاں

☆ ☆ ☆ ☆

لا حول ولا دا چاویں مونہاں　　تھیسیں الا اللہ دا سونہاں
اللہ منصب ڈتڑے روحاں　　ان اولیاءٔ اللہ فرمائیاں

حسین دیدڑ

قریہ دیڈر تحصیل قنبر ضلع لاڑکانہ میں ۱۸۱۰ء کے قریب پیدا ہوئے ۔ حسین فطری شاعر تھا ۔ اس کی کافیاں اور سی حرفیاں مشہور و مقبول ہیں ۔ وفات ۱۸۷۰ء میں ہوئی ۔ 'سی حرفی نصیحت نامہ' کا ایک بند بطور نمونہ پیش خدمت ہے :

الف ۔ ادا اے سن توں گال　　سمجھ سیانا ہوش سنبھال
ہے جگ فانی خواب خیال　　جیوں دینا وچہ جنجال
کر کا سعیا، چھوڑ خمار
ڈاڑھی صاحب دی سرکار

بخش علی جتوئی

بلوچوں کے نامور قبیلے ''جتوئی'' کا یہ فرزند مراد علی خان جتوئی کے گھر اپنے آبائی گاؤں '' تھر ڑی چھٹے والی'' تحصیل و ضلع لاڑکانہ میں ۱۸۱۸ء/۱۲۳۴ھ کو پیدا ہوا ۔ اپنے عہد کے سرائیکی شعراء میں ممتاز مقام حاصل کیا ۔ کافیاں دوہڑے ، مولود اور سی حرفیاں سبھی اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کی ۔ ایک بند 'سی حرفی عشقیہ' سے ملاحظہ کیجیے :

ھ ۔ ہمیشہ رمز رندی رکھ رقصی ذوق ضروری
جذبی حالت برہ وفا پی پیالہ مئے سکوری۲

---

۱ سعی کا سرائیکی تلفظ (نامہ نگار) ۔

۲- سُکر سے سرائیکی انداز میں ڈھالا گیا ہے منازل سلوک میں صحو (ہشیاری) کے مقابل سکر (مستی) ہوتا ہے ۔

Marfat.com

تنہن پس نزد معارف محفل منھن کرنی منظوری
بخش علی دکھ دور تھئے جان یار ملیا مہجوری

مخدوم الملک سید

شمس الدین نام سید تخلص اور مخدوم الملک لقب آپ حامد محمد شمس الدین سادس کے لقب سے اچّہ شریف کی خانقاہ قادریہ جیلانیہ کے سجادہ نشین ہوئے۔ فارسی، اردو اور سرائیکی زبان کے صاحبِ دیوان شاعر تھے۔ سرائیکی میں کافیوں، دوہڑوں، مولودوں، اور سی حرفیوں کا ایک ضخیم مجموعہ یادگار چھوڑا۔ آپ کی وفات ۱۸۸۵ء/۱۳۰۳ھ میں ہوئی۔ نمونۂ کلام یہ ہے:

تارے گن گن رات نبھانواں میں — نہ سیجھ تے پاسہ لانواں میں
تھی بسمل پئی تڑپانواں میں — کراں رو رو نت برسات سائیں
میکوں قید غماں وچ سٹ گیوں — کیوں سانول جھوکاں پٹ گیوں
ڈس سوہنا کیا کجھ وٹ گیوں — ول پایو مول نہ جھات سائیں

دیوان خوشدل

حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت بخاری اچّوی کی اولادِ امجاد سے تعلق رکھتے تھے اور اچّہ شریف سے نقلِ مکانی کرکے جلال پور پیر والا ضلع ملتان میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ حضرت خوشدل خواجہ، حضرت محکم الدین سیرانی اویسی کے سلسلۂ رشد و ہدایت میں بیعت ہوئے اور تا دمِ زیست خانقاہ اویسیہ کے حلقہ بگوش رہے۔ ایک اندازے کے مطابق ولادت ۱۸۳۵ء میں ہوئی۔ اپنے دور کے صاحبِ طرز سرائیکی شاعر تھے۔ انہوں نے سرائیکی دوہڑہ (رباعی) میں نام پیدا کیا۔ بلا مبالغہ وہ علی حیدر کے بعد سرائیکی دوہڑہ گویوں میں سب سے بلند مقام شاعر ہیں۔ نمونۂ کلام ملاحظہ فرمائیے:

آؤ سیو رل کانگ اڈارون پردیسی ڈہولہ آوے
روندی راہ بھلیندی نوں ڈہولا آوے آن رہاوے
وتھری سیج رنگیلی نوں ڈھولہ آوے آن سوہاوے
خوشدل ہو قبولیم تینوں ماہی آوے تے گل لاوے
سانوں ماہ سہیلا آیا پاند لیاں دے رتے
رج رنوئیں اتے رج روایو اتے ہجر لایوئی متھے

Marfat.com

نہ ٹکدی روح ٹکانے وچہ سے جوگی جوگ کمتے
خوشدل سول نہ وسرم دل توں رخ ماہی دے پتے

غلام قادر

خاندان حضرت غوث العالمین بہاء الدین زکریا ملتانیؒ کے نامور فرزند ہیں ۔ موضع لابرم نواح ملتان میں ۱۸۳۶ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے ۔ خاندانی روایات کے تحت ارشاد و ہدایت اور تبلیغ کو زندگی کا نصب العین بنایا ۔ شاعری سے فطری لگاؤ تھا ۔ فارسی اور سرائیکی دونو میں کافی منظوم ذخیرہ چھوڑا ۔ اگرچہ کافیاں اور دوہڑے بھی ان سے یادگار ملتے ہیں، لیکن ان کا اصل موضوع مذہبی مثنوی ہے ۔ 'معراج نامہ' منظوم اور 'تولّد نامہ' منظوم ان کی یادگار طویل مثنویاں ہیں ۔

'تولد نامہ' میں ولادت سے نبوت تک کے حالات تفصیلاً صحیح روایات سے نظم کیے ہیں ۔ یہ مثنوی ۱۸۹۲ء/ ۱۳۱۰ھ میں مکمل ہوئی ۔

حضرت حلیمہ سعدیہ جب دودھ چھڑا کر سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو مکّہ لانے لگیں تو آپ راستے میں غائب ہو گئے ، اس وقت حلیمہ سعدیہ کی حالت کیا تھی :

آکھیو نے لڑکا کون ہے تیرا — حس نوں ڈھونڈھیں ایڈ بتھیرا
آکھیم اے حبیب خدا — محمد ابن عبداللہ دا
ڈاڈا عبدالمطلب اس دا — باعث کون و مکاں ہے جس دا
آکھیو نے اساں ویکھیا ناہیں — دوڑیس ڈھونڈھن کرکے دعائیں
جس دی برکت رزق فراخ — میرا سی اوہ دل دی شاخ
کھیروں بال کیتم پرورده — لیایم سیاں کراں سپرده
پچھے میرے ہویا گم — کتھہ ہوسی واللہ اعلم
جے نہ لدھا مینوں پھیر — آپ نوں سٹ پھاڑوں زیر
پرزہ پرزہ کرساں جاں — ہویس کیوں غافل نادان

مستن ملتانی

ملتان شہر کے باکمالوں میں مست علی خاں مستن ملتانی کا نام زندہ جاوید رہے گا ۔ مستن ۱۸۳۹ء میں تولد ہوا اور ۱۹۰۰ء کے قریب اس دار فانی سے کوچ کر گیا ۔ سرائیکی زبان کا صاحبِ طرز غزل گو تھا ۔ نمونۂ کلام :

Marfat.com

رات ڈینہاں غم کھانواں　　آ کھ ڈھولن کن جانواں
یاری لایم سکھ نہ پایم　　ہن میں پئی پچھتانـــواں
سول ہزاراں جندڑی کلھڑی　　کیوین جـــان بچـــانـــواں

جہاں شاہ مجروح

ریاست بہاولپور کے اوّلین پایہ تخت اللہ آباد (ضلع رحیم یار خاں) کے میاں جہاں شاہ سادات گیلانی سے تعلق رکھتے تھے۔ اسلاف بغداد سے سندھ اور پھر وہاں سے نواب بہاولپور کی دعوت پر اللہ آباد میں آ کر مقیم ہوئے۔ کچھ جاگیر بھی ورثے میں ملی۔ میاں جہاں شاہ کو قسّامِ ازل نے شعر و سخن کا خوب ملکہ عطا فرمایا۔ وہ کافی (غزل) اور دوہڑہ (رباعی) دونو پر استادانہ دسترس رکھتے تھے۔

مجروح ''حضرت خواجہ اللہ بخش تونسوی'' سے بیعت تھے مگر خواجہ فرید رح سے بھی بہت اچھے مراسم اور نیاز مندی تھی۔ خواجہ فرید رح سے تبرکاً اصلاح بھی لی تھی۔ ۲۷ رمضان ۱۳۰۸ھ/۱۸۹۱ء کو ساٹھ سال کی عمر میں واصل بحق ہوئے۔ نمونۂ کلام پیش خدمت ہے:

پئے بـــاجوں نـــہ جیاں ڑی　　مٹھی مرخاک تھیـــاں ڑی!
ہمیشہ پچھـــدیاں جـــو سی　　مٹھی ڈس کے تئیں روســـی!
کوئی ڈینہ وصل دا ہو سی　　سہاگن جگ سڈیساں، ڑی!
ہتھاں پیراں کنگن کڑیاں　　سیاں سیجھاں تے ونج چڑھیاں!
اساں کرماں دیاں سڑیاں　　کروں کیں نال ریساں ڑی!

سید نباہو شاہ افگار

ٹبی جھلن ضلع رحیم یار خاں (قدیم کاردارئی خانپور) کے ایک اہلِ علم معزّز سادات گھرانے میں ''افگار'' ۱۸۳۸ء کے قریب پیدا ہوئے۔ قدیم خیالات رکھنے کے باوجود شاعری میں جدّت پسند واقع ہوئے تھے۔ کافیاں اور دوہڑے ان کے پسندیدہ اصنافِ سخن تھے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ فرمائیے:

نظر مہر دی بھال پیارا تیں ول کھڑی اڈیکاں
چھوٹیں چھوٹیں ہکبر پوتیں لگیاں تیڈیاں لیکاں
سہنس سوالی حسن تیڈے دے میں بھی منگدی بھیکاں
یار افگار تے بار برہوں دا دردوں نکلن چیکاں

Marfat.com

احمد یار

ریاست بہاولپور کے قصبے گڑھی اختیار خاں (ضلع رحیم یار خاں) کے ایک سرائیکی الاصل خاندان ''سپل'' میں مولانا احمد یار ۱۸۴۰ء میں پیدا ہوئے۔ علومِ مروّجہ میں دستگاہِ کامل حاصل کرنے کے بعد خاندانِ چشت کے نامور سلسلے سلمانیہ چشتیہ میں تونسہ شریف جا کر بیعت کی۔ حضرت خواجہ فرید؟ آپ پر بہت مہربان تھے، بلکہ آپ کا بے حد احترام کرتے تھے۔ احمد یار پر اکثر مجذوبانہ حالت طاری رہتی تھی۔ بلا کے حسن پرست تھے۔ وہ سرائیکی دوہڑہ کے ماہر ہیں۔ نمونۂ کلام ملاحظہ فرمائیے:

و۔ ونگ تے ساوڑے رنگ اتوں ارژنگ بھبھوت ملنگ ہوئے
انہاں بشیر تلہیر کالیاں توں گھر چھوڑ دیوانڑے جھنگ ہوئے
انہاں تکھیاں تیز نگاہاں توں سے ٹوٹے ہزار کرنگ ہوئے
انہاں نازک ونیاں دستیاں توں احمد یار حیاتی توں تنگ ہوئے

ح۔ حرف حکایت یار باجھوں بیا کوڑ کہانیاں کتھڑے نی
کئی کعبے گئے، کئی دیر و حرم ڈتے نینہ نشانیاں پتڑے نی
ابرو یار بناں محراب مساجد کوڑ گساون متھڑے نی
احمد یار سوہنے دیاں جھاتڑیاں ہاں، پاڑ کریندیاں گتھڑے نی

ڈتن ملتانی

میاں اللہ دتہ ''ڈتن ملتانی'' ۱۸۴۰ء میں پیدا ہوئے۔ بڑے مذہبی آدمی تھے۔ غیر مقلّد اہلحدیث علماء سے زیادہ متاثر ہوئے۔ ان کی مذہبی نظموں کا مجموعہ 'بحار المومنین مطلوب الشائقین' کے نام سے دو حصوں میں طبع ہوا۔ ان کی طویل سرائیکی نظم 'قصہ معجزہ ہرنی' بہت مقبول ہے۔ نعتیہ سی حرفی کے چند بند بطور نمونہ پیش خدمت ہیں:

ج۔ جیون اساڈا وچہ ملتان نہ تھیندا وطن چھوڑ کے سائیں ملاں آن کے جیند
ذ۔ ذکر تیڈے دا ڈھولا ذوق اساں کوں تیرے خاک قدم دا پاون شوق اساں کوں
س۔ سک تساڈی ڈھولا ملو کڈاہیں نت سڈ میں ماراں کر کے لمبیاں بانہیں
ا۔ اللہ بخشے ڈتن تیکوں شالا گنہگار دا والی توں ہیں بخشن والا

صوفی رکھیل شاہ

سائیں رکھیل شاہ مشہور بزرگ حضرت سید نور محمد شاہ کے گھر فتح پور (علاقہ

Marfat.com

گنداواہ سابق بلوچستان) میں ۱۸۴۵ء/ ۱۲۶۲ھ میں پیدا ہوئے - ان کے اسلاف شیراز سے نقلِ مکانی کر کے بارھویں صدی ہجری یعنی اٹھارویں صدی عیسوی کے آغاز میں یہاں آباد ہوئے تھے- رکھیل شاہ نے اپنے ہی خاندان کے ایک نامور بزرگ حضرت میاں عبدالنبی شاہ سے فیض حاصل کیا - سرائیکی اور سندھی کے خوش گو شاعر تھے - ان کا متفرق کلام مختلف رسائل میں چھپا ہے - ۹۷ برس کی عمر پا کر یہ صوفی شاعر ۱۹۴۰ء/ ۱۳۵۹ھ میں واصل بحق ہوئے - نمونۂ کلام ملاحظہ کیجیے :

وس نہیں چل دا حجت نہیں ہل دی — رت رواں ہتھ دھوواں جند پئی جل دی
پھوک بالن تے اتھالن اج نہیں کل دا — کراں زاری سواری عشق نہیں ٹل دا
کران کیویں و نجاں کیڈے پندھ باری تھل دا — میں عذابی پیریں پیادی اکھیاں رو رو مل دی
نینھ لاون پیچ پاوں دل ڈاڈھی ڈردی — رات ساری ہے اندھاری میں مٹھی دھر دی
ہے وچھوڑا پندھ ڈوڑا ساعت نہیں سردی — ہکواری دلداری سوہنا ڈیویں ول دی

حضرت خواجہ غلام فریدؒ

ملک الشعراء حضرت خواجہ غلام فریدؒ خانوادۂ چشتیہ کے نامور بزرگ ہیں - ان کے آبا و اجداد اسلامی عساکر کے ہمراہ عرب سے سندھ میں وارد ہوئے - پھر ملتان کے سہروردی مشائخ (سلسلہ حضرت غوث بہاء الدین زکریا ملتانی) کی کشش انہیں نواحِ ملتان میں کھینچ لائی - وہاں سے کوٹ مٹھن (ضلع ڈیرہ غازی خاں) کے راستے چاچڑاں (ضلع رحیم یار خان) جا پہنچے- حضرت خواجہ فرید ۱۸۴۵ء مطابق ۲۶ ذیقعد ۱۲۶۱ھ میں حضرت خواجہ خدا بخش الملقب بہ محبوبِ الٰہی کے گھر متولّد ہوئے - کم سنی ہی میں قرآن مجید حفظ کیا اور علومِ متداولہ میں دستگاہِ کامل حاصل کی - ظاہری و باطنی تعلیم و تربیت اپنے برادر بزرگ حضرت خواجہ فخرالدین "فخرِ جہاں" المتخلص بہ اوحدی سے حاصل کی اور ان کی وفات پر ستائیس (۲۷) برس کی عمر میں مسند رشد و ہدایت پر متمکن ہوئے - حضرت خواجہ غلام فرید سرائیکی زبان میں ایک مستقل دبستانِ فکر کے بانی ہیں- انہیں اگر سرائیکی کا ملک الشعراء کہا جائے تو کچھ مبالغہ نہیں ہو گا - اس زبان میں انہیں وہی حیثیت حاصل ہے جو سندھی میں شاہ عبداللطیف بھٹائی اور پنجابی میں وارث شاہ کو حاصل ہے - ان کا کلام پنجاب، سرحد ، بلوچستان ،سندھ اور راجپوتانے تک پہنچا ہے - (خواجہ صاحب کی صوفیانہ شاعری سے پنجابی صوفی شعراء علاقائی ادبیات جلد اول باب چہارم میں دوسرے صوفی شعراء کے ضمن میں بحث کی گئی ہے) -

حضرت خواجہ فرید اول وآخر غزل (کافی) کے شاعر تھے- انہوں نے دوہڑوں (رباعیات وقطعات) قصیدوں ، بحروں اور مثنوی کے میدان میں قدم ہی نہیں رکھا - وہ کافی (غزل) کے بادشاہ تھے،

Marfat.com

اور بلا شبہ انہوں نے سرائیکی کافی کو معراج کمال تک پہنچایا ہے۔ انہوں نے فن کے لحاظ سے اس صنف میں بڑی بڑی جدّتیں دکھائی ہیں۔ یہاں تک کہ ایک ہی بند کے مصرعوں میں مختلف بحروں کے اوزاں و ارکان کو ربط دے کر موسیقی کی نئی نئی دُھنیں نکالی ہیں۔ خواجہ فرید[1] خود موسیقی کے ماہر تھے۔ ان کے شوقِ موسیقی کو دیکھ کر ان کے کئی مقلدء شعراء نے باقاعدہ ملتانی سرائیکی راگ اور راگنیوں پر مشتمل پورے دیوان مرتب کیے۔

زبان کے لحاظ سے حضرت خواجہ فرید کا کلام سند کی حیثیت رکھتا ہے اور ان کے اشعار لطفِ زبان کا اعلیٰ نمونہ ہیں۔ اکثر اوقات وہ محض زبان کے سحر سے کیفیات کا طلسم باندھ دیتے ہیں۔ قریب المعنی الفاظ کو وہ اس انداز سے استعمال کرتے ہیں کہ ان کے معنوں کے باریک فرق از خود نمایاں ہوتے چلے جاتے ہیں۔ تعداد کے لحاظ سے بھی ان کے کلام میں ٹھیٹھ سرائیکی کے زیادہ سے زیادہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

خواجہ صاحب کے موضوعات

خواجہ صاحب کے مرغوب موضوعات تین ہیں۔ تصوّف، مناظر قدرت اور عشق و محبت۔ تصوّف میں ان کا مسلک وحدت الوجود ہے۔ انہوں نے خلوص اظہار اور زورِ بیان سے اس عقیدہ کو مؤثر اور دلکش بنا دیا ہے۔ یہ اشعار ملاحظہ ہوں:

ہک ہے ہک ہے ہک ہے — ہک دی دم دم سک ہے
ہک ہے ظاہر ہک ہے باطن — بیا سب کچھ ہالک ہے
جیڑھا ہک کوں ڈون کرجانے — او کافر مشرک ہے

اسی عقیدہ نے قلبِ انسانی کی عظمت کا احساس بھی خواجہ صاحب کے دل میں پیدا کیا۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

دل لب ہے کون مکان دا — دل غایت اصل جہان دا
دل مرکز زمین زمان دا — بیا کوڑ پلال حجابے

معلوم ہوتا ہے کہ اکثر فلاسفہ کی طرح خواجہ صاحب قلب (Mind) کو اصلِ کائنات سمجھتے تھے۔ یہاں اس بات کا اظہار بھی ضروری ہے کہ خواجہ صاحب کے افکارِ تصوّف میں ایک اور بات بھی بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ آپ وحدت کی اس فضائے قُدس کے دلدادہ ہیں، جس میں تخلیق سے پہلے تمام کائنات ذاتِ احد کے خیال میں موجود تھی۔ آپ اسی فضا کی یاد میں درد بھرے شعر کہتے ہیں، اس لیے کہ اس وقت زمان کی حدود سے ماوراء، انہیں دائماً محبوبِ ازل کا قرب نصیب تھا۔ مثال کے طور پر ان کی ایک کافی کا یہ ٹکڑا ملاحظہ ہو:

توں باجھ تھے سنج ویڑھے وو یار
ول وس ووسجـــن آ نیـــڑے وو یار
قدسی گھر وچ کول بلھا کے اپنا محـــرم راز بنـــا کے
کیتو سخت پـــریـــرے وویـــار

کہتے ہیں اب تخلیق کے بعد دوری کی اتنی بڑی خلیج حائل ہے کہ اسے عالمِ تصور میں بھی نہیں پاٹا جا سکتا ۔ یہ وہی درد ہے جو رومی کے ہاں مہجوری کی شکایت کے طور پر نظر آتا ہے ۔ البتہ خواجہ صاحب کے ہاں استعارے مختلف ہیں ۔ ذاتِ احد کے لیے ان کا محبوب استعارہ ''پنل'' ہے، اور ازل کی وحدت پرور فضائے قدس کو وہ ''کیچ'' کہہ کر پکارتے ہیں ۔

منظر نگاری کے لحاظ سے خواجہ صاحب منفرد حیثیت رکھتے ہیں ۔ انہوں نے اپنے علاقے کے اکثر مناظر کے بڑے دلآویز نقشے کھینچے ہیں اور ان کو سامنے رکھ کر انسان روہی ، تھل ، بار اور نخلستان کی زندگی کا مکمل عکس دیکھ سکتا ہے ۔ برسات کے ایام کی دلربا روئیدگی اور چرند پرند کی کیفیت نگاہوں کے سامنے آ جاتی ہے ۔ صحرائی اور دیہاتی زندگی کی ایسی صحیح تصویریں آپ کو شاید ہی کسی اور شاعر کے ہاں نظر آئیں ۔ جیٹھ ، اساڑھ کے مہینوں میں جب بار میں پیلو کا پھل پکتا ہے اور عورتیں گروہ در گروہ چننے کے لیے جاتی ہیں ، ذرا وہ منظر دیکھیں :

آ چنون رل یار پیلو پکیاں نی وے
کئی بگـــڑیاں کئی ساویاں پیلیاں کئی بھوریاں کئی پھکـــڑیاں نیلیاں
کئی اودیاں گلنار ، کٹیاں رتیاں نی وے
پیـــلو ڈیلھیـــاں دیـــاں گلـــزاراں کہیں گل ٹوریاں ، کہیں سر کھاریاں
کئی لا بیٹھیاں بار ، بھر بھر پچھیاں نی وے

خواجہ صاحب کے کلام میں اسی طرح چولستان ، تھل اور روہی کی سرور آگیں زندگی کے مناظر بھی دیکھے جا سکتے ہیں ۔

خواجہ صاحب عشق و محبت کی کیف پروری کا اظہار بڑے جذبات انگیز پیرائے میں کرتے ہیں اور دردِ عشق کو دوئی اور کثرت کی تمام فکری اور عملی امراض کا علاج سمجھتے ہیں :

درد فـــرید ہمیشـــہ ہـــووے سارے پاپ دوہی دے دھووے

آپ کے خیال کے مطابق عشق ہی منزلِ مقصود کی طرف راہبری کرتا ہے :

کیچ ڈون تنڑساں جے تائیں جیساں جـــے ول ولساں کافـــر تھیساں
گل وچ پـــایم پـــریت مہـــار

Marfat.com

اور آپ فرماتے ہیں کہ عشق ایک ہی جست میں تمام فاصلے طے کر کے منزلِ مقصود تک پہنچا دیتا ہے :

تھل مارو دا پینڈا سارا　　تھیسیم ہک بلھانگ

یہی عشق خواجہ صاحب کے مردِ قلندر کی تکمیلِ ذات کرتا ہے ، جو اپنی صفات کے اعتبار سے اقبال کے مردِ کامل سے مشابہت رکھتا ہے ۔ ذرا نگاہ دوڑائی جائے تو صاف نظر آ جاتا ہے کہ خواجہ صاحب کا تصورِ عشق اور ان کے افکارِ تصوّف ایک ہی حقیقت کے دو پہلو ہیں ۔

آپ کے کلام میں تغزّل

اسی عشق و محبت نے خواجہ صاحب کے کلام میں تغزّل کی چاشنی پیدا کر دی ہے ۔ ایک مہجور کی طرح درد اور شوق سے فالیں نکالنے کا ذکر بھی آپ کرتے ہیں اور کبھی منتیں مانتے نظر آتے ہیں کہ کسی طرح محبوب ہمیشہ پاس رہے :

واٹ نہاراں کانگ اڈانواں　　پنڈت جوتشی دے کن کھانواں
سو پنج ہاراں فالاں پانواں　　اوسی میڈا یار کڈاہیں

☆ ☆ ☆ ☆

خواجہ پیر دے ڈیساں چھنے　　ایہے ڈینہہ اتھاہیں بھنے
جیندیاں سبھ دل کیتیاں منے　　وسم سدا گھر باراں

ساون کی چاندنی راتوں میں سہیلیاں صحرا میں اکٹھی جا کر کھیلتی ہیں ، تالابوں میں نہاتی ہیں ، ہار سنگار کرتی ہیں ، مگر دکھوں بھری مہجور راہ تک رہی ہے :

چاندڑیاں راتیں ، برہوں براتیں　　سیاں کھیڈن گیاں
رت سانون دی مینہہ برسائیں　　دل مل دھانوں پیاں
سیاں دھانوں گانوں گانوں　　سہجوں ہار سنگار سہانوں
مانگ بناواں دھڑیاں گندھانوں　　میں سر ڈکھڑے باری وے

ان ابیات میں حسنِ جذبات اور لطفِ بیان کا امتزاج دیکھئے ۔

خواجہ صاحب بحیثیت ترجمانِ غم

خواجہ صاحب ترجمانِ غم بھی ہیں ۔ عوام کی مفلوک الحالی اور پریشان روزگاری آپ کے لیے ہمیشہ تکلیف کا باعث رہی ۔ چولستان میں عورتیں اپنے مردوں کے ساتھ محنت

Marfat.com

مزدوری کرتی رہتی ہیں ۔ تھک جاتی ہیں ۔ ہاتھ پاؤں کی نسوں میں بل پڑ پڑ جاتے ہیں ۔ مگر وہ بیچاری مشقت جاری رکھتی ہیں :

تھک تھک ہٹ ہٹ ہارڑی ہتھڑیں ، پیرڑیں کڑول

عورت کی زندگی غموں سے بھری ہوتی ہے گویا غم اسے گھٹی میں ملتا ہے اور دکھ جہیز میں :

ڈتڑی جمدین اڑی کھتھڑی غم گھـــڑی ڈکھ ڈاں

یہاں عورت ہمہ گیر مظلومیت کی علامت ہے اور یہ کلفت زدہ اور حرماں نصیب عوام کی بد حالی اور کس مپرسی کا صحیح نقشہ ہے ۔ اس لحاظ سے خواجہ صاحب نے عوام کی ترجمانی عمدگی سے کر دی ہے ۔

سرائیکی تمدن اور ثقافت کی عکاسی

سرائیکی شاعری میں پہلی بار خواجہ غلام فرید؟ کے ہاں ہمیں اپنے علاقہ کے لوگوں کی تمدنی اور معاشرتی زندگی کی مکمل تصویریں ملتی ہیں ۔ سطور بالا میں جو اشعار دیے گئے ہیں وہ تقریباً تمام کے تمام سرائیکی معاشرہ کی عکاسی کرتے ہیں ۔ آپ خواجہ صاحب کے کلام سے لوگوں کے رہنے سہنے ، کھانے پینے اور کام کاج کرنے کی مکمل تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں ۔ انہیں اپنے مویشیوں سے کس طرح محبت ہوتی ہے ، نقل و حمل کے ان کے کیا ذرائع ہیں ، ان کی تفریحات کیا ہوتی ہیں ، اس قسم کی باتیں ان کے کلام میں اکثر ملتی ہیں رسوم و رواج کا پتہ بھی لگ جاتا ہے۔ مثلاً عورتوں کے زیورات وغیرہ کے متعلق مندرجۂ ذیل اشعار پڑھیے :

بولا بینسر کس نوں پانواں ڈھولـــن کیتا نـــامنظور

کتھ نوں بینا مانگھ بنانواں کجلہ پاوان سرخی لانواں

یار تتی دا وسدا دور

حرفِ آخر

اب تک جو کچھ کہا گیا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ خواجہ صاحب ایک ہمہ گیر شخصیت کے مالک ہیں ۔ موضوعات کا تنوّع ، معاشرے کی عکاسی ، حسنِ بیان ، جذبات انگیزی ، سب کچھ آپ کے کلام میں ملتا ہے ۔ آپ کا شمار اعلیٰ درجے کے شعراء میں ہو سکتا ہے ۔

Marfat.com

خواجہ فرید کے بعد - ۱۹۰۰ء تا ۱۹۷۰ء

مولوی نور دین مسکین

مولانا نور دین ضلع مظفر گڑھ کے ایک قدیم خاندان ''اوڈھانہ'' میں اپنے وقت کے ایک جیّد عالم اور درویش صفت بزرگ حافظ محمد عمر کے گھر ۱۸۴۵ء کے قریب پیدا ہوئے - آپ کا آبائی گاؤں ''آلودے والی'' آپ کے قائم کردہ دینی مکتب کی وجہ تمام سرائیکی علاقوں کے طلباء کا مرکز اور مرجع رہا ہے - مولانا نور دین جیّد عالم ، مفتی دین اور اپنے وقت کے مقبول بزرگ تھے - شاعری اگرچہ ان کا ذریعۂ عزت و شہرت نہیں مگر جو بھی دو چار چیزیں انہوں نے یادگار چھوڑی ہیں' خاصے کی چیز ہیں- حضرت خواجہ غلام فرید ان کے ہم عصر تھے اور ان سے مسکین کے گہرے مراسم اور قریبی روابط تھے - حضرت مسکین نے سب سے پہلے مولوی لطف علی کی مشہور مثنوی 'سیف الملوک' کی بحر میں 'سسّی پنوں' کی داستان منظوم کی جو ان کی شاعرانہ خوبیوں کو اُجاگر کرنے میں خشتِ اوّل ثابت ہوئی - یہ داستان انہوں نے ۱۸۹۵ء/۱۳۱۳ھ میں مکمل کی - اس بعد 'ہیر رانجھا' کو نظم کا جامہ پہنایا - جس نے ان کی شاعرانہ شہرت کو چار چاند لگا دیے - یہ دونو مثنویاں ان کی زندہ جاوید یادگار ہیں - ان کے علاوہ ایک سی حرفی ہیر رانجھا ، ایک سی حرفی ڈھولا ، چند کافیاں اور ایک طوطا نامہ بھی ملتا ہے - 'داستان ہیر رانجھا' سے ایک اقتباس ملاحظہ کیجیے- کپاس چگنے کا بہانہ کرکے ہیر اپنی سہیلیوں کے ہمراہ کپاس کے کھیت میں جاتی ہے :

ایہو حیلہ کیتا منظور سائی ہیر — جولی ونواڑ نوں ایہہ کرکے تدبیر
جلی سائی ہیر عشقوں جام پی کر — جولیا زمرہ زنانہ نال تھی کر
آیاں کڑیاں نوازوں ناز بھریاں — تھیوں خوشحال وچہ ونواڑ وڑیاں
کرن پیلاں حمیلاں ہار پاکے — چنن پھٹیاں سوہے واگی سوہاکے
تھیوں ٹولیاں کرن بولیاں چبولی — جیوین وچہ باغدے بلبل سمولی
چنن سہجوں سہیلیاں، بندھ کے جھولی — ٹرن ٹھم ٹھم جیویں پریاں دی ٹولی
بھرن جھولیاں چنن تھی کر سمولیاں — ڈھن ہک بئے اتے کملیاں تے بھولیاں
پھرے سائی ہیر تن تنہا پریرے — چنے کڑیاں کنوں تھی کر اگیرے

دیوان ولایت حسین سید

سید السادات جلال الدین سرخ میر بخاری اچّوی کے خانوادے کے یہ نامور فرزند

Marfat.com

۱۸۴۳ء میں پیدا ہوئے ۔ سہروردی الاصل ہونے کے باوجود حضرت خواجہ غلام فرید کی بے پناہ محبت کے باعث چشتیوں کے حلقہ بگوش بنے ۔ سید صاحب سرائیکی زبان کے قادرالکلام اور لازوال شاعر ہیں۔ ان کا مجموعۂ کلام 'گنجِ عرفانی دیوانِ لاثانی' کے نام سے ۱۹۱۴ء/۱۳۳۳ھ میں چھپا ۔ وہ شاعری میں اگرچہ خواجہ فرید[11] کے مقلد اور پیرو ہیں ، مگر اشعار میں ان کی اپنی انفرادیت بھی جھلکتی ہے ۔ 'دیوانِ لاثانی' میں سید مرحوم کی ۱۰۹ کافیاں کم و بیش ۶۵ دوہڑے اور ایک بارہ ماسہ شامل ہے ۔ بارہ ماسہ کے چند ابیات بطور نمونہ پیشِ خدمت ہیں :

اسوج
اسوں مہینہ خیر دا شبنم پوسائے گاہ
اچڑے ٹبے چڑھ چڑھ کھڑاں بھالاں میں تیڈا راہ
گزریئے ڈیہاڑے ڈینہہ گھنے آیا نہ میڈا شاہ
ہک جگ ڈھیلی میں پھراں توں بن حویلی باہ

کاتک
کئی مہینہ سینگیاں کتن بہن کر ستھہ
سرتے دوپٹے سوسنی ہتھ چوریاں ، تک نتھ
پیڑھے بسنتی پیلڑے کئی لال چرکھے ہتھ
ہک جگ ڈوہیلی میں پھراں رو رو بھرایم پتھہ

محمد مٹھا

میاں محمد مٹھا تحصیل شجاع ملتان کے علاقے چاہ چکووالہ میں ۱۸۴۵ء میں پیدا ہوئے ۔ وہ موضع قطب پور کے ایک اہلِ علم زمیندار خاندان سے تعلق رکھتے تھے ۔ شعر و شاعری سے انہیں فطری لگاؤ تھا ۔ ایک سی حرفی 'بے نمازاں' اور قصہ 'نینگر و نینگور' (داستان یکے جوان و دوشیزہ) ان سے یادگار ہیں ۔ 'قصہ' نینگر و نینگور' کا مرکزی خیال داستانِ ہیر و رانجھا سے ماخوذ ہے ۔ چند بند ملاحظہ کیجیے :

ص ۔ صاف جواب توں سن وے نینگور کیوں پھر دین مست موالی
انہاں تلاں وچہ تیل نہ کوئی مغز مریندیں خالی
زوری نینہہ نہ لگنے وے نینگور بھانویں تھیویں ولایت والی
ویڑھے اساڈے آویں نہ نینگور متاں تھیوے جنگ جدالی

ض ۔ ضرور نہ ہٹاں ڑی نینگر جے تائیں وچہ حیاتی
ما پیو کنوں اگے انج تھی آیاں سر ملامت چاتی
گھر وچہ منگ کنواری چھوڑیم ویم جھاتی
آڑی نینگر گل لگ ملا ہیں کیوں ہیں چپ چپاتی

Marfat.com

منشی تیغ علی کمتر

تحصیل شجاع آباد کے ایک متوسط الحال گھرانے میں یہ عوامی شاعر ۱۸۴۶ء میں پیدا ہوا اور ۱۹۲۶ء میں فوت ہوا ۔ عام مروّجہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد حیوانات کے علاج کو ذریعۂ معاش بنایا ۔ طبیعت فطرتاً باذوق تھی ، شعر و شاعری سے زندگی بھر شغف رہا ۔ اپنے وقت کے سرائیکی شعراء نوروز ، کمتر ، خادم ، وغیرہ سے گہرے دوستانہ مراسم تھے ۔ کمتر غزل سے زیادہ نظم کے شاعر تھے اور عوامی زندگی دیہات کے مناظر اور زندگی کے مسائل اس کا پسندیدہ موضوع تھے ۔ چنانچہ کافیوں سے زیادہ ان کی عوامی نظموں کو شہرت نصیب ہوئی ۔ ساس اور بہو کا جھگڑا روایتی جھگڑا ہے جو دنیا کی ہر قوم ہر ملک اور ہر خاندان کا عمومی مسئلہ ہے ۔ چنانچہ کمتر نے ''جھگڑا نونہہ و سس'' لکھ کر صرف سرائیکی علاقوں کی نہیں بلکہ بین الاقوامی برادری کی نمائندگی کی ہے ۔ ذیل میں ہم اس کے چند اشعار بطور نمونہ رہے ہیں :

جے میں آکھاں تیکوں کج　　کتّی وانگوں ویندیں سُج
کوڑی چا مچایو لُج　　میڈے وچہ ہے کیا گناہ
آڑی نونہاں روشی کھاء
نال تتی کوں ولول تأ

پتر تیڈا پیانت نت لجّھے　　دھی تیڈی نت ڈیوے بجّے
توں طعنے پئی ماریں گُجّھے　　خود خصم جو گیم گل
میڈا اٹاناں پئی مل
لگی ویساں پیکیاں ول

حال میڈے کوں تڈاں جانے　　دھی کوں پٹھیں ڈیس بیگانے
سس ننانیں ڈیونس طعنے　　درد میڈے دی پووس کل
میڈا اٹاناں پئی مل
لگی ویساں پیکیاں ول

خواری شہرت ساری چیسیں　　پیو ڈاڈے داناں بوڑیسیں
میڈا کیا نقصان کریسیں　　نہ توں گھر گھر یار بنا
آڑی نونہاں روٹی کھاء
ناں تتی کوں ولول نا

ذ ّرہ نہ توں مُنہ کوں رو کیں تھوڑی گل توں اچی بو کیں
جھڑا بولے اوں کوں رو کیں گندہ کیتوئی جا بجاء
آڑی نونہاں روٹی کھاء
نال تتی کوں ولول نا

مبارک شاہ

یہ قادر الکلام سرائیکی شاعر احمد پور شرقیہ کے ایک معزز سید خاندان میں ۱۸۵۰ء میں پیدا ہوئے۔ علوم مروّجہ میں مہارت حاصل کرنے کے بعد نواب بہاولپور کے میگزین میں اہلمدرھتہ خانہ مقرر ہوئے۔ وہ فطری شاعر تھے اور بلا کے زود گو۔ ان کا اکثر کلام تاحال طباعت سے محروم ہے۔ مگر ایک مختصر سا مجموعہ 'داغ جگر' کے نام سے ان کی زندگی میں ۱۹۰۹ء میں چھپا تھا۔ کافیوں سے زیادہ ان کے دوہڑوں کو قبول عام ملا۔ نمونۂ کلام یہ ہے:

ساری عمراں لوہندیاں گزری اجـاں نہ آیـا شامے
راتیں روندیاں ڈینہہ تھیوے ڈیہاں روندیاں تھیندی شامے
دھرتی ساری پھول رھیم کیا بلخ ، بدخشاں ، شامے
سید مبارک اوڑک رہساں دلـبر یـار دی شامے

شاہ نصیر الدین نقشبندی

وادیٔ سندھ کا یہ صاحبِ طرز سرائیکی شاعر مردم خیز شہر نوشہرہ فیروز کے ایک صاحبِ علم و فضل بزرگ سید عبدالحی کے گھر ۱۸۴۹ء میں پیدا ہوا۔ علومِ اسلامی میں دستگاہِ کامل حاصل کرنے کے بعد 'جھوک میراں پور' کے نامور نقشبندی بزرگ حضرت شاہ فضل اللہ قلندر کا مرید ہوا۔ شاعری سے فطری لگاؤ تھا۔ شاہ نصیر کی وفات ۱۳۱۸ھ/۱۹۰۰ء میں ہوئی۔ کافیوں اور نظموں کے علاوہ اس کی سی حریفوں کو بہت شہرت نصیب ہوئی۔ نمونۂ کلام پیش خدمت ہے:

الف آوے یار جڈاں اگن میرے تڈاں تھیوں بہوں بہوں شادیاں جی
سبھے جھیڑے سیالیاں پے چک پوں ویڑھے ویـڑھے جی
سبھے کھیڑے خر خراب تھیوں حاصل ہووں من دیاں مرادیاں جی
سارا لوک ودھایاں ڈیوے میکوں تھیوں ملک و ملک منادیاں جی

Marfat.com

ب بات میکوں نہ بی اوت ونے طلب تات چناب دے پار دی ڑی
جنہدی تار میکوں بیقرار کیتا خار خار ہے و نجھلی تنوار دی ڑی
زار و زار رواں ہنجوں پار پواں ایہو ہار گھتاں گل یار دی ڑی
توڑے ہاڑ پوے توڑے چیت رہاں سر عشق دا ڈھارا ڈھار دی ڑی

نصیر الدین خرم

خرّم احمد پور شرقیہ میں ۲۷ رمضان ۱۸۵۵ء/ ۱۲۷۱ھ میں پیدا ہوا۔ اس کے آباو اجداد ضلع ڈیرہ غازی خاں کے اہلِ علم بلوچوں سے تعلق رکھتے تھے۔ والد ماجد نواب بہاولپور کے اتالیق رہے۔ خرم سرائیکی شاعری کا بلا مبالغہ 'فصیح الملک داغ' ہے۔ وہی نازکِ بیانی، اور وہی الفاظ کی مینا کاری ہے۔ خرّم پُر گو ہی نہیں بلکہ نغز گو بھی تھا۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو:

ول سانوں رلے سہاؤں ہا!

ول سانوں رلّے ساؤں ہا — انب کھاؤں ہا نالیاں دہاؤں ہا
جھوٹیاں دے جھوٹیاں کیتے — اچے پیلاں پینگھاں پاؤں ہا
گھت میوے کھیر ملائیاں — ول کلفے انویں جماؤں ہا
ول انویں پلا زردیاں دیاں — کئی دیگاں ونج کھڑکاؤں ہا
ڈینڈا پنڈ ججّے کولوں — انب احمد پوروں منگاؤں ہا
بھونیاں دیاں کڈھ کڈھ بوٹیاں — ہک بئے کون کھڑے چکھاؤں ہا
ہک بئے دے سر وچ جندڑی — ول اونویں تیل رساؤں ہا
رکھ گوڈے اتے گوڈا — رل سینگھ ملہاراں گاؤں ہا

محمد محسن بیکس

سندھی اور سرائیکی زبان کے مشہور شاعر حضرت قادر بخش بیدل کے گھر محمد محسن بیکس کی ولادت ۱۸ جمادی الثانی ۱۸۶۰ء/ ۱۲۷۵ھ میں ہوئی۔ بیکس اپنے والد کی طرح علومِ اسلامی کا ماہر، جید عالم اور صوفی منش شاعر تھا۔ ساری زندگی تبلیغِ حق میں گزری۔ پورا کلام وحدت الوجود کے اسرار و رموز کی تفسیر و تشریح سے عبارت ہے۔ بیکس کی وفات رمضان ۱۸۸۱ء/ ۱۲۹۸ھ میں عین شباب میں ہوئی۔ مجموعہ کلام بارہا چھپ کر قبول عام

Marfat.com

حاصل کر چکا ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ کیجیے :

میں ہوں فقیر حقیر — توں صاحب تخت ہزارا
دردی کیتی دل میڈی کوں — ڈے کا شاہ سدھیر، میڈا یار پیارا
توں ہیں سرور سرّ سارے دا — میں ہوں پر تقصیر، بیوس ویچارار
کمینی کنیزک در تیڈی دی — میں ہوں دامنگیر، بیکس بیکارا

نو روز

میاں محمد بخش نوروز ریاست بہاولپور کے ایک قصبے مبارک پور میں ۱۸۵۷ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ یہ آزاد منش اور قلندر صفت شاعر سرائیکی زبان کا شہنشاہِ سخن کہلانے کا مستحق ہے۔ کافی، دوہڑہ، قصیدہ، مرثیہ اور نعت تمام اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کی مگر جو شہرتِ دوام اور قبولِ عام نوروز کے دوہڑوں کو ہوئی وہ دوسرے کلام کو نصیب نہ ہو سکی۔ نوروز خواجہ فرید کا ہمعصر ہی نہیں بلکہ ان کا پسندیدہ اور محبوب شاعر بھی تھا۔ خواجہ فرید گھنٹوں ان کا کلام سنتے اور سر دھنتے تھے۔ مطبوعہ کلام میں مثنوی 'لیلیٰ مجنوں' اور کافیوں کے دو مجموعے 'شعلۂ دلسوز' کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔ 'دوہڑہ جات نوروز' بھی شائع ہوئے تھے۔ جواب نایاب ہیں۔ یہ جامع کمالات نغز گو سرائیکی شاعر ۱۹۷۱ء میں واصل بحق ہوا :

ساون آیا روہی وٹھڑی گھاہ لوارے کھاون پے من بھاون
ٹوبھے پلیر پانٹیاں تے پئے جھوکان لوک بناون من پرچاون
تھی بے تاب اڈیکاں کھڑ متاں یار سندھو چڑ آون آ گل لاون
نو روز ایہے ڈینہہ مٹھے بن سجناں گزر نہ جاوں کئی سکھ پاون

مولانا نور محمد کہتر

کہتر مرحوم تھہیم قوم کے ایک متوسط الحال خاندان کے بزرگ میاں محمد بخش نداؔف کے گھر ۱۸۷۱ء کے قریب پیدا ہوئے۔ ضلع مظفر گڑھ کا مشہور قصبہ 'سبائے والہ' آپ کا وطن مالوف تھا۔ عربی، فارسی کی تمام متداول کتب حضرت علامہ غلام حسین اور مولانا اللہ بخش سے پڑھیں۔ عشقِ رسول رگ رگ میں رچا بسا تھا، لہذا شاعری میں بھی نعت گوئی کو ترجیح دی۔ ان کی سرائیکی نعتیں آج بھی اسلامی جلسوں اور روحانی محافل کی جان اور روحِ رواں ہوتی ہیں۔ بہت سی کافیاں اور دوہڑے بھی یادگار چھوڑے۔ یہ بلند پایہ نعت

گو شاعر ۱۹۴۱ء میں اللہ کو پیارا ہوا - ۹ ، ۱۰ ، ۱۱ ماہ ہاڑ کو ہر سال عرس ہوتا ہے - نمونۂ کلام حسب ذیل ہے :

بیشک باری بارہن دلڑی سہہ ونج سہہ ونج سہہ ونج
نہ رل مفتی روہ جبل وچہ رہ ونج رہ ونج رہ ونج
بن فرہاد پہاڑ خودی کون ڈہ ونج ڈہ ونج ڈہ ونج
رکھ ہک تانگھ ملن دی کہتر بہہ ونج بہہ ونج بہہ ونج

☆ ☆ ☆ ☆

ہول سیکوں وڈا منزل دا پلے راہ دا خرچ تیار نہیں
اگوں او کھیاں گھاٹیاں راہ لمبے ڈوجھانال سیڈے میڈا یار نہیں
اتھاں نقد بازار دا ہے سودا ہوونا گھڑی دا ہک ادھار نہیں
کہتر جگ تے فخر ہزار ولے نال ونجن جو کوڈیاں چار نہیں

اللہ ڈیوایا پرجوش

منشی اللہ ڈیوایا پرجوش تحصیل شجاع آباد کے ایک زمیندار خاندان میں ۱۸۷۵ء کے اواخر میں متولد ہوئے - قسّامِ ازل نے انہیں شاعرانہ صلاحیتیں کمال فیاضی سے عطا کی تھیں - وہ کافی اور دوہڑہ دونو اصناف پر قدرت رکھتے تھے - ایک مختصر سا مجموعہ کافیوں کا اور ایک مجموعہ دوہڑوں کا زندگی میں چھپ چکا تھا ، جو اب نایاب ہے - پرجوش کے کلام پر خواجہ فرید ؒ کے رنگِ تغزّل کی چھاپ نمایاں ہے - نمونۂ کلام ملاحظہ کیجیے :

مطلع

(۱) دردان دی ماری دلڑی علیلے — سوہنا نہ سندا ڈکھاں دی اپیلے
سے سے کتو سے حیلے تے چارے — مفتے رلیو سے در در اوارے
سوہنیاں دے گھر ہن اصلوں وسارے — ڈکھڑے نہ تھیندے ہک دم پسیلے
چھوٹی عمر وچہ دیداں نہ لیندی — ایہہ گیڑ گل وچہ اصلوں نہ پیندی
چالاک ہوندی تاں دوکھے نہ چیندی — واہ واہ جو تھیاں جڑ جڑ ذلیلے

فقیر محمد خان کھتران

غلام حیدر خاں کھتران زمیندار 'بودانی کھتران' تحصیل ہالا ضلع حیدرآباد سندھ کا فرزند ہے اور ۱۸۷۶ء میں پیدا ہوا - علوم مروّجہ میں دستگاہِ حاصل کرنے کے بعد

Marfat.com

حضرت پیر پگارو علیہ الرحمہ" سے بیعت ارشاد اور بیعت جہاد کی ۔ اپنے مرشد کے حکم پر انگریزوں کے خلاف جنگِ آزادی میں بھرپور حصہ لیا ۔ یہ مجاہد شاعر نواب ولی محمد خان لغاری اور مخدوم حیدر ہالائی کا ہمعصر اور ہم صحبت بھی تھا ۔ ۱۹۴۰ء/۱۳۵۹ھ میں فوت ہوا ۔ نمونۂ کلام ذیل میں درج ہے :

۱- چھلّا ب دی بازی ، کھل کھیڈن غازی
چھوڑ قبل ماضی ، وحدت والی ویڑھے ، تھی نینہہ نیڑے

۲- چھلّا ج نوں جوگی ، بھو بھگا بھوگی ، رنج لتّھا روگی
ہن نعرے نینہہ ، گالھ کراں کیہے

۳- چھلّا س سک ہے لوں لائی لک ہے، وچہ چھاتی چھک ہے
میم سعنے سانی جان عجب جاٹی

یتیم

بلوچوں کے نامور قبیلے جتوئی کے فرزند سردار غلام حیدر خاں یتیم "جتوئی" ضلع مظفر گڑھ کے ایک زمیندار گھرانے میں ۱۸۹۴ء کے قریب پیدا ہوا ۔ مڈل سکول جتوئی سے فائنل پاس کیا اور پھر ایس ، وی کرکے مدرس ہو گیا ۔ بالآخر محکمۂ تعلیم سے فارغ ہو کر اپنا زمیندارہ سنبھالا ۔ یتیم بلاشبہ سرائیکی زبان کا 'شاعرِ انقلاب' ہے ۔ اسے ضلع مظفر گڑھ کے ایک دانشور ڈپٹی کمشنر نے 'فردوسیٔ ملتان' کا خطاب دیا تھا ، جو آج تک اس کے نام کا جزو بن کر رہ گیا ہے ، اس میں شک نہیں کہ وہ اپنی زبان کا فردوسی ہے ۔ اس نے اپنی شاعری میں ٹھیٹھ سرائیکی الفاظ کو زیادہ سے زیادہ استعمال کیا ہے ۔ نیز اس موضوع کے بھی ہمیشہ سے سرائیکی معاشرہ اور سرائیکی تہذیب و تمدن رہے ہیں ۔ حال ہی میں اس کا ایک مختصر سا مجموعۂ کلام 'دُرِ یتیم' کے نام سے چھپ کر مقبول عام ہوا ہے ۔ مختصراً نمونۂ کلام درج ذیل ہے :

طبلے تے لگی تھاپ تے ڈھولک تے ٹھنگورے — چڑھ آئے مکاناں تے بدل کالے تے بھورے
بدلی وٹھی کالی تلے برسن پئے کرورے — ہتھہ ڈیکھ حنائی لگے یاراں دے کھنگورے

گھوڑیاں پیاں ہنڑکن تے سواریں دی سلامی
وستی دا تماشا ہویا یاریں دی سلامی

Marfat.com

ہک ویل توں بئی ویل کڑا ویل ٹھکاویل سر نال پکارے پیا نقلی دی ولا ویل
سردار، ملک، خان، آکھے ول ول ریہہ سناویل منڈا پیا نچ نچ تے سہاوے پیا سوا ویل
بلبل دی نگاہ گل تے بہاریں دی سلامی
وستی دا تماشا ہویا یاریں دی سلامی

اس کے دوہڑوں کا نمونہ بھی پیش کیا جاتا ہے:

دردان آن دھال گھتی پے درتے چیناں چھڑ دے، زوری لڑدے
بازوں بھن بھن بازیاں ڈیون بغل مروڑ ولہڑدے، زوری لڑدے
جین پاسے منہ پھیر نساں، رکھ ویرا گوں آکھڑ دے، زوری لڑدے
درد یتیم دوا تھی لگن درد اساڈے دھڑدے، زوری لڑدے

صالح محمد صالح

میاں محمد بخش لکھویرا کے گھر ریاست بہاولپور کے پہلے پایہ تخت اللہ آباد ضلع رحیم یار خاں میں ۱۹۰۸ء کے لگ بھگ پیدا ہوا۔ ابھی چھٹی جماعت میں تھا کہ باقاعدہ تعلیم ترک کر دی۔ اس کے بعد مولوی رحیم بخش مسرور ساکن علاقہ احمد پور شرقیہ کی علمی ادبی صحبتوں نے صالح کو شاعرانہ نزاکتوں سے روشناس کرایا۔ صالح بنیادی طور پر غزل کا شاعر ہے۔ سرائیکی زبان کے موجودہ شعراء میں صالح کا ہم پلہ کوئی غزل گو شاعر نہیں۔ اس کی زبان پاکیزہ و شیریں، اشعار پر لطف اور مترنم، استعارات و تشبیہات دلکش اور قریب الفہم ہوتے ہیں۔ غرض صالح غزل گو شاعر ہے اور شعر عوام کی زبان میں کہتا ہے۔ نمونۂ کلام حسب ذیل ہے:

رٹھے یار ڈاڈھے اوکھے منیندن چارے کریندن سے تن مریندن
ملاّں نے بھوپے جوسی پچھیندن پھالاں پویندین پوتھیاں ڈکھیندن
حیلے حوالے صدقے کڈھیندن خواجے خضر دے ڈیوے بلیندن
ٹھاکر دوارے متھے ٹکیندن بہہ مورتی کوں ڈکھ سکہ سنیندن

فقیر بخت علی

فقیر بخت علی بخت کے آباو اجداد پنجاب کے نامور زمیندار خاندان ''نون'' سے تعلق نسبی رکھتے ہیں۔ یہ لوگ پنجاب سے نقل مکانی کر کے قدیم پرگنہ بھونگ بھارہ کی کارداری احمد پور لمہ، آ کر سکونت پذیر ہوئے۔ بخت ۱۹۱۴ء کے قریب رانا نبی بخش خاں

نون کے گھر متولّد، ہوا ۔ تعلیم سے بالکل عاری رہا ۔ قلعی گری کا پیشہ اختیار کیا مگر حضرت خواجہ پیر سیرانی علیہ رحمۃ نے ایسا صیقل عشق سے چمکا دیا کہ اپنے علاقے میں ملک الشعراء مشہور ہوا ۔ یہ امی مگر قادرالکلام شاعر تمام اصنافِ سخن پر استادانہ قدرت اور کامل مہارت رکھتا ہے ۔ کم و بیش ایک لاکھ اشعار پر مشتمل کئی سرائیکی مجموعے زیر ترتیب ہیں ۔ بخت فقیر نے کافی ، دوہڑہ ، نعت ، مرثیہ تمام اصناف میں طبع آزمائی کی ہے ۔ مگر اس کی شہرت کا باعث اس کی عشق نبی سے معمور اور وجد آفرین نعتیں ہیں ۔ بخت نرا شاعر ہی نہیں بلکہ سالکِ راہِ طریقت اور درویشِ کامل بھی ہے ۔ بطور نمونہ ایک دوہڑہ ملاحظہ کیجیے :

باغ اندر مرغاں چمن بہہ مٹھڑی بولی بولن
کر اولے ہوں ، ڈہولے کارن شجر ثمر کل پھولن
متاں لکھیا خط یار ہووے ہتھ مار جڈاں پن چولن
بخت علی ہر کلی کلی توں جان شودے پئے گھولن

ادارہ

سرائیکی نثر[1]

سرائیکی نثر کا سرمایہ کیا بلحاظ مقدار اور کیا بلحاظ نوعیت بڑا کم ہے ۔ اس زبان میں خالص ادبی نثر کا وجود نہ ہونے کے برابر ہے ۔ مذہبی نثر کافی عرصہ سے موجود ہے ۔ مثلاً حافظ برخوردار کا 'بوہل نامہ' اور 'پکی روٹی' ، 'مٹھی روٹی' جیسے رسالے مدت کے لکھے ہوئے ہیں ۔ ان رسائل کا انداز تحریر سوالاً جواباً ہے ۔ مولوی عبدالکریم کی مشہور کتاب 'نجات المومنین' کی شرح بھی سرائیکی نثر میں لکھی گئی تھی اور بڑی مقبول ہوئی ۔ ذاکر صاحبان کی نثر میں لکھی ہوئی تقریریں بھی کافی عرصہ سے چلی آتی ہیں ۔ علاوہ بریں جیسا کہ اوبرائن نے لکھا ہے سرائیکی زبان میں قصہ کہانی ، چیستانوں ، بجھارتوں ، محاوروں اور ضرب الامثال کا بہت بڑا ذخیرہ ملتا ہے لیکن ابھی تک اسے مرتب نہیں کیا گیا اور نہ ہی سرائیکی نثر میں اس قسم کی تخلیقات اور تحریرات ملتی ہیں جن کا دوسری زبانوں میں آج کل بڑا

---

(۱) تقریباً تمام معلومات سرائیکی شاعری از کیفی جام پوری سے ماخوذ ہیں ۔

Marfat.com

رواج ہے - تاہم اس طرف توجہ ہو رہی ہے اور امید پیدا ہو چکی ہے کہ جس طرح سرائیکی شاعری میں خاص قسم کا سوز اور دلآویزی ہے ، سرائیکی نثر بھی اسی طرح مؤثر اور کارآمد بن جائے گی -

فاضل امام بخش امام (م - ۱۹۱۷ء) نے سرائیکی زبان کی خدمت ادا کرنے میں نمایاں کردار انجام دیا - آپ نے 'امام اللغات' کے نام سے ایک فارسی لغت مرتب کی جس میں فارسی الفاظ کی تشریح سرائیکی زبان میں کی - اسی طرح آپ نے 'ملتانی میزانِ طب' بھی سرائیکی نثر میں لکھی - مگر یہ دونوں کتابیں ۱۹۰۳ء میں دریائے سندھ کی طغیانی کی نذر ہو گئیں -

مولوی گل محمد عاشق ملتانی (م - ۱۹۳۳ء) نے اہلِ بیت رسول کے مصائب مقفیٰ نثر میں بیان کرنے شروع کیے - اس سے پہلے اندازِ بیان بالکل سیدھا سادا تھا - عاشق کی نثر میں الفاظ کی برجستگی اور جملوں کی بے ساختگی سننے والوں کو مسحور کر دیتی تھی - ایک اقتباس ملاحظہ ہو :

''محبان حسین ! روز عاشور سادات کیتنے سخت ہا ڈوپہر دا وخت ہا
میدان کربلا وچ مبتلائے نبی دا لخت ہا - توڑے جو ریت گرم ہئی
حسین سمجھیا تخت ہا - نبی دا دلربا کجا ، کربلا دی گرم ہوا کجا ! ''

سرائیکی نثر نگاری کے اعتبار سے عاشق ملتانی کے بعد ان کے شاگرد مولوی محمد رمضان بہار ملتانی (م - ۱۹۶۶ء) کا ذکر آتا ہے- تقاریر عزاداری کے علاوہ سوانحعمری 'دوازدہ معصومین' اور 'سفر نامہ عراق' سرائیکی نثر میں ان کی یادگار ہیں - آپ بھی اپنے استاد کے رنگ میں رنگے ہوئے تھے - بعض اوقات استاد اور شاگرد کی نثر میں امتیاز کرنا مشکل ہو جاتا ہے -

حاجی نبی بخش شوق (ز- ۱۹۶۹ء) بھی سرائیکی نثر میں نام پیدا کر رہے ہیں - آپ نے سیرت رسول لکھنا شروع کی ہے اور سنہ پانچ ہجری تک کے واقعات پانسو صفحات میں قلمبند کیے ہیں - نمونۂ نثر :

''دوستو! ہزار حمد ہے اوّل رب المنان دا - جین اساکوں زیب عطا فرمایا ہے انسان دا - کیا مقدور ہے ایں زبان دا ، جو شکر کرے یزداں دا - ہر ادنیٰ تے اعلیٰ قائل ہے اوندے کرم اتے احسان دا - منگے بغیر رزق عطا فرماوے اے شیوہ ہے اون رحمان دا - حُب دار بنایس اساکوں نبی آخرالزماں دا - کرم ہے اساں عاصیاں تے اون سبحان دا -''

نثر کے اس نمونے پر غور فرمایے ۔ عاشق ملتانی کی طرح مقفیٰ اور مسجّع عبارت ہے ۔ زبان تکلّف سے لبریز ہے ۔ ظاہر ہے سرائیکی میں سادہ اور رواں زبان کا اختیار کرنا ابھی شروع نہیں ہوا ۔ علمی زبان بننے کے لیے اسے ذاکر صاحبان کا خطیبانہ انداز ترک کرکے بے تکلّف طرزِ تحریر اختیار کرنا ہوگا ۔ افسانہ نگاری ، ناول نویسی اور صحافت سے بھی اسالیبِ نگارش میں تغیرات رونما ہوتے ہیں ۔ جب سرائیکی زبان کے ادیب ان اصناف کی طرف زیادہ توجہ دیں گے تو لازماً سرائیکی نثر بھی سندھی ، پشتو اور پنجابی زبانوں کی طرح جدید قسم کا سادہ اور سبک رنگ اختیار کر لے گی ۔

Marfat.com

بلوچی ادب

جغرافیائی اور تاریخی پس منظر

(مغربی پاکستان کا صوبہ ہے جو کوئٹہ ڈویژن اور قلات ڈویژن پر مشتمل ہے ۔ انگریزوں کے عہد میں بھی اسے بلوچستان کہا جاتا تھا ۔)

محل وقــوع

بلوچ قبائل کا مرکزی وطن بلوچستان ہے ۔ یہ بر اعظم ایشیا کے جنوب میں اور مغربی پاکستان کے انتہائی مغربی کونے میں واقع ہے ۔ آج ہمیں دو بلوچستان ملتے ہیں ۔ مغرب میں ایرانی بلوچستان اور مشرق میں پاکستانی بلوچستان ۔ پاکستانی بلوچستان کے شمال میں یاغستان اور افغانستان اور شمال مشرق میں صوبہ سرحد ، مغرب میں ایران ، جنوب میں بحیرہ عرب اور مشرق میں صوبہ سندھ اور پنجاب ہے ۔ بلوچستان کا کل رقبہ ۱۸۹۰۰۰ مربع میل ہے ۔ ۱۹۵۱ء کی مردم شماری کے مطابق اس کی آبادی ۱۱۷۴۰۳۶ تھی ۔ اب بھی اس کی آبادی ۱۵۴۰۰۰ نفوس سے زیادہ نہیں ۔

طبیعی حالات

یہ پہاڑی علاقہ ہے ۔ مشرق میں کوہِ سلیمان اور کوہِ زرغون اس کو پنجاب سے ، اور ہالار ، کھیرتھر اور پب اس کو سندھ سے علیحدہ کرتے ہیں ۔ شمال میں ٹوبہ کاکڑ اور درمیان میں بروہی پہاڑ ہے ۔ مکران سے پہاڑوں کے سلسلے قطار در قطار جنوب تک جاتے ہیں ۔ ساحلِ سمندر پر کوہ ''تالار'' کی شاخیں اور مغرب میں کوہ سیاہاں کی شاخیں ہیں ۔ ان سلسلہ ہائے کوہ میں سب سے بلند چوٹی سطح سمندر سے تقریباً ۱۲۰۰ فٹ بلند ہے ۔

بلوچستان مندرجہ ذیل اضلاع پر مشتمل ہے:

ژوب ، لورا لائی ، کچھی ، کوئٹہ ، پشین ، چاغی ، خاران ، سراوان (جس کو بلوچ خراسان بھی کہتے ہیں) جھالاواں ، کیچ مکران اور لس بیلہ ۔

نام

قدیم زمانہ میں اس علاقہ کا ایک نام نہیں تھا ۔ سنسکرت کی کتابوں میں اس علاقہ

Marfat.com

کے مختلف حصوں کے الگ الگ نام ملتے ہیں ۔ یونانیوں نے اس کے بعض حصوں پر اپنے نام رکھے، عربوں نے انہی حصوں کو اپنا لب و لہجہ عطا کیا ۔ مثلاً یونانی مؤرخ اس کے الگ حصوں کو اس طرح نام دیتے ہیں :

آرکوسیا (سراوان ، کچھی اور قندھار) ، ڈرئنگیانا (سیستان) ، گیوروشیا (جھالاوان ، مکران) کیز (کیچ) ، کلما (کلمت) ، ڈگاسیرا (گوادر) گل سکرڈ (قصر قند) وغیرہ ۱

انہوں نے مکران والے حصے کو (Ichthyophagoi) بھی کہا ہے ، جس کے معنی ہیں : ''ماہی خوروں کا ملک'' ۲ ۔ سنسکرت کتابوں میں مکران کا نام ''موکارا'' یا ''مکارینا'' آیا ہے ۳ ۔ عرب اسے ''ماکران'' سے موسوم کرتے ہیں ۔ ایرانی اسے ''ماہی خوراں'' کہتے ہیں ۴ ۔ حمزہ اصفہانی لکھتے ہیں کہ مکران پر یہ نام موکران بن فرخ بن سام بن نوح کی وجہ سے پڑا ۵ ۔ کچھ مؤرخین کا خیال ہے کہ مکران فارسی ''ماہی خوراں'' کی بگڑی ہوئی شکل ہے ۶ ۔

کیچ کو یونانی اور عرب دونوں ''کیز'' لکھتے ہیں ۔ کچھی کو سنسکرت والے خواہ عرب دونوں ''بدھا'' لکھتے ہیں ۔ ''گنداوہ'' کو قندابیل اور ''خضدار'' کو ''قصدار'' کہتے ہیں ۷ ۔ ''خاران'' کا اصل نام ''کاران'' ہے ۔ ابوالفضل نے بلوچستان کے تذکرہ میں ایک سلسلۂ کوہ کا ذکر کیا ہے جس کا ایک سرا علاقہ کیچ سے ملحق ہے اور اس کا نام اس نے ''کوہِ کاران'' بیان کیا ہے ۔

قدیم تاریخوں میں ''بلوچستان'' کا لفظ نہیں ملتا ۔ زیرِ بحث علاقہ کا یہ نام جدید ہے اور گذشتہ دو صدیوں سے استعمال ہونے لگا ہے ۔ جی ہسٹن نے لکھا ہے کہ یہ نام اٹھارویں صدی کی ایجاد ہے اور نادر شاہ نے ملکی انتظام کے لیے اسے تجویز کیا تھا ۔ اس کے معنی ہیں : ''بلوچوں کا ملک'' ۔ سی ۔ ای بڈلوف نے لکھا ہے کہ ''بلوچستان'' کا نام انگریزوں کی ایجاد ہے ۸ ۔

---

(1) "The *Gates of India:* "Sir T. H. Holdich, London 1910, P. 7, Introduction.

(2) Baluchistan District Gazetteer series : Vol : VII Makran ; R. Hughes Buller, Bombay 1906, p. 4.

3 (*a*) (Brihat Sanhita). (Vareha mihirira).

3 (*b*) Mohd Sardar Khan; "History of Baluch Race", p. : 23).
"Ancient India" میں اولڈ برگ نے "History of Ancient Sanskrit Literature.

(4) Makran Gazetteer : R. Hughes Buller, Bombay 1906, p. 4.

(۵) ایضاً ص ۴

(٦) ایضاً ص ۴

(7) R. Hughes Buller, Baluchistan District Gazetteer, Makran, Bombay 1966 p. 4.

(8) C. E. Bidluph : "Our Western Frontieer" pp. 8-15, London, 1887.

Marfat.com

آثار قدیمہ

بلوچستان سے جو آثارِ قدیمہ ملے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ بلوچستان میں بھی وہی تہذیب رائج تھی ، جو وادئ سندھ میں قائم تھی - بلکہ بلوچستان ، سندھ کا ایک صوبہ تھا ، جب برّصغیر دو حصوں ، سندھ اور ہند میں منقسم تھا - جس طرح قدیم زمانہ میں سندھ کی طبعی حالت بدلی ہوئی تھی ، اس طرح بلوچستان کی حالت بھی مختلف تھی - قدیم زمانہ میں بلوچستان کی آب و ہوا موجودہ زمانے کی نسبت مرطوب تر تھی - بلوچستان کے آثارِ قدیمہ تین قسموں کے ہیں - قدیم مقبرے ، غار ، بند ، قلعے ، گودام ، کاریزیں - (۲) مقبروں کے کتبے ، جن کے رسم الخط کا پتہ لگ سکتا ہے - (۳) سکے ، برتن وغیرہ — قدیم زمانہ میں فنیقی ایک تاجر قوم رہی ہے - جنہوں نے ایشیا ، یورپ اور افریقہ میں تجارتی منڈیاں قائم کی تھیں - ''خاران'' میں ایسے مقبرے ہیں جن میں فنیقیوں کی قبریں ہیں - ان میں سے بعض میں قبروں کے اندر اور بعض میں قبروں کے بغیر لاشیں رکھی ہوئی ہیں - ہر لاش محفوظ ہے - بعض قبروں کے اندر شیر اور دوسرے جانوروں کی مورتیاں ہیں اور دیواروں پر انسانی اعضاء کی تصویریں ملتی ہیں - اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ فنیقی اس علاقہ میں باقاعدہ رہے ہیں - پہاڑوں کی وادیوں میں برساتی پانی جمع کرنے کے لیے عظیم الشان پتھر کے بند موجود ہیں - جن کو بلوچ ''گبر بند'' کہتے ہیں - مٹی کے جو برتن دستیاب ہوئے ہیں ، وہ سندھ کے ''موہن جو دارو'' سے برآمد ہونے والے برتنوں سے مشابہت رکھتے ہیں - آثارِ قدیمہ کے ماہرین کا خیال ہے کہ مشہور پہاڑوں کھیر تھر اور پب کے سندھ اور بلوچستان والے حصوں میں بڑے وسیع شہر آباد تھے - ''تھل'' کے بلند ٹیلہ کے متعلق کہا گیا ہے کہ بدھ کے زمانے کا ہے - سبی میں بدھ کا عظیم استوپ تھا ، جس کی مشہور چینی سیاح ہیون تسانگ یاترا کرنے آیا تھا - ماہرین کا خیال ہے کہ قدیم زمانہ میں جو تہذیب مغربی ایران ، عراق اور سندھ میں رائج تھی اس کا اثر بلوچستان پر بھی پڑا تھا - سندھ کی ثقافت کا اثر نسبتاً زیادہ واضح ہے - دستیاب شدہ اشیاء اور دیگر شواہد سے ثابت ہوتا ہے کہ ''موہن جو دارو'' کے تاجر جنوبی بلوچستان میں موجود تھے - خیال ہے کہ سندھ کے قدیم تمدن کے خاتمے کے ساتھ ہی بلوچستان کے تمدن کا بھی خاتمہ ہوا ہے -

ایران کے مشہور بادشاہ سائرس اول کے زمانہ میں (۵۵۲—۵۲۸ ق - م) مکران اس کی

۱- فنیقی (Phoenicians) ملک شام کے مغربی ساحل کے قدیم باشندوں کو کہا جاتا ہے - یہ لوگ سیاح ، تاجر اور فاتح بھی تھے اور ان لوگوں نے کارتھیج (ٹیونیسیا) میں ایک عظیم سلطنت قائم کر لی تھی - (ادارہ)

Marfat.com

وسیع ترین مملکت کا ایک حصہ تھا ۔ ۳۳۲ ق ۔ م میں سکندر مقدونی دارا کو شکست دے کر سندھ اور ہند کی طرف بڑھا ۔ واپسی پر وہ مکران سے گزرا ۔ سکندر کے مرنے کے بعد یہ علاقہ سیلوکس کے ہاتھ آیا ۔ اس کے بعد سات صدیوں تک اس علاقے کی تاریخ کا کچھ پتہ نہیں چلتا ۔ عام اندازے کے مطابق دو صدیوں تک مکران ساسانیوں کے قبضے میں رہا ۔ کیونکہ خسرو پرویز (۵۹۱ء - ۶۲۸ء) کے عہد میں مکران میں بغاوت کا ذکر ملتا ہے ۔

جب ساتویں صدی عیسوی میں سندھ میں برہمنوں کی حکومت قائم ہو گئی تو اس زمانہ میں موجودہ سندھ کے علاوہ بہاولپور اور ملتان بھی حاکمِ سندھ کے زیرنگین تھے اور سندھ کی حدود میں شمار ہوتے تھے ۔ ایرانی شہنشاہیت باہمی جنگ و جدال کی وجہ سے کمزور ہو چکی تھی، راجہ چچ بن سلائج اس وقت سندھ کا راجہ تھا ۔ اس نے یہ موقعہ مناسب خیال کیا اور مکران اور کرمان کی سرحد کو مستحکم کرنے کے لیے آگے بڑھا ۔ لس بیلہ وارد ہوا تو وہاں کے سرداروں نے اطاعت کی تجدید کی ۔ صحرا عبور کر کے مکران پہنچا اور مکران سے گزرتا ہوا ایک پرانے قلعہ کن پور کے پاس پہنچا ۔ راجہ چچ نے قلعہ ازسرنو تعمیر کرایا ۔ اس کے بعد وہ آگے بڑھا اور اس دریا کے کنارے پہنچ گیا ، جو مکران اور کرمان کے درمیان واقع ہے یہ ہی دریا تھا جو اس کی سلطنت کی مغربی سرحد قرار پایا ۔ دریا کے کنارے اس نے کھجور کے درخت اور ایک کتبہ نصب کرایا ۔ اس ندی کا نام دشت ندی تھا ۱ ۔

بلوچستان کے ساتھ عربوں کے تعلّقات ظہورِ اسلام سے پہلے ہی استوار تھے ۔ کیونکہ ان کے تجارتی قافلے اکثر بلوچستان ہی کے راستے گزرتے تھے ۔ حضرت عمرؓ کے آخری دور (۶۴۲ — ۶۴۳ء) میں عبداللہ بن عامر نے مکران فتح کیا ۔ مکران سندھ کا حصہ تھا ۔ اس لیے سندھ کا راجہ اسلامی لشکر سے لڑنے کے لیے تیاری میں مصروف تھا ۔ حضرت عمرؓ نے اسلامی لشکر کو مکران سے آگے بڑھنے کی ممانعت کردی تھی ۔ حضرت علی کے زمانہ میں حارث بن مرۃ العبدی نے سندھ کی سرحد پر فوج کشی کی ۔ جس میں فتح اسلام ہوئی ۔ لیکن حارث بن مرۃ العبدی شہید ہوئے ۔ اسی مقام یعنی موجودہ نل پرعہد معاویہ میں صلیب بن ابی صفرہ کو جنگ لڑنی پڑی ۔ اس کے بعد عبداللہ بن سوار العبدی کو سرحد سندھ کی ذمہ داری سپرد کی گئی ۔ انہوں نے فیقان پر (موجودہ نل) حملہ کیا ۔ پہلے فتح ہوئی لیکن دوسری جنگ میں وہ شہید ہو گئے اور فیقان آزاد ہو گیا ۔ اس کے بعد رشید نے فیقان پر حملہ کر کے فتح حاصل کی اور علاقہ کچھی تک جا پہنچا ۔ یہاں وہ میدوں سے لڑتا ہوا مارا گیا ۔ رشید کے بعد سنان بن مسلمہ مکران کا والی مقرر ہو کر یہاں آیا ۔

۱۔ داؤد پوتہ ، علامہ (مرتب) چچ نامہ (فارسی)، ص ۱۸ ۹ ۴، مجلس مخطوطات فارسیہ ، حیدر آباد دکن ۱۹۱۹ء ۔

Marfat.com

اس نے قصدار کا علاقہ فتح کیا ۔ اس کے بعد ابوالاشعث والی مقرر ہوا ۔ جس نے بوقان اور فیقان پر حملے کیے ۔ قصدار (خضدار) والے باغی ہو گئے تھے اس لیے اس کو دوبارہ فتح کیا گیا ۔ اس کے بعد ابن الحری الباہلی والی ہو کر آیا ۔ اس نے بہت سی جنگیں کیں اور فاتح رہا ۔ عراق کے گورنر حجاج بن یوسف کے زمانہ میں سعید بن اسلم زرعتہ الکلابی مکران کا والی ہوا۔ حارث علافی کے بیٹوں معاویہ اور محمد نے اپنے قبیلہ کو لے کر سعید پر خروج کیا ۔ اور اس کو قتل کر کے سرحد پر قابض ہو گیا ۔ حجاج نے مجاعہ بن سعرالتمیمی کو بھیجا جس نے قندابیل (گنداوہ) کے اطراف و جوانب فتح کیے ۔ ایک روایت ہے کہ اس کو بھی علافیوں نے ہی قتل کیا ۔ اس کے بعد محمد بن ہارون کو والی مقرر کیا گیا ۔ جو مکران کا ہی باشندہ تھا ۔ ایک روایت ہے کہ رندوں اور لاشاریوں کا جد اعلیٰ میر جلال خان ، محمد بن ہارون کی اولاد میں سے ہے ۔ ان دنوں سندھ پر راجہ داہر کی حکومت تھی ۔ اس کی حکومت میں دیبل کے قریب سندھ کے بحری قزاقوں نے مسلمانوں کے جہاز کو لوٹا ، جو سراندیپ سے آ رہا تھا ۔ علاوہ ازیں راجہ داہر نے عرب علافی فسادیوں کو اپنے ملک میں پناہ دی ۔ اسلامی حکومت کے توجہ دلانے پر بھی راجہ نے کوئی پروا نہ کی تو حجاج نے اپنے چچا زاد بھائی محمد بن قاسم کو سندھ پر حملہ کرنے کے لیے روانہ کیا ۔ مکران کے گورنر محمد بن ہارون نے اس کی مدد کی ۔ ۷۱۲ء میں محمد بن قاسم نے سندھ کو ملتان تک فتح کیا اور عرب گورنر خضدار میں رہنے لگا ۔ عربوں کے زمانے کے کچھ کتبے بھی چٹانوں پر کنندہ ملے ہیں ۔

عربوں کا عہد

بلوچستان کا سارا علاقہ بنی امیہ کی خلافت کا حصہ بن گیا اور ان کے بعد بنی عباس کے زیرنگین آ گیا ۔ نویں صدی کے آخر میں یعقوب بن لیث نے ایران کے مشرقی اضلاع سے خروج کیا اور رفتہ رفتہ وہ نصف ایران اور بلوچستان بلکہ سندھ پر بھی قابض ہو گیا ۔ بلوچستان ان دنوں دو حصوں میں بٹا ہوا تھا ۔ جنوب کے حصے کو مکران کہتے تھے اور شمالی حصہ کو سجستان ۔ زمانۂ قدیم میں بھی اس سارے علاقے کے کئی حصے تھے ۔ مگر اس کی اور اس کے خاندان کی حکومت دیر پا نہ تھی ۔ ۹۰۸ء کے قریب یہ سب علاقہ چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹ گیا ۔ انہی دنوں قرامطہ نے یہاں پاؤں جمانے شروع کر دیے ۔ ملتان ، بھکر اور سندھ میں بھی انہوں نے اپنے اڈے بنا لیے ۔ ایک سو سال تک یہ علاقہ چھوٹی بڑی راجدھانیوں میں بٹا رہا ، تا آنکہ سلطان محمود غزنوی نے ۱۰۲۵ء کے قریب سندھ کو فتح کر لیا ۔

Marfat.com

سلطان محمود سے پہلے سلطان سبکتگین نے جھالاوال کو فتح کر لیا ہوا تھا اور محمود کے بعد اس کے بیٹے سلطان مسعود بن محمود نے مکران تک کا علاقہ اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔

سلطان غیاث الدین غوری کے زمانہ میں ملک تاج الدین مکران پر حکمران تھا۔ ان ہی دنوں میں خوارزم کے حکمران نے کرمان پر حملہ کیا اور اسے فتح کرنے کے بعد مکران کو بھی فتح کیا۔ ۱۲۲۳ء میں چنگیز خاں کے لڑکے چغتائی نے بلوچستان پر قبضہ کیا اور مکران پر منگولوں کا ایک نمائندہ ''بوراک'' کچھ دنوں کے لیے مسلط رہا۔ ۱۳۳۶ء میں التتمش نے بلوچستان کو فتح کیا۔ امیر تیمور کے زمانہ میں کرمان میں امیر اودھ گوئی برسراقتدار آیا جس کی پشت پناہی امیر تیمور کر رہا تھا۔ اس نے حدودِ ملک کی توسیع کی اور کیچ پر قبضہ کیا۔

قلات پر جو ہندو سیوا خاندان کی حکومت تھی، وہ چنگیزیوں کے مسلسل حملوں کی وجہ سے کمزور ہو گئی۔ بروہیوں نے انہی چنگیزیوں کا ساتھ دیا اور موقع پا کر بروہیوں کے سردار میرو نے قلات پر قبضہ کر لیا۔ چودھویں صدی عیسوی کے آخر میں میر جلال خان کی اولاد میر مشہک کی سرکردگی میں مکران سے نکل کر کچھی میں آباد ہو گئی۔ اس کے بعد بلوچوں کے دو سردار بڑے طاقتور ہوئے۔ میر چاکر خان جس کا پایہ تخت ''سبی'' تھا اور میر گوہرام خان جس کا صدر مقام ''گنج آباد'' تھا۔ ان دونوں سرداروں نے مل کر بروہیوں سے قلات بھی چھین لیا۔ میر عمر لڑائی میں مارا گیا اور میر مند و رند کو قلات کا حاکم مقرر کیا گیا۔ کچھ عرصہ بعد میر عمر کے لڑکے بجار نے خواجہ خیل قبیلہ اور بروہیوں کی مدد سے قلات پر قبضہ کر کے میر مندو کو قتل کر دیا۔ اس نے کئی لڑائیوں میں جدغالوں (جت گالوں) سندھیوں کو شکست دے کر جھالاواں تک کے علاقے پر قبضہ کر لیا۔ انہی دنوں میر چاکر خان رند اور میر گوہرام خان لاشاری کے درمیان اقتدار کی جنگ شروع ہوئی۔ جس کی لپیٹ میں تمام بلوچ قبائل آ گئے۔ بلکہ غیر بلوچوں نے بھی طرفین کی مدد کی۔ یہ جنگ ۱۴۰۹ء میں شروع ہوئی اور ۱۵۲۰ء میں ختم ہوئی۔ اس جنگ کی وجہ سے بلوچ قبائل پنجاب، سندھ اور گجرات تک میں پھیل گئے۔ ان ہی دنوں ازبکوں کے سردار محمد خان شیبانی نے تیموری شہزادوں کا خاتمہ کر دیا۔ اس میں سے صرف ہرات پر سلطان حسین بائیقرا حاکم تھا۔ بابر بھی وسط ایشیا سے شکست کھا کر کابل پر قابض ہو گیا تھا۔ امیر ذوالنون شاہ بیگ ارغون قندھار کا حاکم تھا، جس سے بابر نے قندھار کا مطالبہ کیا۔ اس لیے شاہ بیگ ارغون سندھ اور بلوچستان کی طرف بڑھنے لگا۔ اس نے آسانی سے رندوں کو شکست دے کر سبی اور کچھی پر قبضہ کیا۔ ۱۵۵۶ء میں ایران کے صفوی بادشاہ بلوچستان پر قابض ہو گئے۔ یورپ کے صنعتی انقلاب کی بدولت یورپی ممالک دنیا میں پھیل

رہے تھے۔ ان اقوام میں پرتگالی بھی شامل تھے - جنھوں نے ہندوستان کے ساحل پر جگہ جگہ نو آبادیات قائم کیں۔ گوادر میں کوہ باطل پر پانی کے لیے انہوں نے بند بھی تعمیر کیا تھا ، لیکن بلتی بلوچوں کی وجہ سے انہیں استحکام حاصل نہ ہو سکا۔ ۱۵۸۱ء میں جاتے ہوئے پرتگالیوں نے گوادر کو نذرِ آتش کر دیا۔

۱۵۹۰ء میں اکبر نے کچھی اور بالائی بلوچستان پر قبضہ کر کے کچھی کو بکھر سرکار اور بالائی بلوچستان کو قندھار سرکار کے ساتھ شامل کر دیا۔ اس دور میں ابو سعید بلیدی نے سقط سے نکل کر مکران پر حملہ کیا اور اٹھارویں صدی میں گچکیوں نے بلسیریوں کو شکست دے کر مکران پر قبضہ کیا۔ نادر شاہ کے قتل ہونے کے بعد خان قلات نصیر خان اول ۵۰-۱۷۵۱ء میں سارے بلوچستان پر قابض ہو گیا۔

خوانینِ قلات کا عہد (۱۶۵۰ء-۱۸۹۰ء)

بروہیوں کی حکومت سے پہلے جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے ، قلات پر سیوا خاندان کی حکومت تھی - بروہی ان کی فوج میں ملازم تھے - جب سیوا حکومت چنگیزیوں کے حملوں کی وجہ سے کمزور ہو گئی ، تو بروہیوں کے سردار میرو نے قلات پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد اس کے فرزند میر عمر تخت نشین ہوئے۔ اس کے زمانہ میں سولھویں صدی کے شروع میں لاشاریوں اور رندوں نے مل کر قلات پر حملہ کیا اور میر عمر لڑائی میں مارا گیا۔ اس وقت اس کا بیٹا میر بجار چھوٹا تھا ، چنانچہ میرعمر کے قتل کے بعد اس کی بیوی بچے کو لے کر ایک بلوچ سردار کے ہاں پناہ گزیں ہو گئی - میر بجار جب بڑا ہوا تو اس نے قلات پر حملہ کیا اور لاشاریوں کے نائب میر مندو کو قتل کر کے قلات پر قبضہ کر لیا مگر کچھ ہی عرصہ بعد ہر علاقے کے سردار کو اس کے قبیلے کا مالک و مختار بنا کر خود تخت سے دست بردار ہو گیا۔ موقعہ غنیمت جان کر مغلوں نے قلات پر قبضہ کیا مگر کچھ عرصہ بعد بروہیوں نے بغاوت کی اور مغلوں پر حملہ کر کے ان کو بھگا دیا۔ میر حسن کو خان قلات مقرر کیا گیا۔ یہ شاہجہان کا زمانہ تھا۔ رندوں اور لاشاریوں کی طاقت ختم ہو چکی تھی اور سندھ میں کلہوڑے طاقت پکڑ رہے تھے - میر حسن ۱۶۶۶ء میں لا ولد مر گیا۔ اس کے بعد میر احمد خان اول خان قلات ہوا۔ اس نے بستی کے باروزئیوں (پٹھان قوم) سے اٹھارہ لڑائیاں لڑ کر ان کو کمزور کر دیا۔ ۱۶۹۵ء میں اس کی وفات ہوئی۔ اس کے بعد میر محراب خان اول قلات کے تخت پر بیٹھا۔ سندھ کے سردار نور محمد کلہوڑا سے اس کا مقابلہ ہوا۔ جس میں اس کو گولی لگی اور تین دن کے بعد وہ مر گیا اور اس کا بھتیجا میرسمندر خان ، خانِ قلات ہوا۔ اس کے زمانہ میں (۱۶۹۸ء)

ایرانیوں نے بلوچستان پر حملہ کیا ۔ جس میں اس کو کامیابی نہ ہوئی ۔ ۱۷۱۴ء میں اس کی وفات ہوئی ۔ اس کے بعد میر احمد خان دوئم ۱۷۱۵ء میں ، عبداللہ خان ۱۷۳۰ء میں محبت خان ۱۷۵۰ء میں ، نصیر خان ۱۷۹۳ء میں ، محمد خان اول ۱۸۱۶ء میں اور محراب خان ثانی ۱۸۳۹ء میں ، شاہ نواز خان ۱۸۴۰ء میں ، میر نصیر خان ثانی ۱۸۸۳ء میں اور خداداد خان شیر دل خان ۱۸۹۳ء میں خوانینِ قلات ہوئے ۔

انگریزی عہد کا تاریخی پس منظر (۱۸۴۱ء — ۱۹۴۷ء)

۱۸۳۹ء میں انگریزی فوج کچھی ، گنداواہ اور بولان کے راستہ کوئٹہ پہنچی ۔ خان نے انگریزی وفد سے معاہدہ کیا ، جس کی رو سے خان نے شکار پور سے کوئٹہ تک کے راستہ کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے اوپر لے لی ۔ اس کے باوجود نومبر ۱۸۳۹ء میں انگریزوں نے قلات پر حملہ کیا ، خان شہید ہوئے ۔ انگریزوں نے قلات کے قلعہ پر قبضہ کیا اور لوٹ مار کی ۔ آخر انہوں نے محبت خان کے خاندان سے شاہ نواز خان کو تخت پر بٹھایا ۔ ۱۸۴۰ء میں بلوچوں نے قلات پر قبضہ کیا ۔ میر شاہ نواز خان بھاگ گیا اور قلات پر انگریزوں کا نمائندہ لیفٹیننٹ لوڈی قید ہوا ۔ میر نصیر خان دوئم کو تخت پر بٹھایا گیا ۔ دسمبر میں انگریزی فوج نے ڈھاڈھر میں خان کے کیمپ پر حملہ کیا ۔ خان کو شکست ہوئی اور انگریزی فوج نے کوئٹہ سے نکل کر بغیر کسی لڑائی کے قلات پر قبضہ کر لیا ۔ کرنل سیٹپی قلات کا پولٹیکل ایجنٹ مقرر ہوا ، اور ۱۸۴۱ء میں خان سے معاہدہ ہوا ۔ ۱۸۴۳ء میں انگریزوں نے سندھ کو فتح کر لیا ۔

انگریزوں کی حکومت کے زمانہ میں بلوچستان تین حصوں میں تقسیم ہو گیا :

برٹش بلوچستان ، جس کا رقبہ ۹۴۷۶ مربع میل تھا ۔ ۱۸۷۹ء کے معاہدہ کے مطابق خان قلات نے یہ حصہ برٹش حکومت کے حوالے کیا ۔ دوسرا حصہ ایجنسی کے سپرد تھا اور اس کا انتظام انگریز عملداروں کے ہاتھ میں تھا ۔ اس حصہ کا رقبہ ۴۴۳۴۵ مربع میل تھا ۔ تیسرا حصہ ریاستوں پر مشتمل تھا ۔ ایک ریاست قلات جو خانِ قلات کو ملی ۔ دوسری ریاست لس بیلہ جو جاموں کو ملی ۔ یہ سندھ کے حکمران خاندان سمہ کی نسل سے ہیں ۔ خاران ایک الگ ریاست تھی ۔ جس کا سربراہ میر حبیب اللہ تھا اور مکران کی ریاست لس بیلہ سے الگ تھی ۔

بلوچی حسب نسب

بلوچستان میں افغان ، بلوچ اور بروہی تین بڑی اقوام رہتی ہیں ۔ بلوچ نسل کے متعلق کچھ اہلِ قلم کی رائے یہ ہے کہ بلوچ قوم دو حصوں میں منقسم ہے ، بلوچ اور بروہی ۔ اس لیے ان دونوں کو ایک ہی نام ''بلوچ'' سے پکارنا چاہیے ۔ ان کا یہ بھی نظریہ ہے کہ

بلوچ قوم حسباً نسباً سامی الاصل ہیں ۔ یہ نظریہ میر رحیم داد خان مولائی شیدائی ۱ ، میر گل خان نصیر۲ ، صالح محمد ہری ۳ اور پروفیسر انور رومان ۴ کا ہے ۔ دوسرا نظریہ یہ ہے کہ بلوچ اور بروہی نسباً الگ ہیں اور بروہی داراوڑ نسل سے ہیں ۔ یورپین محققین کی اکثریت اور کچھ ملکی مؤرخین نے بروہیوں کو داراوڑ نسل کی باقیات میں شمار کیا ہے جو کسی نہ کسی طرح تقریباً دو ہزار سال ق—م میں آریوں کی دستبرد سے بچ کر بلوچستان کے پہاڑوں میں سے آ بسے تھے ۔ لیکن جن تاریخ نویسوں نے اس نظریہ کو رد کیا ہے اور بروہوں کو بلوچ کہا ہے ان کا کہنا ہے کہ بروہی بلوچوں کا طائفہ اول ہے ۔ جو بلوچوں کی عام ہجرت سے کم و بیش سات آٹھ صدیاں پیشتر ایرانی حکومت کے تاخت و تاراج کی وجہ سے نقلِ مکانی کر کے یہاں وارد ہوئے ۔ یہ کوہ البرز کے رہنے والے تھے اس لیے مقامی لوگ انہیں بوز کوہی پکارنے لگے ۔ جو بعد میں بگڑ کر ''بروہی'' بن گیا ۔

خاص بلوچوں کے حسب نسب پر بھی بہت بڑا اختلاف ہے ۔ پوٹنگر کا خیال ہے کہ یہ نسلاً ترکمان ہیں ۵ ۔ خانیکوف اور سن لیسر لگس کا بھی یہی خیال ہے ۔ برٹن۶ ۔ سید جمال الدین افغانی۷ یسین ، اسیگل اور ڈیمز کا خیال ہے کہ یہ ایرانی نسل سے ہیں ۸ ۔ ٹی سولڈچ کا خیال ہے کہ نسلاً عرب ہیں ۹ ۔ ڈاکٹر پیلو نے لکھا ہے کہ نسلاً راجپوت قبیلہ بالئچا سے ہیں ۱۰ ۔ ڈاکٹر کروک اور چند دیگر صاحبان اس معمہ کا حل سنسکرت لفظ ''ملیچا'' میں تلاش کرتے ہیں ، جس کے معنی بہادر کے ہیں ۔ سلطان الملک عماد الدین اسماعیل بن افضل کرمان کا جغرافیہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ قف پہاڑوں کے قریب

۱- مختصر تاریخ بلوچستان (سندھی) ص—۱۱—۱۹۴۱ء

۲- تاریخ بلوچستان (اردو) ج اول ، ص ۱ سے ۱۵ ، ۱۹۵۲ء

۳- لیسٹری صالح محمد ، بلوحستان ، ۱۹۵۵ء

۴- نوکین دور مکران نمبر ، ص ۴۰

(5) Pottinger's Travels in Baluchistan, pp. 268-269.

(6) Burton's Sind Revisited, 1877, Vol : II, p. 159.

۷- میجر جارج واٹر گلبرٹسن کے دیباچے کا اردو ترجمہ ، بلوچی دنیا ، جولائی ۱۹۶۳ء ص ۱۷

۸- بحوالہ بلوچ قبائل ایل ڈیمز ، اردو ترجمہ ، ص ۲۰

(9) Mohd Sardar Khan :
"History of Baluch Race & Balochistan, P. 2; Journal of the Anthropological Institute, Vol : XXIX, P. 18.

(10) Ethnography of Afghanistan by H. W. Bellow c. s. i. 1891, pp. 171, 172 and 175-18.

بلوچوں کے پہاڑ ہیں ، جن کی زبانی ہندوستانی زبانوں کے خاندان میں سے ہے اور وہ نسلاً جتوں سے ملتے ہیں ۱ - پروفیسر کین کا کہنا ہے کہ ان کی نسل تاجک قوم سے ملتی ہے ۲ ماکلر نے ثابت کیا ہے کہ بلوچ مکران کے قدیم باشندوں کے باقیات ہیں - اس کے ساتھ وہ یہ بھی لکھتا ہے کہ ''رند'' بلوچ نہیں ہیں - بلکہ نسلاً عرب ہیں اور الحارث علافی کی اولاد میں سے ہیں ۳ - سردار محمد خان نے یہ نظریہ پیش کیا ہے کہ بلوچ کلدانی اور بابلی ہیں اور مشہور حکمران نمرود کی نسل سے ہیں ۴ - یوں تو بلوچوں کا ذکر فردوسی کے 'شاہنامہ' میں بھی ملتا ہے اور یہ تاریخی بات ہے کہ نوشیرواں نے یہ علاقہ اپنی وسیع سلطنت میں شامل کر لیا تھا -

نسل کے متعلق کتنا بھی اختلاف ہو ، لیکن یہ بات آثار قدیمہ سے ثابت ہوتی ہے کہ بلوچ اپنی انفرادی خصوصیتوں کے ساتھ اسی سرزمین میں قدیم زمانہ سے رہتے چلے آ رہے ہیں - خود ایک بلوچ اہل قلم میر خدا بخش مری نے لکھا ہے کہ ''اگر ہم بلوچوں کے متعلق فردوسی کے قول کو تاریخی اہمیت دیں جو ہر لحاظ سے اہمیت کے قابل ہے ، تو یہ ماننا پڑے گا کہ کچھ قبیلے شمالی ایران میں بحیرۂ خضر کے ساحلوں مرو اور ہرات میں ۵۰۰ ق-م میں آباد ہو چکے تھے ۵ - ظہور اسلام کے بعد جب مسلمان ایران سے آگے بڑھے تو انہوں نے مکران فتح کیا - یعنی اس زمانہ میں بھی بلوچ مکران میں رہتے تھے - یہ صحیح معلوم نہیں ہوتا کہ کسی زمانہ میں بھی لوگ یہاں اور کسی جگہ سے نقلِ مکانی کر کے اس سرزمین میں آباد ہوئے - اس علاقہ میں اس زمانہ میں بھی لوگ رہتے تھے جب ''موہنجودارو'' کا قدیم شہر آباد تھا - اس کے بعد کے جو آثار اور تاریخی حقائق ملتے ہیں ، ان سے ثابت ہوتا ہے کہ بہت قدیم زمانہ سے یہ علاقہ مسلسل آباد چلا آ رہا ہے - یہ وہ ہی لوگ ہیں ، جو اب بھی آباد ہیں ، جن کو بلوچ کہا جاتا ہے - ان میں کچھ دوسری نسل کے لوگ بھی

۱- سلطان الملک از عماد الدین ، تقویم البلدان بحوالہ تاریخ بلوچ قوم اور بلوچستان از سردار خان ، ص ۲

۲- بحوالہ تاریخ بلوچستان از سردار خان ، ص ۲

۳- بحوالہ تاریخ بلوچ قوم ، ص ۲ ، ۳

۴- سردار محمد خان ، تاریخ بلوچ قوم اور بلوچستان ، س ۱۶

۵- از بلوچ ص ۵۰ - ایک روز باوچ واحد بخش خان بلوچ نے لکھا ہے کہ بلوچوں نے آریاؤں کے دانت کھٹے کر دئیے تھے اور آریاؤں نے اس قوم کو اپنے سے زیادہ طاقتور پا کر ان کو ''بل ساوچ'' کا خطاب دیا - جس کے معنی ہیں اوجے بل والا یعنی زیادہ طاقتور (ماہنامہ بلوچی دنیا - فروری ۶۴ء ، ص ۱۷) اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بلوچ اس سرزمین میں آریاؤں سے پہلے موجود تھے -

Marfat.com

شامل ہو گئے ہیں - وہ ان لوگوں کے باقیات میں سے ہیں ، جو یونان ، ایران اور عرب حملوں کے بعد یہاں بس گئے تھے یا کسی بغاوت کے سلسلہ میں بھاگ کر یہاں پناہ گزیں ہو گئے تھے لیکن اب سب بلوچ ہیں - بلوچستان میں قدیم زمانہ سے بہت سے ''جت'' قوم کے خاندان بھی رہتے تھے - آج وہ بھی خود کو بلوچ کہلواتے ہیں -

بلوچستان کے قبائل کے تمدنی اور معاشرتی حالات

بلوچ قبائل کی معاشی و معاشرتی زندگی کا تجزیہ فردوسی نے 'شاہنامہ' میں کیا ہے اور عرب مؤرخوں اور سیاحوں کے ایسے بیانات بھی ملتے ہیں ، جن سے بلوچ ثقافت کی انفرادیت واضح ہوتی ہے - اصطخری نے 'مسالک الممالک' میں صفحہ ۱۲ پر اس سلسلے میں کچھ وضاحت پیش کی ہے - بشاری مقدسی نے 'احسن التقاسیم فی معرفتہ الاقالیم' میں ان کے لباس اور طرزِ بود و باش پر چند سطور درج کی ہیں - شریف الادریسی (۱۰۹۹ء—۱۱۶۴ء) نے 'نزہت المشتاق فی افتراق لآفاق' میں ان کی عادات و خصائل پنج گور ، کیچ کیزکان (قلات) وغیرہ کے جغرافیائی حالات اور لباس و رہن سہن کے بارے میں بہت کچھ لکھا ہے - بیشتر بلوچ آبادی خانہ بدوش ہے - موسم گرما میں یہ پہاڑی علاقوں میں واپس چلے جاتے ہیں - جہاں میدانی علاقوں کی نسبت موسم سرد ہوتا ہے - اور گھاس بھی با افراط ہوتی ہے - جاڑوں کے موسم میں پہاڑی علاقوں سے ہجرت کر کے کچھی اور سندھ تک کے بعض علاقوں میں پھیل جاتے ہیں - چونکہ یہ لوگ پہاڑوں ، صحراؤں اور دشت و دمن میں بسر اوقات کرتے رہتے ہیں ، اس لیے ان کے مزاج میں صحرا نوردی کے نمایاں اثرات موجود ہیں اور ان کے معاشی و معاشرتی حالات بھی انفرادی خصوصیات کے حامل ہیں -

سرداری نظام

بلوچ قبائل مختلف قبائلی تنظیموں ، فرقوں اور گروہوں میں بٹے ہوئے ہیں - ان میں سے ہر ایک گروہ یا فرقے کا اپنا علیحدہ سردار ہوتا ہے جن کے مرنے کے بعد اس کا لڑکا یا بھائی سردار بن جاتا ہے - جو گروہ دس ہزار پر مشتمل ہوتا ہے اس کے سردار کو تمندار کہتے ہیں - تمندار کا مرتبہ سردار سے زیادہ ہوتا ہے - کسی دوسرے تمن کا آدمی بھی اس تمن میں رہ سکتا ہے اور اس کی حفاظت تمن کا سردار اور پوری قوم کے ذمہ ہوتی ہے - تمن کا ہر فیصلہ تمندار ہی کرتا ہے - لیکن اگر کوئی بڑا فیصلہ

Marfat.com

ہو تو جرگے کے ذریعہ کیا جاتا ہے۱ - ہر قبیلہ مستقل طور پر الگ ہونے کے باوجود اپنی روایت میں ایک دوسرے سے ملا ہوا ہے - قبائل کی رسومات میں تھوڑا سا فرق ہوتا ہے لیکن ثقافت کی بنیادی اقدار ایک ہیں - یہ قبائل اگرچہ باہم متصادم ہوتے رہتے ہیں ، لیکن دوسروں کے مقابلے میں ہمیشہ متحد ہو جاتے ہیں -

حال

بلوچ قبائل کی سماجی زندگی میں ایک اہم ترین رسم یہ ہے کہ دورانِ سفر دو اشخاص آپس میں ملیں یا کوئی مہمان آئے تو ایک دوسرے کے حالات دریافت کرنا ان دونوں کے فرائض میں داخل ہے - بلوچی ثقافت کے اثر سے یہ رسم سندھ میں بھی رائج ہے - اس رسم کا اس قدر احترام کیا جاتا ہے کہ حال نہ معلوم کرنا یا اپنا حال نہ بتانا سماجی بد اخلاقی سمجھی جاتی ہے - سب سے پہلے حاضرینِ مجلس نو وارد کی مزاج پرسی کریں گے - جس کو بلوچی میں ''دو بروراہی'' کہا جاتا ہے - میر مجلس ہر ایک سے کہتا ہے ''حال پوچھو'' ان میں سے ہر ایک یہی کہے گا : ''آپ پوچھیے'' اس کے بعد میر مجلس حال پوچھتا ہے - جواب میں مہمان اپنے علاقے کے حالات سے لے کر منزل تک پہنچنے کے تمام واقعات بیان کرتا ہے - اپنا حال سنا کر وہ بھی جواباً حال معلوم کرتا ہے - اس رسم سے یہ فائدہ پہنچتا ہے کہ ایک علاقہ کی خبریں دوسرے کو ملتی ہیں - اس کے ساتھ ذاتی و انفرادی حالات سمجھنے کا موقع بھی ملتا ہے - سید جمال الدین افغانی نے لکھا ہے کہ بار بار مہمان سے حال پوچھنے کی خاص وجہ یہ ہے کہ مہمان کو کسی چیز کی ضرورت تو نہیں - اگر سواری کی ضرورت ہو تو میزبان اس کو اونٹ یا گھوڑا دیتے ہیں - اگر زادِ راہ کی ضرورت ہو تو چندہ جمع کر کے مالی امداد کرتے ہیں - اگر مہمان مجرم ہو تو اس کی حفاظت کرنا بھی وہ اپنا فرض۲ سمجھتے ہیں -

مہمان نوازی

مہمان نوازی کو اہمیت دی جاتی ہے - ایک طرح سے اسے مذہبی فریضہ سمجھا جاتا ہے -

---

۱- جرگے کے معنی ہیں : جماعت - یہ ترکی لفظ ہے اور ماوراء النہر کے خانہ بدوش ترکوں میں رائج تھا - مغربی پاکستان کے بلوچ قبائل اور افغان قبائل میں بھی یہ ہی نظام رائج ہے - جرگوں میں فیصلہ کرنے کے لیے ہر قبیلہ کا سردار حصہ لیتا ہے ، کیونکہ سردار قبائلی ملکیت اور حقوق کا محافظ ہوتا ہے -

۲- سید جمال الدین افغانی ، تاریخ افغانستان (اردو ترجمہ) ص ۱۳۳ ، ۱۹۲۳ء -

بلوچ خود بھوکا سو کر اپنے مہمان کی خاطر کرتا ہے - مہمان دشمن بھی ہو تو خاطر و مدارات میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھتا - اگر کسی مقام پر ایک سے زائد گھر آباد ہوں تو مہمان کے قیام و طعام کا بندوبست ایک جگہ ہوگا، لیکن خرچ مشترک ہوگا - اگر کوئی کسی بلوچ کے ہاں پناہ لے تو سر کی بازی لگا کر بھی اسے محفوظ رکھا جاتا ہے - پناہ لینے والے کو ''ہاہوٹ،، کہا جاتا ہے -

وعدہ کی پابندی

وعدہ کی پابندی بلوچیوں کا شعار رہا ہے - وعدہ کی تکمیل کے لیے یہ ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہو جاتے ہیں - بلوچی روایات سے ایسی بہت سی مثالیں مل جاتی ہیں -

کچہری

ہر کوچہ اور گاؤں میں ایک خاص گدان (جھونپڑا) ہوتا ہے جو مہمان نوازی اور مجلس کے لیے مخصوص ہوتا ہے - شام کو جب لوگ کاروبار سے فارغ ہوتے ہیں تو آپس میں مل کر گدان میں مجلس منعقد کرتے ہیں - اس مجلس کو کچہری کہتے ہیں - بعض کچہریوں میں لوڑی اور ڈوم اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں - مجلسوں میں منشیات کا استعمال بھی ہوتا ہے -

ہمسایہ کے حقوق

قدیم تاریخ بتاتی ہے کہ ہمسایہ کے جان و مال کے تحفظ کے مسئلے نے بلوچ قوم کی تاریخ کا رخ ہی موڑ دیا - ان واقعات میں سمی اور گوہر کے واقعات قابل ذکر ہیں جس کی وجہ گرگیچکیوں اور بلسیریوں[1] میں جنگ چھڑ گئی - رندوں اور لاشاریوں میں بھی ہمسایہ کے تحفظ کی وجہ سے جنگ چھڑی تھی - جو تیس سال تک جاری رہی -

بجار پھوڑی

اگر کوئی غریب آدمی شادی کرنا چاہے لیکن اس کے پاس پیسے نہ ہوں یا مقدمہ کے لیے رقم نہ ہو تو وہ خود یا اس کے عزیز و اقارب قبیلہ کے لوگوں سے امداد طلب کرتے ہیں - جسے ''پھوڑی یا بجار،، کہتے ہیں - بجار اور پھوڑی میں فرق یہ ہے کہ پھوڑی حاصل کرنے کے لیے لوگوں کے ہاں جانا پڑتا ہے لیکن بجار قبیلہ کے لوگ

۱- دیکھیے فصل سوئم میں مکمل واقعات کے لیے -

Marfat.com

خود بخود اپنے عزیز و اقارب کو دیتے ہیں۔ امداد باہمی کا یہ ایک کامیاب طریقہ ہے۔ کہیں کہیں یہ بھی رواج ہے کہ شادی کے موقع پر دولہا کا کوئی رشتہ دار میٹھی چیز لے کر اقربا اور احباب کے گھر جاتا ہے اور تنبول وصول کر لاتا ہے۔

انتقامی جذبہ

مسلسل جنگ و جدل کے باعث انتقام لینا ان کے مزاج کا جزو بن گیا ہے۔ وہ خون کا بدلہ کسی صورت میں بھی نہیں چھوڑ سکتے۔ ان کے ہاں انتقام نہ لینا طعنہ و تشنیع کا موجب بن جاتا ہے۔ خون کا بدلہ لینے کے لیے کوئی مدت یا میعاد مقرر نہیں۔ اتنا انتقامی جذبہ رکھنے کے باوجود بھی مندرجہ ذیل صورتوں میں انتقامی آگ کو بروئے کار نہیں لایا جاتا۔

۱۔ وہ قصوروار کو معاف بھی کر دیتے ہیں اگر قصوروار خاندان کی کوئی عورت معافی کی خواستگار بن کر آ جائے۔

۲۔ جنگ کے دوران میں اگر کوئی عورت یا سید مرد اپنے سر پر قرآن شریف اٹھا کر آ جائے۔

دورانِ جنگ وہ عورت، ہندو، لوڑی اور نابالغ لڑکے کو قتل کرنے سے احتراز کرتے ہیں۔ جس شخص نے دورانِ جنگ مسجد میں پناہ لی ہو یا امارہ طلب کی ہو اسے مارنے یا گزند پہنچانے سے گریز کرتے ہیں۔ انتقامی جذبہ کو ختم کرنے کے لیے قاتل کے خاندان کی ایک دو لڑکیاں مقتول کے خاندان کے لڑکوں سے خون بہا کے عوض بیاہ دی جاتی ہیں۔

سیاہ کاری

اس کے معنی ہیں ''زنا کاری'' بلوچوں میں بدکار مرد اور عورت کی سزا لازمی طور پر قتل ہے۔ اگر کوئی مرد اپنی بیوی کو غیر مرد کے ساتھ برموقع پکڑ لیتا ہے تو فوراً قتل کر دے گا۔ یہ خون معاف ہے۔ بلکہ اس پر فخر کیا جاتا ہے۔ کچھ بلوچ قبائل کی روایت کے مطابق مجرم مرد اگر بھاگ جائے تو عورت کو سردار کے حوالے کر دیتے ہیں اور مجرم کو تین سے چار ہزار روپیہ تک جرمانہ دینا پڑتا ہے۔ یہ رقم بھی سردار کو پیش کی جاتی ہے۔ وہ کچھ حصہ اس مرد کو بھی دے دیتا ہے جس کی عورت نے سیاہ کاری تھی تاکہ وہ شادی کر سکے کہیں یہ رواج ہے کہ عورت کو باپ یا بھائی کے سپرد کیا جاتا ہے جو اس کو اپنے ہاتھ سے سزا دیتا ہے۔

لباس

بلوچ مرد اور عورت اپنی ستر پوشی کا بڑا خیال کرتے ہیں —— مردوں کا لباس لمبا کرتا ہے جو چوڑے لبادے کی شکل کا ہوتا ہے جس کو ''پشک'' کہتے ہیں۔ شلوار بڑی گھیر دار ہوتی ہے۔ سر پر دس پندرہ گز لمبی پگڑی باندھتے ہیں عام طور سے سفید لباس پہنتے ہیں۔ رنگین لباس کو برا سمجھتے ہیں۔ لیکن اب یہ بات کم ہوتی جا رہی ہے اور شلوار و قمیض دونوں ایک ہی رنگ کی پہننے کا رواج ہوتا جا رہا ہے ہتھیاروں کے بغیر ان کا لباس نامکمل ہے۔ پگڑی کے علاوہ نوجوان اور بچے ایک مخصوص قسم کی ٹوپی بھی پہنتے ہیں۔ کچھ بلوچ مخصوص قسم کی صدری بھی پہنتے ہیں اس صدری کی تراش خراش دوسروں سے جداگانہ ہوتی ہے اور اس پر تلے یا کڑھائی کا کام بھی ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ عموماً سردیوں میں گرم چادر اوڑھنا بھی ان کے لباس میں شامل ہے اس کو بلوچی میں ''پشتی'' کہتے ہیں۔ وہ سر کے بال نسبتاً بڑے رکھتے ہیں۔ اور ان کو پگڑی کے اندر بند کرتے ہیں۔ ان کی ڈاڑھی بھی بڑی ہوتی ہے۔ کچھ ڈاڑھی کے بالوں کو گھنڈیدار بنا دیتے ہیں۔

عورتوں کا لباس اور کام

بلوچ عورتوں کا ایک مخصوص کرتا ہوتا ہے جس کو ''گھگھا'' گھگھو کہا جاتا ہے یہ زیادہ تر سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ ''گھگھو'' میں ایک لمبی جیب ہوتی ہے جو سامنے کی طرف سے پیٹ سے لے کر دامن تک ہوتی ہے۔ اس کو بلوچی میں ''پست'' کہتے ہیں۔ گھگھو کی اس لمبی جیب، اس کی آستین اور اس کے سینے پر ریشمی یا سوتی کڑھائی کا کام ہوتا ہے۔ بلوچ خواتین سیاہ کپڑے کو ماتم کی نشانی تصور کرتی ہیں، لیکن خاران اور مکران کی بعض عورتیں کالے گھگھے پہنتی ہیں امیر طبقہ کی عورتیں اطلس اور کمخواب کے گھگھے زیب بدن کرتی ہیں۔ جس پر اعلیٰ زردوزی اور کلابتوں کا کام ہوتا ہے۔ عورتیں بھی مردوں کی طرح بڑے بڑے گھیر کی شلواریں پہنتی ہیں۔ دوپٹہ اوڑھتی ہیں، جو موٹے کپڑے اور گہرے رنگ کا ہوتا ہے۔ بال لمبے رکھتی ہیں اور چوٹی باندھتی ہیں اونٹ کی کھال یا گھاس یا کھجور کے پتوں کے پیش (جوتے) پہنتی ہیں۔ صرف اُمراء کا طبقہ پردہ کرتا ہے۔ ان میں حد درجہ خود اعتمادی ہے۔ وہ اپنے شوہر کی موجودگی یا غیر حاضری میں مہمان کی خاطر و مدارات کرتی ہیں۔ بڑی محنتی ہوتی ہیں۔ گھریلو کام کاج کے علاوہ جانوروں کو چراگاہوں میں لے جانا، پانی

Marfat.com

بھر کر لانا ، فرصت کے اوقات میں کڑھائی اور بنائی کرنا ، بھیڑ بکریوں کی اُون سے نمونے ، رسیاں ، اناج کے بورے اور اونٹوں کی پالان اور گھوڑوں کی زین بناتی ہیں۔ بین الاقوامی نمائش جو امریکہ میں منعقد ہوئی تھی ، اس میں بلوچی کشیدہ کاری کو اولین درجہ دیا گیا۔

شادی بیاہ کی رسومات

شادی کے سلسلہ میں ان میں بدل کا رواج ہے یعنی لڑکی کے عوض میں اپنی یا کسی قریبی عزیز کی لڑکی دوسرے فریق کے لڑکے کو دی جاتی ہے۔ اگر کسی کے ہاں لڑکی نہ ہو تو جب بھی لڑکی پیدا ہوگی دینی ہوگی۔ جب رشتہ طے ہو جاتا ہے تو کسی بھی صورت میں لڑائی نہیں کرتے۔ اگر فریقین میں لڑائی ہو بھی جائے تو رشتہ نہیں توڑا جاتا۔ کہیں یہ رواج ہے کہ لڑکی کا والد لازمی طور پر کچھ رقم لیتا ہے اس کو ''لب'' یا ''لابھ'' کہا جاتا ہے۔ بعض جگہ لڑکی کی ماں بھی کچھ لیتی ہے اس کو شاناگ'' کہا جاتا ہے۔ شادی کے بعد دولہا سات دن تک دلہن والوں کے ہاں رہتا ہے۔ تاریخ مقرر ہونے کے بعد لوگ رواج کے مطابق نقد ، جنس یا مال کی صورت میں بجار پیش کرتے ہیں۔

کھیل اور تاریخ

ان کی تفریحات میں شمشیر زنی ، شہ سواری اور شکار کے علاوہ کھیل بھی ہیں۔ کھیلوں کے سلسلہ میں انہوں نے سندھی اثر قبول کیا ہے۔ کشتی لڑنے کا مخصوص رواج سندھ میں ہے جس کا اثر بلوچیوں نے بھی لیا ہے۔ جس کو ''ملھ'' کہا جاتا ہے دوسرا مخصوص نمونہ کشتی کا ''بلھاڑو'' ہے ، جس کو بلوچی ''جو'' کہتے ہیں۔ بلوچ موسیقی کے بھی دلدادہ ہیں۔ ان کے اپنے مخصوص ساز ہوتے ہیں۔ جن کے نام یہ ہیں۔

(۱) رباب۔ (۲) دنبورا۔ (۳) سندا۔ (۴) تاری۔ (۵) چنگ۔ (۶) نڑ۔ (۷) چار تارہ۔

ان کا رقص بھی خاص نوعیت کا ہوتا ہے اور دیہی علاقوں کی طرح اور دیہی تہذیب کے مطابق لوگ مختلف موسموں اور تقاریب پر اپنی خوشی کا اظہار ناچ اور گانے سے کرتے ہیں۔ چنانچہ موسم کے مطابق اور موقع کی مناسبت سے ناچ کی نوعیت بھی بدل جاتی ہے اور اس کے ساتھ جو گانا منسلک ہوتا ہے اس میں بھی مناسب طربیہ یا حزنیہ عنصر شامل ہو جاتا ہے۔ عام طور پر طبلہ یا ڈھول اور نئے قسم کا کوئی اور

Marfat.com

آلۂ موسیقی ضرور استعمال ہوتا ہے۔ یک تارہ یا دو تارہ بھی اکثر ساتھ دیتا ہے۔ جہاں معاشرے میں ٹھہراؤ، سنجیدگی اور وقار زیادہ ہو تو سارنگی کی قسم کا آلہ بھی موسیقاروں نے اپنا لیا ہوا ہے۔

توہمات

بلوچ سیدوں اور پیروں کے بڑے معتقد ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان میں قدیم زمانہ کے مختلف قسم کے توہمات بھی موجود ہیں۔ امتداد زمانہ کے ساتھ یہ توہمات ان کی سماجی زندگی کا حصہ بن چکے ہیں۔ ان میں علاج معالجہ کے بھی دلچسپ طریقے مروج ہیں۔ وہ جھاڑ پھونک کے قائل ہیں اور بیماری میں پیروں اور ملاؤں سے دم کراتے ہیں۔ بلوچ ماہرین بھیڑ بکریوں کے شانے کی ہڈیوں کی لکیروں سے پیشینگوئیاں کرتے ہیں۔ حلف اٹھانے کے عجیب و غریب طریقے ہیں۔ مثلاً آگ میں سے گزرنا، آگ یا گرم لوہا ہاتھ میں اٹھانا وغیرہ۔ یہ رسومات قدیم زمانہ میں سندھ میں بھی رائج تھیں۔

Marfat.com

فصل دوم

(الف) بلوچی زبان

چونکہ بلوچی زبان ، فارسی زبان سے اثر پذیر ہوتی رہی ہے اس لیے بعض لوگوں کو یہ مغالطہ ہوا ہے کہ بلوچی فارسی کی مسخ شدہ صورت ہے - ایران کی سرحدوں کے قریب رہنے والے بلوچوں کی زبان پر فارسی زبان اور لب و لہجہ کا اثر ضرور ہے - لیکن اس کے باوجود قدیم زمانہ سے ہی بلوچی زبان کی اپنی انفرادیت رہی ہے - ہیروڈ وٹس نے بلوچی زبان کو مکوئی (Mykot) اور مکرانی کو میکنس (Mykans) کہا ہے ۱ - یہاں بلوچی سے مراد مشرقی بلوچی اور مکرانی سے مراد مغربی بلوچی ہے - اس زمانہ میں بھی بلوچی کا الگ وجود تھا - عرب سیاحوں کے بیانات موجود ہیں ، جو مکرانی (بلوچی) کو فارسی سے الگ زبان سمجھتے تھے - اصطخری لکھتا ہے ''مکران والوں کی زبان فارسی اور مکرانی ہے۲ ''- فارسی تاجر لوگ بولتے ہوں گے جن کے ایران کے ساتھ تعلقات تھے - شریف الادریسی (۱۰۹۹ء-۱۱۶۴ء) نے بھی لکھا ہے کہ مکران کی زبان فارسی اور مکرانی ہے ۳ - ابن حوقل کا بھی یہ ہی بیان ہے ۴ - اس بیان کی تصدیق مارکو پولو بھی کرتا ہے - سیاح مارکو پولو چین جاتے ہوئے یہاں سے گزرا تھا - اس کا بیان ہے کہ مکران میں ایک خاص قسم کی زبان بولی جاتی ہے چنانچہ بلوچ ماہرینِ علمِ تحقیق کا خیال ہے کہ ''بلوچی قدیم زبانوں میں سے ایک ہے - کئی کتباتِ بیستوں بلوچی زبان میں لکھے ہوئے ہیں۵ -''

بلوچستان سے جو قدیم کتبات ملے ہیں - ان میں چند ایسے الفاظ موجود ہیں جو بلوچی میں ملتے ہیں - لیکن تحریر کے متعلق کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہو سکا - البتہ یہ بات قیاس سے بعید نہیں کہ بلوچی اور پہلوی زبان کا ماخذ ایک ہی زبان ہے ۶ - جس طرح اکثر ہند

---

(1) Cambridge History of India, Vol : 1, p. 339

۲- المسالک الممالک ، ص ۱۲

۳- نزہۃ المشتاق فی افتراق الافاق -

۴- سفر نامہ ابن حوقل -

۵- میر عبدالصمد لیری کا مقالہ ، ماہنامہ بلوچی کراچی ، میر شیر محمد مری کا جو اس نے اپریل ۱۹۶۱ء میں لاہور میں منعقد علاقائی زبانوں کی کانفرس میں پڑھا اور ''بلوچی زبان و ادب و تاریخ'' کے عنوان سے کاردار بلوچی اکیڈیمی کراچی سے شائع ہوا -

۶- جرمن کی کیل (Kiel) یونیورسٹی کے پروفیسر ائنڈرز کی رائے ہے کہ بلوچی پہلوی کی شاخ ہے -

R. Hughes, Buffer, Makran p. 80). (Kiel) Dr. Andrees

Marfat.com

آریائی زبانوں کا ہے - بلوچی مشرقی ایران کی ایک زبان ہے ، جس کا سرچشمہ مشرقی ایرانی شاخ ہے اور بعض چیزوں میں آوستا سے کہیں زیادہ قدیم فارسی سے مماثلت رکھتی ہے - گریئرسن کے بھی چند بیانات سے یہی بات اخذ کی جا سکتی ہے کہ بلوچی بہ نسبت دوسری زبانوں کے فارسی سے قریب تر ہے - وہ لکھتا ہے ''دوسرے لفظوں میں یہ کہنا چاہیے کہ یہ ایک قبیلے کی طرزِ گفتگو ہے جو اپنے طور پر ہی پنپی ہے اور دورِ قدیم سے موجود ہے - لیکن اس کے ساتھ ہی ادبی فارسی سے اثر انداز بھی ہوتی رہی ہے - اسی مناسبت سے اکثر بلوچوں میں یہ خیال مشہور ہے کہ یہ (بلوچی) بگڑی ہوئی فارسی ہے - لیکن یہ وہ اشخاص ہیں جنہیں اپنی زبان کی اہمیت کا علم نہیں ہے اور یوں وہ اپنی زبان کی تحقیر کرتے ہیں ۱ -''

کیونکہ بلوچی کے صوتیات اور صرف و نحو میں انفرادی خصوصیات ہیں ، اس لیے بلوچی قدیم اور انفرادی زبان مانی جا سکتی ہے - گریئرسن اس سلسلے میں بھی ہماری راہنمائی کرتا ہے - ''اگرچہ یہ (بلوچی) فارسی سے قرابت رکھتی ہے لیکن اس کو پرکھنے کا یہ طریقہ غلط ہوگا - کیونکہ بلوچی زبان ایرانی زبانوں میں سے ایک قابل فہم اور انفرادی حیثیت کی مالک ہے - اس معاملے کی صحیح حالت پر اچھی طرح سے روشنی ڈالنے کے لیے پروفیسر گائیگر (Geiger) کا حوالہ دیا جاتا ہے - تمام مقامی بولیوں میں سے وہ بلوچی کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے اور اس بنا پر کہ اس کی اصوات نمایاں طور سے عہد قدیم کی ہیں اس زبان نے اپنی تمام حالتوں میں اپنے پرانے طور طریقے محفوظ رکھے ہیں - حتیٰ کہ اس کے کچھ حروف علت اپنی جداگانہ حیثیت رکھتے ہیں اور کچھ حروف صحیح بھی اس کے اپنے ہیں - اس لحاظ سے یہ فارسی کی قدیم شکل پہلوی کی طرح ہے - فارسی زبان میں حروف علت اور صاف اور روان حروف کے بعد بے صوت وقفوں کا صحیح حرفوں کی صورت اختیار کرنا تیسری اور چھٹی صدی عیسوی میں ہوا - قصہ مختصر صحیح حروف کے نظام کے اعتبار سے بلوچی زبان بلحاظ لسانی ارتقاء ایک ایسے مرحلے کی نشان دہی کرتی ہے ، جہاں فارسی زبان نے اسے کوئی پندرہ سو سال گزرے چھوڑ دیا تھا'' ۲ - زبانوں پر پڑوسی زبان کا اثر لازمی امر ہے - اس لیے مکران میں بولی جانے والی زبان (بلوچی) پر قدیم زمانہ سے فارسی کا اثر رہا ہے - لیکن مشرقی علاقوں کی زبان پر فارسی کی بجائے ہمسایہ زبانوں ، سندھی اور سرائیکی کا اثر ہے - خاص طور پر سندھی کا تو بہت بڑا اثر ہے - مشرقی بلوچی میں سندھی زبان کے بہت سے الفاظ

۱- گریئرسن ، لینگوایسٹک سروے آف انڈیا ج ۱۰ ص ۳۳۳

۲- گریئرسن ، لینگوایسٹک سروے آف انڈیا - ج ۱۰ — ۳۳۳ بحوالہ -
Professor Geiger in the Grundriss der Iranischen Philologie. Vol. I, II, p. 417.

Marfat.com

ملتے ہیں ۔ لسانیاتی نقطۂ نگاہ سے ہجوں کو آسانی کے لیے مری بلوچی ، رخشانی بلوچی ، مکرانی بلوچی اور خاوری بلوچی کہہ سکتے ہیں ۔ لیکن دراصل اس کے دو بڑے گروہ ہیں ۔ مشرقی بلوچی اور مغربی بلوچی ۔

۱۔ مشرقی بلوچی

یہ مشرقی بلوچستان کی زبان ہے ۔ یہ زبان کوئٹہ ڈویژن ضلع ڈیرہ غازی خان ، ڈیرہ اسماعیل خان اور کہیں کہیں سندھ میں بولی جاتی ہے ۔ اس میں جگہ جگہ الفاظ کی ادائیگی میں کچھ فرق ہے ۔ مری بگٹی قبائل کی زبان اور دوسری مشرقی بلوچی میں بھی بہت فرق ہے ۔

گریئرسن نے اس سلسلے میں ڈیمز کا ایک بیان بطور حوالہ دیا ہے ۔ وہ لکھتا ہے ''دونوں میں (مغربی بلوچی و مشرقی بلوچی) بڑا واضح فرق موجود ہے ۔ لیکن موازنہ کرنا چاہیں تو دونوں میں ایک قسم کا ربط بھی نظر آئے گا [۱]۔'' مشرقی بلوچی میں سندھی اور ''لہندا'' کے الفاظ شامل ہیں ۔ اور مغربی بلوچی میں فارسی کے الفاظ کی شمولیت نظر آتی ہے ۔

۲۔ مغربی بلوچی

یہ مغربی بلوچستان کی زبان ہے اور مکران ، قلات ، جھالاواں ، خاران ، لسبیلہ اور کوئٹہ ڈویژن کے ضلع چاغی میں بولی جاتی ہے ۔ اس کے علاوہ یہی زبان افغانستان ، ایران اور روس کے بلوچی علاقوں میں بھی بولی جاتی ہے ۔ اس زبان پر فارسی کے علاوہ پشتو کا بھی اثر ہے ۔ گریئرسن کا بیان ہے کہ بلوچی بروہی سے متاثر نہیں ہے ۔ لیکن بروہی مروجہ بلوچی سے متاثر ضرور ہے ۔

مشرقی اور مغربی بلوچی میں جو لسانی فرق ہے ۔ اس کو ذیل میں واضح کیا جاتا ہے ۔

۱۔ مشرقی بلوچی میں ''غ'' استعمال ہوتا ہے اور مغربی میں اس کی جگہ ''گ'' استعمال ہوتا ہے ۔ مثلاً ''داغ'' (کھانا) اور داگ ۔

۲۔ مشرقی بلوچی میں سندھی کے زیر اثر '' ڈہ '' آتا ہے اور مغربی میں '' ڈ '' استعمال ہوتا ہے ۔

۲۔ مشرقی میں ''ف'' اور مغربی میں اس کی جگہ ''پ'' استعمال ہوتا ہے ۔ مثلاً آف

۱۔ گریئرسن ، لینگوایسٹک سروے آف انڈیا ، ج ۱۰ ص ۳۲۹
Dames, op. Cit., P. 3, Note I.

Marfat.com

(پانی) — آپ ۔ شف (رات) — شپ

۴- مشرقی میں ''ث'' اور مغربی میں ''س'' استعمال ہوتا ہے مثلاً ماث (ماں) — ماس
براث (بھائی) — براس

۵- مشرقی میں بعض موقعوں پر ''خ'' کی جگہ ''ح'' استعمال ہوتا ہے ۔ لیکن ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا ۔

٦- مشرقی بلوچی میں زیادہ اختصار پایا جاتا ہے جیسا کہ ان الفاظ سے ظاہر ہے ۔ شی (کہتا ہے) — گشی اور رو (جاتا ہے) جبکہ مغربی میں روت کہتے ہیں ۔

۷- مشرقی بلوچی میں کہیں ''گ'' کی جگہ خالص سندھی اور سرائیکی صوتیہ ''گ'' استعمال ہوتا ہے ۔ اس کے علاوہ مشرقی بلوچی میں ''ن ط'' کا صوتیہ بھی مستعمل ہے جو سندھی زبان کے زیر اثر آتا ہے ۔ سندھی ہی کے زیر اثر مشرقی بلوچی میں ''ک'' اور ''ب'' کی جگہ ''کھ'' اور ''بھ'' بھی مستعمل ہے ۔

انگریزی نظام حکومت میں برٹش عملدار دیسی زبانوں میں دلچسپی لینے لگے ۔ بعض عملداروں نے بلوچی زبان پر تحقیقی کام بھی کیا ۔ ارنیسٹ ٹرمپ سندھی ، بلوچی اور پشتو کا بڑا ماہر تھا ۔ اس نے شاہ لطیف کا رسالہ جرمنی سے شائع کیا اور بلوچی زبان کی گرائمر بھی مرتب کر کے شائع کی ۔ میجر ماکلر بڑے عرصے تک گوادر کا پولیٹیکل ایجنٹ رہا ۔ اس نے مغربی بلوچی کا گرائمر تیار کر کے اسے ۱۹۱۲ء میں لاہور سے شائع کیا ۔ آر ۔ پیوز ۔ بلر نے مکراں گزٹیٹر تیار کیا جس میں بلوچی زبان پر تحقیقی مواد پیش کیا ۔ اس نے اس میں لکھا ہے کہ بلوچی زبان پہلوی زبان کی بہن ہے[1] ۔ لیکن کیل (Kiel) کے پروفیسر ڈاکٹر اینڈ ریز (Dr. Andreas) کا خیال ہے کہ بلوچی پہلوی کی شاخ ہے[1] ۔

ڈیمز نے بلوچی زبان و ادب پر بڑا کام کیا ہے ۔ اس کا خیال ہے ۔ ''بلوچی مشرقی ایران کی ایک زبان ہے جس کا سرچشمہ مشرقی ایرانی شاخ ہے ۔ ہر چند بعض چیزوں میں آوستا سے کہیں زیادہ قدیم فارسی سے مماثلت رکھتی ہے ۔[2] '' ۱۹۱۰ء میں انگریزی بلوچی لغات کلکتہ سے شائع ہوئیں ۔

---

(1) Hughes. Buller. R : Makran Language, P. 80. (1)

۱- بحوالہ ہیوز (1) The country Baluchistan, ch : IV, P. 11 Hughes

۲- انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ، باب ، بلوچستان ۔

Marfat.com

(ب) بلوچی شاعری کی خصوصیات

بلوچی شاعری کو قلمبند کرنے کے سلسلہ میں بھی سب سے پہلے مستشرقین ہی نے تحقیقی کام کیا۔ انہوں نے بڑی محنت اور توجہ سے بلوچی اشعار کے مختلف متن اور تلفظ کا تقابلی مطالعہ، محاکمہ اور تبصرہ کیا ہے۔ یہ ایک تحقیقی سرمایہ کی حیثیت رکھتا ہے اس طرح کی بے شمار چیزیں رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے جرنل میں شائع ہوئیں اور ان پر بحث بھی ہوئی۔ فوک لور سوسائٹی کے رسالہ ''فوک لور'' لندن میں بھی کچھ چیزیں شائع ہوئیں۔ کپتان لیچ نے بلوچی اشعار ''Sketch of Baluchi Language'' کے عنوان سے ۱۸۴۰ء میں جنرل آف ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے جرنل میں شائع کروائے۔ یہ اشعار بلوچوں کے حسب و نسب کے متعلق ہیں۔ ۱۸۷۷ء میں برٹن کی کتاب Sindh شائع ہوئی، اس میں تین بلوچی نظموں کا ترجمہ ہے۔ ۱۸۸۰ء میں ایل۔ ڈیمز نے ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے جرنل میں ''Sketch of the Northern Baluchi Language'' کے عنوان سے کچھ بلوچی، اشعار معہ ترجمہ شائع کروائے۔ ۱۸۹۱ء میں ایل۔ ڈیمز کی کتاب ''بلوچی ٹیکسٹ بک'' شائع ہوئی۔ اس میں بھی کچھ بلوچی اشعار ہیں۔ کچھ بلوچی اشعار سر۔ رچرڈ۔ ٹیمپل کی کتاب ''Legends of the Punjab'' میں بھی آ گئے ہیں۔ ٹی۔ ایم۔ میٹر نے بھی ''Baluchi Classics'' شائع کی جس میں انہوں نے کئی بلوچی اشعار مع ترجمہ دیئے۔ ۱۹۰۷ء میں لاہور سے اردو میں ہیتو رام کا بلوچی نامہ شائع ہوا۔ اس میں بھی کچھ بلوچی اشعار تھے۔ اسی سال ڈیمز کی مشہور کتاب ''Popular Poetry of the Baluchees'' رایل ایشیاٹک سوسائٹی کی طرف سے شائع ہوئی۔ ''جنگ نفسک'' پر گیدو ڈوم نے ایک ہزار ابیات پر مشتمل رزمیہ نظم لکھی تھی۔ میر مراد بخش خان غزنی نے ان میں سے سو اشعار اس کے پوتے ''عطو'' کی زبانی قلمبند کر کے مع ترجمہ رائل ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے جرنل میں شائع کروائے۔ ان سب میں ایل۔ ڈیمز کی کتاب زیادہ محققانہ ہے۔ اس نے اپنی کتاب میں بلوچی شاعری کی خصوصیات کے بارے میں بھی لکھا ہے۔ وہ لکھتا ہے ''بلوچی شاعری میں نہ تو ایرانی نمونے کی غزلیں ہیں نہ دیوانوں کی ترتیب ملتی ہے۔ بلوچی شاعری مضمون اور اظہار بیان کے اعتبار سے سادہ اور سلیس ہے اور ان کی زندگی کی و ملکی ماحول کی سچی عکاسی کرتی ہے۔ یہ عین قدرتی عمل ہے کہ بے آب و گیاہ چٹیل پہاڑوں اور ریگستانوں میں زندگی گزارنے والا شاعر ہمیشہ بارش اور باد و باراں کے طوفان کی تمنا کرتا ہے اور سرسبزی و شادابی کا آرزو مند رہتا ہے.... اپنی خواہش کے مطابق خشک دریاؤں کو پانی سے لبریز

Marfat.com

دکھاتا ہے اور چٹیل میدانوں اور پہاڑوں کے بے آب و گیاہ دامنوں کو سبزہ کے قالینوں میں منتقل کر دیتا ہے''۔

اجتماعیت کے ساتھ ساتھ اس میں انفرادیت بھی ہے ۔ البتہ خارجی عنصر زیادہ ہے ۔ اس میں ماحول کی حقیقت پسندانہ نوع میں عکاسی بھی ہے اور جنگ و جدل کے مناظر کی تصویر کشی بھی عام ہے ، جنگی سورماؤں کے کردار ان کے افعال اور بیانات سے پوری طرح واضح کیے جاتے ہیں[1] ۔ بلوچ شاعری میں خود داری ، انانیت ، قوم پرستی اور عسکریت کا سبق ملتا ہے اور قوم لفظ قبیلہ کے معنی میں ملتا ہے ۔ بلوچی شعراء قبائلی نظامِ حیات کے مختلف اخلاقی اور تہذیبی مسائل کو بیان کرتے ہیں اور جنگ کے محرّکات اور عوامل پر بحث کرتے ہیں ۔ قدیم بلوچی شاعری زیادہ تر خارجی ہے ۔ لیکن اس میں فطری جذبات اور احساسات کی ترجمانی سادہ اور حقیقت پسندانہ نوع کی ہے اس میں تلواروں کی جھنکار بھی ہے اور محنت کش دلوں کی پکار بھی ۔ یہ کامیابی و فتح ، ناکامی اور مایوسی ، بہار اور خزاں ، غرض زندگی کے ہر اچھے برے پہلو کی عکاسی کرتی ہے ۔ بلوچی شاعری کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں قصیدہ گوئی نہیں ملتی اور اس کے علاوہ بلوچ شاعر کسی مادی شے کی پرستش نہیں کرتا ۔ وہ گھوڑے ، کبوتر شہداء کی تعریف کرے گا ۔ لیکن کسی سردار یا حاکم کی تعریف کرنا وہ عار سمجھتا ہے ۔ وہ بہادر دشمن کی تعریف کرنا پسند کرتا ہے لیکن محض کسی سردار یا حاکم کی تعریف نہیں کریگا ۔ بلوچی کی رزمیہ نظموں میں جن سورماؤں کا ذکر آتا ہے اس خوبی سے آتا ہے کہ اس کی ایک ایک حرکت کا خیالی نقش ہمارے ذہنوں میں اجاگر ہو جاتا ہے ۔ عشقیہ شاعری کے ضمن میں یہ بات قابل توجہ ہے کہ بلوچی شاعری کا محبوب مافوق الفطرت نہیں ثابت ہوتا بلکہ اسی زمین کی مخلوق نظر آتا ہے ، لیکن اس کے باوجود کچھ اشعار میں مخصوص طبقے کی ثقافت کی ترجمانی بھی ملتی ہے ۔ جام ورک کی شاعری میں جس تہذیب کی جھلک پائی جاتی ہے ، وہ اونچے طبقے کی ہے ۔ اس نے حسیناؤں کا سراپا بیان کیا ہے اور ''ڈھاڈھر کا بازار'' میں امراء کی زندگی ، طور طریقہ ، رہن سہن ، لباس اور زیورات کو پیش کیا ہے ۔ یہ ہندی ''نثر نگار رس'' اور سندھی ''سینگار'' کا اثر ہے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ''سندھی سینگار'' کے ابیات سے متاثر ہوا ہے ۔

بلوچی شاعری مندرجہ ذیل چھ حصوں میں تقسیم کی جا سکتی ہے :

---

(1) M. L. Dames : "Popular Poetry of the Baluchees," Vol : I, 1907, Introduction, pp. XVII, XVIII.

Marfat.com

۱- قدیم رزمیہ نظمیں

بلوچی شاعری میں رزمیہ شاعری کا بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ یہ نظمیں بلوچی شاعری کا قدیم ترین اور اہم سرمایہ ہیں۔ اگر یہ مکمل طور پر جمع کر کے قلمبند کی جائیں تو یونانی اور ہندی رزمیہ داستانوں کی طرح عالمی ادب میں وہ ہی درجہ حاصل کر لیں جو انہیں حاصل تھا۔ ایل۔ ڈیمز نے کچھ نظمیں جمع کر کے اپنی کتاب میں درج کی ہیں۔ جن کا تعلق بلوچوں کی ابتدائی تاریخ کے جنگی واقعات، ان کی ہجرت اور آباد کاری سے ہے۔ ان میں بلوچوں کے شجرہ نسب کے متعلق بھی معلومات ملتی ہیں۔ حسب نسب پر زیادہ تر فرضی قصے ہیں۔ بیشتر حصہ ان نظموں کا ہے جو رندوں، لاشایوں اور دوسرے قبائل کی باہمی جنگوں کے متعلق ہے۔

۲- رزمیہ نظمیں جو قدیم رزمیہ نظموں کے بعد کے زمانہ سے تعلق رکھتی ہے

یہ رزمیہ نظمیں بلوچوں کی قبائلی جھڑپوں اور منظم جنگوں کی داستانیں ہیں۔ جو اٹھارویں اور انیسویں صدی میں کم و بیش ڈیڑھ سو سال تک جاری رہیں۔ یہ نظمیں اپنی وضع، انداز بیان، زبان و مکان کے اعتبار سے متذکرہ بالا نظموں سے مختلف ہیں۔ ان میں سے بعض رجزیہ نظمیں ہیں۔ جو جوش اور ولولے سے بھرپور ہیں اور بعض سورماؤں کی فہرستوں سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتیں۔ گو ان کی زبان قدیم نظموں کی زبان سے مختلف ہے لیکن پھر بھی اندازِ بیان قدیم ہے۔ ان میں سندھی اور سرائیکی الفاظ کی آمیزش بھی ہے۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اٹھارویں اور انیسویں صدی میں بلوچوں میں آپس میں بہت سی لڑائیاں ہوئیں۔ جس کی وجہ سے ان کی طاقت ختم ہوتی گئی۔

۳- عشقیہ داستانیں

یہ نظمیں فنی لحاظ سے منفرد ہیں مگر بلحاظ زبان صاف اور سادہ ہیں۔ ''لیلیٰ مجنوں'' کی کہانی بلوچ شاعروں نے عربی سے لی ہے۔ لیکن اسے خالص بلوچی رنگ دے دیا ہے اور جو ماحول پیش کیا ہے وہ بلوچی ہے۔ اس میں منظر نگاری کے بڑے اچھے نمونے ملتے ہیں۔ اسی طرح دوسری رومانوی داستانوں ''دوستین اور شیریں'' میں بھی منظر نگاری سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ ''پرات اور شیریں'' کے متعلق بھی مختلف

۱- مجھے (مقالہ نگار) کو خود لوڑیوں کی زبانی ایسی بہت سی نظمیں ملی ہیں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ان رومانوی داستانوں پر بہت سے شاعروں نے طبع آزمائی کی ہے۔

منظوم داستانیں ہیں۔ یہ ایرانی رومانی داستان ہے لیکن بلوچ شاعروں نے اس کو بھی بلوچی رنگ دے دیا ہے۔ ان کے علاوہ بھی بہت سی نظمیں ہیں جو رومانی داستانوں پر مبنی ہیں۱۔

۴۔ عشقیہ گیت

یہ گیت بیانیہ نہیں ہیں۔ بلکہ تغزّل سے بھرپور ہیں۔ فنّی لحاظ سے اس قسم کے گیتوں کا انداز مختلف ہے۔ پھر بھی کہیں کہیں رومانی داستانوں اور عشقیہ گیتوں میں فرق کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ رومانی داستانوں کے جن حصوں میں نغمگی اور ترنّم اور حسن و عشق کا بیان آ جاتا ہے، وہ حصے عشقیہ گیت ہو جاتے ہیں۔ اس قسم کے بعض گیتوں میں خالص عشقیہ مضامین ہیں اور بعض میں تصوّف کی جھلک بھی ملتی ہے اور اس طرح مجاز کے پردے میں حقیقت بیان کی گئی ہے۔ یعنی بلا واسطہ طور پر مذہبی رجحانات اور انداز فکر کا بیان ہو جاتا ہے۔ عشقیہ نظمیں لکھنے والوں میں ''جام ورک'' کا نام سر فہرست ہے۔ شاعر ''ست توکلی'' کا نام بھی قابلِ ذکر ہے۔

۵۔ مذہبی اور اخلاقی نظمیں

اس قسم کی نظموں کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ پہلے حصے میں اسلامی عقائد کا بیان ہے۔ دوسرے حصے میں حضور سرور کائنات، حضرت علی اور درویشوں کے متعلق قصے ہیں۔ مذہبی شاعری میں اخلاقی اقدار کا ذکر بھی ملتا ہے۔ ڈیمز نے اسی سلسلہ میں مناظرے کی صنف کی نظمیں بھی دی ہیں۔

٦۔ مختصر نظمیں

جن میں لوریاں، دستک۱، منظوم پہیلیاں اور لطیفے شامل ہیں۔ لوریوں میں ماں بلوچی معاشرے کے مطابق اپنے بیٹے کو بہادروں اور جنگجوؤں کا سردار دیکھنا چاہتی ہے۔ دستک اکثر بلوچوں کے مخصوص ساز نڑکی سنگت میں گائے جاتے ہیں۔ یہ مختصر ہوتے ہیں لیکن محبت سے بھرپور ہوتے ہیں۔ منظوم پہیلیاں اور لطیفے بلوچی زبان کا خاص حصہ ہیں اور بلوچ ان سے بہت لطف اندوز ہوتے ہیں۔

۱۔ اس صنف شاعری کو ''دوستائہ'' بھی کہا جاتا ہے۔ جو مختلف لہجے کی وجہ سے ہے

Marfat.com

(ج) بلوچی عروض

قدیم بلوچی شاعری قطعاً علم عروض پر مبنی نہیں ہے - نظموں میں بندوں کی کوئی پابندی نہیں اور نہ ہی مصرعوں کا کوئی تعین - مصرعوں میں ایک قسم کا وزن ضرور ہوتا ہے لیکن اس میں بھی ارکان یا ماتراؤں کی پابندی نہیں کی جاتی - ایک ہی بند کے کسی ایک مصرع میں کم اور کسی میں زیادہ ماترائیں معیوب نہیں سمجھی جاتیں - اکثریت سے مصرعے لمبے ہوتے ہیں - کیونکہ بلوچی شعر گانے کے لیے ہے اس لیے فقط ''لے'' یا الحان کا خیال رکھا جاتا ہے - بعض نظموں میں ردیف اور قافیے کی پابندی بھی کی جاتی ہے - بلوچی عروض پارسیوں کی دینی کتاب ''آوستا'' کے منظوم ''گاتھاؤں'' اور سنسکرت ''چھندوویا'' سے ملتا جلتا ہے - جو 'رگ وید' میں مستعمل ہے - سب سے قدیم شعر صرف الحان پر ہی مبنی ہے - لیکن بعد میں مخصوص اصنافِ سخن کے لیے مخصوص بحریں مقرر کر دی گئیں - ان کا بھی اگر فنّی تجزیہ کیا جائے تو ماتراؤں کے گھٹانے بڑھانے کا رجحان عام ملے گا - اس کے بعد عربی عروض کا دور آتا ہے جب ملّاؤں نے بلوچی میں شعر کہے - موجودہ دور میں کسی کسی شاعر کے ہاں علم عروض کی پابندی نظر آتی ہے اور کئی ایک بلند پایہ شاعر اب بھی قدیم نوع کی شاعری پر ہی طبع آزمائی کرتے ہیں ، گو اٹھارویں اور انیسویں صدی میں قافیہ کی پابندی کی جانے لگی تھی -

(د) بلوچی لوک گیت

بلوچی لوک گیت عوامی زندگی کے ترجمان ہوتے ہیں - وہ عام لوگوں کے احساسات و رجحانات کا مرکز ہوتے ہیں - لوک گیت بلوچی قوم کے معاشی و معاشرتی حالات کے آئینہ دار ہیں - انہی گیتوں سے ان کے صحیح مذہبی رجحانات و عقائد ، ذہنی معیار اور قومی مزاج کا اندازہ ہوتا ہے - بلوچ سیاست و ثقافت کا بھی ان گیتوں میں نمایاں عنصر ہوتا ہے - جس طرح ہر زبان کے عوامی گیت قدیم زمانے سے سینہ بہ سینہ محفوظ چلے آئے ہیں - اسی طرح بلوچی لوک گیت بھی قدیم زمانہ سے صدری خزانوں میں محفوظ ہم تک پہنچے ہیں - قدیم لوک گیتوں میں گیت بنانے والے کا نام نہیں معلوم ہو سکتا - حالات اور وقت کے ساتھ ساتھ گانے والے ایک آدھ مصرعہ بڑھاتے چلے جاتے ہیں - اور کچھ کم بھی کرتے جاتے ہیں - اسی لیے ان کو عوامی گیت کہا جاتا ہے - یعنی یہ عام لوگوں کے بنائے ہوئے ، عام لوگوں کو محفوظ کرنے کے لیے اور عام لوگوں کی

زندگی کے ترجمان ہیں ۔ بلوچی لوک گیت ، بلوچوں کی زندگی کے پوری طرح مظہر ہیں ۔ ان میں واقعات نگاری ، کردار نگاری اور بلوچی ماحول کے دلنشین نمونے ملتے ہیں ۔ ہر طبقے کے دل کی دھڑکنیں یعنی داخلی جذبات و احساسات ، خارجی حالات و کیفیات کی صحیح تصویریں ہیں ۔ ان کا مطالعہ پڑھنے والے کو بلوچوں سے قریب تر لے جاتا ہے ۔ بلوچستان خشک بلند پہاڑوں اور چٹیل وسیع میدانوں کی سر زمین ہے ، نہ صرف یہ کہ اس کی آب و ہوا مختلف جگہوں پر مختلف ہے ۔ کوئی حصہ سرد ہے ، تو کوئی بہت ہی گرم کہیں گھاٹیاں ہیں تو کہیں سپاٹ میدان اور یہ سرزمین خانہ بدوشوں ، شتر بانوں دہقانوں اور چرواہوں کی ہے ۔ جن کو نغموں سے فطری لگاؤ ہے ۔ گھر میں ہوں ، کھیتوں میں کام کر رہے ہوں یا راتوں کو اونٹوں پر سوار ریگستانوں کا سفر کر رہے ہوں ہر وقت کوئی نہ کوئی گیت الاپتے رہتے ہیں ۔ یہ خطہ جغرافیائی حالت ، نسلی اور معاشی وجوہات کی بنا پر منفرد مزاج کا حامل ہے اور بلوچی لوک گیت اس ثقافت کے حقیقی نقش ہیں ۔ جیسا کہ بیان ہو چکا ہے بلوچی کے مختلف لہجے ہیں ۔ اس لیے ایک ہی لوک گیت مختلف لہجوں میں علیحدہ تلفّظ کا حامل ہوتا ہے ۔ ان کی اہم خصوصیات ان کی دھن یا گت ہے ۔ کوئی ایک گیت جو معنوی لحاظ سے کسی ایک صنف سے متعلق ہے لیکن گت یا مخصوص طرز آہنگ اسے کسی دوسری صنف میں مقبول بنا دیتا ہے ۔ بلوچی لوک گیتوں کی بہت سی اقسام ہیں ۔ ذیل میں ان کا تعارف اور تجزیہ پیش کیا جاتا ہے ۔

۱- لوئی

یہ لوری کی ہی ایک قسم ہے اور بچوں کو سلاتے وقت لحن سے گائی جاتی ہے ۔ مکرانی بلوچ اس کو ''لیلو'' کہتے ہیں ۔ لولی مغربی پاکستان کی اور زبانوں میں بھی ملتی ہے ۔ لیکن بلوچی لولی میں عموماً بہادرانہ اور شجاعانہ جذبات کا اظہار ہوتا ہے ۔ ایک لولی میں ماں اپنے بچے سے مخاطب ہے :

تو جلدی بڑا ہو کر تلوار اٹھا لے ،
دل کو سنبھالے ، میں اس دن کی منتظر ہوں ،
(جب تو) باپ کے خون کا بدلہ حریفوں سے لے گا !

اس سے بلوچ ماں کی تربیت کا اندازہ ہو جاتا ہے ۔ کہ تلوار کا دھنی بنے اور خون کا بدلہ خون سے لے ۔ اور بلوچوں کی فطرت اور مزاج کا بھی اندازہ ہو جاتا ہے ۔ اسی

Marfat.com

طرح بلوچ ماں اپنے بیٹے کی بہادری پر ہی خوش ہوتی ہے خواہ وہ جنگ میں لڑتا ہوا مر جائے۔ اس کے نمونے بھی لولی میں ملتے ہیں۔

۲۔ نازنگ

یہ گیت شادی یا منگنی کے موقعہ پر بہن گاتی ہے۔ اس میں وہ اپنے بھائی کے حسن و جمال کی تعریف بھی کرتی ہے، تو بہادری کے گن بھی گاتی ہے۔ دلہن کی سہیلیاں نازنگ میں دولہا کی فرضی کمزوریوں کا ذکر کر کے اس کی خوب گت بناتی ہیں یہ گیت صرف عورتوں کے لیے مخصوص ہیں اور دوسرے خوشی کے مواقع پر بھی گائے جاتے ہیں۔

۳۔ لاڈو یا لاڈوک

ان گیتوں میں لڑے، لاڑے، لاڑ، لڑو، لاڈو وغیرہ الفاظ کی برابر تکرار رہتی ہے اس لیے اس صنف کا، لاڈو یا لاڈوک،، کا نام پڑا ہے۔ اس میں وصال کے لیے فریاد ہوتی ہے۔ یہ مغربی اور وسطی بلوچستان میں بہت مقبول ہے۔

۴۔ زہیروگ

اس کو زہیرگ، زہیریگ یا زئروک بھی کہا جاتا ہے۔ زہیر کے معنی ہیں یاد۔ اس صنف میں عام طور پر دکھ، درد، انتظار، ہجر و وصال وغیرہ کا بیان ہوتا ہے۔ اس میں سوز اور محرومی ہے اور یہ غمناک ترنم کے ساتھ گائی جاتی ہے۔ عورتیں عام طور سے چکی پیستے ہوئے اور مرد مکران کے علاقے میں شتر بانی کرتے ہوئے اسے گاتے ہیں۔ زہیروگ بلوچی کی ایک خاص طرز موسیقی کو بھی کہا جاتا ہے، جو المناک بھی ہوتا ہے۔

۵۔ لیکو

اس کو لیکو، لئیکو یا ڈئیکو بھی کہا جاتا ہے۔ یہ گیت بھی طویل مسافرت میں بلوچ ساربان گاتے ہیں۔ خاص طور پر خاران کے علاقے میں مقبول ہے اور اکثر موسم بہار میں گایا جاتا ہے۔ یہ گیت نہ صرف مرد گاتے ہیں بلکہ عورتیں بھی اسے اظہارِ محبت کا ذریعہ بناتی ہیں۔ مضمون کے لحاظ سے یہ زہیروگ سے کچھ مماثلت رکھتا ہے، لیکوں اس کی مخصوص دھن اسے زہیروگ سے ممیز کرتی ہے۔

Marfat.com

۶- ہالو

اس میں ''ہالو ہلو'' کی مسلسل تکرار ہوتی ہے - اسی لیے اس کا یہ نام پڑا ہے یہ شادی بیاہ کے موقع پر گایا جاتا ہے - اس کا رواج مغربی اور وسطی بلوچستان میں عام ہے -

۷- مورو

اس میں عورت کے عشقیہ اور فراقیہ جذبات کا اظہار ہوتا ہے - ہر بند کے بعد مندرجہ ذیل فقروں میں سے ایک کی تکرار ہوتی ہے -

''مورو گا رہی ہوں'' یا ''مورو دے رہی ہوں'' - یہ خالص سندھی لوک گیت ہیں جو سندھی سے بلوچی میں مروج ہوئے ہیں -

۸- سوت

بلوچی لوک گیتوں میں مقبول ترین صنف ہے اور تمام علاقوں میں مستعمل ہے - یہ گیت شادی بیاہ اور دوسری تقریبات کے علاوہ فصل کاٹنے کے موقعہ پر بھی گائے جاتے ہیں - بنیادی طور پر لاڈو اور سوت میں کوئی خاص فرق نہیں ہے - ان میں مسرت کے جذبات کے علاوہ محبوب کے دیدار، وصل ، درد ، فراق اور اس کے حسن کا بیان بھی ہوتا ہے - مشترکہ متضاد احساسات اور جذبات کا پر خلوص اظہار اس کی مقبولیت کی بڑی وجہ ہے -

۹- سپت

''صفت'' کی بدلی ہوئی صورت ''سپت'' ہے - اس میں عام طور حمد ، نعمت اور مناقب سے متعلق مضامین ہوتے ہیں - بچے کی پیدائش کے موقعہ پر عورتیں زچہ کے لیے گاتی ہیں - اس میں ساز وغیرہ کی ضرورت نہیں - یہ مکران کا مقبول لوک گیت ہے اس کا مضمون سندھی مداح اور بنگالی مرشدی سے ملتا جالتا ہے - یہ ایک دو شعروں پر مشتمل ہوتا ہے -

۱۰- لیلڑی

اس میں لفظ لیلڑی کی تکرار ہوتی ہے ، اس لیے اس پر یہ نام پڑا ہے - گیت کے الگ الگ مصرعوں کا مطلب تو واضح ہوتا ہے ، لیکن پورا گیت اکثر غیر مربوط ہو جاتا ہے - سندھی میں بھی اس کا رواج ہے - فنی لحاظ سے ہر بند مثنوی کے نمونہ پر دو مصرعوں کا ہوتا ہے - ایک بند ملاحظہ ہو:

''سیوی ہے سلطان ، لیلڑیاں لا ، اور تو ہے ملتان ، لیلڑیاں لا ''

۱۱- لیلی مور

یہ بلوچی کے علاوہ بروہی میں بھی پایا جاتا ہے ، وسطی بلوچستان کا یہ ایک مقبول گیت ہے اور اس میں ہر قسم کے جذبات کا اظہار ہوتا ہے - اس کو اس کی مخصوص دھن سے پہچانا جاتا ہے -

۱۲- ڈیہی

یہ مشرقی بلوچستان کا مقبول لوک گیت ہے - ''ڈیہ'' کے معنی ہیں ''وطن''- یہ سندھی لفظ ہے لیکن یہ گیت صرف وطن کے تذکرے تک محدود نہیں ہے - مضمون کے لحاظ سے یہ ''سوت'' اور ''لاڈوک'' سے مشابہ ہے - اس میں ڈیہی لفظ کی تکرار بھی ہوتی ہے اور اس کی اپنی مخصوص دھن بھی ہے - اس میں ہجرو وصال کا ذکر بھی خاص طور پر کیا جاتا ہے -

۱۳- موتک

اس کو بلوچستان کے مختلف علاقوں میں مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے ، مثلاً موتیک موتک اور مورگ - ان میں مرنے والے کے لیے رنج و غم کا اظہار کیا جاتا ہے - اس کی ہیئت زہیروگ سے مماثلت رکھتی ہے -

۱۴- دستانہ

اس کو دستنگ بھی کہا جاتا ہے - اس کا ذکر پہلے بھی آ چکا ہے - یہ بلوچی ساز ''نٹر[1] '' پر گایا جاتا ہے اور مختصر ہوتا ہے - اس کی ساخت ہندوی ''دوہو'' اور سندھی ''ڈوہیڑہ'' سے مشابہ ہے[2] - یعنی اکثر دستانہ دو مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے اور قافیہ ہر مصرعہ کے آخر میں آتا ہے ، کچھ دستانے تین سے لیکر چودہ مصرعوں تک بھی ہوتے ہیں -

---

۱- نٹر کو ''نل'' یا ''گدلو'' بھی کہتے ہیں -

۲- ڈیمز (ص ۱۸۴) نے لکھا ہے کہ ان کی ساخت مغربی پنجابی کے ڈوہیڑوں جیسی ہے جن کے نمونے O'Brien کی کتاب میں ملتے ہیں - برٹن (Sindh, 1851, P. 79) کے حوالہ سے لکھا Glossary of the Multani language Lahore, 1903, Introduction, p. X)
سے کہ مضمون کے لحاظ سے سندھی شاعری کی صنف ''سنیٹرو'' کے مشابہ ہے - ڈیمز نے یہ بھی لکھا ہے کہ اطالوی صنف Stornelli سے بھی اس کی ساخت ملتی ہے -

Marfat.com

یہ محبت کے مختصر گیت ہیں ، جو سُسراس میں دیئے جاتے ہیں ۔ ان کی تعداد ۲۰—۳۰ کے درمیان ہوگی ۔ یہ کئی سو سالوں کے بنائے ہوئے ہیں اور بلوچوں کے سب قبیلوں میں مروج ہیں ۔ مضمون کے لحاظ سے اس میں محبوب کی تعریف ہوتی ہے ، اس کے علاوہ کسی بہادر کی بہادری کی تعریف بھی ہوتی ہے ، قبیلے کے سردار کی موت پر بھی دستانہ کہے جاتے ہیں ۔

۱۵- مناظرے

یہ سندھی اور بلوچی دونوں زبانوں کی لوک شاعری میں موجود ہیں ۔ اس میں دو اشیاء کے مناظرے ہوتے ہیں ، ہر چیز اپنی زبانی اپنی تعریف کرتی ہے ۔ اپنی خصوصیات بیان کرتی ہے ؛ دوسری چیز کے حملہ کا جواب دیتی ہے ۔ جیسے ٹوپی اور پگڑی کی لڑائی ۔ جانوروں کے بھی مناظرے ہوتے ہیں ۔ اس میں مقالمے ہوتے ہیں ۔

۱۶- ہجو

یہ طنزیہ گیت ہوتا ہے ، بلوچی شعراء جب کسی سردار سے ناراض ہوتے تو ہجو کہتے ہیں ۔ یہ ہجویہ گیت جلد زبان زدِ خاص و عام ہو جاتے ہیں ۔

۱۷- بتل

یہ بلوچی ضرب الامثال ہیں ۔ اکثر ایک مصرع کی شکل میں ہوتے ہیں ۔ لیکن بعض ایک سے زیادہ مصرعوں پر مشتمل شعر کی صورت میں بھی ہوتے ہیں ۔ ان میں بلوچوں کے تجربات ، معاشی و معاشرتی کا عکس اور دانائی کے نکات ہوتے ہیں ۔

(ھ) بلوچی لوک کہانیاں

ہر زبان کا قدیم ترین ادب لوک گیت اور لوک کہانیاں ہوتی ہیں ۔ لوک کہانی ہر عہد میں موجود رہی ہے ۔ اس لیے اس میں ہر دور کا تھوڑا سا رنگ مل جاتا ہے ۔ اس میں فطرت کا حسن بھی ہے اور انسان کی بے لوث سادگی ، پُر خلوص محنت اور زندہ رہنے کے لیے جدوجہد بھی ہے ۔ لوک کہانی کی خصوصیات یہ ہیں کہ اس میں مقامی رنگ ملتا ہے ۔ ہر سرزمین کی لوک کہانی کا اپنا مزاج اپنا رنگ اور اپنا تاثر ہوتا ہے ۔ اس لیے کسی ملک ، کسی قوم ، کسی قبیلے کی صحیح تصویر اس کی لوک کہانی میں ملتی ہے ۔ بلوچی لوک کہانیوں میں بھی اپنی انفرادیت ہے ۔ ان میں بلوچی معاشرت اور مجلس زندگی کا عکس بھی مل جاتا ہے

Marfat.com

اور بلوچی اخلاقی اقدار بھی سامنے آ جاتی ہیں ۔ بلوچی لوک کہانیوں میں بعض وہ ہیں ، جو ویدک ادب سے متاثر معلوم ہوتی ہیں ۔ اس سلسلہ میں ایک کہانی ''پرو'' کو مثالاً پیش کیا جا سکتا ہے ۱ ۔ اس میں دکھایا گیا ہے کہ جب دیس پر بیرونی حملہ ہوتا ہے تو اسی سرزمین کے ایک خطہ کا بادشاہ ہمت ہار کر دشمن سے صلح کر لیتا ہے ۔ اسی طرح ایک ویدک کہانی میں دکھایا گیا ہے کہ راجہ پرو اپنے دیس کے اتحادیوں اور اپنے ہی عوام کے منشاء کے خلاف حملہ آور سے مل جاتا ہے ۲ ۔ کچھ لوک کہانیوں میں تو ویدک دور سے قبل کے تصورات بھی موجود ہیں۳ ۔ کیونکہ ان میں مافوق الفطرت کردار ملتے ہیں ۔ ان کہانیوں کے کردار ایسے کارنامے انجام دیتے ہیں ، جن کا کرنا انسانی قوت اور طاقت سے باہر ہوتا ہے ۔ اس دور کی کہانیوں میں حسن اور صنف نازک بنیادی حیثیت رکھتے ہیں ۔ مگر ساز اور موسیقی کا تذکرہ مقابلتاً کم ملتا ہے۴ ۔ ان لوک کہانیوں میں انسان موت سے برسرپیکار نظر آتا ہے اور آخر کار اس کشمکش میں کامیاب ہو جاتا ہے ۔

کچھ لوک کہانیوں میں بدھ کے فلسفے کا رنگ نظر آتا ہے اور کچھ زرتشت اور آگ سے متاثر معلوم ہوتی ہیں ، اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ سرزمین قدیم زمانہ سے آباد چلی آ رہی ہے اور یہاں کی زبان ، ادب اور ثقافت پر آریہ ، بدھ اور زرتشت کے مذہبوں اور ثقافتوں کا اثر پڑا ہے ۔ بعد میں یہ سرزمین اسلام کے نور سے منور ہو گئی ۔ کچھ لوک کہانیوں میں اسلامی تصورات کی جھلک بھی ہے ۔ ہر کہانی اس طرح شروع ہوتی ہے ۔ ''ایک تھا بادشاہ ، بادشاہوں کا بادشاہ اللہ ، لیکن یہ بھی ایک بادشاہ تھا ـــ''

خشک بلند پہاڑوں کی اس سرزمین میں زندگی بڑی سختی سے گزرتی ہے ۔ بھوک اور افلاس کے بارے میں چند لوک کہانیاں ہیں ۔ یہاں ایک پہاڑ کا نام ''چلتن'' ہے ۔ اس کے متعلق ایک لوک کہانی ہے کہ ایک شخص کے چالیس لڑکے پیدا ہوئے ۔ جن میں سے انتالیس بچے اس نے دل پر پتھر رکھ کر قریب کے پہاڑ کے دامن میں پھینک دیے ۔ ان چالیس بچوں کی وجہ سے اس پہاڑ کا نام ''چہل تن'' پڑ گیا جو بگڑ کر ''چلتن ہو گیا ہے ۔ ایک کہانی سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بڑے گھرانوں کی لڑکیاں اپنا شوہر خود منتخب کرتی تھیں ۔ تمام امیدوار محل کے سامنے جمع ہوتے تھے ، لیکن یہاں کی لڑکی ہار پہنانے کی جگہ پانی چھڑک دیا کرتی تھی ۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لوک کہانیاں ممکن ہے آریہ دور سے چلی آ رہی ہوں ۔

---

۱ ، ۲ ، ۳ ، ۴ ۔ شیر محمد مری کا مقالہ ''بلوچی اساطیر'' پجار ، ص ۲۳ ۱۹۶۸ء

Marfat.com

فصل سوم

بلوچی ادب کے مختلف ادوار

۱- عرب دور (۶۴۴ـ۱۰۲۵ء)

اس دور کا کوئی بلوچی شعر اب تک دستیاب نہیں ہوا - بلوچی ایک قدیم زبان ہے اور پندرھویں صدی کے منظوم شدہ پاروں کو دیکھ کر قیاس کیا جا سکتا ہے کہ بلوچی زبان میں شعر و سخن کی گرم بازاری قدیم زمانہ میں بھی رہی ہوگی - لیکن امتداد زمانہ سے اس کے آثار باقی نہیں رہے - البتہ اس دور کے ان شاعروں اور عالموں کے نام ملتے ہیں ، جو عربی اور فارسی میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے تھے - تیسری صدی ہجری (نویں صدی عیسوی) میں بلوچ شاعر بسام کرد کا نام ملتا ہے - جس نے خراسان کے حاکم یعقوب بن لیث صفر کے دربار میں فارسی میں قصیدہ پڑھا تھا ۱ - سامانیہ دور کی ایک شاعرہ ''رابعہ'' کا نام بھی ملتا ہے ، جس کو مولانا شبلی نے رودکی سے بھی پہلے کی شاعرہ کہا ہے اور اس کو فرداری لکھا ہے ۲ - دراصل فرداری نہیں قزداری ہے - یہ اعلیٰ درجہ کی شاعرہ تھی اور رودکی کی ہمعصر تھی - اس کے باپ کا نام کعب تھا - یہ ان عربوں میں تھا ، جنہوں نے قزدار (خضدار) میں رہائش اختیار کر لی تھی ۳ - رابعہ فارسی کے علاوہ عربی میں بھی شعر کہتی تھی - اس کا شمار صوفیہ میں کیا جاتا ہے - فارسی شاعر فرّخی سیستانی بھی ایرانی بلوچستان کا باشندہ تھا فرّخی (م - ۱۰۳۷ء) اپنے دور کا باکمال اور صاحبِ دیوان شاعر تھا - پہلے بلخ کے حکمران ابو المظفر چغتائی کے دربار سے متعلق تھا - پھر وہاں سے سلطان محمود غزنوی کے دربار میں پہنچا اور سلطان کے شعرائے خاص میں شامل ہو گیا - سلطان محمود کا محبوب سردار ایاز بھی فرّخی کا نہایت قدر دان تھا - ''ترجمان البلاغہ'' کے نام سے صنائع بدائع میں بھی اس نے ایک گرانقدر تصنیف یادگار کے طور پر چھوڑی ہے -

---

۱- Dr: U,M. Dawdpota: "The Influence of Arabic Poetry on the Development of Persian Poetry. p. 9.

۲- شبلی نعمانی ، شعر العجم ص ۲۰ -

۳- بلوچستان کے شہر خضدار کو عربوں نے قضدار اور ''قزدار'' لکھا ہے - اس میں ایک صحابی بنام صیفان بن سلمہ الحذالی کا مزار ہے جو امیر معاویہ کے زمانہ میں مید قوم سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے تھے - معجم البلدان (ج ۴ ، ص ۸۶) میں قزدار آیا ہے -

Marfat.com

۲- عہد وسطیٰ (۱۱۰۰ء ـ ۱۴۷۰ء)

یہ زمانہ امیر جلال کے عہد سے شروع ہو کر امیر چاکر خان کے عہد تک ختم ہوتا ہے۔ روایتی بلوچی ادب امیر چاکر خان کے زمانے یعنی پندرھویں صدی سے شروع ہوتا ہے۔ اس دور کا ادب رزمیہ اور عشقیہ داستانوں پر مشتمل ہے۔ پندرھویں صدی سے پہلے کا کوئی بھی شعر بلوچی میں نہیں ملتا۔ بلکہ میر مشہک تک بلوچی شعر کا سراغ نہیں ہے۔ لیکن پندرھویں صدی کا جو شعر ملا ہے، اس کے لسانی تجزیے سے پتہ چلتا ہے کہ قدیم زمانہ میں بھی بلوچی زبان میں شعر کہا جاتا ہوگا۔

۳- رند خاندان کا عہد (۱۴۸۸ء ـ ۱۵۵۵ء)

اس دور کا سیاسی و تاریخی پس منظر باب اول میں بیان کیا جا چکا ہے۔ ادبی لحاظ سے یہ دور اس لیے بھی اہم قرار دیا جا سکتا ہے کہ اس زمانہ میں کئی رومان ظہور پذیر ہوئے۔ حانی اور شہ مرید، بیبرگ و گراناز کی عشقیہ داستانیں اسی عہد میں وجود میں آئیں۔ شہداد اور ماہ ناز کی درد انگیز جدائی بھی اسی دور میں جنم لیتی ہے۔ ان رومانوی داستانوں کا ہی اثر ہے کہ بلوچی شاعری کے مزاج میں رزمیت کے ساتھ رومانیت کا عنصر بھی داخل ہوگیا، جو بعد میں اس شاعری کا حصہ بن گئی۔ یعنی اسی دور میں رزمیہ شاعری اور عشقیہ شاعری کی بنیاد پڑی۔ رزمیہ نظموں سے بلوچی فطرت اور مزاج، معاشی و معاشرتی حالات اور تہذیب و ثقافت کا رنگ نمایاں نظر آتا ہے۔ وہ جب اپنے دشمن سے انتقام لیتے ہیں، تو مبارزت طلب کرتے ہیں۔ لاشاریوں کا سردار گوہرام خان جب میر مان کو موت کے گھاٹ اتارتا ہے تو اس بات کو پوشیدہ نہیں رکھتا، بلکہ چاکر سے سر بازار کہتا ہے کہ:

ترجمہ: اے چاکر! میر مان کو،
(جسے تم سیلاب اور طوفان سے کم نہیں سمجھتے تھے)
میں نے قتل کیا ہے، اور
اس کا جسم ایسا ریزہ ریزہ ہو گیا ہے، کہ
زمین و آسمان میں کہیں بھی تم کو
اس کے جسم کا کوئی حصہ نہیں مل سکے گا!
اگر تم آسمان پر سیڑھیاں لگا سکتے ہو

Marfat.com

ترجمہ : اگر تم ڈھاڈھر کے پہاڑوں کو ہلا سکتے ہو
تو میدانوں میں آؤ ، اور
میر مان کا بدلہ مجھ سے لو !

اس نظم میں بلوچوں کی فطرت کی عکاسی بھی ہے تو جنگ کے مناظر بھی - بہادروں کی بہادری کی تعریف اور گھوڑوں کی تعریف ـــ مہل رند اپنے گھوڑے کی تعریف یوں کرتا ہے :

''میرا گھوڑا جب ہنہنانے لگتا ہے ، تو بزدل اسے نعرہ سمجھ کر اپنی ہمت ہار دیتے ہیں اور ان کا دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے -''

خوف اور دہشت کے لیے ایسے استعارے اور تشبیہیں بلوچی شاعری کی انفرادیت کو اجاگر کرتی ہیں - یہ رزمیہ نظمیں مکالموں کی صورت میں ہیں - یعنی واقعات کو کردار اپنی زبانی بیان کرتے ہیں - اس سے مغالطہ ہوا ہے کہ یہ اشعار ہی ان کے ہیں اور بعض محققین نے میر چاکر خان ، میر گوہرام خان وغیرہ کو شاعر قرار دے دیا ہے ، حالانکہ یہ دوسرے شاعروں کی نظمیں ہیں اور انہوں نے یہ مکالماتی انداز میں لکھی ہیں -

عشقیہ داستانوں میں سے مشہور داستانیں مندرجہ ذیل ہیں :

(۱) شہ مرید کہری وحانی (۱۴۹۴ء)　(۲) بیبرگ و گراناز (۱۴۹۵ء)
(۳) میر شہداد ماہ ناز (۱۵۰۰ء)　(۴) دوستین شیریں -

۱- شہداد ماہ ناز

یہ نظم بلوچی مزاج ، ثقافت و تہذیب کی آئینہ دار ہے - بر موقع تشبیہات و استعارات کے لحاظ سے ایک عمدہ شعری تصنیف ہے - شہداد نے ماہ ناز کو غلط فہمی کا شکار ہو کر میکے بھیج دیا - ماہ ناز نے غلط فہمی دور کرنا چاہی - لیکن شہداد نے اس کی بات نہ سنی اور اسے طلاق دے دی - جب شہداد نے ماہ ناز کو طلاق دے دی ، تو اس نے انتقام کے طور پر عمر لنگڑہ سے شادی کر لی - کیونکہ اس پر عمر لنگڑہ سے ناجائز تعلقات کا الزام ہی لگایا گیا تھا - بعد میں شہداد نے کہنا شروع کیا کہ ماہ ناز پر جو الزام لگایا گیا تھا وہ صحیح ہے - ماہ ناز اس بات پر طنز کرتے ہوئے کہتی ہے :

ترجمہ : اگر تمہیں افلاس نے گھیر لیا ہے ،
تو رند اپنی روایات کے مطابق

Marfat.com

تمہیں چندے کی صورت میں مال و زر دیں گے۔
میں عمر کی اجازت سے ،
اپنا دبلا پتلا بیٹا ''نونک'' یا
گھمبیر زلفوں والی بیٹی بانڑی دوں گی۔
تمہاری عقل اس مشکیزے کی مانند ہے ،
جو گدڑیوں کے کندے پر لٹکا رہتا ہے ،
اور ، جس کا ایک سرا
ہر وقت خشک رہتا ہے
اسی لیے تو مرگو تمہیں فریب دینے میں کامیاب ہو گئی !

یہ نظم طنز اور بلوچی بہادرانہ مزاج کی عکاسی کرتی ہوئی تشبیہات سے بھری ہوئی ہے۔

۲- بیبرگ و گراناز

چاکر خان اور گوہرام خان کی لڑائی کے دوران میں جب نالی کے مقام پر چاکر خان کو شکست ہوئی تو وہ انتقام لینے کی تدبیریں سوچنے لگا ، چنانچہ فوجی کمک لینے کے لیے وہ قندھار روانہ ہوا۔ وہاں اس کا ساتھی بیبرگ حاکم قندھار کی بیٹی گراناز پر عاشق ہو گیا۔ حاکمِ قندھار نے اسے ایک کوٹھڑی میں بند کر دیا۔ وہ وہاں گراناز کے حسن و جمال کی تعریف میں اپنی بھدی آواز سے گاتا رہتا۔ گراناز کو پریشانی ہوئی۔ اس نے باپ سے کہہ کر اسے رہا کروا دیا۔ رہا ہونے کے بعد وہ گراناز سے ملا اور اسے اپنی محبت کا یقین دلانے میں کامیاب ہو گیا اور گراناز کو لے بھاگا۔ رند اور لاشاری آپس میں مل گئے اور بلوچوں کو پیغام بھیجا کہ کہ اگر بیبرگ اور گراناز کو ان کے حوالے نہ کیا تو خیر نہیں۔ بیبرگ خود ہی موقع پا کر حاکم قندھار[1] کے خیمے میں داخل ہو گیا اور اپنی خطا معاف کروا لی اور گراناز سے شادی کی اجازت حاصل کر لی۔

بیبرگ کو جب گراناز کہتی ہے کہ —— یہ خیال ترک کر دو چشم زدن میں ترک کر دو چشم زدن میں ترک سپاہی تمہارا سر تن سے جدا کر دیں گے —— تو بے پرواہ بلوچ کی طبیعت پر ذرہ برابر خوف نہیں ہوتا۔ وہ ماہ ناز سے کہتا ہے :

''اے حسن کی ملکہ —— آج تک کسی ماں نے اس شہسوار کو جنم ہی نہیں دیا جو

۱- ڈیمز کے خیال میں حاکم قندھار شاہ بیگ ارغون ہو گا ، جس نے پہلے سبی فتح کیا اس کے بعد سندھ فتح کیا۔

میرا سر کاٹ کر ہرات کے دروازے پر لٹکا دے!"

قدیم بلوچی شاعری میں اس نظم کو بلند ادبی مقام حاصل ہے - حسنِ بیان اور روانی کا یہ اعلیٰ نمونہ ہے -

۳- شہ مرید حانی

شہ مرید رند سردار مبارک کا بیٹا تھا ، شہ مرید بہادر اور نڈر سپاہی تھا - بچپن سے اپنے چچا کی بیٹی حانی سے منسوب تھا - حانی بے حد حسین تھی - میر چاکر خان اس پر فریفتہ تھا - وہ چاہتا تھا کہ کسی طرح سے اس کی نسبت ٹوٹ جائے چنانچہ جب سب رند سرداروں سے اس نے قول لیے تو شہ مرید سے بھی لیا - شہ مرید نے کہا کہ صبح سویرے دستِ سوال دراز کرنے والے کو وہ خالی نہیں لوٹائے گا - کچھ ہی دنوں بعد چاکر خاں نے ایک شخص کو فقیر بنا کر شہ مرید کے ہاں بھیجا ، اور اس طرح شہ مرید حانی کو ہار گیا - چاکر خاں نے حانی سے نکاح کر لیا - لیکن اس کا دل نہ جیت سکا - مرید نیم پاگل ہو گیا اور فقیر بن کر حرمین شریف چلا گیا - طویل عرصے کے بعد واپس آیا - خبر مشہور ہو گئی - حانی کی زندگی میں بہار آ گئی - بلوچ سرداروں نے میر چاکر خاں سے درخواست کی کہ وہ حانی کو طلاق دے دے چنانچہ وہ مان گیا ، اور مرید ایک برق رفتار سانڈنی پر حانی کو لے کر کہیں اور چلا گیا -

اس نظم کا مصنف بھی شہ مرید اور حانی کو سمجھ لیا گیا ہے [۱] - اس داستان میں ڈرامائی رنگ ہے ، ہیر کے قصے میں بھی اس طرح ہیر کی طرف سے جوابات موجود ہیں - جس سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ ہیر شاعرہ تھی - دوسری بلوچی عشقیہ داستانوں کی طرح اس داستان میں بھی بزم و رزم کے منظر ، مکالمات کا سادہ اور پر لطف سلسلہ اور شاعرانہ خصوصیات کی حامل زبان و بیان موجود ہے اور اس کا ہیرو دوسری بلوچی داستانوں کی طرح بہادر اور نڈر ہونے کے علاوہ سچا عاشق بھی ہے - جو قول کا پکا مرد جوان ہے - بلوچی کی ہر داستان میں فنّی خلوص نمایاں ہے -

۴- دوستین اور شیربی

جب شاہ بیگ ارغون کے ترک لشکر نے رندوں پر حملہ کیا ، تو دوستین لڑتا

۱- سید کامل القادری نے بھی لکھا ہے کہ "قطعیت سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ مکالمے واقعی ان کے (شہ مرید اور حانی) ہیں ، یا سوبھا ڈوم کی داستان طرازی ہے" - حانی و شہ مرید کے اجزائے پریشان تحقیق طلب مسئلہ ہے - (بلوچی دنیا ج نمبر ۵ ، ۶ جام ورک نمبر ص ۵۵) -

Marfat.com

ہوا قید ہو گیا ۔ اور ہرند یا اڑند کے قلعے میں قید کر دیا گیا ۔ اس کی منگنی لال خان رند کی لڑکی شیریں سے طے ہوئی تھی ، جس سے اس کو محبت تھی ۔ قید خانے میں اسے کئی برس بیت گئے ۔ جب شیریں کے والدین کو دوستین کے زندہ بچنے کی امید نہ رہی تو انہوں نے شیریں کی نسبت ایک اور جگہ ٹھہرا دی ۔ اتفاق سے اس کا نام بھی دوستین ہی تھا ۔ عین شادی والے دن دوستین بھاگ کر اپنے گاؤں واپس آ گیا۔ تو دیکھا کہ شیریں کی شادی ہو رہی ہے ۔ وہ موقع پر پہنچا اور خود کو ڈوم ظاہر کر کے گانا شروع کیا ۔ شیریں نے دوستین کی آواز پہچان لی اور یہ بات جب رندوں کو معلوم ہوئی تو سب اس سے گلے ملے اور خود دولہا نے مبارکباد دیتے ہوئے کہا : ''اب جب کہ تم واپس آ گئے ہو میں تمہاری امانت تمہارے سپرد کرتا ہوں ۔''

یہ کہانی نثر میں ہے اور درمیان میں اشعار بھی ہیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ شاعر کا کیا نام ہے ۔ اس داستان میں بھی جو خاص عنصر ہے وہ یہ کہ اپنا ہی ماحول پیش کرتی ہے ۔ تشبیہیں اور استعارے بھی اپنے ہی ماحول سے لیے گئے ہیں ۔ جس کی وجہ سے فن میں بے پناہ خلوص نظر آتا ہے ۔ یہاں کے شاعر حقیقت پسندانہ طریقے سے اپنے معاشرے اور ماحول کی ترجمانی کرتے ہیں ۔

اس دور کے بلوچی شعراء

کیونکہ بلوچ شاعر ، محفل میں شعر سنانا یا گانا عیب سمجھتا تھا ، اس لیے عام طور سے وہ کسی ڈوم کو شعر یاد کرایا کرتا تھا ۔ اور وہ ڈوم شاعر کے شعر محفل میں سناتا تھا ۔ بلوچوں کی خدمتگار قوموں میں لوڑی بھی ہیں ، جو کثیر التعداد ہیں ۔ ان کے دو طبقے ہیں ۔

(۱) سرمستاڑی ، جو زرگر ، آہن گر ، دار تراش اور بڑھئی کا کام کرتے ہیں ۔ ان کے جد اعلیٰ کا نام سرمست تھا ۔ (۲) دوسرا طبقہ ڈھول بجاتا ہے اور شعر سناتا ہے ۔ ایک روایت کے مطابق وہ بلوچی نسل سے نہیں ، بلکہ ہندی نسل ہے ۔ ڈوم گو خود شاعر نہیں ہوتے اور دوسروں کے شعر یاد کر کے سناتے ہیں ، لیکن لوڑی خود بھی شاعر ہوتے ہیں ۔ وہ بلوچوں کو بھڑکانے کے لیے محفل میں شعر سناتے ہیں اور غلو سے کام لیتے ہیں ۔ وہ تاریخی واقعات اور رومانی داستان منظوم کرتے ہیں ۔ مرکزی کرداروں کے مکالمے ان کی زبان سے ادا کراتے ہیں ۔ جن سے ان کا مزاج ، فطرت اور کردار واضح ہوتا ہے اور کہانی کا سلسلہ بھی قائم رہتا ہے ۔ رزمیہ نظمیں اور رومانوی داستانیں جو سہیا ہوئی ہیں

Marfat.com

وہ اکثر لوڑیوں کی ہیں۔ ہو سکتا ہے ان میں سے کچھ بلوچ شعراء کی بھی ہیں۔ لیکن اکثریت سے ان نظموں کے شعراء کے نام نہیں ملتے۔

چونکہ یہ نظمیں مکالماتی انداز میں ہیں ۔ اس لیے ان داستانوں اور نظموں کے مرکزی کرداروں کو شاعر سمجھ لیا گیا ہے۔ چنانچہ اس ضمن میں چاکر خان ، گوہرام خان ، شہ مرید، حانی ، نور بندغ وغیرہ کو شاعر قرار دیا گیا ہے ۔ ان میں نہ صرف مرکزی کرداروں کی کی طرف سے مکالمے ملتے ہیں بلکہ دوسرے کرداروں کے مکالمے بھی موجود ہیں ۔ اگر مرکزی کرداروں کو شاعر سمجھا جاتا ہے تو دوسرے کرداروں کو بھی اپنے مکالمات کا شاعر کیوں نہیں سمجھا جاتا ہے —— دوسری بات یہ ہے کہ اگر ہر نظم میں مختلف شاعروں کے اشعار ہیں ، تو ان کو یکجا مرتب کرنے والے کون ہیں ؟ رزمیہ نظمیں اور منظوم رومانی داستانوں کے شعراء کی نشان دہی اسی صورت میں ہو سکتی ہے کہ ان کے کلام کا کچھ اور حصہ بھی مل جائے۔ اس لیے یہ اپنی داستان کا شاعر خیال کیا جا سکتا ہے ۔ اس دور کے کچھ شعراء کے نام معلوم ہوئے ہیں ۔ ان کا تذکرہ ذیل میں دیا جاتا ہے ۔

(۱) ڈومبکی شاعر

پلوچی حسب نسب سے متعلق مشہور نظم جس کو ''دیتر شیئر'' کہا جاتا ہے ، ایک ڈومبکی شاعر کی ہے ۔ لیکن اس کا نام نہیں معلوم ہو سکا ۔ ڈیمز کے خیال میں یہ نظم سولہویں صدی کے شروع کی ہے[۱] ۔

(۲) رند شاعر

رند اور لاشار کی مشہور تیس سالہ جنگ کے متعلق دو نظمیں ہیں ۔ یہ کسی رند قبیلے کے شاعر کی ہیں ۔ لیکن شاعر کا نام معلوم نہیں ہوتا ۔ اس جنگ کے متعلق ایک اور طویل نظم ملتی ہے جو پانچ چھوٹی نظموں پر مشتمل ہے ۔ پہلی اور تیسری نظم گوہرام خان کی زبانی ہے ۔ جن میں چاکر خان سے خطاب ہے ۔ اسی بات سے یہ مغالطہ ہوا ہے کہ یہ نظمیں چاکر خان اور گوہرام خان کی ہیں ۔

(۳) قلاتی بن حبیب

ایک طویل نظم جس کے شروع میں بلوچی حسب نسب ہے اور اس کا اختتام رند اور

۱۔ Dames, Popular Poetry of the Baluchees. p. 1

Marfat.com

لاشار کی جنگ پر ہوتا ہے - نظم سے قیاس کیا جاتا ہے کہ وہ قلاتی بن حبیب کی ہے -

(۴) نودہ بن بہرام

ایک نظم جس میں ''گوہر جتنی'' کا ذکر ہے ، نودہ بن بہرام کی ہے - گوہر جتنی پر رند اور لاشار کی جنگ چھڑی تھی -

(۵) بیبرگ

اس کے متعلق یہ معلوم ہوا ہے کہ وہ چاکر خان کے ساتھیوں میں سے تھا اور اس کا بھانجا تھا ، جو کہ سولہویں صدی میں گزرا ہے- گراناز سے اس کے رومان کا ذکر آ چکا ہے - اس رومانی داستان کے علاوہ بھی اس کے کچھ اشعار ملتے ہیں - نمونے کے طور پر کچھ اشعار کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے :

ترجمہ : نوجوانو! میرا مشورہ قبول کر لو ، اور
افسردگی اور یاسیت کے تاریک سایوں
سے بچنے کی کوشش کرو -
میں خود غم اور نا امیدی کی سرحدوں
سے بہت دور رہتا ہوں ، اور
گھوڑوں کی زین پر بیٹھنا
حسین دوشیزاؤں کے نازک ہونٹوں
سے پیار کرنا !
شرفا کی مجلس میں شریک ہونا ، اور
پہاڑی بکرے کا گوشت کھانا پسند کرتا ہوں !

(٦) میر شہداد خان

شاہ بیگ ارغون ۱۵۱۱ء میں قندھار سے روانہ ہوئے اور سبی کو فتح کر کے واپس چلے گئے - اس طرح سبی پر سے رندوں کا قبضہ ختم ہو گیا - رندوں کی طاقت ختم ہونے کی وجہ سے میر چاکر خان رندوں کے ساتھ پنجاب کی طرف بڑھا - بلوچ روایات کے مطابق رندوں نے ہمایوں کی مدد کی اور ہمایوں کو ۱۵۵۵ء میں فتح ہوئی - پنج ند کے علاقے میں ہمایوں نے رندوں کو جاگیریں دیں اور وہ اپنے آدمیوں کے ساتھ وہاں بس گئے - لیکن ہمایوں کی فتح

سے پہلے میر چاکر خان فوت ہو چکا تھا ۔ میر چاکر خان کے بیٹے میر شہداد خان کی ایک نظم ملی ہے ۔ جس میں یہ پیش کیا گیا ہے کہ رندوں کا لشکر ہی ہمایوں کی واپسی پر ہمایوں کی امداد میں سوریوں سے لڑا تھا اور انہیں کی وجہ سے ہمایوں کو فتح ہوئی تھی ۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ یہ نظم سولھویں صدی کے آخری نصف کی ہے ۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ میر شہداد خان شاعر تھا ۔ اس کے شاعر ہونے کا ایک اور ثبوت بھی ملتا ہے ۔ اس کی ایک اور نظم ملتان کی تاریخ کے متعلق بھی ہے ۔ اس میں ہندو دیومالا کے مطابق ملتان کی قدامت کا ذکر ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے ملتان میں رہائش کے دوران ملتان کی تاریخ کے متعلق کہانی سن کر اسے منظوم کیا ہے ۔

(۷) ریحان رند

ریحان ، چاکر خان کا چچا زاد بھائی تھا اور سالو اس کی محبوبہ تھی اس نے ایک نظم لکھی ہے ، جس میں وہ اپنی محبوبہ کی موت پر غم کا اظہار کرتا ہے ۔ اس کے آخر میں کہتا ہے :

ترجمہ : میں بھی رونے لگا ، جس طرح
برسات میں بادلوں سے مینہہ برستا ہے ۔
نوجوانو ، اس چیز کو سمجھو
کہ یہ جسم خالی ہے ۔
اس لیے مت روؤ !
یہ دنیا گزر جانے والی چیز ہے !

اس کے علاوہ ریحان کی ایک اور نظم ''رحمان لاشاری اور ریحان رند کی گھوڑ دوڑ'' کے متعلق بھی ہے ۔ ڈیمز کے خیال میں یہ بلوچی کی قدیم ترین نظم ہے[۱] ۔ لیکن اس نظم سے معلوم ہوتا ہے کہ جس واقعہ کا اس میں بیان ہے یہ اس وقت کا ہے جس وقت چاکر خان رند نے سبی کو فتح کیا تھا ۔ یعنی یہ نظم پندرھویں صدی کے آخر کی ہے ۔ ایک اور نظم بھی اسی گھوڑ دوڑ کے متعلق ہے جس میں ریحان اپنے جذبات اور احساسات بیان کرتا ہے ۔

(۸) میران رند

میران چاکر خان کا ساتھی تھا ۔ اس کی ایک نظم ملی ہے جس میں وہ کبوتر کو

۱- Dames, Popular Poetry of the Baluchees, p. 122.

Marfat.com

محبوب کے لیے پیغام دیتا ہے۔ یہ نظم پہلے میئر نے ''بلوچی کلاسکس'' میں دی ہے۔ اس کے بعد ڈیمز نے نقل کی ہے۔

اس دور کی ایسی نظمیں بھی ملتی ہیں جن کے شعراء کے نام باوجود تحقیق کے نہیں ملتے۔ ہو سکتا ہے یہ لوڑیوں کی بنائی ہوئی ہوں۔

(۱) چاکر خان اور ہیبت خان کے متعلق نظم

(۲) چاکر خان اور جاڑو کے متعلق نظم

ان نظموں میں ایفائے عہد کے متعلق کہانیاں ملتی ہیں۔

(۳) نور بندغ کے متعلق نظم

جس نے چاکر خان کی زندگی بچائی تھی۔ وہ لاشاری تھا اور سخی مرد تھا۔

(۴) دل ماسخ کے متعلق نظم

ایک رند شخص ''دل ماسخ'' کا ذکر ہے۔ جس نے اپنی تمام دولت جوئے میں ہار دی تھی۔ اندازاً یہ سولھویں صدی کی نظم ہے۔

(۵) رندوں اور دو دائیوں کی جنگ کے متعلق نظم

میر چاکر خان کے بعد رند، قلات و ڈیرہ جات اور سندھ و ملتان میں پھیل گئے اور ان کی آپس میں لڑائیاں ہونے لگیں۔ ان میں میر بجار خان رند (جو پنجاب نہیں گیا تھا) اور سہراب دودائی کے درمیان جنگ سب سے بڑی جنگ ہے۔ یہ اس قبائلی، بلوچی شاعری سے ملتا ہے۔ اس لڑائی سے متعلق ایک نظم ڈرامائی انداز میں ہے۔ یہ نظم بھی سولھویں صدی کے نصف آخر کی ہے۔

(۶) شہداد کی ولادت کے متعلق نظم

شہداد میر چاکر خان کا بیٹا تھا۔ اس نظم میں دکھایا گیا ہے کہ شہداد کی ولادت اس وقت ہوئی جب میر چاکر خان دہلی گیا ہوا تھا۔ دہلی جانا صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ اس مبالغہ کی وجہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نظم کسی لوڑی کی بنائی ہوئی ہے۔

Marfat.com

خوانینِ قلات کا عہد (۱۶۵۰ء ــ ۱۸۹۰ء)

اس عہد کا تاریخی پس منظر فصل اول میں دیا جا چکا ہے - یہاں اس عہد کے ادب کا جائزہ لیا جاتا ہے - خوانینِ قلات کے عہد میں درباری زبان فارسی تھی - اس وجہ سے فارسی میں شعر کہنے کا رواج ہوا ، فارسی کے ساتھ خوانینِ قلات نے بلوچی کی بھی سرپرستی کی - اس دور کی بلوچی شاعری نے ایک نیا رخ اختیار کیا - رزمیہ شاعری کے ساتھ ساتھ عشقیہ شاعری بھی کہی جانے لگی - بلکہ عشقیہ شاعری زیادہ ترقی کرنے لگی اور اس شاعری میں نہ صرف عوام کی زندگی کی ترجمانی کی گئی بلکہ امیر طبقہ کی زندگی کی عکاسی بھی کی گئی ہے - اس دور میں مذہبی شاعری کی بنیاد بھی پڑی - آگےچل کر اس کا زیادہ رواج ہو گیا - زبان کے لحاظ سے فارسی ، سندھی اور سرائیکی زبانوں کا اثر بلوچی زبان پر پڑا - اس دور کی نظمیں تو ملتی ہیں لیکن شعراء کا اکثر پتہ نہیں چلتا - سترھویں صدی کی نظمیں سولھویں صدی سے کم ملتی ہیں - سترھویں صدی کے شعر کے محفوظ نہ ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس زمانہ میں بلوچوں کی طاقت کمزور ہو گئی تھی اور ان میں کوئی مرکزیت نہ تھی - بہر حال اس دور کے جتنے شعراء کے نام ملے ہیں ان کا تعارف ذیل میں دیا جاتا ہے اور ان نظموں کا ذکر بھی کیا جاتا ہے جنکو منظوم کرنے والے شعراء کا علم نہیں ہو سکا -

(۱) کلمتوں اور برکتوں کی جنگ کے متعلق نظم

کلمتی[۱] بلوچ تھے اور برقتی سندھی تھے جو لس بیلہ میں رہتے تھے - کلمتی جہاز ران تھے - اکبر نے انہیں چاچکان کا علاقہ جاگیر میں دیا تھا - ۱۶۵۲ء میں اورنگ زیب سندھ اور ملتان کا نائب تھا - اسی کے زمانہ میں یہ جنگ ہوئی -

ایک اور رزمیہ نظم مرزائیوں اور جمالیوں کی جنگ کے متعلق ہے - یہ لڑائی اٹھارویں صدی میں ہوئی - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ کسی مزرائی لوڑی کی لکھی ہوئی ہے - یہ نظم پہلے لیچ نے قلات سے قلمبند کرکے اپنی کتاب میں دی ، بعد میں ڈیمز نے اسے نقل کیا[۲] -

۳- بلوچ ہمسایہ کے حقوق کا بڑا خیال رکھتے ہیں - اس سلسلہ میں بہت سے واقعات

۱- اصل لفظ ''قرمطی'' ہے جو ایک انتہا پسند شعیہ مذہبی فرقہ تھا اور اسماعیلوں کی ایک شاخ تھا - جو بلوچ قرمطی ہو گئے تھے وہ قرمطی کہلانے لگے بعد میں یہ لفظ کلمتی بن گیا - قرمطی مذہب والے دسویں صدی عیسوی میں مکران میں وارد ہوئے - انہوں نے مکران کے علاوہ منصورہ اور ملتان پر بھی قبضہ کیا - محمود غزنوی نے ان کا خاتمہ کیا -

۲- ''Dames, Popular of Poetry of the Bnluchees'' p. 60.

Marfat.com

ملتے ہیں۔ ''گوہر جتنی'' کی ہمسائیگی پر رند اور لاشار کی جنگ چھڑی جو تیس سال تک رہی۔ اسی قسم کا اور واقعہ بھی ملتا ہے جو ایک عورت سمی کے متعلق ہے۔ یہ واقعہ اٹھارویں صدی کا ہے۔ اس سلسلہ کی کچھ نظمیں دورہ خان کی والدہ اور دورہ خان کے بھائی کی زبانی آئی ہیں۔ لیکن وہ ان کا کلام نہیں ہے۔ شاعروں نے منظوم کرتے ہوئے البتہ مکالمے ان کی زبانی کہلوائے ہیں۔ سمی ایک مالدار عورت تھی۔ شوہر کے مرنے کے بعد اس کی وصیت کے مطابق وہ بلیدی قبیلہ کو چھوڑ کر گوز گیج قبیلہ کے سردار دورہ خان کی ہمسائیگی میں جا کر پناہ گزیں ہو گئی۔ ایک دن خبر آئی کہ راہزن سمی کی گائیں ہانک کر لے گئے ہیں۔ یہ خبر جب دورہ خان کی والدہ کو پہنچی وہ فوراً اپنے بیٹے کے پاس گئی۔ اسے نیند سے جگایا اور بولی :

ترجمہ : جو بہادر لوگوں کو پناہ میں لیتے ہیں ،
وہ دوپہر کو یوں غافل نہیں سوتے !
میں نے نو ماہ تجھے پیٹ میں رکھا ہے
اور تین سال تک تجھے دودھ پلایا ہے !
اس کے عوض میں تیرے ذمہ
یہ فرض عائد کرتی ہوں ، کہ
یا تو سمی کی گائیں صحیح سلامت لے آ ،
یا اپنی جان عزیز قربان کر دے !

دورہ خان گائیں تو واپس نہ لا سکا لیکن اس نے اس جستجو میں اپنی جان قربان کر دی۔ بالاچ گو ایک کم سن بچہ تھا ، لیکن اس نے عہد کیا کہ وہ بڑا ہو کر اپنے بھائی کے خون کا بدلہ لے گا۔ اس جذبہ میں خلوص ، انتقام جوئی اور ہمسایہ کے حقوق کی حفاظت کے احساسات کارفرما ہیں۔ انتقام جوئی کے متعلق بلوچ قوم میں کوئی مدت یا میعاد مقرر نہیں۔ چنانچہ بالاچ کہتا ہے :

ترجمہ : بلوچ خون کا بدلہ
اس لیے نہیں چھوڑ سکتا ، کہ
واقعہ گزرے ہوئے مدت ہو گئی ہے !
یا ،
بدلہ لینے والا کمسن و کمزور ہے !

۴۔ ایک نظم میں اس حملے کی تفصیل ملتی ہے جو لغاریوں اور گوریانیوں نے مل کر

Marfat.com

لنڈوں پر کیا ۔ اس میں کثرت سے سندھی ترکیبیں ملتی ہیں ۔ یہ نظم اٹھارھویں صدی کے آخر کی ہے اور کسی لوڑی کی لکھی ہوئی ہے ۔

۵۔ ایک نظم میں جتوئیوں اور مزرائیوں کی جنگ کا ذکر ہے ۔ اس نظم میں پہلے حمد ہے اس کے بعد شاعر نے اپنے مرشدوں عالم شاہ اور والی حسین شاہ کا نام لیا ہے بعد میں واقع بیان کیا ہے ۔

۶۔ ایک نظم میں میر حمل خان کا ذکر ہے جو مزرائیوں کا سردار تھا ۔ اس کے زمانہ میں ایک خاص قسم کے جوئے میں پانچ آدمی مر گئے تھے ۔ چنانچہ حمل خان نے جوئے پر پابندی لگا دی تھی ، لیکن ایک دن اس کا اپنا بیٹا مٹھا جوا کھیلتے ہوئے پکڑا گیا ۔ میر حمل خان نے فوراً دروازہ بند کر دیا اور اسے پکڑنے کا حکم دے دیا ۔ لیکن مٹھا دیوار پھلانگ کر بھاگنے لگا کہ باپ کے تیر سے ایک ٹانگ کھو بیٹھا ۔اس کے بعد مزرائیوں میں جوا بالکل بند ہو گیا ۔

۷۔ ایک نظم مریوں اور موسیٰ خیلی پٹھانوں کی لڑائی کے متعلق ہے ۔ یہ نظم انیسویں صدی کی ہے ۔ اس میں مریوں کی تعریف کی ہے ۔ شاعر کا نام معلوم نہیں ہوتا ۔

۸۔ ایک نظم میں کھوسوں اور لغاریوں کی لڑائی کا ذکر ہے ۔ اس کے چار حصے ہیں ۔ اس نظم میں انداز ڈرامائی ہے ۔ یہ نظم بھی انیسویں صدی کی معلوم ہوتی ہے ۔

عشقیہ نظمیں

۱۔ بیبرگ و گراناز کے واقعہ پر ہر دور میں شعراء طبع آزمائی کرتے رہے ، چنانچہ اس دور میں بھی اس داستان پر نظمیں کہی گئیں ۔

۲۔ شیریں فرہاد کی نظم اس دور میں منظوم ہوئی ۔

۳۔ بلوچی رومانی داستان ''دوستیں شیریں'' کے متعلق کچھ نظمیں اس دور کی بھی ملتی ہیں ۔

۴۔ للہ و گراناز

یہ اس دور کی خاص کہانی ہے ۔ میر باران کلمت کا مشہور شخص تھا ۔ گراناز اس کی بیٹی تھی جس کی شادی للہ سے ہوئی ۔ شادی کے کچھ عرصہ بعد ہی میر باران کو دشمن سے لڑنے جانا پڑا ۔ للہ کی غیرت نے گوارا نہ کیا کہ وہ گھر پر پڑا رہے ، چنانچہ وہ

بھی ان کے ساتھ روانہ ہوا۔ میر باران اور اس کے دوسرے لڑکے جنگ میں کام آئے۔ للہ زخمی ہو گیا۔ گھوڑا اسے اس کے والدین کے گاؤں لے گیا۔ گرانا ز کو خبر ملی تو وہ غلط فہمی کا شکار ہوئی، وہ سمجھی کہ للہ میدان جنگ سے بھاگ نکلا۔ چنانچہ اس نے للہ کو پیغام بھیجا۔

ترجمہ:

جب جنگ شروع ہوئی، تو میں
اپنی سہیلیوں سے تمہاری بہادری کا تذکرہ کر کے
فخر محسوس کرتی رہی۔
مگر تمہیں لڑائی کے وقت حسیناؤں کی مجلسیں
اور آرام دہ گھر یاد آتے رہے۔
تم میرے لیے شوہر کی بجائے بیٹے کی مانند ہو،
جسے میں نے دودھ پلا کر پالا ہو!

للہ کو گرانا ز کا یہ توہین آمیز پیغام پہنچا تو اس نے جواب دیا۔

ترجمہ:

اگر اس کے زخم بھر گئے
تو وہ گرانا ز کے والد اور بھائیوں کے
قاتلوں کے لیے آبِ سرد بن کر نہیں رہے گا۔

صحتیاب ہونے کے بعد للہ نے دشمنوں سے بدلہ لیا۔ اس کے بعد گرانا ز کو احساس ہوا کہ للہ بہادر اور غیور ہے۔ وہ للہ کے لیے بیتاب تھی، لیکن کیا کرتی؟ اس نے قسم کھا لی تھی۔ آخر اس نے مُلا سے رائے لی۔ مُلا نے رائے دی کہ اگر گرانا ز زندگی بھر زیور پہننا ترک کر دے اور للہ بھنگ پینے سے عمر بھر گریز کرے تو یہ دونوں پہلے کی طرح میاں بیوی کے طور پر رہ سکیں گے۔ چنانچہ پابندی سے دونوں نے یہ شرطیں قائم رکھیں اور مل کر رہنے لگے۔ اس داستان میں نو نظمیں ہیں، جن میں للہ اور گرانا ز ایک دوسرے سے مخاطب ہوتے ہیں۔ یہ قصہ سترھویں صدی کا ہے[1] - یعنی یہ نظمیں سترھویں صدی کی ہیں۔

شعراء

اس دور کے شعراء کا تذکرہ ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

۱۔ بشیر احمد کا مضمون ''للہ اور گرانا ز'' ماہنامہ بلوچی دنیا، ص ۱۹ - فروری ۱۹۶۴ء

۱- عثمان کلمتی

مکران کا بلند پایہ شاعر گزرا ہے۔ اس کا رزمیہ کلام کلمتی بلوچوں اور پرتگیزوں کی بحری جنگوں کے متعلق ہے۔ پرتگیزوں نے مکران کی بندرگاہوں پر حملہ کیا تھا۔ بلوچوں نے ان کا مقابلہ کیا اور ان کی توپوں پر قبضہ کیا۔ اس لڑائی میں ''حمل جئیند کلمتی'' ان سے لڑتا ہوا شہید ہوا۔۔۔عثمان کلمتی نے اس کے سرفروشانہ کارناموں کو منظوم کیا ہے۔ بعد میں یہ کلام حمل کلمتی کی طرف منسوب کر دیا گیا۔

۲- عسیف

یہ بھی اسی دور کا شاعر ہے ۱ لیکن اس کی ولادت اور وفات کی تاریخیں معلوم نہیں۔ ان کی شاعری کا اسلوبِ بیان قدیم اور سادہ طریق بیان کے مقابلے میں دشوار اور مشکل ہے۔ فارسی ترکیبیں اور الفاظ زیادہ استعمال کیے ہیں۔ تشبیہیں بھی کثرت سے استعمال کرتے ''وہ زہرہ کی طرح اعلیٰ ترین ہے، جو حسینوں کی ملکہ اور حاصلِ زندگی ہے، جو لعل بدخشاں کی طرح گراں بہا ہے''۔ ۲

۳- حمل رند

حمل کلمتی کے علاوہ رند کو بھی شاعر سمجھا گیا ہے۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بہادر تھا اور شیر سے بھی اس کا مقابلہ ہوا تھا۔ اس کو ماہ ناز نامی ایک خاتون سے محبت تھی۔ اس کے متعلق بھی اشعار ملے ہیں چنانچہ اس کو بھی شاعر سمجھا گیا ہے، حالانکہ یہ صحیح معلوم نہیں ہوتا اس سے منسوب جو نظم میر خدا بخش مری نے دی ہے۳ اس کے متعلق خود لکھا ہے:

''مکالمے کی صورت میں ہے جس میں حمل، شیر، ماہ ناز اور اس کی چھوٹی بہن حصہ لیتی ہیں''۔

قیاس سے کہا جاتا ہے کہ یہ نظم خود حمل کی نہیں ہو سکتی۔ یہ نظم مناظرہ کی صنف میں ہے اور شاعرانہ خوبیوں کی وجہ سے اعلیٰ پایہ کی ہے۔

۱- میر مٹھا خان مری، (مقالہ) ثقافت اور ادب وادئ بولان میں، ص ۱۳۶ بزم ثقافت کوئٹہ، ۱۹۶۶ء

۲- ایضاً، ص ۱۳۷۔

۳- میر خدا بخش بجارانی مری، ''قدیم بلوچی شاعری'' بزم ثقافت کوئٹہ ۱۹۶۶ء، ص ۱۳۹ تا ۱۴۵۔

۴- بانک سیمک

اس بلند پایہ بلوچی شاعرہ نے صرف موتک[1] کہے ہیں بلکہ اس نے اپنے بہادر شوہر کی یاد میں ایسے المیہ گیت بھی کہے ہیں جو غیرفانی حیثیت حاصل کر چکے ہیں ۔ وہ ہر چیز میں نتا سے متعلق کسی نہ کسی چیز کا رنگ دیکھ لیتی ہے ۔ اس کے سوز و گداز سے بھرپور گیتوں میں نغمگی بھی ہے تو تخیّل کی بلند پروازی بھی ، فنی پختگی بھی ہے تو موزوں تشبیہیں اور استعارے بھی ہیں ۔ ان خصوصیات نے اس کو منفرد مقام دیا ہے ۔ چند اشعار کا ترجمہ دیا جاتا ہے :

ترجمہ :

بادلو ! برسو ، بزرگوں کے مزارات پر برسو !
برسو اور پھر تھم جاؤ!
کہ حسین نتا کے درشن ہو جائیں گے ۔

اس عظیم شاعرہ کے زمانہ کا تعیّن نہیں ہوتا ۔ لیکن اس شاعرہ کے اسلوبِ بیان اور مضمون کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ یہ سترھویں صدی کی آخر یا اٹھارھویں صدی کی شروع کی شاعرہ ہے ۔

۵- شہ عیسیٰ

بلوچی کا باکمال شاعر گزرا ہے ۔ اس کے شعر کی زبان صاف اور شستہ ہے اور اس نے اپنے جذبات اور احساسات مؤثر نوع میں بیان کیے ہیں ۔ احساسات کی اس گہری عکاسی سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ شاعر اٹھارھویں صدی کے آخر اور انیسویں صدی کے شروع کا ہے ۔

۶- شہ یار

یہ گوچانی قبیلہ سے تھا ۔ اس نے اس لڑائی کے واقعات منظوم کیے ہیں جو گورچانیوں اور مزاریوں کے درمیان ہوئی ۔ قیاس سے کہا جاتا ہے کہ یہ اٹھارھویں صدی میں گزرا ہے کیونکہ یہ جنگ ۱۷۰۰ء میں ہوئی ۔ اس لڑائی کے متعلق ایک اور نظم بھی ہے جس میں مزاری سردار حمل خاں کو اپیل کی گئی ہے کہ جو کامیابیاں انہیں ہوئی تھیں ان پر مطمئن

۱- لوک گیت کی ایک صنف جس میں کسی کی موت پر نوحہ ہوتا ہے ۔

Marfat.com

ہو جائیں اور لڑائی کو طول نہ دیں ۔ شاعر کا نام معلوم نہیں ہوتا ۔ لیکن ڈیمز کا خیال ہے کہ یہ اشعار بعد کے ہیں کیونکہ ان میں خیالات کو لطیف انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

۷۔ جام درک

بلوچی زبان کے اس شاعر کو ملک الشعراء کہا جاتا ہے ۔ یہ ڈومبکی قبیلہ سے تھا اور خان کے قلعے کی کسی عورت سے اسے عشق تھا ۔ اس کی ولادت اور وفات کی تاریخیں معلوم نہیں ہو سکیں ۔ ایک روایت کے مطابق اس کے والد کا نام کرمو تھا ۔ وہ شیر خان نوری کے دربار سے وابستہ ضرور تھا لیکن اس کا کوئی بھی شعر ایسا نہیں ملتا ، جس میں خان کی تعریف ہو ۔ جام درک کی شاعری تمام بلوچی شعراء سے زیادہ فصیح اور بلیغ ہے۔ اس کے کلام کی زبان صاف اور شستہ ہے ، تشبیہیں اور استعارے بکثرت استعمال کرتا ہے جو کہ وہ اپنے ماحول سے اخذ کرتا ہے ۔ اس سے پہلے بلوچی شاعری کا اندازِ بیان بالکل سادہ تھا ۔ لیکن جام نے بلوچی شاعری کو ایک نئے انداز سے پیش کیا ہے جس میں ایمائیت بھی ہے اور اشاریت بھی ۔ وہ تغزّل کا شاعر ہے ۔ اس نے حسن و جمال کی تصویر بڑے پیارے انداز میں پیش کی ہے ۔ آرائش و زیبائش اور گفتار اور رفتار کی عکاسی منفرد اور حقیقت پسندانہ نوعیت کی حامل ہے ۔ ہجرو فراق کی باتیں دل گداز انداز میں پیش کرتا ہے ۔ اس نے بلوچی شاعری کو ایک نیا رخ دیا ۔ مست توکلی نے بھی اس سے ہی اکتساب کیا ہے ۔ اس کے کلام کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس نے امیر طبقہ کو خاص طور سے پیش کیا ہے ۔ اس کی نظم ''ڈھاڈھر کا بازار'' اس بات کی آئینہ دار ہے ۔

۸۔ حانی اور رانی

یہ دونوں شاعرہ تھیں ۔ ان کی نظمیں مٹھا خاں سوئم اور ولد حمل خان دوئم کی شادی کے متعلق ہیں ۔ مٹھا خاں اٹھارھویں صدی کے آخر میں ہوئے ۔ حانی ، میر دوسا کی دختر اور رانی ، سالار کی دختر تھی اور دونوں بالاچانی قبیلہ سے تھیں ۔

۹۔ بجار

یہ مریون کا شاعر تھا اور اٹھارھویں صدی کے آخر میں گزرا ہے ۔ اس نے مری بہادروں کی شجاعت اور دلیری کے گیت گائے ہیں ۔ اس کے کلام میں بڑا اثر اور رنگینی ہے ۔

Marfat.com

۱۰- میر اشرف

مکران کا بلند پایہ پہلوان شاعر گزرا ہے - پہلوان شاعر ایسے شخص کو کہتے ہیں جو موسیقار بھی ہوتا ہے اور خود شاعر بھی ہوتا ہے - اسے دوسروں کا کلام بھی یاد ہوتا ہے - بعض پہلوان خود شاعر نہیں ہوتے - میر اشرف بیک وقت بلند پایہ شاعر بھی تھا اور عظیم موسیقار بھی - ۱۷۶۶ء میں تمپ میں پیدا ہوا اور ۱۸۸۴ء میں وفات پائی - اس کے والد کا نام سردار میر دراہ تھا ، گچکی قبیلہ کی وزرئی شاخ سے تھا - وہ ہمیشہ سردار میر سہراب خان کے ہمراہ رہتا تھا -

۱۱- سوہنا سور ہیانی

سوہنہ بن بشکلی (بخش علی) سورہیانی کی ایک نظم میں عربی فارسی الفاظ اور فارسی تراکیب کثرت سے ملتی ہیں - معنوی لحاظ سے اس میں صوفیانہ خیالات ہیں - بلوچی شاعری میں یہ رنگ انیسویں صدی کے شروع میں آیا -

۱۲- کوبل جت

اس کے کلام کے مضامین سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ بھی انیسویں صدی کے شروع کا شاعر ہے -

۱۳- ملا ابراہیم

علاقہ پنجگور کے گاؤں تمپ کا رہنے والا تھا اور کاشانی قبیلہ سے تھا - عالم اور فاضل تھا اور پنجگور میں قاضی کے عہدے پر متمکّن تھا - بعد میں ذکری عقیدہ اختیار کر کے کبیج کے گاؤں تربت میں سکونت پذیر ہوا اور وہیں وفات پائی - نصیر خان نوری کا ہمعصر تھا اور اٹھارھویں صدی میں گزرا ہے - بلوچی کے علاوہ فارسی میں بھی شعر کہتا تھا اس کے کلام میں ذکری عقائد کا ذکر جا بجا ملتا ہے - حمد ، نعت اور قصیدوں کے علاوہ غزلیں بھی کہی ہیں -

فارسی شعراء

خوانینِ قلات کی درباری زبان فارسی تھی - اس وجہ سے فارسی شاعری کا رواج بھی ہوا اور اس دور میں بہت سے فارسی شعراء ملتے ہیں - خصوصاً مکران کے ذکری فرقہ میں بہت سے فارسی شعراء ملتے ہیں - قلات کے اکثر شاعر غزل گو تھے اور چند کا رجحان تصوّف کی طرف تھا اور مکران کے ذکری شعراء کے کلام میں اکثر نعتیں اور قصیدے ملتے ہیں اور ذکری عقائد کا ذکر بھی ملتا ہے -

Marfat.com

ان فارسی شعراء میں قاضی نور محمد ، گل محمد ناطق ، مرزا احمد علی ، سید محمد تقی شاہ گل محمد زیب ، ملّا محمد حسن بروہی ، مولا داد ، علیم اللہ علیم ، ابوبکر رسول بخش رہی ، غوث بخش خاکی ، فیض محمد قلاتی ، شے محمد درخشاں ، میر عبداللہ ، شے سلیمان ، شے جلال ، شے نصیر الدین ، میر علی شیر جنگی ، خوش قدم جنگی ، شے گل محمد ، نور محمد ، ملا ابوبکر ، ملا شہد دست ، شے امانی ، ملا مددی خان ، ملا نعمت اللہ ، عزیز لاری وغیرہ ہیں ۔ ان شعراء کے حالاتِ زندگی و کلام پر تبصرہ و تنقید فارسی کی جلد میں دیا جائے گا ۔

انگریزی عہد (۱۸۴۱ء ــ ۱۹۴۷ء)

۱۸۴۳ء میں انگریزوں نے سندھ پر قبضہ کیا ۔ ۱۸۵۴ء میں انگلستان اور روس کی جنگ کی وجہ سے انگریزوں نے خان قلات سے نیا معاہدہ کیا ۔ اس بعد بلوچستان کی آزادی ختم کر دی گئی ۔ انگریزوں کی سازش کی وجہ سے سرداروں اور خان قلات کا آپس میں مقابلہ ہونے لگا ۔ جس کی وجہ سے بلوچ طاقت کمزور ہو گئی ۔ یہ دور ایک طرح سے جابریّت کا تھا ۔ انگریز بلوچوں کی طاقت کمزور کرنے کی ہر ممکن کوشش کرنے پر تلے ہوئے تھے ۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بلوچی شعراء کا میلان تصوّف اور اخلاقیات کی طرف بڑھ گیا ۔ وہ روحانیت اور تصوّف میں قلبی سکون حاصل کرنے لگے اور اخلاقیات کے سبق سکھانے لگے ۔ اسی وجہ سے اس دور کی شاعری زیادہ تر مذہبی ہے ۔ نعتوں ، معجزوں اور مداحوں کا منظوم ذخیرہ ملتا ہے ۔ اس سے پہلے مکالموں کے انداز میں رزمیہ داستانیں لکھتے تھے ، اب اخلاقی اقدار پیش کرنے کے لیے فرضی مناظرے پیش کرنے لگے ۔ ایسی نظموں کا بھی ذخیرہ ملتا ہے[1] ۔ اس دور میں بلوچی شاعری پر سندھی اور سرائیکی شاعری کا اثر پڑا ، جس کی وجہ سے دلکشی میں اضافہ ہوا ۔ مکرانی بلوچی پر فارسی کا اثر پڑا ، یعنی اس دور میں نئے مضامین ، نئے خیالات اور نئے اسلوبِ بیان نے جنم لیا ۔ شاعری کے لیے نئی راہیں تراشی گئیں ۔ شعری نظریات کے پیشِ نظر بلوچی شاعری کے دو مکاتیبِ فکر عمل میں آئے ''مشرقی مکتبِ فکر'' اور ''مغربی مکتبِ فکر'' ۔

۱- مشرقی مکتبِ فکر

اس مکتبۂ فکر پر سندھی اور سرائیکی شاعری کا اثر ہے ، جس کی وجہ سے مشرقی بلوچستان کی شاعری میں رنگینی اور روانی آ گئی اور اعلیٰ فکر بھی نظر آنے لگا ۔ اس شاعری میں فطری جذبات اور احساسات کی عکاسی کے نمونے ملتے ہیں ۔ یعنی داخلیت کا عنصر زیادہ ہے ۔ اس

۱- مجھے بھی بہت بڑا ذخیرہ ملا ہے ۔ عبد المجید میمن (مقالہ نگار) ۔

Marfat.com

کے علاوہ نئی نئی تشبیہات و استعارات کا استعمال بکثرت ہوا۔ اس دور کے بہت سے شعراء کے حالات نہیں ملتے۔ مشہور شعراء پر تبصرہ ذیل میں دیا جاتا ہے۔

۱۔ ابراہیم شعبانی

وہ آسنی میں رہتا تھا۔ ۱۸۷۶ء میں اس نے ایک نظم ڈیمز کو سنائی جس کو ڈیمز نے قلمبند کیا[۲]۔ اس نظم میں وہ مذہبی رہنماؤں کی تعریف اور توصیف کرتا ہے اور دعا مانگتا ہے کہ خدا تعالیٰ اسے صراطِ مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

۲۔ لشکر خان جسکانی

اس کے والد کا نام سلیمان تھا۔ ڈیمز نے اس کی دو نظمیں اپنی کتاب ۱ میں دی ہیں جو اس نے ۱۸۷۶ء میں اس کی زبان سے سن کر قلمبند کیں۔ وہ حمد اور نعت کے بعد حضرت علیؓ کی تعریف و توصیف اور خلفائے راشدین کی تعریف کرتا ہے۔ اس کے بعد اسلامی عقائد بیان کرتا ہے۔

۳۔ مست توکلی

بلوچی کا بلند پایہ شاعر ہے۔ ۱۸۳۰ء اور ۱۸۴۰ء کے درمیان ایک غریب گھرانے میں کوہلو کے مقام پر اس کی ولادت ہوئی۔ مری قبیلہ کی شیرانی شاخ سے اس کا تعلق تھا۔ عین عالمِ شباب میں اسے ایک شادی شدہ مری عورت ''سمو'' سے محبت ہو گئی جس نے اسے دیوانہ بنا دیا۔ وطن چھوڑ کر چل پڑا اور ڈیرہ غازی خان جا نکلا۔ راستہ میں لوگ اسے پاگل سمجھنے لگے۔ مستی کے عالم میں گھومتا پھرتا واپس مری میں آ گیا۔ اس کی وفات قریباً ۱۸۸۵ء میں ہوئی۔ شاہ بیگ رند نے اپنے مضمون میں تاریخ وفات ۱۸۹۶ء لکھی ہے[۲]۔

مست حسن و عشق کا شاعر ہے لیکن پھر بھی ان کے اشعار میں اس دور کے حالات کا عکس ملتا ہے۔ وہ کہتا ہے:

ترجمہ:

میں اپنی محبوبہ سمو کے قریب آیا،
لیکن وہ گلابی سرزمین اجاڑ اور اداس تھی۔
میرے ذہن میں شکوک پیدا ہوئے، اور
غم کی زنجیروں نے مجھے جکڑ لیا۔

۱۔ Dames, Popular Poetry of the Baluches.

۲۔ اولس، سالنامہ ۱۹۶۳ء، ص ۲۴۔

Marfat.com

میری محبوبہ سمو — کہاں ؟
میرے خیال میں وہ نہ تو کسی زندان میں محبوس ہے ،
اور نہ انگریزوں کی قید میں ہے ۔

اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں انگریز بلوچوں کو قید کیا کرتے تھے ۔ مست توکلی کے ہاں سندھ کے عظیم شاعر شاہ لطیف کا رنگ ملتا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے شاہ لطیف کا کلام سنا تھا اور اس سے متاثر ہوا تھا ۔ سندھ کی طرف آنے کا ثبوت تو خود اس کے کلام سے ملتا ہے ۔ وہ کہتا ہے :

ترجمہ :

عہد شباب ہے اور
میرے سبزۂ خط کا آغاز ہے !
میرے دل میں سیر و شکار کی ہوس ہے ،
سبزہ زاروں کی سیر کرتا ہوا میں سندھ کے ریگزاروں تک جا پہنچا ۔
پھرتے پھراتے میں سخی سرور کے محلات تک گیا ۔
اونٹ قطار اندر قطار جا رہے ہیں ۔
ان پر کجاوے لدے ہیں ۔
کجادوں میں ناز پرورده عورتیں جھول رہی ہیں ۔
کیا ان میں سے کسی کی صورت سمو سے ملتی ہے ۔
سمو کا بدل تو کہیں بھی ڈھونڈے سے نہیں مل سکتا[1] !

توکل کا اندازِ بیان شگفتہ اور دل آویز ہے ۔

جیسوا کرد

اس کی ایک نظم ۱۸۸۵ء میں ڈیمز نے قلمبند کی ۔ وہ مزاری نوجوان تھا اور ان دنوں پولیس تھانہ کا انچارج تھا ۔ شاعر کی حیثیت سے اس علاقہ میں اس کی شہرت تھی ۔ اس نظم میں حمد کے بعد جوانی میں انسان کے مزاج کا بیان ہے ۔

حیدر بالا چانی

یہ بھی مزاری تھا اور انیسویں صدی میں گزرا ہے ۔ میئر نے ''بلوچ کلاسک'' میں اس کی ایک نظم دی ہے ۔ اس میں جوانی اور بڑھاپے کا ذکر ہے ۔

۱- بلوچ کلاسک ص ۶ ۔

Marfat.com

رحم علی مری

مری قبیلہ کے شاعر بجار مری کا فرزند تھا ۔ باپ کے بعد مری قبیلہ کا ''ریزوار'' شاعر بنا ۔ ''ریزوار'' کو قبائلی زندگی میں بلند مقام حاصل ہے ۔ لوگ اس کے طریقۂ اشعار کی وجہ سے اس سے ڈرتے تھے ۔ رحم علی عوامی اور قومی شاعر تھا ۔ جب اس نے بلوچ سرداروں کو انگریزوں کے سامنے سرِ تسلیم خم کرتے دیکھا تو طنزیہ انداز میں کہنے لگا :

ترجمہ :

غیرت بھاگ کھڑی ہوئی ، اور
پلٹ کر حیا سے کہنے لگی ،
میں تو جا رہی ہوں ،
تو بھی میرے نقشِ قدم پر خاموشی سے چلی آ !

ان کی نظموں میں انگریزوں کے خلاف نفرت کا اظہار ہے ، وہ مری بہادروں کو اپنے وطن کی حفاظت کے لیے خون کا آخری قطرہ تک بہا دینے پر ابھارتا ہے ۔ ۱۰ مارچ ۱۹۱۷ء کو حکومتِ ہند نے میجر جنرل ہارڈی کو مری قبیلہ کی سرگرمیوں کو کچلنے کے لیے مری بھیجا ۔ مریوں نے اس کا بے جگری سے مقابلہ کیا ۔ اگرچہ مریوں کو جانی اور مالی نقصان کا مقابلہ کرنا پڑا مگر انہوں نے اطاعت قبول کرنے سے انکار کر دیا ۔ اس لڑائی کے دوران رحم علی ، مریوں کو اپنے اشعار کے ذریعہ ابھارتا ہے ۔ اس کے بعد وہ جنگ میں حصہ لینے والوں کی تعریف کرتا ہے ۔ روانی ، زورِ بیان اور واقع نگاری کے لحاظ سے اس کو بلوچی رزمیہ شاعری کا فردوسی کہا گیا ہے ۔ افسوس اس کی ولادت اور وفات کی تاریخیں نہیں ملتیں ۔

ملا عمر مری

اس کا کلام بلوچی کے علاوہ فارسی اور اردو میں بھی موجود ہے ۔ اس کے کلام میں بھی قومی جذبات ہیں ، حب الوطنی ہے اور انگریزوں کے خلاف نفرت ہے ۔ اس نے حمد ، مدح اور مولود بھی کہے ہیں ۔ سندھی شاعری میں مولود ایک صنف ہے جس میں حضور صلعم کی ثنا اور صفت ہوتی ہے ۔ یہ صنف سندھی سے بلوچی میں آئی ہے ۔

پنجو بنگلانی

اس نے نواب جمال خان پر بہترین مرثیہ کہا تھا اور سرداروں کے اعلان کے

Marfat.com

مطابق[1] اونٹ انعام میں حاصل کیا تھا۔ یعنی اس کا مرثیہ مقابلے میں سب سے بہتر قرار پایا تھا۔

پہلوان فقیر

جیکب آباد ضلع کے ایک گاؤں میں اس کی رہائش تھی۔ بلند پایہ صوفی شاعر تھا۔ اس کے کلام پر سندھی صوفی شعراء شاہ لطیف، سچل سرمست اور بیدل روہڑائی کا اثر تھا۔ ماضی قریب میں فوت ہوا ہے۔

احمد

احمد ولد شوران کی ایک نظم ملتی ہے جس میں حضرت صلعم کا ایک معجزہ بیان کیا ہوا ہے۔ قیاس سے کہا جاتا ہے کہ یہ انیسویں صدی کا شاعر تھا۔

غلام محمد بالاچانی

یہ خود بھی شاعر تھا اور اس کو دوسروں کا بھی بہت سا کلام یاد تھا۔ اس کی کچھ نظموں کے علاوہ کچھ پہیلیاں بھی ملتی ہیں۔

چکھا بزدار

علی محمد ولد لعل بزدار موضع درگ ہٹر (ڈیرہ غازی خان) میں پیدا ہوا۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ انیسویں صدی کے نصف اول میں پیدا ہوا اور بیسویں صدی کے بالکل اوائل میں فوت ہوا۔ صوفی منش تھا، غریب تھا، لیکن سرداروں سے سچی بات کہہ کر اسے دلی راحت ملتی تھی۔ چنانچہ اس وجہ سے سردار اس سے ناخوش رہتے تھے۔ وہ بلا خوف کہتا تھا:

ترجمہ:

اے قوم کے سردارو!
خدا کے قہر و غضب سے ڈرو!
اور اپنی شان و شوکت پر تکبر مت کرو!

۱۔ نواب جمال بڑا ذہین اور معاملہ فہم شخص تھا۔ وہ کئی مہموں میں سنڈیمن کے ساتھ رہا تھا۔ اسی وجہ سے اس کو نواب کا خطاب ملا تھا۔ ۱۸۸۱ء میں اس کا انتقال ہوا۔

کیونکہ تمہارا یہ زعم دائمی نہیں
بلکہ تم سے پہلے لاکھوں حکمران ہو گزرے ہیں !

اس سے اس کی حق گوئی کا اندازہ ہوتا ہے - اس کا ایک ہم عصر محمود لعل خان نامی شاعر ہمیشہ سرداروں کی تعریفیں کرتا رہتا ہے۔ چنانچہ اس سے چکھا بزدار کا ہمیشہ مقابلہ رہتا تھا - وہ کہتا ہے :

ترجمہ :

محمود ولد لعل خان میں اب پھر گفتار (شعر) کہہ رہا ہوں ،
تو تو ہمیشہ یہی کہتا ہے کہ
فضول دفتر نہ بنا اور
تیرے شعر فضول ہیں ، کیونکہ
تو تو سرداروں کو ہمیشہ سچی بات کہتا ہے
جس سے میں اور سردار ناراض ہیں -

چکھا ڈیرہ جات میں بڑا مشہور شاعر ہے - اس کی زبان شستہ اور شعروں میں روانی و برجستگی ہے - تشبیہیں اور استعارے بکثرت استعمال کرتا ہے - فنّی لحاظ سے اس کے اشعار کی ساخت ''دوہوں'' جیسی ہے - جس کو وہ ''گال'' کہتے ہیں -

سنگت

ایک بلوچی لوڑی تھا - خانپور تعلقہ شکار پور کا رہنے والا تھا - ۱۹۵۲ء میں ۸۰ سال کی عمر میں فوت ہوا - اس نے نعتیں اور مناقب بھی لکھے ہیں اور بہادروں اور دلیر ڈاکوؤں پر بھی نظمیں کہیں ہیں - اس سلسلہ میں اس کی ڈاکو ''عیدالرحمان بروہی'' پر لکھی ہوئی نظم قابل ذکر ہے -

مندو کھیری

باٹھاری ، علاقہ بھاگ ناڑی کا رہنے والا تھا - قریباً ۱۹۵۸ء میں ۶۵ سال کی عمر میں انتقال ہوا - اس نے حمد ، نعت ، مدح ، مناقب اور قصیدے کہے ہیں - اس کے کلام کا بڑا ذخیرہ ملتا ہے -

Marfat.com

جوانال

بلوچی کا بلند شاعر ہے۔ جس کے کلام میں مضمون کی بلندی بھی ہے اور زبان کی رنگینی بھی۔ ۱۹۶۷ء میں ایک سو پانچ سال کی عمر میں وفات پائی۔ ضلع جیکب آباد کے ایک گاؤں میں رہتا تھا۔ بگٹی قبیلہ کے پاڑہ (شاخ) ہیوانی سے تھا۔ غریب اور ان پڑھ تھا، لیکن دل و دماغ روشن تھا۔ وہ ایک عوامی شاعر تھا۔ دکھی عوام کے بارے میں اس کے اشعار سے نمونہ دیا جاتا ہے:

ترجمہ:

وہ دکھی لوگ
دکھ کی پر درد کھنکتی ہوئی
زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں۔

مغربی مکتبِ فکر

اس مکتبِ فکر کے شعراء میں مکران کے شاعر آتے ہیں۔ انیسویں صدی کے ان شعراء میں زیادہ تر عالم تھے اور ان کو مُلّا کہا جاتا تھا۔ اس لیے اس کو مُلّاؤں کا مکتبِ فکر بھی کہا جاتا ہے۔ انہوں نے روایتی اندازِ بیان کو ترک کر دیا اور فارسی شاعری کی تقلید کی۔ فارسی عربی الفاظ بکثرت استعمال کیے۔ وہ نظم کے شروع میں حمد اور نعت لاتے ہیں اور اس کے بعد اصل مقصد بیان کرتے ہیں۔ کبھی وہ عقاب یا کبوتر سے خطاب کر کے سبھی نظم کا آغاز کرتے ہیں۔ اس مکتبِ فکر کے قابلِ ذکر شاعروں کا ذیل میں جائزہ لیا جاتا ہے۔

ملّا فاضل

اس کا نسبی تعلق رندوں کی شیخوزئی شاخ سے تھا۔ اس کے والد کا نام ''چاؤش'' تھا اور وہ مکران کی وادی مند کے ''شاہ بیگ قلات'' نامی گاؤں کا رہنے والا تھا، اس کی وفات ۱۸۸۵ء میں ہوئی۔ بڑا ذہین اور خوش خلق تھا۔ اس کی شاعری نے اپنے عہد میں بڑا نام پایا۔ فاضل اس مکتبۂ فکر کا بڑا شاعر ہے اور اس کے اشعار میں رنگینی اور دلکشی ہے۔

Marfat.com

ملّا قاسم

ملّا فاضل کا بھائی تھا ۔ وہ بھی اچھا شاعر تھا ۔ فی البدیہہ شعر کہنے میں دونوں قدرت رکھتے تھے ۔

ملّا نور محمد چشتی

مکرانی شاعر تھا طویل نظمیں کہی ہیں ۔ ہر مصرع کے آخر میں قافیہ دیتا ہے ۔ انیسویں صدی کے آخر میں اس کی وفات ہوئی ۔

عزت بیگ پنجگوری

پنجگور کا رہنے والا تھا ۔ ملا فاضل کا ہم عصر اور دوست تھا ۔ اسلامی علوم اور عربی و فارسی میں دسترس رکھتا تھا ۔ قدیم بلوچی شاعری میں غزل کا رواج نہیں تھا ، لیکن عزت نے بلوچی میں غزلیں کہیں ، جن میں جدّت اور انفرادیت ہے ، پھر بھی غزل میں ایرانی رنگ قائم ہے ۔ ایک شعر ملاحظہ ہو :

ترجمہ :

بلبلوں کی طرح فغاں نہ کر عزت !
اس سے پھولوں کو رحم آتا ہے ۔

ملّا اسماعیل

تمپ کے قریب پھل آباد نامی گاؤں میں پیدا ہوا ۔ ملا فاضل کا ہمعصر تھا ۔ ۱۸۷۸ء میں وفات پائی ۔ اس کا کلام صوفیانہ اور نہایت پاکیزہ ہے ۔ طنز و مزاح میں بھی مشہور تھا ، بلوچی کے علاوہ فارسی کا بھی اچھا شاعر تھا ۔

سید نور شاہ

بلوچی اور فارسی کا صوفی شاعر گزرا ہے ۔ تونسہ کے مشہور صوفی خواجہ اللہ بخش اور خواجہ شاہ سلیمان کے خاندان سے تھا ۔ ۱۹۳۴ء میں وفات پائی ۔ نگور میں مدفون ہے ۔ صوفی منش اور قادری نقش بندی سلسلہ سے تھا ۔ اس کے کلام میں تصوّف کے رموز اور نکات ملتے ہیں ۔ ہر جگہ حضرت سید عبدالقادر جیلانی ، حضرت خواجہ بہاءالدین نقشبندی اور اولیاء اللہ کی توصیف کرتا ہے ۔

Marfat.com

دورِ جدید (۱۹۴۷ء ــ ۱۹۷۰ء)

آزادی کے بعد بلوچی شعراء میں ایک نیا شعور اور ایک جذبہ پیدا ہوا ۔ تعلیمی ترقی کے ساتھ ان میں ذہنی پختگی پیدا ہونی شروع ہوئی ۔ قیامِ پاکستان کے بعد پہلی بار بلوچی زبان کو سرکاری سرپرستی حاصل ہوئی ۔ رسائل نکلنے لگے اور ریڈیو سے بھی پروگرام نشر ہونے لگے ۔ ۱۹۴۷ء میں ریڈیو پاکستان کراچی نے بلوچی نشریات کا مخصوص پروگرام نشر کرنا شروع کیا ۔ اس کا یہ نتیجہ بھی ہوا کہ بلوچی ادب تحریر کی شکل میں ظاہر ہونے لگا ۔

جدید بلوچی شاعری تمام فرسودہ روایات سے آہستہ آہستہ قطع تعلق کرتی جا رہی ہے اور ادب برائے زندگی کے نظریے سے قریب ہوتی جا رہی ہے ۔ بلوچی شاعری میں مقصدیت پر زور دیا جاتا ہے ۔ اگر رجائیت کے ساتھ ساتھ قنوطیت اور یاسیت بھی داخل ہوگئی ہے لیکن بلوچی شاعر دیر تک خود کو قنوطیت کا شکار نہیں ہونے دیتا ۔ موجودہ دور کا بلوچی شاعر اردو ، سندھی ، سرائیکی ، پنجابی اور پشتو کے علاوہ مغربی ادب سے بھی متاثر ہے ۔ بلوچی شاعروں نے اردو غزل اور سندھی کافی کے انداز کو اپنا لیا ہے اور اسے بلوچی رنگ دے دیا ہے ۔ اس کے ساتھ انہوں نے اپنے قدیم فنی انداز ''الحان'' میں ''شیئر'' ، ''گال'' ''داستانہ'' وغیرہ لکھنے شروع کیے ۔ آزاد نظم بھی ایک حد تک کامیابی سے لکھی جا رہی ہے ۔ موجودہ دور کے مشہور شعراء مندرجہ ذیل ہیں :

۱- گل خان نصیر

اس دور کے شاعروں میں گل خان نصیر کا نام سرِ فہرست ہے ۔ وہ بلوچی میں بھی لکھتا ہے اور اردو میں بھی ۔ یہ پہلا بلوچی شاعر ہے جس نے ہیئت کے نئے نئے تجربے کیے ہیں ۔ اس کا مشاہدہ گہرا اور وسیع معلوم ہوتا ہے ۔ اس کی شاعری قومی شاعری سے شروع ہو کر بین الاقوامی شاعری بن جاتی ہے ۔ اس کی نظموں میں ''خواب میں جام درک سے ایک ملاقات'' ''کوہ چہلتن سے خطاب'' ، ''شیطان'' اور ''ہمارا تمہارا سمجھوتا کیسے ہو سکتا ہے'' اچھی نظمیں ہیں ۔ اس کے کلام کے تین مجموعے شائع ہو چکے ہیں ۔

۲- آزاد جمال

اس کا کلام سادہ ہے ۔ ادب میں ترقی پسند نظریہ کا قائل ہے ۔ سرمایہ داری

Marfat.com

کے خلاف لکھتا ہے۔ بلوچوں کی پسماندگی، جہالت، اقتصادی بدحالی اور اخلاقی انحطاط پر آنسو بہاتا ہے۔ اس نے پابند شاعری بھی کی ہے اور آزاد بھی۔ اس کی بیشتر نظمیں کلاسیکل آہنگ و الحان کی ہیں۔ اس کے کلام کا ایک مجموعہ ''مستء توار'' کے نام سے اردو ترجمہ کے ساتھ انجم قزلباش نے شائع کیا ہے۔ آزادی کے بعد اس نے کراچی سے رسالہ ''بلوچی'' بھی نکالا جو چار سال تک جاری رہا۔

۳۔ عطا شاد

بلوچی کا بلند پایہ شاعر ہے۔ اس کی شاعری نئے رجحانات کی حامل ہے۔ پابند نظم سے زیادہ آزاد نظمیں لکھتا ہے۔ لیکن وزن کا خیال رکھتا ہے اور غزل کے لیے تغزل ضروری سمجھتا ہے۔ اس کی نظموں میں ''روح کجا در فشکالنت'' ''زہرانی رازہ'' اور ''تو میں چھانی وانگیں شاعری'' اچھی نظ یں ہیں۔

۴۔ میر عیسیٰ قومی

مکران کا پرانا شاعر ہے۔ ۱۹۰۹ء میں پیدا ہوا۔ اس نے قومی تحریک میں بھی کام کیا۔ قلات اسٹیٹ نیشنل پارٹی کا سیکرٹری بھی رہا۔ اس کے کلام میں ہر جگہ وطن سے والہانہ محبت کا جذبہ ملتا ہے۔

۵۔ مراد ساحر

مکران کے اچھے شاعروں میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ قومیت کا جذبہ رکھتا ہے۔ اس کی شاعری میں خارجیت زیادہ ہے۔ کچھ عرصہ تو اس پر قنوطیت و یاس کی کیفیت طاری رہی، لیکن اس نے جلد ہی ان سے چھٹکارا حاصل کر لیا اور وہ درخشاں مستقبل کے نغمے لکھنے لگا۔ ''میانئی جنگ'' اس کی اچھی نظم ہے۔

۶۔ صدیق آزاد

شاعر اور نثر نویس ہے۔ آزاد و پابند دونوں قسم کی شاعری کرتا ہے۔ ''مژدہ'' اور ''مرگ جاوداں'' اس کی اچھی نظمیں ہیں۔

۷۔ اسحاق شمیم

نظم کا شاعر ہے۔ فارسی الفاظ اور ترکیبیں زیادہ استعمال کرتا ہے۔ عروض کی پابندی ضروری خیال کرتا ہے۔ ''بزرگان'' اور ''دلہن'' اس کی اچھی نظمیں ہیں۔

Marfat.com

۸- ملک محمد رمضان

شاعر اور نثر نگار ہے۔ اس کے علاوہ صحافی بھی ہے۔ بلوچی میں ''مستونگ'' سے ہفت روزہ ''ساربان'' نکالتا ہے۔ علمِ عروض پر بھی شعر کہے ہیں اور قدیم رنگ میں بھی شعر کہتے ہیں۔ ''تھرا شاعر پیارا'' اس کی اچھی نظم ہے۔

۹- قاضی عبدالرحیم صابر

مکرانی ہے لیکن آج کل کراچی میں سکونت پذیر ہے۔ نظم اور نثر دونوں لکھتا ہے۔ زیادہ تر غزل لکھتا ہے اور عروض کی پابندی کرتا ہے۔ اس کے کلام کا ڈھنگ پرانا ہے، لیکن انفرادیت پھر بھی قائم رہتی ہے۔

۱۰- ظہور ہاشمی

۱۹۳۶ء میں پیدا ہوا۔ مکران کا رہنے والا ہے۔ ریڈیو پاکستان میں ملازم ہے۔ اس کی غزلوں میں جمالیاتی عنصر زیادہ ہے۔ غزلوں کے تین مجموعے شائع ہو چکے ہیں، نظموں میں ''جادو'' اور ''وژدلیانی بات'' اس کی اچھی نظمیں ہیں۔

۱۱- احمد جگر

اصل میں مکران سے تعلق رکھتا ہے۔ اب کراچی میں رہتا ہے۔ اچھا غزل گو ہے۔ اس کی غزل میں قدیم رنگ زیادہ ہے۔ محبوب کے ظلم و ستم کا ذکر درد انگیز انداز میں بیان کرتا ہے۔

۱۲- احمد زہیر

گوادر میں ۱۹۲۵ء میں پیدا ہوا۔ ۱۹۴۴ء میں کراچی آیا۔ غزل کا شاعر ہے۔ اس کی غزلوں میں ہجر و فراق کا زیادہ ذکر ہے۔

۱۳- شیر احمد بیدار

پابند اور آزاد دونوں قسم کی شاعری کرتا ہے۔ ''عیالے'' اس کی اچھی نظم ہے۔

۱۴- آدم حقانی

مکران کا باشندہ ہے لیکن اب کراچی میں رہتا ہے۔ عربی، فارسی اور اردو پر دسترس رکھتا ہے۔ کلام کا انداز پرانا ہے اور قومی رنگ زیادہ ہے۔

Marfat.com

۱۵- دوست محمد بیکس

بلوچی اور اردو میں شعر کہتا ہے - اس کی اکثر نظموں میں اقبال کا رنگ ملتا ہے -

بلوچی زبان کا نثری ادب

(۱) آزادی سے پہلے بلوچی نثر کی ابتدا ہو چکی تھی - درخوانی علماء نے اشاعت دین کے جذبے کے تحت بہت سی کتب لکھیں - مّلا حضور بخش نے قرآن شریف کا بلوچی میں ترجمہ شائع کیا - عیسائیوں نے انجیل مقدس کے ایک حصہ کا بلوچی میں ترجمہ کیا - قیامِ پاکستان کے بعد سے بلوچی نثر تیزی سے ترقی کر رہی ہے - تحقیقی اور تنقیدی مضامین کے علاوہ افسانوی ادب میں بھی اضافہ ہو رہا ہے - میر گل خان نصیر ، محمد حسین عنقا ، قاضی عبدالرحیم صابر ، مولانا خیر محمد ندوی اور ظہور شاہ سید نے بلوچی نثر کی داغ بیل ڈالی - موجودہ دور میں بلوچی نثر نگار خاصی تعداد میں نظر آتے ہیں - ان میں سے مندرجہ ذیل کا نام قابل ذکر ہے :

عبدالرحمان غور ، میر مٹھا خان ، ملک محمد رمضان ، عبدالغفار ندیم گچکی ، عبداللہ جمالدینی ، میر شیر محمد مری ، غلام محمد شہسوانی (مرحوم) امان اللہ ، م - طابر ، ایم بیگ بلوچ ، ایم - کے بلوچ ، عبدالحکیم ، شاہ بیگ رند ، مہر علی ، میر عبدالمالک ، احمد علی ، غوث بخش صابر ، محمد بخش لہڑی -

ذیل میں افسانہ نگاروں اور ڈرامہ نگاروں کے نام بھی دیے جاتے ہیں :

نعمت اللہ گچکی ، قرۃ العین طاہر ، صورت خان مری ، نسیم دشتی ، مومن بزدار ، رحیم صادق ، عطا شاد ، غوث بخش صابر اور عصمت جمالدینی -

کچھ کتابیں بھی شائع ہو چکی ہیں - کاردار بلوچی اکیڈیمی کراچی کی طرف سے ذیل کی چار علمی ادبی کتابیں بھی شائع ہوئی ہیں -

(۱) بلوچی زھگ بلا - (۲) مستاگ - (۳) بلوچی زبان و ادب کی تاریخ - (۴) بلوچی گرامر از کرنیل ما کلیور ، مترجم ایم بیگ بلوچ -

بلوچی اکیڈیمی کوئٹہ کی طرف سے ۱۹۶۶ء میں بشیر احمد کی مرتّب کی ہوئی کتاب ''جام درک'' شائع ہوئی ہے - یہ بلوچی زبان کے عظیم شاعر جام درک کے کلام کا مجموعہ ہے جس میں بلوچی اور انگریزی میں مفصّل مقدمہ بھی ہے - ''مست توکلی'' پر بھی بلوچی اکیڈیمی کی طرف سے ایک تحقیقی کتاب شائع ہوئی ہے -

بلوچ طلبہ کی جماعت ''ورنا واندہ گل'' نے ۱۹۶۶ء میں ''بوا انا نامہ'' شائع کیا جس میں معیاری مقالے ہیں۔ بلوچ طلبائے کراچی کی طرف سے ہر سال ''پنجار'' کے نام سے ایک کتابچہ شائع ہوتا ہے، جس میں بلوچی اور اردو میں مضامین ہوتے ہیں۔ ان کے علاوہ کراچی سے ایک خالصتاً ادبی کتاب ''سیتگین دستونک'' بھی شائع ہوئی ہے۔ ''بلوچی سیاہگ'' اور ''بلوچی بنگیجی'' نامی کتابیں بھی کراچی سے شائع ہوئی ہیں۔ ''نوکین دور'' کے خاص نمبر اور ''اولس'' کے خاص نمبر اور سالنامے بھی معیاری بلوچی مضامین پر مشتمل ہیں۔

دوسری کتب

انگریز حکمرانوں نے یہ ضروری سمجھا تھا کہ جو سرکاری افسر بلوچی علاقوں میں ہوں۔ وہ بلوچی جانتے ہوں۔ اس وجہ سے بلوچی سیکھنے کے لیے انگریزی میں کتابیں لکھی گئیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

۱- ارنیسٹ ٹرمپ نے بلوچی گرائمر شائع کی۔

۲- میجر ما کلر نے ۱۸۷۷ء میں مکرانی بلوچی گرائمر[1] مرتب کر کے شائع کی اب اس کا بلوچی ترجمہ بلوچی اکیڈیمی کراچی سے شائع ہوا جو ایم بیگ بلوچ نے کیا ہے۔

۳- مشرقی بلوچی کی گرامر ایچ نکل (H. Nicol) نے ۱۹۱۲ء میں لاہور سے شائع کی۔

۴- بلوچی ٹیکسٹ بک، ایل۔ ڈیمز نے لکھی اور ۱۸۹۱ء میں شائع ہوئی۔ قیام پاکستان کے بعد اردو میں بلوچی سکھانے کے لیے جو کتابیں شائع ہوئیں وہ یہ ہیں:

(۱) گال گپ۔ مولانا محمد قاسم عینی۔

(۲) بلوچی بوسیا۔ عبدالقیوم بلوچ، بولانا اکیڈیمی کوئٹہ۔

(۳) ماہنامہ ''بلوچی دنیا'' جگد والہ ضلع ملتان میں ''بلوچی دنیا'' کے عنوان سے اسباق شائع ہوئے تھے جن میں بلوچی سکھائی جاتی تھی۔

(۴) بلوچی اکیڈمی کراچی کی طرف سے بلوچی بچوں کے لیے ابتدائی درسی کتاب ''بلوچی زہگ بلد'' ۱۹۶۳ء میں شائع ہوئی۔

۱- کتاب کا نام یہ ہے Introduction to a Grammer of the Baluchi Language.

فصل اول

براہوئی زبان

علاقائی تعارف

براہوئی زبان مغربی پاکستان کے قلات ڈویژن میں بولی جاتی ہے۔ یہ ایک بے قاعدہ مستطیل ہے جو شمال میں قدرے لمبی اور جنوب میں قدرے چھوٹی ہے اور شرقاً غرباً برابر ہے۔ اصل میں یہ ڈویژن سطح مرتفع بلوچستان کا ایک حصہ ہے جو ۵۰۰ فٹ سے لے کر ۸۰۰۰ فٹ سے بھی زیادہ تک بلند ہے۔ یہ سطح مرتفع کوہ سلیمان اور کوہ کیرتمر کے مغرب میں واقع ہے۔ توبہ کاکڑ اور چاغی کے سلسلے اسے افغانستان سے علیحدہ کرتے ہیں۔ کوہ براہوئی وسطی اور کوہ وسطی مکران اس کے وسط میں افتاں و خیزاں ہیں اور کوہ ساحلی مکران اس کی جنوبی حد بندی کرتا ہے ۱۔

ازمنہ قدیم سے اس ڈویژن کے تعلقات مغربی اور وسطی ایشیا سے استوار رہے ہیں۔ ان تعلقات کا ذریعہ مندرجہ ذیل چار راستے تھے:

۱۔ اہم ترین راستہ درہ بولان ہے جو کولپور سے رندلی تک جاتا ہے اور ۵۴ میل لمبا ہے۲۔

۲۔ دوسرا راستہ درہ مولا تھا جو دریائے مولا کے دہانے سے انجیرا کے قریب شروع ہوتا ہے۳۔

۳۔ تیسرا راستہ لس بیلہ اور مکران کا بتری، لیکن ساحلی سمندر کے ساتھ ساتھ کا ہے۴۔

۴۔ چوتھا راستہ بحری راستہ ہے جو ساحل سمندر کے ساتھ ساتھ چلتا تھا۵۔

یہ ڈویژن بعض خصوصیات کی بنا پر مغربی پاکستان کا منفرد ڈویژن ہے۔ مثلاً اس کے

۱۔ ایس، احمد قاضی، ڈاکٹر، اے جیاگرافی آف پاکستان، ص ۲۵۔

۲۔ لہڑی، ملک صالح محمد خان، بلوچستان ص ۳ تا ۴ اور رشید اختر ندوی، مغربی پاکستان کی تاریخ، جلد اول ص ۳۲ پاورق۔

۳۔ لہڑی، ملک صالح محمد خان، بلوچستان، ص ۵۔

۴۔ انشینٹ انڈیا، اٹس انز دویژن بائی الیگزنڈر دی گریٹ از جے۔ ڈبلیو میکرنڈل ص ۱۶۶ تا ۱۸۰۔

۵۔ ایضاً ایضاً ایضاً

Marfat.com

جنوب میں بحیرہ عرب ، مغرب میں ایران اور شمال میں افغانستان واقع ہیں ۔ اس وجہ سے یہ دفاعی تجارتی سیاسی اور تمدنی اہمیت کا مالک ہے ۔

رقبے کے اعتبار سے بھی یہ ڈویژن مغربی پاکستان کا عظیم ترین ڈویژن ہے ۔ اس کا رقبہ ۱۸۰۸۷ مربع میل ہے ، جو مغربی پاکستان کے کل رقبے (۳۰۶۹۷۷ مربع میل) کا قریباً ۲۳٫۴ فیصدی ہے ۔ اس کا اکثر و بیشتر حصہ پہاڑوں اور صحراؤں ، جنہیں براہوئی زبان میں دشت یا بنجر چٹیل میدان اور ضلع کچھی کی زبان جٹکی میں بٹ یا پمر ٹمو کہتے ہیں ، پر مشتمل ہے ۔

مندرجہ بالا خصوصیتوں کے علاوہ قلات ڈویژن مغربی پاکستان کی متعدد نسلوں کا گہوارہ رہا ہے ۔ براہوئیوں اور بلوچوں کے موجودہ سیاسی تسلّط سے قبل قلات کے جنوبی حصوں میں جاٹ یا جدگال بہت طاقتور تھے [۱] ، جب یہ لوگ براہوئیوں کی یلغار کا سامنا نہ کر سکے ، تو اکثریتی طور پر سندھ اور پنجاب میں منتقل ہو گئے ، لیکن ضلع کچھی میں ایک اچھی خاصی تعداد برقرار رہی اور ان کی زبان جٹکی یا جدگالی آج بھی موجود ہے ۔

براہوئی ضلع قلات کے قدیم ترین باشندے ہیں ۔ ضلع مکران بلوچوں کا مسکن ہے ۔ ایران سے ہجرت کے بعد یہ لوگ یہیں آ کر بسے ، پھر رند اور لاشار کے تحت منظّم ہو کر مزید توسیع پذیر ہوئے ۔ انہوں نے قدیم اوستائی زبان کو برقرار رکھا اور ثقافت و سیاست پر دائمی نقوش ثبت کیے ۔ براہوئیوں نے بھی مختلف اقوام اور نسلوں کے ساتھ خلط ملط ہونے کے باوجود اپنی اس زبان کو جسے دراوڑ ، جو وادیٔ سندھ کی تہذیب کے آفرید کار تھے بولتے تھے ، برقرار رکھا ۔ ضلع قلات میں انہوں نے اپنی قبائلی زندگی کو منظّم کیا اور یہی ضلع بعد میں ریاست قلات کا مرکز بن گیا ۔ اس ضلع کو انتظامی لحاظ سے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا : ۱۔ سرداراں (جس کے معنی ہیں سرا یا شمالی) ۲۔ جھلاواں (بلوچی لفظ جھل بمعنی نیچے یا عقب یا جنوبی) ۔ مرکزی علاقے خانی شہر قلات کے علاقے سرداراں میں شامل تھے اور قلات کے جنوب کے علاقے جھلاواں میں ۔ جوں جوں ریاست قلات وسعت پذیر ہوتی گئی ، توں توں قلات کے شمال مشرق اور شمال مغرب کے تمام علاقے سرداراں میں شامل ہوتے گئے ، لیکن انیسویں بیسویں صدی میں جب انگریزوں کے حملوں کی صورت میں بہت سے علاقے ریاست قلات کی گرفت سے نکل گئے تو یہ ریاست اپنے قدرتی اور جغرافیائی خول میں واپس لوٹ آئی ۔ اس طرح سرداراں اور جھلاواں اپنی اصل اور بنیادی حد بندیوں میں محصور ہو گئے ۔ سرداراں کا رقبہ ۸۶۷۴ مربع میل اور جھلاواں کا رقبہ

۱۔ پگٹ ، سٹوارٹ پری ہسٹاریک انڈیا ، ص ۱۳۵ تا ۱۳۷ ۔

Marfat.com

۲۱۱۲۸ مربع میل ہے ۱ براہوئیوں کا اصل مسکن جھلاواں کا علاقہ ہے - یہیں سے یہ لوگ سرداراں میں پھیلے - یہ علاقہ رقبے کے اعتبار سے قلات ڈویژن کا قریباً ایک تہائی ہے - ۱۹۰۱ء میں ضلع قلات کی آبادی میں براہوئی ۸۹ فیصدی تھے اور ان کی غالب آبادی جھلاواں میں ہی تھی -

سرداراں

یہ علاقہ شمالی عرض بلد میں ۲۸°۵۷ اور ۳۰°۸ اور مشرقی عرض بلد کے ۶۶°۱۵ اور ۶۷°۳۱ درجات کے درمیان واقع ہے - شمالا جنوباً اس کی لمبائی ۶۰ میل ہے - شرقاً غرباً اس کی چوڑائی زیادہ سے زیادہ ۸۰ میل ہے - سرداراں کا علاقہ بالعموم پہاڑی ہے جو شرقاً غرباً متوازی سلسلہ ہائے کوہ پر مشتمل ہے - ان سلسلہ ہائے کوہ میں سطح سمندر سے پانچ ہزار فٹ سے لے کر ساڑھے چھ ہزار فٹ تک بلند وادیاں پائی جاتی ہیں - وسطی کاریزیں زیادہ چوڑی ہیں اور مشرقی پہاڑیوں میں محصور ہیں ، جن کی بدولت ان وادیوں میں ہرے بھرے کھیت نظر آتے ہیں - مشرقی وادیوں میں بہت گہرے نشیب ہیں جس کی وجہ سے یہاں کے باشندوں کا تعلق باہر کے لوگوں کے منقطع ہو گیا ہے ، مثلاً کوآک اور مرو کی وادیاں -

جھلاواں

یہ علاقہ عرض بلد پر ۲۸°۲۵ اور ۲۱°۲۹ اور طول بلد کے ۱۱°۶۵ اور ۲۷°۶۷ درجات کے درمیان واقع ہے - شمالا جنوباً اس کی زیادہ سے زیادہ لمبائی ۲۵۰ میل اور شرقاً غرباً چوڑائی زیادہ سے زیادہ ۱۰۰ میل ہے - جھلاواں کا طویل و عریض علاقہ شمال کی طرف بلند ہے اور جنوب کی طرف بتدریج ڈھلوان ہوتا چلا جاتا ہے ، جو زیادہ تر خشک پہاڑوں پر مشتمل ہے - ان خشک پہاڑی سلسلوں سے نکلنے والے دریا بھی برائے نام ہیں اور سارا سال خشک رہتے ہیں - صرف موسم برسات میں ان میں پانی آتا ہے - لیکن جتنا تیزی سے آتا ہے اسی تیزی سے بہہ بھی جاتا ہے -

دونوں حصوں کی آب و ہوا خضدار (جھلاواں ۳۸۰۰) تک ایک ہی جیسی سرد خشک ہے - لیکن خضدار کے جنوب میں زیادہ گرم ہو جاتی ہے - جھلاواں کے لوگوں کی اکثریت کاشتکار اور گلہ بان ہے - اس میں سے ۷۰ فیصد آبادی خانہ بدوش اور ''مالدار'' ہے جو سال بھر اس وسیع و عریض علاقے میں پانی اور چراگاہ کی تلاش میں ادھر ادھر

۱- بلوچستان ڈسٹرکٹ گزیٹیر سیریز ، جلد ششم (سرداراں) ص ۱ جلد ششم ب (جھلاواں) ص ۱ -

گھومتی پھرتی رہتی ہے - ڈبلیو - ایس - ہاس کے الفاظ میں جھلاواں کی آبادی کلاسیکی طرز زندگی افقی یا خالص خانہ بدوش کا نمونہ پیش کرتی ہے[1]- یہ لوگ خانہ بدوشانہ زندگی سے تنگ آ کر ساز گار اور مساعد حالات پاتے ہی سندھ میں مستقل آباد ہونے کے موقع کو بمشکل ہی چھوڑ سکتے ہیں - جھلاواں کے مقابلے میں سرداراں کے لوگ عام طور پر اپریل سے ستمبر تک اپنے پہاڑی علاقوں میں ہی کھیتی باڑی یا مویشی چرانے میں مصروف رہتے ہیں ، لیکن کرو اور کوریج کی تباہ خیزیوں اور سرمائی شدت کی وجہ سے اکتوبر سے مارچ تک بہت بڑی تعداد میں خاندان سمیت گلّوں اور سازو سامان لیے کچھی چلے جاتے ہیں - بعض کی یہاں زمینیں ہیں ، جن میں وہ کھیتی باڑی کرتے ہیں اور دوسرے لوگ ربوڑ چراتے ہیں - گویا ڈبلیو - ایس ہاس کے الفاظ میں سرادانی آبادی پہاڑی یا عمودی یا سقوطی خانہ بدوشی کا نمونہ پیش کرتی ہے اور اس پر نقلِ وطن کی کشش کا غلبہ نسبتاً بہت کم ہوتا ہے - بہر حال پہاڑوں کی خشکی ، دریاؤں کی پایابی ، کرو اور کوریج ہواؤں کی تباہ کاری ، سردی کی شدت اور ناگزیر خانہ بدوشی کی وجہ سے ان کے لیے آسان انسانی زندگی کا تصور نہیں کیا جا سکتا -

اس مخصوص جغرافیائی ماحول میں بسنے والے لوگوں کے عادات و خصائل ، گفتار و کردار اور رسم و رواج بھی قدرتی طور پر مختلف ہیں -

اوّلاً یہاں مرکزی نظام کا قیام ناممکن نہیں تو محال ضرور تھا - مواصلات کی دشواری اور عدم موجودگی کی بنا پر جو آبادی باہم مربوط اور مرکوز نہ ہو ، اسے ایک ہی نظام میں منسلک کرنا بہت مشکل ہے - لہذا یہاں قبائلی نظام رائج ہو گیا -

ثانیاً یہ لوگ لازماً جفاکش اور محنتی تھے - روزی کمانے کے لیے جس مسلسل اور کٹھن جد و جہد کی یہاں ضرورت تھی وہ صرف بقائے قوی کی ہی طلبگار اور ضامن تھی -

ثالثاً یہ لوگ جنگجو تھے اس لیے کہ کاریز ، چشمے ، چراگاہیں ، جنگل کے استعمال مذہبی عقیدے ، روایتی دستور کی کسی شق کی خلاف ورزی ، یا پھر کسی منچلے خطر پسند سردار کے ذوق بیکار کی وجہ سے کسی وقت بھی جھگڑا ہو سکتا تھا اس لیے ان لوگوں کو آمادۂ پیکار رہنا پڑتا تھا -

رابعاً یہ لوگ آزاد اور آزادی پسند تھے - کیونکہ جغرافیائی حالات کی بنا پر نہ تو ان کی نقل و حرکت پر کوئی پابندی لگائی جا سکتی تھی اور نہ ہی انتشار آبادی کی وجہ سے ان کی گفتار و کردار پر کوئی قدغن عائد ہو سکتی تھی -

---

۱- ہاس ولیم ، ایس ، ایران ، ص ۵۰ تا ۵۲ -

Marfat.com

خامساً — انہیں آبائی اعتقادات سے عشق تھا اور ان میں جہالت و توہمات کا دور دورہ تھا ۔

سادساً — ایک محدود تعداد چشموں یا کاریزوں سے فائدہ اٹھا کر عیش و تمول کی زندگی ضرور بسر کرتی تھی لیکن یہاں کی اکثریت خانہ بدوشی اور زمین کی ذاتی ملکیت نہ ہونے کی وجہ سے انتہائی عسرت کی زندگی گزارتی تھی ۔ متوسط طبقے کا وجود نہ تھا ۔

سابعاً — فلاکت اور غربت کی وجہ سے لوٹ مار کا رجحان عام تھا اس لیے گرد و پیش میں قائم ہونے والی (ایران پاکستان و ہند اور افغانستان) سلطنتوں نے انہیں حتی الوسع ان کے علاقائی حصار سے نکلنے نہ دیا اور نہ ہی ان سے کسی قسم کی عداوت مول لی ، بلکہ ان کے سرداروں کو نوازا اور انہیں داخل آزادی دے رکھی تھی ۔

ثامناً — بیرونی حملہ آوروں اور جنگ آزماؤں سے بچنے کے لیے انہوں نے آزادہ روی اور مرکز گریزی کے باوجود ایک مخصوص ہیئت اجتماعیہ قائم کی ، جس کی بنیاد خاندان ، برادری ، طائفہ اور قبیلہ پر رکھی گئی اور پھر آہستہ آہستہ ایک ایسے ماورائے قبیلہ نظام کی تشکیل عمل میں آئی جو بوقتِ امن انہیں اپنے اپنے حلقوں میں آزاد چھوڑ دیتا تھا ، لیکن بوقت جنگ ان کی متحدہ طاقت کو دشمن کے خلاف منظم کر سکتا تھا ۔

تاسعاً — مندرجہ بالا عوامل کے تحت تشکیل پانے والے معاشرہ پر قدامت پرستی اور روایت پرستی کا غلبہ تھا ۔ یہ ایک متحرک معاشرہ نہ تھا بلکہ جامد معاشرہ تھا جس میں مخصوص صفات و عادات کو خواہ وہ منفی ہوں یا مثبت ، یہاں دوام حاصل تھا ۔ دوسرے قبائل اور افراد کو جذب کرنے کے باوجود ہیئت اجتماعیہ اور ذہنی ساخت وہی رہی ۔ غرضیکہ قلات کے جغرافیائی ماحول میں ایک قبائلی معاشرے کی تمام خصوصیات ما قبل تاریخی دور سے ہی جاری و ساری رہیں[1] ۔

براہویوں کا حسب و نسب

براہوئیوں کے حسب ونسب کے متعلق مندرجۂ ذیل نظریات پیش کیے جاتے ہیں :

۱- براہوئیوں کا حکمران و مقتدر خاندان یا قبیلہ احمد زئی ہے جو امیر احمد خان اوّل (۱۶۶۵—۱۶۹۵ء) کو اپنا مورث اعلیٰ سمجھتا ہے ۔ اصل میں یہ براہوئی قبیلہ قبراڈی کی شاخ ہے جس کے ہاتھ میں پندرھویں صدی عیسوی سے براہوئی زمامِ اقتدار رہی اور جس کا قانون ہی براہوئی قبائل کا قانون سمجھا جاتا تھا ۔ یہ اپنی روایات میں اپنے آپ کو عربی کہتا ہے ۔

۱- کاجی، پروفیسر ایچ - ایل ، پرنسپلز آف جنرل جیاگرافی ، ص ۱۹۹ تا ۲۰۲ ۔

Marfat.com

احمد زئی قبیلے کے اس دعوے کے علاوہ براہوئی قبائلی تنظیم ان کے عادات و خصائل از قسم مہمان نوازی ، بہادری و جانبازی ، جذبۂ انتقام وغیرہ اور ان کی زبان میں خالص عربی حروف مثلاً خ اور غ وغیرہ کا وجود ان کے دعوے کو تقویت دیتا ہے۱ -

۲- براہوئی ٹرکو منگول تھے جو کوہ کیر قمر میں آباد تھے - انہوں نے دراوڑوں کو مغلوب کیا لیکن مفتوح کی تہذیب و زبان اپنا لی۲ -

اس نظریے کی تائید ایک بلوچ میر محمد حسین عنقا نے کی ہے جو 'شاہنامہ فردوسی' کی ترکیب ''کوج و بلوچ'' کے سہارے پر براہویوں کو کشان (کوشانی) ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۳ -

۳- پروفیسر رابسن کے خیال میں براہوئی ایرانی النسل ہیں ، جنہوں نے دراوڑوں کی زبان ضرور اپنا لی ہے لیکن ان میں سے کوئی دراوڑ نہیں۴ -

۴- براہوئی کردوں کے قبیلہ براہوئی سے ماخوذ ہیں اور ان کی آبادی میں کردوں کا عنصر اس پر دال ہے - بہت سے بلوچ اب بھی انہیں کرد کالی کہتے اور لس بیلہ میں براہوئی کو کردی کہا جاتا ہے۵ -

۵- بعض علماء کے نزدیک براہوئی گورجر (گوجر) قبیلہ بروہ یا براہ سے تعلق رکھتے ہیں۶-

۶- میر گل خان نصیر اور ملک صالح محمد کے نظریہ کے مطابق براہوئی بلوچوں کا طائفہ اوّل ہیں اور چونکہ وہ کوہ البرز سے یہاں وارد ہوئے تھے ، اس لیے پہلے برز کوہی کہلائے اور پھر براہوئی بن گئے۷ -

اصل میں براہوئی ایک نسلی ملغوبہ ہیں - ان میں جتّی ، کرد ، ایرانی ، منگول ، پٹھان ، بلوچ اور جاٹ وغیرہ شامل ہیں جو تاریخ کے مختلف ادوار میں یہاں وارد ہوئے اور مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ اصل براہوئی کے ساتھ جذب ہو کر انہی کی زبان و معاشرت اختیار کر گئے - براہیوں کا ایک قبیلہ بھی ایسا نہیں، جو براہوئی کے ذاتی نام سے پکارا جاتا ہو - جن ناموں سے

۱- برے ، سرڈینس ، دی براہوئی لینگویج ، ج ۲ ب ۲ ، ص ۴۰

۲- ہولڈ سرٹلس بحوالہ رشید اختر ندوی ، مغربی پاکستان کی تاریخ ج ۱ ، ص ۸۸ تا ۹۹

۳- ہفت روزہ اقلیم ، مستونگ - کیا براہوئی کوشانی مستونگ ہیں اگست ۱۹۶۵ء

۴- ندوی ، رشید اختر ، مغربی پاکستان کی تاریخ ج ۱ ، ص ۵۹

۵- بلوچ ، ایم ایس خان ، ہسٹری آف ریس اینڈ بلوچستان ، ص ۲۶۶

۶- حسن ، رانا علی ، تاریخ گوجر خان ، ج ۵ ، ص ۴۰۳ ، ۴۴۱ تا ۴۴۲ اینڈ کے ایم متشن دی کلوری دیٹ واز گوجر دیشیا ص ۹۰ ۳۶۹

۷- برے ، سر ڈینس ، دی براہوئی لینگویج جلد دوم ، پارٹ دوم ، ص ۳۴ تا ۵۵

Marfat.com

یہ قبائل پکارے جاتے ہیں وہ زیادہ تر قرونِ وسطیٰ کے فاتحین جیسے عرب ، ایرانی ، کرد منگول پٹھان اور بلوچ ہیں اور جو قبائل مقامی کہلاتے ہیں ان کے نام بھی انہیں فاتحین جیسے ہو گئے ہیں ، جیسے سالاڑی ، قلندر لاڑی ، (غالباً ترک عنصر کا مظہر ہے گرگیذ ندی اور گڑگناڑی شاید گورکان سے مربوط ہوں ، مزید برآں وادئ مرو بھی صریحاً ترک اثر کی حامل ہے) ہارونی ، ساتکزئی اور رستم زئی وغیرہ حتیٰ کہ محمد شاہی بھی - البتہ قلات کے جنوب میں نیچارہ ، جس سے نیچاری قبیلہ منسوب ہے ، ضرور کسی گہری قدامت کا حامل معلوم ہوتا ہے - قرونِ وسطیٰ کے تمام اہم فاتحین کا انتہائی خود نگر ہونے اور اپنے اپنے مخصوص تہذیب و تمدن کے حامل ہونے کے باوجود ، براہوئی زبان و تمدن کو اپنا لینے کا مطلب تو یہی ہے کہ اس میں متاثر کرنے کی قوت موجود ہے - گو آج اگر اصل بروہی تمدن وقت کی تہوں میں چھپ گیا ہے تاہم اس کا ہیولا آج بھی موجود ہے -

فصل دوم

براہوئی قبائلی و سیاسی تنظیم

وادئ سندھ کی تہذیب کے حاملین کا کافی حصہ تو آریوں کے قتل و غارت اور داروگیر کی نذر ہو گیا - باقی ماندہ افراد تین حصوں میں بٹ گئے - ایک وہ حصہ جو مزید مدافعت کا یارا نہ پا کر جنوبی بھارت میں منتقل ہو گیا اور آج تک وہاں اپنی مخصوص زبانوں ، تمدن اور اندازِ فکر و نظر کا مالک ہے اور سہ ہزار سالہ ہندو ابتلا و استعمار کے باوجود شمالی بھارت کی اکثر و بیشتر آریا ہندو آبادی سے بنیادی طور پر مختلف ہے - دوسرا وہ حصہ جس نے آریہ ظلم و ستم کو نقلِ وطن پر ترجیح دی اور وادئ سندھ میں ہی رہنا گوارا کر لیا اور آہستہ آہستہ اپنی افضل تہذیب سے آریوں کو متاثر کرتا رہا - تیسرا وہ حصہ جو قلات کے خشک ، اور غیر دلکش اور دور افتادہ پہاڑوں اور صحراؤں میں مقیم رہا - چونکہ ان کے مغرب ، شمال اور مشرق میں آریوں کا قبضہ ہو چکا تھا لہذا یہ لوگ نہ تو اپنے مخزن ، یعنی ہلالِ زرخیز سے مربوط رہ سکے اور نہ ہی جنوبی بھارت میں منتقل ہونے والے قبائل سے اور نہ ہی وادئ سندھ میں اپنے پسماندگان سے !

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ آریوں کی یلغار ہی واحد یلغار نہ تھی جس کا سامنا ان لوگوں کو کرنا پڑا ، بلکہ مغربی اور وسطی ایشیا کے قسمت آزما اور جنگ جو قبائل اپنی

Marfat.com

اقتصادی اور سیاسی مجبوریوں کی وجہ سے یکے بعد دیگرے اس علاقے اور اس کے لوگوں کو تختۂ مشق بناتے رہے ۔ ان نووارد‌وں کا بیشتر حصہ تو آگے گزرتا گیا ، لیکن ان کے کچھ حصے یہاں بھی اقامت پذیر ہوتے گئے ۔ خصوصاً ایرانی ، کرد ، عرب اور بلوچ تو ما بعد اسلام زمانے میں اچھی خاصی تعداد میں براہوئی علاقے میں سکونت پذیر ہوئے ۔ انتشار و خلفشار کا یہ عالم پندرھویں صدی عیسوی تک قائم رہا حتیٰ کہ اس مسلسل تذبذب سے بچنے کے لیے ذخائر آب اور کاریزوں اور چراگاہوں کی اشد ضرورت تھی اور ان کی اٹل حفاظت ، باہمی لوٹ کھسوٹ اور کشت و خون سے بچاؤ ، بیرونی حملہ آوروں کی روک تھام اور اپنے آپ کو زندہ رکھنے کی ضرورت نے ان بکھرے ہوئے پراگندہ قبائل میں مرکزیت کی ایک زبردست خواہش پیدا کر دی اور انہوں نے قبراڑی قبیلے سے قیادت کی درخواست کی ۔ قبراڑیوں نے اس بارِ قیادت کو سنبھال لیا اور اس طرح خانیٔ قلات وجود میں آئی اور یہ اسی قبیلہ کی شاخ احمد زئی میں جاری و ساری ہے[1] ۔

لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ براہوئیوں میں ظہورِ خانی سے پیشتر کوئی معاشرتی یا قبائلی تنظیم نہ تھی ، بلکہ دقیق مطالعہ سے یہ بات واشگاف ہوتی ہے کہ یہ معاشری یا قبائلی تنظیم نہ صرف قائم و دائم رہی ، بلکہ مزید طور پر راسخ ہو گئی اور اسی کے بنیادی اصول خانی کی تشکیل و تعمیر میں استعمال ہوتے رہے اور اسی کے قوانین و ضوابط کا بیشتر حصہ خانی کا وظیفۂ حیات اور اساس نظم و نسق بنا ۔ بہر حال براہوئیوں کی معاشری یا قبائلی تنظیم کا مطالعہ ہم دو حصوں میں کر سکتے ہیں ، یعنی ظہورِ خانی سے پہلے کی قبائلی تنظیم اور ظہورِ خانی کے بعد کی تنظیم ۔

ما قبل خانی دور کی قبائلی تنظیم

اس تنظیم کی بنیادی اکائی خاندان ہے ، جسے براہوئی اصطلاح میں ''پرا'' کہا جاتا ہے ۔ خاندان کا رکنِ اعلیٰ جو دراصل خاندان کا سردار ہوتا ہے ، ''پیرنگا'' کہلاتا ہے ۔ کئی خاندان مل کر برادری یعنی شلوار بناتے ہیں ۔ اسی سے شلواری تنظیم وجود میں آئی ۔ شلوار کے سربراہ کو ''کاشا'' کہتے ہیں ۔ مختلف شلواروں کے اشتراک سے ٹھکر بنتا ہے جس کا قائد ٹھکری کہلاتا ہے ۔ چند ٹھکریوں سے مل کر خوم یعنی قبیلہ بنتا ہے ۔ اس کے منظم اعلیٰ کو سردار کہا جاتا ہے ۔ ''پیرنگا'' کے علاوہ باقی تمام عہدے موروثی ہوتے ہیں ۔

یہ چند بندھے ٹکے ، سینہ بہ سینہ چلنے والے اصول تھے جو میر و فقیر اور سردار و قبائلی

۱۔ برے ، سرڈینس ، دی براہوئی لینگویج ج ۲ ، پارٹ دوم دوم ص ۶ تا ۷ ۔

Marfat.com

کے لیے یکساں طور پر لازمی تھے اور ہر کہہ و مہہ کا وظیفۂ حیات سمجھے جاتے تھے - یہی اصول جو براہوئیوں کے ہمراز تھے ان کے دستور تھے اور اس کی کسی شق کی خلاف ورزی جہاں ایک عام قبائلی کو سزا کا مستوجب ٹھہراتی تھی وہاں خود کہاش یا ٹھکری یا سردار کو بھی معزولی کا سزاوار بنا دیتی تھی۔ انہیں ہم معیار کہیں یا ضابطۂ ناموس یا نظامِ اخلاق و اقدار، بہر حال یہ اصول براہوئی قبیلے اور اس کے ہر فرد کے لیے نصِ قرآنی کا حکم رکھتے تھے - یہ اصول مندرجہ ذیل تھے[1] :

۱- خون کا بدلہ لینا ، خواہ اس کے لیے عمر بھر تاک میں رہنا پڑے - اسے براہوئی اصطلاح میں ''بیتر'' اور قدیم عربی اصطلاح میں ثار کہتے ہیں -

۲- پناہ گزیں کی مرتے دم تک حفاظت کرنا - اسے براہوئی اصطلاح میں باہوٹ کہتے ہیں ، جو غالباً قدیم فنیقی لفظ بیت بمعنی گھر سے بگڑا ہوا ہے -

۳- سپرد شدہ یا امانتی جائداد و مویشی کے لیے دمِ آخر تک لڑنا - اسے اصطلاحاً انامت کہتے ہیں جو عربی لفظ امانت کا براہوئی مترادف ہے -

۴- مہمان کی تواضع میں پوری تگ و دو سے کام لینا ، خواہ اس کے لیے بارِ قرض ہی اٹھانا پڑے - اس لیے ہر بستی میں ہر وقت مہمانوں کے لیے ایک گدان (خیمہ) مستقل لگا رہتا تھا اور مہمان کی خدمت امیر و غریب پر فرض تھی -

۵- عورت ، کمسن بچے ، کمین اور ہندو کو مارنے سے اجتناب کرنا -

۶- مجرم یا قاتل قبیلے کی کسی خاتون کی مداخلت پر جرم معاف کر دینا یا کم از کم صلح جو عورت کو پوشاک بطور عزت دے کر لوٹا دینا اور جرم معاف نہ کرنا، لیکن سیاہ کاروں کے قتل اس سے ہمیشہ مستثنیٰ تھے -

۷- زیارت یعنی کسی بزرگ کے مزار کے اندر کسی آدمی کو نہ مارنا ، خواہ وہ سخت جانی دشمن ہی کیوں نہ ہو -

۸- جنگ کے دوران اگر کوئی سید یا عالم یا عورت قرآن حکیم سر پر رکھ کر آ جائے یا ہاتھ میں ننگی تلوار لیے ہوئے بیچ بچاؤ کے لیے آ جائے تو لڑائی فوراً بند کر دینا -

۹- سیاہ کار (زناکار) اور سیاہ کارہ کو قتل کر دینا -

ان کے علاوہ بھی کچھ اصول ہیں جن کو براہوئی صدیوں سے عزیز از جان سمجھتے آئے ہیں۔ مثلاً بصورت جنگ پامردی و جانبازی ، اپنے سرداروں کی اندھا دھند تقلید، بشرطیکہ وہ نہ تو دستور قدیم کی خلاف ورزی کریں اور نہ ہی قبائل کی روزمرہ آزادانہ روشِ حیات

۱- بلوچستان ڈسٹرکٹ گزیٹئر ، جلد ششم ب ، ص ۱۲۲

میں مداخلت کریں ، کیونکہ ایسی صورت میں قبائلیوں کو بغاوت کا حق مل جاتا تھا ۔ وہ وہ ہمسایہ شخص جو کسی دوسرے قبیلے کا ہو اور عارضی طور پر کسی اور قبیلے کے پاس مقیم ہو) کی جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ کرنا اور بصورت جنگ اسے اپنے اصلی قبیلے میں واپس جانے اور اس کی طرف سے لڑنے کا حق دینا اور اپنے طرزِ حیات کے ساتھ بے پناہ دل بستگی اور پیوستگی ۔ بارش نہیں تو نہ سہی ، پہاڑ خشک ہیں تو خشک ہی سہی ، بدویت پر مجبور ہیں تو کوئی پرواہ نہیں ۔ ان تمام محرومیوں اور مشکلات کے مقابلے پر اپنا مخصوص صدیوں پرانا نظامِ حیات گویا کہ ان کی زندگی کا لب لباب اور منتہائے مقصود ہے ۔ اگر ان اصولوں کا مقابلہ قدیم عربوں کے ضابطۂ مروت سے کیا جائے تو ان میں ایک حیرت انگیز مشابہت بلکہ یگانگت ملتی ہے ۔ بہر حال یہ ضابطہ براہوئی سرداروں کے بظاہر غیر محدود اختیارات کی تجدید کر دیتا تھا ۔

ظہور خانی کے بعد

مرکزیت کی تلاش براہویئوں کو پلّو شریک کے درجے تک تو پہنچا ہی چکی تھی کہ پندرھویں صدی کے نصف آخر میں مکران میں بلوچ میر چاکر خان رند اور میر گوہرام خان لاشاری کے تحت مکران کے شمال مشرق کی طرف پیش قدمی کے لیے پر تولنے لگے ۔ عین اسی وقت براہوئیوں کی جستجوئے مرکزیت بھی غیر معمولی رفتار اختیار کر گئی اور انہوں نے قبائل کے سردار خیل سے متفقہ درخواست کی کہ وہ بین القبائلی قیادت کی باگ ڈور سنبھال لے ۔ چنانچہ میر قبراڑی براہوئیوں کا پہلا خان بنا [1] ۔ خانی کا انتخاب بھی کماشا ، ٹھکری اور سردار کی طرح بالواسطہ اصولِ انتخاب پر کیا گیا تھا ۔ اس کا صدر مقام قلات قرار پایا جو خطۂ قلات کے سلسلہ ہائے کوہ کے قریباً وسط میں واقع ہونے کی وجہ سے محفوظ ترین مقام سمجھا گیا اور جہاں سے خان کے لیے اپنی ریاست کے چاروں طرف نگرانی بھی آسان تھی ۔ خانی بھی دیگر درجہ وار قیادتوں کی طرح موروثی تھی اور آج تک قبراڑی قبیلے میں ہی مرکوز ہے ۔

خانیٔ قلات اپنے قیام سے لے کر قیامِ پاکستان تک تین ادوار سے گزری ۔ یعنی ابتدا سے ۱۶۶۶ء تک کا دور جسے تشکیلی دور کہا جا سکتا ہے ۔ ۱۶۶۶ء سے ۱۸۳۹ء تک جسے خانی کے عروج ، داخلی استحکام اور خارجی توسیع کا دور کہا جا سکتا ہے اور ۱۸۳۹ء سے ۱۹۴۷ء تک جسے انگریزی اقتدار کا نام دینا مناسب ہے مگر یہ اس کے خلاف ردِ عمل ، باہمی خلفشار اور تحریکات آزادی کا دور بھی کہا جا سکتا ہے ۔

۱۔ نصیر ، میر گل خان ، تاریخ بلوچستان جلد اول ، ص ۱۶

Marfat.com

مجموعی طور پر دیکھا جائے تو ریاستِ قلّات اصل میں آزاد قبائل کی ایک وفاقیہ تھی۔ قبائلی زندگی کا محور قبیلہ اور اس کا سردار تھے لیکن ماورائے قبیلہ مسائل خان کے سپرد تھے۔ خوانینِ قلات نے اکثر و بیشتر اختیار نمائی سے گریز کیا اور سرداروں کے اختیارات کو بخوشی تسلیم کر لیا۔ اسی طرح سرداروں نے ٹھکریوں پر اور ٹھکریوں نے کماشائیوں پر اور کماشائیوں نے پیرنگوں پر تسلّط اور دباؤ نہیں جمایا اور پوری تنظیم ایک وحدت کی طرح کام کرتی رہی۔ ثانیاً ریاست قلّات کو عموماً اپنی ہمسایہ اور زیادہ طاقت ور سلطنتوں کے ساتھ وفادارانہ تعلقات قائم رکھنے پڑے اور اکثر خوانین نے ان تعلقات کو اپنے قبائلیوں کی اقتصادی بہبودی کے لیے ہی استعمال کیا۔ براہوئی روایتی دستور کا یہ کمال تھا کہ قبائلی ان کے مقامی قائد، سردارانِ قبائل اور خوانین خانی، قلات کے زیادہ حصہ میں یک جہت و یک سو ہو کر چلے اور گو میر نصیر خان نے مقامی قائدین کو عسکری اختیارات دے کر اور انگریزوں نے سرداروں کے ساتھ براہِ راست تعلقات قائم کر کے اور انہیں وظائف دے کر زیادہ با اختیار بنا دیا، پھر بھی وہ مجموعی طور پر اسی روایتی دستور کے پابند رہے، جو براہوئیوں کا ہمزاد معلوم ہوتا ہے۔

فصل سوم

(الف) مذہب

براہوئی معاشرے میں پتھر کو ایک بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ براہوئی اپنے تمام جذبات کا اظہار پتھروں کی ڈھیریاں بنا کر کرتے ہیں۔

سر ڈینس برے کے خیال میں ان کے عقب میں کوئی عقیدہ ہے۔ براہوئی زبان میں پتھر کو ''خل'' کہتے ہیں جس کے دراوڑی مرادفات مندرجہ ذیل ہیں۔ کل (تامل۔ ملیالم۔ کناری) کلو (تلیگو۔ تولو) ۱ عربی میں ایک لفظ خوالد ہے جس کا معنی پہاڑ یا پتھر ہے۲ ایک اور عربی لفظ کل بمعنی ایسا شخص جس کا والد اور اور اولاد نہ ہو ''یتیم'' بے خبر، کمزور'' چھری تا تلوار کا پہلا حصہ، وکیل، محتاج، عیال، بھاری، بوجھ اور بت مستعمل ہے۳ براہوئی لفظ خل دراوڑی کل اور کلو اور عربی الفاظ خوالد اور کل سب

۱- برے، سر ڈینس دی براہوئی لینگوئج جلد دوم، پارٹ سوم، ص ۱۷۸۔
۲- منجد، مطبوعہ دارالاشاعت کراچی، ص ۳۴۲۔
۳- ایضاً ص ۱۱۰۹۔

Marfat.com

ہم معنی و ہم اصل معلوم ہوتے ہیں۔ دراوڑی اور براہوئی لوگ ما قبل تاریخ دور میں یقیناً بت پرست تھے ۔ نہ صرف یہ بلکہ وہ کوہ پرست بھی تھے۔

سر جان مارشل کے خیال میں وادیٔ سندھ کے لوگ غالباً پانی کی بھی پرستش کرتے تھے ۱ اور انھی سے آریوں یا ہندوؤں نے گنگا دیوی اور جمنا دیوی اور گنگا اشنان کے اعتقادات اپنائے ۲۔ اپنے منبع اور ہم مخرج قبائل سے کٹ جانے اور پہاڑی چاردیواری میں محصور ہونے اور اس کے نتیجہ کے طور پر خانہ بدوشی اختیار کرنے کی وجہ سے براہوئیوں پر توہمات کی ایک طویل رات مسلط ہوتی گئی۔ ان توہمات میں سے بعض اب بھی ان کے رگ وپے میں پیوست ہیں ۔ اور ان کے مافوق الفطری عقائد کا حصہ ہیں۔

توہمات کا یہ طلسم نہ جانے کتنا گہرا اور غیر مختتم ہوتا اگر اسلام کی روشنی ان براہوئیوں کو نصیب نہ ہوتی ۔ ۶۶۴ء میں اگرچہ خضدار پر عربوں کے قبضہ سے ۳ اسلام کے اثرات پھیلنے لگے لیکن جب آخر اٹھارھویں صدی کے وسط میں اسلام کو یہاں کے ایک حاکم میر نصیر خاں کا تحفّظ حاصل ہوا تو اسلام کے احکام سرکاری طور پر نافذ کیے گیے ۔ اس کی اپنی زندگی شریعت کے مطابق تھی اور اس کے اندر بے پناہ مذہبی ولولہ موجود تھا ۔ اس کے عہد میں افغانی عالم مـلّا ملک داد ابن آدین غرشین قندھاری ثم قلاتی نے جو عربی ، فارسی ، پشتو اور براہوئی کا بہت جید عالم تھا ، پہلی دفعہ نور اسلام کو براہوئی قبائلیوں تک پہنچانے کا عزم کیا ۔ قدرتی طور پر اس مقصد کے لیے بہترین ذریعۂ اظہار و تبلیغ براہوئی زبان ہی ہو سکتی تھی ۔ چنانچہ ۱۷۵۹ء میں انہوں نے 'تحفۃ العجائب' لکھی جس میں شریعت اسلامیہ کے روزمرہ کے اصول شعری پیرائے میں بیان کیے اور یہی موجودہ براہوئی زبان کی اولین و قدیم ترین کتاب ہے ۔ یہ مـلّا ملک داد کی شخصیت ہے ، براہوئی علماء فضلاء کی قائد ہے اور ان کی اسلام گستری اب بھی جاری و ساری ہے ۔ اس کے علاوہ میر نصیر خان اعظم نے خود بھی تبلیغ حق کے لیے بہت جد و جہد کی ۔ چونکہ براہوئیوں کے منبع جھلاواں میں توہمات کا دور دورہ تھا اور شریعت پر عمل نہ ہوتا تھا لہذا اس نے ۱۶۶۷ء میں ایک خاص وفد وہاں بھیجا جس نے میر موصوف کے فرمودہ مندرجہ ذیل احکامات وہاں نافذ کیے :۴

۱۔ شریعت کے اوامر و نواہی پر سختی سے عمل کیا جائے۔

۱۔ ندوی ، رشید اختر ، مغربی پاکستان کی تاریخ، جلد اول ، ص ۱۷۲ تا ۱۷۳ ۔
۲۔ ایضاً ۔
۳۔ مولوی دین محمد ، یادگار تاجپوشی قلات ، ص ۱۲ ۔
۴۔ بلوچستان ڈسٹرکٹ گزیٹر سیریز جلد ششم ب ، ص ۳۹ تا ۴۱ ۔

۲- شادی ، ختنہ اور دیگر تقریبات پر سرود ، تمبور ، نے ، چنگ ، دف وغیرہ مطلقاً استعمال نہ کیے جائیں -

۳- شادیوں اور دیگر طربیہ مواقع پر مرد اور عورتیں اکٹھے چاپ (رقص) میں ہرگز حصہ نہ لیں -

۴- بھنگ ، چرس اور شراب ممنوع ہیں اور کوئی عورت بے پردہ بازار نہ جائے -

۵- غلاموں کی تجارت ممنوع ہے -

۶- اموات پر مرد اور عورتیں زیادہ ماتم نہ کریں ، یعنی سر ننگے نہ کریں ، بال نہ بکھرائیں ، چہرے مسخ نہ کریں اور اپنے آپ کو زخمی نہ کریں -

۷- مسلمان فقیروں کے پاس ارادت مندی سے نہ بیٹھیں اور وہ لمبے بال نہ رکھیں -

۸- قصبات میں جمعہ کی نماز لازمی قرار دی گئی اور محلے کے لوگ محلے کی مسجد کے امام کے نان و نفقہ کے ذمہ دار ٹھہرائے گئے -

۹- سیاہ کاری کے غلط الزام پر بہتان تراش کو اسی درے کی سزا ملے گی اور بعد میں وہ ساقط الاعتبار سمجھا جائے گا - بیٹوں اور بیٹیوں کے ساتھ بلا جرم سختی اور بد سلوکی بھی ممنوع قرار دی گئی -

۱۰- ہندو اپنے مندروں میں مسلمان نوکر نہ رکھیں - مسلمان ان کی پوجا میں شریک نہ ہوں - ہندوؤں کے مکان مسلمان باشندوں کے مکانوں سے اونچے نہ ہوں اور وہ شناخت کے لیے ماتھوں پر تلک یا ٹیکہ لگائیں - مندروں میں عبادات پر موسیقی ممنوع قرار دی گئی اور ماتموں پر بھی - سیر و تفریح میں ہندو مسلمانوں سے آگے نہ نکلیں اور ایسے ہی بازار گلی وغیرہ میں بھی ہندو زین والے گھوڑے پر نہ بیٹھیں -

۱۱- مزاروں کے آس پاس بھیڑیں قربان نہ کی جائیں اور ان کا خون بیٹوں ، دلہنوں ، دولھوں یا گھوڑوں کو نہ لگایا جائے - لمبے لمبے بال رکھنے والے شجنوں کے سر تراش اور بال کاٹ دیے جائیں اور انہیں مریضوں کے پاس نہ آنے دیا جائے اور ان پر مطلق اعتبار نہ کیا جائے -

۱۲- زکواۃ اور عشر واجب قرار دئیے گئے -

۱۳- سود ممنوع کر دیا گیا -

(ب) ثقافت

۱۹۲۱ء کی مردم شماری کے مطابق براہوئیوں کی ۳۸ فیصدی آبادی مستقلاً خانہ

Marfat.com

بدوش تھی[1] اور جیسا کہ پہلے جغرافیائی پس منظر میں اشارہ کیا جا چکا ہے براہوئی خانہ بدوشی صرف عمودی ہی نہیں جس کا منظر سرادان پیش کرتا ہے بلکہ کلاسیکی یا خالص یا افقی خانہ بدوشی بھی ہے جو جھلاوان پر محیط ہے اور جو اپنے حاملین کو مسلسل مصروف سفر رکھتی ہے ظاہر ہے کہ ان حالات میں براہوئی ثقافت زیادہ تر خانہ بدوشوں کی ثقافت ہے - اس نہج حیات میں چونکہ انہیں مختلف النوع خطرات در پیش رہتے ہیں لہذا انہیں ہر وقت تیار، چوکس اور کمر بستہ رہنا پڑتا ہے - اس لیے شمشیر آزمائی ، نیزہ بازی ، تیر اندازی، شہسواری ، بندوق بازی اور اسی قبیل کے دیگر مشاغل ان میں بہت مقبول ہیں -

لیکن ظاہر ہے کہ یہ مشاغل ان کے جذباتی نکاس اور بحالی کے لیے کافی نہیں ہیں - اس کے لیے گیت اور لوک ناچ نے وجود پایا ! ان کا مشہور ترین لوک ناچ چاپ کہلاتا ہے - ڈھول بجانے والا کسی کھلے اور صاف میدان میں ڈھول لے کر کھڑا ہو جاتا ہے اور ڈھول بجانا شروع کرتا ہے - رقص و چاپ کے ماہرین اور شوقین اس گرد حلقہ بنا کر ڈھول کی تال پر برابر برابر قدم اٹھاتے ہوئے اور اسی مناسبت سے اپنے قدم آگے پیچھے کرتے ہوئے گھومتے رہتے ہیں -

براہوئی موسیقی عموماً ساز اور آواز کی ہم آہنگی کا نام ہے - پہاڑی علاقوں میں ایک چھوٹا سا گول گیند نما لیکن قطر میں قدرے کم ساز ہوتا ہے جسے آگ میں پکا کر سرخ اور سخت کیا جاتا ہے اور ''شول'' کہلاتا ہے - آواز میں قربت کی بنا پر اسے اگر بانسری کہا جائے تو شاید مناسب ہو ورنہ شول مٹی کا بنا ہوا ہوتا ہے اور بانسری لکڑی کی اور ساخت اور ہئیت میں جو فرق ہے وہی آواز میں بھی ہے - اس کے علاوہ گرو یانے ، سرنہ یا سرو نزیا سروز ، چنگ اور دف وغیرہ بھی استعمال ہوتے ہیں -

براہوئی معاشرے میں بچے کی پیدائش خوشی کا ایک بہت بڑا موقعہ فراہم کرتی ہے - اس کی آمد قبیلے کی حربی قوت میں ایک اور جوان کی آمد متصوّر ہوتی ہے اور بسا اوقات بندوق چلا کر اس کا اعلان کیا جاتا ہے[2] -

شادی بیاہ کے موقعوں پر براہوئی خواتین عموماً موزوں لوک گیت ''ہالو ، ہلو'' گاتی ہیں جن کے لیے دف استعمال ہوتی ہے[3] -

---

۱- برے ، سر ڈینس ، دی براہوئی لینگوئج ، جلد دوم ، ص ۱۰ -
۲- ایضاً ص ۲۷۰ -
۳- ایضاً ص ص ۲۷۱ تا ۲۷۲ -

موت کی رسموں میں تجہیز و تکفین تو اسلامی دستور کے مطابق انجام پاتی ہیں لیکن بعض رسمیں بہت قدیم ہیں اور میر نصیر خان اعظم کی ۱۷۷۶ء کی اصلاحات کے باوجود اب بھی جاری ہیں - ماتم سرائی ، گریہ وزاری، چارپائی پر ایک مدت معینہ تک نہ سونا ، دودھ نہ پینا وغیرہ ایسی ہی رسمیں ہیں - ان مواقع پر موزوں لوک گیت سودہ (نوحہ) بھی پڑھا اور گایا جاتا ہے - قبائلیوں میں یہ تصور بھی پایا جاتا ہے کہ مردہ کی روح واپس لوٹتی ہے جو نقصان کا باعث ہوتی ہے - چنانچہ اس کے دفعیہ کے لیے راستے میں رائی کے دانے پھینک دیئے جاتے ہیں اور اندھیرے میں مرحوم کا نام نہیں لیا جاتا، یا بہت ہی آہستہ لیا جاتا ہے - مرحوم کے عزیز و اقارب دعائے مغفرت و خیر کے لیے آتے ہیں اور دعا کے بعد وارث کو ایک ، پانچ ، گیارہ ، یا اکیس روپے حسب توفیق یا حسب تعلق دیتے ہیں - جفت روپے معیوب تصور ہوتے ہیں یہ مالی امداد ''پٹرس'' کہلاتی ہے[1] -

اجتماعی امداد کا یہ طریقہ براہئوں میں بہت قدیم معلوم ہوتا ہے - شادی بیاہ کے اخراجات نمٹانے کے لیے بھی عزیز و اقارب سے مدد لے لی جاتی ہے جسے ''بجار'' کہتے ہیں[2] براہوئی مستورات اپنے اوقاتِ فرصت میں کشیدہ کاری کرتی ہیں - ''کوٹڑوچکن'' (گاؤں کوڑو کے نام کی مناسبت سے) اچھی خاصی مشہور ہے[3] یہ کشیدہ کاری کرتوں ، چادروں ، دوپٹوں وغیرہ پر کی جاتی ہے اور ان پر نہایت دیدہ زیب طریقے سے شیشے ٹکا دیئے جاتے ہیں - واسکٹ ، زوڑ (نمدے کا بنا ہوا کوٹ) اور چپلیوں پر بھی کشیدہ اور شیشہ کا کام کیا جاتا ہے[4] -

براہوئی بچوں کے مخصوص کھیل جن سے بڑی عمر کے افراد محظوظ ہی نہیں ہوتے بلکہ بعض اوقات اپنی عملی شرکت بھی احیائے طفلی سمجھتے ہیں ، گو ، ہو ، کھڈک اور میلش بھٹکو کہلاتے ہیں[5] - گو تو عام دوڑ کے مترادف ہے - ہو کو جویا یا جھو یا واری واری بھی کہتے ہیں اور اس کے کھیلنے والے عموماً دو گروہوں میں بٹ کر کھیلتے ہیں اور اس میں بچوں کے علاوہ نوجوان بلکہ ادھیڑ عمر کے لوگ بھی حصہ لے لیتے ہیں اور سردار ، ٹھکری یا مقدم بھی بطور تماشبین اور منصف حصہ گیر ہوتے ہیں -

---

۱- پروانہ ، نور محمد ، ثقافت و ادب وادی بولان میں - ''مضمون براہوئی ثقافت'' ص ۲۸۵ -
۲- ایضاً ص ۲۷۱ -
۳- برے، سر ڈینس ، دی براہوئی لینگوئج جلد دوم ، پارٹ سوم ، ص ۱۷۱ -
۴- پروانہ ، نور محمد ، ثقافت و ادب وادی بولان میں، مضمون ''براہوئی ثقافت'' ص ۲۸۷-
۵- ایضاً ص ص ۲۸۸ تا ۲۹۶ -

Marfat.com

علاج معالجہ کے لیے دور افتادہ اور شاہراہوں سے ہٹے ہوئے دیہات اور خیموں میں عموماً جڑی بوٹیاں استعمال ہوتی ہیں۔

لوڑی یا پیشہ ور گویے بلوچوں کی طرح براہوئی معاشرہ کا بھی ایک لازمی جزو ہیں لیکن یہاں وہ محض معاشرے کے خدمت گاروں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ وہ شجراتِ نسب، لوک ادب اور لوک گیتوں کے محافظ ہونے اور تقریبات پر نغمہ گو و موسیقی نواز ہونے کے بلوچوں کی طرح شاعروں اور شاعر گروں کا درجہ حاصل نہیں کر سکے اور نہ ہی انہیں براہوئی ثقافت کا نشان یا علامت سمجھا گیا ہے۔

فصل چہارم

براہوئی زبان

براہوئی زبان آریائی یا ہندو اروپائی قدیم و جدید السنہ از قسم سنسکرت، قدیم فارسی، یونانی، لاطینی، انگریزی، فرانسیسی، جرمن، اطالوی، روسی، فارسی اور ہندی کی طرح تعریفی زبان نہیں، جو اپنے قواعدی رشتوں کو ممیّز کرنے کے لیے لاحقوں، سابقوں یا میانوں کے ذریعے الفاظ کی انتہا یا ان کی صورت تک کو بدل ڈالتی ہیں اور یہ لاحقے، سابقے اور میانے اسماء کے ساتھ مل کر اپنے معنی اور اپنی انفرادیت ہی کھو بیٹھتے ہیں، تاکہ ایک نیا معنی یا ایک نیا لفظ پیدا ہوسکے[1]، اور نہ ہی براہوئی زبان چینی یا تبتی کی طرح یک لفظی یا یک رکنی زبان ہے کہ ہر لفظ بغیر کسی اضافہ کے ایک بنیادی خیال کا مظہر ہو[2]، بلکہ یہ التعاتی یا امتزاجی یا غیر تعریفی زمرہ کی زبان ہے۔ اس زمرے میں قدیم و جدید سامی زبانیں از قسم بابلی، فنیقی یا کنعانی یا آرامی، عبرانی، آشوری، کلدانی، مصری، قبطی اور عربی اور یورال الطائی زبانیں از قسم سمیری، ترکی، منگولی، ہنگروی وغیرہ شامل ہیں[3]۔ دراوڑی السنہ، از قسم تامل، تلیگو، ملیالم، تولو، کداگو اور براہوئی وغیرہ کہ تراشیدہ و متمدن بولیاں ہیں اور گوند، اکھونڈ، کوٹا، ٹوڈا، اور اون اور راج محل کہ غیر متمدن و نا تراشیدہ ہیں، بھی اسی زمرے میں شامل کی جاتی ہیں۔ ان تمام السنہ کا اصول مشترک یہ ہے کہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کو لاحقوں، سابقوں اور میانوں کے ذریعے ایسے جوڑ دیتی ہیں کہ وہ تعریفی السنہ کے لاحقوں کی طرح اصل لفظ میں کاملاً جذب تو

---

[1]، [2]، [3]- کیسلز چلڈرنز، بک آف نالج، مطبوعہ کیسل اینڈ کمپنی لمیٹڈ لندن، جلد پنجم ص ۱۸۴۲ تا ۱۸۴۳

نہیں ہوتے لیکن اپنے معانی قائم رکھنے کے باوجود امتزاج یا التعاق سے ایک نیا معنی ضرور پیدا کر دیتے ہیں اور اس طرح تعریفی السنہ کے مقصد کو پا لیتے ہیں ۱ - گویا براہوئی اور دیگر دراوڑ السنہ کا سامی و حامی السنہ سے رشتہ نہ صرف قریبی بلکہ قدیم ہے اور اغلب ہے کہ مزید تحقیقات کی روشنی میں یہ تسلیم کرنا ہی پڑے کہ دراوڑ نسل کا شرارہ بنو سام و بنو حام کے شعلہ سے بھی ٹوٹا تھا !

براہوئی زبان چونکہ قلات کے جغرافیائی ماحول میں گھٹی رہی، جہاں صرف خانہ بدوشانہ ، شبانی اور قبائلی طرزِ حیات ہی ممکن تھا اس لیے یہ جنوبی بھارت کے مختلف ماحول میں پروان چڑھنے والی دیگر دراوڑ السنہ سے مختلف ہوتی گئی اور اپنی وہ ماہیت من و عن برقرار نہ رکھ سکی جو وادیٔ سندھ کے تمدن میں اس کے لیے مخصوص تھی - زبان لازماً ایک جغرافیائی اور سماجی پرتو ہے اور براہوئی اس سے مستثنیٰ قرار نہیں دی جا سکتی - ثانیاً ہند و پاکستان اور ایران میں قائم ہونے والی طاقتور سلطنتوں کے زیر اثر ، خصوصاً ما بعد اسلام دور میں ، جب کہ ان باہم متخالف و متضاد سلطنتوں میں ایک ناگزیر لسانی و تمدنی یگانگت پائی جاتی تھی ، براہوئی میں عربی ، فارسی ، بلوچی ، پشتو اور سندھی وغیرہ کے بے شمار الفاظ داخل ہو گئے، لیکن جنوبی بھارت کی دراوڑ السنہ اس یورش سے بچی رہیں - ثالثاً ریاست قلات کی سرکاری ، درباری اور دفتری زبان فارسی تھی ، لہذا براہوئی صرف بول چال کی زبان رہ گئی اور تامل وغیرہ کی طرح کوئی ادب پیدا نہ کر سکی !

لیکن ان دخیل الفاظ کی ان دبیز تہہ کے باوجود براہوئی کی اساسی لغت بھی دراوڑی ہے - گرامر زیادہ تر وہی ہے جو دراوڑ السنہ کی ہے - پہلے تین اعداد است (ایک)، ارٹ (دو) مسٹ (تین) دراوڑی ہیں - ضمائر جیسے در (کون ؟) دنا (کس کا) دڑے (کس کو) ، انت (کیا) ، ارا (کس کا) وغیرہ بھی دراوڑی ہیں - دراوڑ الفاظ کم ہونے کے باوجود بہت مضبوط اور زندگی کے اساسی ترین اور ابتدائی ترین تصورات کے مظہر ہیں - مثلاً منہ ، کان ، آنکھ ، دماغ ، خون ، نیند ، چوٹی ، تہ وغیرہ جیسے اسمائے ذات ، بڑا ، چھوٹا ، نیا ، پرانا ، میٹھا ، تلخ ، گرم ، سرخ وغیرہ ، صفات ، افعال جیسے ہونا ، ہو جانا ، آنا ، دینا ، کھانا ، بولنا ، سننا ، دیکھنا ، سمجھنا ، لینا ، مارنا ، ڈرنا ، مرنا وغیرہ - متعلق افعال جیسے پہلے یا پیشتر ، بعد ، سابقہ ، ابھی تک یا ہنوز ، اور آج وغیرہ میں براہوئی لازماً ایک دراوڑی زبان ہے ۲ - نہ صرف یہ بلکہ روزمرہ کی لغت میں بھی براہوئی اور دراوڑی السنہ بیّن طور پر

۱- دی امریکن پیپلز انسائیکلوپیڈیا ، جلد ہفتم ، مطبوعہ سینئر پریس شکاگو ، کالم نمبر ۳۰۸
۲- برے ، سر ڈینس ، دی براہوئی لینگوئج ، جلد دوم ، پارٹ دوم ، ص ۱۵ تا ۱۶

Marfat.com

مشابہ ہیں - یہ بات مندرجہ ذیل نقشے سے بخوبی واضح ہو سکتی ہے ۱ :

اردو	براہوئی	دراوڑی السنہ
پانی	دیر	نیر
پتھر	خل	کل
آئینہ	آدینک	کناھدی

یہ تقابلی مطالعہ اچھا خاصا طویل و بسیط ہو سکتا ہے اور سر ڈینس برے نے اپنی ڈکشنری میں قریباً ساڑھے تین سو الفاظ دیے ہیں جو براہوئی زبان اور دیگر دراوڑ السنہ میں مشترک ہیں -

لیکن اس موازنے کو ذرا آگے بڑھایا جائے اور التعاقی زمرہ کی ہی قدیم و جدید سامی السنہ سے اس کا تقابل کیا جائے تو نہایت معنی خیز اور پر امکان مشابہت بلکہ یگانگت ملتی ہے - مثلاً نقشہ ذیل میں براہوئی اور قدیم سامی السنہ کا ایک مختصر سا تقابلی منظر دیکھیے ۲ :

اردو	براہوئی	فنیقی ، عبرانی وغیرہ
ابا	باوا ، ابا	ا ب ، ابو ، ابا ، ابون
ماں	لہاں	ایم ، امو ، ایما ، ام
کان	خف	قاف (براہوئی میں ق نہیں ہے)
آنکھ	خن	عین (براہوئی میں ع نہیں ہے)

یہ مشابہت و یگانگت براہوئی ، دیگر دراوڑی السنہ اور عربی کے تقابلی مطالعہ سے اور بھی واضح ہو سکتی ہے جیسا کہ نقشہ ذیل سے ظاہر ہو جائے گا ۳ :

اردو	براہوئی	دیگر دراوڑ السنہ	عربی
سنہ	با	یایی ، بائی ، وائی ، وایی	فو ، فوہ
کان	خف	کیوی ، کوی ، کییی ، گوی	قوف (کان کا بالائی حصہ)

۱- برے ، سر ڈینس ، دی براہوئی لینگویج ، جلد دوم پارٹ سوم و ہفت روزہ ایلم مستونگ بابت ۱۷ نومبر ، ۲۶ نومبر و ۳ دسمبر ۱۹۶۴ء مضمون ، وادیٔ سندھ میں دراوڑی زبان کی باقیات ، از عین الحق فرید کوٹی -

۲- 'اے فرسٹ ہیبر یو ریڈر' مصنفہ ڈاکٹر ڈنکن کیمیروں ص ص ۱۱ ، ۱۷ ، ۳۶ ، ۳۷ و کیسلز چلڈرنز بک آف نالج جلد پنجم - کیسل اینڈ کمپنی لمیٹڈ لندن ص ص ۲۶۵۷ ، ۲۷۵۱ ، ۲۹۹۹

۳- براہوئی الفاظ بمعہ معانی و دراوڑی مرادفات ، دی براہوئی لینگویج ، مصنفہ سرڈینس برے جلد دوم پارٹ سوم سے ماخوذ ہیں اور عربی الفاظ منجد ، عیاث اللغات مطبوعہ رزاق پریس کانپور اور فیروز اللغات فارسی مؤلفہ و مصنفہ مولوی فیروز الدین سے -

آنکھ	خن	کن ، کن، کنو ، کنو ، خن ، قنو	
سے یا از	آن	ان ، آن ، آل	عن اور من دونو مستعمل ہیں
دل ، دماغ	است	ال، الن، الا، الامو، التا، التی	است (مرکز ، بنیاد ، جڑ)

مذکورہ تقابلی نقشے سے یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ براہوئی کا قدیم سامی السنہ جن کی براہ راست جانشین اور حامل عربی ہے ، سے رشتۂ یگانگت پایا جاتا ہے اور یہ بات ان کی نسل متعیّن کرنے میں بے حد اہمیت کی مالک ہے ۔

براہوئی کی لغت زیادہ سے زیادہ آٹھ دس ہزار الفاظ پر مشتمل ہے ۔ سر ڈینس برے نے اپنی ڈکشنری میں ساڑھے پانچ ہزار الفاظ دے ہیں ، لیکن بہت سے الفاظ ان کی گرفت میں آنے سے بچ گئے ۔ بہر حال براہوئی اپنے اسی ذخیرۂ الفاظ سے قلات کے علاوہ مکران و خاران ، چاغی ، کوئٹہ ، کچھی ، کراچی ، سندھ اور جنوبی افغانستان اور مشرقی ایران کے براہوئیوں کی ضرورتِ اظہار و ابلاغ کو پورا کر دیتی ہے ۔ پھر بھی ہمارے روز افزوں ترقی کے ماحول میں یہ ذخیرہ بہت کم ہے اسی لیے اب اس میں دھڑا دھڑ انگریزی اور اردو الفاظ داخل ہو رہے ہیں ۔ ویسے بھی براہوئی لغت کا قریباً پچاس فیصدی حصہ اردو داں طبقے کے لیے قابل فہم ہے کیونکہ براہوئی کے قریباً بیس فیصدی الفاظ ، دس فیصدی عربی اور قریباً ایک تہائی جٹکی ، سندھی ، بلوچی اور پنجابی سے مشترک ہیں ۔

براہوئی زبان و گرامر پر تصانیف

انیسویں صدی کے وسط میں اس علاقے میں انگریزوں کا دخل ہوا تو ایک انگریز لیفٹننٹ کہ ہنوز جوان تھے اور عسکریات و مسافیات سے کہیں زیادہ علم و ادب کا شغف رکھتے تھے (آر ۔ لیچ) کو براہوئی زبان و ادب کے مطالعے پر مامور کیا گیا ۔ انہوں نے اپنے مطالعات کو ایک مقالے کی صورت میں جنرل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی کو پیش کیا ۔ یہ مقالہ جون ۱۸۳۸ء میں جرنل کے شمارہ نمبر ۷۸ میں چھپا اور اسی کو رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز لاہور نے ۱۹۰۰ء میں ایک کتابچے کی صورت میں چھاپا ۔ یہی کتابچہ ہمارے پیش نظر ہے ۔

لیچ نے جس وقت براہوئی زبان و ادب کا مطالعہ کیا ، اس وقت براہوئی زبان کی کوئی مطبوعہ کتاب تو ایک طرف ، اس کے کسی قلمی نسخے یا دستاویز یا مسودے کا بھی کوئی پتہ نہ تھا ۔

Marfat.com

صاحب مقالہ نے ابتدائی پیرے میں لکھا ہے یہ زبان پوری خانیٔ قلات میں بولی جاتی ہے جس کی حد بندی کا خط ہڑند ، شال ، کوکک ، کیچ اور ضلعے یا علاقہ موسومہ بہ گرم سیل کے بیچ میں کھینچا جا سکتا ہے - رسم الخط فارسی ہے اور حروف تہجی بھی ماسوائے ایک مخصوص ''ث'' جو دیونا گری ..... کے قریب ہے اور ایک ''ٹ'' کے جو تالو سے ایک زور دار سانس نکال کر بولی جاتی ہے! براہوئی لوگ کہتے ہیں کہ ان کا زاد بوم حلب ہے اور یہ کہ ان کی کافی تعداد کوئی بیس قرون پیشتر وہاں سے ایک سردار موسومہ بہ قمبر کی سر کردگی میں بلوچستان میں ہجرت کر آئی ، جس سے قمبرانی قبیلہ وجود میں آیا ، جو اب اہمیت میں مقدم سمجھا جاتا ہے اور جس میں خانی موروثی طور پر چلتی ہے۱ -

اس کے بعد مصنف براہوئی گرامر کی طرف متوجہ ہوتا ہے جو براہوئی گرامر کو سمجھنے اور متعین کرنے کی اوّلین کوشش ہے - وہ مختلف عنوانوں کے تحت اس کا ترتیب وار مطالعہ کرتا ہے - جیسے تذکیر و تانیث ، اسماء کی مختلف حالتوں کو ظاہر کرنے کے لیے سابقوں ، لاحقوں اور میانوں کا استعمال واحد جمع ، صفات مقابلہ ، ضمائر ذات ، ضمائر تفاعلی ، ضمائر استفہامیہ ، ضمائر موصولہ ، ضمائر متلازم ، ایام ہفتہ ، اعداد ، توصیفی و ترتیبی اعداد ، کسور ، فعل اثباتی اور مصدر ''ہر فنگ'' (پوچھنا) کی گردانیں ، متعلق افعال ، حروف عطف اور حروف ندایا فجائیہ! اس کے بعد مصنف نے ۲۰۴ الفاظ کی فرہنگ دی ہے جو اعضائے جسمانی ، رنگوں ، ذائقوں ، پھلوں ، رشتہ داروں ، اشیائے خوردنی ، گھریلو ساز و سامان زیورات ، آلات و معدنیات ، اشجار اور متفرق موضوعات پر محیط ہے - اس کے بعد صاحب مقالہ نے ۶ لازم مصادر اور ۱۰۵ متعدی مصادر دیے ہیں اور پھر ۱۱۰ فقرات و تراکیب درج کیے ہیں جو حال احوال اور روز مرہ کے کاروبار اور گفتگو سے متعلق ہیں۲ -

لیچ کے بعد چارلس میسن نے اپنے سیاحت نامے لکھے - ۱۸۴۲ء میں 'بلوچستان ، افغانستان اور پنجاب کی سیاحتیں' کتاب شائع ہوئی اور اس سے اگلے ہی سال ۱۸۴۳ء میں 'قلات کے ایک سفر کی روداد' منظر عام پر آئی - مؤخرالذکر میں فاضل سیاح نے براہوئی زبان کی مختصر سی فرہنگ بھی دی۳ -

میسن کے بعد ایک جرمن عالم لیسن نے براہوئی زبان کی طرف توجہ دی - ان کی کتاب مطبوعہ ۱۸۴۴ء کی پانچویں جلد میں اس نے 'براہوئی اور اس کی بول چال'

۱- لیفٹننٹ آر لیچ ، ایپی ٹوم آف دی گرامرز آف براہوئیکی ، بلوچکی اینڈ پنجابی ، ص ۱
۲- ایضاً ص ۱ تا ۱۲
۳- سالنامہ ماہ نو کراچی مارچ ۱۹۶۶ء ''براہوئی زبان و ادب'' مضمون از عبدالرحمان براہوئی

Marfat.com

پر تفصیلی نظر ڈالی ہے ۔ لیسن پہلا یورپی عالم ہے جس نے براہوئی زبان کا تقابلی مطالعہ کیا اور لکھا : ''مجموعی طور پر براہوئی زبان اسی قبیلے سے نکلی ہوئی معلوم ہوتی ہے جس سے پنجابی اور سندھی نکلی ہیں ، لیکن اس میں صریحاً دراوڑی عنصر شامل ہے[1] ''۔ گو بعد کی تحقیقات نے یہ ثابت کر دیا کہ براہوئی اور دراوڑی کا منبع ایک ہی ہے اور اس میں پنجابی سندھی وغیرہ الفاظ بعد میں شامل ہو گئے ہیں ۔ تاہم لیسن کے فرمودہ پر ہی براہوئی کے لسانیاتی مطالعہ کی عمارت کھڑی ہوئی ۔

لیسن کے بعد ریورینڈ رابرٹ کالڈ ویل کی کتاب 'دراوڑی یا جنوبی ہند کی السنہ کی تقابلی گرامر' ۱۸۵۶ء میں شائع ہوئی ، جس نے براہوئی اور دیگر دراوڑ السنہ کے تعلقات کو لیسن کی نسبت نہ صرف زیادہ واضح کر دیا بلکہ انہیں زیادہ قریبی بتا دیا[2] ۔

کالڈ ویل کے بعد ایک اطالوی عالم فنزی فیلس نے براہوئی زبان کی طرف توجہ دی لیکن ان کے کام کی بنیاد لیبج کی تحریرات ہی تھیں ۔ لہذا ان کی کتاب کو لیبج کا ہی دوسرا ایڈیشن قرار دیا جا سکتا ہے[3] ۔

۱۸۷۴ء میں ڈاکٹر بیلو کی کتاب 'دریائے سندھ سے دجلہ تک' لندن سے شائع ہوئی جس کے ایک ضمیمے میں براہوئی گرامر اور فرہنگ بھی درج تھی[4] ۔ اسی سال ایک اور کتاب 'ہندوستان کی زبانوں کے نمونے' مؤلفہ سرجارج کیمبل کلکتہ سے شائع ہوئی جس میں براہوئی زبان کا بھی ذکر تھا[5] ۔

۱۸۷۵ء میں کالڈ ویل کی کتاب کا دوسرا ایڈیشن شائع ہوا ، جس میں دیگر السنہ کے علاوہ براہوئی زبان کے متعلق بھی معلومات درج تھیں ۔

اب تک جتنا کام براہوئی زبان و ادب خصوصاً اوّل الذّکر پر ہوا تھا ، وہ ضخامت یا مقدار میں زیادہ تو نہ تھا لیکن قابل قدر ضرور تھا ۔ اس کا عظیم ترین فائدہ یہ ہوا کہ براہوئی کے لسانی مقام کا تعیّن ہو سکا ۔ بیرونی علماء فضلاء کی مساعیٔ جمیلہ کو دیکھ کر بالاخر ایک براہوئی عالم بھی میدان میں اترے ۔ یہ مولوی اللہ بخش زہری تھے جو ہائی سکول کراچی میں فارسی کے معلّم تھے ۔ گو ان کا بنیادی مقصد اہل یورپ کو براہوئی سے آشنا کرنا تھا تاہم ان کی کتاب 'ہینڈ بک آف دی براہوئی لینگوئج' مطبوعہ کراچی

۱- برے ، سرڈینس ، دی براہوئی لینگوئج جلد دوم ، پارٹ دوم ، ص ۱۵
۲- سالنامہ ماہ نو کراچی مارچ ۱۹۶۶ء مضمون ''براہوئی زبان اور ادب'' از عبدالرحمان براہوئی
۳ ، ۴ ، ۵- سالنامہ ماہ نو کراچی مارچ ۱۹۶۶ء مضمون ''براہوئی زبان اور ادب'' از عبدالرحمان براہوئی ۔

Marfat.com

۱۸۷۷ء براہوئی زبان قواعد اور ادب میں ایک گراں بہا اضافہ تھا ۔ مولوی صاحب نے شروع میں براہوئی حروف تہجی دئیے ہیں جو سراسر اردو حروف ہیں ۔ ان کے علاوہ دوہرے حروف (اوار حروف) بھ ، پھ ، تھ ، ٹھ ، چھ ، کھ اور گھ بھی دیے ہیں جو اردو میں ہو بہو مستعمل ہیں ۔ اس کے بعد براہوئی فرہنگ بمعہ انگریزی معانی دی ہے ۔ ان کے بعد تذکیر و تانیث واحد جمع ، اسمائے صفات ، اعداد ، توصیفی و ترتیبی اعداد ، اسم کی مختلف حالتوں ، گردان غیر معین اعداد ، ضمائر ، متعلق افعال ، حروف عطف اور حروف ربط پر بحث کرنے کے بعد ۱۳۷ براہوئی مصادر دیے ہیں ۔ یہاں تک کتاب مذکور نے ۴۹ صفحات گھیرے ہیں ۔ صفحہ پچاس سے لے کر صفحہ ایک سو چونتیس تک مولوی صاحب نے براہوئی نثر لکھی ہے جو صفحہ ۱۱۳ تک صفاتی ، استفہامیہ ، امر و نہی ، ہدایاتی ، تعارفی ، عدالت و قانونی فقرات پر مشتمل ہے اور صفحہ ۱۱۴ سے فاربس مینوئل کے ۱۹ پیروں کا براہوئی ترجمہ تحریر کیا ہے ۔ ان پیروں میں پوری پوری لیکن چھوٹی کہانیاں بھی شامل ہیں ۔

۱۸۸۰ء میں جرمن یونیورسٹی میونخ کے ایک مشہور مستشرق ڈاکٹر ارنسٹ ٹرمپ نے 'براہوئی گرامر' تالیف کی اور اسے سائنس اکاڈمی کو پیش کیا ۔ ڈاکٹر ٹرمپ براہوئی زبان سے ذاتی طور پر واقف نہ تھے لیکن لیج ، ڈاکٹر بیلو اور کپتان نکلسن وغیرہ کی تحریرات سے ہی مستفید ہو کر انہوں نے اپنی گرامر لکھی تھی ، جس کا ترجمہ ڈاکٹر تھیوڈور ڈوکا نے ۱۸۸۷ء میں کیا ۔ ڈاکٹر ٹرمپ نے براہوئی کی دراوڑی اصلیت پر مزید استدلال سے کام کیا[1] ۔

براہوئی علم و ادب

براہوئی ادب کو غیر تحریری اور تحریری کے لحاظ سے دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ۔ غیر تحریری ادب میں لوک ادب کا حصہ ہے ۔ جس کی ابتدا اتنی ہی قدیم ہو سکتی ہے جتنی کہ براہوئی زبان کی ابتدا ۔ لیکن افسوس ہے کہ براہوئی زبان و ادب کو ابو تمام (م ۔ ۸۵۰ء) یا فردوسی جیسا کوئی نغمہ پرداز نہ مل سکا ۔ جو زمانۂ قدیم کے گیتوں اور نغموں کو اکٹھا کر لیتا یا قدیم قصوں اور کہانیوں کو شعر کے قالب میں ڈھال دیتا ۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ''فن یا علمِ شاعری کے متعلق براہوئی قبائل میں ایک واہمہ یہ بھی ہے کہ جو آدمی شاعر ہوگا وہ مفلس ہوگا ، بے اولاد

---

۱ ۔ سالنامہ ماہ نو کراچی مارچ ۱۹۶۶ء مضمون ''براہوئی زبان اور ادب'' از عبدالرحمان براہوئی اورینٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۶۲ء مضمون ''براہوئی اور اردو'' از سید کامل القادری ۔

Marfat.com

ہوگا، کنگال ہوگا اور بسا اوقات نعمتِ بصارت سے بھی بے بہرہ ہوگا۔ البتہ اس کی شاعری کی آواز میں تیر کا سا اثر ضرور ہوگا۔ جس کو شاعر نے بد دعا دی اس کا خاتمہ اور جس کی تعریف کی اس کے لیے عزت و آرام لازمی ہے وغیرہ وغیرہ۔ اسی باعث بسا اوقات آج بھی دیکھنے میں آئے گا کہ اگر کسی براہوئی کو اپنے مد مقابل کی باتیں بے اثر و بے وقعت ظاہر کرنی مقصود ہوں تو وہ یہی کہے گا کہ اجی صاحب! یہ یونہی غزل کہتا ہے۔ 'شعر خلیک'[1] بہر حال انفرادی طور پر چند اصحاب نے نغمہ اندوزی کے سلسلے میں کام کیا ہے اور وہ اتنا گراں قدر اور اور پر امکان ہے کہ اس کی بنیاد پر براہوئی غیر تحریری ادب کی وسعت و گیرائی کا ہلکا سا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ باقاعدہ اجتماعی کوشش کے بغیر اس خزانۂ عامرہ کی دریافت اور رطب و یابس سے اس کی صفائی ناممکن ہے۔

لوک گیت

ذیل میں کچھ لوگ گیت اور کہانیاں مع اردو ترجمے کے دی جاتی ہیں جن سے ان کے مزاج اور معاشرت کی جھلکیاں مل سکیں گی۔ ایک دو مثالیں ملاحظہ ہوں:

(۱) ترجمہ:

(مرد) میرے چھوٹے سے قیمتی نگینے! میں تیرے گرد عود ران کی طرح پھروں گا۔
(عورت) میں تیرے ساتھ آؤں گی اے میرے اچھے محبوب۔
(مرد) میرے قیمتی نگینے! تم ہاں کہتی ہو لیکن شاید تم آؤگی نہیں۔
اب تم (خیرات حسن) دوگی، اب نہیں دوگی اے خوبصورت جوان دوشیزہ!
اے گل لالہ! چھت پر کھڑی نہ ہو۔
رنڈی تمہیں دیکھ لے گی اے خوبصورت دوشیزہ!
اے گل سوسن! وہ تمہیں اپنا بنا لے گی۔

دوسری مثال:

(۲) ترجمہ:

اے حسینہ! ہمیں پانی دے دو۔
تیرے ہاتھوں کا پانی شیریں ہے، ہمیں پانی دے دو۔
اے خیمے کی ملکہ! ہمیں پانی دے دو۔
تیرے ہاتھوں کا پانی خنک ہے، ہمیں پانی دے دو۔

۱۔ خاکہ براہوئی زبان و ادب برائے پنجاب یونیورسٹی تیار کردہ نور محمد پروانہ۔

Marfat.com

پہلا گیت شہری زندگی کا عکس ہے تو دوسرا خانہ بدوشانی زندگی کا نقش - پہلے گیت میں تشبیہات سب فارسی کی ہیں گو نفسِ مضمون براہوئی میں ہے - دوسرا گیت مختصر لیکن خالص براہوئی گیت ہے اور یہ جہاں براہوئیوں کی خانہ بدوشی کا مظہر ہے وہاں ان کے عشقیہ جذبات کا با سلیقہ اور مہذبانہ اظہار بھی ہے ، جو یقیناً کئی ابتدائی و ارتقائی مراحل پر دال ہے[1] - اس گیت کی معنویت اس میں پوشیدہ ہے کہ براہوئی زبان الھڑ اور آوارہ زبان نہیں بلکہ قلبِ انسان کے لطیف ترین احساسات کی عکاسی پر قادر ہے - براہویوں کو اگر پانی با افراط اور بر وقت میسر آ جائے تو ان کی سرزمین گل و گلزار اور باغ و بہار بن جائے اور ان کے صدیوں پرانے آلام و مصائب ختم ہو جائیں - پانی کی کمیابی بلکہ نایابی کا دکھ ان کے یہاں اتنا گہرا اور گھمبیر ہے کہ یہ اتنے مختصر ، لطیف اور دلنواز گیت میں بھی ''ننے دیر ایتے'' کی التجائیہ لیکن تاریخی ترکیب میں ابھر آیا ہے[2] -

لوک کہانیاں

ان دو گیتوں کے علاوہ آر - لیبج نے اپنے مقالہ کے آخر میں دو کہانیاں بھی قلم بند کی ہیں - جو اب تک کی تحقیقات کے مطابق ہمارے پاس بلا شبہ براہوئی نثر کے قدیم ترین نمونے ہیں - پہلی کہانی میں چار مسافر یعنی زرگر ، ترکھان ، درزی اور فقیر سفر کے دوران رات کے وقت ایک خوفناک جگہ پر پڑاؤ ڈالتے ہیں اور باری باری پہرہ دیتے ہیں - ترکھان ایک لکڑی سے ایک عورت کا جسم تراشتا ہے ، زرگر اسے زیورات پہناتا ہے ، درزی اسے ملبوس کرتا ہے اور فقیر اپنی باری میں دعا مانگ کر اسے ایک زندہ و تابندہ عورت بنا دیتا ہے - پھر وہ چاروں اس کے لیے جھگڑتے ہیں - بالاخر وہ ایک مسلمان راہگیر سے انصاف کی التجا کرتے ہیں لیکن وہ اس عورت کو دیکھ کر منصف بننے کی بجائے پانچواں شریک بن جاتا ہے - وہ کوتوال کے پاس انصاف کے لیے آتے ہیں لیکن وہ اسے خود قبضانا چاہتا ہے - بالاخر وہ بادشاہ کے رو برو حاضر ہوتے ہیں لیکن وہ عورت کو ہتھیا لیتا ہے اور ان سب کے پیٹ چاک کروا دیتا ہے[3] - دوسری کہانی مّلا منصور کے متعلق ہے جسے یتیمی کی وجہ سے قاضیٔ شہر کی ملازمت کرنا پڑی لیکن قاضی جی کی سختی سے تنگ آ کر اس نے صحرا کا راستہ لیا اور ایک بوڑھے

۱- اورینٹل کالج میگزین لاہور نومبر ۱۹۶۲ء مضمون ''براہوئی زبان و ادب'' از سید کامل القادری -

۲- رومان ، ایم انور، دی براہوئیز آف کوئٹہ قلات ریجن ، ص ۲۵ تا ۲۶ و ۵۱

۳- لیفٹننٹ آر - لیبج ایپی ٹوم آف دی گرامرز آف براہوئیکی، بلوچکی اینڈ پنجابی ص ۱۳ تا ۱۵ -

Marfat.com

چرواہے کے پاس قیام کیا۔ بعد میں اسی چرواہے کی لڑکی سے اس کی شادی ہو گئی۔ وہ اپنی بیوی کو لے کر شہر واپس آیا تو اس صحرا زادی کے حسن کا شہرہ سن کر بادشاہ، وزیر، وکیل اور قاضی نے اپنی اپنی خادماؤں کے ذریعے اسے دعوتِ معاشقہ دی صحرا زادی نے ان سب کو شام گھر پر بلا لیا۔ اس نے اپنے شوہر کو چھت پر لٹا دیا اور خود منتظر رہی۔ سب سے پہلے قاضی جی آئے اور سو روپیہ اس کی نذر کیا لیکن وہ ابھی بیٹھے بھی نہ تھے کہ بادشاہ سلامت آ پہنچے۔ اس نے قاضی جی کو نوکرانی کا لباس پہنا کر چکی پیسنے پر بٹھا دیا اور بادشاہ کو اندر لے آئی۔ بادشاہ نے دو ہزار روپیہ نذر کیا ہی تھا کہ وزیر آ گیا۔ اس نے باہر آ کر بادشاہ کی آمد کی اطلاع دی اور پھر اس کی رضا و رغبت سے اسے ایک بوری میں بند کر کے اندر لے گئی۔ اتنے میں وکیل پہنچا تو اس نے اسے بھی مایوس نہیں ہونے دیا بلکہ ایک ڈوئی کی دم بنا کر جانوروں کے باڑے میں چوپایوں کی طرح چلنے پر آمادہ کر لیا۔ اس کے بعد وہ دروازے کو مقفل کر کے چھت پر اپنے شوہر کے پاس چلی گئی۔ بادشاہ سلامت انتظار کرتے کرتے تھک گئے تو پنسہاری سے پانی مانگا لیکن وہ قاضی صاحب نکلے۔ دونو ابھی شرمسار ہی ہو رہے تھے کہ صحرا زادی اور مّلا منصور نیچے اترے اور بوری کا منہ کھول کر وزیر کو باہر نکالا۔ اس کے بعد دروازہ کھول کر وکیل کی ہئیت دکھائی۔ وہ چاروں شرم کے مارے زمین میں گڑ گئے اور بادشاہ کی معیت میں اسے ''ماں بہن'' کہہ کر رخصت ہوئے۔ دونو میاں بیوی بہت عزت و مسرت سے رہتے رہے اور ان کے ہاں لڑکا تولد ہوا جب لڑکا سات سال کا ہوا تو قاضی جی کے سکول میں بھیج دیا۔ ایک دن صحرا زادی نے قاضی جی کو بلایا اور اپنے شوہر سے کہا کہ وہ گھنٹیاں لے کر چھت پر بیٹھ جائے اور جب قاضی جی براجمان ہو جائیں تو انہیں بجانا شروع کر دے۔ قاضی جی شام کو پہنچ گئے۔ سو روپیہ اس کی نذر کیا لیکن گھنٹیاں بجنے لگیں۔ صحرا زادی نے کہا ''میرا شوہر آ گیا ہے اور میرا منہ کالا ہو گیا ہے'' قاضی جی بہت گھبرائے تو اس نے انہیں صندوق میں بند کر کے قفل لگا دیا اور صبح سویرے رونا شروع کر دیا کہ میرا شوہر میری ماں کی لاش کو لایا ہے۔ لوگ باگ اکٹھے ہو گئے۔ بادشاہ بھی موقعہ پر پہنچ گیا۔ قفل کھولا تو اس میں سے قاضی جی نکلے۔ اس پر سب نے انہیں لعنت ملامت کی۔ زد و کوب کیا اور بادشاہ نے اسے ملک بدر کر دیا ۱۔ پہلی کہانی جہاں نہ صرف عورت بلکہ پوری کی پوری مجہور و مقہور

۱۔ لیفٹننٹ آر۔ لیپج، ایپی ٹوم آف دی گرامرز آف براہوئیکی، بلوچکی اینڈ پنجابی، ص ۱۵ تا ۱۹۔

Marfat.com

انسانیت کے لیے ایک ہمدردی پیدا کرتی ہے اور آمریت کے خلاف نفرت ابھارتی ہے وہاں دوسری کہانی بے کردار اہلِ دولت و اقتدار کے مقابلے پر با کردار اور خود دار غریبوں اور بدویوں کو ابھارتی ہے۔

لیبیج کے بعد براہوئی غیر تحریری ادب کے نمونے ہمیں میئر کی کتاب 'اے براہوئی ریڈنگ بک' مطبوعہ لدھیانہ ۶—۱۹۰۷ء میں بھی ملتے ہیں اور ان کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ براہوئی غیر تحریری ادب مندرجہ ذیل اجزاء و اصناف پر مشتمل ہے۔

ضرب الامثال

یہ عموماً دو قسم کی ہوتی ہیں۔ ایک تو عام، سادہ مثل جس کے ساتھ کسی واقعہ کا التزام یا رابطہ ضروری نہیں بلکہ وہ براہ راست کسی مخصوص صورت حال پر جچے تلے اور برجستہ فقرے کی صورت میں چسپاں ہو جاتی ہے اور دوسری وسائت، جس کا عربی لفظ بسط کے ساتھ گہرا تعلق معلوم ہوتا ہے اور جس کے ساتھ کسی آپ بیتی یا جگ بیتی کا تذکرہ بطور شرح و بسط ضروری ہوتا ہے۔[1] ذیل میں کچھ ضرب الامثال کو ملاحظہ کیجیے:

(۱) ''کونٹے ہمیڑے ایتہ — ہراڑے کہ پران ام تولنگ کیس ئی ات''[2] یعنی اونی دری اس جگہ دو جہاں بعد میں تم خود بھی اس پر بیٹھ سکو۔ یاد رہے کہ اونی دری یعنی کونٹ کو براہوئی خواتین خود بنتی ہیں اس لیے یہ لفظ خواتین کا مظہر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی بیٹی کا رشتہ ایسی جگہ دو جو تم سے نچلے درجہ یا برابر کی ہو جہاں تم آسانی سے آ جا سکو اور دکھ سکھ میں شریک ہو سکو۔ یہ مثل افریشیائی مزاج اور رواج کے عین مطابق ہے۔ لیکن یورپی ذہن ان باریکیوں کو کہاں پا سکتا ہے۔ افسوس کہ سر ڈینس برے نے اس مثل کا معنی یہ لیا کہ براہوئی لڑکی اگر کسی سندھی کے یہاں بھاری قیمت پر بیاہ دی جائے تو اس کے عزیز و اقارب اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ اس کے قریبی تو قریبی، دور کے رشتہ دار بھی اپنی آمد و رفت اور آئے دن کی مہمانی اور آؤ بھگت سے اس سندھی دولہا کا ناطقہ بند کر دیتے ہیں۔[3]

(۲) ''ہیٹے کہ کھٹی ہلیگ، شعران نا ارغے کسیک''[4] یعنی جب بکری کی شامت

۱- ہفت روزہ ''ایلم مستونگ'' ۱۰ جنوری ۱۹۶۶ء مضمون ''براہوئی متل'' از جورک جھلاوانی۔
۲- ایضاً ایضاً
۳- برے، سر ڈینس، دی براہوئی لینگوئج، جلد دوم، پارٹ دوم، ص ۱۲ تا ۱۳۔
۴- ایضاً جلد دوم، پارٹ سوم، ص ۱۷۶۔

Marfat.com

آتی ہے تو چرواہے کی روٹی کھا جاتی ہے۔ مفہوم یہ ہے کہ اپنے محافظ کا احترام نہ کرنا یقیناً کسی شامت اور بدبختی کا پیش خیمہ ہے۔

(۳) ''زمانہ آخرے شفکو، خل بڑزا مسونے، بھلا شف مسونے''۱ یعنی زمانہ ختم ہونے کو آ گیا۔ چھوٹے پتھر اوپر ہو گئے اور بڑے پتھر پست ہو گئے۔ مفہوم یہ ہے کہ ایک زبردست انقلاب کی نشانیاں ہیں یا قیامت کے آثار ہیں۔

(۴) ''بادشاہ تہ خن آف، خف ارے''۲ یعنی بادشاہ کی آنکھیں تو نہیں ہیں البتہ کان ہیں۔ مفہوم یہ ہے کہ وہ اپنی رعایا کی نگہبانی تو نہیں کر سکتا لیکن اس کے حالات سے باخبر رہتا ہے۔ یہ مفہوم بھی ہے کہ بادشاہ کا ذاتی مشاہدہ تو ہے نہیں صرف سنی سنائی پر چلتا ہے۔

(۵) ''خشکا رہ گورنا شکارء''۳ یعنی بارانی زمین میں کاشتکاری اتنی ہی مشکل ہے جتنا گورخر کا شکار۔

(۶) ''تی انت گناہ۔ دیر چشمہ غان لڑد''۴ یعنی تیرا کیا گناہ ہے؟ پانی تو اپنے منبع سے ہی گدلا ہے۔ مفہوم یعنی کہ ابتدا ہی غلط ہے تو انتہا معلوم!

(۷) ''لشکر ناخلوک آباد مریک۔ پڑنا خلوک آباد مفک''۵ یعنی فوج کے مارے پیٹے ہوئے تو آباد ہو جاتے ہیں لیکن پیٹ کے مارے پیٹے آباد نہیں ہو سکتے گویا دلدادگان اکل و شرب اور عیش و عشرت کا سنبھلنا بہت مشکل ہے۔

(۸) ''خدا نیتی اے بوچ و خلا ہم تپ''۶ یعنی خدا غریبی اور ناداری تو جڑی بوٹیوں اور پتھروں کو بھی نہ دے۔

(۹) ''ککڑ خایہ اس ایتک جہانے خبر کیک او صدف مرواری خنیک تواء کپک''۷ یعنی مرغی انڈا دیتی ہے تو دنیا کو سناتی ہے لیکن صدف موتی پیدا کرتی ہے تو بھی کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوتی گویا ''خور کنگا رزان تواز بھاز کیک''۸ یعنی خالی برتن شور

۱۔ برے، سر ڈینس، دی براہوئی لینگوئج، جلد دوم ہارٹ دوم، ص ۱۷۸۔
۲۔ لیفٹننٹ آر لیج، ایپی ٹوم آف دی گرامرز آف براہوئیکی، بلوچکی اینڈ پنجابی، ص ۱۸
۳۔ برے، سر ڈینس، دی براہوئی لینگوئج، جلد دوم، پارٹ سوم، ص ۱۸۷۔
۴۔ ایضاً ص ۱۹۶۔
۵۔ سالنامہ ماہ نو کراچی، مارچ ۱۹۶۶ء، مضمون ''براہوئی زبان اور ادب'' از عبدالرحمان براہوئی، ص ۱۲۶۔
۶۔ ایضاً
۷۔ برے، سر ڈینس، دی براہوئی لینگوئج، جلد دوم، پارٹ سوم، ص ۱۸۰۔
۸۔ ایضاً ص ۱۸۵

Marfat.com

زیادہ کرتا ہے :

(۱۰) ''ٹھکریء سردارئے کسیس بخش کنے . او کھل نائےء کھل کنء''۱ یعنی ٹھکری اور سردار کو کسی نے تقسیم نہیں کیا یعنی اپنے لیے مخصوص نہیں کیا بلکہ وہ سب کا ہے اور سب کے لیے ہے -

(۱۱) ''ھچ نادزی گھو کلائی اٹ مفک''۲ یعنی اونٹ کی چوری گھٹنوں کے بل چلنے سے نہیں ہوتی گویا عظیم مقاصد رینگ کر چلنے سے حاصل نہیں ہوتے -

وسائت کی ایک مثال بھی درج ذیل ہے - ایک غریب براہوئی خان سے ہم کلام ہوا تو شام کو گھر میں کسی سے بھی نہ بولا - گھر والوں نے اسے بلانے کی بہت جد و جہد کی تو کہنے لگا

اے با کہ ہیت کر پنے خان تو داسا امر ہیت کے شعران تو ؟

یعنی جس منہ نے خان جیسے عظیم المرتبت انسان سے گفتگو کی ہو وہ اب چرواہے سے گفتگو کے لیے کیسے تیار ہو؟ ۳

غرضیکہ براہوئی ضرب الامثال ان کے معاشرے ، ان کی روزمرہ کی زندگی اور حیات کے بہت قیمتی تجربات کی آئینہ دار ہیں اور گو سر ڈینس برے نے اپنی ڈکشنری میں سینکڑوں ضرب الامثال دی ہیں لیکن معمر براہوئیوں سے رابطہ اس خزانۂ عقل و دانش میں مزید اضافے کا موجب ہو سکتا ہے -

لوک گیت (الف)

(۱) مودہ یعنی نوحہ یا بین یا مرثیہ - یہ بھی خالص عورتوں کا گیت ہے جو وہ اپنے کسی عزیز کی موت پر گاتی ہیں - مثلاً ایک بہن بھائی کی وفات پر کہتی ہے :

کنا ایلم کنے اتدس آرانگی آنہاس نی ھمیڑے دیر کنے آن دوست خناس نی

یعنی اے میرے بھائی ! مجھے یوں چھوڑ کر تم کہاں چلے گئے ہو اور وہاں وہ کون ہے جسے تم نے مجھ سے بھی زیادہ عزیز سمجھ لیا ہے ؟۴

۱- ثقافت اور ادب وادئی بولان میں مضمون ''براہوئی ادب'' از عبدالرحمان کرد ، ص ۲۰۷ تا ۲۰۸ -

۲- ہفت روزہ ایلم ۲۶ اکتوبر ۱۹۶۶ء ، ''براہوئی متل'' از جورک جھلاوانی -

۳- ایضاً ۱۰ نومبر ۱۹۶۶ء ایضاً

۴- ہفت روزہ ایلم مستونگ ، ۱۷ نومبر ۱۹۶۶ء ''براہوئی متل'' از جورک جھلاوانی -

Marfat.com

(۲) شند ہینگ - لفظی معنی پہلاوہ اور بہلانا ہے - نفسِ مضمون کے اعتبار سے اسے لولی (لوری) بھی کہتے ہیں - مثلاً ماں بچے سے کہتی ہے :

نی اس پھل استنا ، پھلان گجینا کنے دوست اس کنا جید اس ہنینا ۱

یعنی تم میرے دل کے پھول ہو - تمام پھولوں سے منتخب - تم مجھے پیارے ہو - اے میرے شیریں لخت جگر !

نا پیری ام کنے دوست بنک نی ولے دشمن نا موناں ام سلک نی ۲

یعنی تمہارا بڑھاپا بھی میں چاہتی ہوں (عمر دراز بھی چاہتی ہوں) لیکن کان کھول کر سن لے ، تاہم یہ بھی ضروری ہے کہ تم دشمنوں کے مقابلے پر کھڑے ہو جاؤ -

بجانی تھوفکس زیبت تفوک مئے ناد و آن زغمے ناژ انبا رہ دوسئے ۳

یعنی تمہاری کمر پر بندوق خوبصورتی سے بندھی ہوئی ہو اور تلوار کو تمہارے ہاتھ سے طوفانی جھنکار ہو !

اس کی ایک قسم جلونٹ کہلاتی ہے یعنی جھولے کا گیت - ننھے بچے کو جھولے میں لٹا کر براہوئی مائیں یہ گیت گاتی اور بچے کو سلاتی ہیں -

لوک گیت (ب)

(۳) متفرق لوک گیتوں کی کئی قسمیں اور سریں مشہور ہیں - ذیل میں چند مثالیں ملاحظہ ہوں :

(الف) لیلی مور

ترجمہ : جو استدعا کرتا ہوں
اسے آپ برا مناتی ہیں
بتائیے اس (بھیانک) سردی میں
آپ مجھے کس کے پاس بھگانا چاہتی ہیں ؟۴
یہ ایک پرزور استدعائے محبت تصور کی جا سکتی ہے !

۱- ہفت روزہ ایلم مستونگ ، ۱۷ نومبر ۱۹۶۶ء "براہوئی متل" از جورک جھلاوانی -
۲- ایضاً
۳- ایضاً ۲۶ اکتوبرر ۱۹۶۶ء ایضاً
۴- ہفت روزۂ ایلم مستونگ ۲۶ نومبر ۱۹۶۶ء "براہوئی متل" از جورک جھلاوانی -

Marfat.com

(ب) برناژنا کی ایک مثال ملاحظہ ہو :

ترجمہ : (اے میری محبوب !) تو اب ناز و ادا کے ساتھ آ جا ، تو
اب ناز و ادا کے ساتھ آ جا
تو نے بہت سوں کا دل موہ لیا ہے ،
لے اب میرے ساتھ راز و نیاز کی باتیں کر ،
تو اب ناز و ادا کے ساتھ آ جا ، تو اب ناز و ادا کے ساتھ آ جا !
میں جانتا ہوں کہ تو حسین و جمیل بلکہ لاثانیؔ ہے ،
اور تیرا حلق ایک ساز کی مانند ہے
اب اپنے ناز و ادا کے ساتھ آ جا ، آ جا اے میری محبوب آ جا !۱

ایک اور برناژنا کا بول ہے :

''شوخ ، شرابی ، مستس ، دلبر ، ہپہ ، شکر بار ، دانگی''۔ یعنی اے میرے شوخ ، شرابی مخمور دلبر ! نہ جاؤ ! اے شکر بار ! یہاں آؤ ! ۲ ایک اور مثال ملاحظہ ہو !

ترجمہ : اے میرے کھیلو جان ؟
آؤ کہ تمہارے انداز ہی مجھے کچھ کہہ سکتے ہیں اور
تمہاری بر محل باتیں ہی مجھے گرفتار دام کر سکتی ہیں
گویا محبوب کو اپنے پاس بلانے کی ترکیب
اسی کے انداز و گفتار کی محبوبیت کی بنا پر کی جا رہی ہے ؟ ۳

آخر میں براہوئی کی ایک پرانی غزل ریورنیڈ میئر کی کتاب 'اے براہوئی ریڈنگ بک' کی جلد اول سے درج کی جاتی ہے ۴

ترجمہ : اپنے خالق خدا کا شکر ادا کرو کہ ہم اپنے محبوب کے روبرو ہوئے
ہماری آنکھیں روشن ہوگئیں ، چاند کو شرمانے والی کے دیدار سے
او سومری ! باغ میں ایک دفعہ سیر کے لیے تو آؤ۔
تو اپنے رخساروں سے باغ کے پھولوں کو شرمندہ کر دے گی۔

۱- ثقافت و ادب وادئی بولان میں ، مضمون ''براہوئی ادب'' از عبدالرحمان کرد ص ۲۱۶ -
۲- ریورنیڈ ٹی جے ایل میئر ، اے براہوئی ریڈنگ بک ، جلد اول ، ص ۱۱ -
۳- ہفت روزہ ایلم مستونگ ۲۶ نومبر ۱۹۶۶ء ''براہوئی ادب'' از جورک جھلاوانی -
۴- ریورنیڈ ٹی جے ایل میئر ، اے براہوئی ریڈنگ بک ، جلد اول ، ص ۱۲ -

Marfat.com

ماہ جبیں سومری کو سنگار کی کیا ضرورت ہے ؟
تو ہمیں عزیز ہے - اپنی دنیا سے ایک دفعہ آ جاؤ -
تو نے ہمارا دل لے لیا ہے اور خود مہتاب کو پسند کر لیا ہے !

غرضیکہ براہوئیوں کا غیر تحریری ادب ان کی جذباتی زندگی کے اتار چڑھاؤ کو مختلف اصنافِ سخن کے ذریعے بیان کرتا ہے اور اس کی یہ روایت جاری و ساری ہے - چنانچہ ایکی نوشکوی انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے شروع میں نغمہ پرداز رہا - اس کے کلام کا بہت تھوڑا حصہ ہی ابھی تک تحریر میں لایا جا سکا ہے اور بقیہ لوڑیوں کے ذہنوں میں ہی محفوظ ہے - اس نے غیر تحریری ادب کی قدیم روایت کو بھی برقرار رکھا لیکن اس میں بلوچستان پر انگریزوں کی آہنی گرفت اور اس کے نتیجہ کے طور پر براہوئیوں اور بلوچوں پر مسلط عذاب کا احساس بھی پایا جاتا ہے اور وہ مایوسی کی برف میں بھی بہارِ فتح کا گیت گاتا ہے - اس کے یہ شعر تو بلوچستان کے کونے کونے میں زبان زد خاص و عام ہیں[1] :

ترجمہ : اے نصیر خان ولی!
گھوڑا بے قابو ہو گیا ہے
آج ہمارے لیے شام ہے
کل ہماری بھی باری آئے گی !

ضرورت اس بات کی ہے کہ لوڑیوں اور معمر براہوئیوں سے براہ راست رابطہ قائم کرکے ان کے قلوب و صدور کے اندوختہ کو جلد از جلد سلکِ تحریر میں پرو لیا جائے ورنہ مرورِ زمان کے ساتھ ساتھ اس عظیم الشان غیر تحریری لوک ادب کے ضیاع کا احتمال اور اندیشہ ہے اور ہم براہوئی ادب کے نادر نمونوں ، ان کے عظیم خیالات اور شاہکاروں سے محروم ہو سکتے ہیں !

تحریری ادب

براہوئی تحریری ادب کی عمر قریباً سوا دو سو سال ہے اور اس کا نقطہ آغاز میر نصیر خان کی تخت نشینی (۱۷۴۹ — ۱۷۵۰ء) قرار دیا جا سکتا ہے - میر موصوف کا دور ریاست قلات کا زریں دور تھا - اس نے نہ صرف ریاست کی داخلی تنظیم میں انقلابی اصلاحات کیں اور براہیوں

۱- اورینٹل کالج میگزین لاہور ، نومبر ۱۹۶۲ء - "براہوئی زبان و ادب" از سید کامل القادری ص ۲۰ تا ۲۱ -

اور بلوچوں کے قوام سے اسے وسعتِ نظر بخشی بلکہ قبائلی نظام کو ایسے منظم کیا کہ وہ کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ مؤثر ہوسکے اور براہوئی معاشرت و ثقافت کو شریعت اسلامیہ کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی۔ میر موصوف علمی و ادبی ذوق کا مالک تھا اور علم و ادب کا مربّی بھی تھا۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ جہاں بلوچی زبان کا عظیم ترین شاعر جام درک اس کا ملک الشعراء تھا وہاں براہوئی زبان کا اولّین عالم و مصنف مُلّا ملک داد بھی اس کے دربار کی زینت تھا!

براہوئی تحریری ادب کا جائزہ لینے کے لیے اسے مندرجہ ذیل چار ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

۱- پہلا دور جو میر نصیر خاں اعظم (۴۹-۱۷۵۰ء — ۱۷۸۴) کے ساتھ شروع ہوا اور اس کے ساتھ ختم ہو گیا۔
۲- دوسرا دور ۱۸۱۶ سے ۱۸۸۰ء تک۔
۳- تیسرا دور ۱۸۸۰ سے ۱۹۶۰ء تک۔
۴- جدید دور ۱۹۶۰ء سے ...

پہلا دور

اس دور کی صرف ایک ہی تصنیف ابھی تک منظر عام پر آسکی ہے اور وہ بھی مولانا نبو جان[1] کی مساعئی جمیلہ کا نتیجہ ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس دور میں اور براہوئی کتب بھی لکھی گئی ہوں جو مسودات کی صورت میں موجود ہوں ؟ - بہر حال 'تحفتہ العجائب' مُلّا ملک داد کی ایک چھوٹی سی کتاب ہونے کے باوجود براہوئی کی اوّلین کتاب ہونے کی وجہ سے ایک بے نظیر اہمیت کی مالک ہے!

مُلّا ملک داد کے متعلق ہماری معلومات بہت محدود ہیں۔ ان کی کتاب زیر بحث سے پتہ چلتا ہے کہ ان کے والد کا نام آدیں تھا اور وہ غرشیں قبیلہ کے پٹھان تھے۔ وہ اصل میں قندھار کے باشندے تھے لیکن قلات میں سکونت پذیر ہوگئے تھے۔ وہ عربی ، فارسی ، پشتو ، بلوچی اور براہوئی کے عالم اور شاعر تھے۔ انہوں نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب میر نصیر خان اعظم کے دور میں لکھی جب مؤخرالذکر کو سریر آرائے سلطنت ہوئے قریباً دس سال ہو گئے تھے۔ سال تصنیف ۱۷۵۹ء/۱۱۷۳ھ ہے۔ یہ تصنیف ایک قلمی نسخے کی صورت میں مُلّا موصوف کے پسماندگان کے پاس محفوظ رہی حتیٰ کہ انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی عیسوی

۱- ماہنامہ الس ، کوئٹہ اپریل ۱۹۶۶ء ''براہوئی زبان نا اولیکو کتاب'' - از عبدالرحمان محمد شہی -

Marfat.com

کے اوائل کے ایک براہوئی عالم مولانا نبّو جان کو ان کے وارثوں سے دستیاب ہو گئی - مولانا موصوف نے اصل نسخے میں اصلاح کی اور ۱۹۰۵ء/۱۳۲۴ھ میں لاہور سے چھپوا دی ۱ - کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ اصل نسخہ کون سے رسم الخط میں تھا - خود مولانا نبو جان کا صحیح شدہ نسخہ بھی اصل نسخے کی طرح ناپید ہے - اغلب خیال یہی ہے کہ اصل و صحیح شدہ مسودات دونوں کا رسم الخط فارسی تھا اور املا کی طرز پشتو تھی - براہوئی رسم الخط کی اب تک قدیم ترین شہادت ہمیں لیفٹیننٹ آر - لیبیج کے مقالہ مطبوعہ جرنل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے شمارہ جون ۱۸۳۸ء میں ملتی ہے، جس کا تفصیلی حوالہ غیر تحریری ادب میں دیا جا چکا ہے اور جس کے مطابق اس کا رسم الخط فارسی تھا - ۱۷۵۹ء اور ۱۸۳۸ء میں کچھ اتنا زیادہ بعد زمانی نہیں - اس عرصے میں ریاست قلات پر ایک ہی خاندان کی حکومت رہی اور کوئی ایسی بنیادی، ہمہ گیر تبدیلی نہیں آئی جو براہوئی تمدن کو یکسر ہی بدل ڈالتی اور نصیر خاں اعظم کی روایات آج کی طرح بلکہ آج سے بھی زیادہ ۱۸۳۸ء میں براہوئی رگ و پے میں پیوست تھی لہذا یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ 'تحفہ' العجائب' کا اصل نسخہ اور قریباً ڈیڑھ سو سال بعد کا مولانا نبّو جان کا نسخہ دونوں فارسی رسم الخط میں تھے - ۱۹۰۵ء میں چھپنے والے نسخے بھی اب قریب قریب ناپید ہیں - گو انڈیا آفس لائبریری لندن میں ضرور موجود ہیں لیکن ان نسخوں کی بنا پر بعد میں چھپنے والے نسخے دستیاب ہوئے ہیں - ہمارے زیر مطالعہ نسخہ مولانا عبدالباقی درخانی صاحب کا مکتوبہ ہے جو ۱۴ اگست ۱۹۵۸ء کو یوم آزادی پر تکمیل پذیر ہوا - یہ نسخہ اسلامیہ پریس کوئٹہ کا مطبوعہ ہے اور اس میں ۲۷۵ اشعار ہیں!

افسوس ہے کہ مّلا ملک داد صاحب کا فارسی، پشتو، بلوچی اور دیگر براہوئی کلام ضائع ہو گیا اور ان کی واحد یادگار یہی براہوئی منظوم کتاب 'تحفتہ العجائب' رہ گئی - لیکن اس سے ہم مّلا موصوف کے ذہن و قلب اور ایمان و اعتقاد اور میلانات و رجحانات کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں اور سمجھ سکتے ہیں کہ مّلا مذکور ایک راسخ العقیدہ سنی مسلمان تھے اور انہوں نے اپنی علمیت اور جولانئے طبع کو زیادہ تر دینی افہام و تفہیم اور درس و تدریس کے لیے وقف کیا ہوا تھا - یہ اندازہ لگانا بھی چنداں مشکل نہیں کہ مولانا ملک داد کے ابنا و اخلاف میں سے کوئی بھی علمی مذاق کا مالک نہ تھا -

کتاب بیالس ابواب پر مشتمل ہے جو مندرجہ ذیل ہیں -

حمد، نعت، صفت چہار یار کبار، صفت بہشت، بیان دوزخ، بیان تصنیف کتاب، بیان خواندن علم شرعی، مذمت تارک نماز، نماز با جماعت، صفت ایمان، صفت ایمان مفصل،

Marfat.com

صفحت ایمان مجمل ، فرضہائے طہارت ، سنتہائے وضو ، مستحبات وضو ، مکروہات وضو ، شکنندہ ہائے وضو ، غسل جنابت ، فرضہائے غسل ، سنتہائے غسل ، وزن آب وضو ، فرضہائے تیمم ، مقدار میل ، فرضہائے نماز ، واجب ہائے نماز ، سجدہ سہو نماز ، سنت ہائے نماز ، سنت ہائے نفلی نماز ، مستحب ہائے نماز ، رکعات فرض پنج وقت ، سنت موکدہ و نفل روزہ ہائے رمضان المبارک ، چیز ہائے منع وغیر منع در روزہ ، سنت ہائے تراویح ، صدقہ عید الفطر ، روزہ ہائے نفلی ، زکواۃ مال دادن ، عشر زراعت ، مانع زکواۃ و عشر ، فضیلت زکواۃ ، گزاردن حج بیت اللہ اور باب در بیان خاتمہ کتاب و التجا ۱ ۔

حمد میں کہتے ہیں :

ترجمہ : ساری حمدوثنا خدا کے لیے ہے کہ وہی شاہ و گدا کا روزی رساں ۔

وہ عجب رحمان و رحیم پالنہار ہے کہ بنجر ، بارانی زمینوں کو سرسبز کر دیتا ہے ۔

اس نے پہاڑ سے چشمے اور کاریز پیدا کیے تا کہ بوستان و کشت آزار آباد ہوں۔

اس نے بہت سے رنگا رنگ عجائب پیدا کیے اور درودیو پری پیدا کیے ۔

اس نے فرشتے اور جن و انس پیدا کیے لیکن ہر جنس کو اپنا اپنا رنگ دیا ۔

آدم کی سرشت کے چار عناصر ہیں اور خاک و آتش اور باد و آب ان کی تعداد ہے ۔

عجیب رنگ ، عجیب صورت اور عجیب چہرہ بنی آدم پر اس نے بہت سی مہربانی کی ہے ۔

عاجز ، مسکین اور فقیر ملک داد کے لیے کہو (دعا مانگو) کہ خدا اسے بخشے !

حمد براہ راست دل سے نکلنے کی وجہ سے انتہائی اثر انگیز ہے اور ملا موصوف کی شاعرانہ قدرت کی دلیل ! ۱

نعت کے شعر بھی اثر و خلوص میں ڈوبے ہوئے ہیں ۔ مثلاً :

محمدؐ افضل کل انبیاتا محمدؐ خاتم پیغمبراتا ۲

اردو معنی : محمدؐ افضل الدنیا ہیں اور محمدؐ خاتم النبیین ہیں

منقبت بھی اسی خلوصِ قلبی کی مظہر ہے ۔ اس کے بعد بہشت ، دوزخ ، تصنیف کتاب اور

۱- ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان ، اپریل ۱۹۶۶ء ''تحفہ العجائب'' مضمون از عبدالرحمان براہوئی

۲- ''تحفۃ العجائب'' مکتوبہ مولانا عبدالباقی درخانی مصنفہ ملا ملک داد قلاتی ، ص ۴۹ ۔

Marfat.com

فوائد حصول علم دین کا بیان ہے - پھر پانچ ابواب میں تارک نماز، نماز باجماعت، صفت ایمان، ایمان مفصل اور ایمان مجمل کو بیان کیا گیا ہے - بارھویں باب سے لیکر اکتالیسویں باب تک یعنی تیس ابواب میں فقہ حنفی کے مسائل بیان کیے گئے ہیں جو قدوری کی منیۃ المصلی، اور ہدایا سے ماخوذ ہیں اور متفق علیہ ہیں - آخری باب میں دعا ہے -

ترجمہ: اسلام کے ارکان پانچ ہیں - اے خدا! ان پانچوں کو ہمارے نصیب فرما!

اے خدا وند! مجھے توفیق کا رفیق ایمان بنا!

اے غفار و رحمان! مسلمانوں کو ایمان عطا فرما!

زبان قدیم براہوئی زبان ہے جس کے بعض الفاظ آج کل متروک ہیں لیکن سوا دو سو برس پرانی براہوئی زبان کا نمونہ ہمیں اس کتاب میں ملتا ہے اور یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ قدیم براہوئی زبان میں اظہارِ خیالات کے لیے الفاظ کا فراواں ذخیرہ موجود تھا - کتاب کی زبان پر عربی فارسی الفاظ کا بھی اچھا خاصا اثر ہے اور یہ موضوع کی مناسبت اور مصنف کے رجحان طبع کی بنا پر قدرتی اور لازمی امر تھا - بہر حال ملّا موصوف نے حتی الوسع مانوس عربی فارسی الفاظ ہی استعمال کیے ہیں - آج سے دو سو سال پہلے کے براہوئی ذہنی و علمی طور پر کیسے تھے اور مصنف کا ان کے متعلق کیا نظریہ تھا؟ یہ ہمیں چھٹے باب دربیان تصنیف کتاب'' کے تین اشعار سے ظاہر ہوتا ہے :

ترجمہ: تحفہ عجائب نامی کتاب میں نے محض ثواب کے لیے براہوئی زبان میں لکھی - براہوئی بہت جاہل ہیں اور دین کو سمجھنے کے قابل نہیں ہیں -

میں نے اللہ تعالی کی رضا سے یہ تصنیف کی ہے کہ شاید حق تعالیٰ انہیں ہدایت بخشے!

اپنے اور تصنیف کتاب کے سن کے متعلق لکھا ہے :

ارے دابندہ ساکن فی القلاتے — کہ این آدین نا غرشین ذاتے
ہزار و یک صد و ہفتاد و سہ سال — رسول تا ہجر تان اے نیکو اعمال[1]

غرضیکہ یہ کتاب اور اس کا مصنف دونوں براہوئی تحریری ادب میں ایک منفرد اور غیر فانی اہمیت کے مالک ہیں - ملّا ملک داد نے پہلی دفعہ براہوئی زبان کو علم و ادب اور شریعت اسلام کے اظہار کا ذریعہ بنایا اور اس طرح نہ صرف اس کی قوت اظہار کو وسعت دی بلکہ اس کی امکانی صلاحیتوں کو بھی اجاگر کیا - ان سے پہلے براہوئی صرف خانہ بدوشوں کی بول چال کی عامی زبان تھی لیکن انہوں نے اسے مسلمانوں کی دیگر علمی و ادبی زبانوں

۱- ''تحفۃ العجائب'' مکتوبہ مولانہ عبدالباقی درخانی مصنفہ ملاّ ملک داد قلاتی ص - ۴۶ -

کی صف میں لا کھڑا کیا ۔ ثانیاً علم و ادب جہاں انسانی معاشرت و سیاست کی پیداوار ہوئے ہیں ۔ وہاں اس معاشرت و سیاست کے رہنما اور مشعل بردار بھی ہیں ۔ مّلا ملک داد نے براہوئی معاشرے کو اپنے تخیّلات و اعتقادات کی روشنی میں دیکھا اور نتیجہ نکالا کہ اس معاشرے پر جاہلیت کے غیر اسلامی اثرات نقوش کے سائے بہت گہرے ہیں اور انہوں نے ان ظلمتوں کو دور کرنے کے لیے براہوئی زبان کے ذریعے نور اسلام پھیلانے کی جد و جہد کی ۔ ان کا یہ تجزیہ اتنا صحیح تھا کہ ان کی کتاب کی تصنیف کے سترہ سال کے اندر ۱۷۷۶ء میں میر نصیر خان اعظم نے براہوئیوں کی جہالت اور غیر اسلامی طرز حیات کو دور کرنے کے لیے جھلاوان میں ایک وفد بھیجا جس نے وہاں ایسے قوانین نافذ کیے جو شریعت اسلامیہ اور وقار انسانیہ کے لیے مفید تھے ۱ ۔ گویا مّلا ملک داد میر نصیر خان کو اصلاحات کے ذہنی محرک تھے ۔ ثالثا مّلا ملک داد کا اثر اتنا جاوداں اور ہمہ گیر تھا کہ وہ انہی کے دور تک محدود نہ رہا ۔ انیسویں صدی کے ربع آخر میں درخان (ڈھاڈر) سے جو تحریک نشاۃ الاسلامیہ جناب شیخ البلوچستان مولانا محمد فاضل ؒ کے زیر قیادت چلی نہ صرف لسانی بلکہ موضوعاتی اور ذہنی لحاظ سے بھی مّلا ملک داد کی روایت کی حامل تھی اور چونکہ درخانی مدرسئہ فکر اور اس کی نگارشاتِ عالیہ اب بھی مصروف تخلیق و تطہیر ہیں اس لیے یہ بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ مّلا ملک داد کی روایت اب بھی براہوئی علم و ادب اور ذہن و قلب میں جاری و ساری ہے ۔ رابعاً براہوئی زبان کا موجودہ فارسی رسم الخط بھی غالباً مّلا ملک داد کا اختیار کردہ ہی ہے ۔

براہوئی ادب کے دوسرے دور کو بجا طور پر زبان و گرامر اور غیر ملکی مستشرقین کا دور کہا جاتا ہے ۔ اس لیے کہ اس دور میں آر ۔ لیج سے لے کر ڈاکٹر ارنسٹ ٹرمپ تک مولوی اللہ بخش زہری کے سوا سب ہی غیر ملکی تھے اور سب نے ماسوائے سر چارلس نیپئر کی کتاب 'فتح سندھ' اور گرانٹ ڈف کی 'مرہٹہ تاریخ' کے براہوئی زبان میں تراجم کیے ، براہوئی زبان و گرامر پر کتابیں لکھیں ۔ ان کتابوں کا ذکر چونکہ براہوئی و زبان و گرامر کی کتب کے ضمن میں ہو چکا ہے ۔ یہاں اس کے اعادے کی ضرورت نہیں ۔ میں نے اس دور کو ۱۸۸۰ء پر صرف اس لیے ختم کیا ہے کہ اس کے فوراً ہی بعد براہوئی تحریری ادب میں تحریکِ درخان اٹھی جس نے نہ صرف تحریری ادب کو مالا مال کر دیا بلکہ مقامِ مسرت ہے کہ یہ تمام مصنفین براہوئی تھے اور ان کی نگارشات مذہبی و اخلاق ہونے کے باوجود علمی و تخلیقی بھی تھیں!

---

۱ ۔ بلوچستان ڈسٹرکٹ گزٹیر سیریز ج ۔ ششم ب ۔ مؤلفہ میجر سی ۔ ایف ۔ منچن ص ۳۹ تا ۴۱ ۔

لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس دور میں براہوئی زبان و ادب تخلیقی کام سے عاری رہے - براہوئی زبان کا مشہور شاعر تاج محمد بنگل زئی المعروف بہ تاجل اسی دور میں ۱۸۳۴ء / ۱۲۵۰ھ مستونگ میں پیدا ہوا اور غیر معمولی طویل عمر پا کر ۱۹۴۵ء فوت میں ہوا - گویا وہ ہمارے دوسرے اور تیسرے ادوار کا شاعر تھا ۱ - تاجل کی تعلیم صرف کلام پاک کی کچھ آیات حفظ کرنے تک محدود تھی لیکن شاعری کا ملکہ خدا داد تھا - لہذا ان میں آمد فراواں تھی - فکر و تخیّل اور شعر و سخن میں وہ ہر قسم کی قید سے آزاد تھے - گرد و پیش کی زندگی سے پیدا ہونے والے تاثّرات اور اپنے داخلی واردات کو نہایت بے تکلّفی سے بیان کر دیتے تھے - زمیندار ہونے کی وجہ سے انہوں نے کاشتکاروں کی حالت زار کو دیکھا تھا اور وہ ان کی تحریروں میں منعکس ہوئے ہیں - ابتدا میں طبیعت مزاح کی طرف زیادہ مائل تھی لیکن تصوّف کا رنگ بھی ظہور پذیر تھا ۲ - انگریزوں کے تسلّط کے بعد براہوئی شیرازے کے انتشار نے مایوسی و قنوطیت کی ایک زبردست فضا پیدا کر دی تھی - تاجل اور درخانی تحریک اسی فضا میں پروان چڑھے لیکن درخانی تحریک کے علمبردار اور حاملین تسبیح کے دانوں کی مانند تھے جو اکیلے ہونے کے باوجود یک رخ اور یک مقصد ہوتے ہیں - وہ ان تغیّرات اور ظلمتوں کے سامنے سینہ سپر ہوئے، لہذا انگریزی تسلّط ان کے جوہر تخلیق و تحقیق، توانائی اور رجائیت پر ہلکا سا اثر بھی نہ کر سکا، لیکن تاجل ایک فردِ واحد کی حیثیت سے مایوسی کے اس گھٹا ٹوپ اندھیرے میں تصوّف کے سوا اور کوئی پناہ نہ پا سکے - آخری عمر میں ان کی بینائی بھی جاتی رہی جس سے یہ دنیائے رنگ و نور ان کے لیے واہمہ ہی بن گئی - چنانچہ ان پر بتدریج تصوف کی گرفت مضبوط سے مضبوط تر ہوتی گئی - ان کی بیوی کا نام لعلمین تھا جس کو وہ اپنی شاعری میں صرف لعل کہتے تھے ۳ - مشہور ہے کہ جب ان کا بیٹا صادق آٹھ سال کی عمر میں سخت بیمار ہوا تو اس کی صحت اپنی کور چشمی کے بدلے خدائے قدوس سے مانگی اور یہی ہوا - قدرت نے انہیں شاعری کا ملکہ اور لحن داودیٔ عطا فرمائے تھے - ایک دفعہ لعلمین نے ان سے کہا کہ میں نماز پڑھتی ہوں، ذرا ہانڈی کا خیال رکھنا - یہ کہہ کر وہ چلی گئی - تاجل نے اس موقعہ پر یہ اشعار کہے :۴

۱- ماہنامہ الس کوئٹہ، ستمبر ۱۹۶۵ء، مضمون ''تاجل'' از عزیز احمد و ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان، نومبر دسمبر ۱۹۶۶ء مضمون ''تاج محمد تاجل'' از عبدالرحمان براہوئی -
۲- ماہنامہ بلوچی دنیا، ملتان نومبر، دسمبر ۱۹۶۶ء مضمون ''تاج محمد تاجل'' عبدالرحمان براہوئی-
۳- ماہنامہ الس کوئٹہ، ستمبر ۱۹۶۵ء مضمون ''تاجل'' از عزیز احمد -
۴- ماہنامہ بلوچی دنیا، ملتان - نومبر دسمبر ۱۹۶۶ء ''تاج محمد تاجل'' از عبدالرحمان براہوئی -

ترجمہ : اے کتے ! دور ہو جاؤ ! اے بلی ! تو بھی دور ہو جا
(تمہیں معلوم نہیں کہ) لعل اپنی نماز پڑھتی ہے
اس کے بعد آ کر وہ (اپنی ہانڈی کا خیال کرے گی
اگرچہ میں نابینا ہوں ، کچھ دیکھ نہیں سکتا
(تاہم) لعل کے سامنے مجبور ہوں ۔

پیر و فقیر کی صحبت کی وہ اکثر تلقین کرتے تھے چنانچہ کہتے ہیں :

تاجل یارے توبہ و زاری کرنی پیر بخیر تن یاری[1]

ترجمہ : یعنی اے تاجل ! گڑ گڑا کر توبہ کر لے اور پھر فقیر کی صحبت میں رہا کر
کہ دل کی کدورت دور ہو سکے !

افسوس ہے کہ ان کا بہت تھوڑا کلام بھی ابھی تک تحریر میں آ سکا ہے اور زیادہ تر لوگوں کے سینوں میں ہی محفوظ ہے !

تاجل کے علاوہ اسی دور میں مثنوی 'ماہ گل' کا پتہ بھی چلا ہے اور اس کی نشان دہی ایک نوجوان براہوئی محقق عبدالرحمان نے کی ہے ۔ انہوں نے لکھا ہے کہ قریباً تین سو ابیات کی یہ مثنوی براہوئی کے کسی قدیم شاعر ، نے منظوم کی ہے اور یہ ایک حقیقی براہوئی رومان پر مبنی ہے [2] ۔ انیسویں صدی عیسوی کے ربع ثالث کے آخری سالوں میں ، ضلع چاغی میں 'ماہ گل' پیدا ہوئی جو پیکر حسن و جمال تھی ۔ اس کی شادی علاقے کے ایک متمول آدمی نبی بخش تراسی زئی سے کر دی گئی ۔ میاں بیوی خوشی خوشی زندگی بسر کرتے رہے اور ان کے یہاں دو بچے اور ایک بچی پیدا ہوئی ۔ سوء اتفاق سے شوہر کی معمولی سرزنش پر ماہ گل نے سادگی سے پڑوسن سے یہ بات کہہ دی ۔ وہ بہت کائیاں عورت تھی ۔ اس نے ماہ گل کو اس کے شوہر سے بد ظن کر دیا اور پھر دلالہ بن کر بہادر ، قومی اور جری شیر جان رخشانی سے ، کہ مردانہ حسن و شباب کا مرقع تھا ، اس کے خفیہ تعلقات قائم کروا دیے ۔ نبی بخش کو چوپان کے ذریعے پتہ چل گیا اور اس نے پہلے شیر جان کو اپنی بندوق کا نشانہ بنایا جب وہ اسی کے گھر آیا ہوا تھا اور پھر ماہ گل کو بھی تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ۔ گویا نفسِ مضمون کے اعتبار سے یہ کہانی بلوچی رومان ''شہدا دو منہاز'' سے کافی حد تک مشابہ ہے ۔ یہ مثنوی ، جو غالباً ۱۸۸۰ء کے بعد ہی کہیں لکھی گئی ہو گی ، محفلوں ، ساربانوں اور کسانوں میں بہت مقبول ہوئی اور بہت سوں نے اسے حفظ کر لیا اور پھر

۱- ماہنامہ بلوچی دنیا ، ملتان ستمبر ۱۹۶۷ء مضمون ''مثنوی ماہ گل'' از عبدالرحمان براہوئی ۔
۲- ایضاً

Marfat.com

آہستہ آہستہ یہ لوگوں کے حافظے سے اتر تو گئی، حتی کہ ایک براہوئی ادب دوست سے یہ داستان صاحبِ مقالہ کو حاصل ہو گئی۔ بہتر ہوتا کہ عبدالرحمان صاحب مولانا نبو جان کے قائم کردہ معیار کے مطابق اس ادب دوست براہوئی کا نام ناسی بھی دے دیتے! بہر حال ان کے مطابق یہ مثنوی براہوئی زبان کی اوّلین مثنوی ہے اور پہلی دفعہ ایک حقیقی براہوئی رومان کو منظر عام پر لے آئی ہے!

مثنوی مفصل ہونے کی وجہ سے براہوئی معاشرے کے خد و خال کو واضح کرتی ہے کہ براہوئی خواتین کی کشیدہ کاری کی کئی اقسام ہیں جیسے گل کپ، اشنال، سورانی، لاڑو، چوٹی، کون لوپو جو فضول سمجھی جاتی ہے اور ذرتو جو بہت عمدہ قسم ہے اور جس کے ٹانکے بالکل نہیں ہوتے ہیں[1]۔ براہوئی جوانمرد کی یوں تصویر کھینچی ہے:

ترجمہ: اسلحہ رکھنا مرد کے لیے سنت ہے۔ بائیں طرف تلوار لٹکنی چاہیے۔
دائیں کندھے پر بندوق ہونی چاہیے۔ اور ایک مضبوط لاٹھی ہاتھ میں ہونی چاہیے۔

بہر حال مجموعی طور پر اگر پہلے اور دوسرے دور کا جائزہ لیا جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ پہلے دور کا تخلیقی کارنامہ 'تحفۃ العجائب' تک محدود تھا۔ دوسرے دور میں براہوئی بین الاقوامی لسانی مطالعات میں شامل ہو گئی۔ تخلیقی میدان میں تاجل کی شاعری اور مثنوی 'ماہ گل' اس زبان کی قوتِ اظہار کا ثبوت بن گئیں، لیکن ایک سو بیس سال کے طویل عرصے میں علم و ادب کا اتنا قلیل سرمایہ کی وجہ شاید یہ ہے کہ اس دور میں کوئی ایسی تحریک نہ تھی جو اس کو آگے بڑھاتی۔

تیسرا دور (۱۸۸۰ء سے ۱۹۶۰ء)

یوں تو ریاست قلات میں انگریزوں کا عمل دخل ۱۸۳۹ء میں میر محراب خاں کی شہادت سے ہی شروع ہو گیا تھا لیکن ۱۸۷۶ء میں کوئٹہ پر ان کے تصرف کے بعد بلوچستان کے اطراف و اکناف میں کاملاً برطانوی حکومت قائم ہو گئی۔ بیرونی مسلمانوں کی سلطنت ہو یا براہوئی خوانین کی عملداری، انہوں نے نہ صرف براہوہیوں کی داخلی آزادی کو تسلیم کیا تھا بلکہ وہ ان کے مذاق و مزاج کے مطابق ہی ان پر حکومت کرتے رہے تھے۔ ان کے ادوار میں بغاوتیں ہوئیں اور فرو بھی کی گئیں۔ کبھی کبھی زیادتیاں بھی کی گئیں لیکن بحیثیت مجموعی ان کی حکومتیں براہوہیوں کے لیے قابل قبول

۱۔ ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان، نومبر دسمبر ۱۹۶۶ء ''مثنوی ماہ گل'' از عبدالرحمان براہوئی۔

Marfat.com

ضرور تھیں لیکن اب زمامِ اقتدار ایک ایسی قوم کے ہاتھ میں چلی گئی تھی جو نہ صرف تہذیب و تمدن بلکہ عقیدے کے اعتبار سے بالکل مختلف تھی اور ہر شعبہ حیات کو اپنے ہی مخصوص نظریات اور مفادات کے مطابق ڈھالنا چاہتی تھی -

اس انگریزی تسلّط اور نفوذ کے خلاف براہوئیوں ، بلوچوں اور دیگر قبائلیوں کا اولّین فطری ردِ عمل مدافعت و مقاومت کا تھا - چنانچہ ان میں ایک طبقہ ایسا وجود میں آ گیا جو اس ہمہ جہتی سامراج کے خلاف مستقلاً صف آرا تھا - اسی میں ڈھاڈر کے قریب ایک چھوٹے سے گاؤں درخان کے رہنے والے نوجوان محمد فاضل رئسیانی بھی شامل تھے - وہ اپنے ساتھیوں بینگل اور جونگل کے ساتھ انگریزی چوکیوں پر چھاپے مارتے رہے[1] - مگر محمد فاضل کی طبیعت بہت جلد اس طریقہ کار سے سیر ہوگئی اور ان کی فطری صلاحیتیں علم و فضل کے حصول کی طرف منفطف ہو گئیں - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قدرت انھیں انگریزی فکری و اعتقادی یلغار کے خلاف مسلح کرنا چاہتی تھی ! ان کی صحیح تاریخ پیدائش تو معلوم نہیں ہو سکی - البتہ ان کے نواسے مولانا عبدالباقی صاحب درخانی کے مطابق ان کی عمر ساٹھ سال سے زیادہ تھی - مولانا عبداللہ نے اپنے رسالہ 'قبلہ مجددی نقشبندی' میں ان کی تاریخ وفات ۱۹ شوال روز سہ شنبہ ۱۳۱۴ھ دی ہے جو سن عیسوی ۱۸۹۶ء نکلتی[2] ہے گویا مولانا محمد فاضل ؒ ۱۸۳۰ء کے قریب قریب پیدا ہوئے تھے -

مولانا محمد فاضل ؒ درس و تدریس ، مناظرہ و مجادلہ ، تبلیغ و تلقین اور طریقت و روحانیت میں مصروف ہونے کی وجہ سے تصنیف و تالیف کا کام نہ کر سکے، لیکن ان کی ذات بابرکات اور اس کے ملکۂ آدم گری کا نتیجہ تلامذہ راشدہ کے ایک حلقہ کی صورت میں ظاہر ہوا - ان کے نامور تلامذہ میں مولانا محمد عبداللہ درخانی ؒ ، مولانا نبو جان ؒ ، مولانا عبدالحی درخانی ؒ اور مولانا عبدالمجید ؒ تھے - مولانا محمد عبداللہ ؒ مولانا محمد فاضل ؒ کی صحبت و تربیت سے کندن بن چکے تھے - شیخ البلوچستان کی چونکہ کوئی نرینہ اولاد نہ تھی ، بلکہ صرف ایک ہی صاحبزادی تھی جس کی شادی مولانا محمد عبداللہ درخانی ؒ سے کر دی گئی تھی ، اس لیے مولانا محمد فاضل ؒ کی وفات پر وہی ان کے جانشین ہوئے اور اور ادارۂ مطبوعات ، مسجد اور لنگر وغیرہ کا انتظام سنبھالا - وہ ایک زبردست فقیہی اور خوشگوار شاعر تھے[3] - اپنے علمی تبحر کی وجہ سے ۱۹۳۵ء سے ۱۹۳۷ء تک ریاست قلات

۱- ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان ، مارچ ۱۹۵۹ء ، مضمون علامہ محمد فاضل درخانی، عبدالرحمان غور -

۲- درخانی ، مولانا محمد عبد اللہ ، شمائل شریف ، ص ۱۲۰ -

۳- اورینٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۶۲ء ''براہوئی زبان و ادب'' از سید کامل القادری

Marfat.com

کے قاضی القضاۃ بھی رہے - وہ متعدد کتب کے مصنف تھے - جن میں اکثر زیور طباعت سے آراستہ ہو چکی ہیں - مشہور اور اہم کتب مندرجہ ذیل ہیں[1] :

۱- افازہ المصلی - جو نماز حنفی کے جامع مسائل صحیحہ پر بحث کرتی ہے - یہ عربی میں لکھی گئی ہے اور ساتھ ساتھ فارسی ترجمہ بھی ہے -

۲- شمائل شریف میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ و سلم کے شمائل و خصائل کا بیان ہے -

۳- معجزات شریفہ میں آنحضرتؐ کے معجزات کا ذکر ہے -

۴- سفر حجاز درخانی فارسی میں ہے اور حج بیت اللہ کے متعلق ہے -

۵- تحفۃ العوام -

۶- راہ نامہ -

۷- ایک قلمی نسخہ ، کنزالاخبار ، جو ہنوز ان کے صاحبزادہ مولانا عبدالباقی درخانی کے پاس محفوظ ہے- مولانا محمد عبداللہ ابن عالم متقی حاجی محمد عظیم رئیسانی درخانی ۱۸۱۸ء میں پیدا ہوئے تھے اور ان کی وفات ۴۳—۱۹۴۴ء میں ہوئی[2] -

مولانا نبو جان

یہ مستونگ کے قریب ایک چوتو کے رہنے والے تھے اور قمبرنی قبیلے سے تعلق رکھتے تھے - ان کا عظیم ترین کارنامہ ملّا ملک داد کی تصنیف 'تحفۃ العجائب' کی طباعت تھی جس کا ذکر پہلے دور میں ہو چکا ہے - مولانا نبو جان[3] خود ایک جیّد عالم اور جلیل القدر مصنف تھے - ان کی مشہور ترین تصانیف 'ناصح البلوچ' اور 'تحفۃ الغرائب' ہیں - 'تحفۃ الغرائب' ملّا ملک داد[4] کے موضوعات پسندیدہ پر ہی لکھی گئی ہے - 'ناصح البلوچ' اس کی نسبت زیادہ مشہور و معروف ہے اور چھوٹی بحر کے استعمال ، بعض مصرعوں کے تکرار اور برمحل الفاظ کی وجہ سے براہوئی شاعری کا بہت اچھا نمونہ بھی ہے - جیسے :

اول صفت خدا نا — بے چون و پادشاہ نا
خلاق و رہ نما نا — کر بندگی خدا کن [3]
یا منہ ہیت جوڑ کیوا — براہوئی ایت پنت تیوا
اف زندگی کہیوا — معاف کر کنے خدایا [4]

۱- سالنامہ ماہ نومبر کراچی مارچ ۱۹۶۶ء "براہوئی زبان و ادب" از عبدالرحمان براہوئی -
۲- ہفت روزہ، ایلم استقلال نمبر ، ۱۹۶۶ء مضمون از ملک ممتاز علی براہوئی -
۳- مولانا نبو جان، ناصح البلوچ - مکتوبہ مولانا عبدالباقی درخانی ص - ۲
۴- ایضاً ص- ۶

Marfat.com

یعنی میں نے کچھ باتیں یا پند و نصائح کہی ہیں - براہوئی میں وعظ و نصیحت کی ہے - اف زندگی ختم ہے - اے خدا! مجھے معاف فرما!

ان کی تاریخ پیدائش کا علم نہیں - البتہ تاریخ وفات ۱۹۰۷ بتائی جاتی ہے۱ -

مولانا عبدالمجید چوتوئی

مولانا نبو جان رح کے فرزند ارجمند تھے - وہ بیک وقت مولانا محمد فاضل درخانی رح اور مولانا نبو جان رح سے مستفید ہوئے - ان کی دو کتابیں بہت مشہور اور یادگار ہیں -

۱- 'مفرّح القلوب' یہ کتاب براہوئی غزلیات کی اوّلین کتاب ہے اور فارسی طرز حروف تہجی کی رعایت سے مرتب کی گئی ہے - کل اشعار ۵۸۰ ہیں - کہیں کہیں مناجات اور مولود شریف بھی درج ہیں ۲-

۲- 'گلشن راغبین و غزلیات' جس کے آخر میں مولانا بنو جان رح کی فارسی زبان میں مناجات بھی مندرج ہے - مولانا نے دینی مسائل کو سلیس، عام فہم اور پر خلوص لب و لہجے میں تحریر فرمایا ہے - مولانا کے کلام میں شرعی رنگ کے علاوہ خالص ادبی تخلیق کے جواہر بھی ملتے ہیں -

مولانا عبدالحئی

مولانا محمد فاضل رح درخانی کے چوتھے شاگرد مایہ ناز مولانا عبدالحی رح تھے - انہوں نے تبلیغ و تلقین کے علاوہ سلسلۂ مطبوعات بھی جاری رکھا - یوں تو ان کی ذات سے بہت سوں کو فائدہ ہوا لیکن ان کے عظیم ترین شاگرد مولانا محمد عمر دین پوری رح تھے۳ - وہ شہر مستونگ کے قبیلہ پندرانی میں پیدا ہوئے تھے اور مدرسہ درخان سے فیض یاب ہوئے - موصوف بیک وقت مصنف، مبلغ، مترجم، مفسر، مؤلف اور فنکار ہونے کے علاوہ ایک عملی سیاسی کارکن بھی تھے، اور نظم و نثر دونوں پر یکساں طور پر حاوی تھے - موصوف نے اڑتالیس کتب براہوئی زبان میں تصنیف و تالیف کیں اور اس لحاظ سے وہ براہوئی کے سب سے بڑے مصنف ہیں - بہت سے مسودات و مخطوطات بھی محفوظ و موجود ہیں اور ہنوز منتظر طباعت ہیں - آپ کا عظیم ترین کارنامہ قرآن حکیم کا براہوئی زبان میں ترجمہ ہے - اس

۱- اوریئنٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۶۲ ''براہوئی زبان و ادب'' از سید کامل القادری - ص ۱۳
۲- اوریئنٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۶۲ ''براہوئی زبان و ادب'' سید کامل القادری ص ۱۵ اور ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان اکتوبر ۱۹۶۶ ''حضرت علامہ محمد عمر دین پوری - عبدالرحمان براہوئی -
۳- ثقافت اور ادب وادی بولان میں - ''براہوئی ادب'' عبدالرحمان کرد ص ۲۲۲ تا ۲۲۵

Marfat.com

وقت تک یورپی مشنری بلوچستان میں بہت محنت شاقہ سے مصروف تبلیغ تھے اور انہوں نے ۱۹۰۷ء میں انجیل کا براہوئی ترجمہ شائع کر دیا تھا۱ - مولانا کا ترجمہ قرآن ۱۹۱۰ء (۱۳۳۴ھ) طبع ہو کر براہوہیوں کے لیے ڈھال بن گیا - ادبی لحاظ سے ان کی مقبول ترین کتاب 'سودائے خادم' ہے جو ان کی غزلیات کا مجموعہ ہے جس میں وہ اپنی فنّی ادبی عظمت کی انتہا پر ہیں - نثر میں ان کی کتاب 'آئینہ قیامت' بہت اہمیت رکھتی ہے - یہ کتاب ۱۹۳۵ء کے کوئٹہ کے قیامت خیز زلزلے کا تفصیلی حال بیان کرتی ہے - انگریزوں کے خلاف ملک بھر میں جو جدو جہد جاری تھی مولانا اس سے بے تعلق نہیں رہے اور مولانا عبداللہ سندھی سے رابطہ قائم کیا اور تحریک ہجرت میں شریک ہو کر افغانستان گئے - وہاں سے واپسی پر جیکب آباد کے قریب ایک بستی ''دین پور'' بسائی اور وہیں تصنیف و تالیف اور درس و تدریس میں مصروف رہے - لیکن آخر عمر میں ''نٹر بینٹ'' علاقہ جھلاوان آ گئے اور یہیں تادم واپسیں مصروف تبلیغ و تلقین رہے - مولانا کے دو فرزند مولانا محمد شریف اور مولانا عبدالطیف بھی انہی کی معیت میں رہے۲ - ان کے ارادتمندوں کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے- عین اس وقت جب مدرسہ درخان خاندانی تنازعات کی وجہ سے قریب المرگ تھا ، مولانا محمد عمر دین پوری رح نے اپنی شخصیت اور اپنے نئے مرکز دین پور کی وجہ سے اس کے مفید اور مقدس کام کو جاری رکھا ، بلکہ اسے بے حد توسیع دی - وہ ۱۹۳۸ء (۱۳۷۸ھ) میں فوت ہوئے ۳ -

مائی تاج بانو

یوں تو مولانا نے درجنوں تلامذہ راشدہ چھوڑے لیکن ان کا شاہکار ان کی صاحبزادی مائی تاج بانو ہیں - جنہوں نے براہوئی خواتین کو مذہب سے آشنا کیا - ان کی مشہور ترین تصنیف 'تسریع النسا' ہے جو ۱۹۳۴ء (۱۳۵۳ھ) شائع ہوئی - اس میں نسوانی مسائل پر قادرانہ بحث کی گئی ہے - اس نثری کارنامے کے علاوہ محترمہ حمد ، نعت ، منقبت ، مرثیہ ، اخلاقی غزل اور دینی لوری سے بھی شغف رکھتی ہیں - خصوصاً مرثیہ میں تو وہ اپنی نظیر آپ ہیں - علامہ دین پوری رح کا مرثیہ تو بہت ہی مشہور ہے- لیکن اپنے بھائی ، بہن اور بچوں کی وفات پر بھی خوب مرثیے لکھے ہیں ۴ - افسوس کہ ان کی علمی و

۱- اوریئنٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۶۲ ''براہوئی زبان و ادب'' - سید کامل القادری - ص ۱۲
۲- ثقافت و ادب وادی بولان میں ''براہوئی ادب'' از عبدالرحمان کرد - ص‌ص ۲۲۲ تا ۲۲۵
۳- ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان اکتوبر ۱۹۶۶ ''حضرت علامہ محمد عمر دین پوری ''عبدالرحمان براہوئی -
۴- اوریئنٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۶۲ ''براہوئی زبان و ادب'' از سید کامل القادری ص ص ۱۶ تا ۱۷

ادبی کاوشیں اپنے والد بزرگوار کی حیات تک ہی محدود رہیں۔ ان کے ان پڑھ شوہر اور مسلسل صدمات نے ان کی تخلیقی آنچ کو بہت مدھم کر دیا۔ بہر حال وہ براہوئی زبان کی اولین ادیبہ ، شاعرہ ، اور مرثیہ نگار ہیں!

مولانا عبدالباقی درخانی

مولانا محمد عبد اللہ درخانیؒ کے صاحبزادے ہیں جو ۱۹۱۴ء (۱۳۳۲ ھ) میں عالم وجود میں تشریف لائے۔ موصوف ایک عالم فاضل اور درویش صفت انسان ہیں اور ان کے عظیم و جلیل خاندان کی علمیت و فضیلت اب انہی میں مرکوز ہے۔ وہ کئی کتب کے بھی مصنف ہیں۔ مثلاً 'خطباتِ درخانی' مطبوعہ ۱۹۴۰ء ، 'مجربات درخانی' ، 'تاج التعزیرات' مطبوعہ ۱۹۳۲ء (۱۳۵۱ ھ) ، 'ناصر الباوچ' ، 'کشف الصدور' ، 'کشف الخصائل' ، 'کاغذات درخانی' ، 'خاکسارنا' 'غلط مذہب' وغیرہ۔ 'عملیات درخانی' ، 'آخری منزل' اور دیگر ہنوز مسودات کی شکل میں ہیں۔ مولانا عبد الباقی بہت اچھے حمد گو ، نعت نگار اور نغمہ پرداز ہیں۔

مولانا عبد الحیؒ کے صاحبزادے مولانا ابوبکر تھے جن کے صاحبزادے مولوی عبد الغفور درخانی بقید حیات ہیں اور براہوئیات کے ناشر ہیں !

ان اکابرین کے علاوہ درخان پور اور بندہ دین پور کے چشمہ علم و معرفت سے بیسیوں اصحاب سیراب و فیض یاب ہوئے جنہوں نے اپنی اپنی جگہ براہوئی علم و ادب کی آبیاری کی۔ حاجی مولوی عبد الحکیم صاحب ، مصنف 'نصیحت نامہ مولوی عبدالحکیم' ، مطبوعہ ۱۹۵۱ء لاہور۱ ، مولانا عبد الکریم مینگل جن میں حضرت شمس تبریزؒ کی مستی تھی۲ ، مولوی محمد اشرف ، ملا گہرام ، تاج محمد شاہوانی ، ملّا روشن دین مینگل باران زئی اور صوفی گل محمد صاحب نوشکوی انہی بزرگان کرام میں سے تھے۳ !

فیوضِ مولانا درخانی

غرضیکہ مولانا محمد فاضل درخانیؒ کی ذات بابرکات بجائے خود ایک ادارہ اور ایک تحریک تھی اور مدرسہ درخان براہوئی علم و ادب میں آمد بہار کا نقیب تھا۔ اس کا سب سے بڑا کارنامہ یہ تھا کہ عربی فارسی کی بجائے براہوئی اور بلوچی خصوصاً اول الذکر کو ذریعۂ

۱- ثقافت و ادب وادی بولان میں۔ ''براہوئی ادب'' ۔ از عبد المرحمان کرد ۔ ص ۔ ۲۳ ۔
۲- ایضاً ص ۔ ۲۲۸ ۔
۳- ایضاً ص ۔ ۲۲۸ تا ۲۲۹ ۔

Marfat.com

تعلیم بنایا - اس سے براہوئی اتنے خود آشنا ہو گئے کہ عیسائی مبلغین کی تبلیغات دھری کی دھری رہ گئیں - اسی کی وجہ سے براہوئی تحریری ادب کے انبار لگ گئے - تفسیر و فقہ، حدیث و شریعت، تاریخ و سیر، اخلاق و نصائح نظم و نثر اور علم و ادب کے گونا گون اور ادق سے ادق مضامین براہوئی زبان میں ادا کیے جانے لگے - لیکن یہ یاد رکھنا چاہئے کہ مدرسہ درخان کے تحت پیدا ہونے والا ادب اصلاحی، مقصدی اور تعمیری تھا اس لیے اس میں فکری بے راہ روی، دماغی عیاشی اور اللے تللے کا کوئی امکان نہ تھا اور سنجیدگی اور متانت اس کے طغرائے امتیاز تھے - اس کا اثر یہ ضرور ہوا کہ اپنے جذبات آزاد کا اظہار دب گیا، لیکن تحریک پر تنقید کرتے وقت نہ ان حالات و خطرات کو بھولنا چاہیے جو اس تحریک کے حاملین کو در پیش تھے اور نہ ان عظیم مقاصد کو جو انہوں نے اپنے سامنے رکھے - مدرسہ درخان کا مقصد نہ تو براہوئیوں کے قدیم ترین ماضی کا احیا تھا اور نہ ہی براہوئی لوک ادب کا تحفظ، بلکہ انگریزی تمدنی و اعتقادی یلغار کو بھانپ کر اس کے خلاف سینہ سپر اور صف آرا ہونا تھا - دوسرے لفظوں میں براہوئیوں میں خالص اسلامی رنگ کی نشاۃ الجدیدہ کو پیدا کرنا مقصود تھا اور اپنے اس مقصد میں یہ مدرسہ بے حد کامیاب رہا - نہ صرف یہ بلکہ اس کی وجہ سے براہوئیوں میں جو خود شناسی کا جذبہ پیدا ہوا، زندگی کی جو تڑپ اور لگن ظہور میں آئی، وہی جذبہ اور لگن دیگر تخلیقی کارناموں کے بھی محرک ہوئے !

ویسے تخلیقی اعتبار سے بھی یہ دور خالی نہ تھا - تاجل، جن کا ذکر ہم دوسرے دور میں کر آئے ہیں، اس دور میں بھی شعر آفرین و نغمہ پرداز ہے - مثنوی 'ماہ گل'، جس کی طرف دوسرے دور میں اشارہ کیا جا چکا ہے - اسی دور میں تخلیق آشنا ہوئی - خود درخانی تحریک کے بعض علمبردار بھی تخلیقی جوہر کا ثبوت دیتے رہے مثلاً عبد المجید چوتونی رح اور علامہ محمد عمر دین پوری - مولانا عبد المجید کے تین شعروں کا ترجمہ درج ذیل ہے :

ترجمہ : اے سانپ جیسی زلفوں اور خمار آلود آنکھوں والی محبوبہ !
میری آنکھیں تیرے انتظار میں اشکبار ہیں -
اے شرابی ہونٹوں اور گلابی رخساروں والی محبوبہ !
آ کہ میں جل رہا ہوں تو کیوں نہیں آتی اور میرے ساتھ گفتگو نہیں کرتی؟
تو میرے دل کو جلا رہی ہے اور میری آنکھیں تیرے لیے اشکبار ہیں -

علامہ محمد عمر رح کا شعر ہے :

پنتیاں خختے تینتو نفیس بینگ کننگان فارغ کرنیس[1]

۱- ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان اکتوبر ۱۹۶۶ء "حضرت علامہ محمد عمر دین پوری" از عبد الرحمان براہوئی - ص ۳۵ -

یعنی جب سے تجھے دیکھا ہے تو تو نے میری آنکھیں دوسروں کی طرف سے بند کر دی ہیں اور مجھے کھانے پینے سے بے نیاز کر دیا ہے - یعنی میں فنا فی المحبوب ہو گیا ہوں -

تاج بانو کی درج ذیل لوری قابل داد ہے ۱ :

قربان ای مر یوخن تانا — میں تیری آنکھوں کے صدقے
نور اس خستاک درد انا — اے دردانہ ! تو میری آنکھ کا نور ہے
رحمت تی بس اللہ نا — خدا کے فضل سے تو (عالم وجود میں) آئی
زیبل رب نی دراجنگا عمر تسے — زیبل ! تجھے خدا عمر دراز دے !

ان کے علاوہ پیر محمد صاحب نیمرغی لہڑی بھی اس دور میں نغمہ سرا رہے - وہ نیمرغ تو کچھ علاقہ قلات کے باشندے تھے - ان کا دیوان 'بازار حسن' ۱۹۴۸ء کراچی سے شائع ہوا - نمونہ کلام یہ ہے :

تمام دنیائی چرنیگاٹ کرنا غمتان جدائی نا
تیری جدائی کے غم سے تمام دنیا کا سفر کیا
ستر آرام کنے جا گہین نا دردان جدائی نا
کہیں کہیں بھی مجھے آرام نصیب نہ ہوا
اماں دردان جدائی نا ، اماں دردان جدائی نا
تیری جدائی پر درد ہے ، تیری جدائی سے الامان ۲

شاعر بلوچستان مولانا محمد اسماعیل ذگر مینگل بھی اسی دور کی یادگار ہیں - وہ 'شہادت شریف' مطبوعہ ۱۹۵۸ء اور 'جنگ محمد حنیف' کے مصنف ہیں - نمونۂ کلام درج ذیل ہے ۳ :

اٹھو کہ برفباری کا موسم آ گیا
ہر گلی اور کوچے میں نالے بہنے شروع ہو گئے ہیں
چشموں کے پانی نے ہر درخت کو ہرا کر دیا
کشف و کشار شروع ہے اور مالداری کا موسم ہے ! (ترجمہ)

ان کے علاوہ نور احمد منگیجری اور میاں محمد عارف وغیرہ بھی اسی دور میں غزل سرا ہوئے - ان میں سے اکثر جدید دور میں بھی زندہ و گوئندہ ہیں !

۱- ثقافت و ادب وادی بولان میں ''براہوئی ادب'' از عبد الرحمان کرد - ص - ۲۲۶ -
۲- ایضاً ص - ۲۴۹ -
۳- ایضاً ص - ۲۴۰ -

Marfat.com

یورپی علماء فضلاء نے براہوئی زبان و ادب پر جو تحقیقی کام ۱۸۱۶ء میں شروع کیا تھا وہ بلا وقفہ اس دور میں بھی جاری رہا - ۱۸۸۲ء میں ریورینڈ جی شرٹ نے ''انڈین اینٹی کوئری'' کی جلد یازدھم میں ایک براہوئی نغمہ شائع کیا۱ - اور اسی سال لندن سے میک گریگر کی کتاب 'بلوچستان کی سیاحت' منظر عام پر آئی۲ -

ڈاکٹر تھیوڈور ڈوکا نے ۱۸۸۷ء میں ڈاکٹر ارنسٹ ٹرمپ کی تالیف ''براہوئی گرامر'' کا ترجمہ انگریزی میں جنرل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی نیو سیریز جلد نوازدھم میں شائع کروایا۳ -

اسی سال امریکی پروفیسر جان ایوری نے اپنا مقالہ 'براہوئی زبان' 'دی امریکن اینٹی کوئیرئن اینڈ اوریئنٹل جنرل' جلد نہم میں شائع کروایا - اور براہوئی اور دراوڑ السنہ کی مشترک خصوصیات پر مدلل بحث کی۴ -

۱۹۰۲ء میں ایف، ودربگ نے الہ آباد سے 'براہوئی کے مطالعہ کی گائیڈ' شائع کروائی۵ -

۱۹۰۶ء میں ڈاکٹر جی - اے گریئرسن نے کلکتہ سے 'لنگو اسٹک سروے آف انڈیا' شائع کی جس کی جلد چہارم کے صفحات ۲۱۹ تا ۲۳۶ پر براہوئی گرامر کا ذکر کیا اور قلات اور کراچی میں بولی جانے والی براہوئی زبان کے تین نمونے رومن حروف میں بمعہ انگریزی ترجمہ دیے ۶ -

۶—۱۹۰۷ء میں ریورینڈ - ٹی - جے - ایل میئر نے ''اے براہوئی ریڈنگ بک'' یا ایک براہوئی نصاب کی کتاب، تین جلدوں میں لدھیانہ سے شائع کی - حصہ اول میں ۳۲ صفحات تھے اور ان سات کہانیاں، پانچ مضامین اور چار منظومات درج تھے - جلد دوم ۴۸ صفحات پر مشتمل تھی - اور اس میں دس کہانیاں، تین مضامین اور چار منظومات درج تھے - جلد سوم ۱۶ صفحات پر مبنی ایک براہوئی ناولچہ تھا، جو پلاٹ زبان، بیان اور کردار کے لحاظ سے خالص براہوئی تھا - تینوں جلدیں رومن حروف میں لکھی گئی تھی لیکن پہلی دونو کا انگریزی ترجمہ بھی ساتھ ساتھ دیا گیا تھا - میئر

۱- سالنامہ ماہ نو کراچی - مارچ - ۱۹۶۶ء ''براہوئی زبان و ادب'' از عبد الرحمان براہوی -
۲- ایضاً -
۳- ایضاً -
۴- ایضاً -
۵- ایضاً -
۶- ایضاً -

Marfat.com

نے لیچ کی طرح براہوئیوں سے براہ راست رابطہ کے بعد یہ چیزیں حاصل کی تھیں اس لیے یہ لوک ادب کا نمونہ ہیں اور براہوئی غیر تحریری ادب میں اضافہ لیکن لیچ کے برعکس ان میں الجھاؤ زیادہ ہے، نکتۂ نظر علمی نہیں بلکہ مذہبی اور تبلیغی ہے۔ اس لیے رطب و یابس بھی جمع ہو گیا ہے اور کہیں کہیں تو انہوں نے دل آزاری، اہانت آمیزی اور باطل طرازی سے بھی کام لیا ہے۔ جلد اول میں کہانی ''مہمان نوازی'' نہ صرف براہوئیوں بلکہ مسلمانوں کی روایات مہمان نوازی کی توہین ہے[1]۔ براہوئی میزبان کا مہمانوں کی موجودگی میں بیوی کو محض اس لیے مارنا کہ بچہ کیوں رو رہا ہے براہوئی معاشرے کے متعلق سراسر غلط بیانی ہے۔ دوسری کہانی ''امام جعفر'' میں آنحضورؐ کی زبان مبارک سے بے سروپا باتیں نکلوانا پادری صاحب کی صلیبی ذہنیت کا بدترین نمونہ ہے[2]۔ مزید برآں میئر نے بھی لیچ کی طرح ان مندرجات کے کسی راوی کا نام دینا گوارا نہیں کیا۔

۱۹۰۷ء میں برٹش اینڈ فارن بائیبل سوسائٹی نے انجیل کا براہوئی ترجمہ شائع کیا، تاکہ براہوئیوں کو عیسائی بنانے کا خواب پورا ہو سکے۔[3] اسی سال رائے صاحب لالہ جمعیت رائے نے کوئٹہ سے 'نوٹس آن دی سٹڈی آف براہوئی لینگوئج' یعنی براہوئی زبان کے مطالعہ پر اشارات شائع کی۔ ۱۹۰۹ء میں سر ڈینس برے نے اپنی مشہور و معروف کتاب 'براہوئی زبان' کا حصہ اول کلکتہ سے شائع کیا۔ برے بلا مبالغہ تمام یورپی علماء فضلاء سے سر برآوردہ تھے۔ انہوں نے سالہا سال کی محنت سے براہوئی زبان کے اسرار و غوامض سے واقفیت حاصل کی۔ اس حصہ میں انہوں نے براہوئی گرامر پر خوب تفصیل سے بحث کی ہے اور براہوئی کو حتماً دراوڑی ثابت کر دیا ہے۔ ان کی کتاب کی دوسری جلد ۱۹۳۴ء میں شائع ہوئی جو دو حصوں پر مشتمل تھی۔ حصہ دوم براہوئی حسب و نسب، زبان وغیرہ پر مجموعی تبصرہ تھا اور حصہ سوم براہوئی لغت پر مشتمل تھا۔ برے صاحب نے ہر لفظ کا اشتقاق معلوم کرنے کے لیے نہایت وسعت مطالعہ اور دقتِ نظر سے کام لیا۔ اس کے علاوہ وہ ایک براہوئی کی سوانح حیات کے بھی مصنف ہیں، جس میں انہوں نے مہد سے لحد تک ایک براہوئی اور اس کے آئینہ میں اس کے ماحول و معاشرہ کی تصویر کھینچ دی ہے۔ ۱۹۳۸ء میں انہوں نے براہوئی لوک کہانیاں بھی

۱- ریورینڈ ٹی - جے - ایل - میئر، اے براہوائی ریڈنگ بک ج ۱، - ص ۱۸ تا ۱۹ -
۲- ایضاً ص ۲۰ -
۳- اورینٹل کالج میگرین نومبر ۱۹۶۲ء ''براہوئی زبان و ادب'' از سید کامل القادری۔
۴- ایضا ''براہوئی اور اردو'' ایضاً۔

Marfat.com

بمعہ انگریزی ترجمہ شائع کروائیں !۱

۱۹۲۳ء میں ریورینڈ ڈنکن ڈکسی نے سو اوراق پر مشتمل 'انگلش براہوئی ڈکشنری' لکھی جس کا مسودہ برٹش میوزیم میں موجود ہے ۔۲

۱۹۵۲ء میں فرانسیسی زبان کی کتاب 'لے لینگودو موند لے' کے نئے ایڈیشن کے صفحات ۴۸۸ تا ۵۰۳ پر براہوئی زبان و گرامر کے متعلق مفید معلومات بھی شامل کی گئیں ۔۳

۱۹۵۵ء میں پروفیسر انور رومان نے ایک انگریزی مقالہ مغربی پاکستان کی بنیادی وحدت میں ، جو فروری ۱۹۵۶ء میں منعقدہ چھٹی آل پاکستان ہسٹری کانفرنس کراچی کو پیش کیا گیا اور اس کی کارروائی کے صفحات ۲۴۷ تا ۲۶۶ پر چھپا ۔ براہوئیوں کو تمدن و تہذیبِ انسان کے اولّین بانیوں یعنی ہلال زرخیز کے سامیوں کا وارث قرار دیا ۔ اسی عرصے میں میں نے براہوئی لوک کہانیوں پر کام کیا ۔ لیج کی دونو کہانیوں ، میئر کی تین کہانیاں اور لیج اور مئیر کے گیتوں کو آزاد اردو ترجمہ کا لباس پہنایا ۔ یہ ترجمے 'جگ بیتی' ، 'انتقام' براہوئی کے چار گیت ، چار دریچے 'بہادر خان کی سرگذشت' 'آپ بیتی' اور 'واپسی' کے عنوانات کے تحت امروز لاہور کے دہ سالہ نمبر مارچ ۱۹۵۸ء ، استقلال نمبر ۱۹۵۸ء سنڈے ایڈیشن ۱۲ اکتوبر ۱۹۵۸ ، ۲۶ اکتوبر ۱۹۵۸ء ، یکم فروری ۱۹۵۹ء اور ۲۹ مارچ ۱۹۵۹ء کو علی الترتیب شائع ہوئے ۔ اسی عرصے میں میں نے ایک طویل مقالہ انگریزی میں لکھا جو جرنل آف دی ہسٹاریکل سوسائٹی کراچی کے شمارہ جات اکتوبر ۱۹۵۹ء ، جنوری ۱۹۶۰ء اور اپریل ۱۹۶۰ء میں بہ عنوان ''دی براہوئیز آف کوئٹہ قلات ریجن'' چھپا اور بعد میں اسی سال سوسائٹی نے اسے ایک ایک کتابچہ کی صورت میں پیش کیا ۔ ۱۹۶۰ء کے استقلال نمبر امروز لاہور میں ایک مضمون ''براہوئیوں کی تاریخی اجنبیت'' بھی چھپا ۔

۱۹۵۷ء میں سید کامل القادری نے امروز لاہور کے سنڈے ایڈیشن ۱۷ نومبر میں ایک مضمون ''براہوئی قبیلہ اور اس کی زبان'' شائع کروایا جس میں انہوں نے براہوئی کی دراوڑی اصلیت اور اس پر آریائی زبانوں کی یلغار کے باوجود اس کی سخت جانی اور جوہرِ بقا کا ذکر کیا ۔ مارچ ۱۹۵۹ء میں براہوئی نور محمد صاحب پروانہ پندراڑی کا مضمون ''وادیٔ سندھ کی تہذیب اور اس کے وارث'' امروز لاہور میں شائع ہوا ۔

غرضیکہ تیسرا دور علمی ، تخلیقی اور تحقیقی لحاظ سے براہوئی زبان و ادب کا پر بہار اور امکان خیز دور تھا اور اس کے اکثر لکھنے والے ہی جدید دور کی زیب و زینت ہیں !

۱- سالنامہ ماہ نو کراچی مارچ ۱۹۶۶ء براہوئی زبان و ادب'' از عبدالرحمان براہوئی ۔
۲- ایضاً
۳- ایضاً

جدید دور (۱۹۶۰ء - ۱۹۷۰ء)

براہوئی زبان و ادب کا جدید دور اس وقت شروع ہوا جب نور محمد صاحب پروانہ، سید کامل القادری، پروفیسر انور رومان، پروفیسر خلیل صدیقی، پیر محمد پیرل زہیرانی، نادر قمبرانی و غیرہم نے چند ابتدائی اجلاس اور بحث تمحیص کے بعد ۴ نومبر ۱۹۵۹ء کو براہوئی ادبی بورڈ کی تشکیل کی جس کے فوری صدر نواب غوث بخش خان رئیسانی قرار پائے۔ اس کے اغراض و مقاصد کی تحصیل و تکمیل کے لیے ۲۴ فروری ۱۹۶۰ء کو مستونگ سے براہوئی کے پہلے ہفت روزہ اخبار ''ایلم'' کا اجرا ہوا، جس کی ادارت پروانہ صاحب نے کی۔ 'ایلم' جہاں براہوئی کے غیر تحریری و تحریری ادب کا حافظ و ناشر تھا وہاں نئے لکھنے والوں کے لیے اظہار و ابلاغ کا بہترین ذریعہ ثابت ہوا۔ براہوئی کا جدید رسم الخط جو اُردو رسم الخط سے بہت مشابہ ہے، اسی اخبار کا آوردہ و پروردہ ہے۔ اس کے بعد ریڈیو پاکستان کوئٹہ نے براہوئی نشریات کے لیے علیحدہ وقت دے دیا اور ۱۹۶۵ء میں محکمہ قبائلی نشر و اشاعت کوئٹہ نے بلوچی ماہنامہ ''الس'' میں بھی براہوئی حصہ شامل کر دیا اور اس طرح براہوئی زبان و ادب کو پھلنے پھولنے کا زیادہ موقعہ ملا۔

مجموعی طور دیکھا جائے تو اس وقت غیر تحریری ادب کی روایت کے علاوہ تین مختلف النّوع لیکن متحد الّسمت سکول کام کر رہے ہیں۔ یعنی درخانی روایت، تحقیقی اور تخلیقی۔

درخانی روایت کو مولانا عبدالباقی درخانی قائم رکھے ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ مولوی محمد یعقوب شرودی، عبدالحلیم خادمی نوشکوی فقیر زئی وغیرہ بھی انہی خطوط پر کام کر رہے ہیں۔ وہ براہوئی زبان کو اشاعتِ اسلام، تطہیر و تخلیق کردار، تزکیۂ نفس، تذکرہ اکابرین اور اعلائے اقدار اسلامیہ کا ذریعہ سمجھتے ہیں[۱]۔ تحقیقی سکول میں کیلی فورنیا یونیورسٹی کے ڈاکٹر ایم۔بی۔ایمی نیو نے ۱۹۶۲ء میں 'براہوئی اور دراوڑی کی تقابلی گرامر' شائع کی ہے۔[۲] ان کے علاوہ میک گل یونیورسٹی مانٹریال (کینڈا) کی انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سٹڈیز کے امریکی نژاد نومسلم ڈاکٹر عبدالرحمان بارکر نے براہوئی زبان پر سر ڈینس برے کی لغت کی بنیاد پر کام شروع کر رکھا ہے جو ہنوز جاری ہے۔ وہ اب تک بہت سے مزید ایسے الفاظ دریافت کر چکے ہیں جو براہوئی اور دراوڑی السنہ میں مشترک ہیں جن کا اشتقاق برے صاحب متعین ہی نہ کر سکے تھے

۱۔ اورینٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۶۲ء ''براہوئی زبان و ادب'' از سید کامل القادری۔
۲۔ سالنامہ ماہ نو کراچی مارچ ۱۹۶۶ء ''براہوئی زبان اور ادب'' از عبدالرحمان براہوئی۔

Marfat.com

یا جو سرے سے ان کی گرفت میں نہ آئے تھے (یاد رکھنا چاہیے کہ برے صاحب نے اپنی لغت میں صرف ۳۵۰ الفاظ کو براہوئی اور دراوڑی میں مشترک دکھایا ہے۔ پاکستان میں سید کامل القادری نے اس دور میں کافی تحقیقی کام کیا ہے، مثلاً براہوئی ضرب الامثال براہوئی لغت، براہوئی زبان و ادب اور براہوئی اور اردو وغیرہ طویل مقالے لکھے ہیں جو چھپ چکے ہیں۔۱ پروفیسر انور رومان نے اس دور میں ''ہماری ثقافت کیا ہے اور کہاں ہے؟۲'' ''کچھ اپنی ثقافت کے بارے میں۳'' ''سردلبران ۴'' ، ''الفاظ۔ آئینہ تاریخ۵'' ''براہوئی زبان اور اس کی لغت۶'' وغیرہ مقالات شائع کروائے ہیں اور ان دنوں وہ براہوئی، دراوڑ السنہ اور سامی خصوصاً عربی کے تقابلی مطالعہ میں مصروف ہیں۔ اسی دور میں ان کی انگریزی کتاب کا ترجمہ 'کوئٹہ قلات کے براہوئی' کے عنوان سے ماہنامہ ثقافت لاہور جنوری تا مئی ۱۹۶۴ء میں ڈاکٹر انعام الحق کوثر نے شائع کروایا ہے اور ان کی 'براہوئی کی لوک کہانیاں' قلات پبلشرز مستونگ نے ۱۹۶۵ء میں کتابی صورت میں چھاپی ہیں۔ عین الحق فرید کوٹی نے 'وادیٔ سندھ میں دراوڑی زبان کی باقیات' آٹھ اقساط میں ایلم میں اکتوبر تا دسمبر ۱۹۶۴ء اور 'پوٹھوہاری پر دراوڑی اثر' تین اقساط میں ۲۶ مئی تا ۱۰ جون ۱۹۶۵ء چھپوائے ہیں۔ ان کے علاوہ تراب براہوئی لاڑکانوی، ڈاکٹر انعام الحق کوثر، عبدالرحیم مولائی شیدائی، میر عبدالقادر شاہوانی اور سردار غوث بخش رئیسانی وغیرہ اس سلسلے میں بہت اہم مضامین لکھ رہے ہیں۔ براہوئی نوجوانوں میں سے عبدالرحمان براہوئی خصوصاً بہت فعّال ہیں۔ 'براہوئی زبان ادب' مقالہ مطبوعہ سالنامہ ماہ نو کراچی مارچ ۱۹۶۶ء کے علاوہ وہ اس تک نہ صرف براہوئی زبان و ادب کی عظیم شخصیتوں جیسے تاج محمد تاجل، علامہ محمد عمر دین پوری وغیرہ پر مضامین لکھ رہے ہیں بلکہ انہوں نے ہی مثنوی 'ماہ گل' بھی دریافت کی ہے جس نے براہوئیوں کی معاشرتی زندگی کے ایک بہت بڑے خلا کو پر کر دیا ہے۔ وہ ایک عظیم محقق بننے کی اہلیت و صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان کے علاوہ محمد حسین عنقا، چورک جھلاوانی وغیرہ بھی مصروف تحقیق ہیں۔ تخلیقی و

۱۔ ایلم ۱۹۶۱ء برائے براہوئی ضرب الامثال، ایلم ۱۹۶۲ء برائے براہوئی لغت و اورینٹل کالج میگزین لاہور، نومبر ۱۹۶۲ء برائے براہوئی زبان و ادب و براہوئی اور اردو۔

۲۔ امروز ۹ جولائی ۱۹۶۱ء برائے ''ہماری ثقافت کیا ہے اور کہاں ہے''۔

۳۔ لیل و نہار، لاہور ۱۳ اگست ۱۹۶۱ء۔

۴۔ ایلم استقلال نمبر ۱۹۶۶ء۔

۵۔ نوائے وقت، لاہور یکم ستمبر ۱۹۶۶ء۔

۶۔ ایلم استقلال نمبر ۱۹۶۶ء۔

Marfat.com

ادبی سکول میں مولانا محمد اسماعیل ذگر مینگل ، نور محمد پروانہ ، تراب لاڑکانوی ، پیر محمد زبیرانی ، محمد ابراہیم مینگل ، محمد اسحاق سوز ، ظفر میرزا ، رستم مینگل ، حکیم حاجی خدائے رحم ، امیر الملک مینگل ، حضور بخش مستانہ ، فیض اللہ مینگل ، حیات النسا براہوئی ، مہر دل پنڈراڑی ، نبی داد خان لانگو رئیس ، عبدالقادر شاہوانی ، عبدالغفور خارانی قلیل ، عبدالرحمن محمد شہی ، نادر قمبرانی ، میاں محمد عارف ، میر اکرم مینگل ، عسکر بلوچ ، عبدالرحمان کرد ، صوفی عبداللہ خان منیگجری ، محمد خان رئیسانی موسی طور ، حاجی گل محمد نوشکوی ، واحد بخش جمال ، ملک محمد رمضان ، ملک محمد پناہ ، مراد علی وغیرہ بیسیوں شعراء و ادبا معروف تحریر و تخلیق ہیں - یہ سکول براہوئی زبان و ادب کو واردات قلبی - تجربات حیات اور جذبات انسانیہ کے اظہار کا ذریعہ سمجھتا ہے گو مذہبی حقائق و اسرار اور اخلاق رموز و نکات کے لیے اس کے لیے اس دروازے بند نہیں ہیں ا ان میں سے عبدالرحمان کرد ترقی پسند رجحانات کے آئنہ دار ہیں اور پیرل ایک منفرد فنکار -

ذیل میں ہم درخانی روایت اور تخلیقی سکول کے علمبرداروں کے نمائندہ اشعار پیش کرتے ہیں :

(۱) دن پارے بلبل
ہر درخت و ہر پھل
داد یر و تر نمگل
دن پارہ اینو
ازات ٹن اینو ، آزات ٹن اینو

بلبل یوں کہتی ہے
ہر درخت اور ہر پھول پر
بارش میں اور اولوں میں
آج یوں کہتی ہے
ہم آج آزاد ہیں ، ہم آج آزاد ہیں۲
(فیض اللہ مینگل)

(۲) ہستم مخفے پھلنا نمٹی
ملا باء گواڑخ کرے مخواس

کرے چیڑ چوٹی ٹغے گٹی
کہ مخنگٹی پھلنا گھٹی ء (پیرل زبیرانی)۳

ترجمہ : بہار نے پھول کی کلی کو ہنسا دیا اسے ہار باندھ کر بنایا سنوارا
لالے نے اس پر منہ کھولا اور مسکرا دیا کہ ہنسنے میں پھول کا زوال ہے!

۱- اورینٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۶۲ء ''براہوئی زبان و ادب'' از سید کامل القادری
۲- ماہ نامہ الس فروری ۱۹۶۶ء
۳- ہفت روزہ ایلم مستونگ ۳ اپریل ۱۹۶۶ء

Marfat.com

(۳) عمر گدرینگا ہنا بس انتظار ٹی فقط صد ٹکر مس است غمتان ، زوبرک دلدارنی ۱

ترجمہ : عمر فقط انتظار میں ہی کٹتی گئی اور دل تیرے غم میں پارہ پارہ ہو گیا
اس لیے اے میرے دلدار ! تو جلدی آجا !

(۴) قدم قدم رواں مبو ، دلبرء پہلواں مبو کشمیر نے زو آزاد کبو، جنت ٹی سہان مبو ۲
قدم قدم رواں ہو جاؤ ، بہادر ہو جاؤ ، کشمیر کو جلد آزاد کراؤ
اور جنت نشین ہو جاؤ (یاد رہے کہ کشمیر جنت نظیر مشہور ہے)
(نبی داد خان لانگورئیس)

(۵) خداوند ننے ایتہ فتح نصرت ننے اسلاف نا ایہ شانٔ شرکت
(عبدالحلیم خامی) ۳

ترجمہ : یعنی اے اللہ! ہمیں فتح و نصرت عطا فرما اور ہمیں اسلاف کی
شان و شوکت بخش

(۶) مریں قربان اسلام کن پاکستان ننا ملکے اریں آزادنن اینو کہ پاکستان ننا ملکے
(حاجی فیض) ۴

ترجمہ : یعنی ہم اسلام کے لیے قربان ہوں کہ پاکستان ہمارا ملک ہے ہم آج
آزاد ہیں اور پاکستان ہمارا ملک ہے۔

(۷) عشقاں اریٹ نادر پدر دین و دنیا غاں بے خبر (حکیم خدائے رحیم) ۵

ترجمہ : یعنی عشق سے دربدر ہیں اور دنیا و دین سے بے خبر ہیں۔

(۸) او کنا محبوب ای تحفہ اس امر تروٹ سنیقاں ای خاخارس پاتینا فکرانا مہار
ہا منہ قصہ کہ غوسازنا آواز ٹی یاکر پاوای شیر ٹی پنو کا اسا سا نواز ۶
(محمد موسی طور)

ترجمہ : یعنی اے میرے محبوب! میں تجھے کون سا تحفہ پیش کروں ؟
میں اپنے سینے سے آگ پیش کروں یا اپنے تفکرات کا انبار؟

۱- ہفت روزہ ایام مستونگ ۱۷ جولائی ۱۹۶۶ء
۲- ایضاً ۲۶ ستمبر ۱۹۶۵ء
۳- ہفت روز ایلم مستونگ ۲۶ نومبر ۱۹۶۵ء
۴- ایضاً ۱۷ اکتوبر ۱۹۶۵ء۔
۵- ایضاً ۱۷ اپریل ۱۹۶۶ء
۶- ثقافت اور ادب وادی بولان میں ''بواہوئی ادب'' از عبدالرحمان کرد ص ۲۴۲

Marfat.com

یا چند قصے جو ساز کی آواز میں پوشیدہ ہوں؟
یا ٹوٹے ہوئے دلوں کی آواز ؟

(۹) زمین آسماں ستارہ ٹی محمد مس محمد مس ننا فکر و اشارہ ٹی محمد مس محمد مس
(مولانا عبدالباقی)[1]

ترجمہ : یعنی زمین ، آسمان اور ستاروں میں محمد ہی محمد ہے اور ہمارے فکر و اشارہ میں بھی محمد ہی محمد ہے !

(۱۰) کنے آن ہنتیانے دے دس درے کنے نا حبائی گند کس کرے
(نور محمد پروانہ)

ترجمہ : یعنی اے دوست! مجھ سے تجھے کس نے چھین لیا - میں تیری جدائی میں دیوانہ ہو رہا ہوں -

براہوئی نثر میں بھی اب دھڑا دھڑ مضامین لکھے جا رہے ہیں - افسانوں کی طرف بھی توجہ ہو رہی - ظفر میرزا اور امیر الملک مینگل نے افسانے لکھے ہیں - غرضیکہ براہوئی نظم و نثر میں اب ہر قسم کے مضامین و خیالات اور جذبات و احساسات ادا کیے جا رہے ہیں - ان میں مذہبی تعلیمات ، اخلاقی اقدار ، عشقیہ جذبات ، وارداتِ قلبی ، عسکری رجحانات ، وطنی جذبات اور زندگی کے تجربات بیان کیے جا رہے - نثر میں قومی اور قبائلی زندگی کے ہر شعبہ سے متعلق نگارشات ''ایلم'' اور ''الس'' کے صفحات پر نظر آ رہی ہیں - براہوئی اردو سے خاصی متاثر ہو رہی اور امید ہے کہ اردو بھی پاکستانی ماحول میں براہوئی سے لازماً متاثر ہوگی -

---

۱- ماہنامہ 'الس' فروری ۱۹۶۶ء

Marfat.com

علاقائی ادبیات (جلد دوم) کا مجموعی جائزہ

اس جلد میں ہم نے مغربی پاکستان کی علاقائی ادبیات کا ذکر کیا ہے۔ شمال سے شروع کریں تو پہلے بلتی زبان و ادب کا نام آتا ہے۔ بلتی جیسا کہ ظاہر ہے بلستان کے لوگ کی زبان ہے۔ یہ علاقہ کوہ قراقرم کے جنوبی دامن میں دریائے سندھ کے ایک شمالی خطہ پر محیط ہے۔ یہ لوگ تاریخی لحاظ سے گم نام نہیں مگر ان کا ادب ابھی تک لوک ادب یعنی زبانی ادب کے دائرہ سے نہیں نکل سکا۔ لوک ادب ہمارے نزدیک کوئی حقیر چیز نہیں۔ بلکہ لوک ادب میں کسی معاشرے کے تمام خد و خال بڑی خوبی سے منعکس ہوتے ہیں اور اس کی مختلف اصناف میں اس معاشرے کا شعارِ زندگی اور اس کی اقدار پوری طرح جلوہ گر ہو جاتی ہیں۔ دِقّت یہ ہے کہ لوک ادب کو ہمارے ہاں کوئی خاص اہمیت نہیں دی جاتی۔ اس لیے اسے محفوظ کرنا یا زیرِ تحریر لانا ضروری نہیں سمجھا گیا۔ چنانچہ ہمیں بلتی ادب کی نشاندہی کے لیے ثانوی مخارج و مصادر سے رجوع کرنا پڑا۔ خوش قسمتی سے ہمارے لیے یہ مقالہ اس کے بعد ہم نے شینا ادب سے بحث کی ہے۔ مگر جیسا کہ اس مقالہ کو پڑھ کر آپ محسوس کریں گے اس زبان کا تحریری ادب موجودہ دور ہی کی پیداوار ہے۔ یہی حال بروشسکی ادب کا ہے۔ بروشسکی وہ زبان ہے جو ہنزہ اور نگر میں بولی جاتی ہے۔ اس کے لیے ہمیں جلالت مآب جناب میجر جنرل امیر محمد جمال خان، والئی ہنزہ سے رجوع کرنا پڑا۔ ہم ان کے ممنون ہیں کہ انہوں نے اپنے وزیرِ تعلیم عزت مآب جناب قدرت اللہ بیگ صاحب کو اس کام پر مامور کیا۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہم نے پاکستان کے اس دور افتادہ علاقہ کے رہنے والے بھائیوں کے معاشرہ اور ان کے ادب کا کسی حد تک کھوج نکال لیا ہے۔

اگلا مقالہ کھووار ادب سے متعلق ہے۔ کھووار علاقۂ چترال کی زبان ہے، جسے چترالی بھی کہا جاتا ہے۔ اس زبان کے ادب پر جو مقالہ لکھا گیا ہے وہ ہمارے ایک چترالی صاحبِ علم معاون نے تحریر کیا ہے۔ یہ صاحب پشاور یونیورسٹی میں شعبۂ جغرافیہ میں لیکچرار ہیں اور اس مقالہ کے لیے انہیں چترال میں کچھ ماہ صرف کرنے پڑے۔ انہوں نے چترالیوں کے معاشرے کی خصوصیات اچھی خاصی وضاحت سے بیان کر دی ہیں۔ مگر تحریری ادب وہاں بھی حال ہی کی پیداوار معلوم ہوتا ہے۔

اس کے بعد کشمیری ادب کی تاریخ آتی ہے۔ اس ادب کا خاکہ تیار کرنے کے لیے

Marfat.com

ہم نے بہت سے کشمیری ادیبوں سے رجوع کیا اور پھر یہ مقالہ کشمیر کے مشہور صحافی اور ادیب جناب میر عبدالعزیز صاحب نے بڑی محنت سے تحریر کیا ۔ یہ امر باعثِ مسرت ہے کہ کشمیری ادب کا ذخیرہ وسیع ہے اور اس میں صدیوں کی فکری اور عملی زندگی کی عکاسی ہوتی ہے ۔ چونکہ اس کا تحریری ادب جائزے کے لیے موجود ہے ، اس لیے ہم کشمیری ادب سے زیادہ تفصیل سے بحث کر سکے ہیں اور اس مقالہ کے مطالعہ سے قارئین کو محسوس ہو گا کہ یہ بھی خالصتاً اسلامی ادب ہے اور اس کے اسالیب کسی اور ہند و پاکستانی ادب سے مختلف نہیں ۔

پانچویں مقالے میں آپ ہندکو ادب سے متعارف ہوں گے ۔ ہندکو پنجابی زبان کی وہ شاخ ہے جو لہندی سے مماثلت رکھتی ہے ۔ یہ ہزارہ ، پشاور ، کوہاٹ بلکہ ڈیرہ اسمعیل خان تک میں بولی جاتی ہے ۔ اس کی تاریخ بھی کافی قدیم ہے ، اور جس معاشرہ کی یہ پیداوار ہے اس نے زمانے کا بہت کچھ سرد گرم دیکھا ہے ۔ اس ادب میں توانائی بھی ہے اور تنوع بھی ۔ اسے سرحد کے مشہور ادیب سید فارغ بخاری صاحب نے لکھا ہے ۔ ان کا انداز محققانہ بھی ہے اور ناقدانہ بھی ۔

چھٹی جگہ پر ہم نے سرائیکی ادب کو ترتیب دیا ہے ۔ سرائیکی ادب بہت وسیع ہے اور اغلباً سرائیکی دریائے سندھ کے طاس کی قدیم ترین زبان ہے ۔ اس کی چھوٹی بہن پنجابی نے غالباً زیادہ وسعت پائی مگر سرائیکی زبان بہت جاندار ہے ۔ اس کے اکثر شعراء وہی زبان استعمال کرتے ہیں جو پنجابی ادیبوں کی زبان ہے ۔ کہیں کہیں محاورے یا الفاظ ایسے استعمال ہو جاتے ہیں جو ملتان یا بہاولپور کے علاقوں سے مخصوص ہیں ، ورنہ بادی النظر میں اس زبان اور پنجابی زبان میں کچھ فرق معلوم نہیں ہوتا ۔ اس ادب سے میر حسان الحیدری صاحب نے سیر حاصل بحث کی ہے ۔ اس ادب میں آپ بڑے بڑے صاحبِ نظر مصنفین سے متعارف ہوں گے ۔

سرائیکی کے بعد بلوچی ادب کا ذکر ہے ۔ اس ادب کے خاکہ پر بھی بہت سے محققین نے کام کیا اور یہ مقالہ ہماری درخواست پر پروفیسر عبدالمجید میمن صاحب نے لکھا جو اس زبان سے پوری طرح واقف ہیں ۔ بلوچی ادب کی شان بھی خاص ہے ۔ مگر چونکہ بلوچ قوم کی تاریخ میں ہمواری نہیں اور یہ قوم مختلف زمانوں میں بہت سی غیر اقوام کے ماتحت رہ چکی ہے اس لیے بلوچی ادب کے تحفظ کے لیے کوئی خاص کوشش نہیں کی گئی ۔ ہمیں اس بات سے بہت خوشی ہوتی ہے کہ ہم نے اس زبان و ادب کے کچھ کوائف محفوظ کر لیے ہیں ۔ اس ابتدا کے بعد امید ہے کہ بلوچی ادب کے ماہرین مزید نوادر اور شاہکاروں کا کھوج نکالیں گے ۔

Marfat.com

آخر میں آپ بروہی ادب کا بیان پڑھیں گے۔ یہ مقالہ پرنسپل محمد انور رومان صاحب کی کاوشِ فکر کا نتیجہ ہے۔ ہم ان کے ممنون ہیں۔ بروہی غالباً پاکستان کی سب سے قدیم زبان ہے۔ ماہرینِ لسانیات کا خیال ہے کہ بروہی کی دراوڑی زبانوں سے اس قدر مماثلت ہے کہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ یہ زبان وادیٔ سندھ کی قدیم تہذیب کی باقیات میں سے ہے۔ اس کا ادب بھی ابھی تک تحریر میں نہیں آ سکا۔ مگر جیسا کہ اس مقالہ کے پڑھنے سے معلوم ہوگا، بروہی لوک ادب کی روایات ویسی ہی وقیع اور مضبوط ہیں جیسی دیگر عوامی ادبیات کی۔

یہ جلد اس قسم کی پہلی کوشش ہے اور اس میں بہت سی خامیاں ہوں گی مگر چونکہ ان زبانوں کی ادبیات پر ابھی تک کوئی کام نہیں ہوا اور منابع اور مصادر باقاعدہ تحریر میں نہیں لائے گئے، نہ ہی ان ادبیات کا ابھی تک فنّی لحاظ سے محاسبہ ہو سکا ہے، اس لیے امید ہے کہ ہماری کوشش کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ مغربی پاکستان کے ان علاقوں کی جو ثقافتی اور ادبی روایات ہمارے ورثہ میں آئی ہیں انہیں ایک مربوط اور منظم شکل دی جائے اور معاشرے کے ان پہلوؤں کو پہچانا جائے جن کی ترجمانی ان ادبیات میں ہوئی ہے۔ یہ اس لیے ضروری ہے کہ پاکستانی قوم کے مختلف عناصر کی شناخت میں ہماری قوم کی آبرو مندی مضمر ہے اور انہیں ملی اجزاء سے اس قوم کا کردار اور اس کا کلچر صورت پذیر ہو سکتا ہے۔

ایک اور بات شاید کہنا ضروری ہو اور وہ یہ کہ ان تمام ادبیات کے مطالعے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ پاکستان و ہند کے مسلمان جہاں کہیں بھی آباد ہوں اور کیسے ہی جغرافیائی ماحول اور تاریخی حالات سے دو چار رہے ہوں ان پر اسلامی اقدار، اعتقادات اور طرزِ حیات کا ایسا گہرا اثر پڑا ہے کہ جب ان کے عزائم اور خیالات، امنگیں اور آرزوئیں ادب کے روپ میں ظاہر ہوئیں تو کائناتی مسائل سے لے کر روزمرہ کی جزئیات میں بھی ایک ہم آہنگی نظر آتی ہے جو اس بات کا بیّن ثبوت پیش کرتی ہے کہ مسلمانانِ پاکستان و ہند ثقافتی لحاظ سے ایک ہی قوم ہیں اور اسلام ایک ایسا حبلِ متین ہے جس نے انہیں ایک مضبوط رشتے میں باندھ رکھا ہے۔

سید فیاض محمود

مدیر عمومی

Marfat.com